
ملالِ یار
Malal E Yaar
مکمل ناول (آی بک)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ملالِ یار

Complete novel(ebook)

.....

"May I come in the Class....?"

وہ اپنے سینے پہ ہاتھ رکھتے اپنی پھول چکی سانس کو اعتدال میں لانے کی کوشش کر رہی تھی آج گھر سے نکلتے اس کو تھوڑی سی لیٹ ہو گئی تھی اور فرسٹ لیکچر فزکس کا تھا جس کے نیو پروفیسر آئے تھے آج کل پہلے والے پروفیسر چلے گئے تھے ابرش نے سوچا تھا کہ وہ

ٹائم سے جائے گی لیکن رات نائٹ تک دوستوں سے چیٹ کرتے اس کو سوتے کافی لیٹ ہو گئی تھی یہی وجہ تھی اس کی آنکھ لیٹ کھلی ورنہ بچاری ملازمہ تو اسے دو چار بار بلانے آئی تھی ناشتے کے لیے لیکن ابرش میڈم تو گدھے گھوڑوں بیچ کر سو رہی تھیں ۔

"No...."

سرد لہجے میں جواب دیا گیا اوَر پھِر سے پروفیسر وائٹ بورڈ پہ لکھنے لگے غالباً وہ اسٹوڈنٹس کو بورڈ پہ کچھ سمجھا رہے تھے اور ایسے ڈسٹرب کیا جانا اُنہیں پسند نہیں آیا تھا ۔

"What but way....?"

وہ تلملا گئی تھی آج تک کسی کی ہمت نہیں ہوئی تھی ابرش سے اس لہجے میں بات کرنے کی اس یونیورسٹی میں ہر سال اس کے پاپا کافی سارے پیسے چیریٹی میں دیتے تھے ایک طرح سے ابرش تو خود کو اس یورنیورسٹی کی مالکن ہی سمجھنے لگی تھی اور اب ایسے بیزت کیا جانا اس کے لیے برداشت کرنا بہت مشکل تھا۔

"Because you are late...."

وہ جو پڑھا رہا تھا اس لڑکی کے مسلسل سوال و جواب نے اس کو غصہ دلایا تھا آخر یہ لڑکی کیوں نہیں سمجھ رہی تھی کہ ایک تو وہ لیٹ آئی تھی اور اب یوں پروفیسر سے بحث کر رہی تھی۔

واٹ لیٹ؟ سر ابھی لیکچر شروع ہوئے بس پانچ منٹس ہوئے ہیں " اور آپ کو میں لیٹ لگ رہی ہوں میرے آنے سے پہلے سٹوڈنٹس

آ رہے تھے کلاس میں اور آپ مُجھے آندر نہیں آنے دے رہے ہیں۔۔۔"وہ تو باقاعدہ بحث کرنے لگی اس کی دوستوں نے پریشانی سے اسے دیکھا سر غصے کے کتنے تیز تھے یہ تو ان کے کلاس میں انٹر ہوتے ہی ان کو اندازہ ہو گیا تھا جب ایک لڑکے کی سر نے انسلٹ کی ۔

مس ایکس وائے زی۔۔۔۔ فائیو منٹس آپ کی نظر میں شاید کوئی " ویلیو نہ رکھتے ہوں لیکن میرے لیے ایک ایک سیکنڈ بھی قیمتی ہے جو لوگ وقت کی قدر نہیں کر سکتے ہیں وہ آگے کیا کامیاب ہونگے زندگی میں آوو پلیز کلاس کا ٹائم ضائع کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو آپ جا سکتی ہیں اوُر لاسٹ وارننگ آج کے بعد میری کلاس میں آگر کوئی بھی سٹوڈنٹ ایک منٹ بھی لیٹ ہوا تو اُسے

دوبارہ کلاس میں آنے کی اجازت نہیں ہو گی میں آپ لوگوں کو کچھ کلاس کے رولز بتا چکا ہوں جو آب لوگوں کو فالو کرنے ہونگے۔۔۔۔"اس نے نظریں تو ابرش پہ گاڑی ہوئی تھیں لیکن مخاطب وہ پوری کلاس سے تھا۔

ابرش اپنے نیل پینٹ سے سجے ناخون کو بار بار دانتوں سے کتر رہی تھی اتنی سبکی اس کو پوری کلاس کے سامنے کبھی فیل نہیں ہوئی جتنی آج ہو رہی تھی سب سٹوڈنٹس سر جھکائے بیٹھے تھے لیکن پھر اس کو بہت اکورڈ فیل ہو رہا تھا۔

ابرش بی ایس کے پانچویں سمسٹر میں تھی اور اس کے مین سبجیکٹ آئی ٹی سے ریلیٹڈ تھے۔

سر بٹ اٹس یور فرسٹ۔۔۔!؛"اس کے لفظ منہ میں ہی رہ گئے "

جب سر نے آگے بڑھتے دروازہ ہی زور سے بند کر دیا اوٗر واپس پراجیکٹر کی طرف چلا گیا ابرش کا خجالت اور توہین کے احساس سے چہرہ ہی سرخ ہو گیا تھا دل کر رہا تھا اس پروفیسر کو کھڑے کھڑے ہی یونی سے سسپند کروا دے اور وہ آیسا کروا بھی سکتی تھی جانتی تھی یہ اس کے لئے مشکل بالکل بھی نہیں تھا جتنی اس کے ڈیڈ کی اپروچ تھی یہ کام وہ منٹوں میں کروا سکتے تھے ۔

ابرش بیٹا آپ کلاس کے باہر کیوں کھڑی ہیں؟"پرنسپل صاحب جو " کہ شائد راؤنڈ پہ نکلے ہوئے تھے وہ ابرش کو کلاس لے باہر پریشان کچھ سوچتے پا کر اس کے پاس چلے آئے ۔

پرنسپل صاحب کی ابرش کے ڈیڈ سے کافی اچھی دوستی تھی جس کی وجہ سے ابرش ان کو یونی میں بھی آنکل ہی کہہ دیتی جس کا وہ مائنڈ تو ہر گز نہیں کرتے تھے۔

ہیلو آنکل۔۔۔"ابرش کا موڈ انتہائی خراب تھا اب پرنسپل سر کو " دیکھ کر اس کو لگا تھا کہ پہلے ہی دن وہ پروفیسر کی اچھی خاصی بیزتی کروا سکتی ہے جیسے پروفیسر نے اس کی پوری کلاس کے سامنے بدلا تو اس کو لینا تھا آیسے نہیں جانے دینے والی تھی وہ اس بات کو اس دو ٹکے کے پروفیسر کو اس کی اوقات اس نے یاد دلانی ہی تھی۔

کیا ہوا ابرش باہر کیوں کھڑی ہیں آپ؟"پرنسپل صاحب نے ایک " نظر کلاس روم کے بند دروازے کو دیکھا اوٗر پھِر ایک نظر ابرش پہ ڈالی تھی ۔

مُجھے کلاس میں نہیں جانے دیا پروفیسر نے!؛"وہ اپنی آنکھوں میں " نہ امنڈ آنے والے آنسوؤں کو صاف کرتے پرنسپل صاحب کی ہمدردی حاصلِ کرنا چاہا رہی تھی ۔

واٹ؟ کونسے پروفیسر ہیں؟"پرنسپل صآحب تملائے تھے کیونکہ " پروفیسر کی یہ حرکت ان کو قطعی مناسب نہیں لگی تھی ابرش آگر اپنے ڈیڈ کو بتا دیتی اور ان کو ملنے والے پیسے رک جاتے تو ۔

پرنسپل صاحب نے بہت مشکل سے ابرش کے ڈیڈ کو راضی کیا تھا کہ وہ ابرش کا ایڈمیشن اس یونیورسٹی میں کروائیں ورنہ وہ تو چاہتے تھے کہ ابرش ہائیر ایجوکیشن کے لیے اوٹ آف کنٹری جائے لیکن ابرش نے انکار کر دیا کہ وہ پاکستان سے باہر کہیں نہیں جائے گی

اور یہی ابرش کے بھائی کا بھی تھا وہ بھی اسی یورنیورسٹی میں پڑھتا تھا لیکِن وہ پی ایچ ڈی کر رہا تھا۔

وہ نیو ہیں میں بس پانچ منٹس ہی لیٹ ہوئی ہوں آور اُنہوں نے " پوری کلاس کے سامنے میری انسلٹ کر دی میری یعنی ابرش کی۔۔۔"زیادہ صدمہ تو اسے اس بات کا تھا کہ اُس پروفیسر نے اس کی بیزتی کی ہی کیوں پوری کلاس کے سامنے ۔

آؤ میرے ساتھ۔۔۔!؛"پرنسپل صاحب نے ابرش کو اپنے پیچھے " آنے کا اشارہ کیا اور خود وہ دروازے پہ دستک جواب کا انتظار کرنے لگے تھوڑی دیر بعد ہی پروفیسر نے کلاس روم کا دروازہ کھولا تھا اوٗر سامنے پرنسپل کو دیکھتے وہ تھوڑا سائیڈ پہ ہو گیا تھا لیکِن جب

ان کی نظر پرنسپل صاحب کے ساتھ موجود ابرش پہ گئی اس نے لب بھینچ لیے تھے۔

ابرش کو کلاس سے کیوں نکالا آپ نے؟"پرنسپل صاحب نے سرد " لہجے میں استفسار کیا پوری کلاس کی نظریں اپنے نیو پروفیسر پہ تھیں جو شائد ابرش کی پوزیشن سے واقف نہیں تھا۔

یہ لیٹ تھیں۔۔۔!؛"یوں پرنسپل صاحب کا کلاس روم میں آ کر " ایسے ابرش کے حق میں بولنا پروفیسر کو بہت ناگوار گزرا تھا۔

سو واٹ پروفیسر ضامن عباس سٹوڈنٹس لیٹ آتے رہتے ہیں اٹس " ناٹ ویری امپورنٹ۔۔۔ جائیں ابرش بیٹھیں آپ۔۔۔ اور ضامن عباس آپ کلاس کے بعد میں آفس میں آیئے گا باقی کی بات چیت ہم وہیں کریں گے۔۔۔۔"سارے سٹوڈنٹس کی نظریں پرنسپل اور

پروفیسر ضامن پہ تھیں پرنسپل کو ایسے کلاس کے سامنے بات کرنا مناسب نہیں لگا لیکن وہ ضامن کو ابرش کے حوالے سے بھی بہت کچھ کلئیر کرنا چاہتے تھے۔

اوکے سر بٹ لیٹ آنا میرے لیے بہت میٹر کرتا ہے اب آدھے " لکچر تک سٹوڈنٹس ہی جمع ہوتے رہیں گے تو میں لیکچر میں کیا خاک کیا دوں گا عینی وے یہ فرست ٹائم تھآ تو اٹس اوکے نیکسٹ پوری کلاس میں سے کوئی لیٹ نہ ہو۔۔۔"وہ بھی ضامن تھا غصے کا انتہائی تیز غلط بات تو وہ بالکل بھی برداشت نہیں کرتا تھا اور یہاں پروفیسر صآحب اس لڑکی کی حمایت میں بول رہے تھے ۔

کینٹنو کریں لکچر کے بعد ملتے ہیں۔۔۔!؛"پرنسپل صاحب نے " ایک نظر پوری کلاس پہ ڈالی اور ضامن کو دوبارہ سے لکچر شروع

کرنے کا کہتے وہ کلاس روم سے نکل گئے تھے ضامن نے ان کے جاتے ہی خوُد کو کمپوز کیا ورنہ اس لڑکی کی یہ حرکت اس کو بہت طیش دلا گئی تھی جو کلاس سے نکالے جانے پہ پرنسپل صاحب کو ہی لیکر آ گئی کلاس میں ۔

ضامن نے دوبارہ وہیں سے شروع کیا یہاں پرنسپل کے دروازہ کھٹکھٹانے سے پہلے وہ تھے اب ایک لڑکی جو خود لیٹ آئی تھی اور اتنا سارا ڈرامہ بھی کریٹ کر چکی تھی اس کے لیے وہ لکچر تو دوبارہ ہرگز شروع نہیں کرنے والے تھے ۔

اس نے تقریبا بیس منٹس مزید پڑھایا تھا ابرش کو بالکل بھی سمجھ نہیں آیا تھا کیونکہ اس کو فزکس ویسے بھی بہت مشکل لگتی تھی اس کو آئی ٹی میں انٹرسٹ تھا لیکِن زیادہ نہیں اس کی دوستوں نے یہ

سبجیکٹ چوز کیا تو اس نے بھی جوش جوش میں یہ ہی رکھ لیا لیکن پھر کچھ ہی عرصے میں اس کو اندازہ ہو گیا کہ یہ خاصا مشکل سبجیکٹ ہے اس کی جی پی اے تھری سے اوپر تھی اور اس کے لئے یہی کافی تھا اس نے کونسا آگے کوئی جاب کرنی تھی جو وہ اس معاملے میں فکر کرتی ۔

" سر آپ نے اس سے تو انٹرو لیا ہی نہیں؟"کلاس کی کسی لڑکی کی زبان پھسلی تھی ضامن نے آواز کے تعاقب میں دیکھا لیکن کلاس میں کافی سارے سٹوڈنٹس تھے وہ دیکھ نہیں پایا اس لڑکی کو۔

" ان کا انٹرو میں تب لیتا اگر یہ ٹائم پہ کلاس میں ہوتیں تو لیٹ اوَر ٹائم کی پابندی نہ کروانے والے سٹوڈنٹس سے ٹیچرز ہمیشہ نالاں ہی رہتے ہیں۔۔۔"ضامن نے رجسٹر میں کچھ لکھتے جواب دیا اور ابرش

مزید غصے میں آ گئی یہ معمولی سا پروفیسر اس کو آخر کیا باور کروانا چاہتا تھا۔

عاشی یہ اس سر کا نام کیا ہے۔۔۔؟"ضامن چونکے ابرش کے " آنے سے پہلے ہی اپنا انٹروڈکشن کروا چکا تھا لہذا وہ ضامن کے نام سے انجان تھی اپنی دوست جو کہ فرسٹ لائن میں بیٹھی تھی اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے اس نے سرگوشی نما انداز میں پوچھا۔

کس کی آواز ہے یہ؟"ضامن کو کلاس میں زرا سی وائس بھی بہت " ناگوار گزری تھی۔

سر آپ نے اس سے انٹرو نہیں لیا لیکن کم سے کم آپنا ہی کروا " دیں یہ آپ کا نام پوچھنا چاہا رہی ہے۔۔۔"اب کی بار آواز پہلے والی آواز سے مختلف تھی ضامن نے وائٹ بورڈ مارکر ذور سے ڈائس پہ

مارا تھا یہ بھی اس کا ایک طریقہ تھا کلاس کو خاموش کروانے کا جس کے بعد پوری کلاس میں سکوت چھا گیا تھا جیسے وہاں آتے سارے لوگوں کے ہوتے بھی کوئی نہ ہو۔

ان کو آگر کلاس کے متعلق اتنا ہی تجسس اور فکر تھی تو یہ ٹائم پہ " کلاس میں آ جاتیں ناں۔۔۔ آپ لوگوں کی سی آر کون ہیں۔۔۔"وہ ابرش اے ایک ہی دن بلکے ایک ہی گھنٹے میں اچھی خاصی دشمنی پال چکا تھا جو اس کی طرف سے آنے والوں سوالوں پہ یہ ری ایکشن دے رہا تھا۔

سر یہی ہیں کلاس کی سی آر۔۔۔"ایک لڑکی نے ابرش کی طرف " کیا تھا ضامن عباس نے ایک نظر ابرش پہ ڈالی تھی اتنی غیر زمہ دار لڑکی کو وہ کم سے کم کلاس کی سی آر نہیں رکھ سکتا تھا۔

رئیلی اتنی غیر سنجیدگی۔۔۔ مس نیکسٹ ٹائم آپ اگر کلاس میں " لیٹ آئی تو آپ کو سی آر نہیں رہنے دیا جائے گا کلاس کی ٹاپر کون ہیں جن کی جی پی اے سب سے زیادہ ہے۔۔۔"ایک ہی لڑکی تھی جس نے اسے کافی اچھے سے انٹرو دیا تھا۔

سر فزا۔۔۔"فزا کھڑی بھی ہو گئی تھی۔"

مس فزا آپ آئیں میرے ساتھ۔۔۔ کیبن میں کچھ ڈسکس کرنا " ہے آپ سے۔۔۔"وہ ابرش بھلے سی آر تھی لیکن اس سے بات کرنے کے موڈ میں نہیں تھی۔

ابرش مذید تلملا گئی یہ فزا اس کو پہلے ہی پسند نہیں تھی سی آر کے لیے ان دونوں کے درمیان ہی مقابلہ ہوا تھا لیکِن ابرش نے پوری کلاس کو خرید لیا فزا تھوڑی مڈل کلاس سے تعلق رکھتی تھی تو بچاری

کم کر ہی نہیں سکی پر پڑھائی کے معاملے میں فزا ہمیشہ آگے ہی رہتی تھی ۔

ضامن عباس فزا کو اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتا خود کلاس روم سے نکل گیا تھا فزا اس کے پیچھے چلی گئی اور ابرش کے لیے یہ منظر ناقابلِ برداشت تھا ۔

ریلکس ہو جاؤ ابرش اس فزا کا اتنا سٹینڈرڈ نہیں ہے کہ تم سے " مقابل کرے اوٗر یہ ضامن سر۔۔۔"عاشی آئی تھی ابرش کے پاس جو کب سے دروازے کو گھور رہی تھی اور ابرش دانت پیستے اس فزا کے بارے میں سوچ رہی تھی ۔

ضامن سر۔۔۔"اس نے زر لب یہ نام لیا تھا فزا ضامن عباس کے " پیچھے گئی جو کام آج تک وہ خود کرتی آئی تھی آج ضامن نے اس

کی جگہ فزا کو کہا اس کے لئے جیسے یہ خجالت بھرا خیال تھا ایک بار اور اس کو پرنسپل صاحب کے پاس جانا تھا۔

فزا لائق تو ہے اور ٹیچرز کو لائقِ سٹوڈنٹس ہی پسند آتے ہیں آپ " لوگوں کو ایسے کسی کے بارے میں بات نہیں کرنی چاہئے۔۔۔"یہ نیو لڑکی تھی جس نے آج ہی کلاس جوائن کی تھی اصل میں یہ عائلہ تھی ضامن عباس کی بہن دونوں بہن بھائی کل ہی یہاں کراچی شفٹ ہوئے تھے پہلے حیدرآباد رہتے تھے۔

یو تمھیں کسی نے کہا ہے بکواس کرنے کو۔۔۔!؛"ابرش پہلے ہی " بہت مشکل سے خوُد پہ ضبط کیے ہوئے تھے مذید اس لڑکی کا فزا کی سائیڈ لینا اس کو جلتے انگاروں پہ لٹا گیا تھا۔

ابرش کول ڈوان یار۔۔۔"عائشہ نے ابرش کو پریشانی سے دیکھا " اس بچاری لڑکی کا کیا قصور تھا وہ تو ایک جنرل بات کر رہی تھی اور ابرش نے اس پہ ہی چڑھائی کر دی ۔

عائلہ تو ابرش کے بدتمیزنہ انداز پہ لب بھینچ گئی تھی اور خاموشی سے کلاس سے نکل گئی تھی نیکسٹ کلاس ان کی فرسٹ فلور پہ تھی اس کو نیچے جانا تھا ابرش نے اپنی سائیڈ گردن رب کی اس وقت پورا بدن جیسے دہکتا تندور بن گیا تھا بس نہیں چل رہا تھا یہ ضامن کو سبق سیکھائے جو وہ کر رہا ہے وہ جان گیا تھا کہ سی آر وہ ہے پھر اس فزا کو اپنے ساتھ کیبن میں لے جانے کی کیا تک بنتی تھی۔

ابرش کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ وہ اس قدر سلگ ضامن کے اگنور کرنے پہ رہی تھی یا پھر اس کو چھوڑ کر ضامن نے فزا کو آپنے

ساتھ آنے کا کہا وجہ جو بھی تھی لیکِن ضامن اور ابرش کے درمیان اختلاف شروع ہو گیا تھا جو آگے کیا رنگ لانے والا تھا اس سے وہ دونوں ہی بے خبر تھے۔

•••••

ضامن کے لیے اس وقت غصہ ضبط کرنا بے حد مشکل ہو رہا تھا کلاس میں جو ہوا سو ہؤا لیکِن اصل میں تو اس کو پرنسپل صاحب کی کی گئی باتوں پہ غصہ آیا تھا کلاس سے نکلتے وہ سیدھا پرنسپل صاحب کے آفس آیا تھا جو خاصے میں غصے تھے اور غصہ ان کو ضامن عباس پہ تھا جس نے ابرش کو کلاس سے نکال دیا تھا بلکے کلاس کے آندر آنے ہی نہیں دیا۔

پرنسپل صاحب نے اسے واضح لفظوں میں کہہ دیا تھا کہ ابرش پہ کوئی روک ٹوک نہیں ہو گی وہ اپنی مرضی سے آئے جائے ضامن عباس کو ابرش کے اس رویے کے ساتھ ہی ایڈجسٹمنٹ کرنی ہو گی۔

ضامن عباس پہلے تو انکار کرنے والا تھا لیکِن پھر عائلہ کا خیال وہ خاموش ہو گیا کل جہاں آتے اس کو بائے چانس یہ جاب مل گئی تھی وہ عائلہ کو اکیلے نہیں چھوڑ سکتا تھا پہلے ہی ان کی زندگی میں بہت سے حادثات ہو چکے تھے وہ عائلہ کا سایہ بن کر رہتا تھا حیدر آباد میں عائلہ جس کالج میں پڑھتی تھی ضامن نے وہاں بھی ٹیچنگ کی تھی اور اب اس یورنیورسٹی میں جب اس نے عائلہ کا ایڈمیشن کروایا تو ساتھ ہی اس کو لیکچر شپ کی آفر بھی آئی کیونکہ فزکس

کے پرانے پروفیسر ایمرجنسی کی وجہ سے جاب چھوڑ کر چلے گئے تھے۔

ضامن نے سوچ لیا کہ وہ ابرش کو نہ تو مخاطب کرے گا اور نہ اس پہ توجہ دے گا بھلے وہ سی آر تھی لیکِن ضامن عباس کسی ایسی لڑکی کو سی آر نہیں مان سکتا تھا جو اپنی سٹڈی کے معاملے میں سیریس ہی نہ ہو جو ٹائم کی پابندی نہ کر سکے اوٗر جس کے لئے پڑھائی محض ایک فن ہو۔

وہ مذید ابرش کے بارے میں سوچتا کہ دروازے پہ دستک ہوئی فزا کو اس نے اندر آنے کا کہا اوٗر خوٗد اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔

جی سر آپ نے بلایا۔۔۔!!؟"فزا نے اپنی گلاسز اپنے ناک پہ ٹھیک " کی جو بار بار پھسل رہی تھی وہ چشمش کے نام سے بھی پوری کلاس میں مشہور تھی ۔

فزا رائٹ۔۔؟"اس نے نام کنفرم کرنا چاہا ۔"

یس سر۔۔۔!؛"فزا کو خوشی ہوئی تھی پہلی بار کسی ٹیچر نے ابرش کو" چھوڑ کر اس کو امپور ٹنٹس دی تھی ورنہ تو پورے سٹاف کے لبوں پہ بس ابرش کا نام ہوتا تھا ۔

مس فزا میرے لیے کلاس کی سی آر آپ ہونگی مُجھے جو بھی کام " ہو گا میں آپ سے کہوں گا اور میری غیر موجودگی میں کلاس کو ٹیک اوور بھی آپ ہی کریں گی یہ نوٹس لیں ان کو اچھے سے ریڈ آؤٹ کریں اور باقی پوری کلاس میں بھی تقسیم کریں تاکہ وہ کاپی

کروا لیں ہم ان کو بھی ساتھ ساتھ ہی لیکر چلیں گے۔۔۔"وہ ٹیبل پہ پڑے نوٹس اُٹھاتے فزا کے سامنے کرتے بولا تو اس نے سر ہلایا تھا۔

اوکے سر تھینکس سر میں آپ کو کوئی شکایت کا موقع نہیں دوں گی۔۔۔"وہ اپنے چشمے کو ہی سنبھالے جا رہی تھی بچاری جو بار بار پھسل رہا تھا۔

گڈ فزا آ جائیں نیکسٹ کلاس کا ٹائم ہو گیا ہے۔۔۔"وہ اس کے " ساتھ ہی اپنے کیبن سے نکلا تھا فزا اور ضامن ایک ساتھ ہی ڈیپارٹمنٹ میں آئے تھے یہ منظر ابرش کی آنکھوں میں حیرانگی سمو گیا فزا اوٗر ضامن عباس کو ایک ساتھ دیکھ کر اس کو بالکل بھی پسند نہیں آیا تھا آخر کیوں تھی فزا ضامن سر کے ساتھ۔

ابرش نے کلاس بنک کی تھی پہلی کلاس میں جو اس کے ساتھ ہوا اس کے بعد وہ آج کے دن کی اگلی ساری کلاسز مس کرنے والی تھی۔

فزا اوَر ضامن دونوں آگے بڑھ گئے تھے لیکن ضامن کی نظریں پھر بھی ابرش پہ پڑ ہی گئی تھیں جو کلاس لینے کے بجائے ایسے گھوم رہی تھی اُسے ایسی بگڑی ہوئی لڑکیاں بالکل پسند نہیں تھیں ۔

یہ ضامن سر کو کیا نظر آیا ہے اس چشمش میں۔۔؟"عاشی کی " زبان میں کجھلی ہوئی تھی ابرش کے چہرے کے تاثرات صاف صاف بتا رہے تھے کہ اُسے ضامن عباس اوَر فزا کو ساتھ دیکھ کر بہت برا لگ رہا تھا یا پھر شاید وہ سلگ رہی تھی اپنے سامنے کسی اور کی اتنی اہمیت دیکھتے ۔

مڈل کلاس لوگوں کا ٹیسٹ بھی ایک جیسا ہوتا ہے سر کی ڈریسنگ " سے ہی لگ رہا ہے کہ وہ مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ فزا بھی۔۔۔"عائشہ نے خود ہی اپنی بات کی وضاحت بھی کر دی تھی ۔

ہمم ٹھیک کہہ رہی ہو لیکن ضامن سر کی یہ حرکت مجھے بالکل بھی" پسند نہیں آئی ہے میں سی آر ہوں پھر وہ اس فزا کو اتنی امپورٹنٹس کیوں دے رہے ہیں کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں وہ۔۔۔؟"!وہ جانے نجانے میں اپنی جلن ظاہر کر رہی تھی اور عائشہ نے اس کو غور سے دیکھا تھا کب ابرش کو ایسے جلتے۔

فزا سے کمپیئر کر رہی ہو خود کو؟"وہ بولنے سے روک نہیں سکی " تھی ۔

فزا اور کمپیئر مائی فٹ۔۔۔ اُس کا سٹینڈرڈ ہے کہ میں فزا کو خوُد " سے کمپیئر کروں۔۔۔"ابرش کے لہجے سے غرور ٹپک رہا تھا اوُر عائشہ نے تاسف سے سر ہلایا تھا ابرش اپنے ڈیڈ کے پیسوں کی وجہ سے خوُد کو کوئی بڑی توپ چیز سمجھتی تھی ۔

تو چھوڑو اوُر چلو کینٹن میں مجھے بھوک لگ رہی ہے یار اوُر " تمھارے بھیا نہیں آئے ہیں۔۔۔"عائشہ نے ابرش سے اس کے بھائی کے متعلق پوچھا جس پہ عائشہ کی نظریں تھیں کیونکہ اتنا امیر بندہ بھلا کون چھوڑ سکتا تھا ابرش اس بات سے انجان تھی کہ عائشہ کے اصل میں مقاصدِ ہیں کیا ۔

ہاں چلو وہ فزا جائے بھاڑ میں۔۔۔!؛"وہ نخوست سے بولتے عاشی " کے ساتھ کینٹن کی طرف چلی آئی یہاں اسے اپنا بھائی مل گیا تھا جو

شاید لنچ کر رہا تھا اُس نے صبح ناشتہ کر کے نہیں آیا تھا مام نے اتنا کہا کہ ناشتہ کر کے جاؤ لیکن یرنان ملک کب کسی کی سنتا تھا ہمیشہ اپنی کرتا تھا اپنے دوستوں سے ملنے کے چکر میں وہ ابرش سے پہلے آ گیا تھا۔

ہائے برو۔۔۔"وہ اس کے ٹیبل کی طرف چلی آئی اور عائشہ کے " دل کی خواہش ہی پوری ہو گئی وہ تو یرمان کو دیکھنے کی خواہش کر رہی تھی۔

ہائے کلاس نہیں لی تم نے؟"وہ جانتا تھا کہ ڈیڈ سٹڈی کے معاملے " میں کافی سٹریکٹ تھے لیکن ابرش کب کسی کی سنتی تھی۔

نو صبحِ صبح جو میرے ساتھ ہوا اُس کے بعد میں کوئی کلاس نہیں " لینے والی ہوں۔۔۔ عائشہ آرڈر کرو بھوک فیل ہو رہی

ہے۔۔۔"عائشہ جو کہ یرمان ملک کو دیکھنے میں مگن تھی وہ ہڑبڑا کر سیدھی ہوئی تھی اور سر ہلاتے وہ آرڈر کرنے کے لیے چلی گئی ۔

کیا ہوا؟"یرمان سیدھا ہوا تھا ابرش اس کو بہت عزیز تھی اور ایسے " معاملات سے اکثر وہ لاپرواہ رہتا تھا پر ابھی ابرش کو پریشان وہ دیکھ نہیں سکا تھا ۔

نیو پروفیسر نے کلاس سے نکال دیا بٹ ہاشم انکل)پرنسپل " صآحب(نے معاملہ حل کر دیا لیکن یہ پروفیسر مجھے ایک آنکھ سے نہیں بھایا۔۔۔"وہ ضامن عباس کو سوچ رہی تھی ۔

تم نے صرف پڑھنا ہے ابرش۔۔۔ کیا فرق پڑتا ہے۔۔"وہ اس " . کے ہاتھ کو ہاتھ میں لیتے سہلا رہا تھا

ہمم ٹھیک کہہ رہے ہیں بھیا۔۔۔"وہ سر ہلاتے عائشہ کو دیکھ رہی " تھی جو نجانے کہاں چلی گئی تھی ۔

پروفیسر نیو ہے تو تھوڑے دن دیکھ لو کام نہیں بنتا تو ڈیڈ سے کہہ " کر چینج کروا لیں گے ڈونٹ وری۔۔۔"وہ اپنا بیگ کندھے پہ رکھتا اس کے گال تھپکتے بولا تھا ۔

کہاں جا رہے ہیں۔۔؟"وہ چیئر سے اٹھا رو ابرش پوچھنے لگی تھی ۔"

دوستوں کو دیکھ لوں لنچ کرو تم۔۔۔"وہ باہر نکل گیا اور ابرش " عائشہ کے پیچھے چلی گئی جو نجانے کہاں رہ گئی تھی جو پچھلے دس منٹس سے واپس ہی نہیں آ رہی تھی ۔

•••••

یرمان اپنے دھیان میں سیل فون میں بیزی آگے چل رہا تھا اور کسی صنفِ نازک سے ٹکرایا اس کے ہاتھ سے سیل فون گرتے دور جا پڑق اور اس سے پہلے کہ مقابل زمین بوس ہوتی یرمان ملک نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسکو اپنی طرف کھینچا تو وہ اس کے کشادہ سینے سے آ لگی عائلہ عباس کا سر چکرا گیا تھا پل بھر کے لیے سمجھ نہیں سکی کہ ہوا کیا ہے۔

یرمان کی نظریں اس کے چہرے پہ تھیں جس نے بلیک کلر کا سکارف اوڑھا ہوا تھا۔

یو ایڈیٹ آندھی ہو تم۔۔۔"اس کی پرکشش آنکھوں کا سحر بس " چند لمحوں کے لیے تھا جب یرمان کی نظر اپنے فون پر پڑی تو ازلی غصہ در آیا تھا۔

اس نے کل ہی مارکیٹ سے ایپل کا نیو ماڈل خریدا تھا اوٗر اپنی گرل فرینڈ سے وہ چیٹ کر رہا تھا جو آج آئی ہی نہیں تھی ۔

آپ سیل فون میں بیزی تھے۔۔۔!؛"عائلہ بھی اپنا گاوٗن سیٹ " کرتے اس کی طرف دیکھتے بولی تو یرمان نے ایک نظر اس کے نازک سے سراپے کو دیکھا جس کی آواز کافی اٹریکٹو تھی کہ ایک پل کے لئے یرمان ملک اس کی طرف دیکھنے پہ مجبور ہو گیا تھا ۔

وہ اس کے چہرے سے نظریں ہٹا نہیں پا رہا تھا اس پل اس کے لئے بہت مشکل ہو رہا تھا یہ لڑکی ایک پل کے لیے اس کے اعصاب پہ سوار ہوئی جیسے ۔

رئیلی میں بیزی تھا یا تم اندھوں کی طرح نظریں جھکائے چل رہی " تھی۔۔۔ خوٗد تو آس پاس کا احساس تھا نہیں کہ کیا ہو رہا ہے اور

الزام مجھے دے رہی ہو تم ایڈیٹ گرل۔۔۔"وہ اپنا سیل فون اٹھاتے اس سے بمشکل نظریں ہٹاتے آگے بڑھا تھا لیکِن دل بار بار پیچھے دیکھنے پہ مجبور کر رہا تھا اس لڑکی کی طرف دوبارہ دیکھنے کی خواہش نجانے کیوں دل پال رہا تھا وہ سر جھٹک کر آگے بڑھتا کہ وہ پیچھے مڑا تھا اوَر عائلہ جو اپنا سکارف ٹھیک کر رہی تھی وہ تیزی سے بیگ اُٹھاتے آگے بڑھ گیا یرمان اسے دوبارہ دیکھ ہی نہیں سکا تھا۔

یرمان نے بس اس کی پشت کو گھورا اوَر خود آگے اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف بڑھا اس کے دوست اسے اپنے انتظار میں ہی مل گئے تھے ان سے باتیں کرتے ملتے بھی اس کی دل میں عائلہ عباس تھی

نجانے ان چند لمحوں کی ملاقات نے اس پہ کیا اثر کیا تھا کہ وہ اس چہرے کو بھول ہی نہیں پا رہا تھا۔

آج جاؤ گے کلب مایا کا برتھڈے ہے بہت ایکساٹیڈ ہے وہ تم اسے " کیا گفٹ دینے والے ہو ہر سال اسے اپنی برتھڈے کا انتظار رہتا ہے کہ تم اس کی برتھڈے پہ اسے سب سے زیادہ ایکسنسیو گفٹ دیتے ہو۔۔۔"یرمان کا دوست طنزیہ لہجے میں بولا مایا اس کو پسند تھی لیکِن یرمان سے ملتے وہ بدل گئ تھی۔

اس کی پراپرٹی دولتِ جائیداد دیکھتے اس نے یرمان سے مراسم بڑھانا شروع کیے اوٗر اب وہ یرمان ملک کی گرل فرینڈ تھی پوری یونی جانتی تھی یہ بات ہاں یرمان کے ڈیڈ اس بات سے ہمیشہ ہی نالاں رہتے تھے اپنے دونوں بچوں کو ان اخلاقی برائیوں سے دور

رکھنا چاہتے تھے پر شاید ان کے بچے اس ماحول کے ہی عادی ہو گئے تھے یہاں وہ پروان چڑھے۔

"یرمان کہاں دھیان ہے تمھارا؟"اس کے دوست نے یرمان کا کندھا ہلایا جو ان کے درمیان ہو کر بھی جیسے ان کے ساتھ نہیں تھا ۔

"ہاں کیا کہہ رہا تھا تو۔۔۔؟"

"تیرا دھیان کہاں ہے۔۔۔؟"یرمان آج پہلی بار اس کو کسی سوچ میں گم نظر آیا تھا ورنہ تو وہ کافی ایکٹو رہتا تھا لیکِن آج روز کی با نسبت وہ کہیں کھویا ہوا تھا نجانے وجہ کیا تھی۔

کہیں نہیں اب بتا کیا بول رہا تھا۔۔۔؟"یرمان ملک نے سر جھٹکا وہ "
لڑکی کچھ زیادہ ہی اس کے اعصاب پہ سوار ہو رہی تھی آخر ایسا کیا
تھا اس لڑکی میں جو بار بار دل اس کو ہی سوچ رہا تھا۔

ہاں مایا کے بارے میں کچھ بتا رہا تھا میں تجھے لیکِن تیرا شاید کہیں "
اوَر ہی دھیان ہے جو تو کچھ سن نہیں رہا ہے خیریت ہے ناں
سب۔۔۔؟"وہ سنجیدگی سے پوچھنے لگا۔

ہاں سب خیریت ہے تو اب بول۔۔۔"یرمان اب اپنے دوست کی "
طرف متوجہ ہو گیا تھا۔

•••••

ابرش کا کلاس میں جانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکِن لاسٹ کلاس جس پروفیسر کی تھی وہ ابرش کے فیورٹ تھے ان کی کلاس ایک تو ہوتی اینڈ پہ تھی اور دوسرا وہ سارے بچوں سے بات کافی اچھے اوَر دوستانہ انداز میں کرتے تھے جس کی وجہ سے ابرش کو ان کی کلاس میں مزا آتا تھا ابھی بھی وہ عائشہ کے ساتھ کلاس میں داخل ہوئی تھی جب اس کی نظریں مس چشمش)فزا (پہ گئ تھیں جو پوری کلاس سے نجانے کیا ڈسکس کر رہی تھی ۔

سر نے کہا ہے کل تک سب سٹوڈنٹس یہ نوٹس پرنٹ کروا لیں " ورنہ پھر آگے کی زمہ داری آپ لوگوں کی اپنی ہو گی یہ رہے نوٹس۔۔۔"وہ نوٹس ڈائس پہ رکھتے پوری کلاس کو مخاطب کر رہی تھی ابرش نے ایک نظر نوٹس کو اوَر پھر کٹیلی نگاہ فزا پہ ڈالی تھی ۔

چشمش یہ کس نے دیئے نوٹس۔۔۔"!عائشہ کو نجانے کیا سوجھی جو "
پوچھ بیٹھی ورنہ اس کو اندازہ تو تھا ہی کہ یہ سر ضامن نے ہی دیئے
ہونگے ۔

سر ضامن نے دیئے ہیں۔۔۔!؛"فزا کو پوری کلاس ہی تقریباً تنگ "
کرتی تھی چشمش کے نام سے تو اب اس کو عادت ہو چکی تھی برا
. بھی نہیں لگتا تھا

فزا تم سی آر تو نہیں ہو؟ یہ کام تو ابرش کے ہیں تم شاید بھول "
رہی ہو کہ ہم لوگوں نے سی آر کے لئے ووٹس ابرش کو دیئے تھے
تمھیں نہیں۔۔۔!؛"عائشہ ابرش کے سامنے نمبر بنانے کے چکر میں
فزا کو پوری کلاس کے سامنے شرمندہ کروانا چاہا رہی تھی۔

عائلہ نے بہت خفگی سے اس عائشہ اوٗر ابرش کو دیکھا تھا اسے خوٗد بھی فزا پسند آئی تھی عائلہ لائق سٹوڈنٹ تھی اور فزا بھی اس لیے شائد دونوں کا مزاج ملتا تھا عائلہ فزا سے پچھلی کلاس میں بات چیت بھی کر چکی تھی دونوں کی اچھی سلام دعا ہو گئی تو فزا اس کے ساتھ ہی بیٹھ گئی تھی ۔

بٹ مجھے یہ نوٹس سر نے دیئے ہیں اوٗر سر نے کیوں دیئے ہیں یہ " سوال آپ سر سے ہی کریں تو بہتر ہو گا عائشہ اُنہوں نے کچھ سوچ کر ہی مُجھے بلایا تھا ورنہ آپ سب لوگ سر کو بتا دو چکے ہی تھے کہ سی آر کون ہے۔۔۔"فزا عائشہ کے طنزوں کا آہستگی سے جواب دیتے بولی وہ کوئی بدمزگی نہیں چاہتی تھی کلاس میں ویسے بھی سر ضامن کا فیصلہ تھا یہ ۔

سر کے سامنے نمبر بنانے کی کوشش جو کر رہی تھی تم کو چشمش تو " اُنہوں نے تمھیں امپورٹنٹس دینی تھی لیکِن کب تک دیکھتے ہیں۔۔۔"ابرش کے لہجے میں کچھ تھا فزا ابرش کی حرکتوں سے واقف تھی پوری یونی ہی واقف تھی دونوں بہن بھائی ہی ایسے تھے

۔

مُجھے بس اتنا پتہ ہے جو سر کو ٹھیک لگا اُنہوں نے کیا !آپ کو آگر " اس بات سے کوئی مسلئہ ہے تو آپ سر سے بات کر لیں۔۔"فزا ابرش سے کہتے اپنی چیئر کی طرف چلی گئ اور ابرش نے مٹھیاں بھینچ لی اُس پروفیسر سے تو وہ کبھی بات نہیں کرنے والی تھی اب معاملہ پرنسپل صاحب کے پاس جانا تھا کیونکہ اب کچھ زیادہ ہی ہو رہا تھا۔

ان کے پروفیسر آئے ہی نہیں شائد وہ لیو پہ تھے ابرش کو کلاس میں آنا ایسے ہی ٹائم ضائع کرنا لگا جب وہ اٹھنے لگی تو عین اسی وقت ضامن اندر آیا تھا وہ وآپس بیٹھ گئ یہ کلاس تو ضامن کی نہیں تھی پھر وہ کیوں آیا ہر کسی کے دل میں یہ ہی سوال چل رہا تھا۔

مس فزا ادھر آئیں۔۔۔!؛"پوری کلاس میں ایک نظر ڈالتے " ضامن نے فزا کو مخاطب کیا فزا ابرش کے پاس سے گزرتے ضامن کے قریب گئ جو شائد جلدی میں تھا اور ارجنٹلی کوئی بات کرنا چاھتا تھا۔

جی سر۔۔۔"فزا کا بات کرنے کا انداز ضامن کافی امپریس ہوا تھا " ایک ذہین سٹوڈنٹ کی یہی خوبی ہوتی ہے کہ بہت جلد ٹیچرز کی نظروں میں اپنی جگہ بنا لیتا ہے۔

مس فزا اپنا کنٹیکٹ نمبر شئیر کریں آپ۔۔۔ سارے سی آر اوَر " ٹاپرز کا واٹس ایپ گروپ بنایا ہے میں نے آپ کو ساری ایپ ڈیٹس وہیں ملیں گی۔۔۔"وہ سیل فون ہاتھ میں پکڑے فزا سے نمبر مانگ رہا تھا۔

سر سی آر تو ابرش بھی ہے۔۔!؛"عائشہ کھڑی ہوئی تھی کیونکہ " ضامن کا فزو سے نمبر مانگنا ابرش کو مذید آگ لگا گیا تھا یہ پروفیسر اتنا خاص نہیں تھا جتنا ابرش اس کو آپنے زہن میں سوار کر رہی تھی وجہ سامنے ہی تھی اس کے۔

پہلے یہ ریگولر تو ہو جائیں۔۔۔"خاصا طنز سے بھرا لہجہ ابرش پہلو " بدل گئی تھی صرف ایک ہی دن میں یہ پروفیسر اس کو اتنا تنگ کر چکا تھا۔

اوکے مس فزا آپ کو میسج کیا ہے آپ سیو کر لیں نمبر اینڈ آپ " لوگوں کی یہ کلاس خالی ہے تو آپ کچھ آور پڑھ لیں۔۔۔"وہ فزا سے نمبر لیتے اس کو ٹاپر کا میسج کرتے کلاس سے چلا گیا جب کہ پیچھے سب لوگوں کی نظریں فزا پہ تھیں فزا اتنی خوبصورت تو نہیں تھی کہ سر اس سے یوں امپریس ہو گئے ۔

ابرش خوبصورت تھی ہائیٹ بھی اچھی تھی کلر بھی وائٹ اوٗر دلکش نقوش جو ایک بار دیکھتا دوبارہ دیکھنے کی خواہش تو ضرور کرتا زیادہ تر ابرش جینز پہ ٹی شارٹ اوٗر ساتھ شارٹ جیکٹس پہنتی تھی ۔

اس وقت بلیو جنیز پہ وائٹ کلر کی ٹی شرٹ جو اس کے پیٹ کو بمشکل چھپائے ہوئے تھی ساتھ بلیک کلر کی شارٹ جیکٹ تھی پاؤں میں جوگر لائ لائنز لگائے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی ۔

وہ یہ نہیں سمجھ رہی تھی کہ ضامن کو فزا پسند کیوں آئی اسے بس کمپلیکس ہو گیا تھا کہ کلاس میں اس سے زیادہ کسی کو امپورٹنٹس مل رہی تھی .

" سر نے یہ اچھا نہیں کیا"!!پوری کلاس ابرش کی چیئر کے گرد جمع تھی جو خاموشی سے فزا اور عائلہ کو گھور رہی تھی جو دونوں ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھی باتیں کر رہی تھیں ۔

" تمھیں اگر یہ لگتا ہے کہ ضامن سر کو ذریعہ بنا کر تم سی آر بن سکتی ہو فزا تو یہ تمھاری غلط فہمی ہے میں اگر چاہوں تو تمھیں یونی سے نکلوا سکتی ہوں میرے ریسورسز سے تم بے خبر نہیں ہو ویسے بھی جس سکالرشپ کی وجہ سے تم پڑھ رہی ہو وہ میرے ڈیڈ دیتے تھے سٹوڈنٹس کو اور تم مجھے نیچا دکھانے کی کوشش کر رہی

ہو۔۔۔"ابرش بیگ چیئر پہ پھینکتے فزا کے قریب آئی اس کو بازو سے تھام کر چیئر سے کھڑا کیا کہ اس کی لمبے ناخن فزا کے بازو میں پیوست ہوئے تو اس کے لبوں سے سسکی نکلی تھی ۔

آپ بات کو بلاوجہ بڑھا رہی ہیں ابرش۔۔"

یہ سر ضامن کا فیصلہ ہے ویسے بھی ابھی تو ایک دن ہوا ہے آگے آپ بہتر کارکردگی دے کر ضامن سر کو متاثر کر سکتی ہیں۔۔۔!؛"عائلہ کو ابرش کا یہ دھونس جماتا آنداز فزا کو آیسے باتیں سنانا پسند نہیں آیا تھا تو فزا کی سائیڈ لینے لگی تھی ۔

شٹ اپ تم ہوتی کون ہو مُجھے یہ بتانے والی کہ میں کسے امپرس " کروں۔۔۔"وہ غرائی تھی عائلہ سہم کر پیچھے ہوئی فزا نے ابرش کی

گرفت سے خود کو چھڑوا چاہا لیکن ابرش تو جیسے ضامن کا بدلا لینا چاہتی تھی فزا کی کہ جو بھی تھا وجہ تو فزا ہی بنی تھی اس سب کی۔

ابرش چھوڑو اسے سر آ جائیں گے۔۔۔"عائشہ نے ابرش کی منت " کی پوری کلاس جمع ہو چکی تھی اگر کوئی تماشا لگ جاتا تو کیا ہوتا ابرش کے غصے سے تو بخوبی واقف تھی وہ خوُد بھی۔

آتے ہیں تو آ جائیں۔۔۔"وہ فزا کو دھکا دیتے باہر نکل گئی تھی " اس کا موڈ حد سے زیادہ خراب ہو چکا تھا اس وقت گھر تو وہ بالکل بھی نہیں جانے والی تھی ڈیڈ کی نصیحتیں شروع ہو جاتی اور مام ویسے ہی گھر پہ کم پائی جاتی تھیں ابرش یونی سے نکلتے سیدھی کلب چلی آئی تھی۔

اپنے لیے ڈرنک آرڈر کرتے اس کی نظریں ڈانس فلور پہ ڈانس کر کے کپلز پہ تھیں دل و دماغ میں ضامن عباس تھا آخر پوری کلاس کے سامنے فزا سے نمبر لیکر وہ ابرش کو نیچا دکھانا چاہا رہا تھا کیوں ۔

وہ ڈرنک نہیں کرتی تھی ڈیڈ اس معاملے میں کافی سخت تھے ان دونوں کو کچھ حدود بتائی تھیں کہ وہ ان کو پھلانگ نہیں سکتے تھے یرمان پھر بھی کبھی کبھار ایسا کچھ کر لیتا تھا لیکِن ابرش نہیں کرتی تھی پر اس وقت اس کا سر درد سے پھٹ رہا تھا ۔

ابرش مغرور موڈی لڑکی تھی شائد وہ اس بات کو اتنا محسوس نہیں کرتی اگر فزا کی جگہ کوئی اور ہوتی شاید سر ضامن جان بوجھ کر اس کو سائیڈ پہ کر رہے تھے وہ اکیلی تھی باقی دوست رات کو آتے تھے آج وہ پہلے چلی آئی تقریباً ایک گھنٹے تک وہ بیٹھی ضامن عباس کے

بارے میں سوچتی رہی جو نا چاہتے بھی اس کے دل و دماغ پر پوری طرح سے حاوی ہو گیا تھا جس کو سوچنا نہیں چاہتی تھی لیکن پھر بھی اس کے خیال سے چھٹکارہ نہیں پا رہی تھی۔

جیسے غصے میں وہ یونی سے نکلی تھی عائشہ اس کے لیے بہت پریشان تھی کب سے کالز بھی کر رہی تھی لیکن اس نے اٹھایا ہی نہیں کب سے دیکھ رہی تھی وہ سیل فون بج رہا تھا۔

ضامن کا فزا سے نمبر لینا اس کو جلتے تندور میں جھونک گیا تھا

برداشت کا لیول تھا کہ ڈوان ہو رہا تھا اس کے سیل پہ اب کی بار ڈیڈ کی کال آئی تھی وہ اگنور نہیں کر سکی تھی۔

یس ڈیڈ۔۔۔"اس نے ڈرنک جو کہ کب سے ہاتھوں میں پکڑی "
ہوئی تھی لیکن ایک گھونٹ بھی نہیں پیا تھا اب آپنے سامنے پڑے
ٹیبل پہ رکھ چکی تھی جیسے یہ ڈر ہو کہ ڈیڈ اس کو دیکھ رہے ہیں ۔

کہاں ہو جلدی گھر آؤ۔۔۔!؛"وہ پیشانی سہلا رہے تھے وہ اکثر "
بزنس میں مصروف رہتے تھے لیکن پوری کوشش کرتے تھے کہ
بچوں کو بھی وقت دیں ان کی بیگم ان کے لیے ایک کامیاب ہمسفر
ثابت ہوئی تھیں لیکن ایک اچھی ماں نہیں بن سکی تھیں اُنہیں اپنے
سوشل سرکر کو دیکھا تھا وہ تو بچے پیدا کرنے کے حق میں ہی نہیں
تھیں لیکن شوہر کی وجہ سے مجبور ہو گئی تھیں لیکن صرف بچے پیدا
ہی کیے تھے باقی ساری زمہ داری ملازمین کی تھی۔

ڈیڈ گھر میں ہو گا ہی کون۔ "وہ رنگ برنگی روشنیاں دیکھ رہی تھی " یہاں لوگوں کا ہجوم تھا پر وہ پھر بھی اکیلی تھی ۔

ابرش میرا بچہ ڈیڈ گھر میں ہی ہیں آپ یرمان بھی آ گیا ہے ڈنر " ساتھ کریں گے میں ویٹ کر رہا ہوں جلدی پہنچو تم۔۔۔"وہ اس کو بات کرنے کا موقع دیتے تو وہ ضرور انکار کرتی اس وجہ سے پہلے ہی انہوں نے اپنی کرتے فون کٹ کر دیا تھا ابرش ڈیڈ کے غصے کے پیشِ نظر کلب سے نکل آئی تھی ۔

••••••

ڈیڈ گھر پہ تھے یرمان کو مایا کے برتھڈے کے سلسلے میں کلب جانا تھا پر ڈیڈ صاف صاف کہہ چکے تھے کہ ڈنر وہ ان دونوں کے ساتھ

کریں گے وہ اس وقت لاونج میں کھڑا کوفی پی رہا تھا مایا کی کتنی کالز آ چکی تھیں اسے لیکن وہ اٹھا ہی نہیں رہا تھا وہ آنے کا پوچھتی ۔

ڈیڈ مام کدھر ہیں۔۔؟"ابرش اندر آئی تو ڈیڈ اس کو گارڈن میں " شاید کسی سے فون پہ بات کرتے نظر آئے تھے یرمان آندر تھا اور مام۔۔۔؟

مام کے پاس کب ٹائم تھا ان دونوں کے لئے ان کے ہمیشہ سے ان کا کام اہم تھا ۔

یہ ہے ملک مینشن جس کے سربراہ تھے قیوم ملک جنہوں نے اپنی پسند سے عفت ملک سے شادی کی اور ان کے دو ہی بچے تھے یرمان جو کہ 28 سال کا تھا اور ابرش 19 سال کی بچوں سے پہلے قیوم ملک کو لگتا تھا کہ ان کی وائف ان کے لیے ایک بہتریں بیوی

ثابت ہوئی ہیں لیکن ان کو احساس ہوا تھا کہ وہ ایک بہترین بیوی تو تھیں لیکن اچھی ماں نہیں ۔

ڈیڈ ہیں ناں پھر مام کی کیا ضرورت؟"وہ فون سائیڈ پہ رکھتے ابرش " کو اپنے حصار میں لیتے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیتے بولے تو وہ تلخی سے ہنسی تھی۔

ڈیڈ بچوں کو صرف باپ کی ہی نہیں ماں کی بھی ضرورت ہو گی " ہے جو آپ کی بیوی شاید کبھی نہیں سمجھ سکتی ہیں اور مجھے لگتا ہے کہ جو ہو رہا ہے ایسے ہی ہونے دیں آپ کہاں کچھ ٹھیک کر سکیں گے۔۔ ویسے بھی اب ہمیں عادت ہو چکی ہے اس سب کی جب بچے تھے تب سروئیو کرنا سیکھ گئے تھے اب تو پھر ہم خوُد اپنا خیال

رکھ سکتے ہیں۔۔۔۔"وہ ڈیڈ کو ہرٹ نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن یہ تلخ حقیقت تھی ان کی زندگی کی۔

وہ پارٹی میں بیزی ہو گی آ جائے گی جاؤ فریش ہو جاؤ ڈنر لگواتا " ہوں میں یرمان بھی آندر موجود ہے۔۔۔"وہ بیٹی کے سوالوں کے جواب نہیں دے پائے تھے بچے حق پر تھے وہ غلط تھے ۔

اوکے ڈیڈ۔۔۔"وہ مزید کیا بات کرتی ڈیڈ سے مام کہاں سنتی تھیں " ڈیڈ کی وہ ہمیشہ اپنی ہی کرتی تھیں ۔

ابرش روم میں چلی آئی جو کہ بہت بڑا اوَر وسیع روم تھا پورے روم کو پنک کلر سے ڈیکوریٹ کیا گیا تھا بیڈ جو کہ کنگ سائز کا تھا اس پہ بچھی شیٹ کش پینٹ ہر چیز پنک کلر کی تھی اس نے اپنی

جیکٹ دور اچھالی اور آئینے میں ایک نظر خود کو دیکھا تھا پھر ذہن میں فزا کی شکل آئی ۔

ضامن اور فزا کا ضامن کے آفس سے نکلنا یاد آیا ضامن کا فزا سے نمبر لینا اس کو یہ جملہ "پہلے یہ ریگولر تو ہو جائیں۔۔۔"بولنا وہ اپنے بال جھنجھوڑ چکی تھی ڈریسنگ ٹیبل پہ پڑی کاسمیٹکس کی ساری قیمتی چیزیں وہ گرا چکی تھی ۔

کچھ دیر تو ساری چیزوں پہ غصہ نکالا اور پھر فریش ہو کر ٹی شرٹ اور ٹروزار میں ملبوس وہ اپنے بالوں میں برش کرتے روم سے باہر آئی تھی یہاں ڈیڈ اور یرمان لارج گیر ڈائننگ ہال میں بیٹھے اس کے انتظار میں تھے ملک مینشن بہت بڑا تھا قیوم ملک کے والدین خاصے دولت مند تھے۔

میم کیا لیں گی آپ۔۔۔؟"میڈ جو کہ قیوم ملک اوٗر یرمان ملک کو "
.ڈنر سرو کر رہی تھی وہ ابرش کی طرف آئی جو خاموش تھی

پھر کوئی ایشو بنا کیا؟"ابرش کو اپ سٹ دیکھتے یرمان نے پوچھا تھا "
قیوم ملک جو کہ ان دونوں کو دیکھ رہے تھے وہ چونک گئے کیا کچھ
ہوا تھا۔

کیا ہوٗا ہے؟"وہ پوچھے بغیر نہیں رہ سکے تھے۔"

نتھنگ ڈیڈ ایسے ہی کلاس کے چھوٹے موٹے مسلے۔۔۔"وہ کندھے "
آچکاتے نارملی بولی تاکہ ڈیڈ اس بات کو زیادہ سیریس نہ لیں ورنہ
وہ جانتی تھی کہ ڈیڈ ضرور اس معاملے کی پوچھ گچھ کریں گے ایک
طرف تو وہ چاہتی تھی کہ ضامن عباس کو نیچا دکھائے اوٗر دوسری
طرف وہ ڈیڈ سے چھپا رہی تھی۔

زیادہ پریشانی والی بات ہے تو شئیر کرو میں بات کروں انتظامیہ "
سے۔۔۔"قیوم ملک بیٹی کے ایسے بات کو ہوا میں اڑنے پہ اچھے
خاصے ڈسٹرب ہو گئے تھے یرمان جانتا تھا تو یقیناً کوئی بڑی بات تھی
ورنہ وہ دونوں چھوٹی موٹی باتیں نہیں بتاتے تھے ایک دوسرے کو یا
پھر ان سے چھپاتے تھے۔

نو ڈیڈ اس کی ضرورت نہیں ہے آپ ڈنر کریں۔۔۔"ابرش فروک"
کو ٹیبل پہ گھماتے کچھ سوچ رہی تھی جیسے ضامن عباس سے خود
بدلا لینا چاہتی ہو وہ ۔ یرمان کو اس نے اشارہ کیا تھا کہ مذید کوئی
بات نہیں کرنی ہے اس بارے میں ۔

ٹھیک ہے بیٹا پریشان نہیں ہونا۔۔۔"وہ آگے ہوتے اس کے ماتھے " پہ لب رکھ گئے اور ابرش مرے دل سے کھانا کھانے لگی حالانکہ دل و دماغ پوری طرح سے الجھا ہوا تھا اس وقتِ ۔

ڈیڈ میرا ہو گیا ہے مجھے جانا ہے کہیں آپ لوگ کریں " ڈنر۔۔"یرمان کو وقت کا احساس ہوا تو اٹھا تھا ۔

کہاں جانا ہے بیٹا۔۔۔؟"وہ دونوں بچوں کے ساتھ وقت گزرنا " چاہتے تھے لیکن یرمان تو شاید کہیں جا رہا تھا ۔

بس ایک کام ہے ڈیڈ۔۔۔"وہ آپنا سیل فون اٹھاتے چینج کرنے " کے لیے روم میں چلا گیا تھا پیچھے قیوم ملک اؤر ابرش کھانا کھانے لگے ۔

•••••

عائلہ سارے کام نمٹا چکی تھی ضامن اپنے کمرے میں تھا اور وہ کچن میں کام کر رہی تھی ضامن نے بہت بار اسرار

کیا تھا کہ وہ اس کو کام والی رکھ کر دے گا لیکن عائلہ ہر بار منع کر دیتی تھی اتنے سے کام کے لیے اب وہ کیا ملازمہ رکھتی ویسے بھی وہ لوگ ایک جگہ ٹکتے کہاں تھے جب سے بابا کا قتل ہوا تھا وہ لوگ جگہ بدلنے پہ مجبور تھے ضامن تو شائد خود کی اتنی فکر نہیں کرتا لیکن عائلہ کی سفٹی کے لئے اس کو ایسا کرنا ہی پڑتا تھا عائلہ اس کی ایک ہی بہن تھی جس کی ہیلتھ پہ وہ کوئی رسک نہیں لے سکتا تھا ماما تو عائلہ کی پیدائش پہ ہونے والی پیچیدگیوں کی وجہ سے جان بر ہی نہیں ہو سکی تھی پھر عائلہ کو ضامن اور عباس شاہد نے ہی پالا تھا۔

ان کے بابا ایک جانے مانے وکیل تھے بہت مشہور بھی تھے اکثر غریبوں اور مظلوموں کا ساتھ دیتے جس کی وجہ سے آئے روز ان کو دھمکیاں بھی ملتی تھیں جس پہ وہ کبھی کبھی سنجیدہ ہو جاتے اوٗر کبھی ایسے ہی نظر انداز کرتے اور اس وجہ سے اُن کی جان بھی چلی گئی تھی۔

"بھیا آپ کی کوفی۔۔۔!؛"عائلہ سارے کام ختم کرتے کچن سمیٹ کر وآپس آئی اور ضامن کو کوفی دینے کے لئے اس کے روم میں گئی وہ لیپ ٹاپ پہ بیزی تھا اس نے کوفی رکھی اور واپس جانے لگی لیکِن ضامن نے اُسے روک لیا دونوں بہن بھائی رات کے اس وقت ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے عائلہ کی دوستیں نہیں تھیں نہ ہی وہ بناتی تھی لیکِن فزا اس کو کافی پسند آئی تھی۔

"بھیا آپ بیزی ہیں میں چلی ہوں۔۔۔!؛"وہ ضامن کو لیپ ٹاپ میں کام کرتے دیکھ کر وہاں سے واپس جانا چاہتی تھی لیکِن ضامن نے نفی میں سر ہلایا۔

"میری گڑیا سے زیادہ امپورٹنٹ تو نہیں کام۔۔۔"ضامن نے اسے اپنے حصارِ میں لیا وہ مسکرائی تھی۔

"پھر بھی کام تو کام ہوتا ہے مُجھے بھی سٹڈی کرنی ہے ویسے تو عصر کے وقت سارا کام کر چکی ہوں لیکن پھر بھی مُجھے پڑھنا۔۔۔"

"ابھی مُجھے ناول پڑھنا ہے۔۔۔!؛"وہ اس کی بات درمیان میں کاٹ گیا عائلہ نے دانتوں کی نمائش کی ضامن کو ویسے تو اس کے ناولز پڑھنے سے کوئی مسلہ نہیں تھا لیکِن وہ جب ایک سٹوری کو خود پہ حاوی کر لیتی تھی یہ وہ پسند نہیں کرتا تھا۔

فن کے لیے پڑھتی تھی تو پڑھا اور بات ختم لیکن نہیں عائلہ تو کئی کئی دن ایک ناول کی سٹوری میں ہی کھوئی رہتی تھی جیسے اس سٹوری سے زیادہ امپورٹنٹ کچھ بھی نہ ہو۔

"بھیا آپ جانتے ہیں۔۔۔" وہ اب صاف صاف انکار کرنے سے تو رہی ضامن سب کچھ جانتا تھا پھر چھپانے کا کوئی فایدہ نہیں تھا سو کندھے اچکائے اور مسکراتے آپنے بھائی کو دیکھا۔

"جی میڈم میں سب کچھ جانتا ہوں۔۔۔" ضامن نے پیار سے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا تھا اس کے اور عائلہ کے درمیان ایج ڈفرنس بہت زیادہ تھا ماما بابا کو تو لگا تھا کہ ان کے ہاں بس ایک ہی اولاد ہو گی لیکن ضامن کو بہن چاہیئے تھی اس نے خصوصی دعائیں کی تھیں بہن کے لیے اور تب جا کر عائلہ ان کی گود میں آئی تھی۔

"بھیا اب آپ شادی کر لیں۔۔۔!؛"پہلی بار ضامن کی شادی کا سوال عائلہ کے لبوں پہ آیا تھا وہ سوچتی تو پہلے بھی تھی اس بارے میں لیکِن آج اس نے ضامن کو بھی کہہ دیا اب اسے اپنی بھا بھی چاہیے تھی۔

"یہ خیال کیوں آیا اچانک سے میری گڑیا کے دماغ میں۔۔۔۔پتہ ہے بیوی کتنا سر کھاتی ہے بھئی میں سکون سے رہوں گا کچھ دن۔۔۔۔"وہ ہنستے بتا گیا یعنی وہ اس وقت شادی ہر گز نہیں کرنے والا تھا عائلہ نے منہ بنایا تھا۔

"کیونکہ آپ اتنے بڑے ہو گئے ہیں بھیا اس عمر کے لوگوں کے پاس دو دو بچیں بھی ہوتے ہیں اوَر آپ نے ابھی تک شادی ہی نہیں کی۔۔۔"وہ بھائی کو کنوینس کرنے کی کوشش کرنے لگی۔

"گڑیا کر لو نگا آپ اس بارے میں نہ سوچو اوَر جاؤ سو جاؤ کافی ٹائم ہو گیا ہے۔۔۔"وہ اس کو گڈ نائٹ وش کرتے لیپ ٹاپ بیڈ پہ رکھتے اپنی شرٹ ٹھیک کرتے فون اُٹھاتے کسی کو کال کرنے لگا۔

"گڈ نائٹ بھیا۔۔۔"عائلہ اس کے گال پہ بوسہ دیتے کمرے سے نکل گئی تھی وہ ایسی ہی تھی جب اس سے کوئی بات کرتا تو وہ کرتی ورنہ خاموشی سے پاس سے اٹھ جاتی تھی۔

ضامن ابھی شادی کے حق میں نہیں تھا ہاں اس کی شادی کی آئیڈیل عمر تھی لیکِن پھر بھی وہ شادی نہیں کر سکتا تھا وجہ تھی عائلہ جب تک عائلہ کی سٹڈیز چل رہی تھیں تب تک وہ اس بارے میں کچھ سوچنا بھی نہیں چاہتا تھا عائلہ اوَر اس کی لائف اچھی جا رہی تھی کسی تیسرے انسان کو درمیان میں شامل کر کے وہ عائلہ کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا اور آگر اس کی بیوی کو عائلہ سے

کوئی پرو بلم ہو گئی تو ویسے بھی آج کل کی لڑکیوں کو سسرال والوں سے الگ ہونے کی نجانے کیا پڑی ہوئی تھی اس کے دوست کی بیوہ شادی کے بیس دن بعد ہی سسرال والوں سے الگ ہو گئی تھی۔

یہ واقعہ ایک طرح سے ضامن کو شادی جیسے بڑے سٹیپ سے روک رہا تھا وہ عائلہ کی زمہ داری ادا کر کے پھر اپنے بارے میں سوچنا چاہتا تھا۔

عائلہ نے جب ضامن کے سامنے شادی کی بات کی تو بے ساختہ ضامن کے دل میں ابرش ملک کا خیال آیا کتنی عجیب لڑکی تھی ضامن چاہتا تو پوری کلاس کے سامنے فزا سے نمبر لینے کے بجائے وہ اکیلے میں فزا سے نمبر لے سکتا تھا جب اس نے فزا کو بلایا تھا آفس میں لیکن یہ اس نے جان بوجھ کر کیا تھا تا کہ کلاس کی سی آر کو احساس ہو کہ جس زمہ داری کو نبھانے کی وہ اہل ہی نہیں ہے اسے یہ زمہ داری لینی ہی نہیں چاہیے تھی۔

عائلہ کے معاملے میں وہ کوئی غلطی نہیں کر سکتا تھا عائلہ پہلے ہی بابا کو کھو چکی تھی اب مذید عائلہ کو وہ آیسے ڈسٹرب نہیں کر سکتا ابھی تو عائلہ خود کہہ رہی تھی اس سے شادی کے لیے لیکن وہ جانتا تھا شادی کے کچھ ہی عرصے بعد حالات خراب ہو جائیں گے نہ بھی ہوئے تو کم سے کم عائلہ اور اس کے درمیان سب پہلے جیسا نہیں رہے گا۔

وہ بیڈ پہ لیٹتے ایسے ہی ایف بی سکرول کرنے لگا سوشل میڈیا پہ ضامن اتنا ایکٹو نہیں تھا لیکِن پھر بھی اکثر ایف بی یوز کر لیتا تھا کیوں یہاں اس کے کافی ایسے فرینڈز ایڈ تھے۔

ایف بی سکرول کرتے ہی اس کی نظر مس ملک کی آئی ڈی پہ گئی تھی جس نے ہاف فیس کی تصویر لگائی ہوئی تھی لیکِن وہ ہاف تصویر سے بھی جان گیا تھا کہ یہ محترمہ کون ہیں ابرش کی آئی پبلک تھی کوئی بھی جا کر دیکھ سکتا تھا۔

ضامن کو افسوس ہوا ایسی بگڑی امیر لڑکیاں اس کو بالکل بھی پسند نہیں آتی تھیں جن کو اپنے ماں باپ کی عزت کی کوئی فکر ہی نہیں تھی۔

ضامن نے عائلہ کو ایف بی یوز کرنے کی پر مشن نہیں دی تھی عائلہ زیادہ تر ناولز ہی پڑھتی پھر ایک دن عائلہ نے کہا کہ بھیا مُجھے ایف بی سے ناولز پڑھنے ہیں پلیز مجھے اکاؤنٹ بنادیں بھلے پرائیویٹ کر دیں لیکن بنادیں آیسا نہیں تھا کہ ضامن کو اپنی بہن پہ بھروسہ نہیں تھا پر دنیا معصوم لوگوں کی معصومیت نوچ لیتی تھی۔

اس نے عائلہ کو پرائیویٹ اکاؤنٹ بنا کر دیا جسے وہ تبھی یوز کرتی تھی جب اس کو کوئی ناولز سے ریلیٹڈ پوسٹ ملتی تھی۔

پر ابھی ابرش کا اکاؤنٹ دیکھتے ایک پل کے لیے اس کے ذہن میں نجانے کیا سمائی کہ وہ اس کی ائی ڈی کو وزٹ کر چکا تھا اس نے اپنی تصویریں بھی اپلوڈ کی ہوئی تھی اس لڑکی کی ڈریسنگ دیکھتے وہ مزید اس سے بد گمان ہو گیا تھا۔

اس نے اکتاتے ایف بی ہی بند کر دی اور جن اسٹوڈنٹس کے نمبر اس نے لیے تھے اُنہیں ایک گروپ میں ایڈ کرتے کچھ نوٹس سب کو شئیر کیے تھے۔

کچھ دیر مذید فون میں بیزی رہا پھر وقت کا احساس کرتے وہ لیٹ گیا اسے صبح جلدی اٹھنا ہوتا تھا۔

•••••

مایاماہی بے آب کی طرح یرمان ملک کا انتظار کر رہی تھی وہ اپنی ساری دوستوں کے ساتھ کلب میں موجود تھی یہاں اس نے بر تھڈے پارٹی ارینج

کی ہوئی تھی ہر سال مایا سب کو انوائیٹ کرتی تھی آخر سب کو دکھانا بھی تو ہوتا تھا کہ یرمان ملک کے لئے وہ کتنی اہم ہے اس وقت وہ ریڈ کلر کی مکسی میں تھی جو سیلوز لیس تھی۔

اس کے دودھیا بازوؤں عیاں ہو رہے تھے بیک لیس تھی مایا کی ڈریسنگ ایسی ہی ہوتی تھی آج اس کا برتھڈے تھا تو گھر میں ہونے والی پارٹی کی وجہ سے وہ یونی نہیں گئی تھی۔

"لگتا ہے اس بار یرمان ملک کسی کام میں پھنس گیا ہے مایا یا پھر وہ آنا ہی نہیں چاہا رہا ہے پہلے تو کتنی ایکسائٹمنٹ ہوتی تھی اُسے تمھارے برتھڈے کی۔۔۔"اس کی دوستوں کی طنزیہ باتیں اس کے دل میں پیوست ہو رہی تھی اور یہ سچ بھی تھا پہلے جب یرمان ایسے کرتا تھا یہ پہلا برتھڈے تھا جس میں وہ اس کے ساتھ ایسا کر رہا تھا۔

"نہیں وہ کال ریسیو نہیں کر رہا ہے تو یقیناً کسی پرو بلم میں پھنس گیا ہو گا ابھی آجائے گا۔۔۔" تقریباً ساڑھے نو بج گئے تھے اتنا انتظار کرتے اب مایا کے دل میں خود بھی ہول اٹھ رہے تھے لیکن چہرے پہ زبردستی کی مسکراہٹ سجائے وہ سب کو مطمئن کر رہی تھی جو شاید وہ ہو نہیں رہے تھے۔

"ہو سکتا ہے ورنہ وہ کہاں لیٹ ہوتا تھا۔۔۔" اس کی ایک دوست جو مایا کی حالت اچھے سے دیکھ رہی تھی بچاری مایا کو مذید پریشان نہیں دیکھ سکی تھی اور اس کی بات پہ مایا نے سر ہلایا۔

"تم لوگ انجوئے کرو میں پھر کال کرتی ہوں یرمان کو شاید اٹھالے یا اللہ وہ ٹھیک ہو۔۔۔" وہ اپنے بالوں کو پیچھے کرتے ٹیبل سے سیل فون اٹھائے ایک بار پھر سے یرمان ملک کا نمبر ملا رہی تھی جو اٹھایا نہیں کیا کچھ دیر مزید درمیان سے گزر گئی اور مایا نے کچھ سوچتے ابرش کو کال کی جو سونگز سن رہی

تھی ایسے ڈسٹرب کیے جانے پہ اس کا موڈ خراب ہوا لیکن مایا کا لنگ دیکھتے اس نے کال اٹھالی۔

"تھینک گاڈ ابرش کیسی ہو یرمان کہاں ہے میں کب سے کالز کر رہی ہوں لیکن ریسیو ہی نہیں کر رہا ہے مُجھے بہت گھبراہٹ ہو رہی ہے سب ٹھیک ہے ناں۔۔"وہ تھوڑا سا سائیڈ پہ ہو گئی تھی ابرش کے موڈ کے بدلتے رنگوں سے وہ انجان نہیں تھی ابرش کو کب کس بات پہ غصہ آجائے یہ وہ نہیں جانتی تھی۔

"یرمان بھائی تو گھر سے آدھا گھنٹہ پہلے نکل چکے ہیں کہہ رہے تھے کہ اُنہیں کوئی کام ہے تمھاری بات نہیں ہوئی اُن سے۔۔۔"ابرش مایا کی پریشانی دیکھتے استفسار کرنے لگی۔

"نہیں نہیں ہوئی تبھی پریشان ہوں۔۔۔!؛" وہ ابرش کو آپنے بر تھڈے کے بارے میں نہیں بتا سکتی تھی.

"ہو جائے گی ڈونٹ وری۔۔۔" ابرش مزید کچھ بولے بغیر ہی کال کاٹ گئی تھی اور مایا کچھ ریلیکس ہوئی کلب یرمان ملک کے مینشن سے ایک گھنٹے کے فاصلے پہ تھا لیکِن یرمان ملک کافی ریش ڈرائیو کرتا تھا اب تک تو آجانا چاہیے تھا اسے۔

"کیا بات ہو گئی یرمان ملک سے۔۔۔!" وہ واپس آئی تو اس کی دوست نے پوچھا۔

"ہاں وہ راستے میں ہے۔۔۔" وہ مسکراتے بولی اوَر دل ہی دل میں دعا کر رہی تھی کہ یرمان ملک آجائے اوَر اس کی دعا بر آئی تھی جب تقریبا دس منٹس بعد یرمان ملک اندر آتا دکھائی دیا جس نے وائٹ جینز پہ وائٹ ہی ٹی شرٹ

اور ساتھ وائٹ ہی جیکٹ پہنے تازہ شیو میں کافی ہینڈسم لگ رہا تھا پیشانی پہ بکھرے بال جیسے اس کو مزید خوبصورت بنا رہے تھے ایک پل کے لیے سب لڑکیوں کی نظروں کا مرکز وہ بنا تھا۔

لیکن وہ اکثر سب سے لاپرواہ ہی رہتا تھا آتے ہوئے اُسے ایک ایمرجنسی آن پڑی ورنہ وہ جلدی آجاتا مایا اسے دیکھتے اپنی مکسی سنبھالے اس کے قریب آتے اس کے گلے سے لگی تو یرمان ملک نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اُسے خوُد میں بھینچا کب سے وہ کسی کی کمی محسوس کر رہا تھا۔

مایا کی برہنہ پشت پہ اپنی انگلیوں کو سہلاتے وہ اسے نرمی سے خود سے الگ کر گیا مایا کی سب دوستوں نے معنی خیزی سے یہ منظر دیکھا تھا۔

"میں کب سے انتظار کر رہی تھی۔۔۔" مایا کے لبوں سے شکوہ پھسلا تھا۔

یرمان نے گہرا سانس بھرا وہ لڑکی بری طرح سے اس کے حواس پہ چھائی

ہوئی تھی وہ جان نہیں پا رہا تھا وجہ کہ وہ کیوں اُس لڑکی کی سوچ سے چھٹکارا حاصلِ نہیں کر پا رہا تھا۔

"کچھ ایشوز ہو گئے تھے مایا کیک کٹ کیا؟" وہ اسے خود سے الگ کرتے اپنی گھنی بیرڈ سہلانے لگا مایا کا حلیہ دیکھتے پہلی بار اس کو عیجب لگا تھا وہ لڑکی جس کی وہ صرف آنکھیں دیکھ سکا تھا کیا قاتلانہ آنکھیں تھیں اُس کی یرمان ملک چاہا کر بھی وہ منظر بھول نہیں پا رہا تھا۔

وہ راہ میں اچانک،

ہوا سامنا کسی سے

اک پل کی تھی ملاقات،

مگر نقش دل پہ ایسے

چہرہ تھا پوشیدہ،

مگر آنکھیں کہہ رہی تھیں

خاموش لب تھے لیکن،

ہزار باتیں کر رہی تھیں

کاجل میں بھیگی پلکیں،

کوئی خواب سجا ہوا تھا

یا پھر کسی کے دل کا،

کوئی حال چھپا ہوا تھا

بس اک نظر کی دہلیز،

میں عمر بھر کو رک گیا

یہ کون تھا؟ کہاں گیا؟

دل یہ راز تک گیا

اب ہر سو وہی آنکھیں،

ہر لمحہ مجھے تکتی ہیں

نیندوں میں بھی بے چین،

خوابوں میں مجھ سے الجھتی ہیں

گلیوں میں اب بھی تنہا،

کسی موڑ پر میں ٹھہرا ہوں

شاید وہ پھر گزرے،

اسی آس میں سنورا ہوں

وہ جھنجھنایا ہوا تھا یہ پہلی بار تھا دل کسی الگ ہی لے پہ چل پڑا تھا مایا کے ہوتے اس نے آج تک کسی اور کے بارے میں ایسے نہیں سوچا۔

"جادو گرنی۔۔۔" اتنے وقت میں وہ یہ ہی نام سوچ سکا تھا.

"تمھارے بغیر کیک کیسے کٹ کرتی میں یرمان جانتے ہو مجھے سب سے زیادہ تمھارا ویٹ ہوتا ہے تمھارے ساتھ ہی کٹ کروں گی میں۔۔۔!؛" وہ یہ نہیں کہہ سکی مُجھے تمھارے گفٹ کا انتظار ہوتا ہے۔

"واٹ اتنی لیٹ ہو گئی ہے مایا کم سے کم کیک تو کٹ کر ہی لیتی تم مجھے لیٹ ہو جاتی مذید تو کیا تم کیک کٹ نہیں کرتی۔۔۔" وہ برہم ہوا تھا پہلے ہی وہ پوری

طرح سے جھنجھناہٹ کا شکار تھا اوپر سے مایا کی یہ حرکت وہ تھورا تلخ ہی ہو گیا تھا۔

مایا کے سب دوست حیرت سے یرمان ملک کو دیکھ رہے تھے جو پہلی بار ایسے بات کر رہا تھا مایا سے ورنہ پہلے تو اس نے شاید ہی کبھی مایا سے اس انداز میں بات کی ہو۔

"یرمان۔۔!؛" مایا کے لبوں سے بس یہی لفظ نکلے تھے اور یرمان نے اپنی بیرڈ کجھائی تھی یعنی وہ اُس لڑکی کا غصہ مایا پہ نکال چکا تھا اس نے آگے بڑھتے مایا کو اپنے حصارِ میں لیا جس کی بھیگی آنکھیں اس کو ایک پل کے لئے نادم کر گئی تھیں۔

"سوری مایا یار آتے ہوئے میں اس قدر اپ سٹ تھا کہ سمجھ ہی نہیں آیا کیا بول رہا ہوں تم میری باتوں کو اگنور کرو بس آؤ کیک کٹ کرتے ہیں

ہم۔۔۔"وہ اس کو حصار میں لیے ٹیبل پہ پڑے کیک کی طرف لے گیا مایا اس کے لفظ "اپ سٹ" پہ ٹھٹکی تھی اس کے برتھڈے پہ یرمان کو کس پریشانی نے آن گھیرا تھا۔

"کس بات پہ اپ سٹ تھے۔۔۔!؟"وہ یرمان کے سامنے چھوٹی چھوٹی باتوں کو بھی اہمیت دیتی تھی یہ بھی ایک طریقہ تھا اس کے سامنے نمبر بنانے کا۔

"بس ایسے ہی چھوڑو تمھارا برتھڈے ہے ایسے اپ سٹ ہو کر کیک کٹ کرو گی کوئی زیادہ مسلہ نہیں۔۔۔"وہ اس کی پریشان صورت دیکھتے بولا تھا۔

"اپ سٹ تھے ناں۔۔؟"اس کا دماغ اس بات پہ ہی اٹک گیا تھا یرمان اسے کیسے بتاتا وہ لڑکی اس کے اعصابوں پہ سوار ہو گئی تھی.

"نہیں ناں کیک۔۔۔!؛"اس نے کیک کی طرف اِشارہ کیامایا سمجھ گئی تھی کہ یرمان ملک اس بات کو ڈسکس کرنا ہی نہیں چاہتا ہے۔

وہ اس کی باتوں کو اگنور کر رہا تھامایا نے بھی زیادہ کرید انہیں کیونکہ وہ آ گیا تھا یہ اس کے لئے کافی تھا۔

"ہیپی برتھڈے جانم۔۔۔!؛"وہ اس کے خوبصورت چہرے کو دیکھ رہا تھا لیکِن نظروں کے سامنے وہ چہرہ آ رہا تھا جس نے شائد اب اس کے دل میں پنجے گاڑ چکی تھی اور یرمان ملک چاہا کر بھی اس کو چھوڑ ہی نہیں رہا تھا۔

" تھینکس یرمان تھینکس مائی لو۔۔۔"وہ تو ضرورت سے زیادہ خوش ہو رہی تھی اور اس کے مائی لو کہنے پہ اُس کو کچھ ہؤا لیکن وہ اگنور کر گیا تھا۔

سب نے کیک کھاتے اسے گفٹس دیئے تھے وہ یرمان ملک کے گفٹ کا ویٹ کر رہی تھی لیکِن اس نے شاید گفٹ خرید ا تھا۔

"یرمان آپ گفٹ نہیں لائے ہیں۔۔۔"مایا کی زبان میں کجلی ہوئی تھی اور بول دیا جس پہ یرمان نے پلٹ کر دیکھا تھا لیکِن اس بار وہ گفٹ لینا بھول گیا تھا۔

"ڈیو ہے وہ بعد میں دوں گا مایا ابھی میں لیٹ ہو رہی ہے جانا ہے مجھے تم خیال رکھنا اپنا۔۔۔"وہ مزید یہاں رکنے والا نہیں تھا نجانے ایک عجیب سی بے چینی اس کے پورے وجود پہ سرایت کر رہی تھی یہ جذبات پہلے تو کبھی نہیں آئے تھے اس کے دل میں۔

"کہاں جانا ہے یرمان اتنی جلدی ابھی تو آئے ہو سب ٹھیک ہے ناں؟ اب مجھے پریشانی ہو رہی ہے۔۔۔" وہ یرمان کے بدلتے رویے پہ بہت اپ سٹ ہوئی آگر یرمان اس کو چھوڑ دے تو پھر کیا ہو گا۔

"بس ڈیڈ گھر پہ ہیں تو تھوڑا فیملی ٹائم اس لیے جانا ہے تم سمجھ سکتی ہو اور پھر کل یونی میں ملیں گے ناں تو باتیں وہیں کریں گے۔۔۔" وہ اس کے گال تھپکتے اس سے اجازت چاہا رہا تھا۔

"یرمان میرا بر تھڈے ہے آ بھی ہم نے دیر میں ڈانس کرنا ہے اور میرے فرینڈز ہیں وہ کیا سوچیں گے پلیز تھوڑی دیر رک جاؤ۔۔۔" وہ یرمان کے جانے کا سن کر پریشانی سے اس کو سائیڈ پہ لے گئی تھی۔

"مایا ڈیڈ کو تم جانتی ہو وہ تو اسرار کر رہے تھے کہ میں آؤں ہی نہ لیکن میں تمھارے لیے آیا اور گفٹ تمھیں پتہ ہے میں عین ٹائم پہ لیتا ہُوں اس لئے

دیر ہو گئی ہے تم سمجھ جاتی ہو۔۔۔" پھر کبھی مایا کی باتوں پہ وہ ایسے ری ایکٹ نہیں کرتا تھا آج کر رہا تھا پر مایا ابھی تک اپنی بات پہ قائم تھی شائد وہ پہلے بھی آیسے ہی کرتی تھی لیکِن فیل اب ہو رہا تھا یرمان کو یہ سب کچھ۔

"آئی کین انڈر اسٹینڈ یرمان بٹ تمھیں نہیں لگتا ہے کہ تمھیں تھوڑا بہت سوچنا چاہیے سب لوگ ہیں اور تم جانتے ہو لوگوں کو بس بات کا پتنگر بنانے کی عادت ہوتی ہے مُجھے گفٹ کا کوئی مسلئہ نہیں ہے یرمان بس تم رک جاؤ تھوڑی دیر۔۔۔" وہ اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے اس کے قریب ہوئی تھی

۔

"او کے بس آدھا گھنٹہ زیادہ نہیں۔۔۔" وہ مذید مایا کو انکار نہیں کر سکا تھا شائد خود بھی اس لڑکی کو بھولنا چاہتا تھا جو کب سے اس کو خوار کر رہی تھی۔۔۔۔۔

"ڈانس۔۔۔!؛"مایا نے اس کے آگے ہاتھ کیا تو یرمان نے اس کو تھام کر آپنے سامنے کیا تھا میوزک آؤن ہوا تھا اؤر یرمان نے اس کو قریب کرتے اس کئ گردن پہ لب رکھے تھے وہ مسکرائی اس نے آپنے حسن کا جادو یرمان ملک پہ چلا چکی تھی وہ اس کی گردن پہ لبوں کی مہر لگاتے اس کے لمس میں بہتے جیسے سب کو بھول رہا تھا۔

چاہ تم کچھ نہ کہو،

میں سن لیا...

کے ساتھی پیار کا...

مجھے چن لیا....

چن لیا.. میں سن لیا

پہلا نشہ

...پہلا ہمارا نیا پیار ہے...

نیا انتظار کر لو میں کیا اپنا حال...

میرے دل بیکار..

تم ہی بتا...پہلا نشہ

اڑتا ہی پھر م ان ہوا

میں کہی یا میں جھول جاو

میں گھٹاو میں کہی....

میں کہی یا میں جھول جاو ان گھٹاو

میں کہی.... ایک کر دو آسمان

اور زمین... کہو یا کرو کیا نہیں..

پہلا نشاء... پہلا ہمارا نیا پیار ہے...

نیا انتظار کر لو میں کیا اپنا حال.... میرے دل بیکار... تو ہی بتا.. پہلا نشہ..

پہلا ہمارا

اسنے بات کی کچھ ایسے سپنے دے گیا

ہزاراں رنگ کے اسنے بات کی کچھ ایسی ڈانگ سے۔

سپنے دے گیا ہزاراں رنگ کے راہ جاو

جیسے میں ہار کے.. اور چومے وو مجھے پیار سے

پہلا نشاء... پہلا ہمر نیا پیار ہے...

نیا انتظار کر لو میں کیا اپنا حال...

میرے دل بیکار... تم ہی بتا

وہ اس کی کمر میں ہاتھ ڈالے اس کو ساتھ لگائے گھما رہا تھا مایا بھی اس کے ساتھ چپکی ہوئی تھی وہ اس کے قریب تھا اسے اؤر کیا چاہیے تھی اس کو اپنے قریب کرنے کی خواہش ہی تو شدت سے اس کے دل میں تھی۔۔

"یرمان۔۔۔" یرمان نے اپنے دانتوں سے اس کی چن نشان بنایا تو مایا نے سسکتے اسے پکارا وہ آج بہت بدلا سا عجیب بیہو کر رہا تھا۔

وہ جو رو میں بہتے بھول رہا تھا مایا کی آواز سُنائی دی تو اس نے کسی اچھوت کی طرح اسے خود سے الگ کیا مایا گرتے گرتے بچی تھی آنکھوں میں بے یقینی تھی اس کے سارے دوست آنکھیں پھاڑے یہ منظر دیکھ رہے تھے۔

"لیٹ ہو رہا ہوں۔۔۔" وہ بول کر رکا نہیں بلکے نکلتا چلا گیا مایا کو شدید سبکی ہوئی دوست اس کو عجیب نظروں سے گھور رہے تھے۔

"یہ یرمان مُجھے لگتا ہے کہ کچھ پریشان تھا۔۔۔" مایا کی دوست نے اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے بولی۔

"نہیں مجھے تو لگتا ہے یرمان کا دل بھر گیا ہے مایا سے امیر لوگ ایسے ہی ہوتے ہیں ان کا کسی ایک کے ساتھ زیادہ دیر تک گزارا ہی نہیں ہو سکتا ہے۔۔" مایا کی پارٹی میں آئی لڑکی طنز کر رہی تھی مایا کا چہرہ اہانت کے احساس سے سرخ ہوا تھا۔

اس کی مام توکب سے کہہ رہی تھی کہ میں عفت بیگم سے بات کرتی ہوں تمھارے اوٗر یرمان کے رشتے کے لئے لیکن یرمان کوئی پوزیٹو جواب دیتا تو پھر بات تھی مایا اب اسے مجبور تو نہیں کر سکتی تھی۔

"تم یہ کیسے کہہ سکتی ہو دیکھ نہیں رہی تھی یرمان کتنا قریب تھا مایا کے۔۔۔"مایا کی دوستیں اس وقت مایا کی حمایت میں بول رہی تھی۔

"رئیلی مُجھے تو لگا وہ تھا مایا کے ساتھ لیکن خیالوں میں کوئی اوٗر تھا سوچ کسی اور کو رہا تھا آج بہت کھویا کھویا سا لگا وہ ہمیں۔۔۔"وہ اپنی بات پہ قائم تھی اوٗر مایا مذید وہاں رک نہیں سکی تھی اسے اتنی شرمندگی ہو رہی تھی وہ نکل گئی تھی کلب سے ہاں اس نے یرمان ملک کو کہہ دیا تھا اس کو گفٹ کی ضرورت نہیں ہے لیکن انتظار تو وہ یرمان کے گفٹس کا ہی کر رہی تھی۔

مایا کے جاتے باقی لوگ بھی وہاں سے نکل گئے تھے اب وہ وہاں کیا کرتے جب مایا ہی نہیں تھی لیکن آج جو مایا کے ساتھ ہوا اُسے دیکھ کر بہت سے لوگوں کو بہت اچھا لگا تھا۔

•••••

ضامن ناشتے کے ٹیبل پہ بیٹھا عائلہ کے انتظار میں تھا وہ کچن میں آج پراٹھا بنا رہی تھی ضامن کے لئے وہ انکار کر رہا تھا ایک تو صبح صبح ٹائم کم ہوتا تھا تو وہ سمپل ناشتہ ہی کر لیتا تھا ہاں سنڈے والے دن وہ عائلہ سے فرمائش کر کے پراٹھا بنواتا تھا عائلہ کے ہاتھ میں ذائقہ تھا وہ بہت مزے کے کھانے بناتی تھی۔

ضامن اس پہ زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا تھا لیکن عائلہ کو خود ہی شوق تھا کہ وہ ہر نئی نئی ڈشز ٹرائے کرے اور ضامن پہ ٹیسٹنگ کرے۔

"عالی میں نے کیا کہا تھا؟" عائلہ ناشتہ لے کر ٹیبل کی طرف آئی تو ضامن اسے گھورتے بولا تو وہ ہنسی تھی۔

"افففف بھیا میرا دل کر رہا تھا آج آپ کے لئے کچھ سپیشل بناؤں بتائیں کیسا بنا ہے پراٹھا۔۔؟" وہ چیئر گھسیٹتے بیٹھ گئی تھی ضامن نے پہلا نوالہ لیا تو ایک خوشگوار ذائقے نے پورے وجود کو سرور بخشا تھا۔

"بچے صبح صبح یہ ٹیسٹنگ کرنے کی کیا ضرورت تھی یونی کے لیے لیٹ ہو رہے ہیں ہم لوگ۔۔۔" عائلہ جو ضامن سے تعریف کے دو بول سننا چاہا رہی تھی اس کے لبوں سے لیٹ ہونے کا سن کر اس نے منہ بنایا تھا اس نے سپیشل ویجٹیبل پراٹھا بنایا تھا اس نے رات کو ہی یوٹیوب سے ریسیپی دیکھی تھی صبح اتنی ایکسائٹیڈ تھی کہ وہ سنڈے کا انتظار ہی نہیں کر سکی اس نے صبح صبح ہی بنانا شروع کر دیا۔

"بھیا آپ کو پسند نہیں آیا۔۔۔؟"اس کی آنکھوں سے موٹے موٹے آنسو رواں ہوئے تو ضامن پریشان ہوا عائلہ بہت سیسنٹیو نیچر کی تھی بہت جلدی چیزوں کو لیکر پریشان ہو جاتی تھی۔

"عائلہ بچے یہ بہت اچّھا بنا ہے آپ بناؤ اور وہ چیز مزے کی نہ بنے یہ کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔"ضامن اپنے چیئر سے اٹھتے عائلہ کے پاس آیا اس کو اپنے سینے سے لگا تو وہ نم آنکھوں سے مسکرائی۔

"تھینکو یو بھیا۔۔۔"وہ ضامن کی تعریف سنتے ہی خوش ہوتے بولی اور ضامن نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا عائلہ بہن سے زیادہ بیٹی تھی اس کی۔

"اب تیار ہو جاؤ یونی کے لئے ہم لیٹ ہو رہے ہیں۔۔۔!"وہ وقت کا احساس دلا رہا تھا جس کو سنتے عائلہ اپنے روم میں چلی گئی و آپس آئی تو یونی کے لیے تیار اپنا سکارف ٹھیک کر رہی تھی ضامن بھی پہلے سے تیار کھڑا تھا باہر نکلتے

گھر کو تالا لگایا اور گاڑی سٹارٹ کی ویسے تو ضامن کو بائیک پہ سفر کرنا بہت پسند تھا لیکِن جب عائلہ ساتھ ہوتی تو وہ گاڑی یوز کرتا تھا۔

"بھیا فزا کتنی ذہین اور قابلِ سٹوڈنٹ ہے ناں۔۔۔؟" وہ گاڑی سٹارٹ کرتے روڈ پہ ڈال چکا تو عائلہ کو اچانک سے فزا کا خیال آیا تھا۔

"ہمم کافی انٹلیجنٹ ہیں وہ۔۔۔!؛" ضامن نے عائلہ کی بات سے اتفاق کیا جبکہ ابرش کو سوچتے اس کے تنے اعصاب مزید تن گئے تھے۔

"مُجھے تو لگتا ہے کہ اُس ابرش نے چیٹنگ کر کے سی آر کے لیے ہونی ووٹنگ میں زیادہ ووٹ حاصل کیے ہوں گے امیر کے لئے سب کچھ پیسہ ہی ہوتا ہے اور آپ کو پتہ ہے جب آپ فزا سے نمبر لے رہے تھے تو ابرش ملک کی کیا حالت ہو رہی تھی شائد وہ برداشت نہیں کر سکتی کہ آپ اُس کے علاوہ کسی اور کو امپورٹنٹس دے رہے ہیں مُجھے تو وہ کمپلیکس کا شکار لگی جس کے لئے

اپنا آپ ہی سب کچھ ہو۔۔۔" عائلہ ابرش کو لیکر کچھ زیادہ ہی نیگیٹو سوچ رہی تھی۔

"چھوڑو گڑیا وہ جو مرضی کرے ہمیں کیا آپ بس ایسے لڑکیوں سے دور رہنا یہ لوگ کچھ بھی کر سکتے ہیں۔۔۔" وہ ابرش کے ٹاپک پہ بات تو نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن یہ ضروری تھا کہ وہ عائلہ کو پہلے ہی ابرش سے دور کر دیتا۔

"بھیا میں کہاں مُجھے تو وہ ایک آنکھ نہیں بھائی آپ جانتے ہیں میں دوست نہیں بناتی ہوں بچھڑتے ہیں تو بہت دکھ ہوتا ہے۔۔۔" وہ افسردہ ہوئی اس کی ایک بلی تھی جو بابا نے اس کو لا کر دی تھی لیکن وہ بیمار ہوئی اور مع گئی اُس وَقت عائلہ بہت روئی تھی کئی دن روتی رہی تھی۔

"ہمم گڈ۔۔۔" وہ یونی کی پارکنگ میں پہنچ گئے تھے جب عائلہ گاڑی سے نکل رہی تھی عین اُسی وقت ابرش کی گزری بھی پارکنگ ایریا میں انٹر ہوئی

تھی وہ دیکھ چکی تھی عائلہ کو ضامن کے ساتھ گاڑی سے نکلتے دیکھ کر آنکھوں میں حیرت ابھری تھی۔

اس لڑکی کا ضامن سر سے کیا تعلق...!؟

اس کے ذہن میں بے ساختہ اس سوال نے جنم لیا کل سے جتنا وہ ضامن عباس کو سوچ رہی تھی وہ چھوٹی چھوٹی چیزین بھی بہت زیادہ نوٹ کر رہی تھی ضامن نے خود عائلہ کو گاڑی سے نکالا تھا اب ابرش یہ منظر دیکھ کر سر تاپا جل رہی تھی لبوں کو ایک دوسرے میں سختی سے بھینچے وہ اس پل عائلہ کو اتنی سرد نظروں سے گھور رہی تھی جیسے ابھی کھا جائے گی نظروں سے ہی عائلہ کو۔

وہ گاڑی کا دروازہ زور سے بند کرتے عائلہ کے پیچھے ہی چلی آئی جو کلاس میں داخل ہو رہی تھی پہلی کلاس ہی فزکس کی تھی اور ضامن کی تھی۔

ابرش جس نے کبھی کسی کی دھمکیوں کو سیریس نہیں لیا تھا ہمیشہ اپنی کی آج وہ ضامن کی کلاس میں جلدی آنے کے لیے وقت پہنچ گئی تھی۔

کیا وہ ضامن سر کے سامنے نمبر بنانا چاہتی تھی۔۔؟

وہ کلاس میں آئی تو عائلہ فزا کے ساتھ بیٹھتے اس سے باتیں کر رہی تھی۔

ابرش عائشہ کی طرف چلی آئی جو عائلہ کے ساتھ ہی بیٹھی تھی ابرش کو اس وقت کلاس میں دیکھ کر تقریباً پوری کلاس ہی حیران تھی کب آئی تھی وہ ٹائم پہ ہمیشہ ہی تو لیٹ آتی تھی۔

"ابرش مُجھے تو یقین نہیں ہو رہا ہے؟" عائشہ کے لہجے میں حیرتِ نمایاں تھی ایک پل کے لیے عائلہ کی نظریں بھی اٹھی تھیں ابرش کی طرف جو آج

وائٹ جینز پہ وائٹ ہی ٹاپ میں ملبوس تھی جو کافی شارٹ تھا لیکِن آج اس نے ساتھ ریڈ کلر کا کوٹ پہن رکھا تھا آج سردی تھوڑی زیادہ تھی۔

"کیا مطلب ہے تمھارا میں ٹائم پہ نہیں آسکتی۔۔۔؟" وہ برا مناگئی تھی عائشہ کی بات کا۔

"ارے نہیں نہیں آج بس تھوڑا معمول سے زیادہ جلدی آگئی ہو ناں اس لیے حیرت ہو رہی ہے ویسے تم تو سر ضامن کی کلاس کو کچھ زیادہ ہی سیریس لے چکی ہو ابرش۔۔۔!؛" عائشہ اس کے یوں اچانک سوَال پہ بری طرح سے ڈسٹرب ہوئی لیکن پھر بات کو سنبھال لیا تھا۔

"میں پہلے کیا غیر سیریس سٹوڈنٹ ہوں عائشہ ہاں آج آنکھ جلدی کھل گئی تھی رات گھر پہ ہی رہی اور پھر صبح ڈیڈ کے ساتھ بریک فاسٹ کیا اُنہیں

کہیں جانا تھا تو میں بھی جلدی آ گئی۔۔۔"وہ اپنا سیل فون نکالتے اس میں بیزی ہو گئی۔

"عائلہ آپ کے پاس وہ نوٹس ہیں جو کل سر نے دیئے تھے ہمیں؟"فزا نے عائلہ سے پوچھا۔

"تم تو ایسے پریشان ہو رہی ہو فزا جیسے تم سی آر ہو اور آگر یہ کام نہیں کر سکی تو نجانے کیا ہو جائے گا ویسے کچھ زیادہ ہی سیریز لے رہی ہو تم اس کام کو۔۔۔ مس چشمش۔۔۔۔"عائشہ کا لہجہ طنزیہ تھا ابرش بھی مسکرائی تھی کیونکہ وہ کہہ تو بالکل ٹھیک ہی رہی تھی۔

"سر نے یہ ذمہداری مُجھے دی تھی اور میں آوروں کی طرح نہیں ہوں زمہ داری لے لی اپنے سر اوَر پھِر ایسے بھولا کہ جیسے کوئی کام کبھی تھا ہی

نہیں۔۔۔!؛"فزا عائشہ کے سوَال پہ پہلے تو پریشان ہوئی لیکن پھر اس نے بھی طنزیہ لہجہ ہی اپنایا تھا۔

"کیا مطلب ہے تمھارا مس چشمش۔۔۔!؛"ابرش تو بلبلا گئی تھی حالانکہ فزا نے کونساڈائیریکٹ اس کا نام لیا تھا پر جا کے دل میں چور ہو اُسے پھر خوَد ہی احساس ہو جاتا ہے۔

"میں نے آپ سے تو بات نہیں کی۔۔۔!؛"وہ ابرش کے منہ ہی نہیں لگنا چاہتی تھی ایسی لڑکیوں سے وہ بات ہی کیوں کرتے جو اس کے نزدیک تو کافی بگڑی ہوئی ہوتی ہیں۔

"رئیلی تمھارا سٹینڈرڈ بھی نہیں ہے ابرش ملک سے بات کرتے کا اوَر آئیند اپنی زبان سنبھال کر بات کرنا ورنہ جو ہو گا اس کی زمہ دار تم خود ہو گی۔۔۔"وہ غرائی تھی یہ دو ٹکے کی لڑکی اس کو باتیں سنائے اوَر وہ چپ

چاپ برداشت کرے یہ کہاں ممکن تھا بھلا اس لڑکی سے تو کل سے ابرش کچھ زیادہ ہی نالاں تھی نجانے وجہ ضامن تھا یا کچھ۔

"یہ کیا ہو رہا ہے کلاس میں۔۔۔؟" ضامن عباس کی سرد اور غصے سے بھرپور آواز سن کر سب لوگوں نے پلٹ کر پیچھے دیکھا جو پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے ان سب کو گھور رہا تھا یقیناً وہ ابرش کی باتیں سن چکا تھا۔

"سر وہ۔۔۔" فزا نا چاہتے بھی صفائی دینے لگی نجانے کیوں اس کو لگا اس کو ابرش ملک کو جواب ہی نہیں دینا چاہیے تھا نجانے سر کیا سوچ رہے ہونگے اس کے بارے میں وہ۔۔۔

"چپ ہو جائیں مس فزا آپ بتائیں مس ملک!؛ کیا یہاں آپ اپنی آمارات کا شو آف کرنے آتی ہیں۔۔؟" وہ ابرش سے مخاطب تھا ابرش اس کے یوں سوال پہ شرمندگی سے سرخ ہوئی تھی۔

"اس میں غلط کیا ہے پروفیسر اوَر ایک بات بتائیں آپ نے مجھ سے دشمنی پال لی ہے کیا؟ جو کل سے مسلسل مجھ پہ ہی چوٹ کیے جا رہے ہیں؟" وہ ضامن کے مدمقابل آئی تھی کہاں سیکھا تھا اس نے کہ کوئی اس کو یوں انسلٹ کرے اور وہ خاموش رہے۔۔ پوری کلاس آنکھیں پھاڑے ضامن اور ابرش ملک کو دیکھ رہی تھی عائلہ نے بے ساختہ اپنے بھائی کو دیکھا وہ غصے کا کتنا تیز تھا یہ وہ اچھے سے جانتی تھی۔

"مس ملک آپ زرا اپنی حرکتیں دیکھ لیں!؛ پھِر بات کیجے گا آپ!؛ اور ایک بات اوَر آج کے بعد کلاس کے سامنے یوں شو کرنے کی ضرورت نہیں ہے کلاس میں سارے سٹوڈنٹس ایکول ہیں کوئی امیر کوئی غریب نہیں ہے اور یہاں تک بات ہے سٹینڈرڈ کی تو یہ باتیں کلاس سے باہر ہی رہنی چاہیے اٹس

لاسٹ وارننگ۔۔ مس ملک۔۔"ایک تو ضامن بات بات پہ مس ملک بولے جارہا تھا کہاں سے دیکھا اس نے ابرش کا یہ نام۔

"آپ صاف صاف مجھے کل کی طرح کلاس سے نکل جانے کا کیوں کہہ نہیں دیتیں ہیں بول دیں میرا وجود آپ کو اپنی کلاس میں برداشت نہیں ہو رہا ہے۔۔۔!؛"وہ چیخی تھی اس پل غصہ بھی ضامن پہ حد سے زیادہ تھا اور اوپر سے ضامن کا یہ رویہ۔

"مس ملک میں نے ایسی نہیں کوئی بات نہیں ہے!؛ آگر آپ خوُد سے ایسا ویسا کچھ سوچ رہی ہیں تو یہ آپ کا دردِ سر ہے میرا نہیں کل آپ کو کلاس میں کیوں انٹر نہیں ہونے دیا ریزن آپ اچھے سے جانتی ہیں آج آپ ٹائم پہ آئی ہیں اوُر میری آپ سے کوئی پرسنل دشمنی نہیں ہے۔۔۔"وہ ابرش کو جواب دیتا ڈائس کی طرف چلا گیا تھا۔

"دُشمنی تو آپ نے پال لی ہے وہ بھی ایک ہی دن میں مجھ سے پروفیسر تو یہ کہنے کی ضرورت نہیں تھی کہ میری آپ سے دشمنی نہیں ہے۔۔۔!؛" وہ ضامن کے پیچھے چلتے ہی ڈائس کے قریب آگئی وہ جو رجسٹر نکال رہا تھا اس کو قریب دیکھتے ٹھٹکا اس کے وجودِ سے اٹھتے لیڈیز کولون کی مہک ضامن کو اپنے انتہائی قریب محسوس ہوئی یہ لڑکی کیوں خوُد کو مشکل میں ڈال رہی تھی

۔

"رئیلی مس ملک؟" پوری کلاس کی توجہ ان دونوں پہ تھی ضامن نے ایک نظر اپنی بہن کو دیکھا جو ان دونوں کو ہی دیکھ رہی تھی راستے میں عائلہ کی کی گئی باتیں یاد آئی تھیں۔

"گوٹو یور سیٹ مس ملک۔۔۔" وہ سنجیدگی سے بولا تو ابرش نے ایک کٹیلی نگاہ ضامن کے خوبرو چہرے پہ ڈالی وہ خوبصورت تھا ابرش کے دل نے بیٹ

مس کی وہ اس وقت بلیک جینز پہ وائٹ شرٹ کے ساتھ بلیک سویٹر پہنے خاصا ہینڈسم لگ رہا تھا ابرش نظریں نہیں ہٹا سکی تھی بے ساختہ اسے دیکھتی رہی جب ضامن نے سر اوپر اٹھایا اُسے خود کو تکتا پا کر اس نے ڈائس پہ پن مارا اوٗر ابرش ہڑبڑاتے ہوش میں آئی اور واپس آئی چیئر پہ آ کر بیٹھی تھی۔

دل کی بے اختیاری پہ اس نے خوٗد کو کئی ساری سلوتوں سے نوازہ ضامن سر کیا سوچ رہے ہونگے اس کے بارے میں۔۔۔۔!؛

"آر یو اوکے ابرش؟" عائشہ نے اس قدر دھیمی آواز میں پوچھا کہ ابرش بمشکل سن سکی لیکن ضامن نے پھر بھی آواز محسوس کر رہی تھی.

"کلاس میں نے کل کچھ کہا تھا۔۔؟" وہ پروجیکٹر کے سامنے آیا تا کہ لکچر شروع کر سکے۔

"کس کی آواز آئی ہے۔۔۔ تھوڑی دیر پہلے ؟" وہ دیکھ تو چکا ہی تھا عائشہ اوئر ابرش کو لیکن اس بار وہ ان دونوں کو پوائیٹ آؤٹ کرتا تو ابرش پھر کہتی کہ سر آپ مجھ سے دشمنی پال چلے ہیں وہ بھی صرف اور صرف ایک ہی دن میں۔

"آئیندہ کسی کی آواز آئی تو انجام کا زمہ دار وہ خود ہو گا جب ٹیچر کلاس میں موجود ہے تو سٹوڈنٹس کو اپنے منہ بند رکھنے چاہیے۔۔۔" وہ لیکچر شروع کر چکا تھا تقریباً آدھا گھنٹہ اس نے ایک ٹاپک کو دیتے اس کو کور کیا تھا کل فرسٹ ڈے تھا آج اس کا ارادہ اس ٹاپک کو کمپلیٹ کرنے کا تھا۔

ساری کلاس میں خاموشی چھائی ہوئی تھی بس ضامن کے بولنے کی آواز آ رہی تھی لیکچر ختم کرتے وہ واپس ڈائس کی طرف آیا۔

"کون ایکسپلین کرے گا اس ٹاپک کو اپنی ورڈنگ میں۔۔۔ سارا تو میں نے کور کر دیا ہے لیکن مُجھے یہ دیکھنا ہے کہ آپ لوگوں کو اس کی کہاں تک سمجھ آئی ہے کون بتائے گا۔۔۔!" وہ کسی مخصوص سٹوڈنٹ کو نہیں اٹھا رہا تھا۔

"سر میں ایکسپلین کروں؟" ہمیشہ ہی تو فزا یہ کام کرتی تھی کوئی بھی ٹیچر لیکچر دے کر بعد میں کوئی سوال پوچھتا تو جواب فزا ہی دیتی تھی وہ چیزوں کو کافی جلدی پک کرتی تھی لیکچر سنتے ہی وہ کافی ساری چیزوں کو یاد کر لیتی تھی۔

"نو مس فزا آپ نہیں!؛ کوئی اور۔۔۔؟" وہ اس کو اشارے سے بیٹھنے کا کہتے کلاس کی طرف دیکھ رہا تھا اور ساری لڑکیاں یوں بیٹھی تھیں جیسے وہ کلاس میں ہوں ہی نہ۔

"مس ملک میں یو پلیز ایکسپلین اٹ۔۔۔؟!" وہ نیچے سٹوڈنٹس کی طرف چلا آیا اور کھڑا ابھی عین ابرش کی چیئر کے ساتھ تھا کہ اس کا ایک ہاتھ ابرش کی چیئر کے بیک پہ تھا۔

ابرش اس کی موجودگی وہ بھی آپنے اتنے قریب دیکھ کر ناچاہتے بھی پزل ہو رہی تھی پہلی بار اس کی حالت اتنی عیجب ہو رہی تھی کیوں وہ سوچے جا رہی تھی ضامن عباس کے بارے میں۔

"سر وہ میں۔۔۔" وہ اچانک سے کھڑی ہوئی اور لڑکھڑائی اس سے پہلے کہ گرتی اس نے بے اختیار چیئر پہ ہاتھ رکھا یہاں ضامن کا ہاتھ تھا دونوں کے ہاتھ ایک دوسرے کے ہاتھوں سے مس ہوئے پوری کلاس کا دھیان ان دونوں کی طرف نہیں تھا وہ لکچر کے سوال پوچھ رہا تھا آگر وہ لوگ پھنس جاتے تو اس وقتِ تو مس ملک ضامن کی نظروں کے سامنے تھی۔

"کیا مس ملک آپ کو لکچر کی سمجھ نہیں آیا آپ کو اتنے آچھے سے تو میں لکچر دیا۔۔۔"دونوں کے ہاتھ ابھی تک ایک دوسرے کے ہاتھوں کے اوپر تھے۔

ضامن کو اس بات سے فرق نہیں پڑ رہا تھا شاید اس کا دھیان ہی نہیں تھا لیکِن ابرش کب سے اس کے بھاری کو دیکھ رہی تھی عجیب سے جذبات اس کے دل میں پروان چڑھانے لگے جن سے وہ خود بھی انجان تھی۔

"سر وہ مجھے نہیں آتا۔۔۔"جب تک ابرش اس کو جواب نہیں دیتی وہ جانتی تھی کہ وہ اس کے سر پہ ہی کھڑا رہے گا اس لیے وہ جان چھڑوانے لگی تا کہ وہ اس کی چیئر سے تو ہٹ جائے۔

"کیوں نہیں آتا جب میں ایک ایک پیراگراف سمجھا رہا تھا تب تو سب نے کہا کہ ہمیں بہت اچھے سے سمجھ آ رہا ہے اور آپ لوگ مُجھے جواب دینے

کے بجائے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمیں تو سمجھ ہی نہیں آ رہا ہے واؤ۔۔۔" وہ پوری کلاس کی بیزتی کر رہا تھا.

"سر مجھے آتا ہے۔۔۔!؛" عائلہ کھڑی ہوئی فزا تو خاموش تھی اور عائلہ اپنے بھائی کے غصے سے خائف ہوئی جو اس وقت اس کا پروفیسر تھا اور کلاس میں تو ابھی تک کسی کو اس کے اور ضامن کے رشتے کے متعلق معلوم نہیں تھا۔

"بتائیں آپ۔۔۔!؛" وہ ابرش کے چیئر کے پاس سے ہٹنے لگا تو نظریں اس کے ہاتھ پہ گئی تھیں جس کو وہ غور سے دیکھ رہی تھی ضامن نے یکدم سے آپنا ہاتھ کھینچا تھا ابرش نے گھبراتے اوپر دیکھا جہاں ضامن کی آنکھوں میں کچھ ایسا تھا کہ وہ پل بھر کے لیے سہم سی گئی وہ چلتے عائلہ کے قریب آیا جو اہم پوائنٹس بتا رہی تھی اور کافی اچھے سے ایکسپلین بھی کر رہی تھی چیزوں کو۔

"مس ملک کل آپ سے سب سے پہلے میں نے لکچر سننا ہے آئی ہوپ آپ اچھے سے تیار کریں گی اور سٹڈی کے دروان آپ لوگ ایکٹونس شو کیا کریں سب مجھے سب کی پارٹیسیپیشن چاہیے کلاس میں۔۔۔"وہ طیش میں تو آیا تھا حد سے زیادہ تقریباً آدھا گھنٹہ لکچر دیا اور سٹوڈنٹس کے سر پر سے گزر گیا۔

"سر مجھے اگر آپ سے ٹیوشن لینی ہو؟"یہ آواز ابرش ملک کی تھی ضامن نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا تھا اب یہ اس لڑکی کی کوئی پلاننگ۔

"نو میں ٹیوشن نہیں دیتا۔۔۔"کاغذ سمیٹتے وہ کلاس سے نکلتا کہ اسے اچانک سے نوٹس کے بارے میں پوچھنا یاد آیا تھا فزا سے تو وہ روکا۔

"کلاس نوٹس سب نے پرنٹ کروا لیے ہیں؟"وہ فزا کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"نو سر۔۔۔!؛"جواب عائشہ نے دیا تھا وہ تو فزا کی بیزتی کروانا چاہا رہی تھی کیونکہ فزا کے نمبر زوہ ضامن کے سامنے کم کرنا چاہا رہی تھی.

"کیوں۔۔؟"وہ بے ساختہ پوچھنے لگا جبکہ فزا نے حیرت سے عائشہ کو دیکھا وہ جو کرنا چاہا رہی تھی فزا سمجھ رہی تھی۔

"سر ہمیں نوٹس۔۔۔۔"

"مس عائشہ سب کو کل مل گئے تھے آپ کی نا اہلی ہے کہ آپ پرنٹ نہیں کروا سکی ہیں جنہوں نے کروا لیے ہیں ویری گڈ جن کے رہتے ہیں وہ اب خود سے کروائیں گے مس فزا مُجھے نوٹس واپس کر دیں آپ۔۔۔"وہ فزا سے بولا تو اس نے جو نوٹس صبح سے سنبھال کر رکھے تھے وہ اس کو واپس کر دیئے تھے وہ مذید رکنے کے بجائے کلاس سے نکل گیا تھا عائشہ نے فزا کو گھورا جب کہ ابرش خاموش تھی۔

•••••

ابرش کی اب برداشت جواب دے رہی تھی ضامن کو اٹیٹیوڈ اس کے پورے وجود کو جلا چکا تھا اس کو ضامن کا اٹیٹیوڈ ہی ختم کرنا تھا وہ کلاس سے نکل آئی تھی جانتی تھی کہ وہ کیسے ضامن کو لیٹ ڈوان کر سکتی ہے اس نے ڈیڈ کو کال ملائی جو کہ آپنے آفس میں موجود تھے ابرش کی کال آئی تو وہ مسکرائے تھے انہوں نے مسکراتے کال اٹھائی تھی۔

"ابرش میری جان آپ ٹھیک ہیں۔۔" وہ اس وقت کال نہیں کرتی تھی اس کی کال دیکھ کر وہ پہلے تو حیران ہوئے لیکن پریشان کہ کہیں کوئی پریشانی والی بات ہی نہ ہو۔

"ڈیڈ مُجھے آپ سے ایک چھوٹا سا کام ہے۔۔۔" ڈیڈ کے لیے یہ معمولی سا کام ہی تھا وہ منٹوں میں کر دیتے پرنسپل سے بات کر کے.

"یس مائی پرنسیز کونسا ہے۔۔؟" وہ اس کے چھوٹے سے کام کو سن کر مطمئن ہوئے کہ زیادہ بڑا بڑی بات نہیں ہے یہ وہ سنبھال لیں گے۔

"ڈیڈ مُجھے ایک پروفیسر سے ٹیوشن لینی ہے وہ بھی گھر پہ آپ یہاں آئیں اور بات کریں انکل سے کہ وہ پروفیسر سے بولیں ٹیوشن کے لئے۔۔!" وہ عائشہ کے ساتھ نہیں تھی اکیلی تھی تاکہ سکون سے بات کر سکے۔

"کونسا پروفیسر؟ بیٹا میں آپ کے لیے اس شہر کا سب سے ہونہار ٹیوٹر ارینج کروں گا پھر یہ پروفیسر کون ہے جس کی آپ بات کر رہی ہو۔۔۔؟" وہ پیشانی مسلتے بولے پہلی بار ابرش نے اس طرح کی کوئی بات کی تھی وہ بھی ایک پروفیسر کے حوالے سے۔

"ڈیڈ مجھے اسی پروفیسر سے ٹیوشن پڑھنی ہے ڈیڈ اینڈ نو مورارگیو آپ ابھی آئیں۔۔۔" وہ بضد تھی ابرش کی ضد سے قیوم ملک واقف تھے وہ ایک بات

کے پیچھے پڑ جاتی تو پھر جب تک اس کو پورا نہیں کرتی اس کو سکون نہیں ملتا تھا وہ اپنے پی اے سے بات کرنے لگے تا کہ شیڈول میں سے ٹائم نکال کر وہ یورنیورسٹی جا سکیں اب ابرش نے کہہ دیا تھا تو ان کو بات تو کرنی ہی تھی۔

"ڈیڈ آپ آرہے ہیں ناں۔۔۔؟" وہ ان سے کنفرم کر رہی تھی یعنی اس کو ڈیڈ بس یہاں موجود چاہیے تھے۔

"جی میری جان آرہا ہوں میں۔۔۔" وہ تیزی سے آفس سے نکلے تھے اُنہیں یونی جانا ہی تھا بیٹی کی خوشی کے لئے وہ تیز ڈرائیو کرتے یونی پہنچے تھے یونی کے تمام لوگ ان سے واقف تھے وہ کچھ ہی دیر میں یونی میں انٹر ہو رہے تھے۔

تیز تیز چل رہے تھے کہ ان کی پوکیٹ میں موجود ان کا والٹ گر گیا تھا جو ان کے لیے تو بہت قیمتی تھا عائلہ جو کہ وہیں گزر رہی تھی اس کی نظر والٹ

پہ پڑ گئی تھی اوُر آگے گزرتے آدمی پہ بھی وہ اُنہیں آواز دینا چاہتی ہے لیکِن دے نہیں سکی تھی وہ تیزی سے آگے بڑھ گئے تھے۔

عائلہ کچھ دیر تو سوچتی رہی کہ وہ ان کے پیچھے جائے یا نہیں لیکن وہ ایسے ان کے والٹ کو اپنے پاس نہیں رکھ سکتی تھی نجانے کون تھے وہ ان کے پیچھے چلی آئی۔۔

جھجک تو ہو رہی تھی کہ سٹاف رومز کی طرف اور افسز کی طرف وہ کم ہی گئی تھی ابھی تو یونی میں دوسرا دن تھا ایسے کیسے چلی جاتی فزا کو گھر سے کال آگئی تھی تو وہ سننے کے لیے دوسری طرف چلی گئی تھی اب عائلہ اکیلی تھی اوُر اب وہ اسی شش و پنج میں پڑی آگے بڑھ گئی تھی۔

•••••

قیوم ملک اس وقت پرنسپل صاحب کے سامنے بیٹھے تھے جو ان کی اچانک سے آمد پہ حیران و پریشاں سے تھے اور سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ آخر ایسی ایمرجنسی آن پڑی تھی۔

"سب خیریت ہے ناں۔۔۔؟!" وہ قیوم ملک کی خاصی خوشامد کر رہے تھے کیونکہ ان کی طرف سے بھاری رقم ملتی تھی اور اگر وہ ان سے بیگاڑ دیتے تو ان کو نقصان ہوتا۔

"ابرش کی کال آئی تھی مجھے۔۔۔!؛" وہ کیسے بات کرتے نجانے کیا سمجھ لیتے سامنے والے اور پرنسپل صاحب ان کی شکل دیکھ رہے تھے۔

"کیوں بچی کو کوئی مسلئہ تو نہیں ہو گیا ہے کیا؟ وہ میرے پاس آجاتی آپ کو کیوں پریشان کیا ابرش نے کیا ہوا ہے!" ابرش کی فون کال کا سن کر وہ کافی اپ سٹ ہو گئے کہ اگر ابرش کو کوئی مسلئہ تھا تو وہ ان کو بتاتی ایسے اپنے ڈیڈ

کو کال کرنے کی کیا ضرورت تھی بھلا وہ سب کچھ چھوڑ کر ایسے چلے آئے یہاں اب اصل وجہ بھی ان کو معلوم کرنی تھی۔

"وہ کسی نیو پروفیسر سے ٹیوشن پڑھنے کی بات۔۔۔"وہ اس سے پہلے کہ مذید کوئی بات کرتے دروازے پہ دستک ہوئی تھی اور آیسے ڈسٹرب کیے جانے پہ پرنسپل صاحب کے تیور بگڑے تھے۔

"کون ہے۔۔۔؟"وہ غصے سے بولے تھے جس کی وجہ سے باہر کھڑا ملازم گھبرا گیا تھا۔

"سر یہ بچی کوئی بات کرنا چاہتی ہے۔۔۔!؛"وہ ڈرتے ڈرتے بولا تو عائلہ بھی گھبرائی سی آندر آئی تھی چہرے پہ پسینہ آیا تھا پرنسپل صاحب کی سرد آواز سے وہ اچھی خاصی سہم گئی تھی۔

"کیابات کرنی ہے آپ کو بیٹا؟" پرنسپل صاحب کوئی سخت جملہ کہتے کہ اس سے پہلے ہی قیوم ملک عائلہ سے بولے ان کے لہجے میں نرمی تھی وہ کچھ ریلکس ہوئی اور پرنسپل صاحب خاموش ہوئے تھے۔

"وہ یہ آپ کا والٹ گر گیا راستے میں۔۔۔ آتے ہوئے۔۔۔ یہ دُینا ہے آپ کو!!" وہ والٹ ٹیبل پہ رکھ چکی تھی قیوم ملک نے حیرانگی سے اس عبایہ میں ملبوس لڑکی کو دیکھا تھا جو شکل سے ان کو کافی معصوم لگی تھی کوئی اور لڑکی ہوتی تو آسانی سے ان کا والٹ چھپا سکتی تھی جس میں اچھی خاصی رقم تھی جو کسی کے کافی کام آسکتی تھی۔

"یہ والٹ۔۔۔!" پرنسپل صاحب بھی حیران ہوئے اس بچی کو یہاں آئے محض دو دن ہوئے تھے لیکن اپنی ایمان داری سے وہ خاصے متاثر ہوئے تھے۔

"آپ کو یہ واپس کرنے کا خیال کیوں آیا؟" قیوم ملک پوچھے بغیر نہیں رہ سکے تھے وہ جاننا چاہتے تھے کہ آخر یہ لڑکی جواب کیا دیتی ہے ان کو۔

"کیونکہ یہ میرے پاس امانت کے طور پہ آیا تھا واپس نہیں کرتی تو یہ خیانت ہوتی ویسے بھی میں چوری کیوں کرتی۔۔۔" وہ بااعتماد طریقے سے جواب دے رہی تھی قیوم ملک متاثر ہوئے تھے اس لڑکی سے اس کے پہناوے اور رکھ رکھاؤ سے بھی وہ ان کو کسی اچھے گھر سے معلوم ہو رہی تھی۔

"گڈ جاؤ آپ۔۔۔" پرنسپل صاحب نے اس کو منظر سے ہٹانا چاہا تھا لیکِن قیوم ملک اپنی چیئر سے اٹھے تھے والٹ سے پانچ پانچ ہزار کے ایک ساتھ کئیں سارے نوٹ نکالے تھے اور اسے دینے چاہے۔۔

"نہیں سر مجھے ضرورت نہیں ہے۔۔۔!؛" وہ کیسے لے سکتی تھی ان پیسوں کو اس کو نہ تو ضرورت تھی اور بفرض اسے ضرورت ہوتی تو بھی وہ ایسے کسی سے پیسے نہیں لیتی۔

"ضرورت کے تحت نہیں دے رہا ہوں بیٹا آپ کو انعام دینا چاہتا ہوں آور انعام تو ہر انسان کا حق ہوتا ہے یہ آپ کو میں اپنی مرضی سے دے رہا ہوں آپ کو رکھنے چاہیے مجھے آپ کی ایمانداری نے متاثر کیا ہے بیٹا ایسے لوگ آج کل بہت کم پائے جاتے ہیں۔۔۔" وہ اس کے سر پہ رکھتے مسکرائے تھے اور عائلہ ان کے لہجے میں چھپی محبت محسوس کر رہی تھی۔

"آپ کا بہت بہت شکریہ سر لیکن میں نہیں لے سکتی ہوں آپ کسی غریب کو دے دیجیے گا جس کو ان پیسوں کی واقعی ضرورت ہو۔۔۔" وہ سنجیدگی

سے بولتے باہر نکل گئی تھی اوَر قیوم ملک کی نظروں نے دور تک اس لڑکی کا پیچھا کیا تھا۔

"قیوم صآحب چھوڑیں اس لڑکی کو اور بتائیں کیا بات کرنی ہے ابرش کے حوالے سے؟" پرنسپل صاحب مسلسل قیوم ملک کا باہر دیکھتے پا کر بولے تو وہ سیدھے ہوئے اور ان کو بیٹھنے کا کہا تھا۔

"ابرش کسی نیو پروفیسر کی بات کر رہی تھی کون ہے وہ ابرش ٹیوشن پڑھنا چاہتی ہے اُس پروفیسر کے پاس بلائیں پروفیسر کو۔۔۔" وہ عائلہ کے بارے میں ہی سوچے جا رہے تھے لیکن اب ابرش کا مسلہ بھی وہ ایسے نہیں جانے دے سکتے تھے۔

"وہ توضا من عباس ہے فزکس کا نیو پروفیسر لیکن وہ ٹیوشن نہیں دیتا ہے ابرش بیٹی کو کیا ضرورت پڑ گئی ہے ٹیوشن کی۔۔۔" کل ہی تو ابرش کی وجہ

سے پرنسپل کی بحث ہوئی تھی ضامن سے اور ضامن جس طرح دوٹوک لہجے میں واضح کر گیا تھا اس کے بعد تو وہ ضامن کو کبھی بھی قیوم ملک سے نہیں ملواتے۔۔۔۔۔۔

"تو بلائیں اسے کتنے پیسے لے گا وہ ٹیوشن کے لیے بس ایک گھنٹہ پڑھائے گا وہ ابرش کو اور بھی زیادہ دن تک نہیں جانتے ہو ناں ابرش زیادہ دیر تک کسی بات کے پیچھے نہیں بھاگتی ہے بس کچھ دنوں کا جنون ہے وہ بھی جلدی ہی ختم ہو جائے گا۔۔۔"وہ گہرا سانس بھرتے اپنا سینہ مسل رہے تھے۔

"وہ ابھی تو کلاس میں ہو گا میں بات کرتا ہوں ضامن عباس سے وہ کیا کہتا ہے آپ کو انفارم کرتا ہوں پھر دیکھتے ہیں وہ کیا کہتا ہے۔۔۔!؛"وہ شاید قیوم ملک کو ٹالنا چاہا رہے تھے ضامن پہ وہ پریشر نہیں ڈال سکتے تھے وہ جاب چھوڑ دیتا تو ان کے لئے خاصا مشکل ہو جاتا ان کو فزکس کا ٹیچر بہت مشکل سے ملا

تھا اب قیوم ملک کی آفر کو وہ ایکسپٹ نہیں کرتا یہ وہ جانتے تھے ایسے میں نقصان ان کا ہوتا نہ تو وہ قیوم ملک کو ناراض کر سکتے تھے اور نہ ہی ضامن پہ پریشر ڈال سکتے تھے۔

"کمال ہے وہ کلاس میں ہے تو کیا یہاں نہیں آسکتا ہے بلائیں اُسے میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے۔۔۔" وہ تھورا سخت لہجہ اپنا گئے اتنا فالتو ٹائم نہیں تھا ان کے پاس کے وہ یہاں بیٹھ کر ضائع کرتے۔

اگر یہاں معاملہ ان کی بیٹی ابرش کا نہیں ہوتا تو وہ شاید آتے ہی نہیں ایمرجنسی میں۔۔

"ملک صاحب آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔۔۔" پرنسپل صاحب نے مرتے کیا نہ کرتے کے تحت ملازم کو ضامن کو اپنے آفس میں آنے کا کہا تھا اور خود وہ قیوم ملک سے چھوٹی موٹی باتیں کر رہے تھے آندر سے تو گھبرائے ہوئے

تھے ملازم تقریباً پانچ منٹس بعد واپس آیا تھا جس کے ساتھ ابرش تھی لیکن ضامن نہیں تھا وہ آیا ہی نہیں تھا شائد۔

"سر وہ پروفیسر صاحب لکچر دے رہے ہیں کہا ہے کہ لکچر ختم کرتے ہی آپ کے آفس آجائیں گے وہ۔۔۔!؛" ملازم نے سر جھکائے جواب دیا جب کہ ابرش تو ضامن عباس کے اٹیٹیوڈ پہ مذید برہم ہو گئی تھی یہ انسان خود کو کچھ زیادہ ہی توپ چیز سمجھ رہا تھا جو آنے کا نام ہی نہیں رہا تھا۔

"واٹ یہ پروفسیر کچھ زیادہ ہی ٹیڑا ہے۔۔" قیوم ملک بھی پروفیسر کے انکار پہ تلملا گئے تھے جبکہ پرنسپل صاحب کو کچھ تسلی ہوئی کہ ضامن کلاس کے بعد آیا تو تب تک شاید قیوم ملک چلے جائیں۔

"ڈیڈ مُجھے اسی پروفیسر کے پاس پڑھنا ہے اور آنکل آپ کی اتنی بھی گرپ نہیں ہے کہ آپ پروفیسر کو بلا سکیں۔۔۔؟" ابرش کے تیور بگڑے تھے اور

قیوم ملک کی رنگت میں سردیاں سی گھل گئی تھیں اس پل جیسے یہ پروفیسر ان کے غصے کو ہوا دے رہا تھا۔

"وہ کس قدر سخت نیچر کا ہے ابرش بیٹا آپ جانتی ہو آتا ہی ہو گا آپ بیٹھو۔۔۔!؛" یہ دونوں باپ بیٹی ہی ایک دوسرے پہ بھاری تھے کیا کہتے وہ ان لوگوں سے۔۔۔۔۔۔

"جی اچھے سے جانتی ہُوں میں آنکل پروفیسر کو جسے یہ ہی نہیں پتہ ہے کہ سٹوڈنٹس کو ڈیل کیسے کرنا ہے سی آر میں ہوں کلاس کی اوَر وہ اُس فزا کو ہر کام کہتا ہے جیسے سی آر میں نہیں وہ ہو۔۔۔" غصہ تو فزا پہ بھی تھا اور ضامن پہ بھی۔

"واٹ اُس پروفیسر نے کوئی بد تمیزی کی ہے بیٹا آپ سے! بتاؤ مجھے اُس کی یہ ہمت۔۔۔؟" وہ دھاڑے تھے اور پرنسپل صاحب منہ کھولے باپ بیٹی کو

دیکھ رہے تھے جو شائد یہ بھول چکے تھے کہ وہ لوگ کہاں بیٹھے ہیں اور کیا بات کر رہے ہیں۔

"نو ڈیڈ مُجھے بس اس پروفیسر سے ہی ٹیوشن لینی ہے آنکل بلائیں اسے۔۔۔"وہ تو یہ لحاظ بھی بھول چکی تھی کہ ضامن اس کا پروفیسر ہے شاید باپ کی آمد سے وہ کچھ زیادہ ہی شیرنی بن چکی تھی اور پرنسپل صاحب ان دونوں کے درمیان پسنے لگے تھے۔

"بلاتا ہوں بیٹا آپ بیٹھو۔۔۔"وہ پھر ملازم کو بھیجتے کہ قیوم ملک کا سیل فون بجا امپورٹنٹ کال تھی وہ نظر انداز نہیں کر سکے تھے اور کال اٹھائی آفس میں کوئی ایمرجنسی تھی اُنہیں ارجنٹ جانا تھا۔

"تم بات کرو اس پروفیسر سے وہ جتنے پیسے چاہے گا ہم دینے کے لیے تیار ہیں لیکن ابرش ٹیوشن اس کے پاس ہی پڑھے گی اور مزید میں انکار نہیں سنوں

گا مُجھے ضروری کام نہ آن پڑتا تو یہ سب کچھ میں کلئیر کر کے جاتا لیکن ابھی مُجھے جانا ہو گا۔۔۔"وہ آپنا کوٹ ٹھیک کرتے پرنسپل سے بول رہے تھے۔

"نو ڈیڈ آپ بات کیے بغیر کیسے جاسکتے ہیں؟"ابرش ان کے جانے پہ پریشان ہوتے ان کے قریب آئی تھی۔

"آپ کو بس اس پروفیسر کے پاس ٹیوشن پڑھنی ہے ناں آپ کا کام ہو جائے گا بیٹا آبھی میرا جانا بہت ضروری ہے میں سب ہینڈل کر لونگا ڈونٹ وری۔۔۔"ابرش کا ہاتھ تھامے اس سے پہلے کہ وہ لبوں کو لگاتے اس نے جھٹ سے ہاتھ پیچھے کر لیا تھا۔

"ڈیڈ آپ کو مجھ سے زیادہ کام کی فکر ہے جائیں آپ۔۔۔مجھے آپ کی ہیلپ لینی ہی نہیں چاہئے تھی۔۔۔میں خود ہی کر ہو نگی۔۔۔"وہ تو اچھی خاصی

ایمو شنل ہو گئ تھی قیوم ملک بیٹی کے آنداز پہ پریشان سے پرنسپل صاحب کو دیکھنے لگے۔

"بیٹا میں خود ضامن سے بات کرتا ہوں وہ آپ کو ٹیوشن پڑھائے گا ابھی اپنے ڈیڈ کو جانے دیں ان کو ضروری کام ہے اور آپ کا یہ چھوٹا سا کام ہو جائے گا ابھی تھوڑی دیر بعد ہی۔۔۔" وہ ابرش کو تسلی دے رہے تھے قیوم ملک بیٹی کو ناراض کر کے ہی نکل آئے تھے یونیورسٹی سے آور ابرش پرنسپل صاحب کے آفس میں ہی بیٹھی رہی۔۔ضامن تقریبا آدھے گھنٹے بعد آیا تھا پرنسپل صاحب کے آفس میں لیکن وہاں پہلے سے موجود ابرش ملک کو دیکھتے اس نے لب بھینچ لیے تھے یہ لڑکی جان بوجھ کر اس کے راستے میں آ رہی تھی۔

"ضامن صاحب بیٹھیے آپ سے بات کرنی ہے۔۔۔!؛" وہ ابرش کے سامنے بات کرنا تو نہیں چاہتے تھے لیکن ابرش کو جانے کا بھی نہیں کہہ سکتے تھے سو مجبوری میں اس کے سامنے ہی بات کرنے کا سوچا۔

"پروفیسر ضامن آپ سیکنڈ ٹائم ایک گھنٹہ ان کو ٹیوشن دے سکتے ہیں اصل میں ان کو کلاس میں سب کے سامنے ٹھیک سے سمجھ نہیں آتی کچھ بھی۔۔۔!؛" وہ ضامن کے تنے نقوش پہ نظریں گاڑے ہوئے تھے جب ضامن ان کے آفس میں انٹر ہوا اور ابرش کو دیکھ کر اس کے چہرے پہ آنے والی سختی پرنسپل صاحب کی نظروں سے مخفی نہیں رہی تھی.

"اکچولی میں ٹیوشن وغیرہ نہیں دیتا سیکنڈ ٹائم میرا شیڈول کافی بیزی ہوتا ہے تو میں بالکل بھی ٹائم نہیں نکال سکتا ہوں یہاں تک بات ہے کلاس میں سمجھ نہ آنے کی تو میرا خیال ہے ابھی شروعات ہے کافی سارے سٹوڈنٹس کو لکچر

سمجھ آجاتا ہے اور جن کو نہیں آتا وہ دوبارہ کہہ سکتے ہیں میں دوبارہ بھی لکچر دے سکتا ہوں لیکن آئی ایم سوری ٹیوشن میں دیتا ہی نہیں ہوں کسی کو۔۔۔"وہ صاف صاف انکار کر گیا ابرش کی یہاں موجودگی کی وجہ اب ضامن عباس اچھے سے سمجھ گیا تھا پہلے کلاس میں بھی تو ضامن نے صاف صاف انکار کیا تھا اور اب یہ لڑکی پرنسپل صاحب کے پاس پہنچ گئی۔

"سر آپ ایسے تیز تیز بولتے ہیں کہ سر لکچر سر پر سے گزر جاتا ہے ٹیوشن کیوں نہیں دے سکتے ہیں آپ کی ڈیمانڈ سے زیادہ فیس ملے گی آپ کو۔۔۔!؛"ابرش یہ بھی نہیں سوچ رہی تھی کہ وہ پرنسپل صاحب کے سامنے بیٹھی ہے اور ایسے ضامن کے لکچر سٹائل پہ نقطہ چینی کر کے وہ ضامن کی امیج خراب کر رہی ہے پرنسپل صاحب کے سامنے۔

"واٹ مطلب سٹوڈنٹس کو لکچر سمجھ ہی نہیں آتا ہے ضامن صاحب یہ تو پریشانی کی بات ہے آپ کو آپنا سٹائل تھوڑا سا بدلنا ہو گا۔۔۔" پرنسپل صاحب ابرش کی باتوں سے یہی اخذ کر سکے تھے۔

"میں بالکل ٹھیک طریقے سے لکچر دیتا ہوں آپ کلاس سے پوچھ سکتے ہیں جن لوگوں نے پڑھنا نہیں ہوتا ہے وہ ویسے ہی نہیں پڑھتے ہیں اوَر مس ملک ٹیوشن بھی تو آپ مجھ سے ہی لیں گی جب کلاس میں سمجھ نہیں آرہا ہے تو وہاں کیسے آئے گا آپ کو کوئی اوَر ٹیوٹر رکھنا چاہیے جس کا لکچر سٹائل آپ کی سمجھ میں آئے۔۔۔" ابرش کو وہ اس کی باتوں میں ہی پھنسا چکا تھا۔

"کلاس میں اتنے سارے سٹوڈنٹس ہوتے ہیں ٹیوشن میں تو آپ مجھ اکیلی کو پڑھائیں گے وہاں تو سمجھ آجائے گی بس آپ فیس بتائیں کتنی لیں

گے۔۔۔"ابرش جانتی تھی کہ ضامن یہ سب کیوں بول رہا ہے لیکِن اس کو بس اپنی ضد پوری کرنی تھی ہر حال میں۔

"فیس تو تب بتاؤں جب مُجھے آپ کو پڑھانا ہو میں کہہ چکا ہوں میں ٹیوشن نہیں دیتا ہوں مس ملک۔۔۔"وہ پرنسپل صاحب کی طرف دیکھ رہا تھا پرنسپل صاحب کب سے دیکھ رہے تھے ضامن بھلے جواب ابرش کی باتوں کا دے رہا تھا لیکِن اس نے ایک بار بھی ابرش کی طرف نہیں دیکھا جب کہ ابرش کی نظریں اسی پہ تھیں۔۔

"اگر آپ سیکنڈ ٹائم فری نہیں ہوتے ہیں تو آپ کی ایک کلاس فری ہوتی ہے اس میں دیجیے گا آپ ابرش کو ٹیوشن۔۔۔؟"پرنسپل نے درمیانی راہ نکالی۔

"تب میں نیکسٹ کلاس کا لکچر تیار کرتا ہوں ٹائم نہیں ہوتا ہے میں کلاس میں لکچر دیتا ہوں آگر ان کو سمجھ نہیں آتی تو دوبارہ پوچھیں مجھ سے میں نہ

بتاؤں تو پھر یہ شکائت کریں آیسے میں نہیں دے سکتا ہوں کسی کو معذرت۔۔۔"وہ پرنسپل صاحب سے بحث کرنے کے حق میں ہر گز نہیں تھا لیکِن یہ لڑکی اب اس کو اچھا خاصا غصہ دلا چکی تھی۔

"آپ کو کیا لگتا ہے میں مری جا رہی ہوں آپ کے پاس ٹیوشن پڑھنے کے لیے پروفیسر ضامن۔۔۔؟؛"وہ تلملائی یوں صاف صاف ضامن کے انکار پہ۔

پرنسپل صاحب اب ابرش کا غصے کی حدت سے سرخ پڑتا چہرہ دیکھ رہے تھے قیوم ملک کو اس بابت وہ کیا بتائیں گے یہ پریشانی ان کو کھائے جا رہی تھی ایک تو وہ ضامن پہ پریشر نہیں ڈال سکتے تھے۔

نجانے ابرش کو کیا سوجھی تھی اچانک سے ٹیوشن پڑھنے کی ورنہ یہ کب سٹڈی کو سیریس لیتی تھی پرنسپل صاحب جانتے تھے۔

"مس ملک میں نے ایسا کچھ نہیں کہا ہے آپ کو!؛ آپ آگر خود سے فرض کر رہی ہیں تو یہ آپ کی غلطی ہے میری نہیں بائے دے وے آپ کو کس چیز یا کونساٹاپک سمجھ نہیں آیا دکھائیں مُجھے نوٹس۔۔۔"وہ پرنسپل صاحب کے سامنے ابرش کی پلاننگ واضح کرنا چاہتا تھا۔

"وہ تو نہیں ہیں میرے پاس۔۔۔"

"پھر کیا پڑھیں گی آپ۔۔۔؟پہلے پرنٹ کروائیں اوٗر ریڈ آوٗٹ کریں جس پوائنٹ کی سمجھ نہیں آتی ہے وہ ہائی لائٹ کریں اوٗر مجھ سے پوچھ لیجئے گا اس سے زیادہ فیور نہیں دے سکتا ہوں میں آپ کو۔۔۔۔"وہ اب پرنسپل کے منہ پہ انکار مار تو چکا تھا لیکِن پھر نجانے کیا سمائی کہ وہ تھوڑی سی فیور دے ہی گیا ابرش ملک کو اس سے زیادہ نہیں کر بھی نہیں سکتا تھا یہ لڑکی کہاں پڑھتی وہ تو بس ضد تھی اس کی جس کو پورا کرنا چاہتی تھی وہ۔

"یہ بیسٹ رہے گا ابرش بیٹا ایسے آپ آسانی سے کور اپ کر لو گی اور ضامن صاحب آپ کو سمجھا بھی دیں گے آپ پرنٹ کروائیں پہلے۔۔۔"وہ کچھ مطمئن ہوئے چلو کچھ حد تک تو مسلہ حل ہو گیا تھا ضامن کا اتنا فیور دینا بھی کافی تھا۔

ابرش کچھ بولے بغیر ہی نکل گئی تھی جتنا سیدھا وہ یہ سب سمجھ رہی تھی اتنا ہی پیچیدہ ہوتا جا رہا تھا اس کو لگا تھا کہ ضامن سر پرنسپل صاحب کی باتیں تو ریجکٹ نہیں کریں گے لیکن یہ اس کی خام خیالی تھی وہ تو منہ پہ انکار مار چکا تھا لیکِن اس کو ایسے چھوڑنے والی وہ بھی نہیں تھی اس نے ملازمہ کو پیسے دیئے اوَر کچھ ہی دیر میں وہ نوٹس پرنٹ کروا کر اس کو دے کر جا چکی تھی۔

عائشہ نجانے کہاں تھی اس کو معلوم نہیں تھا ابرش تو اپنے مسلے میں الجھی ہوئی تھی۔

"اتنا تنگ کروں تمھیں پروفیسر کہ تنگ پڑ جاؤ گے مجھ سے ابرش ملک کی انسلٹ کی ہے تمھیں بھی پوری یونی کے سامنے بدنام نہ کیا تو میرا نام ابرش ملک نہیں ہے مسٹر ضامن عباس۔۔۔" وہ سٹڈی کرتے دل ہی دل میں سوچ رہی تھی۔

••••••

عائشہ کلاس سے نکلتے ابرش کو ڈھونڈ رہی تھی نجانے کہاں چلی گئی تھی یہ لڑکی کب سے وہ تلاش کر رہی تھی ابرش کو وہ کلاس میں بھی نہیں آئی حالانکہ ابرش یہ کلاس مس نہیں کرتی تھی پر ابھی وہ کہاں تھی عائشہ اس بات سے بے خبر تھی ابرش اس کی کال ریسیو نہیں کر رہی تھی عائشہ کچھ سوچتے یرمان کے ڈیپارٹمنٹ کی طرف چلی آئی کہ ہو سکتا ہے وہ کچھ جانتا ہو ابرش کے بارے میں ویسے تو یہ یرمان کی کلاس فری ہوتی تھی وہ اس کی

کلاس کے سامنے کھڑی تھی لیکِن آگے بڑھتی کہ آندر کا منظر دیکھتے اس کے بڑھتے قدم رکے تھے۔

مایا اؤر یرمان ایک دوسرے کے کافی قریب تھے اتنے کہ وہ دیکھ نہیں سکی اس کو اکثر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یرمان اور مایا کہ درمیان میں کچھ چل رہا ہے لیکن پھر اپنی غلط فہمی سمجھ کر وہ نظر انداز کر دیتی تھی لیکِن آج اس کو لگ رہا تھا کہ یہ اس کی غلط فہمی نہیں ہے وہ دونوں ایک دوسرے کے قریب تھے یرمان پہ بیٹھا تھا جب مایا اسی چیئر کے بیک پہ کھڑی یرمان کی گردن میں بانہیں ڈالے مسکرا کر اس سے کوئی بات کر رہی تھی۔

"ارے عائشہ حیران کیوں ہو رہی ہو یہ منظر دیکھ کر؟ یہ تو نارمل ہے ان دونوں کے درمیان ساری کلاس کو پتہ ہے یرمان اور مایا کا اور تمھاری شکل بتا

رہی ہے کہ تم یہ سب ایکسپیکٹ نہیں کر رہی تھی شاید۔۔۔" یہ یرمان کا کلاس فیلو تھا جو باہر نکل رہا تھا اور عائشہ کو دیکھ کر وہ رکا۔

"واٹ پوری کلاس؟" بہت مشکل سے یہ الفاظ عائشہ کے ہونٹوں سے نکلے تھے وہ مسکرایا تھا۔

"مایا یرمان ملک کی گرل فرینڈ ہے کیا ابرش نے تمھیں نہیں بتایا اس بارے میں تقریباً سب لوگ ہی جانتے ہیں میرے خیال میں بس تم ہی انجان ہو اس بات سے۔۔۔" عائشہ چوکنے کلاس روم کے سامنے کھڑی تھی اسی وجہ سے یرمان ملک کی نظر اس پہ پڑ گئی تھی وہ مایا کو سائیڈ پہ کرتے اٹھ کر باہر آیا تھا۔

عائشہ تو ہر جگہ ابرش کے ساتھ ہوتی تھی اسے یوں اکیلے دیکھ کر وہ پریشان سا ہوا۔

"ابرش کدھر ہے۔۔۔؟" یرمان ملک کو باہر نکلتے دیکھ کر اس کا کلاس فیلو آگے بڑھ گیا جبکہ عائشہ جو اپنی آنکھوں میں آئی نمی کو بمشکل صاف کر رہی تھی جب اس کی سماعتوں سے یرمان ملک کی سرد آواز ٹکرائی تو وہ دو قدم پیچھے ہوئی تھی اس کی ہارٹ بیٹ تیز ہوئی تھی۔

"وہ ابرش کا ہی پوچھنے آئی تھی وہ کلاس سے نکلی تھی پھر مُجھے مل نہیں رہی ہے کیا آپ جانتے ہیں ابرش کے بارے میں کہاں ہے؟ آپ کو پتہ ہے؟" کتنا مشکل تھا اس خوبصورت انسان کی طرف ایک نظر دیکھنا کاش کہ یہ اس کا ہو جاتا انسان بھی کبھی کبھار وہ خواب دیکھتا ہے جو کبھی پورے نہیں ہوتے ٹوٹ جاتے ہیں اور ٹوٹے خوابوں کی کرچیاں انسان کو ہمیشہ ہی زخمی کر دیتی ہیں۔۔۔

"وہیں ہو گی اپنے ڈیپارٹمنٹ میں حد ہوتی ہے مُجھے لگا نجانے کیا ہو گیا ہے جو تم یہاں آئی ہو کال کرو ابرش۔۔۔۔کو۔۔۔کیوں لگا تمھیں کہ وہ یہاں ہو گی۔۔۔!!"اُسے غصہ آیا عائشہ کے جہاں آنے کا سن کر جب وہ جانتی تھی کہ ابرش یرمان کے ڈیپارٹمنٹ میں بہت ہی کم جاتی تھی۔

"جی کرتی ہوں۔۔۔"اس کے لئے یہاں کھڑا ہونا مشکل ہوا تھا یرمان ملک کا سرد لہجہ اس کے دل میں خنجر کی مانند پیوست ہوا تھا۔

عائشہ بھاگتے اس کے ڈیپارٹمنٹ سے نکلتے آپنے ڈیپارٹمنٹ میں آئی تھی۔

وہ جس کو میں نے دل میں بسایا بہت،

وہی شخص مجھ کو رلایا بہت۔

نظر میں تھا وہ میری دنیا بنا،

مگر اس نے دل کو جلایا بہت۔

خوابوں میں جس کا بسیرا تھا کل،

حقیقت میں اس نے ستایا بہت۔

میں سمجھی کہ وہ میرا ہمدرد ہے،

مگر اس نے مجھ کو بھلایا بہت۔

جو لمحے تھے روشن، جو لمحے حسیں،

وہ لمحے بھی مجھ سے چرایا بہت۔

محبت کی راہوں میں میں نے صنم،

وفاؤں کا ہر حق نبھایا بہت۔

مگر اس کے دل میں نہ میری جگہ،

مجھے یہ حقیقت دکھایا بہت۔

کسی اور کی بانہوں میں دیکھا اسے،

یہ منظر تھا، دل کو جلایا بہت۔

میں جس کے لیے سب کچھ چھوڑ آئی،

اسی شخص نے مجھ کو ٹھکرایا بہت۔

وہ یرمان ملک کو یہ نہیں بتا سکی کہ وہ ابرش کو کافی ساری کالز کر چکی ہے یرمان یوں اپنی پوری کلاس کے سامنے اس کو ایسے بے رُخی دکھائے گا یہ عائشہ نے کہاں سوچا تھا اکثر جو انسان سوچتا نہیں ہے وہ ہے ہو جاتا ہے اس کے ساتھ۔

"کاش میں کبھی آپ کو بتا سکوں۔۔۔" وہ باتھ روم چلی آئی اس پل دل میں جمع ہو چکا غبار نکالنا بہت ضروری تھا ورنہ اس کو لگ رہا تھا کہ اس کا دل ہی بند ہو جائے گا کچھ دیر تو وہ پھوٹ پھوٹ کر روتی رہی پھر اپنے چہرے کو پانی سے دھویا آگر ابرش اس کو روتا دیکھ لیتی تو ضرور پوچھتی اور عائشہ کے پاس کوئی جواب نہیں تھا کیا وجہ بتاتی عائشہ اپنے رونے کی وجہ تو تھی لیکن بتانے کے قابلِ نہیں تھی۔۔

چہرہ دھوتے اس کو ٹیشو سے صاف کرتے وہ باہر نکل آئی تھی اور تھوڑا چلنے کے بعد اس کو ابرش گروانڈ میں مل گئی تھی جو کہ شائد کسی بک پہ جھکی ہوئی تھی۔۔۔

"ابرش۔۔۔" وہ اس کے پاس ہی بیٹھ گئی جو اس کے ڈسٹرب کرنے پہ تھوڑا خائف ہوئی تھی۔

"عائشہ! نظر نہیں آرہا ہے میں پڑھ رہی ہوں۔۔!؛" ابرش کا جملہ عائشہ نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا یہ وہ ابرش ملک تھی جو مڈ اوَر فائینل ٹرم کے پیپرز میں بھی اتنی سنجیدگی سے نہیں پڑھتی تھی جتنا وہ اس وقت سیریس ہو کر سٹڈی کر رہی تھی عائشہ کے لیے کم سے کم یہ حیران کن ہی تھا۔

"ابرش طعیبت تو ٹھیک ہے۔۔۔؟" عائشہ ابرش کے ماتھے پہ ہاتھ رکھتی کہ اس نے عائشہ کا ہاتھ جھٹک دیا وہ کسی کو بھی خود کو چھونے نہیں دیتی تھی۔

عائشہ کا چہرہ سبکی اوَر اہانت کے احساس سے سرخ ہوا لیکن سامنے ابرش ملک تھی جس سے وہ شکوہ کرنے کا حق بھی کہاں رکھتی تھی۔

"ٹھیک ہوں میں اوَر پلیز تم جاؤ یہاں سے میں بیزی ہوں۔۔۔جب فری ہونگی تو تمھیں کال کر ہونگی ابھی بات نہیں کرنی ہے مُجھے کسی سے بھی۔۔۔" وہ پھر سے بک پہ جھک گئی تھی۔۔

مقصد جو اس کا تھا وہ تو عائشہ اچھے سے سمجھ رہی تھی نوٹس اوَر بک فزکس کی تھی یعنی ابرش ملک کا ارادہ سر ضامن کو امپریس کرنے کا تھا۔

عائشہ نے تاسف سے ابرش کو دیکھا یقیناً وجہ یہی تھی جو ضامن ابرش کے سامنے فزا کو امپورٹنٹس دیتا تھا یہ امپورٹنٹس شاید ابرش ملک خوَد کے لئے چاہتی تھی عائشہ بس سوچ سکی کہنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی ابرش کو۔

مزید وہ بات نہیں کر سکتی تھی کیونکہ ابرش نے صاف صاف اس کے منہ پہ کہہ دیا تھا جانے کے لیے۔

وہ جتنی مغرور تھی اسے دل رکھنے نہیں آتے تھے وہ اکثر باتوں میں دوسروں کے دل توڑ دیتی تھی جس کا اندازہ اس کو ہر گز نہیں ہوتا تھا۔

عائشہ پہلے یرمان کے رویئے سے دکھی تھی اور باقی کے کسر ابرش نے پوری کر دی تھی ویسے ہی کہہ دیتی عائشہ بات نہیں کرنا میں پڑھ رہی ہوں اس نے تو جانے کا کہہ دیا کتنی بے مروّت لڑکی تھی اور یرمان پھر سے یرمان ملک کے خیال نے اس کی آنکھیں میں نمی جمع ہو گئی تھی۔

اب اشکوں کے دریا میں بہتی ہوں میں،

یہ دردِ وفا ہے، ستایا بہت۔

محبت میں جو تھا، وہ حاصل نہ ہو،

یہ دکھ رات دن مجھ کو آیا بہت۔

مگر پھر بھی دل مانتا ہی نہیں،

کہ میں نے اسے دل لگایا بہت۔

وہ کلاس میں چلی آئی یہاں فزا اور عائلہ ایک دوسرے سے بات کر رہی تھیں۔

اب اس کو اندازہ ہو رہا تھا انسان کو دوست اپنی حیثیت دیکھ کر بنانے چاہیے ورنہ ان کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

عائشہ خاموشی سے بیٹھ گئی تھی فزا نے ایک نظر اس کو دیکھا جس کے ساتھ ابرش ملک نہیں تھی ورنہ تو وہ ہر جگہ اس کے ساتھ ہوتی تھی آج یہ اکیلی تھی فزا جانتی تھی کہ ابرش ملک خاموش ہونے والوں سے نہیں تھی ضامن ابرش کے مقابلے میں اس کو لے آیا تھا شائد ابرش ملک اس بات کو برداشت نہیں کر پا رہی تھی۔

"ویسے ابرش ملک کو سر ضامن نے ہی ٹف ٹائم دیا ہے ورنہ ایسا پہلے بچاری کے ساتھ کبھی نہیں ہوا۔۔۔"کلاس کے ہر سٹوڈنٹس کی زبان پہ یہ لفظ تھے لیکن بول کوئی بھی نہیں رہا تھا۔

."عائلہ تمھاری اوَر سر ضامن کی آنکھوں کا کلر سیم ہے گہری سیاہ۔۔۔"فزا کل سے یہ بات نوٹ کر رہی تھی آج عائلہ کو کہہ بھی دیا جس پہ عائلہ محض مسکرائی تھی کوئی جواب نہیں دیا تھا۔

فزا ان کو دیکھتے دل ہی دل میں اپنا اور ابرش ملک کا موازنہ کرنے لگی اور پھر خود پہ ہنسنے لگی اپنی حالتِ زار پہ مگر اب کیا فایدہ تھا جو ہونا تھا وہ تو ہو گیا تھا مایا تھی یرمان ملک کی زندگی میں اوَر ابرش ملک کی زندگی میں عائشہ کی کیا حیثیت تھی یہ تو وہ دیکھ ہی چکی تھی۔

••••••

ضامن اس وقت اپنے کیبن میں آیا تھا کلاس لیکر نیکسٹ کلاس فری تھی تو اس نے لکچر تیار کرنا تھا ابھی وہ جب کلاس سے نکل رہا تھا ٹو سامنے سے آتی لڑکی سے ٹکرایا جس کے ہاتھ میں موجود کوک کے کین میں موجود ساری کولڈ ڈرنک اس کی شرٹ پہ گر گئی تھی اور اس کی شرٹ کو داغ دار کر گئی وہ اب کیبن میں آیا اور اپنی شرٹ کے بٹن کھولے ارادہ شرٹ چینج کرنے کا تھا وہ تو اچھا تھا کہ اس نے تھوڑی دیر پہلے سویٹر اتار دیا تھا ورنہ وہ بھی خراب ہو جاتا ملازم سے کہہ کر اس نے نیو شرٹ منگوائی تھی اب چینج کرنے کے لیے اس نے شرٹ کے بٹن کھولنے شروع کیے تھے۔

وہ اپنے دھیان میں تھا اس لئے کیبن کا دروازہ کرنا اس کو یاد نہیں رہا اور ابرش جو کہ کافی سارے پوائنٹس کو ہائی لائٹ کر چکی تھی وہ آندر آئی اُسے دستک دے کر آندر آنے کی عادت نہیں تھی۔

وہ ضامن کو کیبن کی طرف آتے دیکھ کر آندر چلی آئی اور عین اُسی وقت جب ضامن شرٹ اتار کر ٹیبل پہ پڑی دوسری شرٹ اٹھا رہا تھا وہ آندر ہوئی تھی۔

ابرش کی نظریں اس پہ جم سی گئی اتنا خوبصورت تھا وہ آج پہلی بار ابرش ملک کا دل کسی کی طرف مائل ہوا تھا اس خوبصورت مرد طلب اس کے دل میں جاگی تھی وہ شرٹ لیس وجود سے اس کی پیٹھ کو دیکھ رہی تھی ضامن اپنے دھیان میں دوسری شرٹ اُٹھاتے اُسے پہن کر واپس پلٹا تو سامنے ابرش

ملک کو کھڑے دیکھ کر آور اور خوُد کو آنکھیں پھاڑے دیکھتے پا کر اس نے تیزی سے شرٹ کے بٹن بند کیے تھے۔

ابرش کی نظریں اس کے کشادہ سینے پہ موجود کالے بالوں پہ تھیں وہ بھول چکی تھی سامنے کھڑا انسان اس کا پروفیسر ہے اور وہ ضامن کی سٹوڈنٹ جو حرکت وہ اس وقت کر رہی تھی وہ غیر مناسب تھی۔۔۔۔۔۔شاید اس وقت ابرش ملک اپنے حواسوں میں نہیں تھی اگر ہوتی تو یہ حرکت شاید کبھی نہیں کرتی ضامن ایک تو اس لڑکی کی بے باکی پہ تلملایا اوُر دوسرا اس کا یوں بنا اجازت اندر آنا اس کو مزید طیش دلا گیا تھا۔

شرٹ کے بٹن بند کرتے وہ ابرش کے قریب آیا اوُر اس کی آنکھوں کے سامنے ہاتھ لہرایا وہ ہڑبڑاتے ہوش میں آئی تھی ضامن بلیک کلر کی شرٹ میں تھا۔

"مس ملک واٹ از دس آپ کو اتنا نہیں پتہ کسی کے کیبن میں جانے سے پہلے نوک کرتے ہیں اتنی تمیز نہیں ہے آپ میں۔۔۔!" وہ طنزیہ لہجے موجود اپنی چیئر پہ بیٹھ گیا جب کہ اس کی باتوں پہ وہ شرمندہ ہوئی اپنی بے اختیاری پہ بھی خوُد کو کوسا۔

"رئیلی روم کا ڈور لاکڈ نہیں تھا۔۔۔!؛" ابرش اپنی غلطی نہیں بنا رہی تھی آگر ضامن عباس کو پرائیویسی کا اتنا ہی ایشو تھا تو اس کو روم لاک کرنا چاہیے تھا ابرش کے نزدیک۔

"آگر کسی نے روم کا دروازہ بند نہ کیا ہو تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ یوں منہ اٹھا کر اس کے روم میں چلا جائے بندہ انسان میں تھوڑے مئینرز ہونے چاہیے مس ملک۔۔۔!؛" وہ جو پہلے ہی پرنسپل آفس میں ابرش سے

ہونے والی ملاقات پہ تپا ہوا تھا اب دوبارہ اس لڑکی کو اپنے سامنے دیکھ کر اس کا پارہ ہائی ہوا تھا۔

"کیا مطلب ہے آپ کا ضامن سر۔۔۔۔؟" ضامن بار بار اس کو نیچا دکھا رہا تھا کہاں تک برداشت کرتی ابرش بھی ضامن تو یوں شو کر رہا ہے جیسے وہ کوئی لڑکی ہو اور ابرش لڑکا جس نے یوں اسے بے لباس دیکھ لیا ہو ویسے بھی ابرش جس اپر کلاس سے تعلق رکھتی تھی وہاں یہ سب بہت کامن تھا اس کے لیے تو۔

"آپ مطلب اچھے سے سمجھ رہی ہیں مس ملک۔۔۔" ضامن نے لیپ ٹاپ آؤن کیا اکثر لکچر وغیرہ وہ لیپ ٹاپ پہ ہی بناتا تھا۔

"سر اب یہ کچھ زیادہ ہو رہا ہے۔۔۔؛؛" مطلب اپنے اگنور ہونے کی طرف تھا وہ سامنے کھڑی تھی اور ضامن اس کی طرف متوجہ ہونے کے بجائے

لیپ ٹاپ پہ نظریں گاڑ چکا تھا اتنی خوبصورت لڑکی کی طرف اس نے ایک نگاہ بھی نہیں ڈالی تھی ابرش اپنی اس قدر اگنورنس پہ ضامن کو دل ہی دل میں بہت سی سلوتوں سے نواز چکی تھی۔

"کیا زیادہ ہو رہا ہے مس ملک۔۔۔؟؛" ایک تو مس ملک پہ ابرش کو شدید تاؤ آرہا تھا ایک ہی دن میں ضامن اس کا نام رکھ چکا تھا مس ملک...."

"آپ نے خود ہی پرنسپل آفس میں کہا تھا کہ میں آپ سے پوچھنے آسکتی ہوں یہ ہیں وہ پوائنٹس جو میں نے ہائی لائٹ کیے ہیں کل اور آج والے لکچر سے آپ سمجھا دیں مُجھے تا کہ میں اچھے سے تیار کر سکوں۔۔۔!؛" وہ چلتے ضامن کی چیئر کے قریب آگئی تھی اور ٹیبل پہ بکس رکھتے وہ جھکی تھی اس کے اور ضامن کے درمیان فاصلہ بہت کم تھا اس کے جھکنے کی وجہ سے اس کی شرٹ کے گہرے گلے سے اس کے نشب و فراز عیاں ہوئے تھے۔۔

ضامن نے بے اختیار نظروں کا رخ بدلا یہ لڑکی اور اس کی حرکتیں۔۔۔
ضامن جھنجھنایا تھا ابرش ملک کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ آئی تھی.

"کہاں تک دامن بچائیں گے ضامن سر۔۔۔" وہ مزید ضامن کی طرف جھکی کہ عین اُسی وقت ضامن غصے سے بھرا ہوا چیئر سے اٹھا ابرش پیچھے ہوئی اور ان کا زبردست ٹکراؤ ہوا ضامن آپنا بیلنس کنٹرول نہیں کر سکا اور واپس چیئر پہ گرا اور ابرش اس کے اوپر گری تھی ٹکراؤ کی وجہ سے ابرش کی نازکی ضامن کو اپنی دھڑکنوں کے انتہائی قریب محسوس ہوئی تھی وہ اسے خود سے الگ کرتا کہ ابرش نے اس کی گردن میں مضبوطی سے اپنے بازو حائل کیے تھے۔

"مس ملک یہ کیا بدتمیزی ہے۔۔۔" وہ اس کو خود سے دور کرتا تو کیسے وہ کس کر اس کی گردن میں بانہیں ڈالے ہوئے تھے۔

"سر مُجھے چکر۔۔۔"

"شٹ اپ۔۔۔" وہ دھاڑا اب بس برداشت کی انتہا ہوئی تھی اس نے تیزی سے ابرش کو خود سے دور کیا وہ گرتے بچی تھی ٹیبل کے کنارے پہ ہاتھ رکھا ورنہ اس کی پیشانی اگر ٹیبل کے کنارے سے ٹکراتی تو شاید اس کو چوٹ بھی لگ سکتی تھی۔

"جائیں یہاں سے۔۔۔" وہ ٹیبل پہ پڑے ابرش کے نوٹس کو اس کے ہاتھ میں تھماتے اُسے باہر کی راہ دکھا رہا تھا۔

"مُجھے آپ سے سمجھنا۔۔۔!؛" وجہ سمجھنے سے وہ خوُد قاصر تھی دل چاہا رہا تھا کہ وہ یونہی رہے ضامن کے قریب اپنی حالت سے وہ خود پریشان تھی یہ پروفیسر اس کے دل و دماغ پہ پوری طرح سے براجمان تھا۔

"شٹ اپ آپنی حرکتیں دیکھی ہیں آپ نے ؟" وہ اپنی بیرڈ سہلاتے خود کے آندر اٹھتے وبال پہ ضبط کر رہا تھا یہ لڑکی جان بوجھ کر رہی تھی یہ سب اب ضامن کو اندازہ ہو رہا تھا۔

"کیا کیا ہے میں نے سر جی۔۔۔؟" وہ ضامن کے قریب آئی اس سے پہلے کہ اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتی وہ اس کو پھر خود سے دور جھٹک چکا تھا بالکل ویسے ہی جیسے ابرش ملک نے عائشہ کا ہاتھ جھٹکا تھا ابرش لب بھینچ گئی تھی جھٹکنے کی تکلیف کیا ہوتی ہے اب اچھے سے سمجھا یا تھا۔

"جائیں آپ مجھے لکچر تیار کرنا ہے آپ اس خود بہت لائق ہیں سب کو راپ کر سکتی ہیں۔۔۔" وہ لیپ ٹاپ کی طرف متوجہ ہوا دو دنوں میں وہ یہ اچھے سے سمجھ گیا تھا کہ ابرش ملک اگر کسی چیز کو حد سے زیادہ محسوس کرتی ہے تو وہ اگنورنس ہے اگنور ہونا وہ برداشت نہیں کر سکتی ہے۔

"سر آپ نے خود کہا تھا اور مجھے آپ سے یہ ساری پوائنٹس سمجھنے ہیں جب تک سمجھائیں گے نہیں میں نہیں جانے والی ہوں۔۔۔"وہ نوٹس اس کے سامنے پھر سے رکھ چکی تھی۔

"ایسے زبردستی کون پڑھتا ہے۔۔۔!"اس لڑکی کی ڈھٹائی پہ وہ سر تا پا سلگ گیا تھا جو کل کلاس میں کیسے دکھا رہی تھی کہ وہ کون ہے اور کیا کر سکتی ہے آج اس طرح کی چیپ حرکتیں۔

"ابرش ملک پڑھتی ہیں شاید آپ کو ٹائم ضائع کرنے کا شوق ہے سر جی۔۔۔؟"وہ ہنسی اس کے گال پہ ڈمپل پڑا تھا وہ بہت کم مسکراتی تھی ضامن نے اس کو پہلی بار مسکراتے دیکھا تھا۔

"میرا خیال ہے نیکسٹ لکچر کا ٹائم ہو گیا ہے۔۔۔؛؛"ان کی بحث میں کافی سارا ٹائم نکل گیا تھا اب کلاس کا ٹائم ہونے والا تھا ضامن نے اپنا سیل فون

اُٹھایا اوَر اس سے پہلے کہ کیبن سے نکلتا ابرش ملک اس کے سامنے آئی تھی

۔

"سو واٹ سر زیادہ ٹائم تو نہیں لگے گا آپ؟" ضامن نے مٹھیاں بھینچ لی تھیں یہ لڑکی کیوں اس کو کوئی سخت دِل ایکشن لینے پہ مجبور کر رہی تھی۔۔

"مس ملک ایسی حرکتیں کرنے سے بہتر ہے کہ آپ اپنے باقی سبجیکٹس پہ بھی فوکس کریں پیپرز آپ کو صرف اس سبجیکٹ نہیں باقی سب کے بھی دینے ہیں تو پہلے وہ لکچر لیں اوَر جب فری ہوں تب آیئے گا میرے پاس ٹاپکس سمجھنے کے لیے۔۔۔" وہ دل میں پکا ارادہ کر چکا تھا کہ وہ ابرش کو نہیں پڑھائے گا اوَر درمیان میں جو ٹائم تھا وہ تو ویسے بھی ان کی باتوں میں گزر ہی چکا تھا۔

"سر آپ صاف صاف کیوں نہیں کہہ دیتے ہیں کہ آپ مجھے پڑھانا ہی نہیں چاہتے ہیں یہ بہانے بنانے کی میرے خیال میں کوئی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔۔اور میں کیا پڑھوں اور کیا نہیں یہ آپ کا مسلہ نہیں ہے میرا مسلہ ہے میں خود ہینڈل کر لونگی۔۔۔"وہ تپی ہوئی تو اس بات پہ تھی کہ ضامن اس کو پڑھا نہیں رہا تھا لیکن اس بات کو اس انداز میں بیان کیا۔

"آپ تو خاصی ذہین ہیں مس ملک یہ بات تو میں آپ کو کلاس روم میں ہی بتا کر آیا تھا پھر آپ نے اتنی ایفرٹس کیوں کی۔۔۔؟"وہ سینے پہ بازو باندھے ابرش ملک کے سامنے کھڑا طنزیہ انداز میں بولا تھا۔

ابرش کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔

"آپ خوُد کو سمجھتے کیا ہیں سر۔۔۔؟"وہ بری طرح سے کنفیوژ ہو رہی تھی سمجھ میں بھی نہیں آیا کہ بات کیا کرے ضامن سے۔

"کیا سمجھتا ہوں میں خوُد کلئیر کریں مس ملک اوُر پلیز لکچر کا ٹائم ضائع نہیں کریں جو بات ہے جلدی کریں' مُجھے لگتا ہے کہ بس ٹیوشن والا بہانہ ہے آپ کا اصل وجہ کچھ اور ہے۔۔؟" انداز کچھ جانچنے والا تھا ابرش کو ہر گز اندازہ نہیں تھا کہ یہ پروفیسر اتنا شارپ مائنڈ ہو گا کہ اس کی پلاننگ ہی سمجھ جائے گا لیکن اتنی آسانی سے وہ ضامن کو جیتنے نہیں دے سکتی تھی۔

"آپ کو کو سمجھنا ہے سمجھیں۔۔۔!؛" وہ لاپرواہی سے بولی اوُر نوٹس بکس اٹھالی تھیں۔

"آپ کا پیچھا نہیں چھوڑوں گی میں آسانی سے سر جی آپ کو مجھے پڑھانا تو ہو گا۔۔۔" انداز چیلنجنگ تھا یعنی کچھ بھی ہو جائے ابرش ضامن کے پاس پڑھے گی تو ضرور چاہے ضامن جتنا بھی انکار کرے۔

دروازے پہ نوک ہوا ضامن سیدھا ہؤا ابرش نے بھی دروازے کی طرف دیکھا تھ فزا اندر آئی لیکن سامنے ضامن اور ابرش کو دیکھ کر وہ ٹھٹکی تھی ابرش ضامن کے کیبن میں کیا کر رہی تھی یہ سوال اس کے دل میں گردشِ کرنے لگا تھا۔

"سر یہ سارے سٹوڈنٹس کے نیم جو آپ نے گروپ میں میسج کیا تھا تھوڑی دیر پہلے۔۔۔!؛"فزا کے ہاتھ میں غالباً کوئی لسٹ تھی ابرش اس لسٹ سے انجان تھی فزا لسٹ دے کر واپس چلی گئی وہاں رکنا اس کے مشکل ہوا ابرش اؤر ضامن کو ساتھ دیکھتے اس کو اچھی فیلنگز نہیں آئی تھیں ابرش اب کو اپنا حریف ہی سمجھ رہی تھی ضامن سر سے تو اس کی بنتی بھی نہیں تھی پھر وہ سر کے کیبن میں کیا کر رہی تھی اس کا ذہن اس پہ ہی الجھا تھا جب کہ ابرش نے ایک نظر ضامن کے ہاتھ میں موجود لسٹ پہ ڈالی اؤر باہر نکل گئی

فزا کے چہرے کے بدلتے تاثرات وہ دیکھ چکی تھی دل ہی دل میں خوش ہوئی تھی۔

لیکِن ضامن کا فزا کو کلاس کے کاموں کے لیے کہنا اس کو زرا بھی پسند نہیں آیا تھا۔

•••••

عائلہ فری تھی فزا گھر چلی گئی تھی آج ضامن کی ایکسٹر اکلاس تھی تو وہ وہیں بیٹھی بھائی کا انتظار کر رہی تھی کلاس کے سبھی سٹوڈنٹس چلے گئے تھے وہ اکیلی بور ہو رہی تھی ضامن کو ایم فل کے ساتھ سٹوڈنٹس کو لکچر دینا تھا عائلہ ایسے ہی بیٹھی تھی جب حد سے زیادہ بور ہونے لگی تو کلاس میں بیگ رکھتے وہ باہر نکل آئی تھی۔

جبکہ دوسری یرمان ملک جو کہ اس وقت یونی میں ہی تھا لیکن کلاس اس نے بنک کی ہوئی تھی مایا بھی ساتھ ہی تھی وہ دونوں اپنے ڈیپارٹمنٹ سے نکل آئے تھے وہاں ٹیچرز تھے تو وہ لوگ عائلہ لوگوں کے ڈیپارٹمنٹ میں چلے آئے اور اب ایک کلاس روم میں بیٹھے وہ دونوں باتیں کر رہے تھے عائلہ جس کو کب سے آواز سنائی دے رہی تھی پہلے تو اگنور کی لیکن اب کچھ زیادہ ہی ہو گئی تھیں آوازیں وہ اندر چلی آئی لیکن سامنے کل والے لڑکے اور ایک لڑکی کو دیکھ کر وہ پیچھے مڑتی کہ مایا تیزی سے دروازے کی طرف لپکی تھی عائلہ نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا۔

"لڑکی تم کون ہو؟ کیا ہمارا پیچھا کر رہی تھی۔۔۔؟" یرمان نے ابھی تک عائلہ پہ نظر نہیں ڈالی تھی وہ سیل فون میں بیزی تھا لیکِن مایا کی آواز سن کر اس نے سر اٹھایا تھا سامنے کل والی لڑکی کو دیکھتے وہ تیزی سے کھڑا ہوا۔

اس لڑکی نے اسے کل رات جتنا ڈسٹرب کیے رکھا یہ بس وہ ہی جانتا تھا صبح سے اس کا اتنی بار دل چاہا کہ وہ اس لڑکی کو دیکھنے جائے لیکن وہ جانتا ہی نہیں تھا کہ وہ لڑکی کس ڈیپارٹمنٹ میں ہے پھر آج مایا ساتھ تھی تو اس کا دھیان بھی مایا کی طرف ہی رہا لیکن اس وقتِ یہ لڑکی اس کے سامنے آکر اس کو کافی بے چین کر گئی تھی۔

آج عائلہ بلیو کلر کے عبایہ میں تھی صرف بلیک آنکھیں نظر آرہی تھیں۔

"وہ میں۔۔۔"عائلہ پیچھے ہوتے دیوار سے جا لگی تھی لڑکا تو لڑکا اس کو اس وقت مایا سے بھی کوئی اچھی فیلنگز نہیں آرہی تھیں جس کا ڈریس انتہائی شارٹ تھا کہ دودھیا بازو نظر آرہے تھے عائلہ کو یہ لڑکی ابرش کی فل کاپی لگی تھی ڈریسنگ اوَر انداز سے بھی اب تو اپنی غلطی لگی کہ کلاس سے نکل کر باہر آئی ہی کیوں تھی وہ۔

"مایا کیوں ڈرا رہی ہو اس کو؟" یرمان کی بہکی نظریں عائلہ کے کپکپاتے سراپے پہ تھیں مایا یرمان کے قریب آئی اور اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھا عائلہ آنکھیں میچ گئی تھی کس قدر بے باک لڑکی تھی یہ۔

"کیا نام ہے تمھارا۔۔۔؟" وہ مایا کو خود سے الگ کرتے عائلہ کے نزدیک آیا تھا جو دیوار میں گھسنے کے قریب تھی اس پل آپنے ہونٹوں کو ایک دوسرے میں بھینچے وہ بمشکل اپنی سسکی روک سکی تھی۔

یرمان اس کے قریب آرہا تھا اور وہ مزید پیچھے ہو رہی تھی مایا کا سیل فون بجا تو وہ تو باہر نکل گئی اب عائلہ اور یرمان اکیلے تھے کلاس روم میں مایا جاتے جاتے دروازہ بھی بند کر گئی تھی۔

عائلہ مایا کے پیچھے نکلتی کہ یرمان ملک نے اس کی کلائی تھامی عائلہ کو آیسا لگا جیسے کسی دہکتے انگارے سے جا لگا ہو اس کا ہاتھ وہ پوری مزاحمت کر رہی تھی اپنی کلائی چھڑانے کی لیکن مقابل کی گرفت خاصی سخت تھی۔

عائلہ کے فون پہ کوئی نوٹیفیکیشن آیا تھا وہ کلاس میں بیٹھی انسٹاگرام پہ ریلز دیکھ رہی تھی شاید انسٹاگرام کا ہی کوئی نوٹیفیکیشن آیا تھا جو کہ لاک سکرین پہ شو ہوا یرمان ملک کی نظریں کافی شارپ تھیں وہ اس کی انسٹاگرام آئی ڈی کا نام دیکھ چکا تھا اور اپنے زہن میں محفوظ بھی کر چکا تھا۔

"جانے دیں پلیز۔۔۔"وہ سردی کے موسم میں بھی پسینے سے بھیگ گئی تھی ہتھیلیاں بھی نم تھیں یرمان ملک کے وجود سے اٹھتی مہک وہ جیسے بے ہوشی ہونے کے قریب تھی وہ اس کا نام کیوں جاننا چاہتا تھا۔

اگر مایا کو زرا بھی اندازہ ہوتا کہ آج اس کا ایسے کلاس روم سے جانا اس کے حصے میں کتنا بڑا خسارہ ڈالے گا تو وہ کبھی نہیں جاتی۔

"نام بتاؤ۔۔۔" وہ آگے ہوتے عائلہ کے دائیں بائیں ہاتھ رکھ چکا تھا عائلہ عباس اس کے حصار میں قید ہو چکی تھی وہ اتنی ہمّت بھی خود میں نہیں پا رہی تھی کہ اس کی گرفت سے خوُد چھڑوا سکے جو اس کی کلائی اب خود ہی چھوڑ چکا تھا لیکن عائلہ کے گرد اس کے بازوؤں کا حصار ہی عائلہ کے لیے نا قابلِ برداشت ہو رہا تھا اوُر مقابل کو اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا وہ تو شاید مقابل کا نام جاننا چاہتا تھا اوُر جاننے بغیر چھوڑنے والا ہی نہیں تھا۔

"کی۔۔۔۔۔وں۔۔۔۔۔؟" وہ کیسے بتا سکتی تھی مقابل کو نام جبکہ وہ تو اس کے بارے میں کچھ جانتی ہی نہیں تھی کہ وہ تھا کون اوُر اچانک سے دوبارہ اس کی یوں ملاقات ہو جائے گی یہ بھی اس نے نہیں سوچا تھا لیکِن مقابل کی

گہری نظروں میں چھپی وحشت اس کو اچھے سے محسوس ہو رہی تھی بھلے عائلہ چھوٹی تھی لیکن ان معاملات میں تو ہر لڑکی کی حس خاصی تیز ہوتی ہے۔

"کیونکہ میں کہہ رہا ہوں۔۔۔" وہ اس کی بھیگتی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا جو جھکی ہوئی تھی یہ ادا مقابل کو بھائی دل چاہا کہ اس کی آنکھوں میں دیکھے۔

"نہیں چھوڑیں۔۔۔" وہ پوری قوت سے اسے خود سے دور جھٹک کر باہر نکل گئی تھی یرمان ملک اس کے وہاں سے گم ہوتے وجود کو دیکھ رہا تھا جو کلاس روم میں بند ہوتے دروازہ ہی نوک کر چکی تھی جیسے یہ خطرہ ہو کہ یرمان کہیں اس کے پیچھے ہی نہ جائے۔۔۔۔۔۔۔

وہ چاہتا تو اس لڑکی کے پیچھے جا سکتا تھا لیکن اب اس کو یہ معلوم ہو گیا تھا کہ عائلہ اسی ڈیپارٹمنٹ کی ہے کل بھی تو اسی ڈیپارٹمنٹ کے راستے میں وہ

ٹکرایا تھا اوَر اب تو انسٹا گرام ای ڈی بھی مل گئ تھی فرینڈ شپ ہو سکتی تھی اس لڑکی سے۔

ایسی لڑکیاں جو سکولز اوَر یونیورسٹی میں شریف نظر آتی ہیں آندر سے کیسی ہوتی ہیں یہ وہ اچھے سے جانتا تھا اور اب اس لڑکی کو اپنے چنگل میں پھنسانا اس کے لئے ہر گز بھی مشکل نہیں تھا۔

وہ اپنا سیل فون نکالتے انسٹا گرام سکرول کرنے لگا ایک ہی سرچ پہ اس نے عائلہ کی آئی ڈی سرچ کر لی تھی لیکِن عائلہ نے آئی ڈی پرائیویٹ کی ہوئی تھی یرمان ملک نے اپنی ائی ڈی سے کسی کو فالو نہیں کیا ہوا تھا حالانکہ فالورز بہت زیادہ تھے۔

اس لڑکی کی ائی ڈی تو اس نے اوپن کرنی ہی کرتی تھی بھلے کسی بھی طریقے سے۔

"یرمان کیا کر رہے ہو تم۔۔۔؟"مایا واپس آئی تو اس کو سیل فون میں بیزی دیکھتے پوچھا تھا۔

"کچھ نہیں میں جا رہا ہوں گھر آج بہت تھک گیا ہوں میں آج ریسٹ کروں گا کلب بھی نہیں آسکوں گا تم بتا دینا سب کو۔۔۔!؛"وہ بیگ اٹھا کر مایا کی سنے بغیر ہی باہر نکل گیا تھا۔

دونوں بہن بھائی ہی ایسے تھے کہ اپنی ہی کرتے تھے مقابل کی سنے کی زحمت وہ دونوں ہی نہیں کرتے تھے اور مایا ہمیشہ ہی اس کی یہ بات برداشت کر جاتی تھی اکثر یہاں آپ کو بنا کر رکھنی ہوتی ہے اس کے انڈر ہی رہنا پڑتا ہے۔

مایا بھی کلاس روم سے نکل گئی تھی یرمان نہیں جا رہا تھا کلب تو وہ کیا کرتی اس نے فرینڈز کو میسج کر دیا اور خود بھی گھر چلی گئی تھی اپنی مام سے بات کرنی

تھی وہ عفت آنٹی کی بات اب اس کو سمجھ آ رہی تھی آگر ایک بار وہ ملک مینشن کی بہو بن جاتی پھر گن گن کے بدلے لیتی وہ۔

.....

عائلہ کلاس روم کے دروازے کے ساتھ لگ کر بیٹھ گئی تھی اس کی سانس بری طرح سے پھول گئی تھی وہ کانپ رہی تھی اور بار بار وہ منظر یاد کر رہی تھی جب یرمان ملک اس کے قریب تھا اتنا کہ اس کے ہاتھوں کا لمس اس کی کلائی پہ محسوس ہو رہا تھا۔

عائلہ نے ہمیشہ مردوں کی بس دو ہی سائیڈ دیکھی تھیں بابا اور ضامن بھائی اس کی دنیا بس ان سے شروع ہو کر ان پہ ہی ختم ہو جاتی تھی۔

وہ مسلسل روئے جا رہی تھی کل تو اتفاقیہ ایک ملاقات ہو گئی تھی اُس انسان سے لیکن آج اس کی آپنی غلطی تھی کہ وہ کلاس روم سے نکلی تھی۔

عائلہ نے سکارف کھولتے اپنی گردن رب کی تھی بری کانپتے اس نے اپنے بالوں کو جھنجھوڑ دیا تھا۔

ضامن جو کہ کلاس لے چکا تھا اور بار بار عائلہ کو کال کر رہا تھا تا کہ وہ واپس جا سکیں لیکن عائلہ فون اٹھا ہی نہیں رہی تھی۔

وہ جب کلاس لینے کے لئے آیا تھا تب عائلہ کلاس روم میں موجود تھی

ضامن وہیں چلا آیا تھا۔

اس نے کلاس کا دروازہ کھٹکایا تو عائلہ تیزی سے سیدھے ہوئی تھی اوٗر دروازہ کھولا اور ضامن کے گلے لگ گئی تھی اس کی حالت دیکھتے ضامن کو حیرت کا جھٹکا لگا تھا۔

"گڑیا میری جان کیا ہوا ہے۔۔۔؟" اس کے چہرے پہ چپکے بالوں کو پیچھے کرتے ضامن نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا تھا وہ جیسے ضامن کو مضبوطی سے تھام چکی تھی ضامن کے لئے ناقابلِ برداشت تھی عائلہ کی حالت دیکھنا اوٗر عائلہ ضامن کو بتا بھی تو نہیں سکتی تھی کہ اس کے ساتھ ہوا کیا ہے۔

"بھیا گھر۔۔۔!؛" وہ اس قدر ٹینشن میں تھی کہ حواس برقرار نہ رکھتے وہ اس کی بانہوں میں ہی جھول گئی تھی اور ضامن پریشان سا اس کے گال تھپکتے عائلہ کو ہوش میں لانے کی کوشش کر رہا تھا۔

اس کا عبایہ اوڑ سکارف ٹھیک کرتے ضامن نے اس کو بانہوں میں اٹھایا اور پارکنگ کی طرف بڑھ گیا تھا۔

ضامن بار بار عائلہ کو دیکھ رہا تھا گھر جانے کے بجائے وہ اسے قریبی ہاسپٹل لے گیا تھا عائلہ کو ایمرجنسی وارڈ میں شفٹ کر دیا گیا تھا۔

ڈآکٹر نے چیک اپ کے بعد بتایا کہ بچی نے کسی بات کی ٹینشن لی ہے جس کی وجہ سے بیہوش ہوئی ہے۔

زیادہ خطرے والی بات نہیں تھی وہ اب ہوش میں آچکی تھی مزید پریشان اس لئے تھی کہ اپنی حالتِ کی وجہ وہ ضامن کو کیا بتائے گی جب وہ پوچھے گا اور عائلہ کے پاس کوئی مناسب جواب نہیں دیا تھا۔

"عائلہ گڑیا اب آپ ٹھیک ہو۔۔۔؟" ضامن اس کے بالوں کو ہوئے ہوئے سہلا رہا تھا وہ بمشکل اپنی سسکیاں روک رہی تھی۔

جس لڑکی نے ان کو والٹ دیا تھا وہ ان کی نگاہوں سے اوجھل نہیں ہوتی تھی وہ اکثر اُس لڑکی کے بارے میں سوچتے تھے وہ لڑکی ان کو بہت پسند آئی تھی ایک پل کے لیے کسی کی یاد بھی دلائی تھی۔

"ہائے ڈیڈ اب میں اوٹ اف کنٹری نہیں جاؤں گا۔۔۔" قیوم ملک خوُد یرمان کو ائیر پورٹ سے لینے آئے تھے وہ اکیلا بھی آسکتا تھا لیکِن یہ پہلی بار تھا کہ وہ کوئی آفیشنل میٹنگ اٹینڈ کرنے گیا تھا۔

"صرف ایک مہینے کی بات تھی یرمان۔۔۔!؛" وہ طنزیہ بولے لیکن یہ بس یرمان ہی جانتا تھا کہ اس نے یہ ایک مہینہ کیسے گزرا سب کی یاد آئی اور دوستوں کے ساتھ راتوں کو جو وہ کلب میں جا کر پارٹی کرتا تھا یہ چیز اس کو وہاں میسر تو تھی لیکن دوست نہیں تھے وہاں۔

"ڈیڈ آپ پاکستان میں کہیں بھی میٹنگ کے لئے بھیج دیں لیکن پاکستان سے باہر نہیں۔۔۔!؛" وہ دونوں گھر پہنچ گئے تھے گارڈز نے ان کے گاڑی کے دروازے کھولے تو وہ دونوں باہر نکلے تھے۔

ساتھ چلتے وہ دونوں بہت خوبصورت لگ رہے تھے قیوم ملک کہنے کو تو ساٹھ سال کے ہونے والے تھے لیکن عمر کے اس حصے میں بھی وہ خاصے ہینڈسم تھے آج بھی لڑکیاں ان کو دیکھ کر آہ بھرتی تھیں۔

یرمان ملک آگے بڑھتا کہ سامنے عفت ملک کو اپنے استقبال میں کھڑے دیکھ کر وہ حیران ہوا۔

یقین کرنا مشکل تھا کہ مام اس کا ویٹ کر رہی تھی یعنی یہ سچ تھا مام کے پاس ان دونوں کے لیے کب سے ٹائم تھا۔

"کیسا ہے میرا بیٹا؟" وہ خوُد آگے بڑھی تھیں لیکن یرمان ملک کے گلے لگتی کہ اس نے ہاتھ کے اشارے سے ان کو روک دیا اب اتنا بھی بیوقوف نہیں تھا جو ان کے چہرے پہ موجود جھوٹی مسکراہٹ نہ دیکھ پاتا ان کے دماغ میں کچھ چل رہا تھا۔

"آپ یہاں موجود ہیں عموماً تو اس وقتِ اپنے آفس ہوتی ہیں مام؟" وہ نا چاہتے بھی ان کی موجودگی پہ سوَال کر رہا تھا وہ اس کے اس قدر سرد رویئے پہ تلملا سی گئی تھی۔

یہ تو ان کی پلاننگ تھی پچھلے ایک مہینے سے وہ کوشش کر رہی تھیں کہ وہ یرمان اوَر ابرش کو اپنی طرف مائل کر سکیں لیکن ابرش تو ان سے سیدھے منہ بات ہی نہیں کرتی تھی۔

"آج میں اپنے بیٹے کے انتظار میں یہاں کھڑی ہوں۔۔۔" انہوں نے لفظ انتظار کو خاصا کھینچ کر بیان کیا جیسے وہ اس وقت دُنیا کا کوئی بہت بڑا کام کر رہی ہوں لیکن یرمان کے دل میں ان کے اس ایکٹ نے بھی کوئی خاصا آچھا اثر نہیں ڈالا تھا وہ بس سرسری سا بات کرتا آندر چلا آیا ابرش بھی یونی سے آ چکی تھی۔

اس سے ملتے یرمان چینج کرنے چلا گیا ایک مہینہ اس کے لئے خاصا ٹف رہا ایک تو وہاں نئی جگہ ہونے کی وجہ سے اس کو خاصی مشکل ہوئی دوسرا پھر وہاں کے اجنبی لوگ اس کا دل چاہا وہ سب کچھ چھوڑ کر پاکستان واپس آ جائے۔

یہاں سے ابرش اس کو کبھی کبھی کال کرتی تھی کبھی کبھی یرمان خوُد بھی کر لیتا ہاں مایا کی کال اس کو ڈیلی آتی تھی۔۔۔

یرمان میں تمھیں مس کر رہی ہوں۔۔۔۔"

یرمان مُجھے تُمھارے بغیر کچھ اچھا نہیں لگ رہا۔۔۔"

یرمان مُجھے تمھاری شدت سے یاد آ رہی ہے۔۔۔"

ایسے لاتعداد میسجز وہ یرمان ملک کو دن میں ہزار بار کرتی تھی اور وہ پڑھتے ہنستا تھا کیا چیز تھی یہ لڑکی مایا۔۔ایک طرف وہ دوسری لڑکی تھی جس کی سیاہ آنکھیں اس کی نظروں کے سامنے سے ہٹتی نہیں تھیں لیکن وہاں اس کو عائلہ عباس کو یاد کرنے کا ٹائم بھی نہیں ملا تھا وہاں بھلے وہ بور ہوتا رہا لیکن عائلہ کا خیال کم ہی آیا تھا۔

اس وقت یرمان ملک روم میں موجود تھا ڈیڈ کو فریش ہونے کا کہتے وہ روم میں چلا آیا اس وقت آئینے کے سامنے کھڑا تاول سے اپنے نم زدہ سینے کو خشک کر رہا تھا شاور لے چکا تھا اور بلیک کلر کے ٹروزار میں تھا۔

اس کا سیل بجا مایا کی ویڈیو کال کی تھی اس نے مایا کو نہیں بتایا کہ وہ واپس آ گیا ہے شاید وہ یہی سمجھ رہی تھی کہ یرمان ابھی تک امریکہ میں ہی ہے اس لئے ویڈیو کال کر رہی تھی یرمان نے شرٹ پہننے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

آیسے ہی کال ریسیو کی اور مایا کا مسکراتا چہرہ سکرین پہ نمودار ہوا وہ بلیو کلر کے شارٹ سے ٹاپ میں ملبوس تھی جس کا فرنٹ نیگ کافی ڈیپ تھا اس کے جسمائی خدوخال کو چھپانے میں بری طرح سے ناکام ہو رہا تھا یرمان ملک کی نظریں اس کی گردن سے نچلے جا ٹھہری لیکن اس نے اپنی نظریں بدل لی تھیں۔

مایا نے نظریں بدلنے کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی وہ تو نظریں پھاڑے یرمان ملک کے برہنہ کشادہ سینے کو دیکھ رہی تھی جس پہ پانی کی بوندیں چمک رہی تھیں کتنا ہینڈسم تھا وہ ایک پل کے لئے مایا مغرور ہوئی کہ یرمان ملک اس کا تھا لیکِن وقت بدلتے کہاں دیر لگتی ہے اس بات سے مایا بے خبر تھی اوَر شاید آگے کچھ ہونے بھی ایسا ہی والا تھا۔

"کیسے ہو یرمان۔۔۔ تم اپنے روم میں ہو۔۔۔؟" پہلے تو وہ یرمان کی خیریت معلوم کرنے لگی لیکِن جب اس نے پسمنظر میں دیکھا تو چونک گئی یرمان ملک اپنے کمرے میں تھا یعنی وہ پاکستان آچکا تھا اوَر مایا کو اس بارے میں کچھ بتانا ضروری ہی نہیں سمجھا اس نے وہ منہ بنا گئی۔

"ظاہر ہے روم میں ہی ہوں میں۔۔۔!؛" یرمان لاپرواہی سے بولا تھا ایک پل کے لیے مایا کی بے باکی جس طرح وہ بے شرمی سے اس کو دیکھ رہی تھی یرمان کو برا لگا لیکن پھر سر جھٹک گیا اتنا ٹیپکل ہو کر وہ سوچتا نہیں تھا۔

"مُجھے تو بتایا ہی نہیں تم نے؟" شکوہ کرنا تو بنتا ہی تھا مایا نے شکوہ کر بھی دیا تھا

۔۔

"ابھی آیا ہوں تھک کر کیا بتاتا۔۔۔۔تم نے خوُد ہی کال کر دی مُجھے مایا ۔۔!؛" وہ ٹیبل پہ بیٹھ گیا سیل فون سائیڈ پہ رکھتے ائیر پوڈ سے کنٹیکٹ کرتے اس نے شرٹ پہن لی اوُر اپنے بالوں میں برش کرنے لگا ڈیڈ کے ساتھ ہی اس نے ڈنر کرنا تھا وہ کسی بھی وقت بلا سکتے تھے سو وہ ریڈی ہوتے صوفے پہ بیٹھ گیا تھا مایا اس وقت کلب میں تھی جب سے یرمان گیا تھا وہ ہر رات کلب چلی جاتی اب تو اس کو آزادی تھی یرمان ملک کی موجود میں وہ پھر بھی کچھ

لمنٹ میں رہتی تھی لیکِن یرمان ملک کے امریکہ جانے کے بعد وہ فری ہو کر گھومتی تھی۔

عفت آنٹی نے اس کو یقین دلایا تھا کہ اب جلد ہی وہ اس کی اور یرمان کی منگنی کی ڈیٹ فکس کریں گی اور تب سے مایا بہت خوش تھی۔

"کیا نہیں کرتی تمھیں کال؟" وہ یرمان کے رویئے سے ہرٹ ہوئی یرمان بہت روڈ ہو رہا تھا یا شائد سفر کی تھکاوٹ کی وجہ سے وہ بیزار تھا جو بھی تھا لیکِن یرمان کا یہ رویہ مایا کو بالکل بھی پسند نہیں آیا۔

"کرتی میں نے یہ تو نہیں کہا کہ تم نے کال کیوں کی ہے؟ بات کو تم خود ہی پیچیدہ بنا رہی ہو۔۔" وہ جھنجھنایا پہلے ہی عجیب سی طعیبت بیزار ہو رہی تھی اوپر سے مایا کے بار بار سوال وہ الجھ گیا کیا مایا اس کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتی۔۔۔۔ ایک پل کے لیے اس کے دل میں اس سوال نے جنم لیا تھا۔

"نہیں یرمان میں پیچیدہ نہیں بنا رہی ہوں میں تو بس ایسے ہی پوچھنا چاہتی تھی کہ تم آ گئے اور بتایا بھی نہیں میں خود آتی تمھیں ائیر پورٹ ریسیو کرنے کے لئے لیکن تم تو اس وقت اپنے روم میں موجود ہو اور مُجھے بتایا ہی نہیں۔۔۔" پھر بھی مایا کی بات وہیں پہ آ کر ختم ہوئی تھی کہ یرمان نے اس کو اپنی واپسی کا بتایا کیوں نہیں آ گر بتا دیتا تو وہ اتنے اچھے سے ولکم کرتی اس کا۔

"تمھیں ڈسٹرب نہیں کیا میں نے ویسے بھی ڈیڈ آ گئے تھے ائیر پورٹ مجھے خود لینے کے لیے تو تم کیسے آتی چھوڑو اس ٹاپک کو۔۔۔" وہ مذید اس موضوع پہ بات ہی نہیں کرنا چاہتا تھا مایا نے بھی محسوس کر لی یہ بات کہ یرمان اس معاملے کو اب کلوز کرنا چاہتا تھا۔

"آچھا چھوڑ دیا یہ بتاؤ میرے لیے کیا لائے وہاں سے ؟!" شاید وہ کسی گفٹ کی بات کر رہی تھی اور ابھی تک تو اس کے برتھڈے کا گفٹ بھی ڈیو تھا یرمان کی طرف جو وہ بھول ہی گیا تھا غالباً۔

"کیا لایا ہوں میں ؟ مٹینگ کے لئے گیا تھا شاپنگ کرنے کے لیے نہیں مایا؟! بزنس مٹینگز تھیں میری۔۔؟" اس کو شاید مایا سے اس وقت آیسے لفظوں کی توقع کی نہیں تھی۔

"سو واٹ یرمان تم وہاں کونسا تیس دن ہی مٹینگز لیتے رہے ہو کچھ تو فری ٹائم ملا ہو گا اور ابرش کے لیے بھی کچھ نہیں لائے ؟ میں مان ہی نہیں سکتی ہوں یہ بات کہ تم ابرش کے لیے کچھ نہ لائے ہو۔۔۔" یرمان ملک اب پہلے جیسا برتاو نہیں کر رہا تھا ایک مہینے بعد وہ دونوں ایسے بات کر رہے تھے یرمان ملک اپنے گھر پہ تھا حالانکہ ان کی بات تو پہلے بھی ہوتی تھی لیکِن ابھی اس

نے یرمان کے چہرے پہ بیزرای دیکھی تھی یہ بیزاری خود کے لیے تھی اس کو دھچکا لگا۔

"ابرش کے لئے تو گفٹ لایا ہوں لیکن وہ بھی بہت مشکل سے آؤن لائن ہی آرڈر دیا تھا میں زیادہ گھما پھرا نہیں ورنہ کچھ نہ کچھ پسند آ ہی جاتا خیر مجھے باہر جانا ہے سب ویٹ کر رہے ہونگے۔۔۔"وہ صوفے سے اٹھتے شاید کال ڈسکنٹ کرنے والا تھا۔

"میں مام سے کہتی ہوں ہم لوگ تمھارے گھر چکر لگاتے ہیں عفت آنٹی گھر پہ ہی ہیں ناں۔۔"مام نے بتایا تھا کہ عفت آنٹی آج گھر پہ ہونگی لیکن ریزن یہ تھی کہ وہ یرمان کی آمد کی وجہ سے گھر پہ تھیں یہ وجہ تھی مایا کو معلوم نہیں تھا ورنہ مایا نے چلے جانا تھا یرمان کے گھر عفت آنٹی کے ساتھ مل کر یرمان کا

ولکم کرتی مام نے اس کو شائد بتایا بھی ہو لیکن مایا اس وقت فون میں بیزی تھی ان کی بات دھیان س نہیں سکی تھی۔۔

"میرے خیال میں تم رہنے دو مایا۔۔۔ یہ ہمارا فیملی ٹائم ہے اور ڈیڈ کو اس میں ایسے کی آمد پسند نہیں آئے گی ائی ہوپ تم سمجھ گئی ہو گی میری بات۔۔۔؟" وہ اس کو ایسے منہ یہاں آنے سے منع نہیں کر سکا اس لیے ڈیڈ کا حوالہ دیا۔

"یرمان میں کسی نہیں ہوں۔۔۔!؛" وہ یرمان کو یہ نہیں بتا سکی کہ وہ یرمان کی ہونے والی بیوی ہے کل کو ان کی شادی ہو جاتی تو پھر۔۔

"مُجھے معلوم ہے مایا لیکن اس وقت مُجھے نیچے جانا ہے پھر بات ہو گی۔۔۔" وہ مذید مایا کی سنے بغیر ہی کال کٹ کر گیا تھا اور مایا نے غصے سے فون بیڈ پہ پھینکا تھا یرمان کو ویڈیو کال کرنے کے لیے وہ کلب میں بنے روم میں آئی تھی۔

"کرلو یرمان جتنا نظر انداز کرنا ہے کرلو جب بیوی بن جاؤں گی تو پھر تم کچھ نہیں کر سکو گے اور یہ وقت بہت جلد آئے گا۔۔۔!؛" وہ اپنی کرل کی گئی بالوں کی لٹ کو انگلیوں پہ رول کرتے دل ہی دل میں یرمان ملک کو مخاطب کرتے بولی۔

یرمان ملک اس سے پہلے کہ بدل جاتا اس کو کچھ کرنا تھا یرمان تو شاید خود سے کبھی اس سے شادی کی بات نہیں کرنے والا تھا اس کو خود ہی کچھ کرنا تھا اور راضی کرنا تھا سب کو۔

مام تو پہلے یہی چاہتی تھیں عفت آنٹی بھی ریڈی تھیں اور مایا کو یقین تھا کہ عفت آنٹی قیوم انکل اور باقی س۔ جو راضی کرلیں گی اور پھر بہت جلد وہ ملک مینشن کی بہو بن جاتی۔

•••••

عفت ملک نے میڈ سے سپیشل ڈنر بنوایا تھا پہلے کبھی انہوں نے ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں کا خیال نہیں لیکن اب نجانے کیوں وہ اپنے بچوں کو خوُد کی طرف راغب کرنا چاہتی تھیں قیوم ملک کو نیچا دکھانے کے لیے وہ کچھ بھی کر سکتی تھی اگر اپنی بچوں کو خوُد کی طرف مائل کرنے میں ان کو زیادہ محنت کرنی پڑتی تو وہ کرنے والی تھیں کیونکہ ان کو اپنے بچوں کو اپنے ساتھ ملانا تھا قیوم ملک کو یہ دکھانا تھا کہ وہ جیتے نہیں ہیں اور نہ عفت ملک ان کو جیتنے دے سکتی تھیں۔

وہ ٹبیل پہ میڈ سے ڈنر لگواتے خود سب کا ویٹ کر رہی تھیں قیوم ملک پچھلے ایک مہینے سے دیکھ رہے تھے اپنی بیگم کا بدلا بدلا رویہ وہ تاسف سے سر ہلا گئے تھے آگر تو ان کی بیگم کی یہ پلاننگ تھی تو بہت بری طرح سے ناکام ہونے والی تھی۔

قیوم ملک اپنے بچوں کو اچھے سے جانتے تھے لیکن شائد عفت ملک کسی خوش فہمی میں مبتلا ہو گئ تھیں قیوم ملک مزید کچھ سوچتے کہ ان کا سیل فون بجا اور سکرین پہ جگمگاتے نمبر کو دیکھتے ان کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ آئی جب مرد کو گھر میں سکون نہ ملے تو وہ اس کی تلاش باہر شروع کر دیتا ہے۔

"کس کے میسج پہ اس قدر مسکرا رہے ہیں۔۔۔؟"عفت ملک نے شکی نظروں سے شوہر کو گھورا اور دل میں سوچا جبکہ قیوم ملک اب تیزی سے کوئی میسج ٹائپ کر رہے تھے جب ان کی نظر سامنے سے آتی ابرش پہ پڑی جس کا موڈ آف تھا جب سے وہ یونی سے آئی تھی انہوں نے یونی کال کر کے پوچھا بھی نہیں کچھ پتہ نہیں چل سکا۔

"ابرش میرا بچہ آپ کی طعیبت تو ٹھیک ہے؟"وہ سیل فون جیب میں ڈالتے ابرش کی طرف چلے آئے جو ان کے گلے لگ گئ تھی۔

عائلہ کا اگنور کرنا اور ضامن کا خشک رویہ وہ اندر سے تپی ہوئی تھی بیزتی کا بدلہ لینے کے لئے وہ ڈیڈ کو اس سب میں انوالو نہیں کرنا چاہتی تھی ڈیڈ سیدھا ضامن کو یونی سے سسپند کروا دیتے جو وہ نہیں چاہتی تھی۔

اس کو ضامن سے بدلہ تو لینا تھا لیکِن کسی اور طرح سے آیسے تو وہ یونی چھوڑ دیتا اور بات ختم ہو جاتی لیکن ابرش ملک آیسا نہیں چاہتی تھی۔

"ڈیڈ بس سر میں درد ہے۔۔۔!؛" وہ اپنی پیشانی سہلاتے لاپرواہی سے بولی تھی۔

"تو بیٹا کوئی میڈیسن لے لو!؛ ڈاکٹر کو کال کروں۔۔۔؟" عفت ملک اس کی بات سنتے اس سے بولی تو ابرش نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔

"نہیں خود ہی ٹھیک ہو جائے گا درد۔۔۔!؛"وہ خوُد کو کمپوز کرتے ہال میں آ گئی یرمان بھی نیچے آیا اوُر پھر سب لوگ ڈائننگ ہال میں بیٹھتے کھانا کھانے لگے ایک مہینے بعد ساری فیملی ایک ساتھ تھی۔

"مُجھے کچھ بات کرنی ہے سب سے۔۔۔؟"عفت ملک کو نجانے کیا سوجھی جو سب کے سامنے یہ بات کر دی۔

"بیگم پہلے کھانا ختم کریں پھر جو بھی بات کرنی ہو آپ کو کر لیجئے گا۔۔۔"قیوم ملک پریشان ہوئے عفت ملک نجانے کیا کہنے والی تھیں وہ چاہتے تھے کہ جو بھی بات ہو اپنی بیگم سے وہ اکیلے میں کریں۔

"مام ڈیڈ ٹھیک کہہ رہے ہیں ڈنر کے بعد مجھے اپنے دوستوں سے ملنے جانا ہے تو آپ لوگ تب کر لیجئے گا آپ کو جو بھی بات کرنی ہے ابھی ڈنر

کریں۔۔۔"یرمان ملک بھی اس وقت مام ڈیڈ کی بحث سننے کے موڈ میں بالکل بھی نہیں تھا۔

مام ڈیڈ بات تو نارملی شروع کرتے تھے لیکن اختتام ان کی بحث پہ ہی ہوتا تھا یہ تو اب ابرش اور یرمان ملک دونوں ہی جانتے تھے۔

"بیٹا میں تو تم دونوں کے سامنے بات کرنا چاہا رہی تھی کیونکہ یہ آپ لوگوں۔۔۔"وہ بات مکمل نہیں کر سکی تھیں کیونکہ یرمان کا سیل فون بجنے لگا تھا جو غالباً اس کے کسی دوست کی کال تھی جن کو وہ نیچے آتے گروپ میں بتا آیا تھا کہ وہ واپس آچکا ہے اب سب اسے کلب بلا رہے تھے۔

"میں چلتا ہوں ڈیڈ ارجنٹ ہے آپ لوگ کریں ڈنر اور ہمارے بارے میں آپ کو کیا بات کرنی ہے مام؟"وہ ان سے سوال کرتے ان کا جواب سنے بغیر ہی باہر نکل گیا تھا وہ بس اس کی پشت کو گھورتے رہی تھی۔

ابرش نے تھوڑا بہت ہی کھایا تھا کل کا دن بہت اہم تھا اس کے لیے کل تو ڈیڈ بھی یونی میں انوائیٹڈ تھے ونر ٹیم کو ٹرافی دینے کی تقریب میں وہ ہر سال جاتے تھے ابرش نے لب بھینچتے اپنے ڈیڈ کو دیکھا اس کو جو بھی کرنا تھا ڈیڈ کے یونی آنے سے پہلے ہی کرنا تھا۔

"ابرش میری جان زیادہ سر درد کر رہا ہے تو ڈاکٹر کو بلالوں میرا بچہ آیسے تو طعیبت خراب ہو جائے گی۔۔۔" قیوم ملک نے اس کے گال تھپکتے ہوئے فکر مندی سے پوچھا کاش کہ وہ ڈیڈ کو بتا پاتی اس کو کیا مسلہ ہے نہیں بتا سکتی تھی وہ ضامن کو اس نے خوُد ہی ہینڈل کرنا تھا۔

"نو ڈیڈ مُجھے ریسٹ کرنا ہے۔۔۔" وہ چیئر گھسیٹ کر ہال سے نکلتے اپنے کمرے میں چلی گئی۔

"اب بتائیں کیا بات کرنی ہے آپ نے ؟" قیوم ملک کھانا ختم کر چکے تھے سو عفت بیگم سے پوچھا۔

"آپ کو نہیں لگتا قیوم کہ ہمیں اب یرمان کی شادی کر دینی چاہیے وہ اب سٹڈیز میرے خیال میں کمپلیٹ کر ہی چکا ہے اور ابرش چھوٹی ہے تو اس کے بارے میں تو ہم لوگ بعد میں سوچیں گے۔۔۔" وہ پہلے ڈائریکٹ مایا کا نام نہیں لے سکتی تھیں ورنہ کوئی بھروسہ نہیں تھا کہ ان کے شوہر پہلی باری پہ ہی انکار کر دیتے۔

"اچھا یہ بات آگر یرمان خوُد کرتا تو میں سیریس بھی لیتا بیگم !؛ زندگی یرمان نے جینی ہے تو بہتر ہے کہ اپنی زندگی کا اتنا بڑا فیصلہ وہ خود ہی لے تو۔۔۔ آپ کو اس بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔" وہ سنجیدگی سے بولے۔

"وہ خود آپ سے بھلا مایا کے متعلق کیسے بات کرے گا سب جانتے ہیں کہ وہ اور مایا ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں ہم پرنٹس ہیں یرمان کے تو ہمیں ہی آگے کا سوچنا ہو گا۔۔۔"وہ شوہر کی لوجک پہ حیران ہوئی کہ وہ کیسے ان کو درمیان سے نکال رہے تھے۔

"مایا؟ آپ کو لگتا ہے کہ میں مایا کو ملک مینشن کی بہو بناؤں گا بیگم۔۔۔!؛"وہ غصے سے بولے تھے ان کو اپنے بیٹے کے لیے کم سے کم مایا جیسی آزاد خیال لڑکی قابلِ قبول نہیں تھی۔

"کیا کمی ہے مایا میں قیوم؟ سب سے بڑھ کر یرمان پسند کرتا ہے مایا کو!؛ آپ کے لیے تو سب سے اہم آپ کے بیٹے کی پسند ہے ناں پھر یوں انکار کیوں کر رہے ہیں آپ۔۔۔!؛"وہ شوہر کا مایا کو ریجیکٹ کرنا برداشت نہیں کر پائی تھیں اتنی اچھی لڑکی تھی مایا۔

"یرمان مایا کو پسند کرتا ہو اتو مجھے وہ بتائے گا خود کہ اسے مایا سے شادی کرنی ہے ابھی تک اس نے مجھ سے ایسی کوئی بات نہیں کی ہے۔۔۔ آپ بھی اس معاملے کو یہیں پہ سٹاپ کر دیں تو بہت بہتر ہو گا۔۔۔"وہ غصے میں آ گئے تھے جو غلطی انہوں نے جوانی میں کی وہ یرمان کو ہر گز نہیں کرنے دے سکتے تھے یرمان کے لئے ان کو ایسی لڑکی ڈھونڈ کر لانی تھی جو اس کو مان دے محبت دے۔۔

"اس نے نہیں کی ہے لیکن صاف نظر آ رہا ہے قیوم سب کچھ سامنے ہے پھر آپ کیوں انکار کر رہے ہیں مُجھے لگتا ہے کہ ہمیں مایا کے والدین سے بات کرنی چاہیے اوُر بچوں کی منگنی کرنی چاہیے۔۔۔"وہ تو سب کچھ سوچے بیٹھی تھیں جیسے۔

"آپ پچھلے ایک مہینے سے بدلی ہوئی اس وجہ سے لگ رہی تھیں کہ آپ کو مایا اوَر یرمان کی شادی کروانی ہے اور مجھے لگ رہا ہے کہ آپ کو اپنی ماضی میں کی گئی غلطیوں اوَر کوتاہیوں کا اندازاہ ہو گیا ہے تبھی آپ کا رویہ بدل گیا ہے۔۔۔"وہ اپنی بیرڈ پہ ہاتھ پھیرتے آپنے غصے کو کنڑول کر رہے تھے جس کا پارہ ان کی بیگم خطرناک حد تک بڑھا چکی تھیں اپنی باتوں سے.

"آپ کو کیا لگتا ہے قیوم ساری غلطیاں میری ہی ہیں تو آپ غلط ہیں لیکن ماضی میں جو ہوَا اُسے یاد کرنے کا کوئی فایدہ نہیں ہے ہمیں حال اور مستقبل کے بارے میں سوچنا چاہیے۔۔۔"ان کے شوہر کیوں بار بار ماضی کا حوالہ دیتے تھے ان کی نظروں کے سامنے وہ سارے مناظر پھر سے گھومنے لگ جاتے تھے۔

"بالکل ٹھیک کہا آپ نے بیگم ماضی کو دہرانے کا کوئی فایدہ نہیں ہے لیکن ابھی جو جیسا چل رہا ہے اسے چلنے دیں اوُر یرمان جب بات کرے گا تب دیکھوں گا کہ مجھے کیا کرنا ہے آپ اپنی رائے کو اپنے تک ہی محدود رکھیں یہ بات آپ بچوں کے سامنے کرنے والی تھیں کیا؟" اب ان کو سب کچھ سمجھ آیا تھا کہ عفت بچوں کے سامنے ہی کیوں اس معاملے پہ بات کرنا چاہتی تھیں۔

ان کا خیال تھا کہ شاید یرمان بھی ان کی بات سے اتفاق کرے گا اوُر مایا کو وہ اپنی بہو بنالیں گی۔

"ہاں کیوں یرمان کے سامنے بات ہوتی تو زیادہ بہتر تھا لیکِن آپ نے تو اس کے سامنے بات کرنے سے ہی منع کر دیا مُجھے۔۔۔" وہ بھی کھانا ختم کر چکی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

"آپ خود سے اس بارے میں کوئی بات نہیں کریں گی جب تک یرمان مجھ سے بات نہ کرے۔۔۔"وہ ان کو واضح لفظوں میں اس معاملے پہ بات کرنے سے ہی روک چکے تھے اور خؤد فون کان سے لگائے ڈائننگ ہال سے نکلتے باہر لان کی طرف چلے گئے تھے۔

عفت ملک نے غصے سے ٹیبل پہ برتن اٹھا کر زمین پہ پھینکے تھے۔۔

یہ اب کچھ زیادہ ہی ہو رہا تھا آگر وہ لچک دکھا رہی تھیں تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں تھا کہ قیوم ملک یوں ان کو شرمندہ کرتے اب ان کو یرمان سے بات کرنی تھی قیوم ملک سے بات کرنے کا ان کو کوئی فایدہ نہیں ہوا الٹا ان کو لگ رہا تھا کہ انہوں نے قیوم ملک سے بات کر کے غلطی کی ہے ان کو قیوم ملک سے بات کرنی ہی نہیں چاہیے۔

"مُجھے قیوم پہ بالکل ٹرسٹ نہیں کرنا ہے۔۔۔" وہ اپنی سائیڈ گردن رب کرتے سوچتے دل ہی دل میں پلان بنانے لگی آگے کیا کرنا ہے اس متعلق سوچنے لگی۔ قیوم ملک کی بھول تھی کہ وہ اتنی آسانی سے ہار مان لیں گی۔۔۔

••••••

عائلہ اس وقت یونی میں موجود تھی اس کی طعیبت کچھ ٹھیک نہیں تھی ضامن نے منع بھی کیا کہ آج نہ جاؤ ویسے بھی سپورٹس گالا ہے کونسا کلاسسز ہونگی تم ریسٹ کرو لیکن عائلہ کو فزا نے کہا تھا کہ تم نے لازمی آنا ہے آج یونیورسٹی تو وہ چھٹی نہیں کر سکی تھی اگر کرتی تو گھر میں بھی بور ہی ہونا تھا آ ضامن کو تو یونیورسٹی آنا ہی تھا اس کے ذمے سپورٹس گالا کے حوالے سے تیاریوں کے کام لگائے گئے تھے جو اس کو کرنے تھے۔

تو وہ جلدی ہی آ گیا تھا اس وقت ہال میں موجود تھا اس کو اختتامی تقریب کا ہیڈ بنایا گیا تھا جو سارے معاملات دیکھنے والا تھا عائلہ گاؤن میں ملبوس ہی آئی تھی اس نے حجاب لیا ہوا تھا فزا ابھی تک نہیں آئی تھی سٹوڈنٹس نے تھوڑا سا لیٹ آنا تھا اسٹاف پہلے آ گیا تھا عائلہ ضامن کے ساتھ ہی آئی تھی لیکن اب بور رہی تھی فزا کو میسج کیا تو پتہ چلا کہ وہ ابھی تک اپنے گھر سے نکلی ہی نہیں ہے کوئی اکا دکا سٹوڈنٹس آئے تھے لیکن ان میں سے کسی سے عائلہ کی اتنی ہیلو ہائے نہیں تھی۔

عائشہ نہیں آئی تھی لیکن ابرش آ گئی تھی یہ اتفاق تھا کہ ابرش آج سب سے پہلے آ گئی تھی اور اس نے عائلہ اور ضامن کو ایک ساتھ آتے دیکھا بھی تھا۔

ضامن نے خود عائلہ کے سیٹ کا دروازہ کھولا اور عائلہ پہ جھکتے اس کا سیٹ بیلٹ بھی کھولا تھا یہ منظر نجانے کیوں عائلہ کی نظروں میں مرچیں سی بھر

گیا تھا ضامن کسی اوٗر لڑکی سے بات بھی کرتا تو اس کو آچھا نہیں لگتا تھا اپنی فیلنگز سمجھ نہیں پاتی تھی یا سمجھ رہی تھی لیکن انجان بن رہی تھی وہ اپنے بالوں میں ہاتھ پھیر گئی اندر جاتی کہ ڈیڈ کی کال آگئی صبح جب ابرش روم سے باہر آئی تو ڈیڈ آفس جا چکے تھے کسی امپورٹنٹ مٹینگ کی وجہ سے اور ان کی ملاقات ابرش سے نہیں ہو سکی تھی شائد اب وہ اس کی خیریت معلوم کرنا چاہتے تھے۔

ابرش نے تھوڑی دیر ان سے بات کی اوٗر پھِر وہ ڈیپارٹمنٹ میں چلی آئی صرف دو تین لڑکیاں آئی تھیں عائلہ کی نظر اس پہ پڑ چکی تھی ابرش کو نجانے کوئی رشتہ لگ رہا تھا عائلہ اوٗر ضامن کا۔

عائلہ کے پاس جانے اس سے بات کرنے کی اس نے ضرورت محسوس نہیں کی کیونکہ کل جو ہوا اُس کے بعد ابرش کی انا اس کی اجازت نہیں دے رہی

تھی اس کو کہ وہ خود جا کر عائلہ سے دوبارہ بات کرتی آج تو وہ چشمش فزا بھی ابرش کو کہیں نظر نہیں آ رہی تھی۔

"ابرش اکیلی ہو عائشہ نہیں آئی؟"کلاس کی ایک لڑکی ابرش کو اکیلے کھڑے دیکھ کر اس کے پاس چلی آئی آیسے ابرش کو دوستی کرنے کے لیے لڑکیوں کی کمی ہر گز نہیں تھی لیکِن عائلہ نے اس کو ضد دلائی تھی۔

"ابھی تک نہیں آئی ہے وہ آ جائے گی۔۔۔!؛"ابرش لاپروائی سے بولی آج تک شاید اس کو عائشہ کی قدر ہی نہیں ہو سکی کہ عائشہ اس کی دوست ہے اور دوستی ہمیشہ برابری سے چلتی ہے۔

"تم کال کر لو تمھاری دوست ہے وہ۔۔۔پہلے عائلہ کر رہی تھی فزا کو کال۔۔۔!؛"اس لڑکی نے ابرش کو مشورہ دیا تو ابرش نے چھبن زدہ نظروں

سے اس لڑکی کو دیکھا ابرش نے آج تک خود سے عائشہ کو پہلے کال نہیں کی ہمیشہ عائشہ ہی کرتی تھی۔

"مجھ سے مڈل کلاس لوگوں جیسی حرکتیں نہیں ہوتی ہیں َعجیب ڈرامے امپورٹنٹس جتانے کے لیے۔۔۔"وہ شانے آچکاتے بولی تو اس لڑکی نے ابرش کو افسردگی سے دیکھا بچاری عائشہ کو اگر ابرش کے خیالات کے بارے میں معلوم پڑ جاتا تو کتنا دکھی ہوتی وہ۔

کہیں نہ کہیں قصور عائشہ کا بھی تھا جس نے ابرش سے خود دوستی کی اور ہمیشہ نبھانے کی کوشش بھی اس بچاری نے ہی کی۔

"کچھ آور کہنا ہے۔۔۔!"اس لڑکی کو خود کو دیکھتے پا کر ابرش نے سیل فون پہ ہی نظریں گاڑے پوچھا وہ لڑکی نفی میں سر ہلاتے واپس اپنی جگہ پہ چلی گئی اور عائلہ طنزیہ ہنسی آچھا تھا کہ ابرش کو خوُد ہی احساس ہو گیا کہ وہ دونوں

ایک دوسرے کے مزاج سے مختلف ہیں اور ابرش اس کو ویسے ہی ناپسند تھی۔

عائلہ نے دوبارہ فزا کو کال کی تھی وہ گھر سے نکل چکی تھی عائلہ نے سکون کا سانس لیا ضامن بھائی کے ساتھ آ تو گئی تھی لیکن اب اس کو لگ رہا تھا کہ اس کو آنا ہی نہیں چاہیے تھا ابرش کی نظریں دوبارہ اس پہ تھیں وہ لگ ہی اتنی معصوم لگ رہی تھی کتنی پیاری تھی ضامن کے حوالے سے اس کو عائلہ کو اپنے قریب کرنا تھا لیکن یہ لڑکی اس کو گھاس ڈالتی تب بات تھی۔

"کیا دیکھا تم نے فزا میں جو اس سے دوستی کر لی۔۔۔مجھے ریکجیٹ کیا تم نے؟" ابرش کچھ دیر تو عائلہ کو دیکھتی رہی پھر چلتے اس کے قریب گئی ابھی اس کو پلان کے حساب سے ضامن کے پاس بھی جانا تھا۔

"دوستی میں چیشت نہیں دیکھی جاتی۔۔۔" عائلہ نے کچھ جتایا تو ابرش سلگ گئی تھی لیکِن ضبط کرتے وہ عائلہ کو گھورتے کلاس روم سے نکل گئی ابھی کافی لوگ آچکے تھے اس کا کام ہو سکتا تھا ویسے بھی ڈیڈ آجاتے تو پلاننگ کے لینے کے دینے پڑ جاتے۔

"بس ڈیڈ کے انے سے پہلے ہو جائے سب کچھ۔۔۔ اوَر یرمان۔۔۔" وہ جو کرنے جارہی تھی یرمان کی موجودگی میں وہ تھوڑا جھجک رہی تھی لیکن ضامن نے اس کی برداشت کو آزما چکا تھا جب تک ضامن عباس کی عزت کا جنازہ نہیں نکال دیتی اس کو سکون نہیں ملنا تھا اوَر یہ اسی پلاننگ کی صورت میں ممکن تھا۔

ضامن اس کو دور سے نظر آگیا تھا۔

•••••

وہ آگے آئی تو ضامن پہ نظر پڑتے ہی ایک پل کے لیے اس کے دل کی دھڑکن تیز ہوئی تھی وہ بہت ہنڈسم لگ رہا تھا جیکٹ کندھے پہ ڈالے اپنے بالوں بالوں کو پیشانی سے سنوارتے وہ ابرش ملک کے دل کے تار چھڑ گیا یہ کیا ہو رہا تھا ابرش کو نہیں اس نے ایسا ہی کرنا تھا ضامن کے ساتھ اس کے ساتھ اوَر لوگ تھے آیسے وہ ہال کے داخلی دروازے کی طرف نہیں جا سکتی تھی اس کو ضامن کو ہال کے آندر بلانا تھا کسی طرح سے۔

اس نے پاس سے گزرتے ملازم کو آواز دی اور اسے کہا کہ یہ میسج سر ضامن کو دے دو۔

"ان سے کہو کہ عائلہ میم بلا رہی ہیں ہال میں اُنہیں کوئی ضروری کام ہے جلدی آئیں۔۔۔" وہ ملازم سے کہتے خود ہال میں چلی آئی جانتی تھی کہ اگر آپنا نام لے گی تو ضامن نہیں آئے گا لیکن عائلہ کے نام پہ وہ ضرور آئے گا

اتنا تو اندازہ ہو ہی گیا تھا صبح اس کو۔۔۔۔۔دل میں ایک پل کے لیے کدورت تو پیدا ہو گئی تھی عائلہ کے لئے۔

وہ ہال میں آتے اِدھر اُدھر ٹہلتے ضامن کا انتظار کرنے لگی دل گھبرا بھی رہا تھا نجانے کیا رزلٹ نکلتا اس سب کا عائشہ اس کے ساتھ نہیں تھی وہ اکیلی ہی ہال میں موجود ضامن کا انتظار کر رہی تھی۔

ماتھے پہ پسینہ بھی چمکا تھا اس کا موبائل بجا تو وہ اچھلی کال یرمان ملک کی تھی وہ شاید اس کے ڈیپارٹمنٹ میں گیا اور اسکو نہ پا کر وہ اس کو کال کر رہا تھا۔ ابرش نے بتایا کہ وہ کسی کام سے گئی ہے اور واپس آ رہی ہے۔

یرمان نے مذید کچھ دیر بات کی اور کال کاٹ دی عائلہ کو وہ کلاس روم میں دیکھ چکا تھا۔

یہ لڑکی اچانک سے اس کے سامنے آئی تھی۔

مایا ابھی تک نہیں آئی تھی شاید وہ آنے ہی نہیں والی تھی وہ عائلہ سے نظریں نہیں ہٹا سکا نجانے کیا تھا جب بھی وہ عائلہ کو دیکھتا اس کا نظریں ہٹانا مشکل ہو جاتا تھا۔

اسکے کئی پل عائلہ کو دیکھنے میں صرف ہو گئے تھے اور عائلہ خود پہ کسی کی نظروں کی تپش محسوس کرتے یہاں وہاں دیکھنے لگی اس وقت وہ فزا سے باتیں کر رہی تھی یرمان ملک پہ اس کی نظر پڑی ہی نہیں تھی اور یرمان وہاں سے نکل گیا کیونکہ اس کو ڈیڈ کی کال آ رہی تھی۔

ان کی آفس میں میٹنگ کینسل ہو گئی تھی کیونکہ جس فاران میمبرز کے ساتھ ان کی میٹنگ تھی وہ آج شاید آئے نہیں تھے جس کی وجہ سے وہ فری تھے تو اُنہوں نے یورنیورسٹی آنے کا فیصلہ کیا تھا۔

یرمان کا ارادہ یہ بات ابرش کو بتانے کا تھا لیکِن بتا نہیں پایا اوَر اپنے دوستوں کی طرف چلا گیا۔

.....

ضامن کافی سارا کام نمٹا چکا تھا اس کو آیسے فنکشنز سے ہمیشہ الرجی ہوتی تھی اس نے کبھی جوائن نہیں کیے بہت کم ہی کرتا تھا لیکن یہاں تو وہ سٹاف ممبرز میں شامل تھا اوَر اس کو یہ کام کرنا ہی تھا عائلہ اپنی دوست کے ساتھ تھی جس کی وجہ سے وہ کچھ مطمئن تھا۔

اس کو ملازم نے بتایا کہ عائلہ اس کوہال کے اندر بلا رہی ہے ضامن حیران ہوا بھلا عائلہ ہال کے اندر کیا کر رہی تھی وہ بھی اس ٹائم وہ تو فزا کے ساتھ تھی پھِر ایسے بلایا کیوں کال کر لیتی آگر کوئی کام تھا اس کو تو لیکن ایسے بلانا

۔۔اس نے عائلہ کو کال کی لیکن ریسیو نہیں ہوئی ملازم اس کو میسج دے کر وآپس چلا گیا تھا۔

اب وہ سوچ میں پڑ گیا تھا کہ جائے یا نہیں عائلہ کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی صبح وہ روک نہیں سکا خود کو اور چلا گیا تھا ہال میں اگر عائلہ فون اٹھا لیتی تو پھر اس نے ہال کے اندر نہیں جانا تھا جگہ کافی عجیب سی تھی عائلہ یہاں کر کیا رہی تھی وہ یہ سوچنے لگا اب آندر نہیں جاتا تو اس کو ٹینشن بنی رہتی کہ نجانے کیا وجہ تھی وہ چلا آیا تھا۔

اس نے اندر قدم رکھا تو وہاں کسی کو نہ پاتے وہ مزید گھبرا یا عائلہ نہیں تھی یہاں یہ ہال اکثر بند رہتا تھا کوئی مین تقریب ہوتی تو کھلتا ورنہ ہال کا باہر والا ایریا ہی یوز ہوتا تھا۔

"ولکم پروفیسر جی۔۔۔!؛" ابرش اچانک سے ضامن ملک کے سامنے آئی تھی وہ اس وقت وائٹ کلر کی مکسی میں تھی جس کی سیلوز نہیں تھیں آور گلہ بھی کافی گہرا تھا وہ یہاں کیا کر رہی تھی۔

کیا عائلہ اس کے ساتھ تھی ایک پل کے لیے اس کے دل میں یہ خیال آیا لیکن عائلہ کیسے ابرش کے ساتھ ہو سکتی تھی وہ تو فزا کے ساتھ تھی۔

لیکِن ملازم نے یہی بتایا اسے کیا ضرورت تھی ملازم کو ایسے اس سے جھوٹ بولنے کی۔

"مس ملک آپ یہاں کیا کر رہی ہیں۔۔۔" اس نے آس پاس دیکھا وہاں اوُر کوئی نہیں تھا عائلہ نہیں تھی اس نے ایک پھر سے عائلہ کا نمبر ملایا لیکِن اس نے اٹھایا ہی نہیں آگر یہاں عائلہ ہوتی تو اس کا سیل فون ضرور بجتا۔

"سر جی آپ سوال بہت کرتے ہیں۔۔۔؟!" وہ ایک سٹایل سے چلتے ضامن کے پاس آئی اس کے وجود سے اٹھ رہی مہک ضامن کو اپنے حواسوں پہ چھائی محسوس ہوئی تھی وہ اس وقتِ ہال میں کیا کر رہی تھی عائلہ کی جگہ یہ یہاں کیوں تھی بہت سے سوال اس وقتِ ضامن کے دماغ میں چل رہے تھے جن کا جواب اس کو چاہیے تھا ابرش کا یہاں ہونا ہی ایک سوالیہ نشان تھا جس کا جواب اب اس کو ابرش ہی دے سکتی تھی۔۔۔۔۔

"کیا کر رہی ہیں یہاں۔۔۔؟" سرد مہری سے استفسار کیا تھا ابرش نے بمشکل مسکراہٹ ضبط کی تھی اس کے مسکرانے سے اس کے گال پہ بنتا ڈمپل اس پل ضامن نے لب بھینچ لیے تھے۔

"سر جی آپ۔۔۔"

"شٹ اپ مس ملک۔۔۔" وہ دھاڑا کب تک برداشت کرتا یہ لڑکی اوَر اس کی حرکتیں اب اس کو سلگا گئی تھی کیوں کر رہی تھی ابرش اس وقت ایسی باتیں اس کا حلیہ اوَر یہاں موجودگی کی وجہ ضامن سمجھ نہیں پایا اس پل وہ ابرش کو یہاں ایکسپیکٹ نہیں کر رہا تھا شاید۔

"اتنا غصہ افف تھوڑا بچا کر رکھیں سر جی کام آئے گا آپ کا ویسے بھی۔۔۔" وہ بولتے بولتے رکی کیونکہ ضامن واپس جانے لگا وہ ابرش کے منہ لگنا ہی نہیں چاہتا تھا اس کو عائلہ سے بات کرنی تھی جو کال ہی نہیں اٹھا رہی تھی۔

"سر جی اب آ گئے ہیں آپ تو جا نہیں سکتے ہیں یہاں آپ کو رکنا ہی پڑے گا۔۔۔" وہ پیچھے سے ضامن کو ہگ کرتے اس کے پیٹ کے گرد اپنے ہاتھوں کا حصارِ بناتے بولی ضامن کو اس کی نازکی اپنی پشت سے ٹچ ہوتی

محسوس ہوئی یہ لڑکی بہت ایڈوانس تھی کیسے بے باکی سے اس کی پشت تھام گئی تھی۔

"مس ملک یہ کیا بد تمیزی ہے۔۔۔؟" وہ اس کو ایک جھٹکے سے سیدھا کرتا اپنے سامنے کر گیا تھا۔

"یہ تو کچھ بھی نہیں ہے سر جی اصل بد تمیزی تو میں ابھی شروع کروں گی اور وہ بھی اتنی شاندار کہ آپ حیران ہو جائیں گے۔۔۔" وہ پر اسرار انداز میں مسکرائی اور ضامن کی سمجھ میں اس کی کوئی بات نہیں آرہی تھی۔

"مس ملک لگتا ہے آپ نیند میں چل کر یونیورسٹی آگئی ہیں آپ کو ریسٹ کی ضرورت ہے۔۔۔" وہ جتنا ابرش کو خود سے دور کرنے کی کوشش کرتا وہ مذید اس کے ساتھ چپک رہی تھی۔

"سر جی آپ کی طعیبت ٹھیک نہیں لگ رہی مُجھے۔۔۔!؛"وہ تھوڑا اوپر ہوئی اوُر اس کے ہونٹوں پہ لگی لپسٹک ضامن کی گردن پہ آپنا نشان چھوڑ گئی ضامن نے اُسے خوُد سے دور کیا اس کا لمس بچھو کی طرح خوُد کو محسوس ہوا اپنے وجودِ پہ۔

"مس ملک آپ نے جھوٹ کیوں بلوایا ملازم سے۔۔۔؟"ابرش یہاں موجود تھی تو اس کا یہی مطلب تھا کہ ملازم کو اس نے ضامن کے پاس بھیجا ہو گا وہ خود تو آنے سے رہا اوُر عائلہ کو کسی نے دیکھا ہوا ہی نہیں تھا اس کے ساتھ تو کسی کو معلوم ہی نہیں تھا کہ عائلہ اور ضامن کا آپس میں کیا رشتہ ہے۔۔۔۔۔

"میں یہی سوال ایکسپلٹ کر رہی تھی آپ سے!؛"وہ پھر مسکرائی اس کا ڈمپل وہ آج بلاوجہ اپنا ڈمپل شو کر رہی تھی بار بار۔

"شٹ اپ مس ملک یہاں بلانے کی ضرورت کیوں پیش آئی آپ کو جانتی ہیں یہ کتنی غلط حرکت ہے یہ ہال کا اندرونی حصہ ہے یہاں کوئی بھی نہیں آتا ہے اور آپ عقل سے پیدل ہیں جو یہاں مُجھے دھوکے سے بلایا آپ کو تمیز چھو کر بھی نہیں گزری ہے۔۔۔"وہ دھاڑا غصہ خطرناک حد تک بڑھ گیا تھا ابرش کی یہ حرکت اور اوپر سے اس کا یہ مان لینا کہ ضامن کو اس نے ہی یہاں بلایا ہے ضامن کے غصے کو ہوا دے گیا تھا۔

"دھوکے سے آپ تو یوں شو کر رہے ہیں جیسے میں آپ کی گرل فرینڈ ہوں آور آپ کو زبردستی کڈنیپ کیا ہے میں نے۔۔۔"ضامن کے غصے کی زیادتی سے سرخ ہوتے چہرے پہ نظریں گاڑے ہی ابرش بولی تو ضامن نے اس کو دھکا دیتے سائیڈ پہ کرنے کی کوشش کی تھی۔

"کوئی ہے مُجھے بچاؤ۔۔۔یہ میرے ساتھ۔۔۔۔کوئی ہے پلیز۔۔۔۔۔"ضامن وہاں سے جاتا کہ بوکھلاہٹ میں ابرش کو کچھ بھی سمجھایا نہیں آیا ضامن یہاں سے چلا جاتا تو اس کا پلان ناکام ہو جاتا بار بار ہار اس کے ہی حصے میں کیوں آ رہی تھی وہ ہزیانی ہوتے چلائی تھی اس کی آواز دور تک جا رہی تھی۔

ایک تو یہ حصہ تھا خاموش سا اوئر شور نہ ہونے کی وجہ سے آواز گونجنے لگی ضامن کو ابرش کا ایسے چلانا مذید غصہ دلا گیا۔

"یہ کیا بد تمیزی ہے کیوں چلا رہی ہو۔۔۔"وہ غرایا ابرش ابھی تک اس کے ساتھ چپکی ہوئی تھی لیکِن آواز اس کی دور تک گئی تھی وہ خاموش ہو گئی ایک پل کے لیے اس کو سمجھ نہیں آیا وہ کیا کر چکی ہے اس کو ضامن کو سب کی

نظروں میں گرانا تھا وہ خود کیسے اس کو ہال کے آندر قدموں کی آہٹ سنائی دی۔

"سر۔۔۔" وہ گھبرائی سی ضامن کے سینے سے جا لگی ضامن اس کو خود سے دور کرتا کہ وہ مذید مضبوطی سے ضامن کا ہاتھ تھامتے اس کے قریب ہو گئی اوُر عین اسی لمحے ہال کا دروازہ کھولتے کوئی اندر آیا تھا۔۔۔

وہ اکیلا نہیں تھا ساتھ اوُر بھی بہت سے لوگ تھے یہ سٹاف میں سے ہی ایک پروفیسر تھے جو غالباً یہاں سے گزر رہے تھے جب ان کے کانوں میں ابرش کی آواز۔۔۔۔ کوئی ہے مُجھے بچاؤ۔۔۔ یہ میرے ساتھ۔۔۔ کوئی ہے پلیز۔۔۔۔" ٹکرائی وہ وہاں کام کرتے لوگوں کے ساتھ اندر آ گئے تھے لیکن سامنے کا منظر ان کے لئے نا قابلِ یقین تھا۔

ابرش ملک کو کون نہیں جانتا تھا قیوم ملک کی بیٹی تھی جن کا نام یورنیورسٹی کے سارے سٹاف کو پتہ تھا واقف تھے وہ قیوم ملک سے لیکن جو منظر وہ دیکھ رہے تھے اس پہ یقین کرنا مشکل تھا ضامن کے اتنے قریب ابرش اور ابرش کا بکھرا حلیہ۔

قیوم ملک جو کہ اسی وقت یورنیورسٹی میں آئے تھے ادھر لوگوں کو جمع دیکھتے وہ پرنسپل صاحب کے ساتھ جو ان کا استقبال کر رہے تھے ہال کی طرف آ گئے تھے لیکن جب اپنی بیٹی کو یوں کسی کی بانہوں میں دیکھا تو ان کے مضبوط قدم لڑکھڑائے تھے۔

یہ ان کی ابرش تھی کسی اور کے ساتھ ضامن کوشش کے باوجود بھی ابرش کو خود سے الگ نہیں کر پا رہا تھا وہ مضبوطی سے اس کی جیکٹ تھامے ہوئے تھی۔۔

"مس ملک۔۔۔!؛"ضامن مذید کچھ بولتا کہ نظریں ہال کے دروازے پہ پڑی یہاں اتنے سارے لوگوں کو دیکھتے اس نے ابرش کو خود سے دور کرنا چاہا لیکن ناکام رہا قیوم ملک آنکھوں میں شعلے لیے ضامن عباس کی طرف بڑھے تھے ضامن کو دھکا دیا تھا وہ لڑکھڑایا لیکن خود کو مشکل سے گرنے سے روکا اور دوسری طرف ابرش کر قدموں سے زمین کسکی تھی اپنے ڈیڈ کو دیکھ کر وہ اتنے جلدی کیسے آگئے یہ کیا ہو گیا تھا اس سے ڈیڈ کے چہرے پتھریلے تاثرات اس کو کچھ غلط ہونے کی گواہی دے رہے تھے۔

ابرش کا دل سوکھے پتے کی طرح لرزا تھا آنکھیں شدت گریہ سے بہنے لگی تھی یہ وہ کیا کر چکی تھی پہلے اس کی ڈیڈ سے بات ہوئی تھی انہوں نے اس کو بتایا تو نہیں کہ وہ اتنی جلدی آرہے تھے اس کو پتہ ہوتا تو کبھی نہ کرتی ایسا۔

ضامن کو بدنام کرنے کے چکر میں وہ اپنا کردار بھی سب کے سامنے مشکوک بنا چکی تھی ڈیڈ تو اب اس بات کو آیسے جانے بھی نہیں دینے والے تھے۔

"بچی کی چیخنے کی آوازیں سنائی دی مجھے جیسے یہ پروفیسر اس کے ساتھ زبردستی کر رہا ہو میں تو گزر رہا تھا یہاں سے خود کو روک نہیں سکا اور سامنے کا منظر دیکھا تو۔۔۔"جو پروفیسر ابرش کی آواز سن کر اندر آئے تھے وہ قیوم ملک کے سامنے نمبر بنانے کے چکر میں یہ سب بول گئے تھے کیونکہ یہاں سبھی کو معلوم تھا کہ قیوم ملک کے لیے ان کی بیٹی کتنی اہمیت رکھتی ہے وہ بیٹی سے کتنی محبت کرتی ہیں یہ بات تو کسی سے ڈھکی چھپی نہیں تھی۔

شاید یہ نیا آیا پروفیسر اس بارے میں کچھ نہیں جانتا تھا ورنہ ابرش کے آس پاس بھی نہیں بھٹکتا۔

"تمھاری ہمت کیسے ہوئی میری بیٹی کے ساتھ یہ سب کرنے کی؟ بولو دو ٹکے کہ پروفیسر اوقات کیا ہے تمھاری۔۔۔؟" قیوم ملک تو آپے سے باہر ہوئے تھے۔

ابرش نے سسکی روکتے اپنے ہاتھوں پہ ہاتھ رکھا دیکھتے ہی دیکھتے ساری یورنیورسٹی ہی ہال میں جمع ہوگئی تھی ہر جگہ ہر ڈیپارٹمنٹ میں یہ خبر پہنچ گئی تھی عائلہ اور فزا بھی آگئی تھیں وہاں لیکن ضامن کو دیکھتے عائلہ نے نفی میں سر ہلایا اس کا بھائی ایسی کوئی حرکت نہیں کر سکتا تھا وہ آچھے سے جانتی تھی پر سامنے جو نظر آرہا تھا وہ۔

یرمان وہاں پہنچا تو اپنی بہن کی حالتِ دیکھتے اُس کا حال بھی قیوم ملک سے مختلف نہیں تھا۔

"آپ اپنی بیٹی سے پوچھیں وہ۔۔"

"خبر دار جو تم نے اپنی گھٹیا زبان سے میری بیٹی کا نام بھی لیا تو حیثیت کیا ہے تمھاری میری بیٹی کے ساتھ۔۔۔ تم ایک استاد ہو زرا شرم نہیں یہ سب کرتے حالت دیکھو میری بیٹی کی۔۔۔ تمھیں میں چھوڑوں گا نہیں۔۔۔۔ کسی بھول میں مت رہنا۔۔۔" وہ اس پل کسی کے قابو میں نہیں آ رہے تھے۔

پرنسپل صاحب الگ پریشانی سے یہ ساری صورتحال دیکھ رہے تھے یہ ان کی یورنیورسٹی کی ساخت کا سوال تھا اگر بات باہر نکل جاتی اور میڈیا تک پہنچ جاتی تو ان کی یورنیورسٹی کی ریپٹیشن خراب ہو جاتی قیوم ملک جس قدر طیش میں لگ رہے تھے ان سے کوئی امید نہیں تھی کہ وہ کچھ بھی کر دیتے جو بھی تھا ان کو خؤد ضامن پہ اتنا تو اعتبار تھا کہ وہ آیسا ویسا کچھ نہیں کر سکتا ہے۔

"نہیں آپ جھوٹ بھول رہے ہیں میرے بھائی ایسا کچھ نہیں کر سکتے ہیں مجھے خود سے زیادہ یقین ہے اپنے بھائی پہ آپ اپنی بیٹی سے کیوں نہیں پوچھتے ہیں جو سر جھکائے کھڑی ہے۔۔۔"سب کو خاموش تماشائی بنے دیکھ کر عائلہ خاموش نہیں رہ سکی تھی وہ بھول گئی تھی یہاں اس کے اور ضامن کے رشتے سے ہر کوئی ناواقف تھا کوئی بھی نہیں جانتا تھا کہ وہ اور ضامن بہن بھائی ہیں۔

"عائلہ۔۔۔"ضامن عائلہ کی طرف بڑھا وہ جیسے تیسے کر کے یہ معاملہ سنبھال لیتا لیکن عائلہ کو وہ ان لوگوں کی نظروں میں نہیں آنے دینا چاہتا تھا

۔

"کیا مطلب ہے تمھارا سب کچھ سامنے ہے تمھارے بھائی نے یہاں تنہائی میں میری۔۔۔بہن۔۔۔۔"یرمان پہلے تو حیران ہوا یہ لڑکی ضامن کی بہن

تھی لیکِن پھر غصہ آیا اس کو کہ یہ لڑکی ایک لڑکی ہو کر دوسرے لڑکی کا ساتھ دینے کے بجائے اپنے بھائی کی حمایت میں بول رہی تھی یرمان آگے بڑھا تھا اوَر اس سے پہلے کہ وہ ضامن کو تھپڑ مرتا ضامن نے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا وہ کیسے برداشت کرتا جب اس نے کچھ کیا ہی نہیں تھا تو کیوں وہ خاموش رہتا اوَر ابرش اس کو شدید نفرت محسوس ہوئی تھی اس وقتِ ابرش

۔

کتنی گھٹیا لڑکی تھی اب کیسے مظلوم بن رہی تھی جیسے ریپ وکٹم ہو وہ اور ضامن۔ کوئی ظالم انسان۔

"اپنی بہن سے پوچھو کیوں بلایا مُجھے یہاں۔۔۔؟" اس نے یرمان کو کہا لیکن نظریں ابرش پہ تھیں جس کی آنکھوں سے آنسو بہتے اب اس کے رخساروں کو بھگو چکے تھے۔

"میری بہن کا نام مت لینا تم۔۔۔۔"یرمان نے اس کا گریبان پکڑا وہ دونوں آپس میں گتھم گتھا ہو گئے تھے اور باقی سب خاموش عائلہ کے تو آنسو ہی نہیں رک رہے تھے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیسے اپنے بھائی کو بچائے اس لڑکی کی گھٹیا پلاننگ سے۔۔

عائلہ تو کب سے فزا کے ساتھ تھی فون بیگ میں تھا اس نے ایک بار بھی نہیں دیکھا ورنہ ضامن کی کالز کے بارے میں معلوم ہو جاتا۔

"یرمان خاموش ہو جاؤ ابرش آپ بتاؤ کیا کر رہی تھی آپ یہاں؟ کس نے بلایا آپ کو ہال میں؟"ضامن کا بار بار ایک ہی بات کرنا قیوم ملک کو بہت کچھ سوچنے پہ مجبور کر رہا تھا ضامن ڈر نہیں رہا تھا نہ ہی گھبرایا تھا بلکے اس کے چہرے پہ غصے تھا جیسے اس کے خلاف کچھ آیسا سامنے آیا ہو جو اس نے کیا ہی نہیں ہو.

"ڈیڈ۔۔۔" ابرش کو اپنے ڈیڈ سے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ یوں سب کے سامنے اس سے پوچھیں گے سچویشن اس سچویشن سے بہت مختلف ہو گئی تھی جو اس نے پلان کی ہوئی تھی سب کی یہاں موجودگی اوٗر ضامن کا غصہ یرمان بھی تھا یعنی اب سب لوگ بات کی تہہ تک جانے کی کوشش کرتے۔

"پوچھیں اپنی بیٹی سے!؛ کیوں جھوٹ بول کر بلوایا مجھے یہاں ہال میں؟ اوٗر ۔۔۔۔۔"

"شٹ اپ۔۔۔!" ضامن یوں بھرے مجمعے میں اس کی بہن پہ الزام لگا رہا تھا یرمان کی برداشت سے باہر ہوا تو ضامن کو زوردار پنچ مارا بدلے میں ضامن یرمان پہ وار کرتا کہ درمیان میں پرنسپل صاحب بول پڑے تھے وہ مزید ہنگامہ افورڈ نہیں کر سکتے تھے۔

"مجھے لگتا ہے ہمیں معاملے کی تہہ تک جانا چاہیئے پروفیسر ضامن ایک مہینے میں اپنی ریپوٹیشن کافی اچھی بنا چکے ہیں ہو سکتا ہے جو نظر آرہا ہو بظاہر ایسا کچھ ہو ہی نہ کبھی کبھی آنکھوں دیکھا سب کچھ غلط بھی تو ہو سکتا ہے۔۔۔" پرنسپل صاحب قیوم ملک کو دیکھتے بولے جو کسی گہری سوچ میں ڈوبے ہوئے تھے شائد وہ بھی یہی سوچ رہے تھے۔

ان کی نظریں عائلہ پہ تھیں آور پھر انہوں نے یرمان کو دیکھا تھا۔

"بھلے یہ سب سچ نہ ہو لیکن جو تماشا ہو چکا ہے اسے نہیں بھولا سکتا ہوں میں اس لڑکے کو اپنے کیے کا ہرجانہ بھرنا ہی پڑے گا۔۔۔" وہ دل ہی دل میں پلان بناتے عائلہ کو دیکھ رہے تھے وہ ضامن کے پیچھے ہو گئ تھی قیوم ملک کی نظروں سے وہ گھبرا گئ تھی۔۔۔۔۔

"آپ بلائیں اس ملازم کو جس نے مجھے یہ میسج دیا تھا کہ میری بہن مُجھے ہال میں بلا رہی ہے جب کی یہاں ابرش ملک موجود تھی۔۔۔اور یہ سب کچھ آپ کی بیٹی نے کیا ہے مسٹر ملک۔۔۔"وہ عائلہ کی ڈھال بن گیا تھا قیوم ملک نے بے ساختہ ابرش کو دیکھا جس کی نیلی آنکھوں میں نمی تھی وہ اپنے ڈیڈ کو دیکھتے نفی میں سر ہلا رہی تھی۔۔۔

اس پل ڈیڈ کو اگر سچائی معلوم پڑ جاتی تو۔۔۔؟"

"میرے خیال میں اُس ملازم کو بلانے میں کوئی قباحت نہیں ہے ہو سکتا ہے اُسے غلط فہمی ہو گئی ہو اور اس نے غلطی سے کسی اوُر کا نام لیا ہو۔۔۔"پرنسپل صاحب ابرش کو فیور دے رہے تھے۔

کچھ ہی دیر میں ملازم وہاں آ گیا تھا وہ وہی تھا جس کو ابرش نے میسج دیا تھا ضامن کو ہال میں بلانے کا وہ کافی گھبرایا ہوا تھا اس نے ضامن کو دیکھا ابرش

ملک کو وہ جانتا تھا لیکن عائلہ کو نہیں درمیان کے معاملے سے بھی وہ انجان تھا اس نے بس وہی لفظ دہرا دیئے جو اس کو ابرش نے بولے۔

"بتاؤ کیا کہا تھا تم نے مجھ سے۔۔۔!؛" ضامن عائلہ کو پیچھے کرتے ملازم کے سامنے آیا تھا۔

"سر میں نے تو آپ سے کچھ بھی نہیں کہا تھا۔۔۔ہاں بس آپ کو دیکھا تھا ہال میں آتے شائد آپ ان کے پیچھے آرہے تھے یا۔۔۔"

"شٹ اپ سچ بتاؤ سب کو۔۔۔!؛" ضامن کو اس انسان اس قدر مکر جانے کی امید ہرگز نہیں تھی وہ تو صاف صاف ہی بات کو رد کر گیا تھا۔

ملازم نے اسی ٹائم کھڑے کھڑے پلان بنایا تھا کہ وہ ابرش کا ساتھ دے گا ادھر سے اس کو فایدہ ہو سکتا تھا ضامن کی بات پہ ویسے بھی کوئی یقین نہیں

کر رہا تھا۔ ملازم کی بات سنتے ابرش نے جھٹکے سے سر اُٹھایا یہ ملازم آخر اس کی مدد کیوں کر رہا تھا خیر جو بھی تھا اس وقتِ سب سے اہم تھا کہ ڈیڈ کو اس بات کا یقین ہو کہ یہ سب ابرش کے ساتھ ہوا ہے اور کیا ضامن نے ہے ورنہ آگر اس کی سچائی سامنے آتی تو بہت برا ہوتا۔

"آپ اس کو ہرس نہیں کر سکتے ہیں پروفیسر ضامن آپ کے کہنے پہ ہم نے اس ملازم کو یہاں بلایا اب اپنے کیے پہ پردہ ڈالنے سے بہتر ہے قبول کرو آپ کی نیت ٹھیک۔۔۔" ادھیڑ عمر پروفیسر نے ضامن کو دیکھتے طنزیہ لہجے میں بولے تھے۔

"یہ جھوٹ ہے۔۔۔"

"پروفیسر اب تم دیکھنا میں کیا کرتا ہوں تیرے ساتھ۔۔۔تو نے میری بہن پہ بری نظر رکھی۔۔۔ تیری ہمت کیسے ہوئی۔۔۔۔۔"یرمان مزید برداشت نہیں کر سکا اب تو سب واضح ہو رہا تھا۔

"تمھیں بڑی غیرت جاگ رہی ہے اس وقتِ اوَر معلوم ہے اپنی بہن کی حرکتیں۔۔۔"ضامن سر تا پا سلگ گیا تھا یہ لڑکا اب کیوں بھڑک رہا تھا اور ابرش سب سے زیادہ غصہ تو ضامن کو ابرش پہ آیا تھا کیسے معصوم بن کر کھڑی تھی وہ اتنا کچھ کر کے کاش کہ وہ یہاں آتا ہی نہیں۔

ضامن سب سٹوڈنٹس کی نظریں خوَد پہ محسوس کر رہا تھا یقیناً سب کو ابرش سے ہمدردی ہو رہی تھی اور سوائے اس کی بہن کے اور کوئی نہیں بولا تھا۔

"شٹ اپ میری بہن کا نام لینا ورنہ مت بول تیری بھی بہن ہے اور وہ بھی جوان۔۔۔"یرمان نے ایک کینہ توڑ نظر عائلہ پہ ڈالی جس کا نقاب پوری طرح سے آنسوؤں سے بھیگ چکا تھا وہ سسک رہی تھی۔

زندگی میں پہلی بار وہ لوگ ایسی صورتحال کو فیس کر رہے تھے اس سے تو بہتر تھا کہ وہ لوگ حیدرآباد ہی رہتے وہاں کم سے کم ایسا تو کچھ نہیں ہوا ان کے ساتھ جو یہاں ایک ہی مہینے میں ہو گیا۔

وہ روتے سب کو دیکھ رہی تھی ابرش نے کیا تھا یہ سب لیکن کیوں پہلے اس کے پیچھے پڑی تھی اور اب یہ سب آخر ایک لڑکی اتنا کیسے گر سکتی تھی کہ خوُد کی عزت کا خیال بھی نہیں کیا اس نے اور ساتھ کس کے تھی اپنے پروفیسر کے۔

"خبر دار جو میری بہن کا نام بھی لیا۔۔۔"ضامن کے تو سر پہ لگی تلوے پہ بجھی تھی یرمان کے لبوں سے اپنی بہن کا نام سنتے بھلے اس نے عائلہ کا نام نہیں لیا تھا لیکِن بات تو وہ اس کی بہن کے بارے میں ہی کر رہا تھا ضامن کا دل چاہا وہ اس یرمان کی زبان کھینچ لے جس نے اس کی بہن کو غلط نظر سے دیکھا تھا۔

"یہ خیال تجھے پہلے کیوں نہیں آیا جب میری بہن پہ غلط نظر ڈالی تو نے۔۔۔"وہ پھر سے گتھم گتھا ہو گئے اوَر قیوم ملک آگے بڑھتے ان کو ایک دوسرے سے الگ کرتے وہ خاموشی سے ان کو دیکھنے لگے ایک بار بھی انہوں نے ابرش سے بات نہیں کی تھی یہ بات وہ سہن نہیں کر پا رہی تھی کیا ڈیڈ کو ابھی تک اس پہ شک تھا وہ تلملاتے سوچ رہی تھی یہ اچھا تھا کہ ملازم نے اس کا ساتھ دیا ورنہ کیا کرتی وہ۔۔

"تیری بہن ہے۔۔۔"ضامن بھی اس وقت تمیز بھول گیا تھا اور یرمان ملک غصے میں پہلے ہی کسی کی کہاں سنتا تھا اب معاملہ مذید گرم ہو گیا تھا قیوم ملک نے ایک زور دار تھپڑ مارا تھا ضامن عباس کو۔

"ابھی میں بتاؤں گا کہ کیا کرنا ہے تمھارے ساتھ میری بیٹی پہ غلط نظر رکھی تم نے۔۔۔"وہ نجانے کیا سوچے بیٹھے تھے۔

"سر میرے بھائی ایسا نہیں کر سکتے ہیں۔۔۔!؛"عائلہ آگے آئی تھی اُس دن یہ آدمی اس کو ٹھیک لگا تھا اور بات کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں تھی۔

"تمھیں لگتا ہے میں جھوٹ بول رہی ہوں۔۔۔"ابرش عائلہ کے سامنے آتے اس کو ایک تھپڑ مارا تھا وہ لڑکھڑاتے گری تھی ضامن آگے بڑھا تھا وہ کیسے اپنی اپنی بہن کو اس بد تمیز لڑکی کے قریب برداشت کر سکتا تھا۔

"عائلہ۔۔۔!؛" وہ اس کے قریب آتے اس کو سہارا دیتا کہ قیوم ملک نے عائلہ کو اپنی طرف کھینچا تھا وہ دل ہی دل میں جو سوچ رہے تھے وہ تھوڑا مشکل تھا لیکِن آگر آیسا ہو جاتا تو ان کا ہی فایدہ تھا۔

"میری بہن سے آپ لوگوں کا کیا کام؟" وہ بھڑک گیا عائلہ سسک رہی تھی مچلتے ضامن کی طرف جانے کی کوشش کی لیکن قیوم ملک نے اُسے آیسا کرنے نہیں دیا تھا۔

"جو تم میری بیٹی کے ساتھ کرنے کی کوشش کر رہے تھے وہ اگر تمھاری بہن۔۔۔"

"زبان سنبھال کر بات کریں آپ۔۔۔ میری بہن کے بارے میں ایسی بکواس کرنے کی ہمت کیسے کی آپ نے شاید آپ اپنی بیٹی کی حرکتوں سے

واقف نہیں ہیں حلیہ دیکھیں اپنی بیٹی کا۔۔۔"اس کا اِشارہ ابرش کی ڈریسنگ کی طرف تھا جو کافی بولڈ ڈریس پہنے ہوئے تھی۔۔۔

"تمھیں کیا مسئلہ ہے میری بہن سے وہ جو مرضی کرے تم نے تو اپنی اصلیت رکھادی ناں۔۔۔"یرمان عائلہ عباس کو دیکھ رہا تھا۔

"ملک صآحب غصہ ضبط کریں پلیز یہاں اتنے لوگ ہیں اگر بات باہر نکلی تو آپ کو نقصان ہو گا ابرش کے کردار کا سوال ہے ضامن آپ کو یہ حرکت کرنے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا آپ یہاں از اپروفیسر کام کرتے ہیں اور یہ سارے سٹوڈنٹس آپ کے کیا لگتے ہیں۔۔۔"پرنسپل صاحب کو ایک طرف یہ فکر تھی کہ کہیں قیوم ملک ناراض نہ ہو جائیں دوسرا اس بات کے پھیلنے سے وہ پریشان تھے۔

"اس پروفیسر نے جو کیا ہے اس کی بس ایک ہی سزا ہے اور وہ سزا۔۔۔"

"میں نے کچھ بھی نہیں کیا ہے اور نہ میں آپ کا کوئی فضول فیصلہ ماننے والا ہوں مجھے یہاں نوکری نہیں کرنی ہے۔۔۔"ضامن نے جیسے تیسے سہی عائلہ کی کلائی پکڑ لی تھی جو سسکتے اس کے سینے میں منہ چھپا گئی تھی۔

"نوکری نہیں کرنی تمھارے تو اچھے بھی کریں گے لیکن ابھی تمھارا نکاح ہو گا ابرش سے۔۔۔"یہ محض ایک جملہ نہیں تھا کوئی بم تھا جو سب کے سروں پہ گرا تھا ابرش نے بے یقینی سے اپنے ڈیڈ کو دیکھا تھا یہ وہ کیا کہہ رہے تھے۔

"ڈیڈ نہیں۔۔۔"

"خاموش ابرش۔۔۔میں کوئی ایکسکیوز نہیں سنوں گا یہ نکاحِ ابھی اور اسی وقت ہو گا۔۔۔!؛"وہ بہت سوچ وبچار کے بعد اس فیصلے پہ پہنچے تھے یہ اچھا تھا ضامن ابرش کے ساتھ جو کرنے کی کوشش کر رہا تھا وہ تو ایک طرف لیکِن اب وہ مکر رہا تھا۔

ابرش یہاں اس جگہ کر کیا رہی تھی کیوں آئی تھی یہاں اور اکیلی تھی یہ آیسے سوال تھے جو ان کے دماغ میں جنم لے رہے تھے لیکن یہ وقت ایسی باتوں کا نہیں تھا ان کو ایک ایسا فیصلہ کرنا تھا جس سے ابرش کا فیوچر سکیور ہو جاتا۔

"آپ کو لگتا ہے میں آپ کی بات مانوں گا اور آپ کی اس بیٹی سے نکاح کروں گا تو یہ آپ کی بھول ہے ایسا کچھ بھی نہیں ہو گا جب میں نے کچھ کیا ہی نہیں ہے تو کیوں میں یہ کروں۔۔۔"ضامن کبھی ابرش سے نکاح کی حامی نہیں بھر سکتا تھا اس لڑکی کو وہ کبھی اپنا لائف پارٹنر بنانے کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا یہ لڑکی تھی اس قابلِ کہ وہ اس کو نکاح جیسے پاک بندھ کا نام پہ اپنا لیتا۔

ہاں حالات مختلف ہوتے تو وہ اس بارے میں سوچ سکتا تھا لیکِن جو ابرش کر چکی تھی اس کے بعد اس لڑکی کے بارے میں آیسا سوچنا حمقانہ تھا چاہے جو بھی ہو جاتا وہ انکار ہی کرنے والا تھا۔

••••••

مایا آج یونیورسٹی نہیں گئی تھی اس کا دل ہی نہیں چاہا تھا یرمان کے لئے جانا چاہتی تھی لیکن اس نے رات کو گھر آنے سے منع کیا تو مایا کا موڈ آف ہو گیا ایک تو اتنے دنوں کے بعد پاکستان آیا تھا اوُر اس سے ملا ہی نہیں اس کو دوستوں نے بتایا تھا کہ رات کو یرمان کلب آیا تھا لیکن اس کو وہ منع کر چکا تھا مایا کو دکھ بھی ہوُا اوُر غصہ بھی بہت زیادہ آیا لیکن ابھی وقت تھا خوُد پہ ضبط کرنے کا۔

وہ نائٹ ڈریس میں موجود تھی دن کے بارہ بج چکے تھے لیکن وہ ابھی تک سو رہی تھی رات تقریباً تین بجے مایا واپس آئی تھی کلب سے اور ابھی تک سو رہی تھی مام آئی تھیں اس کو جگانے لیکن اس نے روم کا دروازہ لاک کیا ہوا تھا۔

اب اس کی آنکھ کھلی اس نے سب سے پہلے فون چیک کیا کہ کہیں یرمان کا کوئی میسج تو نہیں آیا ہوا لیکن اس کو باقی دوستوں کے میسیجز آئے ہوئے تھے نہیں آیا تھا تو بس یرمان ملک کا ہی نہیں آیا تھا وہ ہونٹوں کو بھینچتے ایسے ہی بالوں کو پیچھے سمیٹتے باہر آئی مام لاؤنج میں بیٹھی تھیں ان کے ساتھ آہل بھی موجود تھا یہ اس کے ماموں کا بیٹا تھا اور اس کا بہت اچّھا دوست بھی آج کل پاکستان آیا ہوا تھا ویسے وہ امریکہ میں رہتا تھا۔

"ہائے ایوری ون۔۔۔" وہ صوفے پہ بیٹھتے جمائی روکتے بولی نیند ابھی تک آنکھوں میں موجود تھی۔

"ہیلو یہ کونسا وقت ہے اٹھنے کا مایا؟" اس کی مام جو کہ سیل فون پہ بیزی تھیں اس کو دیکھتے فون ٹیبل پہ رکھتے اس کی طرف متوجہ ہوئی۔

"واٹ مام آپ کب سے اتنی چھوٹی چھوٹی باتوں کو سوچنے لگی ہیں ابھی آنکھ کھلی ہے تو اٹھ گئی ہوں تم کیسے ہو آہل کیا چل رہا ہے۔۔۔" وہ نائٹ ڈریس میں تھی جس کا گاؤن باریک نیٹ کا تھا اور نیچے شارٹ نائٹی آہل کی نظریں اس کے دلکش نشب و فراز سے الجھی تھیں وہ بمشکل اپنی نظروں کا رخ بدل سکا بہت مشکل تھا اس کے لئے۔

"فائن تم تو ملتی ہی نہیں آج کل۔۔۔ کہاں بیزی ہوتی ہو آج کل تو یرمان بھی آؤٹ آف کنٹری گیا ہوا ہے ناں پھر بھی ٹائم نہیں دے رہی ہو۔۔۔" وہ شکوہ کر رہا تھا مایا نے منہ بنایا تھا۔

"تم خوُد بیزی ہوتے ہو میں تو بس سٹڈیز میں ہی لگی رہتی ہوں۔۔۔" اب کیا بتاتی کہ یرمان ملک اس کو کہاں ٹائم دیتا تھا آج کل تو اس کا روُیہ پوری طرح سے بدلا ہوا تھا۔

"سٹڈیز تم جتنی کرتی ہو مُجھے پتہ ہے۔۔۔" وہ اُسے تنگ کرنے لگا تھا مایا نے اس کو گھورا تھا۔

"یرمان تو واپس نہیں آگیا ہے مایا؟" مایا کی مام نے سنجیدگی سے پوچھا بیٹی کا یہ لاپرواہ روُیہ ان کو زرا بھی مناسب نہیں لگ رہا تھا۔

"ہاں آ گیا ہے۔۔۔"مام کی اب نصیحتیں شروع ہو جانی تھیں کہ یہ کرو وہ کرو مایا کیا کچھ نہیں کرتی تھی لیکِن مجال ہے جو یرمان اس پہ اثر ہو۔

"تو تمھیں یونی جانا چاہیے تھا بجائے اس کے تم ابھی تک سوتی رہی۔۔۔؟"لہجہ بے لچک تھا آہل کو لگ رہا تھا کہ پھوپھو غصے میں ہیں اس کو یہاں سے چلے جانا چاہیے حالانکہ اس کا دل کر رہا تھا کی وہ بات کرے مایا سے اس کے ساتھ باہر گھومنے جائے۔

"مام آج سپورٹس گالا ہے۔۔۔!؛"مام کے سوَال پہ وہ دانت پیستے بولی لیکن ان کے ماتھے پہ آئے بلوں میں اضافہ ہی ہوا تھا کم نہیں ہوئے تھے۔۔

"ٹو سٹڈیز تو تم ویسے بھی پوری ہی کرتی ہو کم سے کم یرمان کے ساتھ تو ہوتی اب یہاں بیٹھ کر کی کروں گی ابھی اٹھی ہو پھر نکل جانا کلب۔۔۔"وہ نجانے غصے میں کیوں تھیں آور آہل کو اپنا آپ وہاں مس فٹ لگا وہ اٹھ کھڑا ہوا

پھوپھو نے اس کی طرف دیکھا تک نہیں وہ جانتا تھا کہ پھوپھو کیوں اس سے اکھڑی اکھڑی رہتی ہیں مام وجہ تو اس کو اچھے سے بتا چکی تھیں۔

"آہل کہاں جا رہے ہو لنچ کر لو ہمارے ساتھ۔۔۔" وہ مام کی گھوروں کو نظر انداز کرتے آہل سے مخاطب ہوئی لیکن وہ نفی میں سر ہلانے لگا تھا۔۔

"نہیں مجھے لیٹ ہو رہی ہے آفس جانا ہے پھر مام ڈیڈ سے بات بھی کرنے ہے تو چلتا ہوں۔۔۔۔" پھوپھو کی کینہ توڑ نظروں سے اوجھل ہونے کے لیے اس کو یہاں سے جانا ہی تھا جانتا تھا پھوپھو کو وہ یرمان ملک کیوں پسند تھا یرمان کی دولتِ ان کو نظر آتی تھی لیکِن اپنوں کا خلوصِ نہیں۔

وہ چلا گیا تو مایا کی مام نے بیٹی کو پکڑ کر آپنے سامنے کیا جس کی حرکتیں ان کو پریشان کرنے کے لئے کافی تھیں۔

"مان آپ کی نظروں سے خائف ہوتے آہل واپس چلا گیا ہے آپ کو تھوڑا اپنا بیہو ہر ٹھیک کرنا چاہیے آپ کے بھائی کا بیٹا ہے وہ لیکن آپ کا بیہو ہر۔۔۔۔؟" وہ مام کو کیا کہتی مام ہمیشہ اپنی ہی کرتی تھیں۔

"تم آہل کی فکر کرنے کے بجائے یرمان ملک کی فکر کرو وہ کسی اور کا ہو گیا ناں تو ہم ماں بیٹی ہاتھ ملتے رہ جائیں گے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا ہمارے۔۔۔" وہ بیٹی کو کیسے سمجھاتی۔

"مام یرمان کا رویہ نظر نہیں آتا آپ کو۔۔۔!" وہ مایا سر تھام گئی تھی آج پھر مام اس بات کو لیکر بیٹھ گئی تھیں ان کی نصیحتیں سننے سے بہت بہتر تھا کہ وہ یونیورسٹی چلی جاتی۔۔

"کیا ہوا ہے یرمان کے رویئے کو؟" وہ مایا کے بہانوں سے تنگ آ گئی تھیں یہ لڑکی مجال ہے جو ان کے پلان کو فالو کرتی ہمیشہ اس کی اپنی ہی رٹ ہوتی تھی اور اس کا یہ بحث کرنا ان کو ہمیشہ ہی غصہ دلاتا تھا۔

"مام آپ کو پتہ ہے رات کو میں نے اُسے کال کی اور جب مجھے پتہ چلا کہ وہ پاکستان واپس آ گیا ہے تم میں نے کہا کہ میں مام کے ساتھ اس کی طرف آتی ہوں لیکن وہ انکار کر گیا آپ ہی بتائیں میں نے کچھ غلط کہا مجھے بہت برا لگا تھا مام۔۔۔!؛" وہ اپنے آنسو صاف کرنے لگی ڈیڈ تو شائد بزنس کے چکر میں اس کو بھول ہی گئے تھے بات کرتے تو ان کے ہونٹوں پہ بھی یہی لفظ ہوتے ان کو بھی قیوم ملک کی دولتِ ایڈمائر کرتی تھی۔

"لیکن مایا بیٹا وہ جو کرتا ہے برداشت کرو اس وقت تو کرنا ہی ہے جب تک شادی نہیں ہو جاتی ایک بار شادی ہو جائے پھر سب کچھ ہمارے لیے اچھا ہو گا۔۔۔"وہ بیٹی کی طعیبت سے واقف تھیں۔

"مام میری بھی کوئی سلیف رسپکٹ ہے یرمان کو احساسِ نہیں ہوتا ہے کہ مُجھے ہرٹ کرتا ہے اور سب سے اہم بات کہ اس کو احساس بھی نہیں ہوتا ہے اس بات کا۔۔۔۔!؛"وہ مام کو اپنی فیلنگز بتا رہی تھی۔

"مایا یہ کیا بچپنا ہے کچھ پانے کے لئے کچھ کھونا پڑتا ہے بیٹا یرمان کی عادت کا تو تمھیں پتہ ہے ناں تھورا ایڈجسٹ کر لیا کرو میں نے عفت کے کانوں میں بات ڈالی ہوئی تو ہے اب دیکھو آگے کیا ہوتا ہے۔۔۔!؛"وہ بیٹی کو اب کی بار نرمی سے سمجھا رہی تھیں مایا نے بھی مزید ان سے بحث کرنے کے بجائے

بس سر ہلا گئی تھی اور مام نے گہرا سانس بھرا اس بات سے انجان کہ آگے کیا ہونے والا تھا۔

مایا مام کی طرف دیکھتے اپنے آندر اٹھتے وبال پہ بمشکل ضبط کر گئی تھی ان کو بس قیوم ملک کی جائیداد چاہیے تھی بیٹی کا کوئی احساس نہیں تھا۔

•••••

ضامن صاف صاف انکار کر چکا تھا پرنسپل صاحب وہاں سے سٹوڈنٹس اور باقی سٹاف کو واپس بھیج چکے تھے معاملہ مذید گرم ہو رہا تھا وہ کسی طرح کا رسک برداشت نہیں کر سکتے تھے ان کے تو وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ قیوم ملک ضامن عباس سے نکاحِ کے متعلق بھی بات کر سکتے ہیں لیکن شاید قیوم ملک لمبی سوچیں سوچ رہے تھے وہ ضامن کو قائل کرتے تو بھی کیسے یہ بہت مشکل تھا۔

If you think that I will leave like this, then it is "
your mistake that what you have done or tried to
do with my daughter is the same punishment and if
you do not have the right to refuse, you will have
"to obey me

"آگر تمھیں لگتا ہے کہ میں ایسے ہی چھوڑ دوں گا تو یہ تمھاری بھول ہے جو میری بیٹی کے ساتھ کر چکے ہو یا کرنے کی کوشش کی اس کی یہی سزا ہے اور اگر انکار کرنے کا حق تمھارے پاس نہیں ہے تمھیں بس میری بات ماننی ہو گی۔۔۔"وہ غراحت ابرش نے پہلی بار ڈیڈ کو اتنے غصے میں دیکھا تھا ہاں وہ پہلے بھی غصہ کرتے تھے لیکن اتنا شدید کبھی نہیں۔۔یہ کیا ہو گیا اس سے

سر ضامن ہاں اس کی دلی کیفیت بدل رہی تھی لیکِن یہ سب تو اس نے سوچا ہی نہیں تھا کہ آیسا بھی کچھ ہو سکتا ہے۔

You should ask your daughter what she was "

".doing here. I didn't invite her here

"آپ کو اپنی بیٹی سے پوچھنا چاہیے وہ یہاں کیا کر رہی تھی میں نے نہیں بلایا تھا اس کو یہاں بلکے۔۔۔"وہ کیسے بتاتا یہ سب ان کی بیٹی کی پلاننگ تھی وہ اتنا بے خبر نہیں تھا ابرش کب سے اس کے پیچھے پڑی تھی وہ اچھے سے جانتا تھا کہ ابرش نے سب کیوں کیا۔

"You will marry my daughter now"

"میری بیٹی سے تم ابھی نکاح کروگے۔۔۔!؛"وہ جو تھوڑی دیر پہلے اپنے گارڈز کو میسج کر چکے تھے وہ لوگ مولوی صاحب اور کچھ اور لوگوں کو لیکر آ بھی گئے تھے ضامن نے عائلہ کو دیکھا جو بے تحاشا روئے جا رہی تھی۔

".I will not marry this girl"

"نہیں کروں گا میں اس لڑکی سے نکاحِ۔۔۔"وہ بھی بھڑکا تھا اور قیوم ملک مٹھیاں بھینچ کر رہ گئے تھے یہاں کوئی اور ہوتا جس کو موقع مل رہا ہوتا ابرش ملک سے نکاح کرنے کا تو وہ خوشی خوشی پہلی ہی بار میں راضی ہو جاتا یہ نکاح کرنے کے لئے لیکن یہ پروفیسر انکار کر رہا تھا۔

"اب جو ہو گا اس کے زمیدار تم خود ہو گے۔۔۔"انہوں نے عائلہ کا ہاتھ پکڑ کر اسے یرمان ملک کے آگے پھینکا تھا وہ لڑکھڑاتے یرمان ملک کے قدموں میں گری تھی۔

"جو تم نے کرنا چاہا وہ تمھاری بہن کے ساتھ ہو گا اور تم کچھ بھی نہیں کر سکو گے۔۔۔" یرمان ملک اہستزیہ ہنسا عائلہ کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئ تھیں ان لوگوں سے کوئی امید بھی نہیں تھی یہ لوگ کچھ بھی کر سکتے تھے اپنی عزت کی فکر ستانے لگی۔

"تمھاری ہمت۔۔۔" ضامن عائلہ کو تھامتا کہ اس سے پہلے ہی قیوم ملک کے گارڈز نے اس کو قابو کیا وہ اب کی حراست میں تھا۔

"چھوڑوں مُجھے۔۔۔" وہ ان پانچ گارڈز کے قابو میں بھی نہیں آرہا تھا پرنسپل صاحب چاہا کر بھی کچھ نہیں کر پا رہے تھے قیوم ملک جو کرنا چاہا رہے تھے ان کو ان کا ساتھ دینا ہی تھا۔

یہاں بھی پیسہ غالب آیا تھا ایک معصوم لڑکی کی عزت پہ۔۔۔

"نہیں۔۔۔"یرمان ملک نے عائلہ کے نقاب پہ ہاتھ رکھا وہ سسکی تھی یرمان ملک کی نظریں اس وقت اس کے نازک کپکپاتے وجود پہ تھیں جس کی سیاہ آنکھیں پانیوں سے بھری تھیں وہ بھرے مجمعے خوُد کو بے لباس تصور کر رہی تھی ضامن کی حالت دیکھتے اس کا دل چاہا زمیں پھٹے اور وہ اس میں سما جائے عجیب بے بسی تھی۔

"چھوڑو میری بہن کو۔۔۔"ضامن کا بس نہیں چل رہا تھا اس انسان کی جان لے لے ابرش ایک طرف خاموش سے یہ سارا ڈرامہ دیکھ رہی تھی۔

ڈیڈ اوُر یرمان آیسا کچھ کریں یہ اگر اس کو اندازہ ہوتا تو وہ کبھی آج کے دن یہ سب نہیں کرتی۔

اوپر سے ضامن کا غصہ اس کی بہن اس کو اگر یہ بات پتہ ہوتی کہ عائلہ ضامن کی بہن ہے تو شاید حالاتِ مختلف ہوتے۔

"ڈیڈ پلیز نہیں۔۔۔"وہ اپنے ڈیڈ کا غصہ کم کرنا چاہتی تھی ان کے قریب آتی کہ وہ اشارے سے اس کو روکتے ضامن کو دیکھ رہے تھے۔

"ابھی بھی وقت ہے تمھارے پاس۔۔۔"وہ نکاحِ کی بات کر رہے تھے ضامن نے اپنی انگار ہوتی آنکھوں کو مسلتے پل بھر میں فیصلہ کیا تھا بہن کی عزت کے لئے یہ کڑوا گھونٹ اس کو پینا ہی تھا۔

"ٹھیک ہے میری کرونگا آپ کی بیٹی سے نکاحِ۔۔۔"یہ لفظ کیسے اس کے ہونٹوں سے ادا ہوئے یہ بس وہی جانتا تھا۔۔۔۔

یہ نکاحِ اگر اس نے ابرش ملک کے گلے کا پھندا نہ بنا دیا تو اس کا نام بھی ضامن عباس نہیں وہ دل ہی دل میں سوچ رہا تھا۔

"ڈیڈ نہیں یہ نہیں ہو سکتا پے۔۔۔"یرمان پھر بھی اجتجاج کر رہا تھا کہاں اس کی بہن اوَر کہاں یہ معمولی سا پروفیسر۔۔۔

"تم چپ رہو۔۔۔۔"وہ اسے خاموش کرواتے مولوی صاحب کو نکاحِ کی کاروائی شروع کرنے کا بولتے خوَد چیئر پہ بیٹھ گئے تھے ابھی تو ایک اور فیصلہ کرنا تھا نجانے اس پہ سب کا کیا ری ایکشن ہوتا۔

"شروع کریں آپ۔۔۔"وہ مولوی صاحب سے بولے تو انہوں نے ابرش سے اس کی رضامندی معلوم کی۔

"ابرش ملک آپ کا نکاح ضامن عباس سے بعوض حق مہر دس لاکھ سکہ رائج الوقت طے پایا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔؟"ابرش خاموش تھی یرمان نہیں چاہتا تھا آیسا کچھ ہو لیکن ڈیڈ کی ضد تھی وہ کیسے رد کر سکتی تھی۔

"قبول ہے۔۔۔۔"اس نے آنسو پیتے بمشکل یہ دو لفظ ادا کیے اپنے ہونٹوں سے۔

"ابرش ملک آپ کا نکاح ضامن عباس سے بعوض حق مہر دس لاکھ سکہ رائج الوقت طے پایا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔؟"مولوی نے پھر یہ سوال کیا۔

"قبول ہے۔۔۔"ابرش کی دھڑکنیں تیز ہو رہی تھیں اس نے نظریں جھکائی ہوئی تھی پہلی بار تھا کہ اس کی نظریں جھکی ہوئی تھی صورتحال ہی ایسی ہو گئی تھی ڈیڈ کی غیر متوقع آمد اور یہ ساری صورتحال۔

"ابرش ملک آپ کا نکاح ضامن عباس سے بعوض حق مہر دس لاکھ سکہ رائج الوقت طے پایا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔؟"مولوی نے تیسری بار اس سے رضامندی پوچھی اور اس نے تیسری بار بھی قبول ہے بول دیا

اپنے وجودِ پہ اب اس نے ضامن عباس کا حق تسلیم کر لیا تھا ضامن کی سرد شعلہ برساتی نگاہیں اس پہ جمی تھیں وہ پل بھر کے نادم بھی ہو رہی تھی یہ کیا کر چکی تھی وہ۔۔

"ضامن عباس آپ کا نکاح ابرش ملک سے بعوض حق مہر دس لاکھ سکہ رائج الوقت طے پایا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔؟" اب ضامن عباس سے پوچھا گیا جو سنجیدگی سے کھڑا تھا آگر یہاں بات کی عزت پہ نہ آتی تو وہ کبھی نکاح کی بات تسلیم نہیں کرتا لیکن اور کوئی آپشن نہیں تھا اس کے پاس یہ لڑکی اگر تو نکاح کے لیے اتنی بڑی گیم کھیل رہی تھی تو جیت گئی تھی لیکن ہارنا تو ضامن عباس نے بھی نہیں سیکھا تھا ابرش ملک کی اس جیت کو وہ برداشت نہیں کر پا رہا تھا۔

وہ نجانے کن سوچوں میں گم تھا مولوی صاحب اس کو پکار رہے تھے وہ جواب ہی نہیں دے رہا تھا۔

"ضامن عباس آپ کا نکاح ابرش ملک سے بعوض حق مہر دس لاکھ سکہ رائج الوقت طے پایا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔؟" مولوی نے پھر سے یہ کہا تو اس نے ضبط کرتے "قبول ہے۔۔۔!" کہہ دیا اور یوں وہ ایک ایسی لڑکی کو اپنی زندگی میں شامل کر چکا تھا جس سے وہ شدید نفرت کرتا تھا اس کے بس میں ہوتا تو اس لڑکی کا گلہ دبا دیتا۔

ان کا نکاح ہو گیا تو قیوم ملک نے کچھ کہا جو سب کے لیے ہی ناقابلِ یقین تھا۔

"نو ڈیڈ اس کی کیا ضرورت۔۔۔؟" یرمان ملک تو اپنے ڈیڈ کی بات سنتے بلبلایا یہ بھلا کیسے ممکن تھا اس کے ڈیڈ اس کے اور عائلہ کے نکاحِ کی بات کر رہے تھے ضامن بھی طیش میں آیا یہ بڑھا کتنا تیز تھا جب سے آیا تھا وہ اس کی

نظریں اپنی بہن پہ محسوس کر رہا تھا لیکِن اس کے دل میں یہ سب چل رہا ہو گا اس بات کا اندازہ ضامن کو ہر گز نہیں تھا۔

"بھائی نہیں۔۔۔"عائلہ کے تو پاؤں کے نیچے سے زمین کسکی تھی کیسے وہ ایک ایسے سے نکاح کر سکتی تھی جس کو اُس دن ایک لڑکی کے اتنے قریب دیکھا۔

"یہ نہیں ہو سکتا ہے اس سب میں عائلہ کی کوئی غلطی نہیں ہے آپ اس کو اس معاملے میں انوالو نہ کریں آپ کی بیٹی کا نکاح ہو گیا ہے یہ کافی ہے۔۔۔"ضامن اب ان سے بد تمیزی بھی کرتا تو کیسے وہ اس کے سسر بن چکے تھے بھلے زبردستی کے ہی سہی۔۔۔۔۔۔

"غلطی جس کی مرضی ہو یہ نکاحِ ابھی ہو گا۔۔۔"وہ اپنی بات پہ قائم تھے یرمان نے تھوڑا بہت ہی احتجاج کیا تھا ابرش کی سفٹی کے لئے یہ ضروری تھا

ورنہ جس قدر یہ پروفیسر غصے میں تھا کچھ بھی کر سکتا تھا اب اس نکاح کے بعد کم سے کم اپنی بہن کا خیال تو اس کو آئے گا اور مفت میں ایک اتنی خوبصورت لڑکی اس کو مل رہی تھی۔

ایک پل کے لیے بھی اس کے ذہن میں مایا کا خیال نہیں آیا تھا جو اس کی گرل فرینڈ اور اب بیوی بننے کے خواب دیکھ رہے تھے۔

"ہاں یہ نکاح ہو گا۔۔۔" وہ بھی حامی بھر گیا عائلہ نے سسکتے ضامن کی شرٹ کو مٹھیوں میں جکڑ لیا اپنا آپ اس وقت زمین میں دھنستا محسوس ہو رہا تھا کیسے کوئی غیر انسان اس کی زندگی کا فیصلہ کر سکتا تھا آنسو تھے کہ اس کے پورے چہرے کو بھگو چکے تھے۔

"نہیں ہو گا یہ نکاح آپ کی بیٹی سے کر لیا ہے یہ ہی بہت ہے مُجھے اس نکاح کو ختم کرنے پہ مجبور نہ کریں آپ لوگ بہتر یہی ہے کہ اس بات کو یہیں ختم کر

دیں۔۔۔"ضامن دھاڑا عائلہ کی حالت دیکھ کر وہ پل پل مر رہا تھا جانتا تھا اس کی بہن اتنا بڑا صدمہ برداشت نہیں کر پائے گی۔

"تم اس پوزیشن میں ہو کہ کوئی فیصلہ کر سکو۔۔۔"یرمان ملک طنزیہ بولا تھا۔

"اگر لڑکی راضی نہیں ہے تو نکاحِ نہیں ہو سکتا ہے نکاح میں دلی رضامندی ہونا ضروری ہے۔۔۔"قاضی صاحب جو کب سے صورتحال کو سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے اب بلآخر بول چکے تھے۔

"آپ سے کسی نے مشورہ مانگا آپ وہ کریں جو آپ سے کہا گیا ہے بس نکاح شروع کریں۔۔۔"یرمان کو مولوی صاحب کا درمیان میں بولنا پسند نہیں آیا وہ تو اچھا تھا کہ تھوڑی تمیز کا مظاہرہ کر رہا تھا ورنہ غصے میں ہوتا تو شاید اتنا لحاظ بھی نہیں کرتا۔

"کونسا نکاح۔۔۔۔؟" ضامن عائلہ کے سر پہ ہولے سے ہونٹ رکھتے اس کی پیٹھ سہلانے لگا۔

کبھی کبھی زندگی ہمیں اتنے عجیب دہرائے پہ لا کھڑی کرتی ہے جب ہم کچھ بھی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کھو بیٹھتے ہیں۔۔۔۔!؛

"عائلہ اوُر یرمان ملک کا نکاح شروع کریں مولوی صاحب دیکھتا ہوں کون انکار کرتا ہے۔۔۔" قیوم ملک جانتے تھے کہ وہ جب تک تھوڑی بہت لچک دکھاتے رہیں گے تب تک ضامن اور عائلہ اس نکاح کے لیے راضی نہیں ہونگے۔

"میں۔۔۔ نہیں۔۔۔۔۔" عائلہ نے بمشکل اپنے نقاب کو ڈھیلا ہونے سے روکا تھا جو آنسوؤں سے بھیگ چکا تھا کاش کہ اس کو اندازہ ہوتا کہ آج کے دن آیسا کچھ ہو گا وہ نہ ضامن کو آنے دیتی اور نہ خود آتی۔

"آپ کارروائی شروع کریں۔۔۔" قیوم ملک کے کہنے پہ مولوی کو پھر شروع کرنا پڑا نکاحِ۔

"عائلہ عباس آپ کا نکاح یرمان ملک والد قیوم ملک سے بعوض حق مہر پندرہ لاکھ سکہ رائج الوقت طے پایا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔؟" افسوس تو مولوی کو بھی ہو رہا تھا یہ نکاحِ زبردستی کا نکاح تھا لڑکی راضی نہیں تھی۔

"آگر انکار کیا تو تمھارے بھائی کی جان لینے میں گارڈز ایک سیکند نہیں لیں گے لڑکی سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا تم۔۔۔" قیوم ملک عائلہ سے بولے جو کبھی مر کر بھی اقرار نہیں کرتی لیکن یہاں بات اس کے جان سے پیارے بھائی کی تھی۔۔

وہ اسی لمحے بے بس ہوئی تھی سب کچھ برداشت کر سکتی تھی لیکن اپنے بھائی کے معاملے میں وہ جزباتی تھی بھائی کم اوَر باپ زیادہ تھا ضامن اس کا۔

"قبول ہے۔۔۔۔" اس نے اپنے آندر اٹھتے وبال پہ ضبط کیا آور نکاح کے لیے ہاں بول دیا کچھ ہی دیر میں وہ عائلہ عباس سے عائلہ یرمان ملک بن گئ یرمان ملک کی بیوی لیکِن اس نئے بن چکے رشتے کو لیکر اس کے دن میں کوئی احساس نہیں پیدا ہوا تھا۔

"یہ ہمارے ساتھ جائے گی اوَر ابرش کی رخصتی بعد میں ہو گی جب اس کی سٹڈیز مکمل ہو جائے گی۔۔۔" قیوم ملک اب مذید نہیں بیٹھ سکتے تھے ان کو وآپس جانا تھا سو ضامن سے بولے۔

"کیا لگتا ہے آپ کو جو آپ بولیں گے وہی ہو گا آپ کی مرضی سے ہوا ہے یہ نکاح بے شک ساری زندگی بیٹھا کر رکھیں اپنی بیٹی کو اپنے گھر میں مجھے کوئی

فرق نہیں پڑتا ہے لیکِن میری بہن آپ لوگوں کے ساتھ جائے گی یہ آپ کی بھول ہے کوئی لاوارث نہیں ہے یہ جو یوں آپ کے ساتھ چلتا کروں گا میں۔۔۔"اب اس کی برداشت کی حد ختم ہو رہی تھی عجیب انسان تھا یہ جیسے سب کچھ اس کی مرضی سے ہی ہو اور اب باقی سب صرف تماشا دیکھتے رہیں گے نکاح تو ہو گئے تھے اور آگر ان کو لگ رہا تھا کہ نکاح کے بعد وہ جیسا چاہیں گے ویسا ہی سب کچھ ہو گا تو یہ ان کی بھول تھی آیسا کچھ نہیں ہونے والا تھا۔

"ٹھیک ہے ہم لوگ برات لیکر آئیں گے ویسے بھی یہ اب ہماری بہو ہے اس کا خیال رکھنا۔۔۔"وہ عائلہ کے سر پہ ہاتھ رکھتے کہ ضامن نے ان کو ایسا کرنے ہی نہیں دیا اس قابلِ تھے کہ یہ لوگ۔۔

"آپ کے کہنے کی ضرورت نہیں ہے میری بہن ہے میں خود رکھ سکتا ہوں اس کا خیال۔۔۔"وہ طنزیہ بولا قیوم ملک عائلہ کو ساتھ لیکر جانا چاہتے تھے۔ آگر ضامن کے پاس چھوڑ جاتے تو ممکن تھا کہ یہ انسان کوئی چالاکی کرنے کی کوشش کرتا اور وہ اچھے سے جانتے تھے کہ جس قدر ضامن غصے میں لگ رہا تھا وہ کرے گا کچھ نہ کچھ۔

"تمھاری بہن میری بیوی ہے اب ہمارے ساتھ جائے گی تم روکنے کا حق کھو چکے ہو بس بہت ہو اڈرامہ۔۔۔"یرمان نے عائلہ کو زبردستی کھینچتے ضامن سے الگ کیا اس سے برداشت نہیں ہو رہا تھا عائلہ ضامن کے سینے سے لگے کھڑی تھی۔۔

عائلہ نے انکار کرنا چاہا لیکن کوئی فایدہ نہیں ہوا وہ اگلے ہی پل یرمان ملک کی بانہوں میں تھی۔

گارڈز اوٗر باقی سب لوگ جا چکے تھے اب صرف پرنسپل صاحب کے ساتھ ابرش یرمان ضامن اور عائلہ اور قیوم ملک موجود تھے۔

"چھوڑو میری بہن کو۔۔۔"ضامن سے برداشت نہیں ہو رہا تھا یرمان کا یوں عائلہ پہ حق جتانا اس نے ایک بار بھی ابرش کی طرف نہیں دیکھا تھا وہی تو زمہ دار تھی اس سب کی۔

کیسے معاف کر دیتا اس لڑکی کو جس کی وجہ سے اس کی بہن اتنا کچھ فیس کرنے والی تھی۔

"پروفیسر ضامن آپ کو بھیج دینا چاہیے عائلہ کو ان کے ساتھ ویسے بھی یہ بیوی بن چکی ہے اب یرمان ملک کی تو ان لوگوں کے ساتھ ہی جائے تو اچھا ہے۔۔۔"پرنسپل صاحب اتنے وقت سے خاموش تھے اب ان کو درمیان میں بولنا پڑا۔

"آپ چپ ہی رہیں پلیز سر۔۔۔" وہ اس پرنسپل پہ سب سے زیادہ غصہ تھا جو بس نام کا پرنسپل تھا ورنہ اختیار تو سارے کا سارا قیوم ملک کے ہاتھ میں تھا۔

"بھیا نہیں۔۔۔" نکاح کی حامی تو بھری تھی نکاح بھی کر لیا تھا اس نے لیکن اب ان لوگوں کے ساتھ جانا اس کے لیے بہت مشکل تھا پل بھر میں کیا سے کیا ہو گئی تھی زندگی۔

یہ جو دلوں پہ بکھرتے ہیں درد کے سائے

کبھی چراغ، کبھی خواب سب بجھائے

بس ایک پل میں مقدر نے سب چھین لیا

یہ کیسی راہ پہ تنہا ہمیں بلائے

جو ساتھ تھے، وہی دشمن نظر آنے لگے

یہ کیسا زہر تھا جس کو دعا بنائے

نہ کوئی حرف تسلی، نہ کوئی دل کا رفیق

یہ کیسا عشق تھا، سب ہی بُھلا کے جائے

یہ ہاتھ جوڑ کے مانگی تھی میں نے اک ہستی

وہی نگاہ چرا کر ہمیں ستائے

یہ رسم و رواج کے لمحے بھی کیسے بے درد

کبھی قبول کرے، پھر ہمیں ٹھکرائے

یہ زخم دے کے وہ کہتا ہے جا رہی ہو کہاں

یہ کیسی بند شیں ہیں جو نہیں مٹائے

میں جس کے نام کی باندھی گئی تھی زنجیر

وہی مجھے سرِ محفل بُھلا کے جائے

یہ میرے خواب تھے جو ٹوٹ کر بکھر گئے

یہ میری راہ تھی جو درد میں ڈھلائے

کہاں تلاش کروں میں وہ دل کا آئینہ ؟

یہ دھند چھا گئی سب منظر مٹائے

بس ایک لمحہ تھا، سب کچھ بدل گیا

کہ زندگی کو نئے زاویے دکھائے

"میرا بچہ آپ جو چاہو گی ویسا ہی ہو گا۔۔۔"عائلہ کہ حالت ایسی نہیں تھی کہ ضامن اس کو ان لوگوں کے ساتھ بھیج دیتا ابرش ملک کو تو وہ کبھی نہیں اپنانے والا تھا چاہے جو بھی ہو جاتا ابرش کو اگر لگ رہا تھا کہ نکاح کر کے وہ اس کو حاصل کر چکی ہے تو یہ اس کی سب سے بڑی غلط فہمی تھی ایسا کچھ نہیں ہونے والا تھا۔

"تم روکنے کا حق کھو چکے ہو ابھی تو عزت سے کہہ رہے ہیں ورنہ دوسرا آپشن بھی ہے ہمارے پاس اور وہ ہے زبردستی جو یقیناً تم نہیں چاہو گے کہ ہم کریں۔۔۔"یرمان سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ وہ کیوں اتنا جل رہا ہے کیوں ہضم نہیں ہو رہا ہے اس سے عائلہ کا ضامن کے گلے لگنا۔

"میری بہن تم لوگوں کے ساتھ نہیں جائے گی اور یہ میرا آخری فیصلہ ہے یونی میں چھوڑ رہا ہوں اب جو کر سکتے ہیں آپ لوگ کر لیں میڈیا کو شامل کرنا

ہے کریں پولیس کو شاملِ کرنا ہے تو بھی کریں بدنامی تو آپ کی بیٹی کی بھی ہو گئ۔۔۔"ضامن عائلہ کا ہاتھ پکڑتے وہاں سے نکل گیا تھا۔

یرمان ملک اس کے پیچھے جاتا کہ قیوم ملک نے اس کو روک دیا تھا کیونکہ اس وقت ضامن غصے میں تھا ان کو ڈر تو تھا کہ وہ کچھ کرے گا انہوں نے اپنے گارڈز کو میسج کیا تھا کہ وہ ضامن کی گاڑی کا پیچھا کریں۔

"ڈیڈ آپ کیسے میں۔۔۔"ابرش روتے باہر نکلی تھی سارے سٹوڈنٹس کی نظریں اس پہ تھیں جو ہال میں ہوا وہ سب لوگوں کی زبانوں پہ تھا ابرش کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ کچھ کر لے۔

وہ تیزی سے اپنی گاڑی کی طرف بڑھی تھی ضامن جب سے اس کی لائف میں آیا تھا اس کے ساتھ الٹا ہی ہو رہا تھا اب یہ نکاحِ۔

••••••

یرمان ملک اوُر قیوم ملک وآپس گھر آ چکے تھے ابرش نہیں آئی تھی اس نے ڈیڈ کو میسج کر دیا تھا کہ وہ اپنی دوستوں کے ساتھ جا رہی ہے وہ پریشان تھی ظاہر ہے اتنی بڑی بات ہو گئی تھی قیوم ملک کو امید نہیں تھی کہ یرمان عائلہ سے نکاحِ کے لئے مان جائے گا جب رات عفت ملک نے ان سے مایا سے متعلق بات کی تھی وہ تب سے پریشان تھے مایا سے ان کو کوئی ذاتی اختلاف نہیں تھا لیکن بہو کے طور پہ وہ ان کو قبولِ نہیں تھی۔۔

عائلہ ان کے ذہن میں تھی ان کو عائلہ عباس پسند آئی تھی بہو کے طور پہ لیکن ان کو ہر گز امید نہیں تھی کہ صورتحال ایسی ہو جائے گی ابرش کے لیے ضامن ایک آچھا لائف پارٹنر بن سکتا ہے ابھی تو یہ معاملہ گرم تھا پر ان کو اندازہ تھا کہ آہستہ آہستہ حالاتِ نارمل ہو جانے تھے۔

یرمان عائلہ کی رخصتی وہ اس لیے کروانا چاہتے تھے کہ عفت ملک کی خوش فہمی دور ہو جائے مایا کے حوالے سے۔

جب قیام ملک نے عائلہ اور یرمان کے نکاحِ کی بات کی ان کو لگا تھا کہ یرمان مایا کے حوالے سے کوئی بات کرے لیکن اس نے ایسی کوئی بات نہیں کی۔

عفت ملک کیساری ایکشن دیں گی جب ان کو معلوم ہو گا نکاح سے متعلق وہ ابھی یرمان کے سامنے بات کرنے والے تھے عفت ملک سے یرمان کا یہ رویہ ان کو بہت اچّھا لگا تھا۔ عفت ملک آج کل گھر پہ ہی ہوتی تھیں تو وہ دونوں اندر آئے تو انہیں وہ ہال میں مل گئی تھیں۔

"اسلام و علیکم بیگم۔۔۔۔" وہ اپنا بلیک کلر کا کوٹ میڈ کو پکڑاتے وہ عفت ملک کے ساتھ بیٹھ گئے تھے یرمان بھی ان کے پاس ہی بیٹھ گیا۔

"اتنے جلدی آ گئے فنکشن ختم ہو گیا۔۔۔؟"وہ شاید ان کی اتنی جلدی آمد کی توقع نہیں کر رہی تھیں۔

"مام یہ نہ پوچھیں۔۔۔۔۔۔۔"یرمان کو سمجھ نہیں آیا وہ کیسے مام کو بتائے۔

"بیگم مبارک ہو آپ کو بہو ڈھونڈلی ہے آپ کے لئے اور نکاحِ بھی ہو گیا یرمان کا۔۔۔!؛"وہ بیگم کی طرف دیکھتے بولے تو عفت ملک کے چہرے کے تاثرات بدلے۔

"مذاق کر رہے ہیں آپ بہو؟"وہ کچھ سمجھ نہیں پا رہی تھیں قیوم ملک بات کس حوالے سے کر رہے تھے بہو نکاح یرمان کا نکاح۔۔۔۔؟"

"مام یہ سچ ہے نکاح ہو گیا نہ صرف میرا بلکے ابرش کا اور یہ سب آج ہی ہوا ہے۔۔۔"وہ مام کی غلط فہمی دور کرتے ان کی طرف دیکھتے بولا۔

"واٹ نکاح کب ہوا کس سے کروایا آپ نے!" وہ شوہر کے رات والے رویئے سے ہی پریشان تھیں اور اب یہ نکاح رات ہی تو انہوں نے بات کی تھی قیوم ملک سے مایا کے حوالے سے اوس اب یہ نکاح۔

"مام مُجھے لگتا ہے یہ سٹوری آپ نہ ہی سنیں تو بہتر ہے بس آپ کو بیٹھے بٹھائے بہو اوَر داماد دونوں مل گئے ہیں۔۔" وہ ضامن کا نام نہیں لینا چاہتا تھا ضامن اس کو زہر سے بھی برا لگ رہا تھا اوَر کم تو عائلہ بھی نہیں تھی۔۔۔ لیکِن اس لڑکی کی طرف دل کھیں چا چلا جا رہا تھا۔

"ہم اسی سنڈے جائیں گے بہو کو یہاں لائیں گے ضامن کو اپنی مٹھی میں کرنے کے لیے اس کی بہن کا استمال کرنا بہت ضروری ہے ورنہ بہت مشکل ہو جائے گا ضامن کو قابو کرنا۔۔۔" عائلہ کے تھروہی وہ ضامن پہ پریشر

ڈال سکتے تھے ورنہ جو ضامن کے تاثرات تھے کہ وہ کبھی ابرش کو اپنانے والا ہر گز نہیں تھا۔

"یہ کیا ہو رہا ہے مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی ہے آپ آیسا کیسے کر سکتے ہیں قیوم؟ یوں بیٹھے بٹھائے نکاح کروا دیا بچوں کا اور یرمان تم نے نکاحِ کر لیا کیوں۔۔۔؟" ان کی پلاننگ بری طرح سے فیل ہو رہی تھی مایا کہاں گئی درمیان میں سے یرمان تو نکاحِ کر چکا تھا۔

"مام سچویشن ہی ایسی تھی ابرش کی سفٹی کے لئے مُجھے نکاح کرنا پڑا۔۔۔" مام کیوں اتنا غصہ کر رہی تھیں۔

"ابرش کو کیا ہوا ہے آپ لوگ ہمیشہ سارے فیصلے خود ہی کر لیتے ہیں مجھ سے کسی نے کبھی پوچھنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی ہے ابرش کا نکاحِ

اتنی اچانک کیوں کروایا آپ نے قیوم آپ نے۔۔۔؟خاموش کیوں ہیں کچھ بتائیں تو۔۔۔؟"عفت ملک کا سر درد کرنے لگا اچانک سے یہ ساری باتیں۔

"مام آپ اس معاملے کو کریدنے کی کوشش نہ کریں جو ہونا تھا وہ ہو چکا ہے اب بس آگے کا سوچیں۔۔۔"یرمان مذید مام کے سوالوں کا جواب نہیں دے سکتا تھا تو وہ اٹھتے باہر نکل گیا اور ڈیڈ مام ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

"آپ نے جان بوجھ کر کروایا ہے ناں قیوم ملک یہ نکاح یرمان راضی کیسے ہو گیا آخر ہوا کیا تھا ایسا جو آیسے نکاح ہو گئے۔۔۔؟"نکاح کے پیچھے چھپے حقائق وہ جاننا چاہتی تھیں۔

"یہ ابرش سے پوچھیے گا وہ بتائے گی آپ کو؟کاش کہ آپ بچوں پہ دھیان دیتی تو آج حالات ایسے نہیں ہوتے آج جو یہ اتنی کنسرن شو کر رہی ہیں یہ

پہلے دکھاتی جب بچوں کو آپ کی ضرورت تھی جو یہ سب نہیں ہوتا آپ کی بیٹی نے جو حرکت کی ہے ناں وہ قابلِ برداشت نہیں ہے۔۔۔"وہ سر ہاتھوں میں گرا گئے تھے کیسے مشکل حالاتِ آ گئے تھے زندگی میں۔

"کیا کیا ہے ابرش اب وہ میری بیٹی بن گئی جب بچے کچھ غلط کریں گے تو آپ مجھ پہ الزام لگائیں گے خود کی کوئی زمہ داری نہیں تھی آپ کی؟"شوہر کے الزام پہ وہ بھی بلبلا اٹھی تھیں یعنی کل تک بچے صرف قیوم ملک کے تھے اور آج جب بچوں سے کوئی غلطی ہو گئی تو بچے عفت ملک کی زمہ داری تھے ساری غلطی عفت ملک کی ہے۔

"آپ اگر وقت دیتی تو بچے ایسے نہیں ہوتے لیکن خیر اب کیا فایدہ آپ سے بحث کرنے کا۔۔۔"ضامن اور عائلہ سے اب ان کا رشتہ قائم ہو گیا تھا بھلے جن بھی حالات میں ہوا تھا۔

"آپ نے اگر ابرش کا نکاحِ کروانا تھا تو کروا دیتے لیکن یرمان کا کیوں کروایا نجانے وہ لڑکی کون ہے کیا کردار ہے اس کا اور آپ نے نکاحِ ہی کروا دیا۔۔۔"ان کو ابرش کے نکاح سے کوئی مسلہ نہیں تھا آصل پریشانی یرمان کی طرف تھی۔

"جس کو آپ سوچ رہی ہیں اُس سے تو اچھی ہی ہے وہ لڑکی اور ہم سنڈے کو جائیں گے وہاں تیار رہیے گا آپ مذید کوئی بھی سین کریٹ کیے بغیر۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولے عفت ملک پاؤں پٹختے کمرے میں چلی گئی تھیں ایک طرح وہ مایا کی مام سے مایا اور یرمان کی بات کر رہی تھیں دوسری طرف یہ نکاحِ۔

"قیوم صاحب آپ جان بُوجھ کر یہ نکاحِ کروا آئے ہیں تا کہ میں پیچھے ہٹ جاؤں دیکھتی ہوں وہ لڑکی یہاں رہے گی کیسے یرمان کو تو آپ نے راضی کر لیا

نکاحِ کے لیے لیکن آگے بھی بہت کچھ ہو سکتا ہے۔۔۔"وہ دل ہی دل میں سوچتے کمرے میں چلی گئی تھیں۔

•••••

ابرش اپنی دوستوں کے ساتھ کلب میں بیٹھی تھی اسی ڈریس میں تھی آج پہلی بار وہ ڈرنک کر رہی تھی بہت اپ سٹ تھی اس کی دوستیں جن میں سر فہرست تو عائشہ تھی وہ اس کو دسلا دے رہی تھی لیکن ابرش کی حالت کافی خراب تھی پوری یونی نے یہ واقعہ دیکھا کیا عزت رہ گئی اس کی سب کے سامنے صرف ضامن کی وجہ سے۔

وہ اب ابرش ملک نہیں رہی تھی ابرش ضامن عباس بن چکی تھی اس کا سر نیم بدل چکا تھا ضامن نے کب نارملی بات کی اس سے وہ تو ہمیشہ اس کو نیچا دکھاتا تھا اُس فزا سے ہنس کر بات کرتا۔

عائلہ ضامن کی بہن تھی یہ انکشاف بھی اس پہ آج ہی ہؤا تھا ضامن اور عائلہ اکھٹے ہوتے تھے اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ دونوں بہن بھائی تھے اور عائلہ کے بارے میں وہ کیا کیا سوچتی رہتی تھی۔

"ابرش جو ہؤا اسے بھول جاؤ اور یہ سوچو سر ضامن جیسا ہنڈسیم بندہ تمھارا ہسبنڈ ہے تم اس فزا کو ضامن سر کے آس پاس بھی نہیں بھٹکنے دینا وہ اب تمھارے ہیں تم بھی تو ہر وقت ان کے بارے میں ہی سوچتی تھی ناں۔۔۔" باقی دوستوں نے بس کچھ دیر ہی دل جوئی کی لیکن عائشہ پیچھے ایک گھنٹے سے اس کے پاس بیٹھی اس کو تسلی دے رہی تھی۔

"عائشہ یہ سب اچھا نہیں ہوا۔۔۔" وہ ایک ہی گھونٹ میں گلاس لبوں سے لگاتے ختم کر چکی تھی وہ وائن تھی پہلی بار اس نے اس حرام مشروب کو حلق

کے اندر اتارا تھا آج بہت اپ سٹ تھی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا کرے

۔

"ابرش۔۔۔۔!!" عائشہ نے بے بسی سے اسے دیکھا وہ اس کے ساتھ ہوتی تو سب پتہ ہوتا لیکن اب جا کر اس کو معلوم ہوا اور وہ چلی آئی یہاں ابرش کے پاس۔

"ابرش اوئر سر کے ساتھ ساتھ عائلہ اوئر یرمان کا نکاحِ بھی ہو گیا میں تو یہ سوچ رہی ہوں جب مایا کو معلوم ہو گا اس بارے میں تو وہ بچاری کیا کرے گی۔۔۔" ابرش کی ایک اوئر دوست جو کہ شائد مایا کی دوست بھی تھی وہ مایا کے لئے پریشان ہو رہی تھی۔

عائشہ کے چہرے پہ ایک رنگ آیا اوئر ایک گیا یرمان کے نکاحِ کا سن کر۔

"یار دیکھو ہمیں بھی پہلی بار پتہ چلا کہ عائلہ ضامن سر لی بہن ہے میں نے ایک دو بار دیکھا بھی اسے سر کے ساتھ لیکن مُجھے لگا ایسے ہی سر کے ساتھ ہو گی لائق ہے ناں وہ لیکن وہ تو آج راز کھولا گیا کہ وہ سر ضامن کی بہن ہے۔۔۔"لڑکیاں آپس میں باتیں کر رہی تھیں جب کہ عائشہ کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہو رہا تھا یرمان اب اس کا نہیں رہا تھا وہ کسی اور ہو گیا تھا پہلے کونسا اس کا تھا وہ پہلے بھی تو مایا کا ہی تھا ہاں پہلے یہ تھا کہ اس کو امید تھی کچھ لیکن اب یہ امید بھی ختم ہو گئی تھی۔

"سٹاپ اٹ گرلز دیکھ نہیں رہی ہیں آپ لوگ ابرش کتنی پریشان ہے اوئر آپ لوگ یہ ٹاپک لے کر بیٹھ گئی ہیں مجھے لگتا ہے ابرش اکیلی رہے گی تو جلدی ٹھیک ہو جائے گی۔۔۔"عائشہ خود کو کمپوز کرتے باقی لڑکیوں سے بولی جو آپس میں باتیں کیے جا رہی تھیں ابرش کی طعیبت کا لحاظ کیے بغیر۔

"ابرش کیوں اپ سٹ ہو رہی ہو یار۔۔۔؟یور آر لکی سر بیٹھے بٹھائے مل گئے ہیں تمھیں ویسے ہوا کیا تھا؟تم ہال کی طرف گئی کیسے!"وہ یہ سوَال کب سے کرنا چاہتی تھی لیکِن سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کرے تو کرے کیسے ابرش سے۔

"جاؤ یہاں سے۔۔۔۔!؛"ابرش غصے سے بولی اس کی دوستیں اس کے غصے سے خاصی خائف رہتی تھیں تبھی اس کی بات سنتے خاموشی سے نکل گئی تھیں اب بس عائشہ تھی ابرش کو تسلی دینے کے لیے ابرش نے جو ڈرنک پی تھی اس کی وجہ سے اس کا سر بری طرح سے چکرا رہا تھا بار بار ضامن سر کا خیال آ رہا تھا دل میں۔

"ابرش۔۔۔"عائشہ کو لیٹ ہو رہا تھا اُسے واپس گھر جانا تھا لیکِن کیسے جاتی وہ ابرش کو اکیلا چھوڑ کر۔

"تم بھی جاؤ عائشہ۔۔۔!؛" وہ اس کو بھی بھیج دینا چاہتی تھی اس وقت اکیلا رہنا چاہتی تھی۔

"نہیں ابرش میں کیسے تمھیں چھوڑ کر جا سکتی ہوں تمھاری طعیبت ٹھیک نہیں لگ رہی ہے تم یرمان یا انکل کو کال کر لو وہ لے جائینگے تمھیں گھر۔۔۔" عائشہ اس وقتِ ایک اچھی اوٗر مخلص دوست کی طرف ابرش کو سنبھالے ہوئے تھی۔

"نہیں میں خود چلی جاؤں گی تم جاؤ پلیز۔۔۔" وہ اپنے ماتھے کو سہلا رہی تھی آنکھوں کے سامنے اندھیرہ سا چھا رہا تھا۔

"لیکن۔۔۔"

"عائشہ تمھیں سنائی نہیں دے رہا ہے کیا؟ میں کہہ رہی ہوں جاؤ یہاں سے۔۔۔" وہ ہمیشہ والا خشک رویہ اپنا گئی عائشہ پھر کیسے رک سکتی تھی نکل گئی تھی وہاں اب وہاں رکتی تو شاید ابرش مزید خفا ہو جاتی اور وہ یہ نہیں چاہتی تھی۔

کلب سے نکلتے اس نے ضامن سر کو میسج کیا تھا اس کے پاس ضامن سر کا نمبر تھا کیسے لیا اس نے یہ بہت لمبی کہانی تھی فزا ایک دن اپنا بیگ کلاس میں رکھ کر سٹاف روم گئی تو فزا نے چپکے سے اس کے سیل فون سے ضامن سر کا نمبر نکال لیا تھا پوری کلاس میں سے بس ضامن کا نمبر فزا کے پاس ہی تھا عائشہ نے ضامن کا نمبر لیا تھا کیونکہ اس کو لگا ابرش کو ضرورت پڑے گی اور وہ ابرش کو دے دے گی ضامن کا لیکن ابرش نے اس بارے میں کوئی بات ہی نہیں کی تو وہ بھی بھول گئی۔

لیکِن اس وقت ابرش کی جو حالت تھی وہ دیکھتے عائشہ کو ضامن کو میسج کرنا پڑا اس نے بہت لمبا سا میسج ٹائپ کیا تھا۔

"ہیلو میں عائشہ آپ کی سٹوڈنٹ اور ابرش کی دوست۔۔!!؛ابرش اس وقتِ کلب میں موجود ہے اس کی حالت ٹھیک نہیں پے۔۔۔ آپ پلیز اگر ابرش کو اپنی عزت سمجھتے ہیں تو اس کو یہاں سے لے جائیں وہ میری بات نہیں سن رہی ہے۔۔۔!؛" میسج سینڈ کرتے وہ آگے بڑھ گئی تھی۔

جب کہ ابرش عائشہ کے جانے کے بعد کچھ دیر تو ویسے ہی بیٹھی رہی پھر بمشکل اٹھتے وہ باہر کی طرف بڑھی اس وقت اس کی نیلی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے آج اس کو محسوس ہو رہا تھا کہ اس نے زندگی میں اپنی سب سے بڑی غلطی آج کی۔

اس کی مکسی کافی بے ترتیب ہو چکی تھی آدھی ڈرنک تو پیتے ہوئے اس نے ڈریس پہ گرالی تھی جس کی وجہ سے اب اس کا ڈریس گیلا ہو چکا تھا لیکِن وہ اپنے حلیے سے بے خبر جھولتے بمشکل گاڑی تک آئی تھی اس نے سولہ سال کی عمر میں ہی یرمان سے ڈرائیونگ سیکھ لی تھی اس کو گاڑی کا شوق تھا کئی بار تو ڈیڈ سے کہا کہ میں خود ڈرائیو کرونگی لیکن وہ اس وقت منع کرتے تھے کہ جب تک ابرش اٹھارہ سال کی نہیں ہو جاتی وہ اسے ڈرائیونگ کی اِجازت نہیں دے سکتے تھے۔

ابرش کی اٹھارویں سالگرہ پہ قیوم ملک نے اس کو سب سے مہنگی گاڑی خرید کر دی تھی۔

اور ہر مہینے ابرش کو گاڑی تبدیل کرنے ہوتی تھی ہاں ڈرائیو وہ اچھے سے کر لیتی تھی لیکِن پھر بھی ڈیڈ اس کے بارے میں خاصے کونشیس رہتے تھے اکثر

اس کے ساتھ گارڈز بھی ہوتے تھے لیکن اب جیسے جیسے وہ بڑی ہوئی اکثر اکیلے جانے لگی۔

Dad, you've let me down in my eyes. I wanted to " show the sure head down, but what did you do? I was tied to this man, I know he will never accept ".me

"ڈیڈ آپ نے مُجھے میری نظروں میں گرا دیا ہے۔۔۔میں ضامن سر کو نیچا دکھانا چاہتی تھی لیکِن آپ نے کیا کیا؟ مجھے اس انسان کے پلے باندھ دیا میں جانتی ہُوں وہ مجھے کبھی نہیں اپنائے گا۔۔۔"وہ سٹرانگ تھامنے بہتے آنسوؤں کو پیتے سسکتے بولی تھی۔

باہر باہر اس کے سیل پہ کال آ رہی تھی یقیناً ڈیڈ اس کی وجہ سے پریشان ہو رہے تھے لیکن ابرش اس وقت کسی سے بات نہیں کرنا چاہتی تھی گھر نہیں جانا چاہتی تھی اس کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے اور کیا نہ کرے۔

اپنے بالوں کو جھنجھوڑتے اس نے شدت سے بہتی آنکھوں کو ہتھیلی سے رگڑا تھا۔

ضامن نے پہلے ہی دن خود اس کے ساتھ دشمنی پالی تھی کیا ہو گیا تھا اگر وہ پانچ منٹس لیٹ آئی تھی پہلی کلاس تھی ضامن کی وہ اتنا تو ابرش کو مارجن دے ہی سکتا تھا پھر اس نے پہلے دن جو کیا سو کیا لیکن آگے بھی کم نہیں کیا فزا کو اس پہ امپورٹنٹس دی فزا کو سی آر سمجھا۔

ابرش کیوں نہ بدلے کا سوچتی اس کی برداشت سے باہر تھا کہ کوئی پہلی بار اس کو ایسے ڈی گریڈ کر رہا تھا اور وہ کچھ بھی نہیں کر پا رہی تھی۔

You have taken Abrash Malik very lightly, Sir! "

".Now you have become a mankuha too

"ابرش ملک کو بہت ہلکے میں لیا ہے آپ نے سر جی؟!اب تو آپ کی منکوحہ بھی بن گئی ہو۔۔۔!؛"وہ اچانک سے روتے روتے ہنسنے لگی۔

میں ٹوٹ کر بکھر گیا ہوں،

سانس بھی لینے میں ڈر گیا ہوں،

یہ درد ہے یا کوئی سزا ہے؟

میں خود سے بھی گزر گیا ہوں!

I am no longer Abrash Malik, I am Abrash Zaman"

Abbas. Mankuha of that person who hates me very

much, Zaman Abbas, you will have to bear with

".me and live your whole life

"میں اب ابرش ملک نہیں ابرش ضامن عباس ہوں۔۔۔اُس انسان کی منکوحہ جو مجھ سے شدید نفرت کرتا ہے ضامن عباس آپ کو مُجھے برداشت کرنا ہو گا اوُر پوری زندگی کرنا ہو گا۔۔۔"وہ ہنستے ہنستے اپنے رخساروں کو رگڑ رہی تھی کوئی پاس سے گذرتے اس کو دیکھتا کوئی پاگل سمجھتا جس طرح کے حلیے میں موجود تھی وہ اس وقت اپنے حواسوں کو کھوتی جارہی تھی۔

یہ رات بھیگتی آنکھوں کی گواہ ہے،

یہ دل بے بسی کی آہ ہے،

جو نفرت میں بھی جلتا رہا،

جو خوابوں میں بھی مرتا رہا!

تم نے جو زخم دیے، میں سہہ گیا ہوں،

مگر یہ درد اب لہو میں بہہ گیا ہے!

یہ رات گواہ ہے میرے زخموں کی,

میں ہار گیا ہوں، میں ختم ہو گیا ہوں!

اس کو سمجھ نہیں آ رہی تھی اس وقت گھر کیسے جائے ڈیڈ سے ناراض بھی تھی اور خوُد میں اتنی ہمت بھی نہیں پا رہی تھی کہ ڈیڈ کا سامنا کر سکے وہ یقیناً اس سے بہت سے سوال پوچھتے جن کا وہ جواب کیسے دیتی ان کو وہ وہاں تو خاموش ہو گئے تھے لیکن گھر میں کیا ہونے والا تھا اس بات سے وہ بالکل بے خبر تھی

۔

وہ کچھ دیر وہیں بیٹھی رہی لیکن اب رات کے سائے ہر طرف گہرے ہو رہے تھے وہ مذید نہیں رک سکتی تھی یہاں اس کو واپس گھر جانا تھا چاہے اس کا دل ہوتا یا نہیں ہوتا پر جانا تھا سو اس نے گاڑی سٹارٹ کی بجھے دل سے۔

وہ گھر پہنچی تو ڈیڈ اس کو ہال میں ہی مل گئے تھے پریشانی سے یہاں وہاں ٹہلتے وہ جیسے اس کے انتظار میں ہی تھے۔

"ابرش۔۔۔"اس کی بکھری حالت دیکھتے ایک پل کے لئے قیوم ملک کا دل جیسی کسی نے مٹھی میں جکڑا تھا اپنی لاڈلی بیٹی کی یہ حالت دیکھتے وہ غمگین ہوئے تھے جانتے تھے جو فیصلہ انہوں نے کیا وہ اس وقت ابرش کے لیے ایکسپٹ کرنا بہت مشکل تھا۔

"ڈیڈ۔۔۔"وہ ٹوٹتے بکھرتے ڈیڈ کے سینے سے آ لگی تھی آنکھیں شدت سے بہ رہی تھیں۔

"ابرش سٹاپ اٹ بیٹا۔۔۔!؛" ابرش کو دیکھتے یونی میں ہوا واقعہ ان کے دماغ میں پھر سے تازہ ہوا اہاں انہوں نے بات سنبھال لی تھی ورنہ اگر کہیں اوَر یہ واقعہ ہوتا تو اب تک یقیناً کی زینت بنتے ہیڈ لائین بھی بن گیا ہوتا لیکن یونی کا فایدہ ہوا تھا کہ وہاں ان کی مرضی ہی چلتی تھی۔۔

"ڈیڈ آپ نے مُجھے سب کے سامنے لیٹ ڈوان (شرمندہ) کیا ہے آپ کیسے سر سے نکاحِ کی بات کر رہے تھے وہ۔۔۔" وہ بمشکل بول پا رہی تھی قیوم ملک کو ایک منٹ نہیں لگا تھا سمجھنے میں کہ وہ ڈرنک کر آئی تھی یہ اجازت تو اُنہوں نے یرمان کو نہیں دی جو لڑکا تھا اوَر ابرش.

"ابرش یہ سب کیا ہے تم نے ڈرنک کی ہے۔۔۔۔؟" وہ ابرش کو خود سے الگ کرتے سنجیدگی سے استفسار کرنے لگے عفت بیگم جو کہ شام سے اپنے

کمرے میں بند تھیں اب ابرش کی آواز سن کر وہ باہر نکل آئی تھیں لیکن یوں ابرش کی حالت دیکھ کر وہ خاصی پریشان ہو گئی تھیں۔

"ابرش میری جان یہ کیا حال بنایا ہوا ہے اپنا؟" یہ اچھا موقع مل گیا تھا ان کو ابرش سے ہمدردی کر کے اس کو اپنی طرف کرنے کا۔

"بیگم آپ کو اس کی حالت نظر آ رہی ہے تو یہ بھی معلوم ہو گیا ہو گا کہ یہ کیا کر کے آئی ہے۔۔۔" قیوم ملک کو شدت سے احساس ہوا تھا اس پل کہ کاش وہ عفت ملک سے شادی کرنے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتے تو آج حالات آیسے نہیں ہوتے۔۔ کس کس وقت ان کو یہ احساس نہیں ہوا کہ عفت ملک ان کا انتخاب نہیں ہونی چاہیے تھیں۔

"قیوم آپ خاموش ہو سکتے ہیں تھوڑی دیر کے لیے پلیز ابرش کی حالت دیکھیں اوَر آپ اس پہ غصہ کیے جا رہے ہیں وہ پہلے ہی اپ سٹ ہے دیکھ نہیں رہے ہیں ایک تو نجانے کیا ہوا ہے جو یوں ایمرجنسی میں نکاح کروا دیا اوَر اب یہ رویہ ابرش میرا بچہ آپ چلو روم میں یہ ساری باتیں بعد میں ہوتی رہیں گی۔۔۔"وہ ابرش کے آنسو صاف کرتے اس کو سہارا دیتے روم کی طرف لے گئی تھیں قیوم ملک بس ان کی پیٹھ کو ہی دیکھتے رہ گئے۔

وہ دونوں تو اندر چلی گئی تھیں لیکن قیوم ملک نے اپنے گارڈز کو کال کی جن کو انہوں نے ضامن کے پیچھے لگایا ہوا تھا تاکہ اگر وہ کوئی ہوشیاری کرنے کی کوشش کرے تو ان کو معلوم ہو جائے۔

جس دن ان کو عائلہ پرنسپل آفس میں ملی تھی اس وقتِ ان کے دل میں جو خیال آیا تھا جو دعا انہوں نے مانگی تھی وہ آج ایسے حالاتِ میں پوری ہو گئی تھی ان کو یقین نہیں ہو رہا تھا۔

لیکِن اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں تھا کہ وہ ضامن کے رویئے کو نظر انداز کر دیتے وہ بھی غصے میں تھا درمیان کا کچھ سین تھا جو وہ مس کر رہے تھے ابرش اور ضامن دونوں ہال میں تھے ضامن کی پرسنالٹی اس کا کردار دیکھتے قیوم ملک آیسا کچھ نہیں سوچ سکتے تھے جو صورتحال وہاں تھی لیکِن پھر اُس پروفیسر نے ان کو جو بتایا وہ سب کیا تھا ابرش بھی خاموش رہی اگر وہ بے گناہ ہوتی تو اپنی صفائی میں کچھ تو بولتی۔

جب ملازم کو بلوایا گیا تھا تب ان کی نظریں اپنی بیٹی پہ تھیں وہ دیکھ سکتے تھے کہ اس پل ان کی بیٹی کے چہرے پہ گھبراہٹ اور خوف کے آثار تھے وہ الجھے تھے بہت زیادہ الجھ رہے تھے۔

" Yes sir, everything is ok, this professor and his sister have come to their house and are standing outside."

"جی سر سب اوکے ہے یہ پروفیسر اور اس کی بہن اپنے گھر آئے ہیں اور باہر ہی کھڑے ہیں تقریباً دو تین گھنٹے ہوئے ہیں ان کو آئے لیکن باہر نہیں نکلے ہیں۔۔۔" گارڈز نے فون اٹھاتے ہی ساری رپورٹ دی۔

" Well, you guys keep an eye on me as soon as they leave the house, I have to inform them

immediately, there should be no omission,

otherwise you guys will be responsible for the end,

".understood

"ٹھیک ہے تم لوگ نظر رکھو جیسے ہی وہ گھر سے نکلے مُجھے فوری انفارم کرنا ہے کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے ورنہ انجام کے زمہ دار تم لوگ خود ہو گے سمجھ گئے۔۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولے آج بھی ان کا روعب ویسے کا ویسا ہی تھا سبھی خائف ہوتے تھے ان کے غصے سے اوَر بچارے ملازمین کی تو جان ہی جاتی تھی قیوم ملک کے غصے سے۔

"Sir, don't worry, we have a full eye on the house"

"سر آپ بے فکر رہیں ہماری پوری نظر ہے گھر پہ۔۔۔" گارڈز نے قیوم ملک کو مطمن کیا تو وہ سیل فون صوفے پہ پھینکتے سر ہاتھوں میں تھام گئے تھے آج کا ہوا واقعہ کسی فلم کی مانند ان کے دماغ میں گردش کر رہا تھا۔

••••••

ضامن اس وقت ناشتہ بنا رہا تھا عائلہ کی طعیبت رات سے خراب تھی ایک دفعہ تو وہ بیہوش بھی ہو گئی تھی ضامن۔نے ڈاکٹر کو گھر پہ ہی بلا لیا تھا جس نے کہا کہ عائلہ نے کسی بات کی ٹینشن لی ہے جس کی وجہ سے اس کی طعیبت خراب ہوئی ہے ظاہر ہے یہ بات ٹینشن والی تو تھی ضامن اپنی بہن کے لئے کچھ نہیں کر پایا عائلہ تو اس سارے معاملے میں بے قصور تھی اس کی کیا غلطی تھی ابرش کے باپ کی نظروں کا مرکز عائلہ رہی وہ اسے نہیں بلکے

عائلہ کو دیکھتے رہے تھے آیسالگ رہا تھا جیسے وہ پہلے کہیں عائلہ سے مل چکے ہوں۔

ضامن نے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق عائلہ کے لئے لائٹ سا ناشتہ تیار کیا تھا اس نے خود کل صبح ہی جو ناشتہ کیا تھا وہی تھا اس کے بعد کچھ نہیں کھایا کل کا دن اس کی زندگی کا سب سے بھیانک دن تھا اوٗر وہ ملازم کیسے پل میں وہ پنترہ بدل گیا اوٗر ابرش کا ساتھ دے گیا یقینا اس کو ابرش سے کوئی نہ کوئی فایدہ مل سکتا تھا اوٗر آج کل کے دور میں دنیا کا ہر انسان کی اپنا فایدہ دیکھتا ہے ۔

"یرمان ملک اگر تمھیں لگتا ہے کہ اس نکاحِ کے بعد تم میری گڑیا پہ حق جتاو گے تو ایسا میں ہونے نہیں دوں گا میرا بچہ۔۔۔" وہ عائلہ کے لیے پریشان تھا

پہلے ہی اسے سانس کا مسلہ تھا وہ ہر ممکن کوشش کرتا تھا عائلہ کو ہر طرح کی ٹینشن سے دور رکھنے کا۔

وہ کمرے میں آیا تو عائلہ آنکھیں بند کئے لیٹی تھی نماز پڑھ کر کے وہ عائلہ کو جگا کر کچن میں گیا تھا ناشتے کے لیے۔

"عائلہ میرا بچہ آنکھیں کھولو۔۔"وہ ناشتے کی ٹرے ٹیبل پہ رکھتے عائلہ کے بالوں میں ہولے سے انگلیاں پھیرنے لگا وہ ہلکا سا کسمکائی تھی اور ضامن کو دیکھتے اپنی آنکھیں ملنے لگی اس پل وہ شاید بھول چکی تھی اس کی زندگی میں کیا طوفان آچکا تھا۔

"ٹھیک ہو ناں۔۔۔"اس کے بالوں کو سمیٹ کر پیچھے کیچر میں جکڑتے وہ اس کو سیدھا بیٹھاتے پوچھنے لگا عائلہ نے سر ہلایا اب وہ خوُد کو بہت بہتر فیل کر رہی تھی ہاں دل میں ہلکا ہلکا درد تھا لیکِن بھیا کو پریشان نہیں کر سکتی وہ اس

کو بیمار دیکھتے مذید پریشان ہو جاتے پہلے ہی کل والے واقعے کو لیکر وہ اپ سٹ تھے۔

"جی بھیا میں ٹھیک ہوں آپ نے ناشتہ کیوں بنایا؟" ضامن کو وہ کچن میں کام کرنے نہیں دیتی تھی لیکن وہ تھوڑی سی بیمار ہوتی تو ضامن خوُد کچن میں گھس جاتا۔

"اپنی گڑیا کے لیے بنایا کھاؤ مجھے جانا ہے یونیورسٹی آپ کو ریسٹ کرنا ہے اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے میری گڑیا آپ کے ساتھ آپ کا بھائی ہے۔۔۔" ضامن کو صبحِ صبح ہی پرنسپل صاحب کی کال آگئی تھی کہ ضامن ہر صورت یونیورسٹی آئے ضامن جو دل ہی دل میں یورنیورسٹی چھوڑنے کا پلان بنا رہا تھا لیکِن اس کا کنٹریکٹ تھا جس کو وہ درمیان میں نہیں توڑ سکتا تھا

۔

اس کا نقصان اس کو تو ہوتا ہی ہوتا لیکن سٹوڈنٹس کو ہونا تھا جن کو اتنے لکچر پڑھا چکا تھا کیا وہ خوُد غرض بن جاتا ہاں اس یونیورسٹی میں اس کا یہ تجربہ زیادہ خوشگوار نہیں رہا لیکن وہ پھر بھی درمیان میں یہ سب کچھ چھوڑ کر جاتا تو سب کو لگتا کہ اس کے دل میں ہی چور تھا جس کی وجہ سے ضامن نے یونیورسٹی چھوڑ دی۔

"بھائی آپ نہ جائیں پھر کچھ ہو گیا تو۔۔۔؟" عائلہ اس واقعے کے بعد کافی ڈری ہوئی تھی کل سے ضامن اس کو سنبھالتے ہلکان ہو رہا تھا عائلہ کو یقین نہیں ہو رہا تھا کہ وہ کسی کی ملکیت بن چکی ہے اب اس پہ کسی اور کا حق ہے کیسے اس انسان کا وہ نام تک نہیں جانتی تھی نہ ہی جاننے کی خواہش تھی جس حالت میں وہ اُس لڑکے کو ایک لڑکی کے قریب دیکھ چکی تھی اس کے بعد تو عائلہ کے لیے بہت مشکل تھا اُس دن کی حالت کا زمہ دار بھی وہ لڑکا ہی تھا

آگر یہ بات عائلہ ضامن کو بتاتی تو مزید طیش میں آجاتا عائلہ کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے۔

"گڑیا کچھ نہیں ہو گا آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے اب ہم ان لوگوں سے ڈر کر چھپ تو نہیں سکتے ہیں ناں ویسے بھی ہم نے کچھ غلط نہیں کیا ہے جو چھپ جائیں میں خود پہ لگے اس الزام کو غلط ثابت کروں گا آپ کو بھروسہ ہے ناں اپنے بھائی پہ سب ٹھیک ہو جائے گا بس تھوڑے دنوں کی بات ہے میرا بچہ۔۔۔۔" وہ اس کو بریڈ پہ بٹر لگاتے کھلانے لگا عائلہ کا دل بالکل بھی نہیں چاہا رہا تھا لیکِن ضامن کو پریشان کیسے کرتی تبھی مرے دل سے چند نوالے کھا لیے پھر ضامن نے اس کو میڈیسن دی۔

"ریسٹ کرو میرا بچہ۔۔۔"ضامن کو یونیورسٹی کے لیے لیٹ ہو رہی تھی عائلہ کی طعیبت جب تک سٹ نہیں ہوتی وہ اُسے یورنیورسٹی نہیں لے جانے والا تھا۔

"بھائی میں اکیلے۔۔۔!؛"وہ اکیلے رہنے کی عادی نہیں تھی جب کبھی اس نے چھٹی کرنی ہوتی ساتھ ضامن بھی کرتا تھا اس کی اکیلے رہنے کی عادت آہستہ آہستہ ختم ہو گئی پہلے بابا تھے تو پھر بھی ضامن کو تھوڑا بہت وقت مل جاتا لیکن جب سے بابا کی ڈیتھ ہوئی اس کے بعد سے ضامن عائلہ کے معاملے میں کافی احتیاط کرتا تھا ایک اکلوتی بہن تھی اس کی۔

"میرا بچہ میں نے میڈ کو کال کی ہے وہ آتی ہو گی آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے آپ کے ساتھ رہے گی وہ اور پریشان نہیں ہونا آج تو

اجازت ہے آپ ناول بھی پڑھ سکتی ہو۔۔۔"ضامن ہنستے بولا تو عائلہ چھینپ سی گئی تھی۔

"آپ جلدی آیئے گا اور اس ابرش سے بات نہیں کرنی ہے آپ نے!؛ مُجھے وہ پہلے ہی پسند نہیں تھی لیکِن جو حرکت اس نے کی ہے وہ بھلانے کے قابل نہیں ہے کوئی اتنا کیسے گر سکتا ہے پوری دنیا بھی اس بات کو سچ مان لے مجھے پھر بھی یقین نہیں ہے بھائی آپ ایسا ویسا کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔۔۔۔"عائلہ کے لہجے میں مان تھا ضامن مسکرایا تھا۔

مشکل سچویشن میں انسان کو اپنے اپنوں کے مان کی ضرورت ہوتی ہے حالانکہ کل جو سچویشن تھی اس کی ذد میں عائلہ بھی آگئی تھی لیکن وہ پھر کیسے اپنے بھائی کا ساتھ دے رہی تھی۔

"میرا بچہ۔۔۔۔"ضامن نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا اسے صرف اپنوں کے اعتبار کی ضرورت تھی بلکے دنیا سے کوئی مطلب نہیں تھا۔

"آپ اب آرام کرو۔۔۔۔"ضامن اس پہ کمفٹر ٹھیک کرتا اپنے کمرے میں چلا آیارات ساری توعائلہ کے روم میں ہی گزری ہی تھی اس کی تیمارداری کرتے اپنی بہن کے معاملے میں وہ آیسا ہی پوزسیو تھا۔

"کاش کہ کل میں اپنی بہن کو بچا پاتا۔۔۔۔!؛"اس نے ڈریسنگ ٹیبل پہ پڑے سامان کو ہاتھ مارتے نیچے پھینکا تھا کل سے یہ غصہ دبایا ہوا تھا عائلہ کے ساتھ تو وہ پھر بھی کچھ نارمل رہا لیکن اس وقتِ اس کی حالتِ بہت خراب تھی۔

"بہت برا کیا تم نے مس ملک بہت برا۔۔۔!؛" نظروں کے سامنے وہ منظر آیا جب ابرش ملک اس کے سینے سے لگی کھڑی کتنی بے شرمی سے اس لڑکی میں شرم نام کی کوئی چیز تھی ہی نہیں۔

پہلے فزا کی وجہ سے خوامخواہ اس لڑکی نے اتنا آوورری ایکٹ کیا اور کل تو اس نے حد ہی کر دی۔

"ملازم نے جھوٹ تو بول دیا لیکن میں اس معاملے کو آیسے نہیں جانے دوں گا پتہ لگا کر رہوں گا کہ اس ملازم نے ایسا کیوں کیا۔۔۔"ضامن کا سیل فون کل سے آف تھا اس نے آؤن نہیں کیا پہلے جو پرنسپل صاحب کی کال اس نے ریسو کی وہ بھی لینڈ لائن سے کی کیونکہ سیل فون اس کا آف تھا۔

عائلہ کی وجہ سے اس کا دھیان سیل فون کی طرف گیا ہی نہیں اب اس نے فون اوپن کیا تو کئی سارے میسجز اؤر کالز آچکی تھیں۔

سب سے پہلے اس نے ای میلز چیک کی اس کو واٹس ایپ پہ ایک انجان نمبر سے کال آئی ہوئی تھی وہ نمبر کس کا تھا یہ وہ نہیں جانتا تھا لیکِن میسج پڑتے اس کے ماتھے کی رگیں تن گئی تھیں۔۔

ابرش کلبوں میں جاتی تھی یہ اس کے لیے کوئی نئی بات نہیں تھی امیروں کے مشغلے آیسے ہی ہوتے ہیں لیکن ڈرنک کا سن کر اس نے لب بھینچ لیے یعنی اس کی زندگی میں جو لڑکی شامل ہو چکی تھی اس کا کردار ایسا تھا۔

یہ میسج اگر ضامن رات کو پڑھ لیتا تو شاید چلا بھی جاتا کلب لیکن اب تو صبح کے ساتھ بج رہے تھے اب اس نے کونسا کلب میں ہونا تھا لیکِن ابرش ملک کی ایکٹیویز کے بارے میں جان کر اس کے دل میں موجود نفرت مذید گہری ہوئی تھی ابرش ملک کے لئے جو لڑکی اپنی عزت کی حفاظت نہیں کر سکتی اس لڑکی کو کیسے وہ اپنی زندگی میں شاملِ کر سکتا تھا۔۔۔۔

"عائلہ کی زندگی کے لئے مُجھے کچھ دن تک یہ ڈرامہ برداشت کرنا ہو گا کتنے چالاک لوگ ہیں ان کو معلوم تھا کہ جن حالات میں نکاح ہو رہا ہے میں کبھی اس رشتے کو قبول نہیں کروں گا اس لیے میری بہن کے ساتھ وہ سب کیا لیکن اگر ان لوگوں کو لگتا ہے کہ وہ ہمیں یوز کر لیں گے تو یہ ان کی بھول ہے ایسا کچھ نہیں ہو گا۔۔۔"ضامن دل ہی دل میں سوچ رہا تھا۔۔۔۔

کچھ ٹائم تو اس کا سوچو میں ہی نکل گیا پھر سر جھٹکتے شاور لیتے وہ فریش سا خوشبوؤں میں رچا بسا واپس روم میں آیا اس نے وائٹ جینز پہ وائٹ ہاف سلیوز ٹی شرٹ پہن رکھی تھی جس میں سے اس کے ہیوی مسلز واضع ہو رہے تھے اس نے بالوں میں برش کرتے جیکٹ پہنتے خود پہ پرفیوم سپرے کیا آور موبائل والٹ گاڑی کی چابی اٹھاتے روم کا دروازہ بند کیا وہ باہر لاونج میں آیا تو ملازمہ آچکی تھی جو عموماً سینکڈ ٹائم آتی تھی صفائی کے لیے لیکن

عائلہ کی طعیبت کے پیشِ نظر ضامن نے اس کو آج دن بھر یہیں رکنے کا کہہ دیا خود وہ اُسے عائلہ کا خیال رکھنے کا کہتے باہر نکل گیا اتنے سارے میسجز آئے ہوئے تھے اس نے کسی کو بھی ریپلائی نہیں کیا دل اس قدر اکتایا ہوا تھا کہ بس میں ہوتا تو یہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر بھاگ جاتا۔

•••••

ابرش کی آنکھ کھلی تو اس کا سر بھاری ہو رہا تھا کل جو کچھ ہوا ایک پل کے لئے وہ بھول چکی تھی نشے کا سرا ابھی تک تھا سر چکرانے لگا کچھ پل تو اس کو لگے خود کو نارمل کرنے میں پھر زہن پہ زور دیا تو کل والا واقعہ پوری آب و تاب سے زہن کے پردے پہ نمودار ہوا اس کی ساری نیند اڑ گئی تھی ضامن۔ کا خیال آیا اس نے بے ساختہ آئینے میں خود کو دیکھا کل کے دن کو سوچتے اس کی نیلی آنکھیں پھر سے بھیگنے لگی۔

اس کی مکسی کافی لوز ہو چکی تھی اس نے زپ کھولتے اس کو نیچے سرکایا آئینے کے سامنے کھڑے ہوتے اس کی نظریں اپنے خوُد خوبصورت وجودِ پہ تھیں مسسز ضامن عباس بن چکی تھی وہ اس کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ اس ساری صورتحال پہ روئے یا خوش ہو۔

رات اس نے ڈرنک کی تھی ڈیڈ کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی پہلی بار تھا یہ ابرش نے ایک نظر اپنے چہرے کے خوبصورت نقوش پہ ڈالی تھی کتنی خوبصورت تھی وہ آچھے سے جانتی تھی لیکِن اس خوبصورتی کا جادو بھی ضامن پہ نہیں چلا وہ کونسا متاثر ہوا تھا اس کی خوبصورتی سے۔

ابرش کے ذہن میں اپنی دوستوں کی باتیں گجونج رہی تھیں جن میں نے کچھ تو اس کو لکی کہہ رہی تھیں کہ سر ضامن اتنے ہینڈسم اوُر خوبصورت ہیں بیٹھے بٹھائے تم ان کی بیوی بن گئی ہو۔

وہ خیالوں کی روش میں ڈوبی ہی رہتی جب دروازے پہ دستک ہوئی اس نے دروازہ کھولا تو میڈ تھی۔

"میم آجائیں بریک فاسٹ پہ سب آپ کا انتظار کر رہے ہیں سر اور میم آپ کو بلا رہے ہیں۔۔۔"

"تم جاؤ آرہی ہوں میں۔۔۔" ابرش فریش ہونے چلی گئی اس نے سوچا کہ یونی نہیں جاتی ہوں لیکن پھر خیال آیا چھپنے کا کوئی فایدہ نہیں تھا کب تک چھپتی وہ آخر کار تو اس کو جانا ہی تھا یونیورسٹی۔۔

اگر میں یوں گھر بیٹھ گئی تو سب کو لگے گا کہ غلطی میری ہے نہیں مجھے جانا ہو گا۔۔۔ "ضامن کی طرح اس کی دل میں بھی یہ خیال آنے لگا اور پھر اس نے چینج کیا۔ اج معمول سے ہٹ کر اس نے بلیک کلر کا ٹروزار اور اس پہ وائٹ کلر کی شارٹ فراک پہن لی اوور ساتھ سٹولر کو گلے میں لپیٹے وہ آئینے کے

سامنے کھڑی ہوئی تو اچانک سے اس کو عائشہ کا خیال آیا کل کیسے عائشہ اس کو تسلی دے رہی تھی۔۔۔

عائشہ کی قدر شاید تھوڑی بہت اس کو ہو رہی تھی اس نے اپنا سیل فون اٹھایا اوٗر گروپ میں میسجز دیکھے سب لوگ رات کو چیٹ کرتے رہے اوٗر وجہ موضوع وہ ہی تھی کل کا ہوٗا واقعہ ہی تھا۔

وہ نیچے آئی تو سب لوگ بریک فاسٹ کر رہے تھے عفت ملک نے اس کو تیار دیکھا تو پوچھے بغیر نہیں رہ سکی تھیں۔

"ابرش تم یونی جا رہی ہو۔۔۔؟" فروک کو ٹیبل پہ رکھتے وہ نرمی سے پوچھ رہی تھیں رات وہ کافی دیر تک ابرش کے ساتھ رہی تھیں لیکن وہ شاید بھول گئی تھی نشے کی وجہ سے اس کے ہواس سن ہوتے جا رہے تھے پھر اس کے آرام کا خیال کرتے وہ اپنے کمرے میں آگئی تھیں۔

"جی۔۔"ابرش نے یک لفظی جواب دیاڈیڈ نے اس کی طرف دیکھا تک نہیں تھا یہ بات اس کو پریشان کر رہی تھی پہلے ہی وہ حالات کی وجہ سے بہت پریشان تھی اوپر سے ڈیڈ کا بیہو ہر۔

"ڈیڈ۔۔۔"وہ ہمیشہ قیوم ملک کے ساتھ بیٹھتی تھی ساتھ یرمان ہوتا تھا اور دوسری طرف عفت ملک جو کم ہی ان کے ساتھ کھانا کھاتی تھیں۔

"ناشتہ کرو ابرش آپ لیٹ ہو رہی ہو یونی سے۔۔۔!؛"وہ سنجیدگی سے بولے زندگی میں کل پہلی بار ابرش کو نشے میں دیکھ کر ان کو برا لگا تھا حد سے زیادہ برا اتنا پہلے کبھی برا نہیں لگا جتنا کل لگا ان کو امید نہیں تھی کہ ان کی بیٹی کبھی ایسی حرکت کرے گی۔۔۔۔۔۔

ابرش کی یونی میں کی گئی اتنی بڑی حرکت وہ نظر انداز کر گئے تھے انہوں نے کبھی بچوں کو سختی سے نہیں ڈانٹا ہاں سختی وہ کرتے تھے یرمان پہ بھی اور

ابرش پہ بھی لیکِن ایسی ہی چیزوں میں جس کا کیا نتیجہ نکلا ابرش نے اس حرام مشروب کا استعمال کیا جس کو دیکھنے قیوم ملک کو بہت افسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"ڈیڈ میں آپ کے ساتھ یونیورسٹی جاؤں گی۔۔۔"وہ آج خود ڈرائیو کرنے کی ہمت خود میں نہیں پا رہی تھی سر ابھی تک دک رہا تھا اوپر سے ڈیڈ کی ناراضگی۔

ہاں وہ اتنے اٹیچ نہیں تھے اپنے پرنٹس کے ساتھ جیسے دوسرے بچے اپنے والدین سے ہوتے ہیں یہ بات اس نے پہلے کبھی فیل بھی نہیں کی لیکن آج ڈیڈ کی ناراضگی اس کی جان لبوں پہ لے آئی تھی آج اس کو سمجھ آیا کہ ڈیڈ کی ناراضگی وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

حالانکہ ناراض تو اس کو ہونا چاہیے تھا ڈیڈ نے اس کا نکاح کروا دیا۔

"میری بہت امپورٹنٹ میٹنگ ہے جس کے لیے مُجھے جلدی نکلنا ہو گا آپ بریک فاسٹ کرو یرمان کے ساتھ چلی جانا مُجھے لیٹ ہو رہا ہے۔۔۔!؛" وہ فل ناراضگی جتا رہی تھے ابرش نے اپنے ہونٹوں کو کچلا۔

"میرا ہو گیا ہے میں آپ کے ساتھ ہی جاؤں گی آپ کا آفس اتنا بھی کوئی زیادہ دور نہیں ہے ڈیڈ پہلے اکثر آپ مجھ سے کہتے ہیں میں چھوڑ دوں اور آج۔۔۔!؛" وہ ایموشنل ہو گئی قیوم ملک نے بیٹی کو دیکھا وہ جانتے تھے ابرش یہ سب کچھ کر رہی تھی یقیناً ان کی ناراضگی ختم کرنا چاہتی تھی۔

"ہاں پہلے میں کہتا تھا لیکن ابھی میں۔۔۔؟؛"

"نو ڈیڈ میں آپ کے ساتھ جاؤں گی۔۔۔" ابرش چیئر سے کھڑی ہوئی پیچھے میڈ اس کا بیگ لیے کھڑی تھی ابرش نے بیگ پکڑا اور ڈیڈ کے پیچھے چل پڑی عفت ملک نے ایک کٹیلی نگاہ اپنی بیٹی پہ ڈالی۔

رات اتنی دیر وہ ابرش کے پاس بیٹھی اس کو تسلی دیتی رہی تھیں لیکن اس سب کے باوجودِ ابرش ڈیڈ کے پیچھے بھاگ رہی تھی ان کی ناراضگی دوٗر کرنے کی فکر تھی۔

یرمان اس ساری صورتحال میں خاموش بیٹھا ناشتہ کرتا رہا تھا جب اچانک سے اس کا فوج بجاوہ اٹھتے اپنے کمرے میں چلا گیا قیوم ملک باہر آئے تو ڈرائیور ان کے لیے گاڑی کا دروازہ کھولے کھڑا تھا ابرش کے بیٹھتے ڈرائیور نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی۔

گاڑی میں خاموشی تھی ابرش ہر تھوڑی دیر بعد ایک چور نگاہ ڈال دیتی قیوم ملک پہ جو اس سے لاپرواہی برتتے ٹیب میں سے اپنے دن بھر کا شیڈول دیکھ رہے تھے جو ان کی سیکرٹری نے ان کو ابھی بھیجا تھا۔

"ڈیڈ آپ مجھے اگنور کر رہے ہیں۔۔۔؟" ابرش زیادہ دیر تک برداشت نہیں کر سکی تھی ڈیڈ اس کو اگنور کر رہے تھے اس کی طرف دیکھ تک نہیں رہے تھے آپنے کام میں بیزی تھے وہ رونے لگی۔

پہلے ہی جو سچویشن بن چکی تھی اس کا دل افسردہ تھا رہی سہی کسر ڈیڈ کے رویئے نے پوری کر دی وہ اپنی آنکھیں رگڑتے باہر کھڑی سے دیکھنے لگی یہ بھی ناراضگی کا اظہار تھا۔

"آپ نے اپنی حرکت دیکھی ہے۔۔۔" وہ تیب سائیڈ پہ رکھتے ابرش سے بولے جو اپنی آنکھیں صاف کر رہی تھی کیا کرتے باپ تھے دل موم ہوا تو اس کو اپنی بازوؤں کے حصار میں لیا تھا۔

"ڈیڈ رئیلی سوری نیکسٹ ٹائم ایسا کبھی نہیں ہو گا میں بہت اپ سٹ تھی کچھ سمجھ نہیں آیا ائم سوری۔۔۔"وہ جانتی تھی کہ ناراضگی ڈیڈ کی ڈرنک کی وجہ سے ہی تھی۔

"بیٹا میں نے کبھی کوئی روک ٹوک نہیں کی ہے ہمیشہ جو تم لوگوں کا دل چاہا وہی تم دونوں نے کیا لیکن کچھ لمنٹس ہیں بیٹا۔۔۔"وہ سنجیدگی سے اُسے سمجھا رہے تھے۔

"میں جانتی ہوں ڈیڈ۔۔۔"ابرش کا سر شرمندگی سے جھک گیا تھا جو بھی تھا غلطی تو اس نے بہر حال کی تھی۔

"نیکسٹ ٹائم ایسا کچھ نہیں ہونا چاہیے۔۔۔"وہ ابرش سے کل ہوئے یونی والے واقعے پہ بات نہیں کر سکے تھے ان کا ارادہ ایک بار ضامن عباس سے

فیس ٹو فیس ملاقات کرنے کا تھا وہ اب ان کا داماد تھا نجانے آگے حالات کیا رخ اختیار کرنے والے تھے۔

ان کی گاڑی یورنیورسٹی کے سامنے آکر رکی تھی ابرش اندر چلی گئی تو ڈرائیور نے گاڑی آفس کی طرف موڑ دی آفس جاتے ان کے ہونٹوں کو ایک دھیمی سی مسکراہٹ نے چھوا تھا وہ سیٹ کی پشت سے ٹیک لگا گئے تھے۔

•••••

ابرش یونی کے آندر داخل ہوئی تو نظریں اپنی کلائی میں بندھی ریسٹ واچ پہ گئی تھیں وہ ٹائم پہ آگئی تھی آج ضامن کا فرسٹ لکچر تھا لیکن اس کو نجانے کیوں لگ رہا تھا کہ ضامن نہیں آئے گا کل والے واقعے کی وجہ سے آتے جاتے اسٹوڈنٹس اس کو کافی عجیب نظروں سے گھور رہے تھے ابرش نے سب کو اگنور کیا آور آگے آپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف بڑھی کہ اچانک سے

اس کے کانوں میں کچھ جملے پڑے جن میں اس کا نام بھی تھا اس کو رکنا پڑا وہ شاید کسی اور ڈیپارٹمنٹ کی لڑکیاں تھیں جو اس بات سے بے خبر تھیں کہ ابرش ان کے پیچھے کھڑی ہے۔

"یار مجھے تو دال میں کچھ کالا لگتا ہے کہیں سر اور ابرش ملک کا پہلے سے افیئر تو نہیں چل رہا تھا تمھیں کیا پتہ میں سر کو دیکھتے کیسے آہیں بھرتی ہوں کتنے ہنڈسیم ہیں دل کرتا ہے پوری کلاس میں بندہ ان کو ہی دیکھتا رہے لیکن دل پھر بھی نہیں بھرتا ہے کیا سکسی باڈی ہے ان کی۔۔۔"وہ لڑکی شاید ضامن کی پرسنالٹی سے مرغوب تھی۔

"تمھیں لگتا ہے سر جس طرح کی نیچر کے ہیں وہ اپنی سٹوڈنٹ کے ساتھ افیئر چلائیں گے۔۔۔"دوسری لڑکی تاسف سے بولی وہ مذید کوئی بات کرتی

کہ ابرش ان کی باتیں سن نہیں سکی پہلے کسی کی ہمت نہیں ہوتی تھی یوں اس کے بارے میں بات کرنے کی۔

کل کی آج ایک غلطی کی وجہ سے سب کی زبانوں پہ اس کا نام تھا وہ چاہتی تو ان کو اچھے سے جواب دے سکتی تھی لیکِن اس وقتِ وہ پہلے ہی بہت پریشان تھی کسی ایسے ڈرامے کی متحمل نہیں تھی۔

ان لڑکیوں کی تفصیل لے کر ان سے اچھی طرح سے نمٹنے والی تھی کیا سوچ کر وہ لوگ اس کے بارے میں بات کر رہی تھیں کیا بھول گئی تھیں کہ ابرش ہے کون اوٗر ان کے ساتھ کیا کرتی ہے۔

ابرش اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف بڑھتی کہ اس کو ملازم نے پرنسپل سر کا میسج دیا جو اس کو اپنے آفس میں بلا رہے تھے ابرش کا دل تو نہیں چاہا رہا تھا جانے کے لئے لیکن پھر بھی چلی گئی اپنے دھیان میں تھی پرنسپل کے آفس سے

نکلتے ضامن کو دیکھ نہیں سکی اوٗر اس سے ٹکراتے وہ اس کے کشادہ سے جا لگی ضامن کو تو کچھ نہیں ہوا لیکن عائلہ کو ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے اس کا سر کسی دیوار سے ٹکرا گیا ہو وہ اس سے پہلے کہ نیچے گرتی مقابل نے اس کی نازک کمر میں ہاتھ ڈالتے اس کو جھٹکے سے اپنی طرف کھینچا تھا وہ ضامن کی بانہوں میں قید ہو گئی تھی۔

ضامن۔ کو ہر گز اندازہ نہیں تھا کہ مقابل کھڑی لڑکی کون ہے اس نے بس مقابل کو گرنے سے بچایا تھا آگر اس کو اندازہ ہوتا کہ یہ ابرش ملک ہے تو شائد وہ ابرش کو بچانے کی غلطی کبھی نہیں کرتا۔۔ جبکہ دوسری طرف ابرش ضامن کے اتنے قریب کھڑی اس کی دھڑکنوں کو آپنے ہونٹوں پہ محسوس کر رہی تھی۔

ضامن کے وجود سے اٹھتی بھینی بھینی مہک اس کے حواسوں پہ چھائی تھی پہلی بار تھا ضامن کے اتنے قریب آتے اس کی دھڑکنیں اتنی تیز ہو گئی تھی

۔

"ہیلو مس۔۔۔!؛" ضامن آگے کچھ بولتا کہ اس کی نظریں ابرش پہ گئی یعنی اس کے اتنے قریب ابرش ملک تھی اس لڑکی کو دیکھتے کل والا واقعہ اوٗر پھر عائلہ کی حالتِ یاد آئی اس نے ایک جھٹکے سے ابرش ملک کو خود سے دور جھٹکا تھا وہ گرتے گرتے بچی تھی۔

ضامن کی نظروں میں شعلے سے دہکنے لگے پورا وجود اس پل دہکتا تندور بنا اس لڑکی کو دیکھتے کل کی ازیت پھر سے یاد آئی۔

"آپ آپ۔۔۔میں زرالحاظ نہیں ہے۔۔۔"ابرش اپنا بیگ اٹھاتے ضامن کے مقابل آئی تھی ضامن کی آنکھوں میں رہکتے شعلوں کی تپش سے اس کو ایک سرد لہر اپنے وجود میں سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی۔۔

"مس ملک لحاظ کی بات آپ کر رہی ہیں۔۔۔؟"وہ سینے پہ ہاتھ باندھے طنزیہ بولا ابرش کی نظریں بار بار اس کے چہرے پہ جا رہی تھی شائد یہ نکاحِ کے دو بول کا اثر تھا ابرش کی نظریں ہٹ ہی نہیں رہی تھیں ضامن عباس کے چہرے سے۔

";!What do you mean sir"

"کیا مطلب ہے آپ کا سر جی۔۔۔!؛"وہ تھوڑا ضامن کے قریب آئی تھی صبحِ سے اس کا مزاج برہم تھا افسردہ بھی تھی ایک تو ڈیڈ سے ناراضگی تھی دوسرا یہ یونی والا واقعہ لیکن نجانے کیوں ضامن کو دیکھ کر اس کا دل کسی اور

ہی طرزِ دھڑکا تھا وہ ضامن سے چاہا کر بھی نظریں نہیں ہٹا سکی تھی دل کر رہا تھا وہ بار بار اس کو دیکھتی رہے ضامن اس کی نظروں خود پہ محسوس کر رہا تھا ابرش شاید یہ بھول چکی تھی کہ اس وقت وہ دونوں پرنسپل آفس کے سامنے کھڑے تھے اور یہاں کوئی بھی ٹیچر آسکتا تھا کسی بھی وقت۔ اور ابرش کیسے بنا کسی لحاظ کے اسے دیکھے جا رہی تھی ابرش کو اب یہ رشتہ آچھا لگنے لگا ضامن اس کا شوہر تھا ایک پل کے لئے یہ سوچ دل میں آئی تو اس کی دھڑکن تیز ہوئی۔

" Miss Malik, do you think you keep teasing everyone?"

"مس ملک لگتا ہے آپ ہر کسی کو آیسے ہی تارتی رہتی ہیں؟"ضامن کو جتنا کل سے ابرش پہ غصہ آیا ہوا تھا وہ نکال دینا چاھتا تھا اس وقت ابرش سے بات کرتے وہ یہ بھول گیا تھا کہ اس کی کلاس کا ٹائم بھی ہو گیا ہے۔

"?What do you mean"

"آپ کی بات کا مطلب کیا ہے۔۔۔؟"ابرش کا چہرہ سرخ ہوا تھا ضامن آخر کو سمجھ کیا رہا تھا جو دل میں آئے گا بولے گا اور وہ چپ چاپ سنتی رہے گی اتنی بھی بے بس نہیں تھی وہ۔

I mean, you have understood well Miss Malik. "

But you seem to like listening. Take care of your

".eyes, it will be good for you

"مطلب تو آپ اچھے سے سمجھ گئی ہیں مس ملک۔۔۔ لیکن لگتا ہے کہ آپ کو سننا اچھا لگتا ہے۔۔۔ اپنی نظروں کو سنبھال کر رکھیے آچھا ہو گا آپ کے لئے۔۔۔ "ضامن کیسے ابرش سے نرمی سے بات کر سکتا تھا ابرش کی وجہ سے عائلہ کی حالت اتنی خراب تھی۔۔۔۔۔

".My eyes are my will"

"میری نظریں میری مرضی۔۔۔!؛" ابرش نے ڈھٹائی کا مظاہر کیا کل اس کے ساتھ بھی تو برا ہوا ضامن کو صرف اپنی سائیڈ ہی کیوں نظر آرہی تھی۔

"So follow your will, Miss Malik"

"تو اپنی مرضی کسی اوٗر پہ چلائیں مس ملک۔۔۔!؛" وہ اس کو دیوار کے ساتھ لگا گیا تھا۔

"آپ پہ بھی تو چلا سکتی ہوں۔۔۔"وائٹ جیکٹ پہ تازہ شیو کیے ضامن لگ رہی اتنا خوبصورت رہا تھا۔

".I'm Not Your Personal Property"

"آئی ایم ناٹ یور پرسنل پراپرٹی۔۔۔!؛"وہ اس کے قریب تھا دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھ رہے تھے کالی آنکھوں میں ضبط کی سرخی تھی تو نیلی آنکھوں میں جذبات کی آنچ۔۔

"You are my personal property"

"آپ ہیں تو میری پرسنل پراپرٹی۔۔۔!؛"وہ ضامن کے سینے پہ انگلی رکھتی کہ ضامن نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا ابرش کا چہرہ سرخ ہوا تھا ضامن کی یہ حرکت اس کو قطعی مناسب نہیں لگی تھی۔

There is a misunderstanding, Miss Malik!; A " person should have good understanding but not so much. What happened yesterday was your planning, but very soon I will end this relationship. You are not so important to me that I will maintain this forced relationship for the rest ".of my life

"غلط فہمی ہے آپ کی مس ملک۔۔۔!؛اوَر خوش فہم انسان کو ہونا چاہیے لیکن اتنا نہیں کل جو کچھ ہوا وہ آپ کی پلاننگ کی تھی لیکِن بہت جلد میں اس رشتے کو ختم کر دوں گا میرے لیے آپ اتنی اہم نہیں ہیں کہ ساری زندگی

اس زبردستی کے تعلق کو نبھاؤں گا میں۔۔۔"وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے بول رہا تھا۔۔۔۔

"پروفیسر ضامن پرسنل ڈسکشن کے لئے یہ جگہ سوٹ ایبل نہیں ہے آپ لوگ کہاں کھڑے ہیں۔۔۔یہ دیکھ لیں پہلے۔۔۔"ایک فی میل ٹیچر جو شائد سٹاف روم سے نکل کر آگے کلاس میں جا رہی تھی ان کی نظر ابرش اور ضامن پہ پڑی تو وہ طنزیہ بولی۔

ضامن کے لئے وہ دل میں جذبات رکھتی تھی ضامن عباس کی پرسنیلٹی سے وہ کافی امپریس ہوئی تھیں لیکن کل ضامن اور ابرش کا نکاح ہوا تو وہ بہت افسردہ ہوئیں ضامن سنگل تھا پہلے لیکن اب ابرش اس کی منکوحہ تھی ابرش ملک کی پوزیشن یونیورسٹی میں کیا تھی ہر کوئی بہت اچھے سے جانتا تھا

۔

وہ ان دونوں پہ ایک سرد نگاہ ڈالتے آگے چلی گئی تھیں ان کی بات پہ ضامن کے چہرے کا رنگ سرخ ہوا تھا وہ تو واقعی میں جگہ کا لحاظ بھول چکے تھے یہ تو اس ٹیچر نے احساس دلایا.

"ان کی اتنی ہمّت۔۔۔!؛" ابرش لال انگار ہوئی چہرے پہ زردیاں سی گھلنے لگی ٹیچر کی بات سن کر.

"وہ آپ کی ٹیچر ہیں۔۔۔" ضامن کو ابرش کا رویہ پسند نہیں آیا تو بولا۔

"ہاں تو ٹیچر ہیں تو اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ وہ ایسے ہماری انسلٹ کریں ہم یہاں بھی کھڑے ہو کر بات کریں کسی کو اس سے کیا یہ یونیورسٹی کسی ذاتی ملکیت تھوڑی ہے۔۔۔" ابرش نے اپنے بالوں کو پیچھے جھٹکا اس نے گردن کے گرد سٹولر لپیٹ رکھا تھا لیکِن اس کے گردن اونچی کرنے پہ ضامن کی نظر اس کی شہ رگ پہ بنے تل پہ جم گئی۔

لیکن جلد ہی ضامن نے سر جھٹکا جب اس نے ابرش ملک سے آیسا کوئی تعلق رکھنا ہی نہیں تھا تو پھر یہ جذبات اسکے کوئی اہمیت نہیں رکھتے تھے۔

"ٹھیک کہا آپ نے یہ یورنیورسٹی کسی کی ذاتی ملکیت نہیں ہے یعنی آپ کی بھی نہیں ہے۔۔۔"ضامن مذید رکا نہیں پرنسپل صاحب اس کو فورس کر رہے تھے کہ وہ کچھ دن خاموش ہو جائے اس معاملے کو چھیڑے ہی نہیں لیکن ضامن کیسے خاموش رہ سکتا تھا جو داغ ابرش کی وجہ سے اس کے کردار پہ لگا تھا ضامن کو اس داغ کو صاف کرنا تھا۔

اس نے ایک پلان بنایا تھا اور اپنے پلان پہ کام کرتے اس نے اس ملازم سے سچ اگلوانا تھا۔

ابرش ضامن کو جاتے دیکھ کر اس کے پیچھے چل پڑی اگر وہ لیٹ ہو جاتی تو ممکن تھا کہ ضامن پہلے دن کی طرح اس کو کلاس میں ہی نہیں آنے دیتا۔

ویسے تو کسی ٹیچر کے آگے چلنا ابرش کو اچھا نہیں لگا تھا لیکِن ضامن کے قدم سے وہ قدم ملا کر چل رہی تھی ضامن کو دیکھتے اس کے دل میں گدگدی ہوئی تھی معاضامن کی بات یاد آئی۔

ضامن نے صاف صاف کہہ دیا تھا کہ وہ کبھی اس کو نہیں اپنائے گا وہ گہرا سانس بھرتے پھر سے ضامن کو دیکھنے لگی۔

"مس ملک مجھے دیکھنے کے بجائے سامنے دیکھیں ویسے کل جو تماشا آپ نے لگایا اُس کے بعد آپ کو یورنیورسٹی آنے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا۔۔۔" آتے جاتے سٹوڈنٹس ان دونوں کو معنی خیز نظروں سے دیکھ رہے تھے ضامن لب بھینچ گیا ابرش کی وجہ سے یہ سب کچھ ہوا اور اب وہ اس کے ساتھ تھی جن کو شک تھا پہلے اب ان کو یقین ہو رہا تھا۔

ابرش اس کے ساتھ کیوں تھی وہ ابرش کا گلہ دبا دیتا تو پھر بھی اس کا غصہ کم نہیں ہوتا لیکن ابرش سے سچائی اس نے اگلوانی تھی۔۔

وہ کلاس میں داخل ہوا تو ایک نظر اس نے سٹوڈنٹس پہ ڈالی تھی عائلہ کے علاوہ پوری کلاس ہی آئی ہوئی تھی اپنی کو سوچتے اس کو ابرش پہ مذید غصہ آیا تھا کتنی بے شرم لڑکی تھی کیسے وہ سب کر چکی تھی جس کی زد میں عائلہ بھی آ گئی تھی۔

اب تو تقریباً پوری کلاس ہی عائلہ اور ضامن کے رشتے کے بارے میں جان گیا تھا ضامن نہیں چاہتا تھا کہ کسی کو پتہ چلے عائلہ اس کی بہن ہے کیونکہ پھر سب سٹوڈنٹس اُسے تنگ کرتے۔

فزا ضامن سے پوچھنا چاہتی تھی عائلہ کے بارے میں کیونکہ کل اس نے کافی بار ٹرائے کیا تھا عائلہ کا نمبر لیکن بند جا رہا تھا نجانے وہ ٹھیک بھی تھی یا نہیں

اور آج آئی کیوں نہیں۔۔وہ اپنی دوست کے لئے پریشان تھی اوٗر عائلہ سے ناراض بھی تھی جس نے ضامن اور اپنا رشتہ اس سے چھپایا وہ بتا بھی تو سکتی تھی فزا نے کونسا سی کو بتا دینا تھا۔

ضامن پہلے کلاس میں آیا تھا اوٗر ابرش اس کے پیچھے لیکن سب کو پتہ تھا کہ دونوں ساتھ آئے ہیں۔

"پہلے سوچ لیجے آپ نے بولنا کیا ہے مس ملک اینڈ پلیز گو۔۔۔ آپ کا یہ چہرہ مزید دیکھنے کی خواہش نہیں ہے مُجھے تو آپ جا سکتی ہیں۔۔۔" وہ بار بار

ابرش ملک کی انسلٹ کر رہا تھا لیکِن یہاں ابرش ملک کو احساس ہوتا تو پھر کیا بات تھی اس کو احساس ہی نہیں ہو رہا تھا۔

"اگر میں نہ جاؤں تو کیا کریں گے۔۔۔!؟" وہ ہنوز ضامن عباس کی بانہوں میں قید کھڑی تھی کہ اس کا دھڑکتا دل اس کی دھڑکنوں کو آپنے لبوں پہ محسوس کر رہی تھی۔

"کچھ زیادہ ہی نہیں پسند آگیا آپ کو یہ کیبن؟" ضامن نے اس کو اپنی بانہوں سے آزاد کیا تو ابرش ملک کا منہ بن گیا شائد وہ اس کے قریب رہنا چاہتی تھی بے حد قریب۔

"آپ کا جو ہے۔۔۔!؛" ابرش کو خود نہیں اندازہ ہو رہا تھا کہ کل کا سارا دن جس واقعے کو لیکر وہ اتنی اپ سٹ اوَر ڈسٹرب رہی آج وہ اتنی ہی ریلکس

کیسے ہو گئی تھی ضامن کے قریب رہنا اس کو اچھا لگ رہا تھا اور یہاں تک کے اس نے ضامن کو خود سے کس بھی کر دیا ہے۔

"شٹ اپ مس ملک۔۔۔۔!؛" نجانے کتنی بار ضامن ابرش ملک کو شٹ اپ کال دے چکا تھا اگر ضامن کی جگہ کوئی اور ہوتا تو اب تک ابرش ملک اس کے ساتھ نجانے کیا کر چکی تھی لیکِن مقابل کھڑا انسان کوئی اور نہیں ابرش ملک کا پروفیسر تھا جس سے کل تک بدلہ لینے کے لیے وہ کچھ بھی کرنے کو تیار تھی اور آج اس کی حالت اس قدر بدل گئی تھی۔

"مُجھے اپنا کنٹکنٹ نمبر تو دیں آپ؟" اچانک سے ابرش کو خیال آیا اس کے پاس ضامن کا نمبر نہیں تھا حالانکہ چاہتی تو آسانی سے ضامن عباس کا نمبر حاصلِ کر سکتی تھی لیکِن اس نے ضرورت ہی محسوس نہیں کی کبھی پر آج چاہیئے تھا۔

"کیوں دوں آپ کو اپنا نمبر۔۔۔۔؟" یہ لڑکی اب اپنی لمنٹس کراس کر رہی تھی نکاحِ جن حالات میں ہوا وہ کیسے سب کچھ فراموش کر سکتی تھی۔

"کیونکہ میں۔۔۔"

"پلیز یہ بار بار اس رشتے کا حوالہ مت دو جو ایک عارضی اور کاغذی رشتہ ہے جس کا کوئی وجودِ نہیں ہے اور جو بہت جلد ختم ہو جائے گا ایک ایسا رشتہ جس کی بنیاد ہی غلط فہمی پہ ہو وہ قائم رہ بھی کیسے سکتا ہے زیادہ خوش فہمیاں پالنے کی ضرورت نہیں ہے مس ملک۔۔۔" ضامن کا بہت سا ٹائم ضائع ہو چکا تھا ابرش ملک سے بات کرتے کرتے اب اس کو کلاس میں جانا تھا جس کا لکچر تو وہ تیار ہی نہیں کر سکا کب سے یہ لڑکی اس کے سامنے کھڑی اس کے ضبط کو آزما رہی تھی۔

"آپ کے لئے یہ سب اتنا آسان لگ رہا ہے۔۔۔؟" ابرش کا دل جیسے کسی نے مٹھی میں بھینچا تھا ضامن کے لبوں سے اس رشتے کے ختم ہونے کا سن کر۔

"بہت آسان آپ کی سوچ سے بھی زیادہ آسان بس کچھ دن! اگر آپ کے ڈیڈ کو یہ لگتا ہے کہ وہ مجھ پہ اپنی دولت کا رعب جھاڑیں گے تو یہ ان کی غلط فہمی ہے نہ تو مُجھے ایسی کسی دولت کی ضرورت ہے اور نہ ہی آیسے کسی انسان کی اپنی زندگی میں ضرورت ہے۔۔۔" وہ ابرش کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا ابرش نے یکدم سے آپنا چہرہ پھیرتے اپنی آنکھوں میں امنڈ آتے آنسوؤں کا گلہ گھونٹا تھا۔

ضامن اس کا جواب سنے بغیر ہی کیبن سے نکل گیا جبکہ ابرش وہیں کھڑی اس کی پیٹھ کو دیکھ رہی تھی۔

--

کیوں اس کو اتنا برا لگ رہا تھا ضامن نے بس اس رشتے کو ختم کو ختم کرنے کی بات کی تھی اوَر ابرش کی حالت غیر ہونے لگی۔

"اگر تو آپ اس رشتے کو اس وجہ سے ختم کریں گے کہ آپ کی زندگی میں پہلے سے کوئی اوَر لڑکی ہے تو ایسا ابرش ملک ہونے نہیں دے گی یہ آپ کی بھول ہے ضامن عباس کہ آپ اپنی مرضی کریں گے شاید مُجھے جانتے نہیں ہیں یہ رشتہ اب کبھی ختم نہیں ہو گا آپ صرف میرے رہیں گے اور نمبر آپ نے نہیں دیا تو کیا ہوا شام تک دیکھئیے گا کیا کرتی ہوں میں۔۔۔" وہ دل ہی دل میں سوچتے پاؤں پٹختے ضامن کے کیبن سے نکلی تھی لیکِن سامنے سے صبح والی ٹیچر کو ہی دیکھتے اس کے بڑھتے قدم رکے تھے۔

••••••

صبح بھی اس میم کی حرکت ابرش نے بمشکل ضبط کی تھی اوٗر اب وہ ادھر کیا کیا کر رہی تھیں شاید ان کی باتیں سن رہی تھیں۔

میم بہت خوبصورت تھیں کیمسٹری کی میم تھیں برطانیہ سے پڑھ کر آئی تھیں اپنی خوبصورتی پہ گھمنڈ بھی بہت زیادہ تھا ان کو۔

ابرش کو اندازہ ہو رہا تھا کہ ان کی ایسی حرکتوں کی وجہ کیا ہے وہ شائد ضامن میں انٹرسٹڈ تھیں۔

"ویسے آپ کو نہیں لگتا ہے میم آپ غلط جگہ ٹرائی کر رہی ہیں جو آپ کا ہو ہی نہیں سکتا ہے اس کے کوشش کرنا بھی بیکار ہوتا ہے۔۔۔"ابرش ان کی معنی خیز نظریں خود پہ محسوس کرتے ایک پل کے لئے بلش کرنے لگی وہ اس کو ایسے کیوں گھور رہی تھیں اس کی بھی ایک ریزن تھی وہ تھی ابرش کے

ہونٹوں پہ پھیلی لپسٹک جو ضامن کو کس کرتے اس کے ہونٹوں کے کنارے پہ پھیلی تھی۔۔

"واٹ ڈو یو مین ابرش ملک۔۔۔۔؟" ابرش ملک کے طنز پہ میم بلبلا گئی تھیں ابرش ایسے ان کو صاف لفظوں میں کہہ دے گی یہ امید ان کو شاید نہیں تھی۔

"میم آپ میری باتوں کا مطلب اچھے سے سمجھ گئی ہیں ویسے انجان بن رہی ہیں تو یہ اور بات ہے۔۔۔" ابرش کی زبان بس ضامن کے سامنے ہی کم چلتی تھی باقی سب نے سامنے وہ کسی کو بولنے کہا دیتی تھی اس وقتِ میم کی تو حرکت پہ ہی وہ سلگ گئی تھی بہت غلط حرکت تھی یہ شاید وہ ضامن اور اس کو ایک دوسرے کے قریب دیکھ چکی ہوں۔۔ وہ لمحات سوچتے ابرش کے

ہونٹوں پہ دھیمی سی مسکراہٹ آئی تھی لیکِن وہ کس یکطرفہ تھی ضامن نے اس کا ساتھ نہیں دیا تھا۔

"ابرش ملک یہ پڑھنے کی جگہ ہے اوَر مُجھے لگتا ہے اس کو پڑھنے کی جگہ پہ رہنے دینا چاہیے جو کل ہوا اُس کے بعد آپ دونوں (ضامن اور ابرش) آپ کو لوگوں کو تو سب کا سامنا کرنے سے پہلے شرمندگی ہونی چاہیے تھی لیکِن آپ دونوں کی حرکتیں توبہ کیا وقت آگیا ہے ٹیچر سٹوڈنٹ ۔۔۔۔۔" وہ تو باقاعدہ کانوں کو ہاتھ لگا رہی تھیں ابرش کا دل چاہا وہ قہقہہ لگائے میم کی حالتِ پہ ان کو کس بات کا صدمہ لگا ہوا تھا وہ آچھے سے جانتی تھی شائد میم سے برداشت نہیں ہو رہا تھا ان کا اتنا سیپشل اوَر کلوز مؤمنٹ۔

"کیا ٹیچر سٹوڈنٹ ہسبنڈ وائف نہیں بن سکتے ہیں کہاں لکھا ہے یہ سب میم جی۔۔۔"ابرش نے اپنے بیگ سے ٹیشو نکالتے اپنے ہونٹوں کے کناروں پہ پھیلی لپسٹک کو ریمو کیا تھا۔

"ابرش ملک آپ کو اپنا نہیں تو کم سے کم ضامن عباس کی عزت کا کچھ خیال کرنا چاہیئے بچارے ضامن صاحب کتنی بدنامی ہوئی ان کی اور ساتھ ان کی بہن کی بھی۔۔"وہ ابرش سے بولتے آگے بڑھ گئی تھیں جبکہ ابرش کو بے ساختہ عائلہ کا خیال آیا یرمان کا خیال بھی آیا جس نے کیسے اسانی سے ڈیڈ کی بات مان لی۔

ابرش کا فون بجا تو اس نے دیکھا مایا کی کال تھی ابرش اس وقتِ ڈسٹرب تھی کسی سے بات نہیں کرنا چاہتی تھی لیکِن مایا کی کال اس نے ریسو کر لی تھی۔۔۔۔

"ہاں مایا کیسی ہو؟" وہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف چلی آئی عائشہ کئیں نظر نہیں آرہی تھی۔

"کیسی ہو سکتی ہو ابرش؟ یرمان کا نکاح ہو گیا ہے؟ اور مُجھے کسی نے بتایا بھی نہیں؟ یرمان نے میرے ساتھ آیسا کیوں کیا۔۔۔!" وہ اپنے آنسو روک نہیں پارہی تھی دل تھا کہ خون کے آنسو رو رہا تھا یرمان کا رویہ جیسا بھی ہوتا مایا برداشت کر لیتی کہ چلو شادی کے بعد تو سب ٹھیک ہو جائے گا لیکن اب تو یہ امید بھی ختم ہو چکی تھی۔

"مایا ریلیکس جو ہونا تھا وہ ہو گیا اب ایسے آوورری ایکٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے یرمان بھائی سے بات کر لو تم دیکھو وہ کیا کہتے ہیں۔۔۔" مایا کا ایسے رونا ابرش کو ایرٹیٹ کر رہا تھا۔

"وہ میری کال کٹ کر چکا ہے ٹھیک سے بات بھی نہیں کی ابرش میں بہت پریشان ہوں کیسے ریلکس ہو سکتی ہوں اس ساری صورتحال میں آخر۔۔۔۔!؛" وہ آپنے کو آہستہ آہستہ سہلا رہی تھی۔

"مایا میں تم سے بعد میں بات کرتی ہوں۔۔۔" ابرش پہلے ہی کافی ڈسٹرب تھی مذید مایا کا یہ رونا دھونا وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

اس نے مایا کی مذید کوئی بات نہیں سنی ایک تو ضامن کی باتوں سے وہ سلگ رہی تھی اوپر سے میم کا سامنے آنا لیکن ان کو تو وہ اچھا خاصا جواب دے چکی تھی اب امید تھی کہ وہ خود ہی اس کے اور ضامن کے درمیان آنے کی کوشش نہیں کرنے والی تھیں۔۔۔۔۔۔

لیکن ایک مسلہ تو ابھی تک ابرش کو درپیش تھا اور وہ تھا یہ خیال کہ ضامن کی زندگی میں کہیں کوئی اور تو نہیں ہے۔۔

ابرش نے ضامن کا نمبر بھی لے لیا جو اس کے لیے مشکل ہر گز نہیں تھا ہاں وہ چاہتی تھی کہ ضامن خوُد اس کو آپنا نمبر دے لیکن ضامن نے انکار کر دیا.

"اب آپ کو اتنا تنگ کروں گی کہ آپ کی سوچ ہے سر جی۔۔۔"سر جی پہ اس کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ آئی تھی سر جی کہنا اس کو اچھا لگتا تھا۔

••••••

یرمان آفس آیا تھا جہاں وہ کم ہی آیا تھا آفس کا ماحول اس کو بہت بورنگ لگتا تھا ڈیڈ کے بار بار کہنے پہ بھی وہ آفس کا رخ کرنے کی غلطی کبھی نہیں کرتا تھا پہلی بار اس نے کوئی بزنس مٹینگ لی جس کی وجہ سے وہ پورا مہینہ پاکستان سے باہر رہا تھا وہ لفٹ یوز کرتے ڈیڈ کے آفس میں پہنچا اس کو ریسو قیوم ملک کی اسسٹنٹ نے کیا تھا جو بہت خوبصورت اوُر کم عمر لڑکی تھی۔

کافی سالوں سے وہ قیوم ملک کے آفس میں کام کر رہی تھی یرمان کی بھی اچھی ہیلو ہائے تھی اس سے اکثر کوئی پارٹی ہوتی تو یرمان کی ملاقات ہو جاتی اس سے۔۔

یرمان آفس تو آ گیا تھا لیکِن دھیان سارا عائلہ کی طرف تھا وہ چاہا کر بھی اس لڑکی کو سوچنے سے خود کو روک نہیں پا رہا تھا مایا اس کے دماغ سے نکل چکی تھی عائلہ کا خیال ہی اس کے دل و دماغ پہ حاوی تھا۔

"ڈیڈ آپ نے اتنی ایمرجنسی میں کیوں بلایا؟" قیوم ملک کی اسسٹنٹ اس کو افس میں چھوڑتے خود باہر نکل گئی تھی وہ آندر آتے ڈیڈ سے پوچھنے لگا جو پریشان لگ رہے تھے۔

"یہ دیکھو۔۔۔!؛" انہوں نے ٹیبلیٹ یرمان ملک کے سامنے کیا یہاں یرمان ملک کے نکاح کی نیوز ہیڈ لائن بن چکی تھی ابرش کے حوالے سے کوئی نیوز

نہیں تھی لیکِن یرمان ملک کے نکاح کی خبر سوشل میڈیا پہ ہر جگہ گردش کر رہی تھی۔

"یہ کس نے کیا ڈیڈ؟" وہ بار بار نیچے سکرول کر رہا تھا لیکِن ہر جگہ اس کو یہی نیوز سننے کو مل رہی تھی اس کو اپنے نکاح کی زیادہ پریشانی نہیں تھی مسلہ ابرش کے نکاحِ سے تھا اگر ابرش اوَر ضامن سے متعلق میڈیا میں کوئی نیوز ہوئی تو پھر۔

"مُجھے نہیں پتہ میں نے یونیورسٹی انتظامیہ سے بھی بات کی ہے وہ لاعلمی کا اظہارِ کر رہے ہیں کہ یونیورسٹی سے یہ نیوز بار نہیں گئی ہے۔۔۔" وہ بہت پریشان تھے اب ان کے حریف اس بات کو ان کے خلاف استعمال کرنے والے تھے۔

"ڈیڈ یہ تو پریشانی کی بات ہے آخر کس نے کیا یہ سب؟ عائلہ کی تو کوئی پک شئیر نہیں ہوئی ہے بس میری ہی تصویریں گردش کر رہی ہیں ابرش کی بھی نہیں ہے یہ جس نے بھی کیا ہے ناں اس نے جان بوجھ کر ہماری بزنس ساخت کو نقصان پہنچانے کے لئے کیا ہے ہر کوئی یہ کہہ رہا ہے ایسی کون سی ایمرجنسی آن پڑی ہے جو قیوم ملک نے اتنی چوری چھپے اپنے بیٹے کی شادی کروادی۔۔۔؟" وہ ڈیڈ کو پریشان دیکھتے خود بھی بہت زیادہ پریشان ہو گیا تھا یہ بات تھی ہی پریشانی کی.

"مُجھے اب لگ رہا ہے ہم نے غلطی کی ہمیں کل ہی تمھارے نکاحِ کی خبر میڈیا پہ شئیر کر دینی چاہیے میں کیسے بھول گیا میرے اتنے دشمن ہیں جو یہ خبر لیک کر سکتے ہیں یرمان یہ بالکل بھی اچھا نہیں ہوا ہے آگے کیا ہو

گا۔۔۔؟" وہ پہلی بار اتنا پریشان لگ رہے تھے یرمان کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیسے تسلی دیتا آپنے ڈیڈ کو۔

"ڈیڈ ہمیں یہ نہیں معلوم تھا کہ یہ نیوز یوں سوشل میڈیا پہ کوئی ببلش کر دے گا لیکن پریشان مت یوں ایسے تو آپ کی طعیبت خراب ہو جائے گی ڈیڈ پلیز۔۔۔" وہ ان کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے ان کو تسلی دینے لگا لیکن وہ کہاں ریلیکس رہ سکتے تھے۔

"کیسے پریشان مت ہوں یرمان میں یہ بات پریشانی کی ہی ہے تمھیں نہیں معلوم کل تک یہ مذید پھیل جائے گی اوٗر پھر آگے ہم اس بات کو کوراپ کریں گے۔۔۔۔۔؟" ان پہ یرمان کی دی گئی تسلی کا بھی اثر نہیں ہو رہا تھا۔

"ڈیڈ میرے زہن میں ایک پلان آیا ہے۔۔۔؟"

"کیا؟" وہ یرمان کی طرف دیکھ رہے تھے۔

"ڈیڈ میڈیا پہ صرف میرے نکاح کی نیوز آئی ہے ابرش کے حوالے سے کوئی نیوز نہیں آئی ہے اگر ہم لوگ خود نیوز کانفرنس کر کے یہ نیوز سب کو بتادیں کوئی بھی بہانہ بنادیں گے نکاحِ کا اور ساتھ یہ بھی کہ شادی بہت جلد ہو گی۔۔۔ایسے کچھ بات کو راپ ہو جائے گی آپ کیا کہتے ہیں ڈیڈ۔۔۔" یرمان ملک کو اس وقت یہ ہی خیال آیا کہ مذید یہ بات پھیلتی وہ لوگ خود ہی میڈیا پہ یہ بیان دے دیتے ہیں۔

"ٹھیک کہہ رہے ہو یرمان مُجھے لگتا ہے کہ یہ اگر ہم کل کر دیتے تو زیادہ اچھا تھا لیکِن خیر دیر تو آج بھی نہیں ہوئی ہے ہم ابھی پریس کانفرنس کرتے ہیں۔۔

تم میرے ساتھ رہنا۔۔۔"انہوں نے اپنی اسسٹنٹ کو بلایا جو چند منٹوں بعد ان کے سامنے کھڑی تھی۔

"ایک پریس کانفرنس ارینج کریں آدھے گھنٹے بعد کی۔۔۔"وہ اپنی اسسٹنٹ سے بولے تو اس نے سر ہلایا اور باہر نکل گئی تقریباً آدھے گھنٹے بعد یرمان ملک اور قیوم ملک میڈیا کے سامنے یہ بیان دے چکے تھے۔

"سر آپ نے کافی لیٹ بتایا اب تو ہر جگہ یہ بات پہلے ہی ٹرینڈنگ پہ جا رہی ہے۔۔۔؟"ایک صحافی نے کہا تو یرمان ملک لب بھینچ گیا ان لوگوں کو ہینڈل کرنا اس کو ہمیشہ ہی بہت مشکل لگتا تھا اتنے سوال پوچھتے کی بندے کا میٹر ہی شارٹ ہو جاتا۔

"ہم کل کا پورا دن بیزی رہے ورنہ کل ہی یہ نیوز آپ لوگوں کے ساتھ شئیر کرتے لیکن ابھی کر دی شادی کی ڈیٹ بہت جلد آپ لوگوں کو بتادی جائے گی شکریہ۔۔۔" قیوم ملک نے یرمان ملک کو اشارے سے پر سکون رہنے کا کہا ورنہ وہ بہت غصے میں آگیا تھا۔۔۔۔۔

"سر کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ ایسی کوئی سی ایمر جنسی آگئی کہ آپ یوں اچانک سے اپنے بیٹے کا نکاحِ کروانا۔۔۔؟"نیوز رپوڑٹر نے سوال کیا۔

"یہ پر سنل ہے آپ لوگوں سے شیئر نہیں کر سکتے ہیں میرے خیال میں یہ نیوز شئیر کر دی ہے یہی کافی ہے تھینکس ٹو ایل۔۔۔۔" وہ پریس کانفرنس ختم کرتے واپس آندر چلے گئے حالانکہ میڈیا کے لوگ ان سے مذید سوال کرنا چاہتے تھے لیکن انہوں نے کسی کو اجازت ہی نہیں دی مذید سوال پوچھنے کی۔۔۔

"یرمان یہ مسلہ تو کچھ حد تک حل ہو گیا ہے آگے دیکھتے ہیں کیا ہو تا ہے میری میٹنگ ہے تم آفس میں رہو گے یا واپس چلے جاؤ گے۔۔۔؟؛"وہ کافی پیتے یرمان سے پوچھ رہے تھے۔

"ڈیڈ میں تو گھر جاؤں گا آفس میں رکنے کا کوئی موڈ نہیں ہے میرا آپ اٹینڈ کریں اپنی مٹینگز۔۔۔"وہ آفس سے جتنا بھاگتا تھا قیوم ملک کو امید تھی کہ وہ انکار ہی کرے گا یہاں رکنے سے۔

" کبھی آفس میں رک جایا کرو یرمان۔۔۔؟"وہ اس بار ہنس پڑے یرمان نے کسکاتے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔

"ڈیڈ آپ کو پتہ ہے مجھے آفس کتنا بورنگ لگتا ہے یہاں رکنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہو تا ہے یہ سب آپ کو ہی مبارک ہو۔۔۔میرے بس سے باہر ہے۔۔۔"وہ ہاتھ کھڑے کر گیا بزنس اس کو بہت بورنگ لگتا تھا شروع سے

ہی تبھی تو ایم فیل پی ایچ ڈی کر رہا تھا تا کہ اس کو افس نہ آنا پڑے۔۔اگے اس کا ارادہ سی سی ایس ایس دینے کا تھا۔

"میرے بعد بھی تو سب سنبھالنا ہی ہے ناں یرمان تو ابھی سنبھال لو مُجھے بھی کچھ ریلکسیلیشن مل جائے گی اتنے سالوں سے یہ سب سنبھال رہا ہوں۔۔۔" آج شاید پہلی بار دونوں ایک دوسرے سے اتنا فرینڈلی بات کر رہے تھے ورنہ تو ایک سرد مہری کی دیوار ہمیشہ ان کے درمیان رہتی تھی۔

"ڈیڈ پلیز ایسی باتیں مت کیا کریں آپ۔۔۔" وہ جھنجھنایا تھا اور قیوم ملک نے خالی مگ ٹیبل پہ رکھا اور اسی دوران ان کی اسسٹنٹ آندر آ گئی جو ان کے ساتھ میٹینگ میں جانے والی تھی۔

یرمان ڈیڈ سے اجازت لیتے آفس سے نکل آیا تھا اتنا ٹائم ہو گیا تھا اس کا فون سائلنٹ موڈ پہ تھا بہت سی کالز اس کو آچکی تھیں سب کی۔

مایا کی مام کی بھی کالز تھیں اپنی مام کی بھی اس کا سر درد کر رہا تھا گھر جانے کا سوچتے اس نے پارکنگ کا رخ کیا تھا۔

مام اس سے کیا بات کرنا چاہتی تھیں آخر رات کو سب کلیئر ہو تو گیا تھا اب پھر بات کرنے کی ضرورت تھی آخر وہ سوچوں میں گھیرا ہی آیا تھا بار بار عائلہ کی طرف دھیان جا رہا تھا اس کے سلکی لمبے بالوں کی مہک وہ بھول ہی نہیں پا رہا تھا۔

اس کا چہرہ تو دیکھ نہیں سکا لیکن عائلہ کے وجود کی طلب اس کے اندر بیدار ہو رہی تھی جسمانی طلب تھی یا کچھ اور وہ خود نہیں جانتا تھا۔

وہ اندر آیا تو سامنے مام کے ساتھ مایا اور مایا کی مام کو دیکھتے وہ ان کی طرف چلا آیا۔۔مایا کا یہاں آنا اس کے ساتھ مام بھی تھیں۔

"ہیلو آنٹی کیسی ہیں آپ۔۔۔؟" وہ مام کو اگنور کرتے مایا کی مام سے حال چال پوچھنے لگا وہ بیٹے کی بے رخی پہ تڑپ گئی تھیں لیکن اپنی دوست کے سامنے خاموش رہی تھیں۔

"یرمان یہ ہم کیا سن رہے ہیں بیٹا؟ آپ کا نکاح ہو گیا؟ اور اب ابھی میڈیا بیان بھی سنا قیوم بھائی کا؟ کب ہوا یہ ہمیں تو اس بارے میں کچھ معلوم ہی نہیں ہے۔۔۔۔" وہ یرمان ملک کے پاس آتے پوچھنے لگی۔

"آنٹی یہ سب ایمرجنسی میں ہوا لیکن اب تو جو ہونا تھا وہ ہو گیا ہے کیا فایدہ اس پہ بات کرنے کا۔۔۔!!" وہ اپنی مام کی پلاننگ سے بے خبر تھا کہ وہ ڈیڈ سے مایا کے حوالے سے بات کر چکی تھیں۔

"لیکِن بیٹا۔۔۔"

"آنٹی میں فریش ہو کر آتا ہوں۔۔۔" وہ ان کی بات درمیان میں کٹ کرتا سیڑھیاں پھلانگتے اپنے کمرے میں جا بند ہوا مایا سے اس نے بات ہی نہیں کی۔

"آنٹی میں جاؤں یرمان سے بات کرنے۔۔۔؟" وہ عفت بیگم سے اجازت لے رہی تھی یرمان ملک سے بات کرنے کے لئے انہوں نے اُسے اجازت دے دی تو وہ یرمان کے کمرے میں چلی گئی۔

"یہ بہت برا ہوا عفت مایا کے ڈیڈ کی کال آئی مُجھے وہ بھی بہت اپ سٹ لگے مُجھے ہم نے تو سوچا ہوا تھا کہ مایا اور یرمان۔۔۔" مام کی مام اپنی انگلیوں سے رخساروں پہ بہتی نمی چن رہی تھیں اب وہ عفت ملک کو یہ تو نہیں بتا سکتی تھیں کہ ان کے شوہر نے ان کی کتنی انسلٹ کی تھی فون۔

وہ چاہتے تھے کہ جلد از جلد مایا اور یرمان کی شادی ہو جائے تا کہ وہ قیوم ملک کے رشتے دار بن جائیں لیکن یہاں سب الٹا ہو رہا تھا۔۔

"میں نے بھی یہی سوچا تھا لیکِن درمیان میں یہ سب ہو گیا ہے قیوم صاحب سے ابھی میری بات نہیں ہوئی ہے تم پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔"عفت ملک نے ان کے شانے پہ ہاتھ رکھا۔

"عفت کیسے سب ٹھیک ہو جائے گا قیوم بھائی پریس کانفرنس میں شادی کی بات کر رہے تھے کہ بہت جلد شادی کی ڈیٹ اناؤنس کریں گے تم کیسے کہہ سکتی ہو سب ٹھیک ہو جائے گا مایا کی حالت دیکھ رہی ہو ناں تم تمھارے سامنے ہے ٹوٹ رہی ہے میری بیٹی۔۔۔"وہ عفت ملک کی تسلیوں پہ پہلے سے زیادہ پریشان ہو گئی تھیں۔

"نہیں شادی نہیں ہو گئی آ ایسے ہی میڈیا پہ یہ بول دیا قیوم صاحب نے ابھی کوئی پلان نہیں شادی کا تم اس بات کو کچھ زیادہ ہی سیر یس لے رہی ہو یرمان خوُد ختم کر دے گا یہ رشتہ وہ اوُر مایا ایک دوسرے کے کتنے قریب ہیں یہ تم جانتی ہو ناں۔۔۔"وہ جھوٹ بول رہی تھیں حالانکہ قیوم ملک نے کل صاف صاف کہہ دیا تھا کہ سنڈے والے دن وہ لوگ جائیں گے یرمان کی شادی کی بات کرنے کے لیے۔

"ہاں وہ ایک دوسرے کے قریب ہیں لیکن تم اپنے بچوں کی طعیبت سے واقف ہو عفت وہ دونوں کہاں کسی کی سنتے ہیں اپنی کرتے ہیں ابھی آیا تو مایا سے بات تک نہیں کی جیسے مایا کو جانتا تک ہی نہیں۔۔۔کیسے سب ٹھیک ہو گا آگے۔۔۔"ان کے پاس یہی موقع تھا کہ وہ عفت ملک کو اپنی مٹھی میں کرتی۔

"وہ اپ سٹ ہے کل سے ابرش کی شادی ہو جائے گی تو یرمان خوُد ہی اس لڑکی کو طلاق دے دے گا تم لوگ تھوڑا انتظار کر لو اوُر مایا کو سمجھاؤ وہ یرمان کے ساتھ رہے۔۔۔"عفت ملک اتنی آسانی سے یہ شادی ہونے نہیں دینے والی تھیں۔۔

"مجھے لگتا ہے عفت تمھیں اُس لڑکی سے بات کرنی چاہیے کیا پتہ وہ تمھاری بات مان جائے قیوم بھائی سے مُجھے کسی اچھے کی امید نہیں ہے۔۔۔"ان کے دل میں اچانک سے یہ خیال آیا۔

"میں پہلے ہی یہ سوچ رہی تھی تم پریشان مت ہوں قیوم صاحب بھی کچھ نہیں کریں گے۔۔۔"اصل وجہ عفت ملک کو ابھی تک معلوم نہیں تھی نکاحِ کی لیکن اُنہوں نے انفارمیشن نکلوانے کا کہہ دیا ہوا تھا اُس لڑکی کی جس سے یرمان کا نکاح ہوا ہے۔

"تم کیسے کہہ سکتی ہو عفت قیوم بھائی کب کیا کر جائیں تمھیں معلوم ہے ناں۔۔۔"وہ طنزیہ بولی تھیں عفت ملک کو شدید سبکی محسوس ہوئی تھی وہ ٹھیک ہی تو کہہ رہی تھیں کب قیوم ملک نے ان سے کبھی کچھ پوچھا تھا ہمیشہ اپنی کرتے تھے۔

"ہاں جانتی ہوں لیکن یہ معاملہ صرف قیوم کا نہیں ہے ہمارے بچوں کی زندگیوں کا سوال ہے اوُر وہ اپنی مرضی نہیں کر سکتے ہیں تم پریشان مت ہو۔۔۔"وہ ان کو تسلی دینے لگی تھیں۔

•••••

ضامن عباس گھر واپس آچکا تھا عائلہ کو اس نے یورنیورسٹی میں کافی کالز کی تھیں لیکن اس نے ایک بھی نہیں اٹھائی اب وہ پریشان ہو رہا تھا عائلہ کہاں تھی وہ آگیا تھا عائلہ لاؤنج میں موجود نہیں تھی کمرے کا دروازہ کھلا تھا وہ

وہاں بھی نہیں تھی ضامن کو اب مزید پریشانی نے آن گھیرا تھا عائلہ کہاں جاسکتی تھی اس نے باتھ روم کا دروازہ کھٹکایا تھا دروازہ لاکڈ تھا۔

لیکن اس نے دروازہ نہیں کھولا ضامن بار بار کھٹکھٹا رہا تھا عائلہ کیوں اس کو جواب نہیں دے رہی تھی آخر اس کی پریشانی ہر گزرتے لمحے کے ساتھ بڑھ رہی تھی۔۔۔

"عائلہ گڑیا آپ ٹھیک ہو۔۔۔؟" یہ الفاظ وہ نجانے کتنی بار کہہ چکا تھا اب اس کو آئے آدھا گھنٹہ ہو چکا تھا لیکِن نہ تو باہر آئی تھی نا ہی اس نے جواب دیا تھا آب ضامن کو ایک ہی حل نظر آیا اس نے ڈپلیکیٹ کیز سے دروازہ کھولا اوٗر جب اندر داخل ہوا تو نظریں عائلہ پہ گئی تھیں جو بے ہوش پڑی تھی فرش پہ نجانے کب سے۔

ضامن آندر آتے ہوئے ہچکچا رہا تھا لیکن عائلہ کی حالتِ دیکھتے اس کا کلیجہ منہ کو آیا تھا۔

اس نے عائلہ کو بانہوں میں بھرا اور باہر لے آیا عائلہ کی حالت دیکھتے اس کی پریشانی مسلسل بڑھ رہی تھی اس نے لیڈی ڈاکٹر کو کال کی تھی۔

ملازمہ جا چکی تھی ورنہ اس کو معلوم ہو جاتا کہ اس کے پیچھے ہوا کیا تھا آخر جو عائلہ کی حالت اس قدر خراب ہو گئی کچھ نہ کچھ تو ہوا تھا ورنہ عائلہ اتنی بیمار کیوں ہوتی۔

ضامن نے اس کے رخساروں کو تھپکتے اس کے ہاتھ سہلائے تھے۔

"عائلہ گڑیا۔۔۔"اس کے ماتھے پہ پسینہ آیا جب سے وہ لوگ کراچی آئے تھے کچھ نہ کچھ ان کے ساتھ ہو رہا تھا اب اس کو کراچی آنے کا فیصلہ غلط لگا تھا۔

ڈاکٹر آدھے گھنٹے تک آگئی تھی اور عائلہ کو چیک کیا تھا جو ابھی تک بے ہوش پڑی تھی۔

"یہ مسلسل کسی بات کی ٹینشن لے رہی ہیں ضامن جس کی وجہ سے یہ بار بار پریشان ہو ہے اور بے ہوش بھی ہو جاتی ہے آگر ان کی یہ ہی حالت رہی تو آگے چل کر بہت پریشانی ہو سکتی ہے آپ خیال رکھیں ان کا۔۔۔"اس نے کچھ میڈسن دی اور ساتھ ریسٹ کرنے کا مشورہ دیا۔

"کب تک ہوش آئے گا عائلہ کو۔۔۔؟"ضامن کی نظریں عائلہ پہ تھیں وہ بے ہوشی میں بھی بے چین تھی۔

"تقریباً ایک دو گھنٹے تک لیکن کوشش کریں کہ یہ سٹرس سے دور رہیں۔۔۔"ڈاکٹر کو باہر چھوڑتے ضامن واپس آیا تھا سر درد مذید بڑھ گیا تھا ایک تو ابرش کی یونی میں کی گئی حرکت پہ وہ غصے میں تھا اور اوپر سے عائلہ کی حالت اس کی زمہ دار بھی تو ابرش ملک تھی۔

••••••

عائلہ کو ہوش آ گیا تھا ضامن اس کے پاس بیٹھا تھا سنجیدہ سا عائلہ کی آنکھوں میں پانی تھا سمجھ نہیں آ رہا تھا ضامن یقیناً اس سے وجہ پوچھے گا جو اس کے پاس نہیں تھی کیسے بتاتی وہ اس کو کہ یہاں کون آیا تھا یرمان ملک کی نزدیکی سے اس کو بے ساختہ خوف محسوس ہو رہا تھا۔

"بھائی۔۔۔" نجانے کتنے ہی لمحات درمیان میں سے خاموشی سے گزر گئے تو عائلہ کو ہی ضامن کو آواز دینی پڑی وہ تو خاموشی سے نجانے سوچ رہا تھا جو کوئی بات ہی نہیں کر رہا تھا۔

"کیا ہوا تھا میرے پیچھے؟" وہ چیئر سے اٹھتے روم میں ٹہلنے لگا کب سے عائلہ کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہا تھا وہ ہوش میں آچکی تھی لیکِن ضامن جانتا تھا کہ وہ کیا سوچ رہی ہو گی ضامن کو جاننا تھا کہ اس کو آخر ہوا کیا ہے جس کی وجہ سے اس کی طعیبت خراب ہوئی۔

"بھیاوہ۔۔۔" یرمان کی آمد کا بتاتی تو ضامن نے حد سے زیادہ غصہ میں آنا جانا تھا عائلہ بہت پریشان تھی بہت زیادہ ضامن کے چہرے کے تاثرات اس کو مزید خوفزدہ کر رہے تھے اتنا پریشان تو وہ تب نہیں ہوئی تھی جب یرمان ملک اس کے قریب آیا تھا جتنا اس کو مشکل ہو رہا تھا ضامن کو بتانا۔

"عائلہ گڑیا مُجھے سچ سننا ہے آخر کیا ہوا تھا آپ کو؟ کہاں گئی ملازمہ میں اسے کہہ کر گیا تھا وہ آپ کا خیال رکھے گئ۔۔۔؟" ضامن سنجیدہ تھا۔

"بھیا۔۔۔وہ۔۔۔۔چلی۔۔۔۔۔گئی۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔!؛" اس کی آنکھیں شدت گریہ سے بہنے لگی تھیں ضامن سے جھوٹ بولتے اس کا دل کٹ رہا تھا لیکِن وہ سچ بھی کیسے بتاتی ضامن کو کل کا دن سیاہ دن ثابت ہوا تھا کاش کہ وہ نہیں جاتی کل سے افسوس کر رہی تھی اب سوائے افسوس کے وہ اوُر کچھ نہیں کر سکتی تھی دل خون کے آنسو رو رہا تھا۔

"کیوں چلی گئی وہ؟" عائلہ کا اٹک اٹک کر جواب دینا ضامن کو یہ مزید شک دلا رہا تھا کہ کچھ نہ کچھ تو ضرور ہے کچھ ایسا ہے جو عائلہ چھپا رہی ہے۔

"وہ اس کی۔۔۔۔امی۔۔۔۔۔بیمار۔۔۔ابھہہ۔۔۔۔"عائلہ نے آپنا گلہ پکڑ کر جکڑا تھا ضامن تیزی سے اس کی طرف بڑھا جس کی سانس پھول رہی تھی۔

"گڑیا پلیز ریلکس۔۔۔!؛"وہ اس کی پیٹھ سہلانے لگا افسوس ہوا کہ کیوں عائلہ سے ایسی ٹنس باتیں کر رہا تھا ڈاکٹر نے جو کہا تھا وہ تو اس کو اچھے سے یاد تھا۔

ڈاکٹر نے کہا تھا عائلہ کو ہر قسم کی پریشانی سے دور رکھنا ہے لیکن یہاں معاملہ ہی الگ تھا ضامن خود ہی اس کو پریشان کر رہا تھا۔

جس کی وجہ سے اس کی طبیعت پھر سے بگڑ رہی تھی ضامن نے خود وہ ملامت زدہ نظروں سے دیکھا کیا ضرورت تھی عائلہ کو پریشان کیا۔

ہاں وہ مانتا تھا اس کے پیچھے کچھ ہوا تھا لیکن یہ ضروری تو نہیں تھا کہ گھر میں سے سی سی ٹی وی کیمرا زرگے ہوئے تھے جن کے بارے میں عائلہ نہیں جانتی تھی لیکن اس نے لگوائے ہوئے تھے کہ کبھی ایمرجنسی میں ضرورت پڑ سکتی تھی اب اس کو کمرہ سے چیک کرنے تھے کہ کون ایا تھا اس کے گھر میں۔

ایسا نہیں تھا کہ اس کو ائل پر بھروسہ نہیں تھا اس کو اپنی بہن پہ خود سے زیادہ بہت زیادہ تھا لیکن عائلہ کی حالت اس کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر رہے تھے ہو سکتا تھا عائلہ نے کوئی ایسی چیز دیکھ لی جس سے وہ ڈر گئی وہ تھی بھی تو اتنی ڈرپوک کہ چھوٹی چھوٹی چیزوں سے ڈر جاتی تھی۔

یہ تو اب دیکھنے والی پتہ چلنا تھا کہ اس کو ہوا کیا اور وہ اتنی خوفزدہ کیوں تھی اور عائلہ اتنی خوفزدہ کیوں تھی ضامن نے عقیلہ کو واپس بستر پہ لٹایا جو روتے ہوئے اپنے انسو صاف کر رہے تھے۔

لیکن امین اس کے رونے پہ تڑپ بھی تو ایک ہی تو بہن تھی اس کی جو اس کی وجہ سے اج اس کی انکھوں میں انسو ہے کل کا دن اس کی زندگی کا سب سے بہترین دن تھا اوپر سے اج جو ابرش نے کیا اس خود اس کو کس کر رہی تھی اس کو یقین نہیں ارہا تھا کوئی لڑکی اتنی بولڈ کیسے ہوتی ہے لیکن ابرش تھی ہاں برش ملک تھی۔

وہ ابرش ملک کی ہو سکتی تھی ابرش ضامن عباس وہ کبھی نہیں بن سکتے اگر اب برش ضامن عباس بننے کی کوشش بھی کرتی تو ضامن ایسا کبھی ہونے

نہیں دینے والا تھا ضامن کو بہت جلد یہ رشتہ ختم کرنا تھا کیونکہ اپنی وجہ سے وہ عائلہ کو کسی مشکل میں مزید بڑھتے نہیں دیکھ سکتا۔

وہ کل کی وجہ سے بھی بہت افسردہ تھا کاش کہ عائلہ کو اپنے ساتھ یونیورسٹی نہ لے جاتا عائلہ ساتھ نہ ہوتی اور اس کا نکاح ہوتا تو اس کو اتنا افسوس نہیں ہوتا جتنا اس کو عائلہ کے لیے ہو رہا تھا۔

عائلہ اس کی وجہ سے پھنس گئی تھی اس کی وجہ سے نہیں ابرش ملک کی وجہ سے پھنسی تھی جس کی ایک پلاننگ نے ان دونوں کی زندگی کو درہم برہم کر دیا تھا۔

کل تک کتنے خوش تھے یہ دونوں بہن اپنی زندگی میں ہاں بابا اور ماما کے بعد انہوں نے بہت کچھ فیس کیا وہ الگ بات تھی لیکن اب ابرش کی وجہ سے جو اس کی بدنامی پورے یونیورسٹی میں وہ ضامن نہیں بول سکتا تھا ضامن کو اس

ملازم کو خود ہی ڈھونڈنا تھا جانتا تھا وہ کچھ دن تک منزلیں ان پر نہیں ائے گا کیونکہ وہ ہی ابرش کے بارے میں سچ بتا سکتا تھا۔

اب اس ملک میں اس کو بہت بری طرح سے پھنسا دیا تھا یہ لڑکی اتنی چلاک ہو گئی وہ کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کیسے بے باکی سے اج وہ اس کے قریب ائی اس کو چھوا ضامن کو ایسی لڑکی کم سے کم اپنی زندگی پہ کبھی نہیں چاہیے تھی اس کو فزا جیسی سمپل لڑکی اس کے لیے ابرش ملک سے کئی گنا بہتر ہو سکتی تھی۔

اس کا یہ مطلب نہیں تھا کہ اس کو فزا پسند تھی اس نے ابھی تک اس حوالے سے کچھ سوچا ہی نہیں تھا اس کوئی نہیں چاہیے تھی اپنی زندگی میں۔

"عائلہ کچھ نہیں سوچنا ہے بیٹا آپ بس نے آرام کرنا ہے سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔!؛" وہ اس کے پاس بیٹھا اس کا ہاتھ تھامے بولا تو عائلہ نے

محض سر ہلایا وہ بھلا اس پوزیشن میں کہاں تھی کہ ضامن کو کچھ بتانے کے اس کا سر پھٹ رہا تھا درد سے۔

یرمان ملک کے خوف سے وہ نجانے کتنے گھنٹے باتھ روم میں بند رہی تھی اور کب بے ہوش ہوئی اس کو خود نہیں پتہ تھا ہاں بس اب آنکھ کھلی تو ضامن کے ساتھ تھی۔۔۔

"میڈیسن دینی ہے آپ کو کھانا لا رہا ہوں۔۔۔ آپ فریش ہو جاؤ گڑیا۔۔۔ کھانا تو ملازمہ نے بنایا ہی ہو گا آ۔۔۔!؛" وہ اس کے پاس سے اٹھتے کہہ رہا تھا۔

"بھیا میرا دل نہیں کر رہا ہے ابھی رہنے دیں بعد میں کھا لونگی۔۔۔" وہ اپنے بالوں کو جھنجھوڑ رہی تھی اور ضامن اس کی حالت دیکھتا خاصا پریشان ہو رہا تھا۔

"نہیں گڑیا آپ کی طعیبت ٹھیک نہیں ہے آپ کو میڈیسن لینی ہو گی۔۔۔"وہ اس کی یہ ضد نہیں مان سکتا تھا وہ بیمار تھی اوٗر ضد کر رہی تھی۔

"بھیا۔۔۔"وہ منہ بسور گئی تو ضامن نے بمشکل اپنی مسکراہٹ ضبط کی تھی اور کمرے سے نکل گیا پھر ضامن نے اس کا بہت خیال رکھا تھا عائلہ کو اپنی خوش قسمتی پہ ناز ہوا رب نے اس کو اتنا پیارا بھائی دیا تھا۔

•••••

یرمان فریش ہو کر وآپس روم میں آیا تو ٹروزار میں ملبوس تھا اور اس سے پہلے کہ اپنی شرٹ اٹھا کر پہنتا کہ مایا اندر آئی تھی اس نے اجازت نہیں لی تھی مایا کی نظریں ضامن کے کسرتی وجودِ پہ تھیں اس کی نظریں ہٹ تک نہیں رہی تھیں لیکن پھر جب یرمان کے نکاح کا خیال آیا تو اس کے چہرے کے تاثرات خود بخود سخت ہو گئے تھے۔

"مایا تم کیوں آئی میں آرہا تھا نیچے۔۔۔!؛" وہ اپنی شرٹ پہنتے بٹن بند کرنے لگا پہلی مایا کی نظروں سے اس کو عیجب سا محسوس ہوا تھا پہلے کبھی آیسا محسوس نہیں ہوا تھا جب سے عائلہ اس کی زندگی میں شامل ہوئی تھی اس کے جزبات تبدیل ہو رہے تھے مایا چلتے یرمان ملک کے قریب آئی۔

"یرمان تم نے کیوں کیا میرے ساتھ آیسا؟" وہ اس کی شرٹ کو مٹھیوں میں جکڑتے سسکی تھی یرمان ملک نے کوفت سے اسے دیکھا جو شاید کچھ زیادہ ہی آوورری ایکٹ کر رہی تھی حالانکہ حالات تو مایا کے سامنے تھے پھر بھی مایا کی بحث۔

"مایا تم سب کچھ جانتی ہُوں کیا ہوا پھر کیا ضرورت ہے یہ سب کچھ کہنے کی پلیز میں بہت ڈسٹرب ہوں پہلے ہی اس وقتِ کسی سے بات نہیں کرنا چاہتا ہوں تم پلیز جاؤ یہاں سے۔۔۔!؛" وہ اس وقتِ مایا سے بات کرنے کے موڈ

میں نہیں تھا اس کے ذہن میں مسلسل عائلہ گھوم رہی تھی جب وہ عائلہ کے قریب گیا اس وقت اس کی حالتِ بہت عجیب سی ہوئی تھی۔۔

"کیوں بات نہیں کرنی ہے یرمان۔۔۔؟" اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے برداشت نہیں کر پا رہی تھی وہ یرمان ملک کا رویہ۔

"مایا تم اس ٹاپک پہ بحث کرنا چاہتی ہو جس پہ بات کرنے کا کوئی فایدہ نہیں ہے جو ہونا تھا وہ ہو گیا ہے اب مذید بات کرنے سے کیا ہو گا۔۔۔!؛" وہ کندھے آچکاتے اس معاملے کو بہت لائٹ لے رہا تھا۔

"یرمان تمھیں نہیں لگتا ہے تم بدل رہے ہو کل سے تمھارا رویہ مُجھے پتہ ہے انکل کی وجہ سے تم نے یہ نکاح کیا ظاہر ہے جو ابرش نے کیا وہ سب چھپانے کے لیے یہ ضروری تھا۔۔۔!؛" مایا کو پتہ چل گیا تھا کہ کل جو ہؤا اؤر اس کو

پتہ تھا کہ ابرش ہی ایسی حرکت کر سکتی تھی ضامن سر آیسے لگتے ہی نہیں تھے۔

لیکن اس کے لیے پریشانی عائلہ تھی نہ کہ ضامن عابس۔

"ابرش نے جو کیا؟ کیا مطلب ہے اس بات کا؟" مایا کو ابرش کے بارے میں بولنا اس کو غصہ دلا گیا تھا مایا کیونکر ابرش کے بارے میں ایسے کہہ رہی تھی۔

"مطلب تو صاف ہے یرمان پوری یورنیورسٹی کو پتہ ہے یہ بات پروفیسر ضامن۔۔۔!؛"

"تم یہاں اُس انسان کی حمایت کرنے آئی ہو مایا۔۔؟" ضامن کا زکر ہو اور یرمان کو غصہ نہ آئے یہ کیسے ممکن تھا اس کا چہرہ ضبط سے سرخ ہو اتھا۔

"نہیں یرمان میں تو۔۔۔!؛"

"بس مایا مزید کچھ بولنے کی ضرورت نہیں ہے تمھیں۔۔۔ تم جاؤ یہاں سے میں آجاؤں گا نیچے۔۔۔" وہ ورڈواب کی طرف بڑھ گیا مقصد صرف یہ تھا کہ مایا یہاں سے چلی جائے۔

"یرمان تم مجھے غلط سمجھ رہے ہو میرا یہ مطلب ہرگز نہیں تھا دیکھو تم ابرش کی وجہ سے اس رشتے میں بندھے ہو جب ابرش کی رخصتی ہو جائے گی تو پھر تم اس لڑکی کو چھوڑ دو گے۔۔۔" اس کو احساس ہو گیا تھا یرمان کے سامنے ابرش کے خلاف اس کو کوئی بات نہیں کرنی چاہیے تھی۔

"مایا میری بہن اتنی گئی گزری نہیں ہے کہ میں اس انسان کی طرف سے غافل ہو جاؤں اُس نے اگر کچھ بھی کرنے کی کوشش کی تو اس کی سزا اس کی بہن کو بھگتنے گی۔۔۔۔" یرمان دانت پیستا گیا تھا۔

"یرمان مُجھے پتہ ہے تم نے پروفیسر ضامن کی بہن سے نکاح اسی وجہ سے کیا ہے میرے لیے صرف تم اہم ہو تم پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو جائے گا انکل نے تو پریس کانفرنس میں کہہ دیا ہے کہ وہ شادی کی ڈیٹ اناؤنس کریں گے کیا تم شادی کرلو گے۔۔۔!"وہ افسردگی سے بولی تو یرمان نے اُسے دیکھا.

"ڈیڈ کا فیصلہ ہے یہ ماننا تو پڑے گا۔۔۔!؛"یرمان نے اس کو یہ نہیں بتایا کہ سنڈے کو وہ لوگ جارہے تھے عائلہ اور ضامن سے ملنے کے لئے۔

"یرمان تم کب سے اپنے ڈیڈ کی بات ماننے لگے اتنی جلدی کیا ہے یار ابھی تو محض ایک دن ہوا ہے۔۔۔!؛"وہ جان بوجھ کر یرمان سے اپنے رشتے کے حوالے سے کوئی بات نہیں کر رہی تھی یرمان پہلے ہی ڈسٹرب تھا ایسے میں

اس کو ایک اچھی دوست کی طرح اس کو ٹریٹ کرنا تھا تاکہ یرمان اس کے لیے کچھ خاص فیل کرے۔

یہ شادی نہیں ہونی چاہیے یہ خیال اس کے زہن میں گردشِ کر رہا تھا ایک بار آگر یرمان اور عائلہ کی شادی ہو گئی تو بہت مشکل ہو جانی تھی مایا کے لیے کہ وہ کچھ کر پاتی۔

"یہ ڈیڈ کا فیصلہ ہے ابرش کے فیوچر کو سیکور کرنے کے لیے ہمیں یہ سٹیپ لینا ہی ہو گا ورنہ بہت مشکل ہو جائے گا ہمارے لیے۔۔۔"وہ نام ابرش کا یوز کر رہا تھا لیکِن اس کے دل میں کیا چل کر رہا تھا اس سے شاید وہ خود ہی واقف تھا۔

"ضامن سر اور ابرش کا نکاح ہو چکا تھا پھِر قیوم انکل کیوں تمھارا نکاح کروایا یرمان مُجھے بالکل بھی اچھا نہیں لگ رہا ہے اُس لڑکی کو جانتے ہو کتنی عجیب سی

ہے تم کیسے اُس کو برداشت کرو گے بھلے یہ رشتہ زبردستی کا ہو گا لیکن پھر بھی تمھارے لیے تو بہت مشکل ہو گا۔۔۔"وہ یرمان کے قریب آگئی تھی یرمان نے اس کا ہاتھ اپنے کندھے پہ محسوس کیا تو بے ساختہ اس کو عائلہ کا خیال آیا۔

آج کتنی بار وہ مایا اور عائلہ کو آپس میں کمپیئر کر چکا تھا عائلہ اور مایا دونوں ایک دوسرے سے بہت مختلف تھیں۔

"یہ میرا مسلہ ہے مایا میں خود ہی ہینڈل کر لونگا اس کو تمھیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔اور تم لوگ کیوں آئیں یہاں کوئی کام تھا مام سے کیا۔۔۔۔؟"

"ہم نے جب سنا تمھارے نکاح کے بارے میں ہم سے رہا ہی نہیں گیا مایا تو بہت پریشان ہو گئی تھیں عفت آنٹی کے لیے مُجھے کہا کہ چلتے ہیں آنٹی کو اس

وقت اپنی دوست کی ضرورت ہو گی۔۔۔۔!؛"وہ یرمان کے اس غیر متوقع سوال پہ ہڑبڑا گئی۔

"ہمم اب تو ڈیڈ نے خود ہی بتا دیا میڈیا میں۔۔۔"وہ مایا کی طرف نہیں دیکھ رہا تھا مایا کو اس کا یہ بدلا بدلا انداز بہت عجیب سا لگ رہا تھا۔

"یہ آچھا نہیں ہوا اب سب لوگ تمھاری بیوی میرا طلب ہے کہ زبردستی کی بیوی کے بارے میں پوچھ گچھ کریں گے جب کہ یہ رشتہ عارضی ہے۔۔۔!؛"اسی بات کا تو دکھ تھا مایا کو وہ یہ پبلسٹی اپنی چاہتی تھی ہر جگہ یرمان ملک کی بیوی کی حیثیت سے اس کو ہونا چاہیے تھا آیہ لڑکی اچانک سے کیوں آ گئی ان کی زندگی میں۔

"یہ زیادہ اہم نہیں ہے تم کچھ آوورری ایکٹ کر رہی ہو مایا تمھیں نہیں لگتا ہے ہمیں اس ٹاپک کو چھوڑ دینا چاہیے کب سے ہم اس پہ بحث کیے جا رہے

ہیں آخر اس بحث کا کوئی فایدہ بھی نہیں ہو گا ہمیں۔۔۔"وہ بیڈ پہ بیٹھ گیا اور مایا اس کے ساتھ یرمان کافی تھک چکا تھا اس کو ریسٹ کرنا تھا۔

"کیا ہوا طعیبت ٹھیک ہے۔۔۔!؛"اس کے بالوں کو سہلاتے مایا نے نرمی سے پوچھا۔

"سر میں درد ہے۔۔۔"یرمان پیچھے بیڈ پہ لیٹ گیا تو مایا اس کے ساتھ بیٹھ گئی۔

نظریں یرمان ملک کے عالی شان کمرے پہ تھیں جو بہت بڑا اور خوبصورت تھا یرمان کا کمرہ اور ابرش کا کمرہ ساتھ تھے دونوں کے کمرے بہت خوبصورت تھے کہ دیکھنے والے محوریت سے دیکھتے رہ جاتے۔

"میں دباتی ہوں درد بھاگ جائے گا۔۔۔" وہ اپنی انگلیوں کی پوروں سے اس کی پیشانی سہلاتے ہولے ہوَلے دبانے لگی لیکِن یرمان ملک کو سکون نہیں ملا

۔

نجانے کیا تھا آس کا دل و دماغ عائلہ پہ اٹکا تھا بار بار عائلہ کے بارے میں سوچے جا رہا تھا۔

مایا اوَر اس کی بے تکلفی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں تھی دونوں ایک دوسرے کے قریب رہتے تھے لیکن آج اس کو یہ بے تکلفی کھٹک رہی تھی مایا کا قریب آنا اس کے جذبات عیجب سی رو میں چل پڑے تھے۔

"نہیں مایا میں سونے لگا ہوں تم باہر جاؤ۔۔۔!" وہ پہلے یرمان کے قریب رہتی تھی اس سے زیادہ قریب کبھی کبھار تو یرمان اس کے لبوں کو بھی چھو لیتا لیکن آج اس کے رنگ ڈھنگ ہی بدلے ہوئے تھے۔

"کہیں یہ اُس لڑکی کی وجہ سے تو میرے ساتھ آیسا نہیں کر رہا ہے ویسے بھی نکاح ہو چکا ہے۔۔۔" یہ ہی تو سوچیں مایا کو چین نہیں لینے دے رہی تھیں۔

"مایا لائیٹس آف کر جانا۔۔۔" وہ کروٹ بدلتے تکیے میں منہ چھپا گیا مطلب صاف تھا وہ اس وقت مذید بات کرنے کے موڈ میں نہیں تھا۔

مایا نے دانت پیستے اسے دیکھا اؤر ریموٹ اٹھاتے روم کی ساری لائٹس آف کر دی تھیں خؤد نیچے چلی آئی مام اور عفت آنٹی باتیں کر رہی تھیں۔

"کیا ہؤا بیٹا؟ یرمان سے کیا بات ہوئی؟" عفت ملک نے مایا کو اپنے ساتھ بیٹھایا پیار سے اس کی پیشانی پہ بوسہ دیا تو مایا کو جبراً مسکرانا پڑا۔

"کچھ نہیں آنٹی یرمان سے تفصیلی بات نہیں ہو سکی اس کی طعیبت نہیں ٹھیک تھی ریسٹ کر رہا ہے اب جو بھی کرنا ہے آپ نے کرنا ہے۔۔۔ یرمان

کے رویئے سے تو مُجھے بہت دکھ ہو رہا ہے مانا کہ اس نے انکل اور ابرش کی وجہ سے نکاح کیا ہے لیکِن اب وہ ان سب چیزوں میں خاصی دلچسپی لے رہا ہے۔۔۔!؛"مایا نے عفت ملک کا ہاتھ تھاما۔

"بیٹا تم ہی ملک مینشن کی بہو بنو گی زیادہ سوچنے کی ضرورت نہیں ہے ابھی حالات ایسے ہیں لیکن بہت جلد سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا یہ میں کہہ رہی یوں تم سے۔۔۔"ان کو پرسنلی مایا پسند تھی کچھ مایا کی مام نے ان کے سامنے مایا کی تعریفوں کے پل باندھے ہوئے تھے کہ وہ خاصی امپرس تھیں مایا سے۔

ان کے نزدیک مایا ان کے لیے ایک بہت اچھی بہو ثابت ہو سکتی تھی یرمان کی بیوی بننے کے لائق تھی.

"آنٹی مجھے بس آپ سے ہی اب کچھ توقع ہے آپ نے ہی اب کچھ کرنا ہے۔۔۔"وہ جزباتی ہوئی تھی عفت ملک کو مایا کی کنڈیشن دیکھ کر بہت برا لگا اس کو تسلی بھی دی مایا اوٗر اس کی مام شام تک ملک مینشن میں ہی رہتی تھیں لیکن تب تک یرمان اپنے کمرے میں ہی بند رہا۔

عفت ملک ان کے جانے کے بعد یرمان کے کمرے میں گئی لیکن کمرے میں اندھیرا دیکھتے وہ واپس پلٹ گئی تھیں کیونکہ وہ ابھی تک سو رہا تھا۔

•••••

آج سنڈے تھا قیوم ملک نے رات کو سب سے کہہ دیا تھا کہ وہ لوگ شام کو ضامن سے ملنے اوٗر شادی کی تاریخ رکھنے کے لیے جائیں گے عفت محض اپنے شوہر کو گھور سکی تھیں اتنے دن ہو گئے تھے وہ ضامن اوٗر عائلہ کے

بارے میں ساری تفصیلات تو نکلوا چکی تھیں لیکن وہ ان سے مل نہیں سکی تھیں قیوم ملک کے گارڈز ضامن کے گھر کے باہر موجود تھے آگر عفت ملک وہاں جاتی تو ضرور قیوم ملک کو اس متعلق پڑ جاتا اور یہی عفت ملک نہیں چاہتی تھیں۔

اتنے دن ان کے پریشانی میں گزرے تھے اور آج ان کو جانا تھا۔

دوسری طرف ابرش اس وقت یونیورسٹی جا رہی تھی آج اس کی اسائمنٹ کی لاسٹ تھی ویسے تو وہ نہ بھی جمع کرواتی تو اس کو کوئی فرق نہیں پڑنا تھا لیکِن یہ اسائمنٹ ضامن کی تھی جس کے سامنے اپنے نمبر بنانے کے لیے وہ کچھ بھی کر سکتی تھی۔

آج لاسٹ ڈیٹ تھی ویسے تو کل بھی کافی سارے سٹوڈنٹس جمع کروا دیتے تو ان کی ایکسپٹ ہو جانی تھی لیکِن ابرش کو آج ہی کے دن سبمٹ کروانی تھی

قیوم ملک نے اس کو منع بھی کیا لیکن وہ چلی بس کچھ پوائنٹس مسنگ تھے اس کے۔

ابرش نے سوچا کہ وہ پہلے لائبریری جائے گی وہاں سے کچھ بوکس سے ڈیٹا نکال لے گی اور پھر اسائنمنٹ سبمٹ کروائے گی۔

ضامن نے آج یونیورسٹی آنا تھا یہ اس کو ملازمہ نے بتایا تھا جس کو ابرش نے پیسے دیئے تھے کہ وہ ضامن پہ نظر رکھے گی وہ کس سے ملتا ہے کس سے بات کرتا ہے اس کو ساری باتیں بناتی تھیں وہ۔

اور اسی ملازمہ نے بتایا کہ ضامن سنڈے کو یورنیورسٹی آئے گا ضامن کی بہن نہیں آرہی تھی ابرش نے کافی بار سوچا کہ وہ ضامن سے عائلہ کے متعلق پوچھے لیکن پھر ضامن کا خشک رویہ دیکھتے اس کی ہمت نہیں ہو رہی تھی ضامن سے کچھ پوچھنے کی ویسے بھی وہ کونسا سیدھے منہ جواب دیتا تھا

ابرش اپنی حرکت (ضامن کو کس کرنا) پہ کافی دن اپ سٹ رہی یہ پہلی بار تھا وہ کسی کے اتنے قریب گئی۔

اتنی اپر کلاس سوسائٹی کا حصہ ہوتے اس نے آج تک ایسی کوئی حرکت نہیں کی تھی وجہ تھی کہ ڈیڈ ان معاملوں میں سخت تھے۔

ضامن نے اس کے بعد ابرش سے کوئی بات نہیں کی ابرش نے کافی کوشش کی لیکن مقابل کا رویہ سرد اور خشک ہی رہا اس نے تو سنا تھا کہ نکاح کے دو بولوں میں بڑی طاقت ہوتی ہے دو اجنبی لوگ ایک دوسرے کے بے حد قریب ہو جاتے ہیں۔

یہاں اتنے دنوں سے ضامن کے رویئے میں زرا سا بھی فرق نہیں آیا تھا۔

یرمان اوَر عائلہ کی شادی کی بات ڈیڈ نے کی لیکن ابرش اور ضامن کی شادی کی بات انہوں نے نہیں کی ابرش کو ایسا فیل ہو رہا تھا جیسے اس کا نکاح بہانہ تھا ڈیڈ اصل میں تو عائلہ اوَر یرمان کی شادی کروانے چاہتے ہیں یرمان بھی کوئی اعتراض نہیں کر رہا تھا۔

ابرش یورنیورسٹی آتے سیدھی لایبریری میں آئی تھی چند سٹوڈنٹس تھے جو اس سے پہلے لائبریری میں موجود تھے جن کو اس نے نکلتے دیکھا تھا اب وہ خود لائبریری میں اکیلی تھی۔

اس نے دروازے سے تھوڑا سا آگے والا ٹیبل سلیکٹ کیا بیٹھنے کے لئے۔

بکس نکالتے ان سے ڈیٹا نکالتے اپنے لیپ ٹاپ میں کھولے ڈیکومنٹ میں پوٹ کیا یہ کام کرتے اس کو کافی دیر ہو گئی تھی وقت کا احساس اس کو بالکل بھی نہیں ہوا تھا۔

وہ اس بات سے بھی انجان تھی کہ سنڈے کو ویسے تو آف ہوتا ہے لیکن لائبریری بھی تین بجے بند ہو جاتی تھی اوَر اب چار بجنے والے تھے وہ پچھلے ایک گھٹنے سے بند لائبریری میں بیٹھی تھی۔

دوسری طرف ضامن جو کہ جلدی جلدی کام نمٹانے کے چکر میں بھی خاصا لیٹ ہو گیا تھا اوَر اب اس کو عائلہ کے لیے لائبریری سے بک لینی تھی جس کی وجہ سے وہ ادھر آیا تھا۔

ابرش نے آپنا لیپ ٹاپ شٹ ڈاوَن کیا اور دروازے کی طرف بڑھی عین اسی وقت ضامن بھی دروازے کے قریب آیا۔

دروازہ بند دیکھتے ابرش کی آنکھوں میں حیرت ابھری دروازہ کب بندِ ہوا وہ اس بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی اس کے ماتھے پہ پسینہ آیا تھا اچانک سے یہ سوچتے کہ اس اتنی بڑی لائبریری میں وہ اکیلی تھی۔

ضامن لائبریری کو لاکڈ دیکھتے واپس پلٹا تھا۔

"دروازہ کھولا کوئی ہے پلیز اوپن دی ڈور۔۔۔۔!؛"وہ دروازہ کھٹکھٹانے لگی جلدی جلدی گھر سے نکلنے کے چکروں میں وہ اپنا سیل فون بھی روم میں بھول آئی تھی آگر پاس فون ہوتا تو کسی کو کال کر سکتی تھی۔۔۔۔وہ بند جگہوں سے گھبرا جاتی تھی یہ سوچتے ہی کہ وہ لائبریری میں بند ہو چکی ہے اس کی سانس تھمنے لگی تھی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔

"کوئی ہے پلیز دروازہ کھولو۔۔۔۔!؛"وہ ذور زور سے دروازہ پیٹ رہی تھی اس کے ہاتھوں میں بھی درد ہونے لگا تھا دروازہ پیٹنے کی وجہ سے۔

"کون ہے آندر۔۔۔؟"ضامن نے پہلے تو سر جھٹکا اس کو وآپس جانا تھا عائلہ کے معاملے میں وہ پہلے سے زیادہ محتاط ہو گیا تھا اس کو ایک لمحے کے لیے بھی اکیلا نہیں چھوڑتا تھا۔

لیکِن اندر سے آتی آوازوں کو بھی نظر انداز نہیں کر سکا آندرجو کوئی بھی تھی وہ بری طرح سے دروازہ پیٹ رہی تھی ابھی تک کلئکر لی ضامن نے ابرش کی آواز نہیں سنی تھی دروازہ بند ہونے کی وجہ سے ابرش کی آواز باہر نہیں جارہی تھی۔

"پلیز دروازہ کھولیں۔۔۔؟؛"ابرش کو باہر سے آواز سُنائی دی تو وہ حلق کے بل چلائی معاجو باہر ہے وہ کئیں واپس ہی نہ چلا جائے۔

"ویٹ میں ملازم کو بلواتا ہوں۔۔۔!؛"ضامن کو آواز سنتے یہی لگا کہ یہ ابرش ہے لیکن سنڈے والے دن ابرش کا یونی میں کیا کام وہ ریگیولر نہیں تھی کہ اس کے سبجیکٹ کی اسائنمنٹ کے لئے سنڈے والے دن چلی آتی یونیورسٹی۔

ضامن نے ادھر اودھر دیکھا کوئی ملازم اس کو نظر نہیں آیا اب شام کے چار بج رہے تھے یقیناً لوگ وآپس جا چکے تھے ضامن نجانے کیوں نہیں جا سکا اس وقت وآپس حالانکہ اس کو جلدی تھی۔

اس نے ایک نظر لائبیری کے دروازے کو دیکھا وہ کافی بڑا تھا یونیورسٹی کی لائبریری کافی بڑی تھی۔

ضامن نے گہرا سانس بھرا اور تیزی سے بھاگتے وہ کلرک آفس گیا وہاں پوری یونیورسٹی کی ایکسٹرا کیز موجود تھیں جو کہ ایمرجنسی کی صورت میں استعمال کی جاتی تھیں ضامن تیزی سے وآپس بھی آیا اس کے ہاتھ میں چابیاں تھیں۔۔ لیکن وہ بہت زیادہ تھیں جن کو ایک ایک کر کے ہی اس کو لگانا تھا وہ پہلی باریوز کر رہا تھا اس کو پتہ بھی نہیں تھا کہ چابیاں ہیں کون کون سی۔

ابرش کی آنکھوں سے پانی بہنے لگا اب تو ابرش نے آپنے گلے کو جکڑا تھا سانس رکنے لگی تھی۔

اس کو بند جگہوں سے خوف محسوس ہوتا تھا ایسا لگ رہا تھا کہ اگر وہ مزید کچھ دیر یہاں بند رہی تو اس کی سانس ہی بند ہو جائے گی اس نے ایک بار پھر سے دروازہ پیٹنا چاہا لیکن اب کی بار اس کے ہاتھوں میں اتنی ہمت نہیں بچی تھی۔

ضامن ایک ایک کر کے ساری چبایاں لگا رہا تھا لیکن دروازہ کھل ہی نہیں رہا تھا وہ خود بھی پریشان تھا ہاتھ کپکپا رہے تھے یہ پریشانی ابرش ملک کے لیے ہر گز نہیں تھی اگر ضامن کو معلوم ہوتا کہ آندر کھڑی لڑکی ابرش ملک ہے تو شاید وہ اس کی مدد کیے بغیر ہی واپس چلا جاتا۔

اس وقت وہ انسانی ہمدردی کے جذبے کے تحت اندر موجود جو بھی لڑکی تھی اس کی مدد کرنے کو تیار کھڑا تھا تقریباً پندرہ منٹس لگے تھے اس کو دروازہ

کھولنے پہ لیکن تب تک ابرش اپنے حواس کھو رہی تھی وہ دروازے کے ساتھ بیٹھی تھی جب ضامن نے دروازہ کھولا تو وہ پیچھے زمین پہ بیٹھتی چلی گئی۔۔۔۔۔۔

ابرش ملک کو دیکھتے ضامن کو زبردست جھٹکا تھا وہ حیران و پریشان ابرش ملک کو دیکھ رہا تھا جس کا پورا چہرہ آنسوؤں سے تر تھا اور اس کی سانسیں مدھم چل رہی تھیں ضامن ملک کے پاؤں جیسے کسی نے جکڑ لیے وہ آگے نہیں بڑھ پا رہا تھا۔

کتنی ہی دیر وہ ابرش ملک کو دیکھتا رہا۔

اک دل جو درد کا مارا ہے

جو پاس تھا وہ سب ہارا ہے

اس بات کو کوئی جانے نہ

اک دشمن جان سے پیارا ہے

خوابوں کا جہاں برباد ہوا

عشق رولاوے عشق ہنساوے

عشق پھیراوے در در کملا

آگے نہیں بڑھ پا رہا تھا نظروں کے سامنے ہال والا واقعہ آیا ابرش ملک کی وہ حرکت اب تک اس کے زہن میں تازہ تھی شائد ہی ضامن کبھی اس واقعے کو بھول پاتا بہت مشکل تھا۔

وہ آگے بڑھ نہیں پا رہا تھا ابرش ملک آنسوؤں سے بھیگے چہرے کو بمشکل صاف کر رہی تھی اس کے آندر سے جیسے اٹھنے کی سکت ختم ہو رہی تھی وہ چاہنے کے باوجود بھی ہل نہیں پا رہی تھی۔

ضامن کتنی ہی دیر ابرش ملک کو دروازے پر کھڑا دیکھتا رہا جب ابرش کا دباؤ اپنے گلے پہ بڑھتے دیکھ کر نجانے ضامن کو کیا ہوا کہ وہ خود کو روک نہیں سکا تھا وہ شاید تکلیف میں تھی یہ اس کے چہرے سے عیاں ہو رہا تھا۔

ضامن نے ابرش کو محض تھامنا چاہا لیکن ابرش نے اس کی جیکٹ کو مضبوطی سے جکڑ لیا معاوہ کہیں چلا ہی نہ جائے۔

"مس ملک آپ ٹھیک ہیں۔۔۔!؟" ضامن نے اس کے رخساروں کو تھپتھپایا لیکن اس کے بھیگے رخسار دیکھتے وہ لب بھینچ گیا تھا۔

"سر۔۔۔"وہ بمشکل بول سکی اور اس کے گرد اپنے ہاتھوں کا حصار بنالیا اس کو یہ ڈر تھا کہ ضامن کہیں واپس ہی نہ چلا جائے اس کو چھوڑ کر۔

ضامن کو اس کی ناز کی اپنے انتہائی قریب محسوس ہو رہی تھی ابرش کی حالتِ نے ایک پل کے لیے ضامن عباس کو پریشان کر دیا تھا۔

"کیا کر رہی تھیں یہاں؟"وہ غصے سے بولا تھا ابرش ملک سامنے ہو اور ضامن عباس کو غصہ نہ آئے یہ تو ہی نہیں سکتا تھا۔

"وہ میں۔۔۔اہہہ۔۔۔۔"وہ پھر سے گلہ تھام گئی اس کو سانس نہیں آ رہی تھی اس کی آنکھیں شدت گریہ سے بہہ رہی تھیں۔

"آپ ٹھیک ہیں ناں۔۔۔۔؟"ضامن اس کی اتنی بری حالت دیکھتا سب بھول گیا تھا۔

"مجھے سانس۔۔۔۔!؛" وہ سانس ہی تو نہیں لے پا رہی تھی ضامن اس کی پیٹھ تھپتھپانے لگا لیکن بے سود اس کی حالت میں کوئی فرق نہیں آیا۔

ضامن کو اب ایک ہی حل نظر آ رہا تھا لیکِن کیسے پہلی ایک بار ابرش نے یہ کیا کیبن میں اب وہ کیسے وہ کچھ پل تو سوچتا لیکن جب ابرش ملک اپنا گلہ جکڑنے کھانسنے لگی وہ بنا دیر کیے اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں کی گرفت میں قید کر گیا تھا۔

نرمی سے اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں دباتے وہ ابرش ملک کو مصنوعی سانس دینے لگا۔

ابرش ملک اس وقتِ کچھ سوچنے کی پوزیشن میں نہیں تھی اس کو سانسیں چاہیے تھیں وہ مل رہی تھیں۔

ضامن کتنی ہی دیر جھکا رہا ابرش ملک پہ جب تک وہ نارملی سانس نہیں لینے لگی تب تک اس نے یہ عمل دہرایا نجانے کتنی بار۔

"آر یو اوکے۔۔۔!؛" وہ اس کی نیلی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا نجانے کیوں اسے بہت پر اسرار نظر آتی تھیں یہ آنکھیں جیسے اپنے آندر کتنے ہی راز دفن کیے ہوئے ہوں یہ نیلی آنکھیں۔

تمھیں دیکھا تو یوں دیکھا۔

تصور ہو گئی یہ آنکھیں

تمھیں لکھتی ہیں جو یہ شاعر آنکھیں

بس سے ہمارے ہیں یہ باہر آنکھیں

محبت کی کہانی میں بڑی مشہور ہیں یہ آنکھیں

تمھیں لکھتی ہیں جو یہ شاعر آنکھیں

وہ اس کی طرف خالی خالی نظروں سے دیکھ رہی تھی کب سے سوال کیے جا رہا تھا لیکِن ابرش کچھ بول ہی نہیں تھی۔۔۔وہ کیوں بول رہی نہیں تھی ضامن کتنی بار پوچھ چکا تھا اس سے وہ جواب کیوں نہیں دے رہی تھی.

"مس ملک آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟" وہ اب ابرش کے چہرے کو آپنے ہاتھوں میں تھامے غرایا کب سے نرم رویہ رکھا ہوا تھا اس نے ابرش ملک کے ساتھ

۔

"وہ۔۔۔۔" وہ سہمی سی اسے دیکھ رہی تھی اس پل ضامن کے سامنے یہ کوئی اؤر ہی ابرش ملک تھی ایسی ابرش ملک جس کو وہ پہلی بار دیکھ رہا تھا ورنہ کہاں اس کے سامنے وہ پٹر پٹر بولتی تھی۔

"بیٹھیں یہاں میں جارہاہوں ایک تو آپ کی مدد کی ہے اوپر سے میڈم جواب دینا بھی ضروری نہیں سمجھ رہی ہیں۔۔۔"وہ اُسے خود سے الگ کرتا اس سے پہلے کہ اٹھتا ابرش نے مذید مضبوطی سے اس کی جیکٹ کو مٹھیوں میں جکڑا تھا۔

"سر نہیں۔۔۔"وہ شاید کسی خوف کے زراثر لگ رہی تھی اوُر ضامن بس اسے دیکھتا رہا کچھ تھا درمیان میں سے وہ جو مس کر رہا تھا۔

"آپ کو کیا ساری رات یہیں پہ بیٹھے رہنا ہے اب آپ ٹھیک ہیں ویسے بھی تھوڑی دیر ہی تو آپ لائبریری بند رہی ہیں حالت دیکھیں آپنی۔۔۔"ابرش سے بات کرتے جو نرمی اس کے لہجے میں تھی وہ اب غائب ہو چکی تھی وہ پھر سے اپنے ازلی سرد رویئے کو اپنا چکا تھا۔

"سر میں وہ۔۔۔"ابرش گھبرائی ہوئی تھی ضامن اس کو وہ آپنے پاس سے اٹھنے ہی نہیں دے رہی تھی۔

"مس ملک مجھے لگتا ہے میں نے آپ کی ہیلپ کر کے غلطی کی ہے اور آپ کو یہاں بند ہی رہنا چاہیے تھا یہی بہتر تھا اب آپ میرا اوٗر آپنا ٹائم ضائع کر رہی ہیں کیا ثابت کرنا چاہا رہی ہیں میں یہاں آپ کے پاس بیٹھا آپ کو تسلیاں دیتا رہوں کیا۔۔۔؟"وہ اس کو بالوں سے جکڑتے اس کا چہرہ آپنے قریب کر گیا تھا۔

ابرش کے ہونٹوں سے سسکی نکلی تھی۔

"سر پلیز چھوڑیں۔۔۔"وہ پہلے ہی ٹنس تھی اوپر سے ضامن کا یہ بیہوہر۔

ضامن نے ایک جھٹکے سے اس کو چھوڑ دیا تھا وہ اپنے گھٹنوں پہ ہاتھ رکھتے رونے لگی ضامن نے ایک کٹیلی نگاہ اس پہ ڈالی اور وہاں سے نکلتا چلا وہ تھوڑا سا آگے جاتا کہ اس کے کانوں میں ابرش کی چیخ پڑی وہ بری طرح سے پینک ہو رہی تھی۔

"مس ملک کیا مسئلہ ہے آپ کے ساتھ۔۔۔!؛" وہ جھنجھنایا تھا ابرش اس کو آچھا خاصا پریشان کر رہی تھی یہ اتنا بڑا ایشو نہیں تھا جتنا وہ بنا چکی تھی کب سے وہ کوشش کر رہا تھا ابرش کو باہر لیکر جانے کی لیکن وہ وہیں بیٹھی تھی۔

"سر مجھ ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔؟؛" پہلا جملہ تھا جو ابرش نے ادا کیا تھا۔

"کیوں ڈر لگ رہا ہے آپ کو؟ کس سے ڈر لگ رہا ہے آپ کو؟ مجھ سے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔؟" ضامن اس کے قریب آتے ایک گھٹنہ زمین پہ رکھتے اس کے چہرے پہ فوکس کیے بولا۔

اس کی باتوں کا مطلب ابرش ملک سمجھ گئی تھی۔

"نہیں وہ۔۔۔!"

"خاموش رہیں مس ملک آپ۔۔۔!؛"وہ اس کی کلائی تھامے اس کو کھڑا کرتا اس کو باہر لے گیا تھا۔

"سر آپ۔۔۔!؛"ابرش ملک کو اس وقتِ ایک دوست کی ضرورت تھی جو نرمی سے اس کو ٹریٹ کرتا وہ اس وقت ڈسٹرب تھی لیکِن ضامن نے اس کی پہلے ہیلپ تو کی لیکن اب اس کو وہ کیسے ٹریٹ کر رہا تھا۔

"آپ خود سے اس قدر لاپرواہ بیٹھی تھیں کہ کوئی باہر سے لائبریری کا دروازہ بند کر کے چلا گیا اور آپ کو پتہ ہی نہیں چلا۔۔۔"وہ اس کو باہر لے گیا یونی میں بہت کم لوگ وہ بھی سٹاف ممبرز تھے۔

"وہ میں اسائنمنٹ تھی۔۔۔ آپ کی۔۔۔!؛"

"رئیلی آپ فزکس کی اسائنمنٹ کے لیے آئی ہیں َوہ تو کل بھی سمبٹ ہو سکتی تھی پھِر آج کیوں؟" وہ وہ سینے پہ بازو باندھے سوالیہ نظروں سے پوچھے رہا تھا۔

"مجھے لگا آپ کی پہلے کروا دیتی ہوں۔۔۔!؛" وہ اپنے بالوں کو کان کے پیچھے اڑستے بولی اس پل وہ اس کو کافی انوسنٹ لگی تھی لیکن ابرش معصوم نہیں تھی جو لڑکی اتنی بولڈ ہو سکتی تھی وہ معصوم نہیں ہو سکتی تھی۔

"آپ اتنی سیریس میرے سبجیکٹ کے معاملے میں کیوں؟ باقی ٹیچرز کے معاملے میں آپ کا رویہ آیسا نہیں ہے مس ملک۔۔۔!؛" وہ دونوں باہر گروانڈ میں کھڑے تھے ضامن کو احساس نہیں ہؤا کہ عائلہ گھر پہ اکیلی تھی اس کو واپس جانا تھا جلدی۔

"آپ کو بس اپنے سبجیکٹ سے مطلب ہونا چاہیے۔۔۔!؛"ابرش کافی حد تک خود کو کمپوز کر چکی تھی ضامن کے سامنے وہ خود کو جتنا مظبوط رکھتی اتنا ہی اچھا تھا اس کے لیے۔۔

"مُجھے ساری چیزوں سے مطلب ہے مس ملک آپ کو سب پہ فوکس کرنا چاہیے خیر یہ آپ کا مسلہ ہے اب آپ کو آگر یہاں پہ رکنا ہے تو شوق سے رک سکتی ہیں مُجھے دیر ہو رہی ہے آپ تو لگتا ہے خاصی فری ہیں َجو یہاں ہی جم گئی ہیں۔۔۔!؛"ضامن ہو اور ابرش پہ طنز نہ کرے یہ ممکن ہی نہیں تھا۔

"سر آپ سے ایک بات پوچھوں۔۔۔!؛"وہ ضامن کی ساری باتوں کو یکسر نظر انداز کر گئی تھی وہ جو بول رہا تھا بولتا اس کی عادت تھی طنز کرنے کی۔

"مس ملک آپ کب سے اجازت لینے لگ گئی ہیں۔۔۔؟"

"ابھی تو لے رہی ہوں ناں آپ سے اجازت؟"

"مجھے لیٹ ہو رہا ہے۔۔۔"

"سر پلیز بتا دیں۔۔۔!؛"وہ اس کے پیچھے چل پڑی تھی۔

"جلدی بولیں مس ملک۔۔۔!؛"وہ رک گیا یہ لڑکی اس کے پیچھے پڑی ہوئی تھی جب تک وہ اس کی بات کا جواب نہیں دیتا وہ ایسے ہی اس کو تنگ کرتی۔

"آپ نے میرے ساتھ لائبریری میں۔۔۔؛؛اگر میری جگہ کوئی اوَر ہوتی تو کیا آپ اس کے ساتھ بھی۔۔۔؟!"وہ کیا سوَال پوچھنا چاہا رہی تھی ضامن سمجھ گیا تھا یقیناً وہ اس کے قریب گیا تھا یہ بات بچاری ابرش سے ہضم نہیں ہو رہی تھی۔

"آگر آپ کی جگہ کوئی بھی ہوتی مس ملک میں اس کی ہیلپ آگر آپ میرے منہ سے یہ سننا چاہار ہی ہیں کہ میں آپسے یہ کہوں گا آپ کے بغیر میں کسی اور کے اتنے قریب نہیں جا سکتا ہوں تو یہ آپ کی غلط فہمی ہے مس ملک۔۔۔"وہ اس کو کندھوں سے تھامے اپنے سامنے کرتا بولا تو ابرش کی آنکھیں پھیلی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"واٹ آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں؟"وہ آپے سے باہر ہوئی آخر ضامن کو کیسے پتہ چلا وہ اس سے یہ سننا چاہتی تھی۔

"کیوں نہیں کہہ سکتا مس ملک؟ آپ کے سوال کا مطلب کیا تھا آخر آپ میرے لئے اتنی اہم نہیں ہیں اوَر نہ ہی آپ کبھی ہو سکتی ہیں َیہ بات آپ کو بھولنی نہیں چاہیے۔۔۔"ابرش ملک کو وقتاً فوقتاً یہ احساس دلاتے رہنا چاہتا تھا کہ ابرش نے زندگی کی سب سے بڑی غلطی کی تھی اُس دن۔

"آپ کو نہیں لگتا ہے آپ کچھ زیادہ بول رہے ہیں سر جی آیسانہ ہو اپنی باتوں سے آپ خود ہی مکر جائیں کچھ بھی ہو سکتا ہے۔۔۔"وہ اس کی باتوں پہ دل برداشتہ ہوئی تھی۔

"دیکھتے ہیں مس ملک کون اپنی باتوں سے مکر جاتا ہے اور کون اپنی باتوں پہ قائم رہتا ہے۔۔۔"وہ آگے بڑھ گیا ابرش اس کی پشت کو گھورتی رہی پہلی بار تھا کوئی جو ابرش ملک کو اس کی ٹکر کا ملا تھا جو اس کی پرسنیلٹی سے امپریس نہیں ہوا تھا۔

"دیکھتے ہیں سر جی۔۔۔!؛"وہ دل ہی دل میں سوچتے اپنی گاڑی کی طرف چلی گئی اچھی خاصی لیٹ ہو چکی تھی ڈیڈ نے کہا تھا کہ جلدی آنا لیکن لائبریری میں اس کو اچھی خاصی دیر ہو گئی تھی۔

وہ جانتی تھی کہ ڈیڈ غصے میں آ گئے ہوں گے اور اب اس کو ڈیڈ کی مزید ڈانٹ سے بچنے کے لئے جلدی جلدی گھر جانا تھا۔

.....

عائلہ اکیلی تھی اب وہ ٹھیک تھی لیکن ضامن اس کو یونیورسٹی نہیں جانے دے رہا تھا عائلہ سے ملنے فزا گھر آئی تھی عائلہ کو بہت خوشی ہوئی آخر ایک تو دوست تھی اس کی جو اس کے ساتھ تھی فزا دیر نہیں بیٹھی تھی تھوڑی دیر تک بیٹھنے کے بعد وہ واپس چلی گئی تھی لیکِن عائلہ کو خوشی اس بات کی تھی کہ وہ آئی تھی۔۔

وہ اس وقتِ ناول پڑھ رہی تھی اس ایک ہفتے میں عائلہ نے بہت زیادہ ناولز پڑھے تھے ضامن نے اس کو کھلی چھوٹ دے رکھی تھی کہ وہ یونیورسٹی نہیں جائے گی یہاں بیٹھ کر وہ بھلے جو مرضی کرے۔

وہ خوشی خوشی ناولز پڑھتی تھی ضامن نے پھر پوچھا بھی نہیں کہ اس دن کیا ہوا تھا اس کے پیچھے اور اتنے دن ان کے سکون سے گزر گئے تھے وہ تو یرمان ملک کو بھول ہی گئی تھی۔

ضامن نے بھی نکاح کے حوالے سے عائلہ سے کوئی بات نہیں کی تھی اگر بات کرتا تو عائلہ ڈسٹرب ہی ہوتی یرمان ملک کی حرکت اس کو جب بھی یاد آتی وہ پریشان ہو جاتی لیکن اس نے یرمان ملک کے بارے میں سوچا ہی نہیں تھا اپنا دھیان اس طرف کرتی ہی نہیں تھی اس کو یرمان ملک سے کوئی غرض نہیں تھی۔

فزا نے بتایا تھا کہ اس نے اکثر ابرش اور ضامن کو ساتھ دیکھا ہے عائلہ پریشان ہوئی لیکن ضامن سے وہ کیسے پوچھتی اس بارے میں۔

اس کو ابرش جیسی لڑکی اپنے بھائی کی زندگی میں نہیں چاہیے تھی۔

ملازمہ چلی گئی تھی عائلہ نے اس کو واپس بھیج دیا تھا کھانا اس نے خود بنایا تھا ضامن یورنیورسٹی گیا ہوا تھا اور اس کے آنے تک وہ کھانا بنا کر سارے کام ختم کرنا چاہتی تھی۔

ضامن اس کو کم ہی کرنے دیتا تھا اس کا بس چلتا تو عائلہ کو بیڈ پہ ہی بیٹھا یا رکھتا بنا کوئی کام کیے لیکن عائلہ بھی اس معاملے میں ضامن کو خاصا تنگ کرتی تھی جب وہ نہیں ہوتا تو وہ کر لیتی تھی۔

وہ کھانا بنا کر ٹیبل پہ لگا چکی تھی ضامن نے کہا تھا کہ وہ چار بجے تک واپس آ جائے گا لیکن اب پانچ ہونے والے تھے پر وہ نہیں آ رہا تھا اب اس نے ضامن کو کال کرنے کا سوچا۔

لیکن اس کا نمبر ہی نہیں لگ رہا تھا۔

"بھائی ٹھیک ہوں بس۔۔۔!؛" وہ دل ہی دل میں یہ اپنے بھائی کی خیریت کی دعامانگ رہی تھی ضامن کا فون ریسیو نہ کرنا اس کو شش و پنج میں ڈال رہا تھا ضامن اس کی کال ضروری ریسیو کرتا تھا.

عائلہ ان سوچو میں گم تھی جب عائلہ کو فزا کی کال آئی عائلہ پریشان تھی سوچا دوست سے بات کرے گی تو تھوڑا بہتر فیل کرے گی۔

"عائلہ کیا بات ہے؟" فزا کو وہ پریشان لگی حالانکہ وہ پریشان تھی بھی۔

"ہاں وہ ضامن بھائی کال نہیں اٹھا رہے ہیں۔۔۔!؛" وہ دانتوں سے ناخنوں کو کاٹ رہی تھی ضامن کو اس کی یہ عادت بہت بری لگتی تھی لیکِن اس کو خاصی عادت پڑ چکی تھی اس چیز کی۔

"ہو سکتا ہے بیزی ہوں عائلہ اس میں پریشان ہونے والی کیا بات ہے تمھاری طعیبت پہلے ہی ٹھیک نہیں ہے تم پھر اوٗر خود کو پریشان کر رہی ہو آیسے تو تم مذید بیمار ہو جاؤ گی یار۔۔"

"میں بیمار نہیں ہوں تم نے اور بھائی نے مجھے بس بول بول کر بیمار بنا دیا ہے۔۔۔"وہ زچ ہوئی تو فزا نے قہقہہ لگایا تھا وہ اتنی ہی پوزسیو اوٗر سینسٹو تھی چھوٹی چھوٹی باتوں پہ پریشان ہو جاتی۔

"اچھا بابا نہیں ہو تم بیمار اب خوش پریشان نہیں ہو سر اجائیں گے واپس تم مجھ سے باتیں کرو۔۔۔"وہ اس سے ہلکی پھلکی باتیں کرنے لگی جس سے عائلہ کا دھیان بھی کچھ بنٹ گیا تھا۔

••••••

عائلہ فزا سے بات کر رہی تھی جب دروازے پہ دستک ہوئی اس کو لگا کہ ضامن ہو گا تبھی وہ فزا سے الوداعی جملے کہتے وہ دروازے کی طرف بڑھی تھی اس نے جب دروازہ کھولا تو سامنے اتنے سارے لوگوں کو دیکھتے وہ پریشان ہو گئی تھی ان لوگوں میں وہ قیوم ملک تھے جن کو وہ جانتی تھی لیکِن ساتھ یرمان ملک اوَر عفت ملک بھی تھے۔

"اسلام و علیکم۔۔۔!؛" وہ کچھ دیر تو ان کو دیکھتی رہی پھر سلام کیا تھا اس نے دوپٹے سے اپنا چہرہ کور کر لیا تھا یرمان ملک اس کی شکل آج پھر نہیں دیکھ سکا تھا۔

"وعلیکم السلام بیٹا آبھائی کہاں ہے آپ کا؟" قیوم ملک نے اس کے سر پہ ہاتھ رکھا تھا وہ ان سے بات تو نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن مجبوری تھی۔

وہ گھر آئے تھے اوٗر گھر آئے مہمانوں سے بد تمیزی کرنا کہاں ضامن نے اس کو سیکھایا تھا ایک تو ضامن نہیں تھا وہ ہوتا تو پھر عائلہ کو پریشان نہیں ہونی تھی اب کیسے وہ ضامن کی غیر موجودگی میں ان لوگوں کو اندر بلا لیتی آگر ضامن کو برا لگ گیا تو۔

"کیا سوچ رہی ہو بیٹا کہاں ہے آپ کا بھائی؟" قیوم ملک نے دوبارہ سوال پوچھا عائلہ جو سوچو میں غرق ہو چکی تھی اب ان کی آواز سن کر وہ دوبارہ ہڑبڑا کر سیدھی ہوئی تھی.

"آپ کو میرے بارے میں کسی سے کوئی بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں کیسے آپ کی فیملی کا حصہ بنی یہ آپ بہتر طور پر جانتی ہیں ائندہ میرے معاملات میں دخل اندازی مت کیجئے گا۔۔۔۔"عائلہ نے فوری خود کو سنبھالا جانتی تھی وہ جتنا ان لوگوں کے نیچے دبے گی یہ لوگ اتنا ہی اس کو دبائے گے۔

وہ ان لوگوں پر یہ واضح کر دیتی تھی وہ ان کی بات نہیں ماننے والی۔

"اس پر ہم بعد میں بات کریں گے فلحال تم خاموش رہو پورے کلاس کی نظریں ہم پر ہیں۔۔۔۔" ابرش دبی دبی اواز میں بولی۔

"پوری کلاس کے نظریں ہم پر جمی کیوں ہے آپ کی وجہ سے کیا ضرورت تھی اپ کو فزا سے یہ سب کہنے کی وہ میری دوست ہے اور میری دوست رہ گی میں آپ کے معاملات میرا اندازی نہیں کروں گی اور اپ میرے معاملات میں داخل اندازی نہیں کروں گی۔۔۔ اور آپ میرے معلامات۔۔۔۔۔" عائلہ غصے سے بولی تھی۔

مزید وہ دونوں کوئی بات کرتی کہ ضامن کلاس میں داخل ہوا تھا عائلہ اور ابرش کو ساتھ دیکھتے اس نے لب بھینچ لیے تھے۔

ایک نظر فزا کو دیکھا وہ پیچھے اکیلی بیٹھی تھی حالانکہ جب سے ان کی کلاسز ہو رہی تھی عائلہ اور فزا دونوں ایک ساتھ بیٹھتی تھی شاید ابرش کی وجہ سے وہ پیچھے بیٹھی تھی۔

"مس فزا یہاں آئیں۔۔۔۔اور یہ اٹینڈینس آپ لگائیں گی۔۔۔۔"وہ اج اس پوزیشن میں نہیں تھا کہ کلاس میں لیکچر دے پاتا پرنسپل صاحب نے تو اس پہ پریشر ڈال دیا تھا کہ ٹرپ پر اسے ہی جانا تھا۔

"سر آپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔؟"فزا اس کے قریب اتے پوچھنے لگے ضامن نے بس سر لایا تھا۔

عائلہ سے یہ منظر بھی نہیں دیکھا گیا جبکہ اس کی نظریں تو اپنے بھائی پر تھیں

۔

اس نے ایک طرف بھی اس کے ایک بار بھی اس کی طرف نہیں دیکھا تھا وہ فزا سے بات کر رہا تھا اور اس کی نظریں بھی فزا پر ہی تھی۔ اپنے بھائی کا یہ رویہ کہاں دیکھا تھا اس نے ضامن کی محبتوں کی ہادی اب اس کی اجنبی رویے پر وہ پھوٹ پھوٹ کا رو دینے کو تھی ابرش کی نظریں کسی وقت اس پر اٹھ رہی تھی تو کسی وقت ضامن کی طرف۔

ضامن کا فزا سے بات کرنا اس کے تن بدن میں اگ لگا گیا تھا یہ فزا اس کے لیے اب ٹف ٹائم ہوتی جا رہی تھی۔

"مس فزا اٹینڈ ینس لگائیں پھر ہم لیکچر شروع کرتے ہیں۔۔۔۔" ضامن ڈائس کی طرف بڑھتے بولا تو فضا نے پوری کلاس کے حاضری لگائی تھی ابرز کا دل چاہا ایک لگا دے فزا کو۔

جو اس وقت ضامن کی نظروں میں اپنے نمبر بنانے کی کوشش کر رہی تھی۔

حاضری لگاتے پھر وہ واپس اپنی سیٹ پر بیٹھ گئی تھی اس کے پاس نوٹس تو تھے اگلے لیکچرز کے اس کو لیکچر بھی کافی حد تک تیار تھا اس کو لگ رہا تھا کہ ضامن کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے وہ کہنا چاہتی تھی ضامن سے کہ وہ اج کلاس لیکچر ڈلیور کر دے گی لیکن ابرش کی وجہ سے میں یہ کہہ نہیں پا رہی تھی۔

"سر اگر آپ بیٹر فیل نہیں کر رہے ہیں تو لیکچر میں دے دیتی ہوں مجھے کافی حد تک یہ لیکچر پر پیئر ہے آپ ریسٹ کر لیں آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں لگ رہی مجھے۔۔۔۔" وہ ضامن سے بولی اور اس کا یوں بلاوجہ ضامن سے ہمدردی دکھانا اب ابرش کو برداشت نہیں ہوا تھا۔

"نو مسائل میں لیکچر خود دوں گا اور آج آپ لوگوں کا کوز نہیں ہو گا کوئز کل ہو گا اور آپ لوگوں نے سن تو لیا ہو گا اپنا ناران کاغان کے ٹرپ کے بارے میں تو آپ لوگ ڈیسائڈ کر لیں۔۔۔۔" وہ سنجیدگی سے بولا۔

"سر ٹرپ کو لیڈ آپ کر رہے ہیں نا۔۔۔۔" کلاس میں سے ایک لڑکی نے پوچھا۔

"نو مس میں ٹرپ کے ساتھ نہیں جا رہا۔۔۔" وہ ابھی تک اپنی بات پہ قائم تھا کہ ٹرپ کے ساتھ نہیں جا رہا تھا لیکن وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ پرنسپل صاحب اس کو ٹرپ پر بھیج کر ہی رہیں گے کیونکہ وہ اس کو یہ ذمہ داری سونپ چکے تھے۔

.....

"سر پرنسپل سر کہہ رہے تھے ٹرپ کو لیڈ آپ کریں گے تو پھر کیسے جانے سے انکار کر سکتے ہیں؟" ایک اور سٹوڈنٹ نے سوال کیا ضامن پہلے ہی کافی اپ سٹ تھا مزید سٹوڈنٹس کے سوالوں کے اس کا دماغ گھما دیا تھا ایک طرف تو پرنسپل سر کا واضع دوٹوک انداز کہ ٹرپ پہ وہی جائے گا اور اب سٹوڈنٹس کی بحث جیسے سب اسے زبردستی ٹرپ پہ بھیجنا چاہا رہے تھے۔

"یہ آپ لوگوں کا کنسرن نہیں ہے سٹوڈنٹس۔۔۔!؛" وہ سنجیدگی سے بولا عائلہ کی نظریں وقتاً فوقتاً وہ خود کی طرف اٹھتی دیکھ کر بھی اگنور کر رہا تھا۔

ابرش کے ساتھ وہ بیٹھی ہی کیوں یہ بات ضامن کو چبھ رہی تھی وہ ابرش کے نزدیک عائلہ کو برداشت نہیں کر سکتا تھا لیکِن یہ فیصلہ عائلہ نے ہی تو لیا تھا اپنے لیے اور عائلہ کے فیصلے کو اس نے تسلیم بھی کر لیا تھا۔

"سر آپ کو جانا چاہیئے ہمارے ساتھ۔۔۔۔!؛" ابرش کھڑی ہوئی اور بولی۔

"اب میں آپ سے پوچھ کر فیصلے کرونگا مس ملک۔۔۔؟ آپ کا مسئلہ نہیں ہے میرا جانا یا نہ جانا۔۔۔؟" ابرش کی طرف آتے وہ اس کے سامنے کھڑا ہوا تھا۔

ضامن کا ابرش کو اتنا ہارش جواب دینا پوری کلاس کو حیرت میں ڈال گیا کیسے ضامن کے آنے سے پہلے ابرش خوُد کو ضامن کی بیوی کہہ رہی تھی خیر کہنے سے کیا ہوتا تھا۔

ابرش نے مٹھیاں ایک دوسرے میں دباتے خوُد کا غصہ ضبط کیا اب کچھ زیادہ ہی ہو رہا تھا ضامن یوں سب کے سامنے اس کی انسلٹ کر رہا تھا۔

"مس فزا آپ نوٹس پہ جو پوائنٹس ہائی لائٹس ہیں آپ کو بھیجے تھے سب سے شئیر کر دیں آج شام کو ٹرپ کے لیے سب نکلیں گے تو ایک ویک بعد ہی

آ گین کلاسز سٹارٹ ہوں گی اس وقتِ ہی نیو لیکچر کنٹینو کریں گے۔۔۔۔"وہ فزا کو بولتا کلاس سے نکلا اس کے پیچھے ہی عائلہ بھی نکلی تھی۔

"بھائی۔۔۔"وہ بھاگتے ضامن کے تیز قدموں کا ساتھ دیتے اس کے قریب پہنچی تھی۔

"آپ کون؟"ضامن نے پلٹتے سینے پہ ہاتھ رکھتے سنجیدگی سے استفسار کیا جبکہ ضامن کے یہ دو لفظ...."آپ کون...."عائلہ کو جلتے انگاروں پہ لوٹا گئے تھے ضامن کیا سچ میں اس سے ہر رشتہ ختم کر چکا تھا۔

"بھائی آپ۔۔۔"

"ایکسکیوزمی مسز یرمان ملک آئی ایم یور پروفیسر۔۔۔۔۔نیکسٹ ٹائم مجھ سے مخاطب ہوتے وقت یہ تعارف یاد رکھیے گا۔۔۔۔۔"وہ عائلہ کے چہرے

کے بدلتے رنگوں کو دیکھ رہا تھا اس پل وہ بھول چکا تھا کہ عائلہ کی ڈاکٹر نے اسے عائلہ کے حوالے سے کیا ہدایات دی ہوئی تھیں۔

"نہیں۔۔۔"عائلہ بے یقینی سے ضامن کو دیکھتے اس کے مذید قریب آتی کہ ضامن دو قدم پیچھے ہوا ہاں وہ شائد بھول جاتا اس واقعے کو لیکن ابرش اور عائلہ کو ایک ساتھ دیکھتے اس کے سارے گھاؤ پھر سے پرے ہوئے تھے کیا عائلہ ان لوگوں کو واقعی قبول کر چکی تھی اس سوال نے اس کے دل و دماغ میں کڑ بھڑی مچائی تھی۔

"مسز یرمان ملک مجھے لگتا ہے کہ یہاں کھڑے ہو کر ٹائم ویسٹ کرنے سے بہتر ہے اپنی سٹڈیز پہ فوکس کریں کسی کو آپ سے کافی امیدیں تھیں۔۔۔"سلگتا لہجہ عائلہ کو بہت کچھ باور کروا گیا تھا ضامن تو آگے بڑھ گیا لیکن عائلہ سے قدم آگے بڑھانا مشکل ہوا تھا ضامن کی باتوں پہ افسردہ ہوتی

وہ اپنے فیصلے پہ نادم ہوئی لیکن پھر جب یہ سوچ زہن میں آئی کہ اس نے تو یہ سب اپنے بھائی کے لئے کیا وہ خود کو تسلی دینے لگی کہ آہستہ آہستہ بھائی ٹھیک ہو جائیں گے۔۔

"عائلہ یہاں کیا کر رہی ہو؟" مایا اور یرمان جو ایڈمن آفس سے واپس آ رہے تھے وہ عائلہ کو یوں بیچ راستے میں کھڑا دیکھتا اس کی طرف چلا آیا۔

"عائلہ۔۔۔۔؟؛" یرمان نے اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھا یہ منظر مایا سے برداشت نہیں ہوا۔

ایک دن ہوا تھا رخصتی کو اور یوں لگ رہا تھا جیسے یرمان پورا کا پورا ہی بدل گیا ہو۔

"آپ سے مطلب۔۔۔؟"عائلہ خاصی بد تمیزی سے بولی لہجہ کافی روڈ تھا جیسے وہ ضامن کے لفظوں کا بدلہ یرمان سے لینا چاہتی تھی ویسے بھی جو ہو رہا تھا یرمان کی وجہ سے ہی تو ہو رہا تھا۔

"بیہویور سیلف عائلہ۔۔۔۔"یرمان نے عائلہ کو حصار میں لینا چاہا تو وہ بدک کر پیچھے ہوئی یرمان کے ساتھ مایا کو دیکھتے وہ طنزیہ ہنسی تھی۔

"آپ کیوں آئیں گے یہاں۔۔۔۔؟"جب یرمان کے ساتھ مایا تھی تو وہ کیوں اس کے پاس آیا کیا کرنے آیا۔

"اس سٹوپڈ سوال کا کیا مطلب؟"وہ کہنا چاہتا تھا کہ تم میری بیوی ہو جب چاہے آسکتا ہوں تمھارے قریب پھر وہ جگہ کوئی بھی ہو یرمان ملک کو فرق نہیں پڑتا ہے مایا کی طرف اس کا دھیان نہیں تھا صبح سے دل و دماغ میں

پوری طرح سے عائلہ چھائی ہوئی تھی وہ سارا انتظام کرواچکا تھاٹرپ کے لئے ابرش اوٗر عائلہ کو لیکر وہ الگ سے جانے والا تھا۔

"آپ سے۔۔۔۔بات نہیں کرنی ہے۔۔۔۔"وہ یرمان کو اپنے قریب آتے دیکھ کر دو قدم مذید پیچھے ہوئی تھی۔

"ٹرپ کے لیے ہمیں تقریباچار بجے کے قریب نکلناہو گا ابرش کو بتادینا اوٗر پیکنگ کروانی ہوئی تو ابرش کے ساتھ گھر چلی جانا۔۔۔"مایا صبح سے کافی کوششیں کر چکی تھیں یرمان کو قائل کرنے کی کہ وہ ٹرپ پہ نہ جائے لیکن یرمان ملک اپنی ضد پہ قائم تھا۔

مایا یرمان ملک کے ساتھ ٹرپ پہ نہیں جاسکتی تھی لیکِن اس نے ارجنٹلی انتظام کروالیا تھاناران کاغان کے لیے وہ یرمان کے پیچھے جانے والی تھی۔

"مجھے۔۔۔ نہیں جانا۔۔۔۔ہے۔۔۔۔"اگر ضامن جارہاہوتاتووہ بھی شاید جانے کاسوچتی لیکن ضامن کی غیر موجودگی میں وہ آیسا کوئی رسک نہیں لے سکتی تھی۔۔۔۔۔

"تم سے کسی نے پوچھاہے۔۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولامایانے حیرانگی سے یرمان کو دیکھاجو صبح اسے کیا کہہ رہاتھایہ توعائلہ پہ ڈیپینڈ کرتاہے کہ وہ جائے گی یانہیں اوراب شائدوہ عائلہ پہ آپنایہ فیصلہ تھوپناچاہارہاتھا۔

"آپ۔۔۔۔"وہ بے یقینی سے یرمان ملک کو دیکھ رہی تھی جو شائد اپنی گرل فرینڈ کے سامنے اس کی اہمیت بیان کررہاتھاعائلہ کی آنکھیں بھیگنے لگی نجانے کیوں جب سے یہ انسان کی زندگی میں آیاتھاسوائے آنسوؤں کے اس کو کچھ نہیں ملاتھا۔

"جاو کلاس میں۔۔۔"اس کی سیاہ بھیگی آنکھوں میں یرمان ملک کو اپنا آپ ڈوبتا محسوس ہوا آگے بڑھتے مایا کی موجودگی کی پرواہ کیے بغیر اس نے عائلہ کی بھیگی آنکھوں پہ لب رکھے تھے۔

مایا کی آنکھوں میں چنگاریاں سی دہکنے لگی تھیں یہ منظر ناقابلِ برداشت ہوا یرمان اس کے سامنے ایسی حرکت کرے گا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی۔

عائلہ نے اس کو تقریباً دھکا دیتے خود سے الگ کیا اور تیزی سے اپنی کلاس کی طرف بھاگی تھی سانس ڈھوکی کی مانند تیز چل رہی تھی۔

"یرمان وہ نہیں جانا چاہا رہی ہے۔۔۔!؛"مایا کے ایک اور کوشش کی تھی یرمان ملک کو روکنے کی۔

"وہ کیوں نہیں جا رہی ہے میں اچھے سے جانتا ہوں لیکن اس کو جانا ہو گا۔۔۔"وہ لبوں کو سختی سے ایک دوسرے میں پیوست کیے سرد لہجے میں گویا ہوا۔

"لیکِن وہ انکار کر رہی ہے۔۔۔!؛"مایا کو یرمان ملک کا رویہ شاکڈ میں ڈال رہا تھا آخر وہ کیوں عائلہ کو زبردستی ساتھ لے جانا چاہتا تھا جب وہ خود جانا نہیں چاہتی تھی۔

"وہ کیوں انکار کر رہی ہے تم ریزن نہیں جانتی ہو مایا سو پلیز مجھ سے بحث مت کرو میرا موڈ خراب ہے پہلے ہی۔۔۔"وہ بگڑا مایا غور سے اس کو دیکھنے لگی جب وہ عائلہ کے قریب گیا اور اس نے عائلہ کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے تو عائلہ کی حالت مایا سے مخفی نہیں رہی تھی وہ برداشت نہیں کر پائی تھی شاید عائلہ کا حال بھی ایسا ہی تھا۔۔اب عائلہ کے تھرو ہی وہ کچھ کر سکتی تھی۔

"سوری یرمان تم اس ٹاپک کو چھوڑ دو چلو گراؤنڈ میں چل کر بیٹھتے ہیں صبح سے بھاگ دوڑ کر رہے ہو تم موڈ تو خراب ہونا ہی تھا تمھارا۔۔۔"وہ یرمان کے ہاتھ پہ آپنا ہاتھ رکھتے بولی تو یرمان نے اس کی کلائی تھامے اس کو اپنے قریب کر لیا وہ مسکرانے لگی تھی یرمان کبھی کبھی آیسا بیہو کرتا تھا۔

"کسی روم میں جائیں۔۔۔!؛؟ میں تو کہتی ہوں ابھی تھوڑا ٹائم ہے کلب چلتے ہیں یرمان تم بیٹر فیل کرو گے۔۔۔!؛"کلب جاتے تو ممکن تھا کہ مایا یرمان کا دھیان خود کی طرف کرنے میں کامیاب ہو جاتی۔

ڈیڈ تو مام پہ غصہ کر رہے تھے کہ تم دونوں ماں بیٹی کچھ بھی نہیں کر سکی ہو اور یرمان کی شادی کسی اور سے ہو گئی ہے۔

"نہیں ادھر ہی بیٹھتے ہیں۔۔۔"مایا کو لیکر آگے بڑھا تو مجبوراً مایا کو بھی اس کے ساتھ ہی جانا پڑا۔

•••••

عائلہ واپس کلاس میں آگئی تھی ضامن کے رویئے سے مزید پریشان ہوتی فزاایک طرف کھڑی اسٹوڈنٹس کو نوٹس پہ ہائی لائٹس کیے پوائنٹس سمجھا رہی تھی وہ فزاکی طرف آئی ابرش یہ منظر دیکھتے جل گئی یہ لڑکی بظاہر تو کافی سیدھی نظر آرہی تھی لیکن اتنی تھی نہیں جب ابرش نے اس کو صاف صاف کہہ دیا تھا کہ وہ فزا سے بات نہیں کرے گی پھر کیا ضرورت تھی اس کو فزا کے پاس جانے کی۔

کافی سارے سٹوڈنٹس کلاس سے نکل گئے تھے جبکہ جو گنے چنے بچے تھے وہ بھی نوٹس لیتے باہر ہی چلے گئے کلاس میں عائلہ عائشہ فزااؤر ابرش موجود تھیں۔

"فزا مجھے تم سے بات کرنی ہے۔۔۔؟"ضامن نے اس کو مایوس کیا تھا اپنے رویئے سے لیکِن عائلہ کو امید تھی کہ فزا اس کی سچویشن کو ضرور سمجھے گی۔

"رئیلی مسز ملک؟!میرا اتنا سٹینڈرڈ نہیں ہے کہ ملک فیملی کے کسی ممبر سے بات کر سکوں ایکسکیوز می۔۔۔"وہ ابرش کے لفظوں کو واپس لوٹا گئی عائلہ نے نفی میں سر ہلایا اپنی دوست سے اس رویئے کی امید نہیں تھی اس کو۔

جبکہ فزا کے جواب پہ ابرش مسکرائی تھی اچھا تھا مس چشمش کو خود ہی اس بات کا احساس ہو گیا تھا کہ وہ عائلہ سے بات نہیں کرے یہی بہتر ہے اس کے حق میں۔

"یہ سب آپ لوگوں کی وجہ سے ہو رہا ہے۔۔۔!؛"فزا کے جاتے ہی وہ ابرش کی طرف پلٹی تھی جو ابھی تک فزا کی باتوں پہ مسکرا رہی تھی اس کی مسکراہٹ نے جلتی پہ تیل کا کام کیا تھا۔

"تم اس صورتحال میں خود کو ایڈجسٹ کرنے کی کوشش کرو یہی بہتر ہے تمھارے لیے عائلہ اور ویسے بھی فزا کو خود ہی اس بات کا اندازہ ہو گیا ہے تم خوامخواہ ہی آوورری ایکٹ کر رہی ہو۔۔۔" ابرش کا نارمل لہجہ عائلہ سے برداشت نہیں ہوا۔

عائشہ کی نظریں عائلہ پہ تھیں یعنی اب یرمان ملک کی زندگی میں اس کا کوئی چانس نہیں تھا۔

"آپ کو میری فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے رشتہ میرے لیے مجبوری ہے اور نفرت ہے مُجھے آپ لوگوں سے جنہوں نے مجھ سے میرے اتنے قیمتی رشتے چھین لیے ہیں میرے بس میں ہوتا تو یہاں سے بہت چلی جاتی میں سب کی زندگیوں سے۔۔۔" وہ اپنی آنکھیں رگڑتے بولی تو عائشہ نے افسوس سے ابرش کو دیکھا۔

اس کو عائلہ پسند نہیں تھی لیکِن پھر بھی عائلہ کی حالت دیکھ کر اس کو بہت دکھ ہوا تھا عائلہ کے لیے۔

"تم شاید بھول رہی ہو کہ بات کس سے کر رہی ہو؟ کچھ زیادہ ہی نیگیٹو سوچ رہی ہو تم۔۔۔!؛" ابرش کو عائلہ کا رویہ ڈسٹرب کر رہا تھا۔

"آپ۔۔۔" ابرش کی طرف دیکھتے وہ باہر نکل گئی تھی اور ابرش کو ضامن سے بات کرنی تھی اس فزا کا ضامن کے قریب جانا اس کو برداشت نہیں کر سکتی تھی ضامن ٹرپ پہ بھی نہیں جا رہا تھا ابرش کو ویسے تو ٹرپ میں زیادہ دلچسپی نہیں تھی لیکِن وہ ضامن کے ساتھ جانا چاہتی تھی۔

وہ ضامن کی کلاس کی طرف چلی گئی وہ فرسٹ سمسٹر کے سٹوڈنٹس کی کلاس میں تھا۔

اس نے کلاس روم کا ڈور نوک کیا تو سب کی نظریں اس کی طرف اٹھی تھیں ضامن کو غصہ آرہا تھا ابرش کو یہ بات پتہ تھی کہ وہ کلاس میں ہے پھر بھی وہ چلی آئی ادھر۔۔یہ کلاس ویسے تو اس کی فری تھی لیکِن وہ جلدی گھر جانا چاھتا تھا تو اس نے میک اپ کلاس لے لی جلدی۔

"سر مجھے آپ سے بات کرنی ہے۔۔۔؟" وہ کلاس روم کے دروازے کے بیچ وبیچ کھڑی تھی۔

"مس ملک میں مصروف ہوں شاید آپ کو نظر نہیں آرہا ہے میں کلاس میں ہوں تو آپ یہاں سے جا سکتی ہیں َجو بھی بات کرنی ہو بعد میں کر لیجیے گا۔۔۔!؛" ضامن سٹوڈنٹس کی موجودگی کی وجہ سے نارمل ری ایکٹ کر رہا تھا ورنہ یوں ابرش کا کلاس میں آنا اس کو بہت ناگوار گزرا تھا۔

"پانچ منٹ بات کر لیں گے تو کیا ہو جائے گا؟ ویسے بھی جب ٹرپ جا رہا ہے تو آپ کلاس کیوں لے رہے ہیں؟ بچارے سٹوڈنٹس کو تھوڑا سا ٹائم دے دیں۔۔۔" ابرش اتنے ریلیکس انداز میں بات کر رہی تھی جیسے ضامن اور اس کے درمیان سب نارمل ہو کچھ ہوا ہی نہ ہو ضامن اس کی ڈھٹائی پہ جی بھر کر تلملا جاتا تھا یہ لڑکی اور اس کی حرکتیں۔

"مس ملک میں آپ سے کلاس میں بھی کہہ چکا ہوں آپ کو میرے معمالات میں انٹرفیئر کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن آپ کو احساس نہیں ہوتا ہے اس بات کا۔۔" عائلہ سے بات کرنے کے بعد ضامن کا موڈ پہلے سے زیادہ خراب ہو چکا تھا۔

"سر۔۔۔"ابرش کو سارے سٹوڈنٹس کے سامنے شدید سبکی فیل ہوئی تھی ضامن مذید ابرش سے بات نہیں کر سکا کیونکہ اس کو پرنسپل کی کال آگئی جو اس کو سارے انتظامات دیکھنے کا کہہ رہے تھے۔

"سر میں کہہ چکا ہوں آپ کو۔۔۔؟"ضامن کو پرنسپل کا یہ روعب جماتا آنداز بالکل پسند نہیں آرہا تھا۔

"پروفیسر ضامن آپ میری بات سمجھنے کی کوشش کریں سب ریڈی ہے اوئر آپ کا یہ انکار۔۔۔!"پرنسپل صاحب آخر کیوں چاہتے تھے کہ یہ ٹرپ وہی لیڈ کرے۔۔۔۔۔۔

"سر پلیز۔۔۔"

"پروفیسر ضامن سمجھیں یہ فیور آپ سے میں مانگ رہا ہوں از اپر نسیل آپ کو یہ فیور دینا ہو گا اینڈ اٹس لاسٹ۔۔۔"پر نسیل صآحب نے جیسے تیسے ہی سہی لیکن ضامن کو منا لیا تھا۔

"اب جب میں آپ کی بات مان رہا ہوں تو آپ کو بھی مجھے ایک چھوٹا سا فیور دینا ہو گا۔۔۔"ضامن نے پھر پر نسپل صاحب کو کہہ دیا کہ وہ ساتھ تو جا رہا ہے لیکِن اس کے جانے سے متعلق کسی کو معلوم نہیں ہونا چاہیے اوٗر پر نسپل صآحب مان گئے تھے۔

ضامن کال سنتے واپس کلاس روم کی طرف آیا تو ابرش ابھی بھی وہیں کھڑی تھی۔

"آپ گئی نہیں ہیں مس ملک۔۔۔؟" وہ حیرانگی سے پوچھ رہا تھا ابرش اس کے قریب ہوئی پوری کلاس کی نظریں ان پہ تھیں آور ابرش کی حرکت پہ ضامن آنکھیں پھاڑے اسے دیکھ رہا تھا۔

"اپ سے بات کرنی ہے مجھے سر جی اور بات کیے بغیر میں نہیں جاؤں گی۔۔۔!؛" وہ سچ میں بھول چکی تھی کہ وہ دونوں کلاس کے سامنے کھڑے ہیں اور ضامن کی پوری کلاس کی نظریں ان دونوں پر ہیں "مس ملک آپ کو ایک بار کا کہا سمجھ نہیں آتا جب میں کہہ چکا ہوں کہ میں بزی ہوں تو اس طرح کی بحث کا کیا فائدہ آپ جا سکتی ہیں یہاں سے۔۔۔" وہ کبھی بھی کہیں بھی ابرش کی انسلٹ کر دیتا تھا اور اس بات کا اس کو ذرا بھی افسوس نہیں ہوتا تھا اس کو اس بات کا احساس بھی نہیں ہوتا تھا کہ ابرش پر اس کی انسلٹ کس قدر بھاری پڑتی ہے۔

"اور میں بھی اپ سے کہہ چکی ہوں کہ میں آپ سے بات کیے بھی کہیں نہیں جاؤں گی سر جی پھر چاہے آپ کی پوری کلاس دیکھتے یا پھر جو مرضی ہو جائے مجھے آپ سے بات کرنی ہے اور ابھی کرنی ہے۔۔۔" وہ ہٹ دھرمی سے بولی ضامن نے لب بھینچتے اسے دیکھا یہ لڑکی کس قدر ضدی تھی اس کا اندازہ تو اس کو کچھ ہی دنوں میں ہو گیا تھا اگر وہ انکار کرتا تو ممکن تھا کہ وہ یہیں پہ کھڑی رہتی۔

"مس ملک آپ اس لیکچر کے بعد مجھ سے مل لیجئے گا ابھی مجھے کلاس لینی ہے۔۔۔۔" وہ اب بار ذرا تحمل سے بولا تھا اس نے نرمی سے ابرش کو ڈیل کرنا چاہا۔۔۔۔۔

"نو سر ابھی مطلب ابھی۔۔۔۔" غصہ اور ایٹیٹیوڈ تو ابرش ملک میں کوٹ کوٹ کر بھرا تھا۔

"کھڑی رہیں یہیں پر میں تو آپ سے کلاس کے بعد ہی ملوں گا۔۔۔۔۔" وہ بھی ضامن تھا اس کو وہیں کھڑا کر تا خود کلاس میں چلا گیا اور ابرش تلملا کر رہ گئی مطلب یہ انسان سچ میں پوری کلاس کے سامنے اس کو اگنور کر رہا تھا ضامن لیکچر دینے لگا لیکن اس کی نظریں ابرش پر ہی تھیں جو کلاس روم کے بیچ و بیچ کھڑی تھی اب تو تقریبا پوری یونیورسٹی کو یہ بات بتا دی کہ ابرش اس کی منکوحہ ہے اس کی ہونے والی بیوی لیکن ان کے درمیان جو اختلافات سے اس سے بھی کوئی ناواقف نہیں تھا ہر کوئی جانتا تھا کہ ضامن ابرش کو کتنا سخت ناپسند کرتا ہے۔

ابرش وہیں کھڑی رہی جب تک ضامن نے اپنا لیکچر مکمل کیا لیکچر کے بعد ہی اس نے پوری کلاس سے ان کے سوال سنے جو ان کو لیکچر سے متعلق تھے اور پھر وہ باہر نکلا عائلہ ابرش پہ نظر ڈالے بغیر وہ اگے بڑھ گیا لیکن ابرش بھی

اس کے پیچھے پیچھے ہی چل پڑی اتنا انتظار کیا تھا اس نے اور ضامن بات کیے بھی ہے آگے جا رہا تھا۔

"سر آپ بات کیے بغیر کیوں جا رہے ہیں آپ نے بولا تھا کلاس کے بعد آپ مجھ سے بات کریں گے۔۔۔۔"وہ تیز تیز قدموں سے چلتے اس کا ساتھ دے رہی تھی جو کافی اگے بڑھ چکا تھا۔

"مس ملک آپ جو کر چکی ہیں اس کے بعد آپ کو لگتا ہے میں آپ سے بات کروں گا میں نے آپ سے کہا تھا آپ یہاں سے چلی جائیں آپ کلاس کے سامنے کیا شو کرنا چاہتی ہیں سب کو یہ بتانا چاہتی ہیں کہ ہمارے درمیان کیا چل رہا ہے۔۔۔۔"وہ پیچھے پلٹے بغیر بولا ابرش بمشکل اس کا ساتھ دے رہی تھی۔

"سر آپ اب کچھ زیادہ ہی کر رہے ہیں میں بس آپ سے ٹرپ کے بارے میں بات کرنا چاہ رہی تھی۔۔۔؟" وہ یہ کنفرم کرنا چاہتی تھی کہ کیا ضامن ڈرپ پہ جا رہا ہے اگر ضامن جا رہا تھا تو اس کو بھی جانا تھا ورنہ وہ ٹرپ کینسل کر دیتی یرمان اور عائلہ کے حوالے سے تو اس کو کچھ معلوم نہیں تھا کہ انہوں نے جانا بھی ہے یا نہیں لیکن اس کا جانا یا نہ جانا ضامن سے منسوب تھا ضامن جاتا تو ہو جاتی ہوں نہیں جاتا تو ابرش نے بھی نہیں جانا تھا۔

"آپ نے ٹرپ کے بارے میں کیا بات کرنی ہے آپ کو مجھ سے جو بھی بات کرنی ہے آپ کسی اور سے کریں مجھے اس ٹاپک پہ بات نہیں کرنی ہے۔۔۔" ایک تو پہلے ہی پرنسپل صاحب کی وجہ سے وہ مارے باندھے جا رہا تھا اور اوپر سے ابرش ملک چل پڑی تھی اس سے اسی ٹرپ کے بارے میں بات کرنے کے لیے۔

"سر مجھے اپ سے بات کرنی ہے کہ آپ ٹرپ پر جا رہے ہیں یا نہیں جا رہی وہ چلتے چلتے ضامن کے سامنے آئی اور اسی وجہ سے ضامن کو رکنا پڑا کیونکہ وہ ضامن کے بالکل سامنے کھڑی تھی۔

اگر ضامن تھوڑا سا اگے بڑھتا تو دونوں کا ٹکرا ہوتا اور وہ بھی شدید۔

"میں جاؤں یا نہ جاؤں یہ آپ کا مسئلہ نہیں ہے مس ابرش ملک۔۔۔۔۔۔"اس کا سخت رویہ ابھی تک قائم تھا

"آپ ٹرپ کو لیڈ کر رہے ہیں یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ آپ نہ جائیں آپ نے کلاس میں یہ کیوں کہا کہ آپ ٹرپ پر نہیں جا رہے۔۔۔۔"ابرش خود کو کمپوز کرتے بولی۔

"میں جو مرضی کہوں آپ کو میں جواب دہ نہیں میں مس ملک اور میرے خیال میں کلاس میں میں آپ کو بتا چکا ہوں کہ مجھے کیا کرنا ہے اور کیا نہیں آب پھر سے چلی آئی ہو میرے سے سوال وجواب کرنے کے لیے

_____؟!"

"سر میں آپ سے سوال جواب کر سکتی ہوں میں آپ کی بیوی ہوں۔۔۔۔۔"وہ بار بار ضامن کے سامنے یہی بات کر رہی تھی کہ ضامن کی بیوی ہے جانتی تھی ضامن کو اس بات سے کتنی الرجی ہوتی تھی لیکن وہ پھر بھی شاید خود کو یہ باور کرواتی تھی کہ ضامن عباس کی بیوی ہے اس کی زندگی میں وہ اہمیت رکھتی ہے جس کو ضامن تسلیم کرنے سے انکار کر رہا تھا

۔

"مس ملک اس رشتے کو صرف آپ مانتی ہیں میں نہیں مانتا آپ خود کو یہ باور کرواتی رہیں کہ آپ میری بیوی ہیں لیکن ایک وقت آئے گا جب میرا نام آپ کے نام کے ساتھ نہیں رہے گا اور یہ وقت بہت جلدی آنے والا ہے جب آپ میری زندگی میں نہیں رہیں گی تو ہیں تو اب بھی نہیں لیکن یہ جو نام کا رشتہ ہے وہ بھی نہیں رہے گا ہمارا۔۔۔۔" وہ اس کے خوبصورت چہرے پر نظریں گاڑے بولا تھا۔

ابرش بہت خوبصورت لگ رہی تھی اتنی کہ کوئی بھی دیکھتا تو اس کی تعریف کی بغیر نہیں رہ پاتا لیکن مقابل کوئی اور نہیں بلکہ ضامن وہ تھا جس کا ابرش ملک سے بھلے جائز رشتہ تھا لیکن وہ کبھی ابرش کو اس نظر سے نہیں دیکھ سکتا تھا ضامن کو تو ابھی تک حیرت ہوتی تھی کہ اس نے اس دن یونیورسٹی کے لائبریری میں ابرش کو خود سے کس کی۔

اس کو اپنی سانسیں تک دی تھی اس لڑکی سے وہ شدید نفرت کرتا تھا اس کے اتنے قریب گیا یہ ضامن سوچتے جل کر رہ جاتا۔

اس کا دل کرتا کچھ کر لے خود کے ساتھ۔ ابرش کے قریب جانے کا وہ سوچ بھی نہیں لگتا تھا خاص طور پر کہ اب عائلہ کا یہ فیصلہ جو ہے اس نے ان لوگوں کے لیے کیا تھا۔

"آپ ایسا کچھ نہیں کر سکتے جانتے ہیں نا۔۔۔۔۔ آپ دھمکی دے رہے ہیں اگر کچھ کر سکتے ہو نا تو اب تک اپ اس نکاح کو ختم کر چکے ہوتے یہ رشتہ ہمیشہ قائم رہے گا سر۔۔۔۔" وہ ضامن کی آنکھوں میں اپنی نیلی آنکھیں گاڑے بولی تھی۔

نہ جانے وہ ضامن کو یہ کروا رہی تھی یا خود کو کہ ان کا رشتہ اب نہیں ٹوٹ سکتا ہے۔

"خوش فہمی ہے آپ کی مس ملک بہت جلد یہ رشتہ ٹوٹ جائے گا اور آپ دیکھتی رہ جائیں گے وہ بھی اس کی انکھوں میں انکھیں ڈالی بولا۔

سر اپ ایسا کچھ نہیں کر سکتے گی۔۔۔۔"

"عائلہ جب تک ہمارے گھر میں ہے شاید تب تک تو آپ کچھ بھی نہیں کر سکتے۔۔۔۔"اس نے عائلہ کا سہارا لیا تھا۔

"چاہے عائلہ اب آپ لوگوں کی فیملی کا حصہ ہے میر اعائلہ سے کوئی تعلق نہیں ہے وہ آپ کے بھائی کی بیوی مطلب ملک فیملی کا حصہ تو اس کے حوالے سے اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ لوگ مجھ پر پریشر ڈال سکتے ہیں تو یہ آپ لوگوں کی بھول ہے یہ بات آپ اپنے بھائی کو بھی بتا دیں۔۔۔۔"وہ وہاں سے نکل گیا تھا۔

مزید ابرش سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتا تھا اس کو کافی سارا کام کرنے تھے ابرش بھی اس کی پیٹھ کو گھورتی رہی تھی۔

ایک طرف اس کی بہن تھی ایک طرف یہ ضامن خود اس کو آب کچھ اور ہی کرنا تھا وہ سوچو میں گھیرے واپس اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف پلٹ گئی۔

••••••

یرمان ملک کی ساری تیاری مکمل تھی ٹرپ پہ جانے کے لیے لیکن عائلہ راضی نہیں تھی عائلہ کو یہی تھا کہ یرمان ملک جائے گا اس کے ساتھ اس لیے وہ نہیں جانا چاہتی تھی۔

دوسری طرف اس کا یہ تا کہ ضامن ٹرپ پر نہیں جانا چاہتا اس لیے اس نے بھی انکار کر دیا تھا حالانکہ یرمان نے ایک دو بار کہا بھی لیکن انکار کر چکے تھے

اور جب وہ لوگ گھر پہنچ تو قیوم ملک نے کہا کہ میٹنگ ہے لیکن قیوم ملک کی طبیعت خراب تھی۔

جس کی وجہ سے وہ اس میٹنگ میں نہیں جاسکتے تھے قیوم ملک نے یرمان کو کہہ دیا تھا کہ وہ یہ میٹنگ اٹینڈ کرے۔

میٹنگ پورے ایک ہفتے کے لیے تھی اور ان کو استنبول جانا تھا وہاں ایک بہت بڑی بزنس پارٹی کے ساتھ ایک قیوم ملک کی کمپنی کی ڈیل ہوئی تھی وہ جاتے تو شاید وہ ایک مہینہ تک استنبول میں سٹے کرتے لیکن وہ نہیں جانا چاہتے تھے انہوں نے یرمان سے بات کی عفت ملک نے تو انکار کیا کیونکہ وہ چاہتی تھی کہ یرمان یہاں رہے لیکن یرمان مان گیا تھا کیونکہ قیوم ملک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی اور قیوم ملک میں یہ بھی کہہ دیا تھا کہ وہ عائلہ کو ساتھ لے کر جائے ویسے بھی ان دونوں کی نئی نئی شادی ہے بھلے شادی کی

اس پہ سچویشن میں لیکن وہاں وہ دونوں ایک ساتھ رہیں گے تو ایک دوسرے کو اچھے سے سمجھ سکیں گے۔

یرمان کو بھی ان کا یہ ائیڈیا پسند آیا تھا لیکن عائلہ نے انکار کیا پر بعد میں اس کو ماننا پڑا کیونکہ قیوم ملک نے خود اس سے بات کی تھی تو ان کی پیکنگ پہلے ہی ہوئی تھی وہ دونوں استنبول کے لیے نکل آئے تھے ایئرپورٹ پر ان کو چھوڑنے کے لیے ڈرائیور آیا تھا قیوم ملک نے تو کہا تھا کہ وہ انکو ائیرپورٹ پر چھوڑ کر آئیں گے لیکن یرمان ملک نے ان کو بول دیا کہ وہ ریسٹ کریں پہلے ان کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی اس وقت عائلہ اور یرمان ایئرپورٹ پہ موجود تھے ان کے سامان کی چیکنگ ہو چکی تھی اور اب وہ لوگ اندر جہاز میں بیٹھے تھے عائلہ بہت گھبرا رہی تھی پہلی بار تھا وہ بائے روڈ سفر کر رہی تھی۔

ورنہ وہ جہاں بھی جاتی ضامن کے ساتھ ہمیشہ باہر کا سفر کرتی تھی اور اج اتنا لمبا سفر وہ بھی ایک اجنبی انسان کے ساتھ جس کے ساتھ کہنے کو تو اس کا بہت گہرا تعلق تھا لیکن یرمان ملک اس کے لیے اجنبی ہی تھا۔

یرمان نے عائلہ کا ہاتھ مضبوطی سے تھاما ہوا تھا جیسے اس کو ڈر ہو کہ اس نے اگر عائلہ کا ہاتھ چھوڑ دیا تو زندگی بھر کے لیے ہاتھ چھوٹ جائے گا عائلہ کی حالت تو کافی خراب تھی دل چاہ رہا تھا یہیں سے واپس پلٹ جائے اپنے بھائی کے پاس چلی جائے وہ دونوں اپنی اپنی سیٹس پر بیٹھ چکے تھے یرمان کسی سیٹ کھڑکی کے ساتھ تھی۔

جس سے باہر کا منظر بھی نظر آ رہا تھا عائلہ اس کے انداز سے گھبرائی ہوئی تھی کہ وہ اپنی زندگی کا یہ پہلا سفر بھی انجوائے نہیں کر پا رہی تھی کیسے کرتی ایک تو ساتھ یرمان تھا اور دوسرا وہ جہاز میں بیٹھی تھی اس کی وجہ سے وہ کافی

زیادہ گھبرائی ہوئی تھی یرمان ملک نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھاما ہوا تھا اس کو تسلی بھی دینا چاہی لیکن کہاں اس کے ماتھے پر پسینہ تھا وہ گاون میں ملبوس تھی یرمان ملک نے اس کو کہا تھا کہ وہ گاؤن نہ پہنے اور بڑی سی شال لے لے لیکن اس نے انکار کر دیا تھا کہ وہ یہاں سے تب تک نہیں جائیں گے جب تک گاؤن نہیں پہنے گی اور پھر یرمان کو اس بات ماننی پڑی تھی۔

وہ حد سے زیادہ گھبرائی ہوئی تھی اتنے زیادہ لوگ تھے جہاز میں اگر ساتھ ضامن ہوتا تو بات اور تھی وہ کافی ریلیکس ہو کر سفر انجوائے کرتی لیکن یہاں ضامن اس کے ساتھ نہیں تھا وہ اکیلی تھی یرمان کا ہونا ہی اس کو پریشان کر رہا تھا۔

اس کے ہونے سے اس کو کیا تسلی ہوتی۔

"عائلہ پلیز سفر کو انجوائے کرو یہ تمہاری زندگی کا پہلا سفر ہے اور وہ بھی تمہارے ہسبینڈ کے ساتھ اور تم اس قدر نروس ہو رہی ہے دیکھو یہاں کسی کا بھی دھیان ہم پر نہیں ہے۔۔۔۔۔ایسے کچھ کپلز ہیں دیکھو کتنا انجوائے کر رہے ہیں اور تم اس طرح سے وہ گھبرائی ہوئی ہو ایسے تو نہیں چلے گا تقریبا ہمارے چھ سات گھنٹے لگیں گے سفر میں۔۔۔۔۔!؛"وہ عائلہ کا ہاتھ تھامے بولا تھا۔

"پلیز مجھے نا چھوئیں اتنے لوگ ہیں کیا کر رہے ہیں آپ۔۔۔۔"ضامن کا خیال اس کے ذہن میں تھا وہ یرمان کے ساتھ اڈجسٹ نہیں کر پا رہی تھی یرمان نے اس کے کندھے کے گرد ہاتھ رکھتے اس کو اپنے قریب بھی کر لیا تھا تاکہ وہ مزید گھبرائے نہیں لیکن وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ عائلہ کی نروسنس

اس کے یہ گھبراہٹ اسی کی وجہ سے تھی ان کے ساتھ بیٹھی لڑکی جو شاید اکیلی ٹریول کر رہی تھی وہ عائلہ کو گھبرائے دیکھ کر ہنسی تھی۔

"یہ آپ کی وائف ہے۔۔۔۔؟" اس نے یرمان ملک سے پوچھا۔

"یس شی از مائی وائف ہماری رخصتی کو محض دو تین دن ہوئے ہیں۔۔۔۔" یرمان مسکراتے بولا۔

لڑکی کافی سٹائلش ڈریسنگ میں ملبوس تھی اس کو ابرش کی طرح لگی تھی۔

"اور اسی لیے یہ اس قدر گھبرائی ہوئی ہے ان کو تسلی دیں کہ آپ ان کے ساتھ ہیں ان کو ایسے گھبرانا نہیں چاہیے۔۔۔۔" وہ شاید یہ سمجھی کہ عائلہ سفر کی وجہ سے گھبرا رہی ہے لیکن وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ عائلہ یرمان کی وجہ سے گھبرائی ہوئی ہے۔

"آپ ہی سمجھا دیں اسے میری تو بات نہیں مان رہی ہے۔۔۔۔"یرمان نے کہا تو وہ لڑکی مسکرانے لگی۔

"اتنی خوبصورت لڑکی اور یہ تو آپ سے بہت کم عمر لگ رہی ہیں کیسے ہوئی آپ لوگوں کی شادی۔۔۔۔"وہ یرمان ملک سے نارملی بات کرنے لگی تاکہ اس کو قائل کر سکیں۔

"یہ آپ انہی محترمہ سے پوچھیں۔۔۔"یرمان چاہتا تھا وہ لڑکی عائلہ سے بات کرے تاکہ عائلہ کا موڈ کچھ ٹھیک ہو۔

"مجھے ان سے کوئی بات نہیں کرنی ہے پلیز۔۔۔۔"عائلہ مزید گھبرائی تھی

۔

اس لڑکی سے مزید تھوڑی بہت بات کرتے

عائلہ کا سر اپنے کندھے پر رکھا عائلہ کا چہرہ سرخ ہونے لگا تھا وہ سرخی مائل ہوئی تھی یرمان کی اس حرکت پر۔

"چھوڑیں پلیز۔۔۔۔۔۔"

"عائلہ پلیز یہاں تو یہ چھوڑو نامہ بند کرو میں شوہر ہوں تمہارا اس طرح سے شو کر کے تم کیا ثابت کرنا چاہتی ہو میں تمہارے ساتھ زبردستی کر رہا ہوں۔۔۔یرمان بھی اپ غصے میں اگیا تھا کب سے وہ اس کو نرمی سے ہینڈل کرنے کی کوشش کر رہا تھا اب اس کی بات ہوئی تھی۔

"آپ میرے سے بات ہی نہیں کریں میں ٹھیک بیٹھی ہوں آپ بات کرتے ہیں تو میرا موڈ خراب ہو جاتا ہے۔۔۔"عائلہ نے سچ ہی تو کہا تھا جب بھی یرمان اس سے بات کرتا ہے اسکا موڈ خراب ہی ہوتا تھا۔

یرمان اس کی بات پر حیران ہوا کہ اس کے بات کرنے سے عائلہ کا موڈ خراب ہوتا تھا اس کو یقین نہیں ہوا۔۔۔۔۔

"میری بیوی ہو حسب بھائی بھی ایک دوسرے سے بات کریں تو ان کا موڈ فریش ہوتا ہے اور تم پہلے بیوی ہو جو اپنے شوہر سے بات کرنے کے بعد اپنے موڈ خراب کر لیتی ہے۔۔۔۔"وہ عائلہ کی اس لوجک پر حیران تھا۔

"آپ کس طرح کے شوہر ہیں یہ آپ اچھے سے جانتے ہیں پلیز میرا منہ مت کھلوائیں۔۔۔۔۔"عائلہ یرمان سے بنا اٹکے بات کر رہی تھی شاید ایک ہی دن میں وہ یہ سمجھ چکی تھی کہ وہ یرمان ملک سے جتنا ڈرے گی وہ اس کو اتنا ہی ڈرائے گا۔۔

"عائلہ اب یہ کچھ زیادہ ہو رہا ہے اگر میں تمہاری ب***

بد تمیزی کرو ہم یہاں بیٹھے ہیں جہاز میں کم سے کم اس بات کا تو لحاظ کر لو اب کچھ زیادہ ہی نہیں ہو رہا ہے۔۔۔ تم کچھ ہی زبان دراز ہو رہی ہو۔۔۔۔"

کہاں کل تک وہ اس کے سامنے بات تک نہیں کرتی تھی اور اج اس کو ایسے منہ پہ جواب دے رہی تھی ہاں ان کی طرف کوئی متوجہ نہیں تھا لیکن پھر بھی عائلہ کا یوں اس کو جواب دینا اس کو طیش د** گیا تھا۔

"میں آپ سے بات نہیں کرنا چاہتی ہوں آپ نے خود بات کی ہے مجھ سے پلیز آپ خاموش رہیں میں بھی خاموش رہتی ہوں۔۔۔۔۔"اس نے اپنی آنکھیں رگڑی تھی۔۔۔۔ جو سرخ ہو رہی تھی یرمان ملک نے زبردستی اس کو اپنے کندھے سے اس کا سر لگایا تاکہ وہ کچھ دیر سو جائے سفر بہت لمبا تھا اگر وہیں بیٹھی رہتی تو ممکن تھا کہ وہ تھک ہی جاتی اچھا پلیز یمان کے باری ہاتھوں کو اپنی پشت پر محسوس کرتے اس کے ہڈی میں سنسناہٹ ہوئی تھی۔

"میں سیٹ پر ٹھیک ہوں پلیز چھوڑیں مجھے۔۔۔۔" یرمان کے اتنے قریب تھی کہ اس کی دھڑکنیں اس کو اپنے ہونٹوں پر محسوس ہو رہی تھی یرمان کے اتنے قریب رہتے کبھی پر سکون نہیں ہو سکتی تھی وہ۔

"ارام سے آنکھیں بند کر کے سونے کی کوشش کرو ورنہ میں یہاں تمہاری سانسیں بند کر دوں گا تم جانتی ہو کہ میں ایسا کر سکتا ہوں جو تمہارے بھائی کے کیبن میں تمھیں کس سکتا ہے وہ جہاں جہاز میں بیٹھ کر اس سے بھی زیادہ کچھ کر سکتا ہے تم جانتی ہو اور ویسے بھی ہمارا پرسنل کیبن ہے۔۔۔۔" وہ وی ائی پی کیبز میں بیٹھے تھے یہاں بہت کم لوگ تھے اور وہ لڑکی بھی اب سائیڈ پہ ہی سے چلی گئی تھی اور اب وہ دونوں ہی بیٹھے تھے ادھر عائلہ کو جب اس بات کا احساس ہوا تو اس نے نفی میں سارے لایا۔

"آپ بہت۔۔۔۔!؛"

"میں کیا بہت۔۔۔۔"

"اپ بہت وہ ہیں۔۔۔۔۔!"

"کیا وہ ہوں۔۔۔میں۔۔۔۔۔"

"میں نے بتا دیا آپ کو مجھے۔۔۔۔۔"اس نے اس کا نقاب ٹھیک کیا تھا عائلہ مذید کوئی بات کیے بغیر آنکھیں بند کرتے سو گئی تھی اور جب اس کی آنکھ کھلی تو وہ لوگ استنبول ایئرپورٹ پر موجود تھے۔

یرمان نے اس کو نہیں اٹھایا وہ تو چاہتا تھا کہ وہ گھر جانے تک سوتی ہی رہے لیکن اس کی شور کی آواز سے آنکھیں کھل گئی تھیں۔

مزید وہ سو نہیں سکی تھی تقریبا پانچ گھنٹے تک وہ سوتی رہتی اور یرمان کا یہ سارا سفر اس کو دیکھ کے گزرا تھا۔

نہ جانے کتنی دیر وہ عائلہ کے چہرے کو دیکھتا رہا تھا اس کی بند پلکوں پر اس نے نجانے کتنی بار اپنے ہونٹ رکھے تھے اگر عائلہ جاگ رہی ہوتی تو اس کی حرکت پہ ضرور وہ بے ہوش ہو جاتی لیکن وہ سو رہی تھی اس کو اس بات کا بالکل بھی احساس نہیں ہوا تھا کہ یرمان کتنی بار اس کے قریب آ چکا تھا عائلہ کی انکھوں پر نیند کا غلبہ تھا اس نے اپنا نقاب مشکل ٹھیک کیا اور وہ دونوں ائیر پلین سے نکل کر باہر آئے تو یرمان ملک کا ڈرائیور لیے کھڑا ان دونوں کا انتظار میں تھا۔

یرمان ملک کے لیے اس نے گاڑی کا دروازہ کھولا تو یرمان نے پہلے عائلہ کو اندر بٹھایا اور وہ پھر وہ خود بیٹھا۔

دونوں پیسنجر سیٹ پر بیٹھے تھے ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کی استنبول کی سڑکیں اس وقت اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی لیکن لائٹس کی روشنی ہر

طرف پھیلی ہوئی تھی استنبول شہر بہت خوبصورت تھا عائلہ نے ناولز میں پڑھا تھا اس شہر کے بارے میں جہان سکندر کا شہر تھا۔

اس شہر میں آنے کی اس کو حسرت تھی اکثر وہ ضامن سے کہتی تھی بھائی مجھے ایک بار استنبول لے جانے اور ضامن اس کی اس بچکانہ بات پر ہنس دیتا تھا جہاں سکندر ایک فکشنل کریکٹر تھا جو کہ حقیقی زندگی میں بھلا کہاں پایا جاتا تھا لیکن عائلہ کو جہان سکندر بہت پسند تھا۔

جہان سکندر کا ترکی اس شہر سے ہر ناولز سے محبت کرنے والی طرح اس کو بھی بہت زیادہ محبت تھی اور وہ یوں یرمان ملک کے ساتھ استنبول آئے گی اس نے کہاں سوچا تھا۔

اس کے ذہن میں بے ضابطہ استنبول برج کا خیال ایا بہت ساری جگہیں تھی جن کے بارے میں اس نے "جنت کے پتے" میں پڑا تھا وہ کھوئی کھوئی سی سڑک پر چلتی گاڑیوں کو دیکھ رہی تھی۔

یرمان ملک نے اگے ہوتے گاڑی کا شیشہ ہی اوپر کر دیا تھا اس کے علاوہ کسی اور پر توجہ نہیں یہ یرمان ملک کو کہاں برداشت تھا وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ عائلہ نے حیرت سے یرمان ملک کو دیکھا آخر اس نے شیشہ کیوں بند کیا وہ کتنی دلچسپی سے باہر کی ساری چیزیں دیکھ رہی تھی عائلہ کی نظروں میں الجھن دیکھتے ہی یرمان ملک مسکرایا ان انکھوں میں وہ خود کو عکس دیکھنا چاہتا تھا اور وہ ان انکھوں سے کسی اور چیز کو دیکھنے میں استعمال کر رہی تھی کیسے برداشت کرتا عائلہ نے اس سے کوئی بات نہیں کی تھی وہ خاموش رہی تھی

خاموش سے اس نے سیٹ کی پشت سے ٹیک لگائی تھی یرمان ملک کی نظریں پھر بھی اسی پر تھیں۔

ڈرائیور مستدی سے ڈرائیو کر رہا تھا تقریبا ادھے گھنٹے بعد وہ اپنے ایک لگژری اپارٹمنٹ میں ائے تھے یہ اپارٹمنٹ یہاں قیوم ملک نے خود خریدا ہوا تھا وہ جب کبھی بھی میٹنگ کے لیے استنبول آتے اسی اپارٹمنٹ کو یوز کرتے تھے ہوٹل وغیرہ میں ایک سٹے کرنے سے وہ گریز کرتے تھے کیونکہ ہوٹل کے انتظامیہ کا رویہ ان کو مناسب نہیں لگتا تھا۔

یرمان ملک کے لیے ڈرائیور نے دروازہ کھولا تو وہ باہر نکلا اور عائلہ کو ساتھ لیکر اپارٹمنٹ کے اندر داخل ہو گا ملازمین وہاں کام کر رہے تھے جن کو انہوں نے باقاعدہ ہائر کیا ہوا تھا جو ان کی غیر موجودگی میں اپارٹمنٹ کا خیال رکھتے تھے یارمان اندر آیا اور عائلہ بھی اس کے ساتھ ہی تھی۔

یرمان کافی تھک چکا تھا تقریباسات گھنٹے کی فلائٹ سے وہ لوگ یہاں پہنچے تھے اس کا سر دکھنے لگا تھا اس کا ارادہ شاور لینے کا تھا تا کہ وہ کچھ دیر ریسٹ کر سکے ابھی تک اس کے ہاتھ میں ہی تھا عائلہ کا ہاتھ۔

عائلہ نے کافی کوشش کی تھی کہ وہ اس کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑوا سکے لیکن یرمان ملک نے اسے ایسا کرنے نہیں دیا تھا اپارٹمنٹ کافی اچھا تھا عائلہ نے کسی چیز پر غور نہیں کیا وہ یرمان ملک کے ہاتھ میں قید اپنے ہاتھ کو دیکھ رہی تھی۔

یرمان نے ایک ہاتھ سے اس کا ہاتھ تھام ہوا تھا جبکہ دوسرے ہاتھ سے اس نے اپنے کوٹ کے بٹن کھولتے اس نے اپنا کوٹ اتارتے صوفے پر پھینکا تھا عائلہ خاموش رہی تھی ہاں لیکن عائلہ نے بدک کر پیچھے ہونا چاہا لیکن یرمان ملک نے اس کو ایسا کرنے نہیں دیا۔

"مجھے کل صبح میٹنگ کے لیے جانا ہے تو ابھی رات کے 10 بج رہے ہیں مجھے لگتا ہے ہمیں فریش ہو کر کھانا کھانے کے بعد سو جانا چاہیے میں میڈ سے کھانے کہتا ہوں تم فریش ہو جاؤ۔۔۔۔"اس نے عائلہ کو تھوڑی سی سپیس دینا چاہی۔

"مجھے کچھ نہیں کھانا مجھے بھوک نہیں ہے بس مجھے سونا ہے۔۔۔۔۔۔"وہ مشکل سے بول سکی۔

"تم سارے راستے سوتی آئی ہو عائلہ اور اب تم پھر سونا چاہتی ہو پہلے ہم کھانا کھائیں گے تم نے جہاز میں بھی کچھ نہیں کھایا یقینا تمہیں بھوک لگی ہو گی صبح ناشتہ بھی نہیں کیا تھا اور مجھے یقین ہے کہ یونیورسٹی میں بھی تم نے کچھ نہیں کھایا ہو گا۔۔۔۔"

"آپ کو میری فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔"یرمان ملک کو جتانا چاہتی تھی کہ ان کا رشتہ نارمل نہیں تھا ان کے درمیان سب کچھ نارمل نہیں تھا یرمان ملک یہ سب کیوں کر رہا تھا وہ کیوں یہ

شو کرنا چاہتا تھا کہ ان کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہے جیسے ایک نارمل کپل کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہوتا ہے ویسے ہی ان کے درمیان بھی سب کچھ ٹھیک ہے۔

"مجھے تمہاری فکر کرنے کی ضرورت کیوں ہے یہ تم اچھے سے جانتی ہو عائلہ اور اج رات میں تم سے اپنا حق لینا چاہتا ہوں واضح لفظوں میں تمہیں اج میری بیوی ہونے کا حق ادا کرنا۔۔۔۔"وہ عائلہ کو پیچھے سے پشت سے لگائے اس پر جھکا تھا عائلہ کپکپاہٹ سی طاری ہوئی تھی۔

اس نے نفی میں سارے نہیں۔

"وہ میں۔۔۔۔۔"

"کیا وہ میں ایا تمھیں اتنی سپیس بھی کافی ہے لیکن شاید تم یہ چاہتی ہو کہ میں اپنے یہ رشتہ مکمل۔۔۔۔۔"

"نہیں نہیں نہیں پلیز۔۔۔۔۔" وہ ہڑبڑاتے بولی۔

اس کے حصار سے نکلنے کی کوشش بھی کی لیکن یرمان ملک اسے ایسا کرنے نہیں دے رہا اس کی گرفت عائلہ کے گرد بہت مضبوط تھے اس کی گرم سانسوں کی تپش عائلہ کو اپنے چہرے پر محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

یرمان نے اندر راتے ہی اس کا نقاب اتار دیا تھا اور اب اس کا سکاف لوز ہوتا ہے اس کے کندھوں پر گر چکا تھا اس کے سلکی بلیک بال اس کے کندھوں پر پھیل چکے تھے یرمان ایڈکٹ ہی تو ہو رہا تھا ان بالوں کا۔

"چھوڑیں پلیز۔۔۔۔" وہ یرمان کی گرم سانسوں کی تپش کو برداشت نہیں کر پا رہی تھی اس کو اپنا چہرہ جھلستا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

یرمان اس کے انتہائی قریب تھا اتنا کہ وہ تھوڑا سا آگے ہوتی تو اس کی ہونٹ یرمان ملک کی ہونٹوں سے ٹکرا جاتے عائلہ نے اس کے کندھوں پر ہاتھ رکھنا چاہا لیکن یرمان اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں قید کرتے پیچھے اپنی کمر پر لاک کر چکا تھا۔۔۔۔

"تمہیں اتنی سپیس دے کر میں نے بہت بڑی غلطی کی عائلہ لیکن اج رات میں اپنے یہ غلطی سدھار لوں گا اج کی رات میں تمہارے قریب اؤں گا اور اتنے گا کہ تمہاری گہرائیوں کو قریب سے دیکھوں گا۔۔۔۔" وہ اس کی شہ رگ پر جھکتے اپنے ہونٹ رکھ گیا تھا۔

عائلہ بے بس اسے دیکھ رہی تھی جس کے ہونٹ اس کی جبیں پر تھے وہ شاید اسے کس کرنا چاہا رہا تھا۔۔۔۔عائلہ نے اپنا چہرہ دوسری طرف کر لیا جانتی تھی یرمان ملک اس کی یہ حرکت بالکل بھی پسند نہیں تھی لیکن وہ پھر بھی کر چکی تھی کیونکہ اس وقت اس کو یرمان ملک کا لمس بالکل بھی گوارا نہیں تھا۔

"عائلہ تم جانتی ہو مجھے تمہاری حرکت کتنی ناگوار گزرتی ہے پھر بھی تم یہ سب کرتی ہو۔۔۔۔" وہ زبردستی ہی سہی لیکن عائلہ کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں قید کر چکا تھا۔

لیکن لمس میں شدت تھی حد سے زیادہ شدت جیسے وہ عائلہ کے اس حرکت کا اس کے ہونٹوں پر اپنا غصہ نکال رہا تھا۔۔۔۔

عائلہ یرمان ملک کی بانہوں میں قید ہو چکی تھی اس کا نازک سا وجود یرمان ملک کے دیو ہیکل وجود کے نیچے کئی دب سا گیا تھا اس کی اتنی نزدیکی کہ اس کی گرم سانسوں کی تپش وہ اپنے چہرے پہ محسوس کر رہی تھی عائلہ کو اپنے گرد سرد لہریں سرایت کرتی محسوس ہو رہی تھی یرمان ملک کا پورا کا پورا وزن اس کے اوپر تھا۔

وہ اس وقت کوٹ آتارتے بلیو کلر کی ہاف سیلیوز ٹی شرٹ میں ملبوس تھا جس سے کے مظبوط کشادہ بازوؤں پہ موجود رگیں ابھرتے واضح ہو رہی تھیں۔

"جتنی مزاحمت کرو گی میرے لمس میں شدت آئے گی عائلہ جانتی ہو نا اور کتنی بار منع کر چکا ہوں کہ چہرہ نہیں پھیرا کرو مُجھے کیوں غصہ دلاتی ہو۔۔"اس کے گاؤن کے بٹن کھولتے وہ عائلہ کو سمجھنے کا موقع دیئے بغیر

اس کے وجود سے گاؤن بھی الگ کر گیا تھا عائلہ اس کی حرکتوں پہ آنکھیں پھیلائے اس کو دیکھ رہی تھی جو اپنی من مانی کر رہا تھا۔

"پلیز نہیں۔۔۔کریں۔۔۔۔"یرمان ملک نے اس کی شرٹ کی زپ کھولتے اس کو کندھوں سے نیچے سرکایا اور عائلہ کی دودھیا گردن پہ اپنے ہونٹوں کا لمس بکھرتے اس کی گردن کو آپنے لمس سے جامنی کرنے لگا۔

"سس۔۔۔"عائلہ کے ہونٹوں سے سسکی نکلی تھی۔

"ابھی سے یہ سسکیاں۔۔۔ان کو رات کے لیے بچا کر رکھو مسز۔۔۔۔ابھی تو بس۔۔۔"وہ اس کی گہرائیوں پہ اپنی انگلیاں کا لمس چھوڑتے عائلہ کی دھڑکنوں کی طرف بڑھا تو عائلہ نے اس کا ہاتھ تھامنا چاہا جو اس کو اپنی شرٹ کے اندر جاتا نظر آیا۔

یرمان نے اس کے انر کو اپنی انگلیوں میں الجھاتے اس کی گہرائیوں پہ بے باکی سے نظریں ٹکائی تھیں۔

"بس یہ ایک ہفتہ اوَر پھر تمھارا بھائی اپنی آکڑ اوَر ضد چھوڑ کر اپنی بات ماننے پہ مجبور ہو جائے گا مسز یرمان ملک۔۔۔" وہ دل ہی دل میں سوچ رہا تھا۔

"جاؤ فریش ہو جاؤ اوَر ڈنر کیے بغیر سونا نہیں ہے ورنہ میں اپنے طریقے سے جگاؤں گا جو میری مسز کو بالکل بھی پسند نہیں آئے اور آج کی رات تو۔۔۔!؛" وہ شوخی بھرے انداز میں عائلہ کو مزید ڈرا رہا تھا.

"نہیں۔۔۔۔" عائلہ نے بے ساختہ انکار کرنا چاہا تو یرمان ملک نے اس کے بالوں کو اپنی مٹھیوں میں دبوچا تھا ایک آہ عائلہ کے ہونٹوں سے نکلتے اس کے حلق میں دب گئی تھی یرمان کے ہاتھوں کی گرفت میں اس کو اپنے بال

جڑوں سے اکھڑتے محسوس ہوئے اتنی ہی شدت سے اس نے اس کے بالوں کو پکڑا تھا۔

"تم نرمی کے قابلِ ہو۔۔۔؟" وہ استفسار کرنے لگا جتنا وہ سب بھولتے عائلہ کو پیار سے ڈیل کرنے کی کوشش کرتا عائلہ اپنے انداز سے اس کو اتنا ہی غصہ دلا رہی تھی شوہر کے حقوق سے ناواقف تو نہیں تھی وہ کیا کہہ جانتی تھی میاں بیوی کے رشتے کے بارے میں۔

"عائلہ۔۔۔۔" عائلہ نے اپنے بھیگے نین کٹوروں کو اٹھاتے جب یرمان ملک کی طرف دیکھا تو یرمان ملک کو ان بھیگی آنکھوں میں اپنا آپ ڈوبتا محسوس ہوا۔

یرمان کا سیل فون بجا تو عائلہ کو تھامے ہی اس نے سیل فون جیب سے نکالا تھا مایا کی کال تھی۔

وہ مایا کو اپنی استنبول کی میٹنگ کے بارے میں کچھ بتا کر نہیں آیا تھا۔

"ہائے۔۔۔" عائلہ کو آیسے ہی اپنی گرفت میں جکڑے وہ مایا سے بات کرنے لگا عائلہ نے کوشش تو کی اس کے حصار سے نکلنے کی لیکن ناکام رہی۔

"تم استنبول کیوں چلے گئے یرمان۔۔۔؟؛" جب سے مایا نے سنا تھا کہ یرمان ملک استنبول چلا گیا ہے وہ کانٹوں پہ چل رہی تھی جیسے اس نے تو ناران کاغان کا ٹکٹ بک کروایا تھا لیکِن یرمان ملک جب ٹرپ پہ نہیں گیا تو مایا بہت خوش ہوئی وہ بھی تو یہی چاہتی تھی کہ یرمان ملک نہ جائے۔

یہ تو اس کی عفت انٹی سے بات ہوئی تو انہوں نے اسے بتایا کہ یرمان تو استنبول چلا گیا ضروری میٹنگ کے سلسلے میں اور ساتھ عائلہ بھی گئی ہے۔

"ڈیڈ کی طعیبت کی وجہ سے آنا پڑا۔۔۔!؛" وہ پیشانی سہلاتے بولا عائلہ کی نظریں جھکی ہوئی تھی وہ یرمان ملک کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی۔

"اور عائلہ بھی ساتھ ہے؟" جلے کٹے لہجے میں پوچھا اس کے لہجے میں چھپا طنز یرمان ملک نے نوٹ کیا تھا مایا اس کو نادان ایریاز کے ٹرپ سے روک رہی تھی صبح سے کتنی کوشش کی تھیں اس نے اور اب یرمان چلا آیا استنبول۔

"ہاں اس وقت میں بیزی ہوں بعد میں بات کرتا ہوں تم آرام کرو کافی رات ہو گئی ہے۔۔۔" یرمان ملک نے ہر بار کی طرح اس بار بھی مایا کی بات سنے بغیر ہی کال کاٹ دی تھی۔

مایا نے دانتوں کو دباتے اپنا غصہ اوُر اشتعال دبایا تھا وہ عائلہ یرمان کے ساتھ تھی آگر یرمان اور عائلہ کے درمیان رشتہ قائم ہو گیا تو کیا ہو گا۔

"وہ لڑکی بہت خوبصورت ہے۔۔۔!؛"عائلہ کی خوبصورتی دیکھتے اس کو اپنا آپ ماند پڑتا محسوس ہوتا تھا اور سب سے زیادہ جو پریشانی کی بات تھی وہ تھی یرمان ملک کا عائلہ کی طرف جھکاؤ وہ اس لڑکی کے قریب ہو رہا تھا۔

رخصتی کے بعد سے یرمان ملک کا انداز تو اس کو بدلا بدلا لگ رہا تھا مزید دونوں ساتھ رہنے والے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیا مجھے استنبول جانا چاہیے۔۔۔؟"اس کے زہن میں خیال آیا اس کے اتنا مشکل نہیں تھا استنبول جانا۔

"جانا ہی پڑے گا پہلے کی بات اور تھی لیکِن اب یرمان اکیلا نہیں ہے اس کے ساتھ عائلہ بھی ہے مُجھے کچھ نہ کچھ کرنا چاہیے۔۔۔"اس نے کچھ سوچتے کسی کو کال کی جس نے کل صبح نو بجے کی اس کی استنبول کی ٹکٹ بک کروادی تھی لیکِن یہ درمیان کے چند گھنٹے اس کے بہت مشکل سے گزرنے والے تھے

بس نہیں چل رہا تھا کہ اڑ کر پہنچ جائے وہ یرمان ملک کے پاس جو اس وقت اس عائلہ کے ساتھ موجود تھا وہ اس کے آس پاس ہی تھی تبھی تو یرمان ملک نے اس سے زیادہ بات نہیں کی۔۔۔

وہ روم میں ٹہل رہی تھی۔

••••••

ابرش گھر وآپس آئی تھی اوٗر پھِر ٹرپ پہ جانے کے لئے وہ یورنیورسٹی چلی آئی ضامن جارہا تھا یہ بات اس کو انتظامیہ سے معلوم ہوئی تھی تبھی وہ بھی جانے کے لیے تیار ہوئی عائشہ اس کے ساتھ جارہی تھی عائلہ اوٗر یرمان تو استنبول چلے گئے تھے پہلے تو یرمان سے اس کی بات ہو چکی تھی لیکن اب اس کو سب کے ساتھ ہی جانا تھا۔۔

دو بڑی بسوں کا انتظام کیا تھا تقریباً سو سے زائد سٹوڈنٹس تھے اور ساتھ ٹیچرز جن میں سے فی میل اور میل سٹاف کے ممبرز شامل تھے لڑکیوں کو گروپوں میں ڈیوائیڈ کیا گیا تھا ابرش کا دل تھا کہ وہ ضامن کے ساتھ بیٹھے لیکِن ضامن آگے چلا گیا وہ کسک کر رہ گئی ضامن کے ساتھ اس کا پہلا سفر تھا وہ ضامن کے ساتھ بیٹھتے اس سفر کو انجوائے کرنا چاہتی تھی ویسے تو ان لوگوں نے کافی فیملی ٹرپس پلان کی ہوئی تھیں لیکن کلاس کے ساتھ ٹرپ کا اپنا ہی مزا تھا وہ سیٹ پہ بیٹھے ضامن کو دیکھ رہی تھی۔

کافی سارے سٹوڈنٹس اور ٹیچرز نے بھی اس کی یہ حرکت نوٹ کی تھی جب سے وہ لوگ بیٹھے تھے اس وقتِ سے ابرش کی نظریں ضامن پہ تھیں۔

"پروفیسر ضامن آپ اپنی مسز کے پاس ہی بیٹھ جائیں لگتا ہے آپ کے بغیر ان کا سفر اچھا نہیں گزر رہا ہے جو ان کی نظریں آپ پر سے ہٹ ہی نہیں

رہی ہیں۔۔۔"وہ فی میل ٹیچر جو ضامن میں انٹرسٹڈ تھی وہ جلے لہجے میں بولی کب سے دیکھ رہی تھی وہ ابرش کو اب تو اس کی برداشت کی انتہا ہوئی تھی۔

ابرش کتنی بے شرم لڑکی تھی جو اپنے آس پاس موجود اتنے سارے لوگوں کی موجودگی کا احساس کیے بغیر کیسے آنکھیں پھاڑے ضامن کو دیکھ رہی تھی جیسے اس سے زیادہ اہم کام کوئی ہو ہی نہ۔

"مس انعم۔۔۔۔یہ آپ کا مسلہ نہیں ہے۔۔۔۔!؛"وہ سرد لہجے میں بولا اس عورت کا جھکاؤ خود کی طرف دیکھتے وہ مقابل کے جذبات سے انجان نہیں تھا۔

"پروفیسر ضامن جیسے مس ابرش آپ کو دیکھ رہی ہیں یہ بھی کوئی مناسب طریقہ نہیں ہے ہاں آپ لوگوں کا نکاح ہو چکا ہے لیکن یہ نکاحِ ہوا کن

حالات میں یہ شاید آپ بھول رہے ہیں۔۔۔!؛"ضامن کے جواب پہ وہ مذید جل گئی تھی یہ تو اچھا تھا کہ ان دونوں کی طرف کسی کا دھیان نہیں تھا۔

پر ابرش ملک کی نظریں ان دونوں پہ ہی تھیں جو نجانے کیا باتیں کر رہے تھے ہاں لیکن بات کرتے وہ کبھی کبھی اس کو دیکھ لیتے اور ابرش کو محسوس ہوا جیسے وہ دونوں اس کے بارے میں بات کر رہے ہوں بار بار نظریں جو ان کی اس کی طرف اٹھ رہی تھیں۔۔۔

"مس انعم آپ کچھ زیادہ ہی پرسنل نہیں ہو رہی ہیں میں کچھ بھولوں یا یاد رکھوں یہ آپ کا مسلہ تو نہیں ہے تو پھر کیوں آپ ہمارے معاملات میں انٹر فیئر کر رہی ہیں۔۔۔؟"ضامن سنجیدگی سے پوچھنے لگا۔

"پروفیسر ضامن تقریباً آدھے سے زیادہ لوگوں کو پتہ ہے یہ بات کہ ہال میں ہوا۔۔۔"

"مس انعم مُجھے اس ٹاپک پہ بات نہیں کرنی ہے پلیز لیو اٹ۔۔۔!؛" بار بار وہ تکلیف دہ لمحاتِ ضامن کے سامنے دہرائے جاتے جن کے بارے میں وہ کچھ یاد نہیں رکھنا چاہتا تھا۔

"آپ اس مجبوری کے رشتے کو ختم کر دیں۔۔۔!؛" مس انعم ضامن عباس کی ہمدردیاں حاصل کرنے کی غرض سے نرمی سے بولی تھیں ایسے وقت میں جب ایک انسان مکمل طور پہ ٹوٹ چکا ہو آپ کی تسلی کے دو لفظ بھی مقابل پہ گہرا اثر ڈالتے ہیں۔

"مس انعم۔۔۔" ضامن دانت پیستے بولا وہ یہاں سفر کے دوران کوئی تماشا نہیں چاہتا تھا اب تو افسوس ہو رہا تھا کہ وہ مس انعم کے ساتھ والی سیٹ پہ بیٹھا ہی کیوں اس سے بہتر تھا کہ وہ ابرش کے ساتھ بیٹھ جاتا انعم کی باتیں اس کو سلگا گئی تھیں۔

"مس انعم پلیز آپ پیچھے چلی جائیں میری سیٹ پہ میں وہاں کمفیٹبل فیل نہیں کر رہی ہوں۔۔"ابرش مزید ضامن اور انعم کو بات کرتے دیکھ نہیں سکی اس کے دل میں یہی پلان آیا کہ وہ سیٹ چینج کر لے ورنہ اس کا سارا سفر جلتے کٹتے گذرے گا.

"مس ابرش ملک آپ وہاں کیوں کمفیٹبل فیل نہیں کر رہی ہیں سارے سٹوڈنٹس وہیں تو بیٹھے ہیں آپ کو شاید اپنے ہسبنڈ کے بغیر کمفیٹبل فیل نہیں ہو رہا ہے۔۔۔"وہ ابرش کو انکار بھی نہیں کر سکتی تھی کیونکہ ابرش کی سٹرونگ پوزیشن جو یونیورسٹی میں تھی اس سے واقف تھی اگر انکار کرتی تو مشکل اس کے لیے ہی ہوتی۔

"رائٹ میم آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔۔۔!؛"ابرش کے ہونٹوں کو بے ساختہ مسکراہٹ نے چھوا تو انعم کوئی بات کیے بغیر سیٹ سے اٹھتے ابرش کی سیٹ پہ

چلی گئی اور ابرش ضامن کے ساتھ بیٹھ گئی جو اس کی موجودگی کو نوٹ کیے بغیر اپنی آنکھوں پہ ہاتھ رکھ گیا تھا ابرش کے ہونٹوں سے ایک سرد سانس خارج ہوا مقابل کی بے رخی پہ جو ہر بار ہی ایسا کرتا تھا۔

"سر آپ کیوں بات کر رہے تھے میم انعم سے۔۔۔؟" کچھ دیر تو وہ خاموش رہی کہ شاید ضامن خود اس سے بات کرے گا لیکن درمیان میں جب کافی لمحاتِ خاموشی کی نظر ہوئے تو ابرش کو خود ہی بولنا پڑا تھا ضامن تو جیسے اس کی موجودگی کو سرے سے ہی نظر انداز کر چکا تھا جیسے وہ وہاں ہو کر بھی وہاں تھی ہی نہیں۔

"اٹس ناٹ یور پرو بلم۔۔۔۔" سلگتا زہر آلود لہجہ ابرش تلملا کر رہ گئی یہ انسان بھلے پوری دنیا سے نارمل لہجے میں بات کرے لیکن ابرش سے بات کرتے اس کے لہجے میں کڑواہٹ ہی آتی تھی۔

"سر۔۔۔"

"کیا سر۔۔۔؟ آپ نے سیٹ کیوں ریلیپس کی۔۔۔۔؟" وہ جانتا تھا ابرش کو اس کا انعم سے بات کرنا اچھا نہیں لگ رہا تھا ابرش کو تو ضامن کا کسی سے بات کرنا اچھا نہیں لگتا تھا جیسے ضامن ابرش کی پرسنل پراپرٹی ہو جو کسی اور سے بات بھی نہیں کر سکتا ہے۔

"آپ اچھے سے جانتے ہیں۔۔۔" ان دونوں کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ تھا اگر ابرش چاہتی تو آگے بڑھتے وہ ضامن کے کندھے پہ اپنا سر رکھ سکتی تھی لیکِن ضامن کے غصے سے خائف وہ ایسا فحال کچھ نہیں کرنا چاہتی تھی کیونکہ جانتی تھی کہ ضامن مذید غصے میں آجائے گا۔

"مس ملک اپنی یہ جلن شو کروانے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو؟ آپ کو کیا لگتا ہے مُجھے کچھ نظر نہیں آتا ہے میں سب سمجھتا ہوں لیکن آپ اپنا ٹائم

ضائع کر رہی ہیں مس ملک۔۔۔"ضامن کا سلگتا لہجہ سب سے بڑھ کر اس کے لفظوں کی تپش کچھ ایسی تھی کہ ابرش کو اپنی بیک بون پہ سرد لہریں سرایت کرتی محسوس ہونے لگی تھیں۔۔

"شاید آپ ہی کسی غلط فہمی کا شکار ہیں سر جی جیسا آپ کہہ رہے ہیں ویسا کچھ بھی نہیں ہے۔۔۔"وہ اپنے بالوں کو کان کے پیچھے اڑستے بولی۔

ابرش اس وقت بلیک کلر کے لانگ کوٹ میں ملبوس تھی وہ لوگ ناران کاغان جا رہے تھے جو خاصے ٹھنڈے علاقے تھے اس مناسبت سے اس نے گرم کپڑیں ہی پیک کروائے تھے۔۔

ضامن کب سے عائلہ سے متعلق پوچھنا چاہتا تھا ابرش سے عائلہ ضامن کو نظر نہیں آ رہی تھی اور نہ ہی یرمان ملک حالانکہ وہ پرنسپل آفس میں کہہ رہا تھا کہ وہ ساتھ جائے گا عائلہ کے لیکن اس وقت وہ دونوں غائب تھے۔

"رئیلی مس ملک یہ آپ کی خوش فہمی بھی تو ہو سکتی ہے۔۔۔؟" ضامن کا انداز کچھ جتانے والا تھا ابرش اس کی طرف جھکی تھی اس کے بال ضامن کے چہرے پہ گرے تھے ضامن نے اس کو دھکا دیا کیا وہ بھول چکی تھی کہ اس وقت وہ دونوں بس میں تھے اور ابرش کی یہ حرکت ضامن کو کافی ناگوار گزری تھی۔۔۔۔۔

"مس ملک آر یو ان یور سنیسز۔۔۔۔" وہ غرایا لیکن دبی دبی آواز میں کیونکہ اب کافی سارے سٹوڈنٹس ان کی طرف متوجہ ہونے لگے تھے اور مس انعم کی نظریں تو ان دونوں پہ ہی تھیں مسلسل۔

"سر آپ کے پاس آتے میرے حواس۔۔۔"

"شٹ اپ مس ملک۔۔۔" ضامن کی آواز ناچاہتے بھی اونچی ہوئی تھی اور اس پاس کے سٹوڈنٹس ان کی طرف متوجہ ہوئے تھے۔

"ایوری تھنگ اوکے پروفیسر ضامن۔۔؟"ضامن کے آگے بیٹھے میل ٹیچر نے پوچھا ضامن نے سر ہلایا تھا۔

ابرش پہ ایک کٹیلی نگاہ ڈالتے وہ اپنے سیل فون میں بیزی ہوا تھا ابھی تو آدھے سے زیادہ سفر باقی تھا ضامن کو عائلہ کی یاد آرہی تھی عائلہ کے ساتھ جو کیا دل کو کسی پل چین نہیں مل رہا تھا۔

ضامن کا دوست آؤٹ آف کنٹری ہوتا تھا اس کا میسج آیا تو ضامن اس سے بات کرنے لگا وہ ویسے بھی بہت بور رہا تھا اچھا تھا اس کا ٹائم پاس ہو جاتا ایسے

۔

"کس سے بات کر رہے ہیں؟"ابرش ضامن کو پوری طرح سے فون میں مصروف دیکھتے دل میں سوچنے لگی تھی وہ ضامن کو لیکر خاصی ٹچی ہو رہی تھی ضامن کا کسی سے بات کرنا اس کو ہضم نہیں ہو رہا تھا۔

"سر۔۔۔"وہ ایک بار پھر سے ضامن کی طرف جھکی لیکن اس بار درمیان میں کچھ فاصلہ رکھا تھا۔

"مس ملک سٹاپ اٹ ایسی حرکتیں کر کے آپ کیا ثابت کرنا چاہتی ہیں دیکھ نہیں رہی ہیں میں بیزی ہوں آپ کو ذرا بھی تمیز نہیں ہے۔۔۔"ویسے ڈسٹرب کیے جانے پہ ضامن کے تیور مزید بگڑے تھے ابرش سانس روک گئی ضامن کی سرد آواز سنتے۔

"سر وہ میں۔۔۔"اس کو سمجھ نہیں آیا کہ وہ کیا بار کرے اس نے اپنے ماتھے پہ ہاتھ مارا اس پل وہ حد سے زیادہ کنفیوژ ہو چکی تھی۔

"مس ملک اپنی پرابلمز خود سا ٹ آؤٹ کریں۔۔۔"ضامن چہرہ دوسری طرف کر گیا مطلب صاف تھا کہ وہ مزید ابرش سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔

ابرش نے دانت پیس لیے تھے وہ ایسے لہجوں آیسے رویوں کی عادی نہیں تھی ضامن سے جب سے نکاحِ ہوا تھاوہ اپنی انا کومارتے ضامن کی طرف بڑھتی تھی بات کرتی تھی کیونکہ احساس تھا کہ اس نے غلط کیا تھاضامن کے ساتھ۔

ابرش کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہونے لگی تھیں بہت کوشش کے باوجود بھی وہ اپنی سسکی روک نہیں سکی تھی ضامن جو پوری طرح سے اس کو اگنور کیے اپنے فون میں بیزی تھااس کی سسکی سماعتوں سے ٹکرائی تو وہ ناچاہتے بھی ابرش کو دیکھنے پہ مجبور ہو گیا تھا۔

"مس ملک آپ کو آگر یہ رونا دھونا کرنا ہے تو آپ اپنی سیٹ پہ جاسکتی ہیں یہاں بیٹھنے کے بجائے اپنی سیٹ پہ چلی جائیں اور وہیں بیٹھ کر اپنے آنسوؤں

کی ندیاں بہائیں آپ۔۔۔"وہ واضع لفظوں میں اس کو رونے سے روک نہیں پایا تو ہمیشہ کی طرح غصے میں لیٹتے آپنی بات کی تھی۔

"سر آپ کو کس سے پروبلم ہے؟میرے یہاں بیٹھنے سے؟یا پھر میرے رونے سے؟"ابرش نے ہتھیلی سے اپنے آنسو صاف کیے اس پل ضامن کو وہ بہت پیاری لگی وہ اکثر نفرت کا دعوے دار ہوتے بھی ابرش کی طرف متوجہ ہو جاتا تھا جس اس لمحے کے سحر میں جکڑ گیا تھا ابرش ملک کی بھیگی نیلی آنکھیں اس کو اپنی طرف متوجہ کر رہی تھیں۔

"دونوں سے مس ملک آپ کے یہاں بیٹھنے سے بھی اوٗر آپ کے رونے سے بھی۔۔۔"ضامن کو ایک پل لگا تھا خود کو کمپوز کرنے میں وہ ابرش ملک کو کہاں خوش دیکھ سکتا تھا۔

"آپ صاف صاف کیوں نہیں کہہ دیتے ہیں کہ میں یہاں سے اٹھ جاؤں آپ میم انعم کو مس کر رہے ہیں سر۔۔۔!؛" ابرش غصے میں آگئی تھی کب تک برداشت کرتی وہ ضامن کا یہ رویہ۔

"آپ خود سمجھدار ہیں مس ملک ہر بات لبوں سے کہنے والی نہیں ہوتی ہے کچھ باتیں انسان کو سامنے والے کے رویئے سے خود ہی سمجھ جانا چاہیے۔۔۔۔" وہ ابرش کی آنکھوں میں دیکھتے بولا تو ابرش کو کچھ ہوا دل کے کسی گوشے میں درد سا اٹھتا پورے وجود میں سرایت کرتا محسوس ہو رہا تھا۔

"آپ نے بالکل ٹھیک کہا سر جی ہر بات لبوں سے کہنے والی نہیں ہوتی کچھ باتیں محسوس کی جاتی ہیں کاش کہ آپ بھی ہر بات محسوس کر سکتے ہوتے۔۔۔" اس کے لہجے میں افسوس تھا۔

"واٹ ڈو یو مین مس ملک۔۔۔؟"ضامن اس کے بات کرنے کے سٹائل کو سمجھ نہیں سکا کہ وہ طنز کر رہی ہے یا نارملی بات کر رہی ہے۔

"آپ بہتر سمجھ سکتے ہیں سر جی۔۔۔!؛"وہ کندھے آچکاتے بولی لیکِن وہ ضامن سے پوچھنا چاہتی تھی کہ وہ بات کس سے کر رہا ہے ایک تو فزا ان کے ساتھ ٹرپ پہ جا رہی تھی وہ چشمش اس کو سر ضامن کے قریب برداشت نہیں تھی لیکن وہ جا رہی تھی اوُر ابرش نے پکا ارادہ کر لیا تھا کہ وہ اس لڑکی کو ضامن کے آس پاس بھی نہیں بھٹکنے دے گی۔

"سر وہ مجھے۔۔۔"ضامن ابرش کی بات سنتا سیدھا ہو گیا اوُر درمیان میں تقریبا بیس پچیس منٹس کی خاموشی رہی تھی اور اس خاموشی سے اکتائے ایک بار پھر سے ابرش نے ضامن کو آواز دی تھی جو پوری طرح سے فون میں مصروف تھا۔

"مس ملک اب آپ کے ہونٹوں سے ایک لفظ بھی نکلا تو میں نے یہ سیٹ چھوڑ کر پیچھے چلے جانا ہے آپ سے خاموش نہیں رہا جاتا ہے کتنا بولتی ہیں آپ۔۔۔؟"ضامن کی آواز پہ ابرش نے حیرانگی سے اُسے دیکھا تھا کوئی بعید نہیں تھی کہ ضامن سیٹ چھوڑ بھی جاتا وہ ایسا ہی تھا اپنی کرتا تھا۔

"میں بولتی ہوں یا آپ۔۔۔؟"وہ خود کی طرف اِشارہ کر رہی تھی۔

"مس ملک آپ کے کہنے کا مطلب ہے میں زیادہ بولتا ہوں رئیلی آپ یہی کہنا چاہتی ہیں کہ میں۔۔۔؟"ضامن نے خوَد کی طرف اِشارہ کیا تھا وہ دونوں ایک دوسرے سے بحث کرتے ارگرد کے بارے میں بھول چکے تھے۔

"بالکل سر جی میں آپ سے سمپلی ایک سیدھی سی بات کرنا چاہتی ہوں آور آپ ہیں کہ بات کو کہاں سے کہاں لے جاتے ہیں بس موقع چاہیے آپ کو

بات بڑھانے کا اور کچھ بھی نہیں۔..."ضامن کی توجہ ابرش کو خود کی طرف کروانی تھی جو وہ کروا چکی تھی تو اب اس کو اور کیا چاہیے۔

ضامن کچھ سوچتے اپنی سیٹ سے اٹھا لیکِن اسی وقت ابرش نے اس کو بازوؤں سے پکڑتے خوُد کی طرف کھینچا تھا بھلے ابرش میں اتنی طاقت نہیں تھی کہ وہ ضامن کو کھینچ پاتی لیکن ضامن کا دھیان چوکنے خوُد کی طرف تھا سو وہ اس اچانک حملے کے لیے تیار نہیں تھا اور وہ سیدھا ابرش ملک پہ گرا تھا

آس پاس سٹوڈنٹس کی دبی دبی ہنسی ضامن کی سماعتوں سے ٹکرائی تھی جو یقیناً اس واقعے کو لیکر ہنس رہے تھے کوئی رشک بھری نظروں سے ابرش کو دیکھ رہا تھا جس کا ضامن عباس شوہر تھا نکاح تو ان دونوں کا ہو چکا تھا۔

"مس ملک آپ پاگل تو نہیں ہیں۔۔۔؟" ضامن نے اٹھنے کی کوشش کی لیکن یہ اس کے لیے خاصا مشکل ہو رہا تھا کیونکہ ابرش کے وہ تقریباً گرا تھا۔

"سر غلطی آپ کی ہے آپ دیکھ کر اٹھتے نان۔۔۔" ابرش آنکھیں ٹپیپاتے معصومیت سی بولی لیکِن لبوں پہ پھیلی مسکراہٹ ضامن عباس کو تپا گئی تھی۔

"شٹ اپ آپ نے جان بوجھ کر کھینچا مُجھے۔۔۔" وہ ابرش کے کندھے پہ ہاتھ کھڑا ہوا تھا بلاوجہ وہ دونوں سب کی نظروں میں آ گئے تھے۔

"رئیلی سر میں آیسا کیوں کروں گی۔۔۔" بالوں کو پیچھے کرتے وہ پہلے سے بھی زیادہ معصومیت سے بولی لیکن وہ کتنی معصوم تھی یہ کوئی ضامن عباس سے پوچھتا۔

ضامن اس کی بات سنے بغیر ہی پیچھے چلا گیا ابرش نے بمشکل قہقہہ روکا تھا عائشہ جو کہ لیٹ آئی تھی اور تقریباً آینڈ پہ بیٹھی تھی وہ ابرش کے ساتھ آ گئی تھی فزا پیچھے تھی اور اتفاق سے ضامن ابرش کے پاس سے اٹھتے فزا کے ساتھ بیٹھ گیا ابرش جو اپنی حرکتوں پہ ہنس رہی تھی ضامن کو فزا کے ساتھ بیٹھے دیکھ کر ہونٹوں پہ آئی مسکراہٹ غائب ہوئی تھی پہلے ہی اس فزا کی وجہ سے اس کو اچھی فیلنگز نہیں آ رہی تھیں مذید ضامن کا فزا کے ساتھ بیٹھنا اس کو طیش دلا گیا تھا۔

اس نے تیزی سے ڈآکٹر کو کال کی عائلہ کی بکھری حالت دیکھتے خوُد کو کوسا پہلے اس کی حالت درست کرنے لگا پہلے اس کی فراک ٹھیک کی اوُر پھِر اس پہ کمفٹر ٹھیک کیا عائلہ کے ماتھے پہ بوسہ دیا تھا اوُر اس کے ہاتھ سہلاتے اس کا باڈی ٹمپریچر چیک کیا۔

عائلہ کی زرا سی حالتِ کیا بگڑی وہ تو نروس ہو گیا تھا ڈاکٹر تقریباً آدھے گھنٹے تک آگئی تھی اوُر عائلہ کا چیک اپ کیا تھا۔

"ان کی رپورٹس کہاں ہیں۔۔۔؟" ڈآکٹر ترکش زبان میں بولی تھی یرمان نے چونک کر اُسے دیکھا تھا۔

"کون سی رپورٹس۔۔۔؟" یرمان ملک نے نا سمجھا تھا۔

"آپ کی مسز کو جو بیماری ہے میں آیسے تو کوئی علاج نہیں کر سکتی ہوں آپ کی مسز کا ان کی جو بیماری ہے کافی سیر یس سٹیج اختیار کر چکا ہے۔۔۔؟!" وہ یرمان ملک کی نا سمجھی پہ تھوڑا حیران ہوئی ایک تو یہ لڑکی تھی اتنی کم عمر اوُر اوپر سے اس کی یہ حالت۔

"کون سی بیماری؟ میں آپ کی بات سمجھ نہیں پا رہا ہوں کیا بیماری ہے اس کو؟" وہ اس سے پوچھ رہا تھا اوُر ڈاکٹر یرمان ملک کی طرف پلٹی تھی۔

"آپ کی وائف کی کنڈیش ٹھیک نہیں ہے یہ اچانک سے کسی ٹینشن کی وجہ ان کا بی پی ہائی ہو گیا ہے آپ ان کو ہر قسم کی ٹینشن سے دور رکھنے کی کوشش کریں ورنہ ان کی حالت بگڑ سکتی ہے۔۔۔" ڈاکٹر کے پاس عائلہ کی کوئی میڈیکل رپورٹ نہیں تھی جس وجہ سے وہ اس کی بیماری کی نوعیت نہیں جس سکی تھی لیکِن اتنا ضروری جان گئی تھی کہ اس کو دل کا مسلہ تھا۔

"آپ مجھے ساری بات بتائیں کیا مسلہ ہے اس کو؟ اور یہ آیسے اچانک سے بے ہوش ہو گئ اس کی کیا وجہ ہے آخر۔۔۔۔؟" یرمان عائلہ کے لیے پریشان تھا وہ ایسے اچانک سے کیوں بیمار ہو گئ تھی۔

"مسٹر یرمان ملک ان کو ہارٹ پرو بلم ہے زیادہ تو میں کچھ نہیں جان سکی ہوں لیکن ان کی یہ پرو بلم مزید بڑھ سکتی ہے اگر مسلسل یہ ذہنی دباؤ کا شکار رہی تو آپ کو شش کریں کہ ان کو خوش رکھیں تا کہ یہ ٹھیک رہیں۔۔۔" ڈاکٹر یرمان کے لہجے میں چھپی محبت سمجھ گئ تھی وہ کتنی فکر کر رہی تھی اپنی بیوی کی۔ اوُر عائلہ پہ اس کو دیکھنے لگی کتنی خوش قسمت تھی یہ لڑکی۔

"او کے مسٹر آپ ان کا خیال رکھیں۔۔۔" یرمان ڈآکٹر کو باہر تک چھوڑتے وآپس آیا تھا عائلہ ابھی تک بے ہوش تھی اس کو کب ہوش ہوتا وہ بے قراری سے اس کے سرہانے بیٹھ گیا انتقام غصہ نفرت کہیں پیچھے چھوٹ چکا

تھا اس وقتِ وہ عائلہ کی فکر میں گھلتا جا رہا تھا جو اس کے سامنے بے حس و حرکت پڑی تھی وہ اس کے ماتھے پہ انگلیوں کا لمس بکھرتے اس کے چہرے پہ اپنی سانسیں چھوڑ رہا تھا۔

عائلہ کو آخر کیا مسلہ تھا دل کا ڈاکٹر کی بات یرمان کو سمجھ نہیں آئی تھی لیکِن وہ پھر بھی پریشان تھا عائلہ کے اٹھنے پہ ہی اس کو ساری بات معلوم پڑ سکتی تھی یا پھر ضامن سے کیا اس کو ضامن سے بات کرنی چاہیے۔۔

ایک پل کے لیے اس کے زہن میں یہ خیال آیا لیکن اس کی انا اسے ضامن عباس سے بات کرنے کی اجازت نہیں دے رہی تھی اس معاملے کو آیسے چھوڑ بھی نہیں سکتا تھا اس کو عائلہ کو کسی ماہر ہارٹ سیپشلیٹ سے چیک کروانا تھا عائلہ کی یہ حالت اس کو پریشان کر رہی تھی۔

"مُجھے عائلہ کی وہ رپورٹس حاصل کرنی ہیں تا کہ یہاں کسی ڈاکٹر کو دکھا سکوں میں۔۔۔"وہ کچھ سوچتے پاکستان میں اپنے گارڈز کو فون کرنے لگا۔

"جس سر۔۔۔"

"ضامن عباس کے گھر جاؤ اور وہاں سے عائلہ عباس کی رپورٹس حاصل کرو اور اس کی ساری پورٹس کی پکچرز مُجھے سینڈ کرو تم۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولا تو گارڈز نے اس کے آرڈر کو فالو کیا تھا یرمان نے فون شائید پہ رکھا اور عائلہ کے ماتھے پہ ایک بار پھر سے بوسہ دیا تھا۔

وہ ہنوز بے ہوش تھا ٹینشن لینے سے ڈاکٹر نے منع کیا تھا ضامن عائلہ کو بہت سپیشل ٹریٹ کرتا تھا کبھی اس نے ضامن کو عائلہ پہ غصہ کرتے نہیں دیکھا تھا شاید وجہ یہ تھی۔۔یرمان ملک کو یاد آیا جب وہ عائلہ کے گھر گیا تھا اُس وقت عائلہ کی حالت کیوں ایسی ہوئی تھی ریزن یہ تھی وہ نازک دل کی مالک

لڑکی تھی یرمان نے چند ہی دنوں میں اس کو کافی پریشان کیا تھا پہلے گھر میں اوَر اب یہاں۔

عائلہ کی حالتِ سوچتے اس کو خود پہ طیش آیا کیا ضرورت تھی اسے عائلہ کو اس قدر خوفزدہ کرنے کی کیا عائلہ کو وقت دینا چاہیے۔۔۔۔۔؟

کیا عائلہ اس رشتے کی نزاکتوں کو سمجھنے کے قابل تھی۔۔۔؟

کیا اس کو عائلہ کی کیئر کرنی چاہیے وہ دل ہی دل میں سوچ رہا تھا لیکِن ابرش کا خیال آیا تھا ضامن کو رویہ ابرش کے ساتھ کیسا تھا یہ وہ اچھے سے جانتا تھا اور عائلہ۔۔۔۔!؛

لیکن عائلہ کا اس سب میں کیا قصور تھا وہ عائلہ کی کلائی تھامے نرمی سے سہلا رہا تھا اوَر عائلہ آہستہ آہستہ ہوش میں آنے لگی وہ پینک ہونے لگی شاید وہ

ان لمحاتِ کو یاد کر رہی تھی جب وہ یرمان ملک کے حصار سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھی۔

"عائلہ عائلہ۔۔۔۔!؛۔عائلہ۔۔۔"یرمان ملک اس پہ جھکے فکر مندی سے پوچھ رہا تھا عائلہ نے آنکھیں کھولتے خود پہ جھکے یرمان ملک کو دیکھا اور پھر اس نے چہرہ پھیر لیا تھا آنکھوں کے پپوٹے بے ساختہ بھیگنے لگے تھے یرمان ملک نے اس کی آنکھوں پہ لب رکھے تو وہ سسکی تھی۔

"نہیں۔۔۔!؛"یرمان ملک کے قریب آتے اس کے ہونٹوں سے یہ چند لفظ ہی نکلتے تھے وہ اس کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اس کو خود سے دور کرنے لگی تھی یرمان ملک نے اس کی کلائیاں نرمی سے چھوڑ دی تھیں عائلہ اس کے اتنے سوفٹ رویئے پہ حیران ہی تو ہو گئی تھی۔

"ٹھیک ہو اب۔۔۔؟" عائلہ جو ہونکوں کی طرح حیرت سے یرمان ملک کو دیکھ رہی تھا اس پہ کجا اس کا یہ نرم لہجہ کیا یہ یرمان ملک ہی تھا اس کو یقین نہیں ہو رہا تھا کہاں اتنا غصیلہ اوٗر کرخت یرمان ملک اور اب اس کی یہ سوفٹ سائیڈ یرمان ملک کا یہ رویہ وہ سہن نہیں کر پا رہی تھی۔

"جی۔۔۔!؛" بمشکل عائلہ نے یہ لفظ ادا کیے تھے ورنہ اس کو لگ رہا تھا کہ وہ بول بھی نہیں پائے گی یرمان ملک کے سامنے دل کا درد ہنوز قائم تھے وہ میڈیسن نہیں لے رہی تھی درد تو پھر ہونا ہی تھا ڈاکٹر نے کہا تھا عائلہ کو میڈیسن لازمی دینی ہے ضامن اس معاملے میں زرا سی بھی کوتاہی نہیں کرتا تھا ہمیشہ وقت پہ وہ عائلہ کو میڈیسن دیتا تھا۔

"کھانا کھائیں گے ہم پہلے۔۔۔۔!؛" وہ عائلہ کے پاس سے اٹھتے سائیڈ پہ ہوا میڈ اس کو بتا چکی تھی کہ وہ ڈنر لگا چکی ہے عائلہ کی طعیبت کو دیکھتے یرمان نے سوچا کہ وہ ڈنر روم میں ہی کر لیتے ہیں۔

یرمان نے میڈ کو انٹر کام سے کال کرتے کھانا روم میں لانے کا کہا تو وہ تقریباً دن منٹس کے آندر آندر ان کو کھانا سرو کر کے واپس جا چکی تھی۔

"مُجھے۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔۔!؛" عائلہ کو بہت گھبراہٹ ہو رہی تھی حالانکہ جب وہ ائیر پورٹ سے باہر نکلی تھی استنبول شہر کی آب وہوا نے اس پہ خوشگوار اثر ڈالا تھا وہ کچھ حد تک فریش ہو گئی تھی لیکِن اب پھر سے یہاں یرمان ملک کے ساتھ اس کو گھبراہٹ ہو رہی تھی وہ یہاں سے بھاگ جانا چاہتی تھی۔

ڈاکٹر نے کچھ میڈیسن لکھ کے دی تھی یرمان کو باقی تو عائلہ کا ٹریٹمنٹ ہاسپٹل جا کر ہی ہونا تھا لیکِن کچھ میڈیسن جس سے عائلہ کو وقتی طور پہ کچھ ریلیف مل سکتا تھا۔ یرمان ملک میڈیسن منگوا چکا تھا اب اس کا ارادہ عائلہ کو کھانے کے بعد میڈیسن دینے کا تھا۔

"کھانا تو کھانا پڑے گا عائلہ۔۔۔!؛" وہ کسی کو قائل کرنے میں زیرو تھا آج تک اس کو ضرورت ہی نہیں پڑی کبھی کسی کو قائل کرنے کی۔

"پر۔۔۔۔"

"پر ور کچھ نہیں آؤ۔۔۔!؛" یرمان ملک نے نرمی سے اس کی کلائی اپنی گرفت میں ایک بار پھر سے لی تھی عائلہ جھنجھنا سی گئی آخر چند لمحوں میں ایسا کیا ہو گیا جو یرمان ملک اتنا اچھا بیہو کر رہا تھا عائلہ ابھی تک اس بات سے بے

خبر تھی کہ یرمان ملک اس کی بیماری کے بارے میں کافی حد تک جان چکا ہے

۔

"پلیز۔۔۔"یرمان کے بھاری ہاتھوں میں قید اپنے نازک کانپتے ہاتھ کو دیکھتے اس نے سسکی لی تھی۔

یرمان ملک اس کو لیے چیئر کی طرف بڑھا روم کافی سٹائلش ساڈیکوریٹ کیا گیا تھا۔

یرمان نے عائلہ کو چیئر پہ بیٹھایا اوٗر خود بھی اس کے ساتھ ہی بیٹھ گیا عائلہ دم سادھ اس کو دیکھ رہی تھی جو شائد خود کے لئے کھانا نکال رہا تھا۔

یرمان کے ساتھ اس کا پہلی بار کھانے کا اتفاق ہو رہا تھا اوٗر وہ نہیں جانتی تھی کہ وہ یرمان ملک کی موجودگی میں کچھ کھا بھی سکے گی یا نہیں۔

حالانکہ اب بھوک کا احساس تو اس کو ہو رہا تھا۔

"کھاؤ۔۔۔!؛" یرمان نے فریش فرائیڈ فیش کا ٹکڑا فورک میں پھنساتے عائلہ کے لبوں کے سامنے کیا عائلہ آنکھیں پھیلائے اسے دیکھنے لگی یرمان نے تھوڑا آگے ہوتے عائلہ کی پھیلی گہری سیاہ آنکھوں پہ نرمی سے ہونٹ رکھے تھے عائلہ پیچھے کو ہوئی اس کے بے ہوش ہونے سے پہلے یرمان ملک کے ارادے کس طرح کے تھے وہ جانتی تھی لیکِن اب یوں اچانک یرمان ملک کا یہ بدلا بدلا رویہ عائلہ کی سمجھ سے باہر تھا۔

"عائلہ مجھے بعد میں دیکھ لینا پہلے کھانا۔۔۔؟!" یرمان نے ہونٹوں کو دانتوں تلے دباتے کہا تو سٹپٹاتے چہرہ جھکا گئی یرمان کی بات پہ جیسے پورے وجود کا خون چہرے پہ سمٹ آیا تھا۔

"نہیں وہ۔۔۔۔!؛" عائلہ کنفیوژ ہوئی کہ وہ اب وضاحت کیا دے اس کا ۔۔۔یرمان ہولے سے مسکرایا اس نے کبھی سوچا نہیں تھا کہ زندگی میں اچانک اس طرح کا بدلاؤ آئے گا وہ ضامن کے حوالے سے عائلہ پہ سختی کرنا چاہتا تھا لیکن کر نہیں پا رہا تھا وہ چاہا کر بھی عائلہ کے لئے سخت نہیں ہو پا رہا تھا۔

اب تو اس کو عائلہ کی بیماری کے متعلق بھی معلوم ہو چکا تھا عائلہ کے لیے کوئی بھی شاکنگ نیوز بہت خطرناک ہو سکتی تھی۔

"کھاؤ مُجھے دوبارہ کہنا نہ پڑے۔۔۔!؛" وہ جانتا تھا جو اب تک ہو چکا تھا اس کے بعد عائلہ اس کے نرم رویئے کو اتنی جلدی شاید برداشت نہ کر پائے کہاں دیکھی تھی عائلہ نے یرمان کی اچھی سائیڈ۔۔۔۔

کب دکھائی یرمان نے عائلہ کو اپنی اچھی سائیڈ۔۔۔۔!"

"مجھے۔۔۔۔بھ۔۔۔۔۔!؛"

"ششش آرام سے کھلا رہا ہوں ناں پھر جس سٹائل میں کھلاؤں گا تم برداشت نہیں کر سکو گی عائلہ سو نو مورارگیومنٹ۔۔۔۔"وہ اس کے ہونٹوں پہ اپنی انگلیوں رگڑتے سنجیدگی سے بولا تو عائلہ نے ہلکے سے ہونٹ کھولے تھے اوٗر آہستہ آہستہ وہ فیش کا پیس چبانے لگی یرمان اس کو کھلانے کے ساتھ ساتھ خوٗد بھی کھاتا رہا وہ بھی ایک ہی چمچ سے عائلہ کو ایک اوٗر جھٹکا لگا تھا ابرش کتنی پوزسیو تھی خود کے لئے یہ تو پوری کلاس جانتی تھی اوٗر یرمان ملک بھی تو ابرش ملک کا بھائی تھی۔

"یہ سارا فینشن کرنا ہے۔۔۔!؛"وہ بھونا چکن پلیٹ میں رکھ چکا تھا عائلہ تھی کتنی سی اتنا کھانا تو وہ دن کے تین ٹائمز میں نہیں کھاتی تھی جتنا یرمان ملک اس کو ایک ہی ٹائم پہ کھانے کا کہہ رہا تھا۔

"بس۔۔۔"عائلہ نے مارے باندھے چند نوالے لیے تھے وہ شاید یرمان ملک کی دھمکی کا اثر تھا ورنہ عائلہ کے لیے خاصا مشکل ہو رہا تھا یرمان ملک کے سامنے کھانا۔۔۔۔۔۔

"اتنا سا صحت دیکھو اپنی۔۔۔۔؟ پھونک سے اڑ جاؤ تم!؛ اور کھانا کتنا سا کھایا ہے یہ کھاؤ گی نہیں تو کیسے ہو گا کچھ ٹھیک۔۔۔؟ تمھارا بھائی تمھیں کچھ نہیں کھلاتا تھا۔۔۔؟ ویسے صحت دیکھ کر تو یہی لگ رہا ہے کہ وہ تمھیں کھانا نہیں کھلاتا۔۔۔۔؟"یرمان ملک اس کی جسامت اور نازک سراپے پہ چوٹ کر رہا تھا۔

"میرے۔۔۔۔۔۔۔بھائی مجھے۔۔۔۔۔کیا کھلاتے تھے اور۔۔۔۔۔۔کیا نہیں یہ میں۔۔۔۔۔۔۔آپ کو۔۔۔۔۔۔۔۔کیوں بتاؤں۔۔۔؟"وہ عائلہ

کو اچھا نہیں لگا تھا یرمان ملک کا ضامن کے بارے میں بات کرنا اس کا بھائی اس کا کتنا خیال رکھتا تھا یہ بات بھلا کسی سے کہاں ڈھکی چھپی تھی۔

"بتانے کی ضرورت بھی نہیں ہے صاف نظر آرہا ہے کہ کیا کھاتی تھی تم۔۔۔!؛ لیکن خیر اب میرے پاس آگئی ہو ناں ساری کسر پوری کر دوں گا ویسے بھی مُجھے برداشت کرنے کے لئے تمھارے اندر انرجی بھی تو ہونی چاہیے میری صرف ایک کس سے تم بے ہوش ہو گئی تھی ایسے تو میں تم سے اپنا حق کبھی نہیں لے سکوں گا عائلہ۔۔۔!؛" وہ عائلہ سے اس ٹاپک پہ کوئی بات نہیں کرنا چاہتا تھا نہ ہی وہ عائلہ کو پریشان کرنا چاہتا تھا لیکن ناچاہتے بھی باتوں پہ باتوں میں اس کی باتیں اس ٹاپک پہ شروع ہو گئی تھیں۔

یرمان ملک کی بے باک باتوں پہ عائلہ کو اپنے رخساروں سے دھواں سا اٹھتا محسوس ہو رہا تھا گلابی رنگت میں سرخیاں سے گھلتے اس کے پورے چہرے پہ گلال بکھیر گئی تھیں۔

"تم تو یوں بلش کر رہی ہو جیسے میں تمھارے قریب۔۔۔؟" یرمان ملک اس کو کھانا کھلا چکا تھا تو اس کے ہاتھوں کو ایک بار پھر سے تھاما لیکِن پہلے سے بھی زیادہ نرمی اوٗر احتیاط سے۔

"نہیں۔۔۔ کریں۔۔۔۔۔ ایسی۔۔۔۔۔ باتیں۔۔۔۔۔!؛" عائلہ کی سرخ قندھاری ہوئی تھی رخسار تپنے لگے تھے یرمان ملک کی باتوں پہ اور یرمان نے تاسف سے عائلہ کو دیکھا صرف باتوں سے ہی میڈم کی یہ حالت تھی۔

"باتیں ہیں صرف کونسا تم سے میں۔۔۔" عائلہ نے بے اختیار یرمان ملک کے ہونٹوں پہ اپنی انگلی تھی وہ مسکرایا اور اس کی انگلی کو اپنے ہونٹوں سے چوما تو عائلہ نے تیزی سے ہاتھ کھینچا تھا۔

"مجھے۔۔۔۔ نیند۔۔۔۔۔!؛" مذید جب عائلہ سے کوئی بات نہ بنی تو اس نے نیند کا بہانہ بنایا یہی حل بچا تھا اس کے پاس یرمان ملک کی بے باکیوں سے بچنے کے لئے ورنہ تو یرمان ملک سے اس کو کوئی بعید نہیں تھی یرمان ملک اس کے بہانے پہ مسکرایا یہ بہانہ بھی یقیناً یرمان ملک کی پناہوں سے نکلنے کے لیے تھا تاکہ وہ یرمان ملک کی گہرائی بے باک باتوں کو نہ سنے۔

"پہلے میڈیسن لینی ہے پھر سو جانا۔۔۔۔!؛" یرمان جو عائلہ کو مذید تنگ کرنے کا ارادہ رکھتا تھا ڈاکٹر کی بات اس کے زہن میں آئی تو وہ مزید اس کو تنگ کیے بغیر میڈیسن کا کہنے لگا۔

"کونسی۔۔۔میڈیسن۔۔۔۔؟"عائلہ کو تو لگا تھا کہ وہ صرف بے ہوش ہوئی تھی اب ٹھیک ہے پھر یہ میڈیسن درمیان میں کہاں سے آگئی عائلہ کی جو ہارٹ کی بیماری والی میڈیسن تھی وہ تو حیدرآباد ہی بھول گئی تھی شاید اس کو دل میں درد بھی اسی وجہ سے ہو رہا تھا کیونکہ وہ میڈیسن نہیں لے رہی تھی۔

"ڈاکٹر آئی تھی تمھیں چیک اپ کرنے کے لئے جب تم بے ہوش ہوئی تھی اوٗر اس نے ہی میڈیسن دی تھی وہ لینی ہے تاکہ مذید طعیبت خراب نہ ہو۔۔۔"وہ عائلہ کے رخساروں کو سہلا رہا تھا۔

عائلہ سے اس کی ہارٹ بیماری کے بارے میں وہ پوچھنا چاہتا تھا لیکن آگر وہ مذید پریشان ہوتی اوٗر ٹینشن لیتی تو۔

اس کو عائلہ کی رپورٹس اوٗر باقی ساری میڈیسن کی پکچرز اس کے گارڈز سینڈ کر چکے تھے۔

یرمان جانتا تھا کہ گارڈز کو زیادہ مشکل نہیں ہوئی ہو گی کیونکہ ضامن تو گھر پہ تھا ہی نہیں وہ تو چلا گیا ہوا تھا مری اور اگر ہوتا بھی تو اتنی مشکل نہیں تھی۔ کیونکہ ضامن کی موجودگی میں بھی وہ یہ کام آسانی سے کر سکتے تھے ضامن کو کونسا پتہ چلتا اور آگر چل بھی جاتا تو کونسا یرمان ملک کو کوئی فرق پڑتا تھا عائلہ اس کی بیوی تھی جس کے بارے میں جاننے کا حق یرمان ملک کو حاصل تھا۔

"میں۔۔۔ٹھیک۔۔۔۔۔ہوں۔۔۔۔!؛"عائلہ کو پریشانی اس بات کی ہوئی کہ کہیں یرمان ملک اس کی بیماری کے بارے میں کچھ جان تو نہیں گیا۔

"نہیں ایسا ہوتا تو یہ مجھ سے ضرور پوچھتے ویسے بھی یہ ضروری تو نہیں ہے کہ انہوں نے جس ڈاکٹر کو بلایا تھا وہ ہارٹ سپیشلیٹ ہی ہو۔۔۔!؛"عائلہ دل ہی دل میں سوچ رہی تھی اور یرمان ملک اس کے چہرے کے تاثرات دیکھ

رہا تھا جو گہری سوچ میں پڑ چکی تھی اس کا بار بار سوچ میں پڑ جانا یرمان ملک کو پسند نہیں تھا۔

"ٹھیک ہو تو ویری گڈ لیکِن میڈیسن تو پھر بھی لینی ہے ناں۔۔۔؟ پہلے کبھی میڈیسن نہیں لی تم۔۔۔نے۔۔۔؟" عائلہ کے چہرے کے تاثرات دیکھتے اس نے پوچھا تو عائلہ نے نظریں اُٹھائے اسے دیکھا۔

"لیتی۔۔۔۔ تھی۔۔۔۔۔!؛" وہ جھوٹ نہیں بول سکی تھی ویسے بھی آگے وہ بہت کم جھوٹ بولتی تھی۔

"تو پھر ابھی لینے میں کیا مسئلہ ہے چلو شاباش میڈیسن لو پھر ریسٹ کرنا کل ہم ڈاکٹر کے پاس جائیں گے تمھارے چیک اپ کے لیے۔۔۔!؛" وہ چاہا کر بھی عائلہ سے اس کی بیماری کے متعلق کچھ نہیں پوچھ سکا تھا ارادہ تھا کہ کل عائلہ کو لے جائے گا ڈاکٹر کے پاس۔

کل اس کی میٹنگ بھی تھی لیکن میٹنگ سے کئی زیادہ ضروری عائلہ کی صحت تھی جب تک یرمان ملک عائلہ کو چیک نہیں کروالیتا اس کو تسلی نہیں ہونی تھی کہ عائلہ کی کنڈیشن کیسی ہے۔

"میں۔۔۔۔ڈاکٹر کے پاس۔۔۔۔کیوں۔۔۔؟" اپنے خشک ہونٹوں پہ زبان پھیرتے اس نے انہیں تر کیا وہ یرمان کے سامنے اپنی بیماری کا زکر نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن بار بار یرمان ملک کا اس بارے میں پوچھنا پریشان کر چکا تھا۔۔۔۔جانتی تھی جیسے اچانک بے ہوش ہوئی یرمان کا پریشان ہونا بنتا تھا لیکِن ان کے درمیان کہاں سب نارمل تھا جو یرمان اتنی فکر کر رہا تھا اس کی۔

"ڈاکٹر کے پاس کیوں جاتے ہیں۔۔۔؟" اس پل عائلہ کا بحث کرنا یرمان ملک کی سمجھ سے باہر تھا کیا عائلہ اپنی بیماری کی نوعیت نہیں جانتی تھی کیا وہ نہیں چاہتی تھی کہ اس کا ٹریٹمنٹ ہو۔

"لیکِن۔۔۔۔ڈاکٹر

کے۔۔۔۔۔پاس۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔کیوں۔۔۔۔۔؟"

"اس بارے میں کل بات کریں گے فحال یہ میڈیسن کھاؤ پھر سو

جانا۔۔۔۔!؛"یرمان مذید اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا تھا جتنا وہ اس

ٹاپک کو ڈسکس کرتا عائلہ اتنا ہی سٹرس لیتی جو اس کے لیے ٹھیک نہیں تھا سو

نرمی سے اس کے رخساروں سہلاتے یرمان نے میڈیسن کی ٹیبلیٹ نکالتے

اس کی ہتھیلی پہ رکھی تھیں جن کو حلق میں اتارے عائلہ نے پانی پیا تھا

میڈیسن کی کڑواہٹ سے اس کے منہ کا ذائقہ ہی خراب ہو گیا تھا۔

جب وہ چھوٹی تھی اوَر بیمار ہوتی تھی تو میڈیسن نہیں لیتی تھی بابا تو اس کو کافی

سمجھاتے لیکن وہ اتنے کیوٹ فیس تاثرات بنا لیتی کہ بابا کو اس پہ پیار آ جاتا

لیکن ضامن اس کو چاکلیٹ کا لالچ دے کر میڈیسن کھلاتا تھا عائلہ کو بھی

چاکلیٹ پسند تھی تو ضامن کے ہاتھ میں چاکلیٹ دیکھتے ہی وہ میڈیسن کھانا شروع کر دیتی تھی۔۔

ضامن کی یاد آئی تو سیاہ آنکھوں کے گوشے بے ساختہ نم ہوئے تھے ضامن کی بے رخی وہ بھولتے نہیں بھول پا رہا تھی کلاس میں جیسے ضامن نے اس کو اگنور کیا عائلہ نے اپنا سینہ مسلا بے ساختہ درد سا اٹھا تھا دل میں اور عائلہ کے چہرے پہ تکلیف بھرے اثرات دیکھتے یرمان نے اس کو تھامنا چاہا لیکن عائلہ نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا تھا اس وقتِ عائلہ کے ذہن میں یہی چل رہا تھا کہ یرمان اور ابرش کی وجہ سے ضامن ناراض ہو گیا تھا اس سے۔

"واٹس رونگ ودیو۔۔۔۔؟" عائلہ کا خود سے دور جھٹکنا یرمان ملک سے برداشت نہیں ہوتا تھا کتنی بار تو وہ وران کر چکا تھا عائلہ کو لیکن عائلہ کو اس بات کا احساس ہوتا تو پھر کیا بات تھی۔

"سونا۔۔۔۔ہے۔۔۔۔"وہ خود ہی چیئر سے اٹھتے بیڈ کی طرف بڑھی تھی جبکہ یرمان ملک اس کی پیٹھ کو دیکھ رہا تھا اکثر وہ آیسے ہی رہ ایکٹ کرتی اچانک سے جیسے اچانک سے اس کو کوئی بات یاد آئی ہو اور اس بات کی وجہ سے وہ یرمان ملک کو خود سے دور جھٹکتی ہو لیکن خیر بات جو بھی ہو یرمان ملک یہ برداشت نہیں کر سکتا تھا کہ عائلہ کسی کی بھی وجہ سے اس کو خود سے دور جھٹکے یہ وہ برداشت ہی نہیں سکتا تھا۔

عائلہ بیڈ پہ لیٹتے کمفٹر تان گئی تھی اس نے چہرہ بھی کمفٹر میں چھپا دیا تھا لیکِن ضامن کو یاد کرتے اس کی آنکھیں نم ہو رہی تھیں وہ اپنی سسکیاں بمشکل روکتے اپنے آنسو صاف کر چکی تھی یرمان ملک کے سامنے وہ رونا بھی نہیں چاہتی تھی۔

دوسری طرف یرمان جو بیڈ کی سائیڈ پہ پڑا اپنا فون اٹھانے کے لیے بیڈ کی طرف آیا تھا اس کی سماعتوں سے عائلہ کی سسکیاں ٹکرائی تھیں وہ پریشان ہوا عائلہ تو رہی تھی لیکِن کیوں۔

"عائلہ کیا ہوا ہے۔۔۔۔؟ کیوں رو رہی ہو۔۔۔۔؟ اسنے عائلہ پر سے کمفٹر ہٹانے کی کوشش کی لیکن عائلہ نے کروٹ بدل لی اوٗر جلدی سے آنسو صاف کیے کہ کہیں یرمان ملک اس کے آنسو نہ دیکھ لے۔

"عائلہ۔۔۔۔" یرمان ملک بھی بات کو آیسے نہیں جانے دینے والا تھا جب وہ اپنا رویہ اس قدر بدل چکا تھا کہ عائلہ کوئی سٹریس نہ لے اوٗر اس کی طعیبت خراب نہ جائے اوٗر وہ خود کیا کر رہی تھی۔

آگر اس کو درد ہو رہا تھا طعیبت خراب تھی تو وہ یرمان سے شئیر کرتی بتاتی یرمان کو یوں رونے سے تو اس کی طعیبت مذید خراب ہو جانی تھی۔

"عائلہ مجھے بتاؤ۔۔۔؛؛ کہیں درد ہو رہا ہے۔۔۔!" یرمان نے دوبارہ پوچھا لیکِن جب عائلہ نے جواب نہیں دیا تو یرمان ملک نے اس کے وجود سے کمفٹر سرکایا تھا وہ دوسری طرف کروٹ بدلے تکیے میں چہرہ چھپائے ہوئے تھی یرمان ملک نے ایک نظر اس کی پشت پہ پھیلے بکھرے بالوں کو دیکھا جو اس نے سلجھائے ہوئے نہیں تھے۔

شاور کے بعد پر اب وہ خشک ہو چکے تھے۔

وہ اس کے بالوں کو ہؤلے سے ہونٹوں سے چومتے اس کی گردن کو اپنی انگلیوں سے سہلانے لگا عائلہ نے بمشکل سسکی روکی تھی کیا جو پہلے بے ہوش ہونے کی وجہ سے ان کے درمیان نہیں ہوا وہ اب ہونے والا تھا کیا یرمان ملک اس سے اپنا حقِ لینے والا تھا۔

عائلہ کے پسینے چھوٹ گئے پھر سے یہ خیال ذہن میں آیا تھا اس نے تکیے پہ گرفت مضبوط کی تھی۔

وہ جانتی تھی اس کی کمزور سی مزاحمت اس کے کام نہیں آئے گی اگر یرمان ملک اپنی کرنی پہ آیا تو وہ اپنی ہی کرے گا اس کے روکنے کا یرمان ملک پہ کوئی اثر نہیں ہو گا۔

"عائلہ کچھ پوچھ رہا ہوں میں؟" عائلہ کی بے رخی وہ برداشت نہیں کرتا آگر عائلہ کی طعیبت ٹھیک ہوتی تو لیکِن اس وقتِ وہ ٹھیک نہیں تھی اوٗر یرمان ملک نہیں چاہتا تھا کہ وہ مذید ٹینشن لے۔

"ٹھیک۔۔۔۔ہون۔۔۔۔۔!؛" وہ اس کی بھاری آواز سنتے مشکل سے بولی تھی۔

"میری طرف دیکھو۔۔۔۔" یرمان نے اس کے بالوں کو سائیڈ پہ کیا تھا اوَر اس کی فراک کی ڈوری پہ نظریں جمائی تھیں جو اس کی دودھیا پشت کو عیاں کر رہی تھی اوَر پھِر اس کا وہ نازک پردہ عائلہ کے بے ہوش ہونے سے پہلے کے تمام تر مناظر یرمان ملک کے زہن کے پردے میں لہرائے تھے۔

"نہیں۔۔۔!۔"

"کیوں!" اب عائلہ اس کی طرف دیکھنے سے گریز کیوں کر رہی تھی یرمان کی سمجھ سے باہر تھی عائلہ کی یہ وجہ۔

"عائلہ۔۔۔۔" عائلہ نے کوئی جواب نہیں دیا تو یرمان نے لب بھینچتے اس کو کندھوں سے تھامے اس کا رخ اپنی طرف کیا تھا وہ آنکھیں بند کیے لیٹی تھی یرمان ملک نے اس کی بند آنکھوں کو دیکھا اوَر پھِر وہ اس کی آنکھوں کو لبوں سے چومنے لگا۔

"سو جاؤ اور کوئی فضول کی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے پہلے ہی طعیبت خراب ہے عائلہ۔۔۔۔!؛ کسی چیز کی ضرورت ہو تو انٹر کام سے میڈ کو کہہ دینا یا پھر مجھے آواز دینا میں تھوڑا سا کام کرنے لگا ہو۔۔۔" یرمان ملک کل کی میٹنگ کے حوالے سے کچھ امپورٹنٹ پوائنٹس ڈیڈ سے ڈسکس کرنا چاہتا تھا۔

"جی۔۔۔۔۔" عائلہ نے آہستگی سے جواب دیا اور یرمان ملک اس پہ کمفٹر ٹھیک کرتا بیڈ سے اٹھتے صوفے کی طرف چلا گیا لیپ ٹاپ اٹھائے وہ ڈیڈ کو ویڈیو کال کرنے لگا جب کہ قیوم ملک جو اس وقت سٹڈی روم میں بیٹھے تھے یرمان کی ویڈیو کال انہوں نے اٹھالی وہ عفت ملک سے بحث کر رہے تھے کسی معاملے پہ جب ان کا موڈ خراب ہؤا تو وہ روم سے اٹھتے سٹڈی میں چلے آئے بیوی کی یہ بحث اب ان کی برداشت جواب دے رہی تھی۔

"ڈیڈ آپ پریشان لگ رہے ہیں طعیبت کیسی ہے؟" یرمان نے سکرین پہ نظر جمائے ڈیڈ سے پوچھا وہ اس کو پریشان لگے تھے۔

"نتھنگ یرمان آئی ایم فائن۔۔۔۔!" وہ اتنی دور بیٹھے بیٹے کو سارے معاملات کے بارے میں بتاتے پریشان نہیں کرنا چاہتے تھے۔

"نو ڈیڈ یو آر ناٹ فائن۔۔۔۔؟ کچھ ہوا ہے کیا؟ مام سے ہوئی بحث ہوئی آپ کی؟" عفت ملک اور قیوم ملک کے درمیان کسی نہ کسی بات پہ بحث ہو جانا معمولی بات تھی اور یرمان کو مام کا یہ رویہ بہت برا لگتا تھا ڈیڈ کیوں خاموش رہتے وہ چاہتا تھا کہ ڈیڈ مام کو اتنی ڈھیل نہ دیں جس کا نقصان بعد میں ڈیڈ کو ہی ہو۔

"چھوڑو بیٹا یہ کونسا پہلی بار ہوا ہے ویسے تم یہ بتاؤ کہ تم نے گارڈز کو ضامن کے گھر بھیجا کیوں؟" وہ ٹاپک ہی چینج کر چکے تھے گارڈز نے ان کو بتایا تھا کہ

وہ ضامن کے گھر گئے ہیں یرمان سر کے کہنے پہ اور اب قیوم ملک یرمان سے اسی بارے میں پوچھنے لگے تھے۔

"وہ ڈیڈ عائلہ کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی تو میں نے اُس گھر سے اُس کی پرانی رپورٹس منگوائی تھیں اب سوچ رہا ہوں کل عائلہ کو ڈاکٹر کے پاس لے جاؤں میں تاکہ ایک بار سادی صورتحال تو واضح ہو۔۔۔!؛" یرمان عائلہ پہ ایک نظر ڈالتے بولا عائلہ سو چکی تھی اس کی بھاری سانسوں کی آواز یرمان ملک کو سنائی دے رہی تھی۔

"کیا ہوا عائلہ کو؟" قیوم ملک پریشان ہو گئے تھے یوں عائلہ کی طعیبت خراب کا سن کر وہ ٹھیک ٹھاک تھی جب یہاں سے جا رہی تھی پھِر اچانک سے کیسے طعیبت خراب ہو گئی عائلہ کی۔

"ڈیڈ عائلہ کو کوئی ہارٹ کا مسئلہ ہے زیادہ تو نہیں جا سکا میں اب میں عائلہ کو کل لیکر جاؤں گا تو معلوم ہو گا آپ سے میں نے کچھ پوائنٹس ڈسکس کرنے ہیں۔۔۔" وہ لیپ ٹاپ میں ایک فائل اوپن کرتے بولا تھا۔ قیوم ملک نے سر ہلایا اور یرمان سے میٹنگ کے حوالے سے بات کرنے لگے ان کو کافی ٹائم لگ گیا تھا اہم معاملات پہ بات کرتے۔

"ڈیڈ ٹیک اٹ ایزی میں سب ہینڈل کر لونگا آپ ریلیکس رہیں اور آپ کو ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے پہلے ہی آپ کی طعیبت ٹھیک نہیں ہے اور آپ اتنے پریشان لگ رہے ہیں مجھے۔۔" وہ اس وقت اچھے بیٹے کی طرح باپ کی فکر کر رہا تھا۔۔ قیوم ملک مسکرائے تھے جب سے عائلہ یرمان کی زندگی میں آئی تھی وہ بہت بدل گیا تھا پہلے سے زیادہ زمہ دار ہو گیا تھا ان کو

عائلہ پہلی نظر میں پسند آئی تھی یرمان کے لیے لیکن ان کو اس وقت اندازہ نہیں تھا کہ کبھی حالاتِ آیسے بھی کروٹ بدلیں گے۔

"یرمان میٹنگ سے زیادہ عائلہ کی صحت ہے یاد سے ڈاکٹر کے پاس لے جانا عائلہ بیٹا۔۔۔!؛"انہیں واقعی میٹنگ سے زیادہ اس وقت عائلہ کی صحت کی فکر ہو رہی تھی جو استنبول جاتے ہی بیمار ہو چکی تھی۔

وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ عائلہ کی طعیبت خرابی کے پیچھے بھی کہیں نہ کہیں یرمان ملک کا ہی ہاتھ تھا نہ وہ عائلہ کے اتنے قریب جاتا اور نہ وہ بچاری بے ہوش ہوتی۔

"ائی نو ڈیڈ ڈونٹ وری۔۔۔!؛میں ابھی ڈاکٹر سے اپوائنٹمنٹ لینے والا ہوں کل انشااللہ لے جاؤں گا عائلہ کو ہاسپٹل آپ ریسٹ کریں کل بات ہو

گی۔۔۔"اس کو خود بھی نیند آ رہی تھی سارے سفر میں وہ جاگتا رہا تھا اب سر درد سے دکنے لگا تھا۔

"گڈ نائٹ بیٹا۔۔۔!؛"مزید چند باتیں کرتے یرمان نے کال کٹ کر دی اور گوگل پہ ڈاکٹروں کے بارے میں سرچ کرنے لگا اس کو چار پانچ کافی اچھے ڈاکٹرز کے بارے میں پتہ چلا تھا جن کی آؤن لائن اپوائنٹمنٹ وہ لے چکا تھا اب عائلہ کو راضی بھی کرنا تھا ہاسپٹل جانے کے لیے یرمان جانتا تھا کہ وہ آسانی سے ہاسپٹل جانے کے لیے مانے گی نہیں۔

اس نے اپنی بیرڈ سہلائی رات کے دو بج رہے تھے اپنی شرٹ اتارتے اس نے باتھ روم کا رخ کیا شاور لیتے وائٹ کلر کے ٹروزار میں ملبوس وہ باہر نکلا تھا

۔۔

بالوں میں برش کرتے وہ فریش سا بیڈ کی طرف آیا یہاں سو رہی تھی اس کی اتنی پکی نیند پہ یرمان کو حیرانگی ہوئی تھی وہ کتنے سکون سے سو گئی تھی ائیر وپلین میں بھی اور اب یہاں بھی حالانکہ جو رات اس کی یرمان کے روم میں گزری تھی وہ کتنی بے چین سی تھی ساری رات۔

"ہمممم اتنی پر سکون نیند۔۔۔!؛"عائلہ کی اتنی پر سکون نیند یرمان ملک سے ہضم نہیں ہو رہی تھی وہ سکون کی نیند سو رہی تھی لیکِن یرمان ملک خاصا بے چین ہو چکا تھا پہلو میں جائز رشتہ تھا اوَر وہ دور تھا اس کی حالتِ اس پل کافی عیجب ہو رہی تھی۔

لب تھے کہ اس نازک وجود کے پور پور کو ترس رہے تھے عائلہ کے گلابی ہونٹ سختی سے ایک دوسرے میں پیوست تھے یرمان نے اس کے ہونٹوں پہ آپنا بھاری انگوٹھا رکھتے مسلا تو عائلہ نیند میں بھی بے چین ہوئی تھی جیسے

یرمان ملک کا لمس اس کو نیند میں بھی پسندیدہ نہیں آیا اس نے منہ بنایا اور یرمان کی طرف منہ کئے پھر سے گہری نیند میں چلی گئی یرمان تو اس کی حرکت پہ حیران تھا جو اب اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھ چکی تھی عائلہ نے یہ حرکت نیند میں تھی۔

اگر وہ جاگ رہی ہوتی تو کبھی خود سے یرمان ملک کے اتنے قریب نہیں جاتی یرمان ملک نے اس کا نازک ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے اپنی دھڑکنوں پہ رکھا تھا۔۔۔۔۔

اس کی تیز دھڑکنیں اس کے ضبط کا پتہ دے رہی تھیں وہ اس پل عائلہ سے کیسے دوری رکھے ہوئے تھا یہ بس وہی جانتا تھا بہت مشکل ہو رہا تھا اس کے لیے وہ جو عائلہ اور اپنے درمیان کے سارے فاصلے ختم کرنا چاہتا تھا وہ جس کو عائلہ کے ہونٹوں کی طلب لگ چکی تھی۔

کیسی یہ شرط لگ گئی۔

مُجھے تو تیری لت لگ گئی

زمانہ کہے لت یہ غلط لگ گئی۔

مُجھے تو تیزی لت لگ گئی۔

وہ اس کو اپنے حصار میں لیتے اس کے کان میں سرگوشی کو گیا تھا۔

عائلہ اس کے منہ زور ہوتے جذبات سے بے خبر سو رہی تھی یرمان ملک کو اس کی نیند یہاں پہلے حیرت ہو رہی تھی اب اسے رشک سا آیا تھا۔

وہ اس کے ہونٹوں کو قید کرتے نرمی سے اس کی سانسوں کو پینے لگا وہ اتنا تو کر سکتا تھا۔۔

یہاں وہ عائلہ کو اتنا مار جن دے رہا تھا وہاں تھوڑا بہت کمپرومائز تو عائلہ کو بھی کرنا ہی تھا وہ اس کے ہونٹوں کو چوستے اس کے لمس کی گہرائیوں میں کھوتے چلا گیا تھا۔

••••••

مایا کے روم کے دروازے پہ دستک ہوئی تو اس نے چونک کر دروازے کو دیکھا اس وقت کون آ گیا وہ گھر پہ اکیلی تھی پیکنگ وغیرہ اس کی ساری مکمل تھی بس کل اس کا جانا تھا وہ روم سے نکلی ہی نہیں تھی مام کسی پارٹی میں جا چکی تھیں وہ اکیلی تھی گھر پہ۔

پھر اس ٹائم کون آ گیا اس کو لگا مام ہو گی شاید جلدی واپس آ گئی ہوں تبھی وہ اٹھتے دروازے کے قریب آتے دروازہ کھول چکی تھی لیکِن سامنے آہل کو دیکھتے وہ حیران ہوئی اتنی رات کو آہل جہاں کیا کرنے آیا تھا۔

"آہل تم یہاں۔۔۔؟سب خیریت ہے۔۔۔؟"وہ اپنی حیرت پہ قابو نہیں پا سکی تھی۔

"کیوں میں یہاں نہیں آسکتا؟"اس نے مسکراتے استفسار کیا جبکہ اس کے لہجے کی شوخی پہ مایا مسکرا بھی نہیں سکی تھی وہ یرمان کی وجہ سے جتنی پریشان تھی مسکراتی تو وہ مسکراہٹ بھی پھیکی ہی لگتی۔

"اب میں نے آیسا بھی نہیں کہا ہے۔۔۔؟"وہ برا منا گئی۔

"میں نے تو یہی سمجھا مایا۔۔۔؟"اس کا موڈ خوشگوار تھا مایا کو محسوس ہوا وہ آخر خوش کس بات پہ تھا مایا اسے آندر بلانا بھی بھول گئی تھی۔

"آہل۔۔۔."مایا نے اس کی بات کا برا منایا تھا اور آہل مسکرانے لگا تھا۔

"خیریت ہے آج بڑا مسکرایا جارہا ہے؟" وہ پوچھنے لگی تو آہل کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔

"کیونکہ میں آج خوش ہوں۔۔۔!؛ اور اسی خوشی میں تمھیں اپنے ساتھ ڈنر کروانے کے لیے لیکر جانا چاہتا ہوں اگر تم ساتھ آؤ تو۔۔۔۔ ویسے باقی لوگ کدھر ہیں تم نظر نہیں آرہے ہیں۔۔۔" وہ جانتا تھا کہ مایا کی مام ہوتی تو اس وقت وہ مایا کے دروازے کے پاس نہیں بلکے باہر لاونج میں بیٹھا ہوتا پھپھو کی اس احتیاط کی وجہ وہ آچھے سے جانتا تھا لیکِن وہ بھی مجبور تھا بار بار آتا تھا مایا سے ملنے کے لیے اور آج تو اس کے پکی خبر تھی کہ مام پارٹی میں گئی ہیں اور ڈیڈ ویسے ہی گھر پہ نہیں ہوتے تھے اس کے پاس موقع تھا وہ مایا کے ساتھ ٹائم گزار سکتا تھا۔

"ڈنر پہ یار میرا موڈ نہیں ہو رہا ہے۔۔۔!؛" مایا کا موڈ واقعی میں اس وقتِ خراب تھا وہ کہیں بھی نہیں جانے والی تھی اب آہل چونکے خود آیا تھا تو وہ کیسے اس کو انکار کرتی بہت اکورڈ لگتا تھا۔

"یار موڈ نہیں ہے تو بن جائے گا تم ڈریس چینج کرو میں نے ہاٹل میں بوکنگ کروادی ہے اب نہیں جاؤں گا تو کتنا امپریشن پڑے گا میرے تمھیں آنا ہی ہو گا ورنہ میں کہیں نہیں جانے والا ہوں۔۔۔" وہ آندر آگیا تھا مایا پھر بھی انکار ہی کر رہی تھی آہل کے ساتھ جانے سے مام کو اس کا آہل سے بات کرنا پسند نہیں تھا آگر وہ آہل کے ساتھ ڈنر کا سن لیتی تو اس کو ڈانٹتی لیکِن مایا کو بھی اس وقت کسی دوست کی ضرورت تھی دل و دماغ میں تویرمان ملک کا خیال چل رہا تھا وہ اس لڑکی کے ساتھ تھا استنبول اور یہاں مایا انگاروں پہ جل رہی تھی۔

••••••

"یار آہل مُیرا بالکل بھی دل نہیں چاہاہے کہیں جانے کا مام بھی گھر پہ نہیں ہیں میں نہیں جاسکتی سوری تمھارا دل توڑتے مُجھے برا تو لگ رہاہے لیکِن نہیں جاپاؤں گی پھر کبھی کریں گے ساتھ ڈنرا بھی مُجھے اکیلے رہناہے۔۔۔!؛"مایا آہل کی طرف دیکھتے بولی پہلے ہی یرمان کی شادی کی وجہ سے وہ پریشان تھی مام بھی پریشان تھیں اگر وہ چلی جاتی تو مام کو ہینڈل کرنا بہت مشکل ہوتا اس کے لیے۔

"Why do you have to be alone, Maya? Look, I didn't want to talk about this topic, but your behavior has forced me to. Yerman is married and now you are worrying yourself about him...!;"

"کیوں اکیلے رہنا ہے مایا دیکھو میں اس ٹاپک پہ بات نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن تُمھارے رویے نے مجبور کر دیا ہے یرمان کی شادی ہو چکی ہے اور اب تم اس کے لیے خود کو پریشان کر رہی ہو۔۔۔!؛" آہل نے پہلے تو خوُد پہ ضبط کر لیا کیونکہ اس کو یہی لگتا تھا کہ یرمان اور مایا کی بات چیت چلے گی لیکن اب یرمان کی شادی ہو چکی تھی اس کا چانس بن سکتا تھا۔

"پلیز آہل مجھے اس بارے میں بات نہیں کرنی ہے میں بہت اپ سٹ ہوں پلیز اس بارے میں بات نہیں کرو۔۔۔!؛" مایا پہلے ہی یرمان ملک کے حوالے سے کافی پریشان تھی اگر آہل مزید اس معاملے کو ڈسکس کرتا تو وہ پریشان ہو جاتی۔

"مایا میرے ساتھ جاؤ گی تو کچھ بہتر محسوس کرو گی ایسے تو تم ڈیپر سڈ رہو گی تم۔۔۔" وہ اس پل مایا کو غم بانٹنا چاہتا تھا مایا پریشان تھی اس وقت اسے

کسی کی ضرورت تھی جس سے وہ اپنا غم بیان کر پاتی۔۔۔۔مایا آہل کو دیکھتے ہونٹ بھینچ گئی تھی وہ نہیں جانا چاہتی تھی اس کا بس چلتا تو وہ بھاگ کر استنبول پہنچ جاتی یرمان ملک کے پاس۔

"نہیں آہل پلیز۔۔۔"وہ بیڈ کے کنارے بیٹھ گئی رات کافی زیادہ ہو چکی تھی وہ اکیلی رہنا چاہتی تھی اُسے کہیں نہیں جانا تھا اس پل دل درد سے پھٹ رہا تھا کہیں بھی سکون نہیں مل رہا تھا یرمان ملک کو عائلہ عباس کے ساتھ سوچتے ہی اس کی دھڑکنیں تھمنے لگ جاتی تھیں۔

"میری خاطر مایا آج میرے ساتھ چلو۔۔۔"وہ زبردستی اُسے قائل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"آہل کیوں ضد کر رہے ہو تم۔۔۔؟" مایا بے بس ہوئی تھی اس پل آہل کا مسلسل اسرار اس کو کمزور کر رہا تھا وہ پھر ہار مانتے اقرار کر گئی تھی آہل مسکرایا وہ چند ہی منٹوں میں تیار ہو گئی تو آہل اسے لیے گھر سے نکلا تھا دونوں نے متعلقہ ہوٹل کی طرف گاڑی موڑ لی۔۔۔

•••••

ضامن ایک طرف اکیلا بیٹھا تھا وہ لوگ گھومنے پھیرنے کے لیے صبح ناشتے کے بعد وہ لوگ نکلنے تھے ساری رات وہ باہر ہی رہا تھا دل چاہا کہ وہ روم میں جائے لیکن ابرش کی موجودگی کی وجہ سے وہ خوُد کو روم میں جانے کے لئے قائل کر سکا تھا۔

اوُر پھر صبحِ وہ روم میں پہنچا تو ابرش بیڈ پہ سو رہی تھی سیاہ نیٹ کے گاوُن میں ملبوس وہ اپنے حلیے سے بے خبر سو رہی تھی ضامن کے قدم جیسے زمین میں

جکڑے تھے وہ آگے نہیں بڑھ سکے تھے ابرش کے دودھیا وجودِ کی کشش اس کو اپنی طرف کھینچ رہی تھی وہ چاہا کر بھی خوُد کو روک نہیں سکا تھا۔

وہ ابرش پہ ایک کٹیلی نگاہ ڈالتے بیڈ کی طرف جانے کے بجائے باتھ روم میں چلا گیا ابرش کے جاگنے سے پہلے وہ واپس جانا چاہتا تھا اس وقت وہ ابرش سے بحث نہیں کرنا چاہتا تھا۔

فریش ہوتے شاور لیکر وہ واپس آیا تو ابرش سو رہی تھی لیکن اس کے قریب جانے پہ ضامن کو اندازہ ہوا جیسے وہ روتے روتے سوئی ہے کیونکہ اس کے رخساروں پہ آنسوؤں کے مٹے مٹے نشان تھے۔

وہ یقیناً روم میں آنے کے بعد روتی رہی ضامن کو اس کے آنسو بھی نہیں پگھلا سکے تھے ابرش نے جو کیا وہ بھولنے کے قابل تھا۔

"مس ملک آپ کا ایکٹ میں مر کر بھی نہیں بھول سکتا ہوں آپکی وجہ سے عائلہ سے روٹھا ہوں اپنی گڑیا سے صرف آپ کی وجہ سے۔۔۔۔!؛" وہ اس کی خوبصورت صورت دیکھتے نفرت بھرے لہجے میں بولتا کمرے سے نکل گیا تھا۔

وہ الگ بیٹھا تھا سٹوڈنٹس کافی جگہوں کو وازٹ کر رہے تھے اوُر اپنی پسند کی چیزوں میں دلچسپی لے رہے تھے لیکن ضامن کا دل جیسے ہر چیز سے اکتا چکا تھا بس میں ہوتا تو سب چھوڑ چھاڑ کر وآپس بھاگ جاتا کراچی۔

ابرش بظاہر تو عائشہ کے ساتھ کھڑی باتیں کر رہی تھی لیکن نظریں اس کی ضامن پہ تھیں وہ ضامن کو دیکھ رہی تھی جو لاپرواہی سے فون میں لگا ہوا تھا وہ فون میں اپنی اور عائلہ کی تصویریں دیکھ رہا تھا کتنے یادگارِ لمحاتِ تھے ان کے بابا کے ساتھ وہ دونوں کتنا انجوائے کرتے تھے لیکن وقت بدل چکا تھا۔

"سر آپ ایسے سب سے الگ کیوں بیٹھے ہیں۔۔۔؟"سٹوڈنٹس کو ایک ساتھ دیکھتے میم انعم ضامن کے پاس چلی آئی اور ابرش کی آنکھوں میں چنگاریاں سی ابھرنے لگی تھیں کیسے برداشت کرتی وہ یہ منظر رات کی میم انعم کی باتیں اس کے زہن کے پردے میں ابھری تھیں وہ کیسے سر ضامن کو اس کے خلاف کر رہی تھیں پھر کیوں چلی آئی وہ سر کے پاس اور سر کیا دیکھ کر مسکرا رہے تھے آخر اپنے فون میں۔

"ابرش کل جو ہوا پلیز وہ سب آج نہیں ہونا چاہیے۔۔۔!؛"ابرش کچھ کرتی کہ عائشہ روہانسی ڈی بولی تھی ان کے درمیان کل جو ہؤا اس کے بعد وہ ابرش کو مزید آیسا کچھ کرنے سے روکنے والی تھی۔

"عائشہ تم جانتی ہو مُجھے برداشت نہیں ہوتا سر کسی اور سے بات کریں تم نہیں سمجھ سکتی ہو میری فیلنگز۔۔۔!؛"وہ ضبط سے بولی تھی اور عائشہ نے ابرش کے چہرے پہ گھلتی سرخیاں دیکھی تھی۔

"ریلیکس اب وہ تمھارے پابند تو نہیں ہوسکتے ہیں کہ تمھارے علاوہ کسی اور سے بات بھی نہ کریں اور ابرش مت بھولو کہ جو ہوا اُس میں تمھاری غلطی تھی اور سر کا یہ ری ایکشن نیچرل ہے یار۔۔۔"عائشہ نے ابرش کو نرمی سے سمجھانا چاہا لیکن ابرش کے پلے کوئی بات پڑتی پھر کیا ہی بات تھی۔

"انہیں جو کہنا ہے مجھ سے کہیں میں سنوں گی لیکن وہ کسی اور سے بات کریں مُجھے گوارہ نہیں کیسے رات روم میں ہی نہیں آئے اور اب میم انعم سے بات کر رہے ہیں وہ۔۔۔!؛"ابرش سے یہ منظر برداشت ہی تو نہیں ہو رہا تھا کہ ضامن اس کو چھوڑ کر کسی اور سے بات کر ہی کیوں رہا تھا۔۔

"یہ اب کچھ زیادہ ہو رہا ہے ابرش۔۔۔۔!؛ آیسے تو تم سر کی توجہ نہیں پا سکوں گی یونو واٹ جب ہم کسی چیز کو خوُد سے باندھنے کی کوشش کرتے ہیں وہ چیز ہم سے چھین جاتی ہے ابرش تم سر کو تھوڑا ٹائم دوں وقت رہتے سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔" عائشہ یرمان اوُر عائلہ کی شادی کی وجہ سے پریشان تھی دکھی بہت زیادہ تھی لیکِن وہ کوئی بچی نہیں تھی جو اس حقیقت کو تسلیم کرنے سے انکار کرتی یہی سچ تھا اوُر وہ تو کافی عرصہ پہلے ہی اس سچائی کو تسلیم کر چکی تھی کہ وہ جس کے پیچھے بھاگ رہی تھی وہ محض ایک سیراب ہے اوُر کچھ نہیں یرمان اور عائلہ کا نکاح اور شادی نہیں ہوتی تو پھر بھی یرمان ملک اس کا تو نہیں ہو سکتا تھا یہ سچ تھا اور اس سچ سے وہ کب تک بھاگتی۔

"میں وقت نہیں دے سکتی ہوں عائشہ لوگوں کو وقت دینے کا مطلب اُنہیں خود سے الگ کرنا اوُر جو ایک بار میرا ہو جائے وہ پھر میں اسے کیسے وقت

دوں عائشہ۔۔۔"ضامن اور انعم اب آپس میں بات کر رہے تھے اور ضامن کی وجہ سے اس کو بہت غصہ آ رہا تھا جو صبح سے بلکے کل سے ابرش کو ایسے اگنور کر رہا تھا روم میں تو آیا ہی نہیں۔

Abrish, your logic is different, what can I explain "
to you, but control your emotions. What happened
in the van yesterday made me feel quite scared,
"!...and Abrish, I think he is right

"ابرش تمھاری لاجک الگ ہے یار میں تمھیں کیا سمجھاؤں لیکِن اپنے ایموشنلز پہ کنڑول کیا کرو جو کل وین میں ہوا سر اس کی وجہ سے کافی خائف ہو رہے تھے اور ابرش مجھے لگتا ہے وہ ٹھیک ہیں۔۔۔!؛"عائشہ کے ہونٹوں سے کل والے واقعے کے بارے میں یہ نکل چکا تھا.

"واٹ سر نے تم سے بات کی؟" ابرش کا لہجہ تفتیشی سا تھا عائشہ گھبرا گئی تھی اور نفی میں سر ہلانے لگی تھی لیکِن ابرش جان گئی تھی کہ کل سر جو عائشہ سے بات کر رہے تھے وہ اسی بارے میں تھی اور وہ اس بارے میں جاننا چاہتی تھی۔

"نہیں تو آیسے ہی مجھے فیل ہوا جو انہوں نے فزا کی سائیڈ لی اور پھر دوبار سیٹ بدلی اس کی وجہ سے تو آیسا ہی محسوس ہوتا ہے ابرش۔۔۔" وہ بات بدل گئی تھی ابرش نے زہن پہ زور دیا تھا اس کو تو کل والے واقعے کی وجہ سے کچھ آیسا ویسا محسوس نہیں ہوا تھا کہ اس نے کچھ غلط کیا تھا۔

"وہ چشمش تو مُجھے اب کافی پریشان کر رہی ہے اسے اپنی پوزیشن کا اچھے سے اندازہ ہے لیکن پھر بھی وہ یہ سب کرتی ہے اور جانتی ہے کہ ابرش ملک کا

مقابلہ نہیں کر سکتی ہے وہ۔۔۔"ابرش فزا پہ نظریں گاڑے بولی جو آپنا چشمہ بار بار ناک پہ ٹھیک کر رہی تھی جو اس کی ناک سے پھسل رہا تھا۔

"جانے دو کیا ہو گیا ہے کیوں اس لڑکی کو اپنے ساتھ پر سوار کر رہی ہوں تم بالکل ٹھیک کہہ رہی ہو یہ لڑکی اس قابلِ نہیں ہے کہ تم سے مقابلہ کر سکے اور مجھے لگتا ہے کہ تم اس کو کچھ زیادہ ہی سوچ رہی ہو ایسا کچھ ہے نہیں میں نے نوٹ کیا ہے سر اور اس کا رشتہ بس ٹیچر سٹوڈنٹ کا ہی ہے اگے اس سے بڑھ کر اور کچھ نہیں ہے بس تم ہی کچھ زیادہ سوچ رہی ہو۔۔۔۔۔۔"عائشہ نے اس کو تسلی دی.

His only relationship with his boss can be that of a teacher-student. If it goes beyond that, it won't be

good for him at all. The sooner he understands this, the better for him"

اس کا اوَر سر کا رشتہ بس ٹیچر سٹوڈنٹ کا ہی رشتہ ہو سکتا ہے " ۔۔۔۔اس سے اگے بڑھا تو یہ اس کے لیے بالکل بھی اچھا نہیں ہو گا ۔۔۔۔یہ بات وہ جتنی جلدی سمجھ جائے اس کے لیے اتنا ہی اچھا ہے۔۔۔۔ "ابرش غصے سے بولی تھی لیکن نظریں اس کی انعم اور ضامن پر تھی جو دونوں ابھی تک ایک دوسرے سے بات کر رہے تھے نہ جانے ایسی کون سی باتیں تھیں ان کی جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھیں ۔

اب ابرش کی برداشت جواب دے رہی تھی اس کا دل چاہ رہا تھا وہ جائے اور ضامن سے کہہ دے آپ میرے علاوَہ کسی اور سے بات نہیں کر سکتے اور

شاید میم النعم بھی جان بوجھ کے سر ضامن سے بات کرتی تھی شاید اس کو جلن محسوس کروانے کے لیے جو بھی تھا لیکن ابرش یہ برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

کل جووین میں ہوا اور بھی رات جو میم النعم کی اس نے باتیں سنی اس کے بعد میم النعم اور سر ضامن کو وہ بھی اکیلا چھوڑ ہی نہیں سکتی تھی۔

"اپنا موڈ خراب کیوں کر رہی ہوں ابرش۔۔۔؟" عائشہ بھی ٹھیک سے انجوائے نہیں کر پا رہی تھی ابرش کی وجہ سے وہ باتیں ہی اتنی عجیب کر رہی تھی۔

"عائشہ لیو می ایلون۔۔۔" ابرش نے آپنے بالوں کو پیچھے کرتے کہا وہ تنہائی چاہتی تھی عائشہ بھی ابرش کی بات سنتے وہاں سے چلی گئی کیونکہ جب ابرش پہ اس کی کسی بات کا اثر نہیں ہو رہا تھا تو پھر ابرش سے بات کرنا فضول تھا وہ

کچھ سمجھ ہی نہیں رہی تھی بس اپنی ضد پہ قائم تھی جتنی وہ سر کے لئے پوز سیو ہو رہی تھی عائشہ کو کسی انہونی کا احساس ہوا سر ضامن ابرش کے حوالے سے کیا سوچتے تھے اگر یہ بات ابرش جان جاتی تو اس کو کتنا دکھ ہوتا عائشہ بس یہ سوچ رہی تھی۔۔۔

ابرش کی نظروں کو ضامن خود پہ محسوس کر رہا تھا ضامن کو امید تھی کہ ابرش ضرور اس سے رات میم انعم کی باتوں سے متعلق بات کرے گی کیونکہ میم انعم کی باتیں تھیں ہی ایسی۔

پر ابرش ملک کی طرف سے مکمل خاموشی تھی وہ اسے ہی دیکھ رہی تھی ضامن کا دل شائد تھوڑا سا نرم ہوتا لیکن عائلہ کی وجہ سے اس کے تنے اعصاب مذید تن گئے تھے عائلہ نجانے کیسی حالت میں ہو گی ضامن کو عائلہ

کی فکر ستائے جا رہی تھی وہ چاہا کر بھی عائلہ کی طرف سے لاتعلقی نہیں برت پا رہا تھا۔

"مس ملک کی نظریں آپ پہ ہیں۔۔۔!؛"میم انعم نے بھی یہ بات نوٹ کی تھی ضامن نے اپنی بیرڈ سہلائی ابرش کی نظریں وہ خوُد پہ محسوس کر رہا تھا۔

I think Miss Malik has a problem with me talking " to you. She probably doesn't want me to talk to you. What kind of psycho is Professor Zamin? She insulted your honor in the first meeting, and now she probably wants you to forget everything and ".be normal with her

"مجھے لگتا ہے کہ مس ملک کو مسلہ میرا آپ سے بات کرنا سے ہے وہ شاید چاہتی نہیں ہیں کہ میں آپ سے بات کروں پروفیسر ضامن کیسی سائیکو لڑکی ہے یہ پہلے بھرے مجمعے اس نے آپ کی عزت کی بھجیاں آڑادی اور اب وہ شاید یہ چاہتی ہیں کہ آپ سب کچھ بھول بھال کر ان کے ساتھ نارمل ہو جائیں۔۔۔!؛"میم انعم ایک بار پھر سے شروع ہو گئی تھیں ضامن کو ان سب میں کوئی انٹرسٹ نہیں تھا۔

ضامن فزا سے بھی بات کرتا تھا تو ابرش کو اس بات سے بھی مسلہ ہوتا تھا ابرش کا بس چلتا تو وہ ضامن پہ بس خود کا قبضہ جما لیتی بس۔

Mem Anam, please, I told you before that I have "

no interest in all these things and don't want to talk

about them, but perhaps you are deliberately

"...repeating all these things over and over again

"میم انعم پلیز میں نے آپ سے پہلے بھی کہا تھا کہ مجھے ان سب باتوں میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے ان کے بارے میں بات نہیں کرنی ہے لیکِن آپ شاید جان بوجھ کر یہ ساری باتیں بار بار دہرا دیتی ہیں۔۔۔!؛"ضامن تنگ پڑا تھا ایک طرف ابرش تھی جس کی وجہ سے وہ حد سے زیادہ ڈیپرسڈ تھا اور باقی کی کسر میم انعم پوری کر رہی تھیں ہر بار ابرش کے بارے میں کچھ الٹا سیدھا بول کر۔

Sorry, Professor Zamin. If you want to close this "

".topic, then tell me something about yourself

"سوری پروفیسر ضامن آپ یہ ٹاپک کلوز کرنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے آپ کچھ اپنے بارے میں بتائیں۔۔۔؟" وہ تھوڑا پرسنل ہوئی تھیں ضامن نے ایک نظر ابرش پہ ڈالی جو کہ ریڈ کلر کے لانگ کوٹ میں ہاتھوں میں دستانے پہنے اپنے چہرے پہ ہاتھ رکھے اسے دیکھ رہی تھی وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی خیر خوبصورت تو وہ بہت زیادہ تھی۔

"میم انعم آئی تھنگ آپ کو فی میل سٹاف کو جوائن کرنا چاہیے۔۔۔؟" وہ کب کسی سے پرسنل ہوا تھا جو انعم سے ہوتا جب کہ انعم ضامن کے جواب پہ لب بھینچ گئی اتنی کوششوں کے باوجود ضامن کو وہ اپنی طرف مائل نہیں کر پا رہی تھی الٹا ضامن پہلے سے زیادہ خشک مزاج ہوتا جا رہا تھا۔

Do you feel bad about me sitting next to you? "

Professor Zamin, you're trying to send me away, or

are you worried that your wife might feel bad about this?"

"کیا میں آپ کے پاس بیٹھی آپ کو بری لگ رہی ہوں؟ پروفیسر ضامن جو آپ مجھے یہاں سے بھیجنا چاہا رہے ہیں یا پھر آپ کو اس بات کی فکر ہے کہ آپ کی مسز کو کہیں یہ بات بری نہ لگ جائے۔۔۔؟" میم انعم تھوڑی تلخی سے بولی تھیں۔۔

Meem Anam, I have already told you that I have " nothing to say about Miss Malik, so what is the purpose of this useless and stupid question?"

"میم انعم آپ سے پہلے ہی کہہ چکا ہوں مس ملک سے متعلق مجھے کوئی بات نہیں کرنی ہے تو پھر اس فضول اور سٹوپڈ سوال کا مقصد۔۔۔؟!" ضامن اور

اس کو ابرش کی فکر ہو یہ ناممکن تھا اس کو کیونکر ہونے والی تھی ابرش ملک کی فکر۔۔

Professor Zamin just asked you a normal "
question. You don't speak properly, so I thought
the reason behind your behavior might be that you
have a reason to be angry۔۔۔۔۔۔"

"پروفیسر ضامن نے بس نارملی آپ سے پوچھا ہے آپ ٹھیک سے بات نہیں کرتے ہیں تو مجھے لگا کہ ہو سکتا ہے آپ کے رویئے کے پیچھے یہ وجہ ہو کہ آپ کو ابرش کی وجہ۔۔۔"

Miss Anam, you keep bringing up Abrish in the "
middle and I don't want to talk about Abrish. Go
"...away from here

"مس انعم آپ بار بار درمیان میں ابرش کو لا رہی ہیں اور مُجھے ابرش کے بارے میں ہی بات نہیں کرنی ہے آپ یہاں سے جائیں۔۔۔!؛"وہ واپس اپنے سیل فون میں لگ گیا تو انعم مذید وہاں رکتی تو بھی کوئی فایدہ نہیں ہوتا کیونکہ ضامن کا انداز واضح اور دوٹوک تھا کہ وہ اس بارے میں کوئی بات نہیں کرنا چاہتا ہے شاید انعم کی ہی غلطی تھی کہ وہ اس بارے میں بات کر رہی تھی جو ضامن کو پسند نہیں تھا لیکِن انہوں نے تو ضامن سے پرسنل سوَال بھی پوچھا جس کا ضامن نے ان کو کوئی جواب نہیں دیا۔۔۔۔۔۔

This boy is very stubborn and stubborn. I won't "
be able to control him so easily. I will have to do
something. This girl, Abrish, is very cunning. I
".will have to do something

"بہت کھڑوس اوَر اکڑو ہے یہ لڑکا۔۔۔۔اتنی آسانی سے میرے قابو میں نہیں آئے گا کچھ آور ہی کرنا ہو گا یہ لڑکی ابرش بہت چالاک ہے کچھ کرنا ہو گا مُجھے۔۔۔!؛"وہ ابرش پہ ایک نظر ڈالے آگے بڑھ گئی لیکن ابرش کی نظروں نے دور تک انعم کا پیچھا کیا تھا۔

وہ ضامن کی طرف بڑھتی کے فزا ضامن کے پاس اکرر کی تھی۔اب یہ ضامن کے پاس کیا کر رہی تھی۔ایک تو ابرش جتنی کوشش کرتی تھی کہ ضامن کے پاس کوئی بھی نہ جائے اتنی ہی لڑکیاں ضامن کے اس پاس بھٹکتی

تھی اس نے محسوس کیا تھا کہ یونیورسٹی کے کافی زیادہ لڑکیوں کی نظر ضامن عباس پہ تھیں۔

وہ بہت سی لڑکیوں کا کرش تھا وہ تھا ہی اتنا خوبصورت ابرش بھی تو دل دے بیٹھی تھی اس کو۔۔۔دل کرتا تھا ہر وقت اسے ہی سوچتی رہے اب فزا کا ضامن کی طرف بڑھنا اس کو مزید طیش دلا گیا اور وہ اپنے قدم ضامن کی طرف بڑھنے سے نہیں روک سکی تھی۔

"سر ضامن کیا مجھے دو منٹ کے لیے اپنا فون دے سکتے ہیں مجھے فون کرنا ہے اور میرا فون چارج نہیں ہے سر میں میں چارج لانا بھول گئی تھی گھر ہی رہ گیا۔۔۔!؛" فزا ضامن سے اس کا سیل فون مانگ رہی تھی۔

شاید اس کو اپنے گھر کال کرنی تھی۔

"چارجر کیوں نہیں لائی آپ یہ تو پریشانی کی بات ہے ہم پورا ہفتہ یہاں رہنے والے ہیں اپ کیسے کریں گے پھر چارج۔۔۔۔"ضامن کو پریشانی نے ان گھیرا۔

"سر ابھی بس فیملی میں ہی بات کرنی ہے اور تو کسی سے بات کرنی نہیں ہوتی ہے تو نکل جائے گا یہ ایک ویک کچھ نہ کچھ ہو جائے گا کسی لڑکی سے چارج لے لوں گی ابھی تو بالکل بیٹری ڈیڈ ہے فون کی۔۔۔۔!؛"وہ آہستگی سے بولی تو ضامن نے اُسے اپنا سیل فون دے دیا کیوں اوَر مانگتا تو شاید وہ نہیں دیتا لیکن یہاں کوئی اوَر نہیں بلکے فزا تھی اس کی فیورٹ سٹوڈنٹ۔

"?What are you doing here"

"تم یہاں کیا کر رہی ہو!" ابرش تن فن کرتے فزا کے قریب آئی تھی ضامن کی موجودگی کا لحاظ کیے بغیر اس نے فزا کے بازو کو اپنی گرفت میں دبوچا کہ فزا کے ہونٹوں سے ایک چیخ نکلی تھی۔

" Miss Malik, leave this girl alone! Are you crazy?"

"مس ملک چھوڑیں ان کو!؛ آپ پاگل ہیں۔۔۔؟" ضامن کو ابرش کے کل وین والے رویئے پہ شاید تاؤ آیا ہوا تھا مزید ابرش کا فزا کے ساتھ یہ حرکت کرنا اس کو مذید غصہ دلا گیا تھا۔

"...That's why you're calling me crazy"

"اس کے لیے آپ مجھے پاگل کہہ رہے ہیں۔۔۔؟" ابرش نے پہلے فزا اور پھر خوُد کی طرف اِشارہ کیا ضامن نے مٹھیاں بھینچ لی تھی یعنی جس طرح کل وین میں تماشا ہوا ایک بار پھر سے ہونے والا تھا وہی سب کچھ دوبارہ۔

".....Behave yourself, Miss Malik"

"بیہویور سیلف مس ملک۔۔۔" ضامن نے ابرش کو بازوؤں سے تھامے اپنی طرف کھینچا تھا فزا پہ ابرش کی گرفت کمزور ہوئی تو وہ پیچھے ہو گئی اوُر اسی وقت ضامن نے ابرش کو چھوڑ دیا شاید وہ اسی وجہ سے ابرش کو اپنی طرف کھینچ رہا تھا کہ وہ فضا کو چھوڑ دے ابرش کا یہ رویہ ضامن کو بالکل بھی پسند نہیں آ رہا تھا۔

"ابرش ملک یہ سب کر کے کیا ثابت کرنا چاہ رہی تھی۔۔۔۔" ایک طرف تورات جو ہوا اس کے بعد ضامن میم النعم سے بھی اچھا خاصا شرمندہ تھا وہ تو

اچھا ہوا کہ ابرش انعم کے سامنے نہیں گئی ورنہ کچھ بھی ہو سکتا تھا اب ابرش کی جذباتی طبیعت سے وہ اچھے سے واقف تھا۔

" You are raining on me for this girl. What do you think she is?"

"آپ اس لڑکی کے لیے مجھ پر برس رہیں ہیں یہ لگتی کیا ہیں آپ کی۔۔۔؟" وہ تو جگہ کا لحاظ بھول چکی تھی وہ بھول چکی تھی کہ وہ لوگ اس وقت ایک پبلک پلیس پر کھڑے تھے جہاں ان لوگوں کے ساتھ اور بھی کافی سارے سٹوڈنٹس تھے۔

" Miss Malik, you are probably forgetting that you and this person are my students too, and for me, all students are equal. So whether it is you, Miss Fiza,

Miss Ayesha or anyone else, why don't you understand this? Why do you start creating drama everywhere? If I am silent, it doesn't mean that you will keep saying whatever comes to your ....mind"

"مس ملک آپ شاید بھول رہی ہیں آپ بھی اور آپ کے ساتھ یہ بھی میری سٹوڈنٹ ہے اور میرے لیے تمام سٹوڈنٹس ایکول ہیں پھر چاہے وہ آپ ہو یا پھر مس فزا ہوں مس عائشہ ہوں یا پھر کوئی اور آپ کو یہ بات سمجھ میں کیوں نہیں اتی ہے۔۔۔؟ کیوں آپ ہر جگہ تماشا کریٹ کرنا شروع کر دیتی ہیں اگر میں چپ ہوں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اپکے مین میں جو

ائے گا وہی بولتی رہیں گی۔۔۔۔!؛"ضامن کا غصہ بھی کافی حد تک بڑھ گیا تھا ابرش کا رویہ اب اس کے لیے برداشت کرنا بہت مشکل ہو رہا تھا۔

"پروفیسر ضامن کیا ہوا آپ اتنے غصے میں کیوں لگ رہے ہیں۔۔۔۔!؛"باقی سٹاف ممبرز جو کہ سٹوڈنٹس کے ساتھ تھے ضامن کی اونچی اواز سن کر وہ لوگ بھی جہاں چلے آئے تھے اور یہاں ابرش فزا اور ضامن کو دیکھتے ان کو کسی گربڑ کا احساس ہوا تھا یقینا کوئی پرابلم ہو گئی تھی جس کی وجہ سے ضامن اتنا چلا رہا تھا۔۔۔۔۔

"کچھ نہیں ہوا سر بس ایسے ہی آپ لوگ جاری رکھیں...."ضامن نے اپنی بیرڈ سہلاتے خود کو نارمل کرنا چاہا لیکن ابرش کے ہوتے نارمل ہو جائے یہ بھلا کیسے ممکن تھا ابرش ہر وقت اس کا میٹر گھمائے رکھتی تھی۔

"مس فزا آپ کال کر لیں وہاں جا کر۔۔۔۔" اس نے فزا کو منظر سے ہٹایا جبکہ فزا کے ہاتھ میں ضامن کا موبائل دیکھ کر ابرش مزید غصے میں آئی تھی

۔

کیا فزا سر ضامن کا فون لے کر جا رہی تھی وہ فزا کے پیچھے جانے لگی کہ ضامن نے اس کو روک دیا۔

"مس ابرش آپ کہاں جا رہی ہیں۔۔۔۔؟" اس نے پہلی بار مس ملک کے بجائے مس ابرش کا نام لیا تھا ابرش پیچھے پلٹی تھی اور اس کو دیکھنے لگی جبکہ باقی سٹاف ممبرز اب جا چکا تھا۔

"آپ نے فزا کو اپنا سیل فون دیا ہے۔۔۔۔" ابرش نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔

"اپ کو اس سے مطلب۔۔۔۔"ضامن کو ابرش کا سوال شاید پسند نہیں آیا تھا وہ فزا کو فون دیتا یا کسی اور کو ابرش کون ہوتی تھی سوال کرنے والی۔۔۔ وہ جو مرضی کرتا وہ کون ہوتی تھی اس کو کچھ کہنے والی۔

"اس لڑکی کو اگر کال کرنی تھی تو وہ کسی اور سے بھی کہہ سکتی تھی آپ کے پاس ہی کیوں آئی تھی۔۔۔۔۔"ابرش بے یقینی سے بول رہی تھی اس کو یقین نہیں ارہا تھا کہ ضامن نے فزا کو اپنا فون دیا ہے۔

"مس ملک وہ میری سٹوڈنٹ ہیں فیورٹ سٹوڈنٹ وہ میرے پاس آسکتی ہیں ان کو کوئی چھوٹی موٹی پرابلم ہو گی وہ مجھ سے شیئر کر سکتی ہیں آپ کو اس بات کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ میرے پاس کیوں آئی ہوئی تھیں وہ مجھ سے سیل انہوں نے کیوں مانگا۔۔۔؟"ابرش کی انکھوں میں دیکھتے کہہ رہا تھا۔

"آپ کے ساتھ مسئلہ کیا ہے سر مجھ سے آپ نے کبھی سیدھی منہ بات نہیں کی ہے اور باقی سٹوڈنٹس کے ساتھ آپ کا رویہ۔۔۔۔"

"کیا سمجھ نہیں آتی مس ملک۔۔۔۔"

"انجان کیوں بن رہی ہیں آپ بھول چکی ہیں جو ہو چکا ہے میں نہیں بول سکتا پلیز ان باتوں کو دہرانے کا کوئی فائدہ نہیں لیکن آپ ایک بات ذہن میں رکھ لیں میرا رویہ باقی سٹوڈنٹس کے ساتھ جیسا مرضی ہو لیکن آپ کے ساتھ میرا رویہ یہی ہے اور ہمیشہ رہے گا کبھی نہیں بدلے گا۔۔۔۔"ضامن کتنی بار تو سمجھا چکا تھا ابرش کو لیکن ابرش کی کے دماغ میں ضامن کی یہ بات اتی تو کیا ہی بات تھی۔

"میرے ساتھ آپ کا رویہ کیوں نہیں بدل سکتا ہاں میں مانتی ہوں جو ہوا وہ ٹھیک نہیں ہوا لیکن اپ کب تک اس کا روگ لگائے بیٹھیں گے اور اب تو

آپ کے بہن بھی اپنی زندگی میں خوش ہیں....."اس نے یرمان اور عائلہ کا حوالہ دیا۔

"مس ملک میں آپ سے پہلے بھی کہہ چکا ہوں مجھے عائلہ کے بارے میں کوئی بات نہیں کرنی پھر کیوں درمیان میں گھسیٹتی ہیں اپ عائلہ کو جا سکتی ہیں یہاں سے۔۔۔۔!؛"عائلہ کے بارے میں وہ کم سے کم ابرش سے تو کوئی بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔

ابرش کو سمجھ نہیں آیا وہ ضامن کی بات کا کیا جواب دی وہ پاؤں پٹکتے پیچھے چلی گئی تھی۔

اس نے اپنا سیل فون نکالا تو اس کے فون پر کسی کی میسجز آئے ہوئے تھے۔

"مس ملک ہم آپ کے کام آسکتے ہیں اپ کو ضامن چاہیے اور ضامن عباس کے بارے میں ساری انفارمیشن ہمارے پاس موجود ہے۔۔۔۔"وہ جانے کون تھا وہ شخص جس نے اس کو واٹس ایپ پہ میسج کیا ہوا تھا ضامن کی کافی ساری تصویریں بھی بھیجی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔

اور ساتھ ایڈریس منیشن تھا جو یہاں سے تقریبا پانچ منٹ کے فاصلے پر تھا ابرش سوچ میں پڑ گئی کہ کیا وہ وہاں جائے یا نہیں جائے وہ خود کو روک نہیں پا رہی تھی کیونکہ یہاں معاملہ ضامن کا تھا ضامن کے بارے میں ضامن کے ماضی کے بارے میں وہ سب کچھ جاننا چاہتی تھی۔

اسے جانا تھا لیکن کیسے وہ کسی کو بتا بھی نہیں سکتی تھی نہ جانے یہ شخص کون تھا اور اگر کوئی پرابلم ہو گئی تو اس نے اپنے ماتھے پر ہاتھ مارتے ہوئے سوچا تین چار منٹ تو اس کے سوچنے میں گزر گئے۔

خیال پھر بھی فزا کی طرف ہی جا رہا تھا ضامن کے بارے میں اگر وہ ایک بار سب جان لیتی تو ممکن تھا کہ وہ ضامن کی زندگی میں اپنے قدم اور مضبوطی سے جما لیتی اس نے گہرا سانس بھرتے ایڈریس کو ایک بار پھر سے دیکھا تھا اور پھر گوگل میپ سے اس نے وہ ایڈریس نکالتے اپنے قدم اس فارم ہاؤس کی طرف بڑھائے تھے۔

جس کا پتہ اس کو واٹس ایپ میسج پر دیا گیا تھا وہ نہیں جانتی تھی کہ اگے کیا ہونے والا ہے لیکن وہ بنا سوچے سمجھے یہ قدم اٹھا چکی تھی لیکن یہ قدم اس کا اس کو کتنی تباہی کی طرف لے کر جانے والا تھا اس بات کا اندازہ عرش ملک کو بالکل بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔

•••••

عائلہ کی انکھ صبح صبح فجر کی اذان کے وقت ہی کھل گئ تھی وہ چونکہ ایروپلین میں بھی سوتی رہی تھی اور پھر رات سے بھی سو رہی تھی نیند اب پوری ہو چکی تھی اس سے پہلے کہ وہ کروٹ بدلتی اس نے اپنے ساتھ سوئے یرمان ملک کو دیکھا جس کے حصار میں وہ پوری طرح سے قید تھی۔

وہ اس سے اپنے مضبوط بازوں میں قید کیے سو رہا تھا عائلہ نے بدک کر پیچھے ہونا چاہا۔

اس کو یاد تھا ڈنر کے بعد یرمان نے اس کو میڈیسن دی تھی اور پھر وہ کام کرنے لگ گیا عائلہ کو اس کے بعد کچھ پتہ نہیں تھا شاید اس کی میڈیسن بھی نیند کی گولی تھی اسے کھاتے ہی اس کو اتنی نیند اگئ تھی اور اب وہ انکھ کھولتے جو منظر دیکھ رہی تھی اس کے لیے یقین کرنا مشکل تھا وہ رات بھر کیا یرمان ملک کے ساتھ سوتی رہی۔

یہ خیال آیا تو اس کے ماتھے پر پسینے کے قطرے نمودار ہوئے تھے وہ یرمان ملک کے حصار سے نکلنے کی کوشش کرتی تو ممکن تھا کہ اس کی انکھ کھل جاتی اور وہ اس کو ایک بار پھر سے اپنے حصار میں جکڑ لیتا عائلہ یہ برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

اس کو اس کے حصار سے نکلنا تھا لیکن کچھ بھی کر کے یرمان ملک کو جگائے بغیر یرمان ملک شرٹ لیس تھا عائلہ کو مزید گھبراہٹ ہوئی یہ انسان کتنا بے باک تھا اس کا اندازہ اس کو کل ہو گیا تھا جب وہ اس کے اتنے قریب تھا کہ وہ ہر پردہ گرانے والا تھا عائلہ کو یقین تھا کہ اگر وہ بے ہوش نہ ہوتی تو یرمان اس سے اپنا حق ضرور لیتا یہ خیال اتے ہی اس کی سانس ایک بار پھر سے رکنے لگی تھی دل میں اٹھتا درد اب کچھ حد تک کم ہو چکا تھا۔

شاید میری سن کا اثر تھا کہ اب وہ بہت بیٹر فیل کر رہی تھی لیکن یرمان کے ساتھ ہوتے وہ کتنا ہی بیٹر فیل کر لیتی جانتی تھی کہ یرمان پل بھر میں اس کو پریشان کر سکتا تھا اپنی ایکٹ سے کتنی بے باکی سے اس کے لبوں کو چھوتا تھا عائلہ چاہا کر بھی کچھ نہیں کر پاتی تھی عائلہ نے بے ساختہ اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا جہاں اسے ابھی تک یرمان ملک کا سلگتا لمس محسوس ہو رہا تھا۔

کیا اس کے سونے کے بعد یرمان اس کے قریب آیا ایک پل کے لیے یہ خیال اس کے دل میں ایا تھا لیکن پھر اس نے اپنے خیال کی نفی کی کہ یہ انسان نیند کا فائدہ نہیں اٹھا سکتا اگر اسے عائلہ کے قریب آنا ہوتا تو وہ اجاتا عائلہ جانتی تھی کہ اور وہ اسے روک بھی نہیں سکتی تھی۔

سوتے ہوئے یرمان ملک بہت خوبصورت لگ رہا تھا وہ خوبصورت تھا ہینڈسم بھی تھا ابرش بھی خوبصورت تھی دونوں بہن بھائی بہت خوبصورت تھے

عائلہ جانتی تھی کیا یہ انسان اس کا مقدر تھا کیا اس انسان کے ساتھ اب اس کو اپنی ساری زندگی جینی تھی نہیں عائلہ نے نفی میں ساری سر ہلایا۔

اس کو اپنی لائف پارٹنر کے طور پر قبول نہیں تھا ہاں ہو گا وہ اچھا تھا یہ نہیں کہہ رہی تھی کہ وہ برا ہے اس کو اس کی زندگی میں شامل ہوئے دن ہی کتنے ہوئے تھے ہاں لیکن وہ یہ یقین سے کہہ سکتی تھی

کہ اگر اسے خود سے انتخاب کرنے کا موقع ملتا تو یہ یرمان ملک کا انتخاب کبھی نہیں کرتی وہ بھلے ہزار اچھا لیکن عائلہ کو اپنی لائف پارٹنر کے طور پر قبول نہیں تھا وہ کبھی یرمان ملک کا انتخاب نہیں کر سکتی تھی۔

وہ یرمان ملک کی خوبصورتی کے سہارے کیا ساری زندگی گزار دیتی نہیں اس کے لیے خوبصورتی سے زیادہ کردار اہمیت رکھتا تھا اور یرمان ملک کے اس کردار کا انسان تھا یہ وہ جانتی تھی جو انسان کسی غیر لڑکی کے قریب جا سکتا تھا

اس کا کردار پھر ایسا ہی ہو گا عائلہ نے یرمان ملک کے بازوں کو ہٹانے کی کوشش کی تو یرمان نے نیند میں کروٹ بدلی تھی اور اس کو ایک بار پھر سے خود میں قید کرتے ہو نیند میں چلا گیا۔

اور عائلہ کی سانسیں پل بھر کے لیے تھمی تھی یہ خیال آتے کہ یرمان کی آنکھ کھل چکی لیکن وہ اٹھا نہیں تھا اس نے بس نیند میں کروٹ بدلی تھی عائلہ نے ایک اور کوشش کرنی چاہیے لیکن ناکام رہی وہ جیسے نیند میں بھی اس پر اپنی گرفت کافی مضبوطی سے جمائے ہوئے تھا۔

یرمان ملک کو جیسے خطرہ تھا کہ اگر وہ اس کو چھوڑتا تو ممکن تھا کہ وہ اس کو ہمیشہ کے لیے چھوڑ کر چلے جاتے عائلہ بے بسی سے اس کے بھاری ہاتھوں کا حصار اپنے گرد محسوس کر رہی تھی۔

یہاں کھڑی رہتی تو کب تک اور یہاں ساری رات تو نہیں کھڑی رہ سکتی تھی وہ پاؤں کا درد تھا کہ شدت اختیار کرتا جا رہا تھا اس کے آنسو بھی اس کے رخساروں کو بھگوتے جا رہے تھے جن کو وہ بار بار صاف کر رہی تھی وہ ضامن سے محض تھوڑے سے فاصلے پہ کھڑی تھی لیکن اس پل یہ فاصلہ ختم کرنا بھی اس کے لیے بہت مشکل ہو رہا تھا۔

ابرش درخت سے ٹیک لگائے کھڑی تھی ایک تو اس کو سردی بہت زیادہ لگ رہی تھی کوٹ اتارنے کے بعد ورنہ اس کا کوٹ کافی گرم تھا۔

سردی کی شدت اسے محسوس نہیں ہو رہی تھی ہاں لیکن اس انسان کے گھٹیا ارادے جانتے اس کی حالتِ غیر ہو رہی تھی۔

"شششش آواز نہ آئے۔۔۔۔!؛" وہ جو بری طرح سے سوچو میں غرق تھی اپنے ہونٹوں پہ کسی کا بھاری ہاتھ اور اس کا غلیظ لمس محسوس کرتے اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں وہ تو اس انسان سے چھپنے کی کوشش کر رہی تھی لیکِن مقابل بھی شاید اس کے ارادے جان گیا تھا وہ اس تک پہنچا کیسے ابرش کو اس پل گھبراہٹ نے آن گھیرا تھا۔

پوری کوشش کی اس کے حصار سے نکلنے کی لیکن کوئی کامیابی نہیں ہوئی کیونکہ مقابل کے ہاتھ سختی سے اس کے ہونٹوں پہ جمے ہوئے تھے ابرش نے ہاتھوں کا استعمال کیا لیکن اس کی یہ کوشش بھی بیکار گئی۔۔۔۔۔۔

"کیا چاہتی ہو یہاں وہ سب کروں جو آندر نہیں کیا میں نے؟ خاموشی سے کھڑی رہو تم ابرش ملک۔۔۔" وہ بہت آہستہ آواز میں بات کر رہا تھا سرگوشی نما انداز میں ابرش بہت مشکل سے اس کی باتیں سن پا رہی تھی آگر وہ اس کے اتنے قریب نہ ہوتی شاید سن بھی نہیں پاتی کہ وہ کہہ کیا رہا ہے۔

"ن۔۔۔۔" ابرش اب بولنے کی کوشش کر رہی تھی ہاں یہ ہی آچھا تھا کہ سب لوگ ان کی طرف متوجہ ہوتے ورنہ اس انسان سے تو کسی اچھے پن کی امید ہرگز نہیں تھی ابرش کو ایک تو اتنا اندھیرہ اوپر سے اس انسان کی

قربت نے ابرش کے حواس سلب کر لیے تھے جیسے وہ بھرپور مزاحمت کر رہی تھی۔

"ان لوگوں کو دیکھتے بہت انرجی آگئی ہے۔۔۔؟" مقابل کا طنزیہ سرسراتہ لہجہ ابرش کی نیلی آنکھیں پل بھر کے لئے خوفزدہ ہوئی تھیں۔

اور پھر جب اس انسان نے اس کی گردن پہ اپنے ہاتھوں کا لمس چھوڑا تو ابرش مزید تڑپی تھی پر مقابل کو کہاں فرق پڑ رہا تھا ابرش کی مزاحمت کا اس پل تو اسے ان لوگوں کی فکر تھی جو ابرش کے غائب ہونے کے کچھ ہی گھنٹوں بعد یہاں آچکے تھے اگر اس کا زرا سا بھی احساس ہوتا کہ ابرش کے یہاں آنے کے بعد یہ لوگ اتنی جلدی ابرش کو ڈھونڈ لیں گے تو وہ ابرش کو کم سے کم اس فارم ہاوس میں بلانے کی غلطی تو کبھی نہیں کرتا۔

اس نے ابرش کو یہاں بلایا کیونکہ اسے لگا تھا کہ یہ جگہ نزدیکی ہے آگر وہ کوئی دور کی جگہ کا انتخاب کرتا تو ممکن تھا کہ ابرش آنے سے انکار کر دیتی ابرش ملک اوَر ملک خاندان سے متعلق اس نے ساری انفارمیشن نکالی ہوئی تھی اس نے ٹارگٹ ہی ابرش کو بنایا تھا چاہتا تو یرمان ملک پہ بھی اٹیک کروا سکتا تھا لیکِن جانتا تھا کہ قیوم ملک کو زیادہ تکلیف اس کی بیٹی کے تھرو پہنچ سکتی ہے جب پورے میڈیا پہ یہ خبر چلے گی تو قیوم ملک کی کیا عزت رہ جائے گی دُنیا کے سامنے۔

"اہہہہہ۔۔۔۔"ابرش کے ہاتھ پاؤں تیزی سے چل رہے تھے زبان بھی لیکن آواز کہیں حلق میں ہی دبنے لگی تھی کیونکہ مقابل کا ہاتھ سختی سے اس کے گرد حائل تھا اور ایک اس کے ہونٹوں پہ وہ چاہا کر بھی ضامن لوگوں کو آواز نہیں دے پا رہی تھی۔

ضامن آس پاس دیکھ رہا تھا لیکِن کہیں بھی کچھ نظر نہیں آ رہا تھا پہلے یہاں کسی موجودگی کا گمان تھا آوہ اب بھی اب نہیں رہا کیونکہ آس پاس کوئی تھا ہی نہیں وہ پریشانی سے ابرش کے بارے میں سوچ رہا تھا جسے وہ تنہا نہیں چھوڑنا چاہتا تھا۔

ایک پل کے لیے اس کو احساس ہوا کہ اگر وہ فزا کی بات سننے کے بعد ابرش کے پیچھے جاتا تو شاید ابرش ایسے غائب نہیں ہوتی۔

"پروفیسر ضامن ہمیں پولیس کو انوالو کر لینا چاہیے اب رات کافی زیادہ ہو چکی ہے مجھے تو بہت گھبراہٹ ہو رہی ہے اگر ابرش کو کچھ ہو گیا تو ہم قیوم ملک کو کیا جواب دیں گے۔۔۔۔!؛" ساتھی پروفیسر ضامن سے کہنے لگا ضامن نے نفی میں سر ہلایا۔

"نہیں ہم خود ہی ڈھونڈ لیں گے پولیس کو اطلاع بھی نہیں دینی ہے ہم نے۔۔۔"ضامن پولیس کو تو کسی صورت اس معاملے میں شاملِ نہیں کر سکتا تھا ابرش کی عزت کا سوال تھا اور پھر آگر یہ نیوز میڈیا پہ آجاتی تو اس کے بہت مسلہ بنانا تھا۔

"ہم کیسے ڈھونڈ لیں گے یہ اتنی بڑی بلڈنگ ہے مجھے تو کوئی فارم ہاؤس لگ رہا ہے اور اب رات کا اندھیرا ہ کیا ہم صبح ہونے کا ویٹ کریں گے مُجھے لگتا ہے ہمیں انفارم کر دینا چاہیے پولیس کو۔۔۔"وہ شاید یہی چاہتے تھے کہ پولیس آئے یہاں پہ۔

"نہیں ہر گز نہیں آپ لوگ جائیں یہاں سے میں ڈھونڈ لونگا مس ملک کو کافی دیر ہو گئی ہے اور باقی سٹوڈنٹس پریشان ہو رہے ہونگے۔۔۔"ضامن

نجانے ابرش کو یہاں چھوڑ کر واپس جانے کے لیے راضی نہیں تھا نہ ہی وہ پولیس کو شامل کر سکتا تھا اس معاملے میں اسے خود ہی جو کرنا تھا وہ کرنا تھا۔

"ہم آپ کو اکیلے چھوڑ کر کیسے جاسکتے ہیں پروفیسر؟ یہ معاملہ بہت گھمبیر ہے شاید آپ کی سوچ سے بھی زیادہ گھمبیر اگر مس ملک کو کچھ ہو گیا تو ہم قیوم ملک سے کیا کہیں گے اور اگر قیوم ملک کو ابرش ملک ہی گمشدگی سے متعلق معلوم ہو گیا تو پھر ہم کیا کریں گے آپ جانتے ہیں ناں وہ کتنے پوزسیو ہیں آپنی بیٹی کے لیے۔۔۔"ضامن کو یہاں چھوڑ کر جانے کے لیے تو کوئی بھی راضی نہیں ہو رہا تھا عائشہ نے یہاں وہاں دیکھنے کی کوشش کی کہ شاید کوئی کچھ نظر آجائے لیکن بے سود۔

"سر آپ کیوں انکار کر رہے ہیں پولیس کو انفارم کرنے سے؟ کیا پتہ کہ پولیس ابرش کو جلدی ڈھونڈ لے۔۔۔؟"عائشہ کو بھی پولیس کو بتانے والی

بات مناسب لگی تھی آچھا تھا کہ پولیس یہاں آتی اوٗر کیا پتہ کہ ابرش جلدی مل جاتی ان کو۔

"آپ لوگ صورتحال کی سنگینی اور ناز کی کو سمجھ نہیں رہے ہیں مُجھے سب پتہ ہے مُجھے کیا کرنا ہے آپ لوگ جائیں اور جہاں تک بات ہے قیوم ملک کو کچھ بتانے کی تو آپ لوگوں کو اُنہیں کچھ بتانے کی ضرورت نہیں ہے اوٗر بفرض کہ آپ میں سے کسی کو قیوم ملک کی کال آتی ہے تو آپ انہیں میرا نمبر دیجیے گا کہ وہ مجھ سے رابطہ کریں اوٗر ساتھ یہ بھی کہہ دیجیے گا کہ مس ملک میرے ساتھ ہیں اب آپ لوگ جائیں۔۔۔۔"ضامن کو نجانے جلدی کس بات کی تھی ان لوگوں کو یہاں سے بھیجنے کی وہ بار بار ان لوگوں کو یہاں سے بھیجنے کی بات کر رہا تھا۔

"سر آپ اکیلے کیسے میں آپ کے ساتھ۔۔۔۔!؛"عائشہ کو اس وقت یہاں سے واپس نہیں جانا تھا اس کو ابرش کو ڈھونڈنا تھا ضامن کے ساتھ مل کر پر ضامن اس کو واپس بھیجوا رہا تھا۔

"مس عائشہ یہ جگہ سیف اوَر سکیور نہیں ہے آپ کا یہاں رکنا خطرے سے خالی نہیں ہے آپ واپس جائیں سب کے ساتھ میں ہوں یہاں۔۔۔"وہ بحث میں واپس ضائع نہیں کر سکتا تھا ابرش کو جلد از جلد ڈھونڈنا تھا اس کو اوَر یہ تبھی پوسیبل ہو سکتا تھا جب وہ ان لوگوں کو بھیج کر ابرش کی تلاش کا کام شروع کرتا۔ تمام سٹاف اوَر عائشہ بار بار اسرار کر رہے تھے کہ وہ لوگ واپس نہیں جائیں گے لیکن ضامن نے ان لوگوں کو قائل کر لیا تھا وہ ان لوگوں کو واپس بھیجواتے خوَد آگے کی طرف بڑھا۔

اس کے سیل فون کی چارجنگ بہت کم رہ گئی تھی وہ لائٹ آف کرتا آہستہ آہستہ قدم اُٹھاتے آگے بڑھ رہا تھا وہ جب سب کے ساتھ موجود ابرش کے متعلق بات کر رہا تھا اس کو کسی نسوانی چیخ سنائی دی تھی وہ چیخ ابرش ملک کی تھی لیکن شاید وہ اکیلی نہیں تھی اس کے ساتھ کوئی اوٗر بھی تھا۔

ابرش کی آواز کے تعاقب میں دیکھتے بھی ضامن کو کچھ نظر نہیں آیا تھا وہ سب سے بات کر رہا تھا لیکن کان اس نے کھلے رکھے ہوئے تھے کہ کہیں سے بھی کوئی آواز اس کی سماعتوں سے ٹکرا جائے لیکن اس کے بعد اس کو اواز نہیں سنائی دی۔

ضامن کو اتنا تو یقین ہو گیا کہ ابرش یہیں ہے لیکن شاید مشکل میں ہے وہ اوٗر ضامن کو پھر یہی بہتر لگا کہ وہ سب کو بھیج دے اوٗر خود ابرش کی تلاش جاری رکھے۔

دوسری طرف ضامن کے قدموں کی چھاپ اس شخص اور ابرش کو بھی سنائی دے رہی تھی جیسے کوئی ان کی طرف آرہا ہو وہ مزید سختی سے ابرش کے ہونٹوں پہ اپنے ہاتھوں کا دباؤ بڑھا گیا تاکہ ابرش کی آواز کسی صورت یہاں اس طرف آتے انسان کی سماعتوں سے نہ ٹکرائے۔

ابرش اس کی گرفت سے ہاتھ چھڑواتے اسے ایک بار پھر سے دھکا دیتے پیچھے کی طرف بھاگی کہ درخت سے ٹکرائی ایک دل خراش چیخ اس کے ہونٹوں سے نکلی تھی کیونکہ اس کی پیشانی درخت سے ٹکرائی اور اچھی خاصی زخمی ہوگئی تھی ابرش کی پیشانی سے خون بہتے اس کے رخساروں پہ پھسل رہا تھا۔

پاؤں میں بھی الگ سے درد تھا اب ماتھے پہ بنے زخم سے درد کی ٹھیس اٹھتی پورے وجود میں سرایت کرتی محسوس ہو رہی تھی۔

وہ یہاں سے بھاگنے کی کوشش کر رہی تھی اس کو نہیں معلوم تھا کہ اس کے اور اس انسان کی طرف کون آ رہا تھا اس نے کافی دیر سے ضامن اور عائشہ لوگوں کی آوازیں سنی تھیں لیکن اس کے بعد اسے کسی کی آواز سنائی نہیں تھی اس کو لگا اور شاید وہ لوگ اس کی غیر موجودگی کو محسوس نہیں کرتے واپس چلے گئے تھے اگر یہاں ہوتے تو ضرور اس کو تلاش کرتے اس کو افسوس ہو رہا تھا کہ وہ لوگ کیوں واپس جا رہے تھے انہیں اسے تلاش کرنا چاہیے تھا۔

وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ یہاں ضامن تھا اور باقی لوگ واپس جا چکے تھے اس کو یہی لگ رہا تھا کہ ضامن کے ساتھ باقی سب بھی یہاں سے جا چکے تھے اس لیے وہ پریشانی سے اس انسان سے پیچھا چھڑوانے کی کوشش کر رہی تھی اب اس کو جو بھی کرنا تھا خود ہی کرنا تھا کیونکہ ضامن لوگ تو جا چکے تھے اور

کون تھا جہاں جو اس کی مدد کرتا یہاں تو اتنے کم لوگ تھے اور وہ ایک ملازم اس نے آتے ہوئے دیکھا تھا۔

اس کے بعد تو یہاں شاید کسی زی روح کو نہیں دیکھا تھا شاید اس بارے میں وہ جانتے ہی نہیں تھے۔۔۔۔ کہ یہاں کوئی اور بھی رہتا ہے وہ بھاگ بھی نہیں پا رہی تھی اسے چلنا بہت دشوار ہو رہا تھا کہ ان کے پاؤں میں لگے کانٹے سے درد تھا کہ خون بھی نکلا جا رہا تھا اوپر سے پیشانی سے بہتا خون اس کو اپنی انرجی لوز ہوتی دکھائی دے رہی تھی۔

اس کو لگ رہا تھا کہ وہ مزید چند قدم ہی چل پائے گی اور یہ اتنا بڑا فارم ہاؤس یہاں سے نکلنا اس کے لیے واقعی میں بہت مشکل ثابت ہو رہا تھا اور وہ انسان جو اس پر اپنے گرفت سختی سے جمائے ہوئے تھا ابرش دھکا دینے پر وہ پیچھے کو لڑکھڑایا تھا۔ ابرش نے اسی بات کا فائدہ اٹھاتے اس کو دھکیل دیا تھا

یہاں سے بھاگنے کی ایک بار پھر سے کوشش کرنے لگی تھی وہ انسان ابرش کے پیچھے بھاگتا کے ضامن اس طرف اگیا تھا لیکن تب تک ابرش بہت اگے جاچکی تھی وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ وہاں کون تھا یہ اس انسان کو پکڑ چکا ہو گا یا شاید پکڑ بھی چکا تھا اب وہ انسان خود ہی اس سے باتیں کر رہا تھا ہو سکتا ہے وہ اس کا ہی کوئی دوست ہو یا اس کا ساتھی کچھ بھی ہو سکتا تھا ابرش کو تو اس وقت سبھی نکٹیو لگ رہے تھے۔

اسے ضامن سے ایسی امید نہیں تھی کہ وہ بھلے اس سے نفرت کرتا تھا لیکن اس کو چھوڑ کر کیسے جا سکتا تھا کم سے کم ابرش کو تلاش تو کرنا چاہیے تھا اسے یہ بات ابرش کے اعصاب کو تلملا رہی تھی کاش کے ضامن اس کو یہاں چھوڑ کے نہیں جاتا عائشہ سے اسے کوئی گلا نہیں تھا عائشہ یہاں آئی تھی اس کے لیے کتنے پریشان لگ رہی تھی وہ بیچاری۔

اگے وہ کیا کر سکتی تھی لیکن ضامن ضامن بہت کچھ کر سکتا تھا وہ پھر وہاں سے چلا کیوں گیا ابرش کے انسو ایک بار پھر سے بہنے لگے تھے پیچھے مڑ کر اس انسان کو نہیں دیکھنا چاہتی تھی وہ آگے بڑھ جانا چاہتی تھی وہ اس فارم ہاؤس سے نکل جانا چاہتی تھی بھلے اس کو کچھ بھی کیوں نہ کرنا پڑتا اس کو یہاں سے جانا تھا تاکہ وہ اس انسان کی گرفت سے نکل سکے جس کے ارادے اس وقت ابرش کو بہت خطرناک لگ رہے تھے۔

اگر وہ ایک بار پھر ابرش کو دبوچ لیتا تو اب کی بار ابرش کیا کر پاتی جبکہ اب وہ زخمی بھی ہو چکی تھی ابرش اپنے درد کی پرواہ کیے بغیر اگے بھاگے جا رہی تھی اس کو نہیں پتہ تھا وہ کہاں جائے گی راستے تک تو معلوم نہیں تھے وہ جیسے تیسے ہی سہی گرتے پڑتے دروازے تک تو پہنچ ہی گئی تھی دروازے تک پہنچتے پہنچتے اس کی انرجی بالکل ڈاؤن ہو چکی تھی یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ

دروازے پر گارڈز نہیں موجود تھا اس نے اسی بات کا فائدہ اٹھایا اور وہ فارم ہاؤس سے نکل گئی تھی۔

لیکن پاؤں کا درد اس وقت شدید تکلیف میں مبتلا کر رہا تھا اس کو۔

وہ باہر آئی تو باہر کا سنسان علاقہ دیکھتے اس کے اوسان خطا ہوئے تھے اتنی ویران جگہ وہ جائے تو جائے کہاں آتے ہوئے یہ سب اس نے اتنی شدت سے محسوس نہیں کیا تھا شاید اس وقت اس کے حواسوں پر ضامن سوار تھا جس کے بارے میں ان سب جاننا چاہتی تھی اسے سر ضامن کا ماضی جاننا تھا

۔

اسی لیے تو وہ یہاں چلی آئی اس انسان کی باتوں میں اکر لیکن اب اس کو ہم نے یہ بہت بڑی غلطی لگ رہی تھی اس کا خمیازہ بھی وہ بہت اچھے سے بھگت چکی تھی اگر وہ انسان اس کو بے ابرو کر دیتا تو ابرش کیا کرتی وہ تیز تیز

قدموں سے چل رہی تھی باہر بھی اچھا خاصا اندھیرا تھا اندر سے زیادہ تھا یہ کوئی گھنا جنگل ہی تو اسے لگ رہا تھا یا جنگل کے کنارے پر بنا کوئی فارم ہاؤس۔

اس نے ایک کٹیلی نگاہ اس فارم ہاؤس پر ڈالی تھی جو اس کی زندگی کا ایک تلخ تجربہ رہا تھا ابرش آگے جا چکی تھی اس کو امید تھی کہ وہ انسان اب اس کے پیچھے بھی آیا تو اس کو ڈھونڈ نہیں سکے گا لیکن اب اس کے لیے مسئلہ یہ تھا کہ وہ واپس ہوٹل کیسے جاتی اس کو پتہ تھا کہ سب لوگ اور بوتل جا چکے ہوں گے لیکن وہ کیسے جاتی وہ یہاں اتو گئی تھی کچھ بھی کر کے لیکن اب واپسی کا راستہ اس کو معلوم نہیں تھا اس کو نہیں پتہ تھا کہ وہ واپس کیسے جائے گی اور اب اگے چلنا بھی بہت مشکل ہو رہا تھا سردی کی شدت سے اس کے ہونٹ نیلے پڑ گئے تھے اس نے اپنے بازوں پر ہاتھوں کے گرفت مضبوط کرتے انہیں سردی کے شدت سے بچانے کے لیے گرمائش دینا چاہی تھی۔

لیکن یہ ناکافی ثابت ہوئی تھی کیونکہ رات کے اس پہر سردی کافی زیادہ تھی اس وقت ناران میں ہو رہی برف باری کی وجہ سے موسم اچھا خاصا سرد تھا۔

ابرش کو اپنی پہنی ہوئی ٹی شرٹ سردی کی شدت کے مقابلے میں ناکافی لگ رہی تھی لیکن اب اس کے پاس اور کوئی اپشن بھی نہیں تھا فون بھی نہیں تھا کہ وہ کسی کو کال کر پاتی اور اگر ہوتا بھی تو اسے لگ رہا تھا کہ یہاں نیٹ ورک کا بہت زیادہ ایشو ہو گا اسے صبح کی روشنی ہونے کا انتظار کرنا تھا صبح کی روشنی میں ہی وہ کچھ کر سکتی تھی ابرش تھوڑا آگے بڑھتی تو اس کو ابادی وغیرہ کچھ نظر آجاتا لیکن وہ نہیں جانتی تھی کہ وہ آگے کس طرف جائے یہاں کافی سارے راستے تھے اگر وہ پھر کسی کے ہاتھ لگ گئی تو اب یہ احساس شدت سے اس کو ہو رہا تھا کاش کہ وہ اس وقت سب کے سامنے چلے جاتے اس نے بہت بڑی غلطی کی تھی۔

اگر اس وقت وہ ضامن لوگوں کے سامنے چلی جاتی تو ان کے ساتھ واپس جا سکتی تھی اس پل تو اس پر نہ جانے کیا سوچ سوار ہوئی کہ اس کا دل ہی نہیں ضامن کے سامنے نہ جانے کا دل عجیب سے وسوسوں کا شکار تھا کہ کچھ ہو ہی نہ جائے اس کے اور ضامن کے درمیان لیکن اب اس کو اپنی اس غلطی کا بھی احساس ہو رہا تھا فام ہاؤس آنا ایک غلطی ضامن لوگوں کے سامنے نہ جانا دوسری غلطی تھی اس کی اور جہاں راستے معلوم نہ ہونا اس کی تیسری غلطی تھی وہ یہاں صبح کا انتظار کیے بغیر اور کچھ نہیں کر سکتی تھی کیونکہ آگے جاتی تو ممکن تھا کہ مزید کسی مشکل میں پھنس جاتی اور وہ مزید کوئی رسک نہیں لے سکتی تھی۔

وہ اس واقعے کی وجہ سے کافی ڈر چکی تھی اب وہ شاید ہی زندگی میں کسی کی باتوں میں آتے ایسے کسی انجان جگہ پر آتی۔

وہ انسان اس کے ایموشن سے کھیل گیا تھا اور اپنی بے وقوفی میں یہ سمجھ ہی نہیں سکی کہ کوئی انسان کیوں کر اسے ضامن کی انفارمیشن دے سکتا ہے جبکہ وہ اس کے بارے میں کچھ جانتا ہی نہیں ابرش نے اس انسان سے تو پہلے کبھی بات ہی نہیں کی تھی وہ کیوں کر اس کی باتوں میں آتے یہاں چلی آئی تھی۔

اپنی غلطیوں کا احساس اسے شدت سے ہو رہا تھا لیکن اب کیا ہو سکتا تھا اسے صبح کا انتظار کرنا تھا وہ درخت کے تنے سے ٹیک لگائے بیٹھ چکی تھی پورے وجود میں درد کی ایک لہر اٹھتے اس کو اپنی لپیٹ میں لے چکی تھی اس نے اپنی پیشانی پر ہاتھ مارا تو اس کا ہاتھ سرخ ہوا خون سے اس کے ہونٹوں سے چیخ نکلی تھی جنگل سے آتی جانوروں کی عجیب و غریب آوازیں اس کو مزید خوفزدہ کر رہی تھی لیکن وہ یہ سچویشن برداشت کرنے کے علاوہ آور کچھ

نہیں کر سکتی تھی۔ مگر اس انسان کا ساتھ نہیں جس کے ارادے بالکل بھی ٹھیک نہیں تھی وہ ابرش کے ذریعے قیوم ملک کی عزت پر ہاتھ ڈالنا چاہتا تھا اگر ڈیڈ کو اس بارے میں معلوم ہو جاتا تو ابرش جانتی تھی کہ وہ یہ صدمہ برداشت نہیں کر پاتے اسے تو سب سے زیادہ ضامن کی فکر تھی پوری ایک رات وہ سب سے دور تھی غائب تھی اور ضامن اس بات کو کیسے لیتا کیا وہ ابرش کو طلاق دے دے گا اس بات کو۔

وہ تو پہلے ہی کسی بہانے کے انتظار میں تھا کہ وہ ابرش کو چھوڑ سکیں ابرش کے ذہن میں اس وقت مختلف سوچیں گردش کر رہی تھی اس کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کریں دل و دماغ سے ضامن کا خیال تھا کہ ہٹ ہی نہیں رہا تھا وہ اپنے بالوں کو جنھجوڑتے آنکھیں موند گئی تھی۔

••••••

ضامن آگے بڑھتے ہی اس انسان کو اپنی گرفت میں دبوچ چکا تھا جس کے ہاتھ میں موجود فون کھینچتے ضامن نے دور پھینکا تھا ضامن جانتا تھا ابرش یہی کہیں ہے کیونکہ اس انسان کو اس نے پہلے بھی وہاں دیکھا تھا وہ اس کو پیچھے دھکا دیا تھا وہ اس اچانک ہوئے حملے کے لیے تیار نہیں تھا وہ تو ابرش کے پیچھے جانا چاہتا تھا جس نے اسے اج کی دن میں اتنے دھکے دیے تھے اور اتنی بار اس کے گرفت سے نکلنے کی کوشش کی تھی لیکن یہ انسان ضامن کے سامنے آ بگیا تھا اندھیرے میں وہ یہ نہیں جان پایا کہ اس کے سامنے آیا انسان کو یہ اور نہیں بلکہ ضامن عباس تھا ابرش ملک کا شوہر تھا شاید ابرش کو بچانے جہاں آیا تھا۔

"کون ہو تم اور میرے فارم ہاؤس میں کیا کر رہے ہو تم۔۔۔!؛" اس کو یہی لگا تھا کہ ضامن اور باقی سب واپس جا چکے ہیں کیونکہ کافی دیر سے اس کو کوئی

اواز سنائی نہیں دے رہی تھی اسے لگا کہ کوئی اور ہی ہو گا وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ ضامن ابرش کو لیے بغیر یہاں سے کہیں نہیں جانے والا تھا۔

"گھٹیا انسان کہاں ہے مس ملک۔۔۔۔؟ مجھے بتاؤ ان کے بارے میں وہ اس وقت جہاں کیا کر رہی ہوں...؟ ان کی لوکیشن اسی فارم ہاؤس کے شو ہو رہی ہے۔۔۔۔؟ کہاں ہیں وہ۔۔۔۔؟ مجھے بتاؤ ان کے بارے میں....؟" ضامن کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اس انسان کو الٹے ہاتھ کی لگا دے ایک تو اسے ابرش پر غصہ تھا اور دوسرا اس انسان پر اب ضامن کو یہ نہیں معلوم تھا کہ اس انسان نے ابرش کو کڈنیپ کیا ہوا ہے اسے یہ لگ رہا تھا کہ ابرش یہاں اپنی مرضی سے آئی ہے کیونکہ وہ اس بارے میں کچھ جانتا ہی نہیں تھا۔

"کون مس ملک میں۔۔۔۔؟ کسی کے بارے میں کچھ نہیں جانتا..... شاید تمہیں کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے.... چھوڑو مجھے...." ضامن کی باتوں سے وہ

یہی اندازہ لگایا تھا کہ ضامن اس بارے میں کچھ نہیں جانتا ہے کہ ابرش کو یہاں میسج کر کے اس نے بلایا اسی نے۔

وہ اپنی طرف سے وضاحت دینے لگا کہ یہاں ابرش موجود نہیں ہے۔

"شٹ اپ جسٹ شٹ اپ۔۔۔۔مجھے بتاؤ کہ مس ملک کہاں ہے۔۔۔۔؟"ضامن اس وقت اپنے حواسوں میں نہیں لگ رہا تھا ابرش کے غیر موجودگی نے اس کو پوری طرح سے جھنجوڑ کر رکھ دیا تھا۔

وہ اس انسان سے ابرش کا پتہ پوچھے بغیر تو اس کو نہیں چھوڑنے والا تھا وہ پے در پے اس انسان کے گالوں پر اپنے ہاتھوں سے تھپڑ مارے جا رہا تھا اور وہ انسان مضبوط اور توانا ہونے کے باوجود بھی ضامن کا مقابلہ نہیں کر پا رہا تھا کیونکہ ضامن نے اس کو پیچھے گرایا ہوا تھا۔

اور وہ بری طرح سے ہانپ رہا تھا۔

"کون مس ملک میں۔۔۔؟ پہلے بھی تمہیں کہہ رہا ہوں مجھے کسی بھی مس ملک کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے۔۔۔۔ یہاں کوئی نہیں رہتا۔۔۔۔ سوائے میری میں یہاں اکیلا رہتا ہوں تمھیں میرے علاوہ کوئی نظر آ رہا ہے۔۔۔۔؟ مجھے چھوڑو اور جاؤ یہاں سے یہ اس کو ڈھونڈنا ہے اس کو کہیں اور ڈھونڈو جہاں کوئی بھی نہیں رہتا ہے...." وہ اپنی بات پر قائم تھا وہ ضامن کو کسی طرح کا شک نہیں پڑنے دینا چاہتا تھا جانتا تھا ابرش یہیں کہیں چھپ گئی ہو گی ایک بار پھر سے اس کے ڈر سے اور یہ اچھا موقع تھا اس کے پاس ہو کہ وہ ضامن کو یہاں سے مطمئن کر کے بھیج دیتا کہ ابرش یہاں نہیں ہے اس نے اپنا پلان تھوڑا تبدیل کر لیا تھا۔

جتنے دن ابرش یہاں رہتی اسی کا فائدہ تھا تا کہ وہ قیوم ملک اپنی بیٹی کی غیر موجودگی کے بارے میں جان کر مر جاتا۔

"وہ یہیں ہیں ان کی لوکیشن یہی کہ شو ہو رہی ہے مجھ سے گیم کھیلنے کی ضرورت نہیں ہے تمہیں مجھے بتاؤ کہ وہ کہاں ہے اور یہاں کیوں آئی تھیں وہ۔۔۔۔؟" ضامن نے اس کی شرٹ کو اپنے ہاتھوں میں تھامتے غراتے پوچھا۔

"مجھے کیا پتہ وہ یہاں کیوں کر آئی ہیں ہو سکتا ہے وہ آس پاس کسی جگہ پر ہوں لوکیشن ضروری تو نہیں یہاں کے شو ہو رہی ہو مجھے اس بارے میں کچھ نہیں پتا میں تو ابھی تم لوگوں سے پہلے پہلے اس جہاں آیا مجھے کچھ معلوم نہیں ہے تم اگے پیچھے دیکھو ہو سکتا ہے تمہیں اس کے بارے میں کچھ معلوم ہو جائے۔۔۔۔" وہ گھبراتے بولا۔

"تم لوگوں تم لوگوں سے کیا مراد ہے تمہاری تم جانتے ہو ہم یہاں گروپ کی شکل میں آئے تھے مجھے بتاؤ کہ مس ملک کہاں ہیں۔۔۔۔ورنہ تمہارے ساتھ بہت برا کروں گا میں۔۔۔۔"ضامن مزید تیش میں ایا انسان اپنی باتوں سے ہی اس کو مزید شک میں ڈال چکا تھا۔۔۔۔

•••••

"میں نے بس یہاں لوگوں کی اوازیں سنی تھیں اس سے اندازہ لگایا کہ تم لوگ گروپ کی شکل میں ہو ورنہ مجھے کیا معلوم کہ یہاں کون آیا میں تھوڑی دیر پہلے اپنے گھر میں واپس آیا تم یہاں دیکھ سکتے ہو یہاں میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہے تمھیں یہاں سے کچھ پتہ نہیں چل سکتا تمہاری مس ملک کے بارے میں بہتر ہے کہ اس کو پاس کے علاقوں میں تلاش کرو ہو سکتا ہے تمھیں اس کے بارے میں کچھ معلوم ہو جائے یہاں رہ کر۔۔۔۔۔تم آپنا

وقت ضائع کروں گے۔۔۔۔"وہ انسان اپنی بات پہ قائم تھا اسے کسی بھی طرح سے ضامن کو یہاں سے نکالنا تھا ورنہ اگر ابرش اس کے ہاتھ لگ جاتی تو اس انسان کا پلان بری طرح سے فیل ہو جاتا ہے۔

جو وہ ہر گز نہیں جاتا تھا۔

"اگر تم نہیں چاہتے ہو کہ میں تمھیں پولیس کے حوالے کروں تو مجھے جلد از جلد مس ملک کے بارے میں بتاؤ ورنہ تم شاید جانتے نہیں ہو کہ کس انسان کی بیٹی ہے وہ تمہارے ساتھ کیا کچھ کر سکتے ہیں تم اندازہ نہیں لگا سکتے ہو اس بات کا۔۔۔"ضامین پر بیت چکی تھی جانتا تھا قیوم ملک کیا کچھ کر سکتا ہے اس لیے اس انسان ان کو اس نے قیوم ملک کی دھمکی دینا چاہی تھی جبکہ قیوم ملک کے نام پر وہ انسان اپنے ہتھیلی بری طرح سے بھینچ گیا تھا۔

"وہ قیوم۔۔۔ملک۔۔۔۔۔"وہ تنزیہ لہجے میں مسکرایا اس کے لہجے میں کچھ ایسا تھا جو ضامن کو چونکنے پر مجبور کر گیا۔

قیوم ملک کے نام پر اسی انسان کے چہرے پر جو رنگ آئے تھے وہ ضامن سے مخفی نہیں رہے تھے وہ جان چکا تھا کہ اس انسان کو جو بھی مسئلہ تھا وہ قیوم ملک سے تھا۔

"میری بیوی کہاں ہے مجھے بتاؤ ورنہ میں تمہیں جان سے مار ڈالوں گا۔۔۔!؛"اس پل ضامن پر جیسے کوئی جوش سوار ہو گیا تھا اسے ہر قیمت پر ابرش کے بارے میں معلوم کرنا تھا وہ رات بھر سب سے دور رہتی تو ممکن تھا کہ ابرش کے کردار پر بہت سے سوال اٹھتے ہیں ہاں ان کے درمیان جو ہو چکا تھا اس کے بعد ضامن کو ابریش کی فکر نہیں کرنی چاہیے تھی لیکن وہ پھر بھی کر رہا تھا۔

وہ ابرش کے لیے پریشان ہو رہا تھا اسے ابرش کو ڈھونڈنا تھا کسی بھی حال میں

۔

"بیوی تم مانتے ہو ابرش ملک کو اپنی بیوی۔۔۔۔" وہ امین کی طرف دیکھتا غرایا تھا ضامن کہاں ابرش کی طرف دیکھنا پسند نہیں کرتا تھا اس ضامن کی پوری ڈیٹیل نکلوائی تھی اور اسے یہ معلوم ہوا تھا کہ ضامن اور ابرش کا نکاح کن حالات میں ہوا تھا۔

اسے تو لگا تھا کہ وہ ضامن کو اپنی حق میں استعمال کر سکے گا لیکن یہ ضامن کا جوش ابرش کے لیے دیکھتے اب اسے بری طرح سے خوف محسوس ہو رہا تھا

۔

"آوو تو تم ہمارے بارے میں سب کچھ جانتے ہو تو مطلب ہے تم یہ بھی جانتے ہو گے کہ مس ملک کہاں ہیں کیونکہ وہ یہیں آئی تھیں

۔۔۔۔۔۔"ضامن کو اب کچھ کچھ باتوں کی سمجھ آ رہی تھی یہ انسان خود ہی اسے اپنی باتوں سے اشارہ دے رہا تھا کہ ابرش یہیں کہیں ہے۔

"تم چاہو تو پورا فارم ہاؤس دیکھ سکتے ہو ابرش یہاں پر کہیں بھی نہیں ہے تمہیں یہاں کچھ حاصل نہیں ہو گا بہتر ہے واپس چلے جاؤ۔۔۔۔"وہ انسان اتنی مار کھا چکا تھا کہ چہرے سے خون بہہ رہا تھا لیکن پھر بھی وہ اپنی بات سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں تھا اتنا آگے بڑھ کر وہ ہار نہیں سکتا تھا اسے قیوم ملک کو ہرانا تو اسے قیوم ملک کو تڑپ تڑپ کر سسکتے سسکتے مرتا دیکھنا تھا۔

"میں ابرش ملک کو یہاں سے لیے بغیر کہیں نہیں جاؤں گا اور اب جو تمہارے ساتھ ہو گا اس کے ذمہ دار تم خود ہو۔۔۔۔"ضامن اس معاملے میں پولیس نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن اب یہ انسان شاید پولیس کے سامنے ہی اپنا منہ کھول سکتا تھا۔

"تم چاہو تو چیک کر لو مس ملک یہاں کہیں بھی نہیں ہے۔۔۔۔!؛" یہ تو اچھا ہوا تھا کہ اس انسان نے ابرش کا فون توڑ دیا تھا ورنہ اب تک تو سارا پول کھل چکا تھا اندھیرا ہر طرف تھا ضامن کے موبائل کی بیٹری بھی تقریباً ڈیڈ ہونے کے قریب تھی۔

ایسے میں وہ اندھیرے میں ابرش کو کہیں نہیں دیکھ سکتا تھا اس نے اس پاس دیکھنے کی کوشش کی تو سامنے اندھیرے کے سوائے سے کچھ نظر نہیں آیا۔

"مس ملک!! مس ملک!! آپ یہاں ہیں۔۔۔" اس نے اونچی اواز میں ابرش کو پکارا تھا لیکن ابرش ہوتی تو اس کی پکار سنتی وہ کتنی دیر چلاتا رہا تھا۔

اس پاس جاتے درختوں کے درمیان پیچھے دیکھتے ہی اس نے ابرش کو تلاش کرنا چاہا لیکن ابرش وہاں ہوتی تو اس کو ملتی اتنی دیر تلاش کرنے کے بعد بھی

اس کو ابرش نہیں ملی تھی اب اس اور سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ واپس جائے یا یہیں رکے۔

ابرش کی لوکیشن یہاں کی شو ہو رہی تھی مطلب ابرش یہیں تھی لیکن پھر وہ سامنے کیوں نہیں آرہی تھی جانتا تھا کہ اگر ابرش اس کی اواز سنتی تو ضرور سے اس کے سامنے اتی۔

"جارہا ہوں میں لیکن یاد رکھنا واپس ضرور آؤں گا میں اگر مس ملک یہاں ہوئی تو تمھاری خیر نہیں ہے۔۔۔۔۔"ضامن اس انسان کو دھکا دیا جس سے وہ پیچھے درخت پر لگا اور اس کی کمر پر چوٹ بھی لگ گئی تھی وہ درد سے بلبلایا تھا لیکن ضامن واپس چلا گیا تھا اس کو اب دروازے سے نکلتے ہوئے ابرش کے مخصوص کولون کی مہک اپنے حواسوں سے ٹکراتی محسوس ہوئی تھی ابرش یہیں کہیں تھی۔

وہ بہت ڈارک پرفیوم یوز کرتی تھی جس کے سینٹ کی خوشبو ضامن کو اچھے سے معلوم تھی۔

ضامن نے اسے خوشبو کا تعاقب کیا تھا اس کے فون کی اتنی لائٹ تھی کہ وہ ابرش کے پیروں کا نشانوں کو دیکھتے اسی طرح بڑھا تھا جس طرف ابرش جا رہی تھی لیکن اسے ہر گز اندازہ نہیں تھا کہ وہ ابرش کو ڈھونڈ سکے گا بھی یا نہیں وہ اگے بڑھ رہا تھا دل میں ایک عجیب سی وحشت جنم لے رہی تھی۔

اس پل عائلہ اس کے دل و دماغ سے پوری طرح سے ہٹ چکی تھی اگر ذہن پر کوئی سوار تھا تو صرف ابریش ملک جو نا جانے کہاں غائب ہو چکی تھی۔

"ایک بار ہاتھ لگ جائیں میرے پھر بتاؤں گا میں آپ کو مجھے تنگ کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے آپ نے۔۔۔۔" وہ دل ہی دل میں تلملاتے ابرش ملک

سے مخاطب تھا آگے بڑھتے وہ اس گھنے جنگل کو دیکھ رہا تھا یہاں وہ ابرش کو ڈھونڈتا بھی تو کیسے جو کہیں کنال پر محیط ایک گھنا جنگل تھا۔

جنگل سے آتی عجیب سی جانوروں کی آوازوں میں اس کو مزید بے چین کیا تھا وہ آگے بڑھتا جا رہا تھا جب اس کے پاؤں سے کوئی چیز ٹکرائی تھی اس نے اچانک سے موبائل کی روشنی اس طرف کی تو اس کی آنکھیں حیرت سے پھٹی کی پھٹی رہ گئی وہ ابرش ملک تھی جو درخت کے تنے سے ٹیک لگائے انکھیں بند کیے بیٹھی تھی۔

وہ یقین نہیں کر پایا جس لڑکی کو پچھلے اتنے گھنٹوں سے ڈھونڈ رہا ہے وہ یہاں پڑی تھی شاید وہ بے ہوش تھی ابرش کے پاؤں اور ماتھے سے بہتا خون اس کو بہت کچھ سمجھا گیا تھا ابرش شاید سوچوں میں گھری اپنی نزدیک کسی کی موجودگی محسوس نہیں کر پائی تھی لیکن ضامن گھٹنوں کے بل بیٹھتے اس کے

چہرے کو اپنے فوکس میں لیے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتا کہ ابرش نے بری طرح سے اس کا ہاتھ جھٹک دیا تھا۔

تیزی سے آنکھیں کھولتے اس نے اپنے سامنے کھڑے انسان کو دیکھا وہ انسان کوئی اور نہیں ضامن عباس تھا ضامن اس کا شوہر۔

ضامن یہاں کیسے آیا وہ یقین نہیں کر پائی اسے لگا یہ اس کا وہم ہے وہ پچھلے کہیں گھنٹوں سے جتنی بار ضامن کو سوچ چکی تھی اسے یہی لگ رہا تھا کہ یہ اس کا خواب ہے ضامن اس کے سامنے کیسے آسکتا ہے لیکن یہ اس کا خواب نہیں تھا ضامن اس کے سامنے تھا وہ ہاتھ بڑھاتی تو ضامن کو چھو سکتی تھی لیکن وہ چھونا نہیں چاہتی تھی اسے ڈر تھا کہ کہیں اس کا خواب ٹوٹ ہی نہ جائے۔۔۔۔

"....You are not you"

"آپ آپ نہیں ہیں۔۔۔۔!؛" وہ سر نفی میں ہلانے لگی تھی وہ یقین ہی نہیں کر پا رہی تھی کہ ضامن یہاں ہو سکتا تھا اس کے نزدیک تو ضامن اسے فارم ہاؤس میں چھوڑ کر ہی چلا گیا تھا باقی سب کے ساتھ کیونکہ ان لوگوں کو وہاں ابرش ملی نہیں تھی یہ اس کا خیال ہی تھا وہم تھا جیسا اس وقت اس کے قریب ضامن کھڑا تھا۔

وہ سر نفی میں ہلاتے پیچھے درخت میں سمانے کی کوشش کرنے لگی تھی ایک تو جنگل سے اٹھتی عجیب و غریب آوازیں اور پھر ایک دم سے یوں ضامن کا خیال وہ بری طرح سے کنفیوز ہو چکی تھی اس پل ضامن عباس کا حال بھی اس سے مختلف نہیں تھا۔

جس لڑکی کو وہ پچھلے اتنے گھنٹوں سے ڈھونڈ رہا تھا وہ اس کے سامنے تھی اور ابرش کی حالت دیکھتے ضامین کو نہ جانے کیوں بہت برا لگا تھا۔

اس کے ماتھے سے بہتا خون اب سردی کی شدت کی وجہ سے اس کے رخساروں پر جم چکا تھا جبکہ پیر پر لگی چوٹ میں بھی ابھی تک شدید درد ہو رہا تھا ابرش نے بمشکل اپنی سسکی روکی ہوئی گئی تھی یہ اس کا وہم نہیں تھا ضامن اس کے سامنے کھڑا تھا ابرش نے اپنا ہاتھ بڑھاتے ضامن کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا اور پھر اس کی آنکھیں حیرت سے پھٹی کی پھٹی رہ گئی یعنی وہ اس کا وہم نہیں تھا ضامن اس کے سامنے موجود تھا بذات خود۔

"سر آپ۔۔۔۔؟!" وہ یقین نہیں کر پائی کہ اس کے سامنے سچ میں ضامن عباس ہی کھڑا ہے وہ کچھ پل تو ضامن کو دیکھتی رہی اور پھر بے اختیار ہوتے ہوئے ضامن کے سینے سے آ لگی تھی جتنی خوفزدہ وہ اس وقت ہو رہی تھی اس کے لیے سب سے اچھی جائے پناہ ضامن کا سینہ ہی ہو سکتا تھا۔

وہ ضامن کی پشت پہ اپنے ہاتھوں کا حصار بناتے جیسے ضامن میں چھپنے کی کوشش کر رہی تھی جیسے اسے یہ ڈر ہو کہ ضامن اس کو چھوڑ کر چلا جائے گا

۔

"مس ملک۔۔۔۔"ضامن چاہ کر بھی ابرش کو خود سے الگ نہیں کر پا رہا تھا ایک تو یہ اتنا وحشت ناک ماحول اور اوپر سے ابرش کی حالت وہ پہ سختی کا کال نہیں چڑھا پا رہا تھا۔

"مس ملک سائیڈ پر ہوں۔۔۔۔"ابرش کی ناز کی اپنے سینے سے لگتے دیکھ کر ضامن اس پر خفا ہوا تھا۔ابرش کا نازک وجود اس وقت اس کی پناہوں میں ہولے ہولے کپکپا رہا تھا شاید وہ ضامن کی موجودگی کا یقین نہیں کر پا رہی تھی۔

".You really came"

"آپ سچ میں آئے ہیں۔۔۔۔۔!؛"وہ ضامن کے چہرے کو چھونے کی کوشش کرتے خود کو یہ یقین دلانا چاہتی تھی کہ واقعی اس کے سامنے جب وہ انسان کھڑا ہے وہ کوئی اور نہیں بلکہ ضامن عباس ہے۔

"۔۔۔.Miss Malik, come to your senses"

"مس ملک ہوش میں آئیں۔۔۔۔"ضامن نے اس کے ہاتھ کو بری طرح سے خود سے دور جھٹکا تھا پل بھر کے لیے یہ خیال اس کے دل میں آیا تھا کہ وہ ابرش کی وجہ سے کتنا خوار ہو چکا تھا صبح سے اس لڑکی نے اس کو پریشان کر رکھا تھا اور اب جو حرکت وہ کر چکی تھی اس کے بعد تو وہ ابرش کو کبھی بھی بخشنے والا نہیں تھا۔

"سر میں۔۔۔۔"جنگل سے ایک دفعہ کوئی عجیب و غریب آواز اٹھی تو وہ مزید ڈرتے ضامن میں سمائی تھی جبکہ ضامن نے اس کے بازوں کو اپنے

مضبوط ہاتھوں میں جکڑا تھا کہ ایک درد کی شدید لہر ابرش کو اپنے وجود میں سرائیت کرتی محسوس ہوئی تھی۔

What are you afraid of? When you didn't tell "
anyone where you were going, you didn't feel
"...afraid...? And now you're feeling afraid

"ڈر کس بات کا ڈر جب بنا کسی کو بتائے آپ جہاں چلی ہیں تب ڈر نہیں لگا آپ کو۔۔۔۔؟اور اب اپ کو ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔"ضامن نے اسے خود سے دور جھٹکا تو ابرش درخت سے ٹکرائی پیشانی ایک بار پھر سے درخت سے ٹکرائی تو اس کے پہلے سے بنے زخم میں شدید درد ہوا تھا۔

اس نے سسکی بھری تھی ضامن سے اتنی بے حسی کی توقع اسے ہر گز نہیں تھی کیا ضامن جان چکا تھا کہ وہ اس کے بارے میں جاننے کے لیے یہاں

آئی تھی اگر ایسا تھا تو اب ضامن اس کو نہیں چھوڑنے والا تھا ابرش نے اپنے ہاتھوں کو ہاتھوں پر جماتے بمشکل اپنے سے اس سسکی روکی تھی۔

سردی کی شدت سے اس کے ہونٹ تقریبا نیلے پڑ چکے تھے اور ٹی شرٹ ہاف سلیوز سی اس کے بازو بھی ٹھنڈ سے ٹھنڈے ہو چکے تھے اس نے اپنے بازوں کو کور کرتے خود کو گرمائش دینے چاہی لیکن یہ کہاں ممکن تھا جبکہ وہ دونوں کھلے اسمان تلے کھڑے تھے جہاں آس پاس جنگلوں کے علاوہ کوئی کچھ بھی نہیں تھا۔

"سروہ میں مجھے۔۔۔۔"ابرش کو سمجھ نہیں آیا وہ ضامن کو کیسے وضاحت دے کہ وہ یہاں کیوں کرائی تھی۔

" Miss Malik, the entire staff and all the students are worried because of you. If you had to come

somewhere, you should have at least told the staff that you did something very wrong. And if your family finds out about this, you know what your ....father will do"

"مس ملک آپ کی وجہ سے پورا اسٹاف اور سارے سٹوڈنٹس پریشان ہیں آپ کو اگر کہیں آنا تھا تو کم سے کم اپ کو سٹاف کو بتا کے آنا چاہیے تھا بہت غلط حرکت کی اور اگر اپ کی فیملی کو اس بارے میں معلوم ہو گیا تو جانتی ہیں نا آپ کا باپ کیا کرے گا۔۔۔۔"ضامن نے اسے حالات کی سنگینی کا بتانا چاہا جبکہ وہ پہلے ہی اس بارے میں جانتی تھی ڈیڈ کا سوچتے تو اس کا سر درد سے پھٹ رہا تھا جانتی تھی ڈیڈ اب تک اسے ہزاروں کالز کر چکے ہوں گے اور اس کا سیل فون ٹوٹ چکا تھا۔

کیسے رابطہ کرتی وہ ڈیڈ سے۔

"آپ مجھے اپنا سیل فون دے دیں۔۔۔۔"اس کا دل چاہا کہ ضامن سی فون لے کر وہ ڈیڈ کو کال کرے کم کم سے کم انہیں یہ تو بتا سکے کہ وہ بالکل ٹھیک ہے ڈیڈ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے اس کے بارے میں۔۔۔۔

"آپ کا سیل فون کہاں ہے۔۔۔۔؟"ضامن سنجیدگی سے پوچھا ابرش کے چہرے پہ پریشانی بھرے تاثرات ابھرے اب وہ سچ تو بتانے سے رہی کہ اس انسان نے اس کا سیل فون دیوار پر مارتے توڑ دیا تھا۔

"وہ پتہ نہیں۔۔۔۔"ابرش نے بہانہ گاڑا۔

You don't know about cell phones. Do you know "
where your cell phone's activation was taking
"place

"سیل فون کا آپ کو پتہ نہیں ہے پتہ ہے آپ کے سیل فون کی اکویشن کہاں کی شو ہو رہی تھی۔۔۔۔؟" ضامن مزید سنجیدگی سے گویا ہوا وہ ابرش کی طرف بڑھتے درخت کے دائیں بائیں ہاتھ رکھ گیا تھا جس کی وجہ سے ابرش اس کے حصار میں بالکل قید ہو کر رہ گئی تھی۔

"وہ۔۔۔۔ کہیں گر۔۔۔۔ گیا ہو۔۔۔۔۔ گا۔۔۔۔۔" ابرش ضامن کی طرف دیکھنے کے بجائے یہاں وہاں دیکھ رہی تھی جب کہ ضامن اس کی تھوڑی کو اپنے انگوٹھی اور انگلی کی مدد سے اوپر اٹھائے اس کی آنکھوں میں

دیکھا تھا نیلی انکھوں میں کیا کچھ نہیں تھا ضامن پل بھر کے لیے بے بس ہوا تھا ان آنکھوں کے سامنے۔

دل کے ہاتھوں مجبور ہوتے ہی اس نے ابرش کی نم انکھوں پر اپنے ہونٹ رکھے تو ابرش پوری طرح سے سسکی تھی اس کی شرٹ کو اپنے مٹھیوں میں جکڑے وہ بے ساختہ ایک بار پھر سے اس کے سینے میں آسمائی تھی رات کا اندھیرا اور ابرش کا اس کے سینے سے لگنا ضامن کے جذبات کو پوری طرح سے بیدار کر گیا تھا۔

ابرش اس کے ساتھ لگی اپنی نازکی کا احساس شدت سے د*** گئی تھی۔ ضامن نے اس کے بالوں کو اپنی گرفت میں دبوچتے اس کا چہرہ اپنے مقابل کیا تھا اگر ابرش کو یہ لگ رہا تھا کہ وہ یہ سب کر کے ضامن کے غصے کو ٹھنڈا کر سکتی تھی تو یہ اس کی بہت بڑی غلط فہمی تھی ایسا کچھ نہیں ہونے والا تھا۔

ضامن نے یہ اتنے گھنٹے کس سچویشن میں گزارے وہ چاہا کر بھی نہیں بھول سکتا تھا ابرش پہلے اسے بہت کم خوار کر چکی تھی جواب وہ پھر سے یہ سب کچھ کر رہی تھی۔

"چھوڑیں پلیز۔۔۔۔" ابرش جانتی تھی کہ ضامن کا غصہ جائز ہے یعنی وہ اتنے گھنٹوں سے اسے چھوڑ کر نہیں گیا تھا بلکہ اسے تلاش کر رہا تھا ابرش کے دل میں میٹھی سی گدگدی ہوئی تھی ضامن کا یہ ایکٹ اس کے دل کو بھایا تھا ضامن کے جلتے ہونٹوں کا لمسا بھی تک اپنی آنکھوں پر محسوس ہو رہا تھا۔

بے ساختہ اس کے ہونٹوں کو نرم سی مسکراہٹ نے چھوا تھا۔

" I didn't realize where I was going. I had come a long way. Then I didn't know the way back. I had been trying to go back for a long time but I

couldn't. I'm sorry, you guys got worried because

"....of me. I don't know about cell phone

"وہ مجھے احساس نہیں ہوا کہ میں کہاں جا رہی ہوں کافی اگے نکل آئی تھی پھر واپسی کا راستہ معلوم نہیں ہوا میں کافی دیر سے واپس جانے کی کوشش کر رہی تھی لیکن نہیں جا پائی ایم سوری آپ لوگ میری وجہ سے پریشان ہوئے وہ۔۔۔۔ سیل فون مجھے نہیں پتہ۔۔۔۔۔" ابرش نے بہت مشکل ہی سہی لیکن اپنا پورا جملہ مکمل کیا تھا ضامن نے کٹیلی نگاہ اس پہ ڈالی تھی جانتا تھا وہ جھوٹ بول رہی تھی اس وقت اس کے فون کی لوکیشن فارم ہاؤس کی شو ہو رہی تھی تو اس کا مطلب صاف تھا کہ وہ اس فارم ہاؤس میں گئی تھی اگر خود نہیں گئی تھی تو اس کا سیل فون تو چل کر سیل فارم ہاؤس میں جانے سے رہا وہ

جانتا تھا ابرش اس سے کچھ چھپا رہی تھی کچھ ایسا تھا جو ابرش اس کو بتانا نہیں چاہتی تھی۔۔

"آپ وہ سامنے والے فارم ہاؤس میں گئی تھیں۔۔۔۔؟!" ضامن نے بنا لگی لپٹی رکھے سوال پوچھا تھا ابرش کو اپنے ٹانگوں سے جان نکلتی محسوس ہو رہی تھی ضامن کے سوال نے اس کو پوری طرح سے جنجوڑ کر رکھ دیا تھا کیا جواب دیتی وہ اور کیسے مطمین کرتی وہ ضامن کو۔۔۔

"نن نہیں تو۔۔۔۔" وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ اس کے ساتھ فون کی لوکیشن ٹریس کرتے ہوئے وہ لوگ وہاں تک پہنچے تھے ضامن کے ساتھ باقی لوگ بھی تھے ضامن کو تو وہ انکار کر دیتی لیکن باقی لوگوں کو کیا کہتی اسے سب سے زیادہ مسئلہ ضامن سے ہی تھا باقی لوگ جو سوچتے ہیں اس کے بارے میں اس کو کوئی فکر نہیں تھی اس کو فکر تھی تو بس ضامن عباس کی تھی۔

Miss Malik, there's no need to lie to me. Your "
cell phone location was showing in this
farmhouse, so it means you went there of your own
free will or someone else's. But it's better than
lying. Tell me the truth, otherwise you can't even
"...imagine what I'll do to you

"مس ملک مجھ سے جھوٹ بولنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو سیل فون کی لوکیشن اس فارم ہاؤس میں شو ہو رہی تھی تو مطلب آپ وہاں گئی تھی اپنی مرضی سے گئی تھی یا کسی اور کی مرضی سے لیکن جھوٹ بولنے سے بہتر ہے مجھے سچ سچ بتائیں ورنہ میں جو آپ کے ساتھ کروں گا وہ آپ سوچ بھی نہیں سکتی ہیں۔۔۔"ضامن غصے میں آیا تھا ابرش کے جھوٹ بولنے پر۔۔۔

"سر میں۔۔۔۔" ابرش کو سمجھ نہیں آیا وہ کیا بتائیں ضامن جانتا تھا وہ جھوٹ بول رہی ہے وہ سچ ایسے نہیں بولے گی ضامن نے اس کا چہرہ پکڑتے اس کے ہونٹوں پر اپنے ہونٹ رکھے تھے ابرش کی آنکھیں ایک بار پھر سے پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھی یوں کھلے عام ضامن اس کے ہونٹوں کو قید کرے گا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی اور لمس میں اتنی شدت تھی کہ ابرش کو اپنی ٹانگوں سے ایک بار پھر سے جان نکلتی محسوس ہو رہی تھی۔

ضامن اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں شدت سے قید کیے اس کے ہونٹوں پر لمحہ بہ لمحہ اپنے دانت گاڑ رہا تھا۔

سس۔۔۔۔۔" ابرش کے ہونٹوں میں یہ سسکیاں کہیں دب رہی تھیں وہ پوری شدت سے کی سانسوں کو قید کیے ابرش کے لیے مشکل بڑھا رہا تھا ابرش نے کپکپاتے ضامن کے سینے پر رکھنے چاہے تو ضامن نے اس کے

ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتے بری طرح سے پٹکا تھا ابرش کے لیے ضامن کا یہ لمس سہنا بہت مشکل ہو رہا تھا۔

جنگل سے آتی عجیب سی آوازیں اب کہیں پیچھے رہ گئی تھی اس کے اعصاب پر اس وقت صرف ضامن اور اس کا سوار تھا ضامن نے اس کو پیچھے گراتے خود اس پر جھکتے اپنی شدت مزید تیز کی تھی ابرش کے لیے ضامن کی بڑھتی شدت برداشت کرنا بہت مشکل ہو رہا تھا۔

ایک تو سردی سے پوری طرح سے کپکپا رہی تھی اوپر سے ضامن کا یہ سلگتا لمس وہ اپنے حواس ایک بار پھر سے کھونے لگی تھی ضامن اس کے سانسوں کو قید کیے جیسے آزاد کرنا ہی بھول گیا تھا جب کے ہاتھ بے باکی دکھاتے ابرش کے نازکی کو بری طرح سے مسل رہے تھے ضامن کے ہاتھوں کو اپنے بیوٹی

بون پر محسوس کرتے ابرش کو سرد لہریں اپنے وجود میں سرائیت کرتی محسوس ہو رہی تھی۔

ضامن اس کی بیوٹی بون کو ہاتھوں میں تھامے زور سے دباتے اس کے ہونٹوں کو لمحہ بہ لمحہ اپنی شدتوں سے جامنی کر رہا تھا یوں کھلے عام ضامن اس پر اتنے حق سے اپنا حق جمائے گا ابرش کے گمان میں بھی نہیں تھا ہونٹوں سے اب گھوم کر ذائقہ اسے اپنے حلق میں اترتا محسوس ہو رہا تھا لیکن ضامن تھا کہ اس کو چھوڑنے کو تیار ہی نہیں تھا۔

ابرش اپنے ہاتھوں کا استعمال بھی نہیں کر پا رہی تھی کیونکہ وہ اس کے ہاتھ کو ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لیتے پوری طرح سے اپنے حصار میں جکڑ چکا تھا جبکہ دوسرا ہاتھ ابرش کے نازکی کو پوری طرح سے مسل رہا تھا ابرش اسکے حصار

میں بری طرح سے قید تھی ضامن نے اس کے ہونٹوں کو آزاد کرتے اس کی رخساروں پر دانت گاڑ گیا تھا۔

سسکیاں ابرش کے ہونٹوں سے نکلتے جنگل میں کہیں قید ہو گئی تھی۔

"قابو رکھیں اپنے سسکیوں کو روم نہیں ہے یہ۔۔۔۔"ضامن غصے سے غرایا ابرش نے سہم دل سے دیکھا اس پل ضامن کا خوف ابرش پر بری طرح سے سوار ہوا تھا۔

"بتائیں مجھے کیوں نکلی تھیں آپ وہاں سے۔۔۔"وہ ابرش کی دھڑکنوں پر اپنے ہونٹوں کا لمس چھوڑتا اس کو مزید ڈرا رہا تھا۔

"وہ میں سر۔۔۔"ابرش پوری طرح سے اس وقت کنفیوز ہو چکی تھی اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی وہ ضامن کو کیا کہہ کر تسلی دیتی جب کہ ضامن اس

کے بارے میں جان چکا تھا شاید ضامن یہ جان چکا تھا کہ وہ ضامن کے پاسٹ کے بارے میں جاننے کے لیے گئی تھی یہ خیال آتے ہی اس نے بے سخت ضامن کو دیکھا جو اپنے کام میں پوری طرح سے مصروف تھا۔۔۔

"اہہہہہ۔۔۔۔" ایک جان لیوا سسکی ابرش کے ہونٹوں سے نکلی کیونکہ اس کو کسی جنگلی کیڑے نے کمر پہ کاٹ لیا تھا ابرش کی انکھوں سے انسو بہتے اس کے رخساروں پر نکلے تھے ضامن بے ساختہ اٹھتے اسے اپنے سینے سے لگایا تھا

۔

ابرش کا یکدم سے رونا اس کو پوری طرح سے پریشان کر گیا تھا وہ کیوں رو رہی تھی کیا ضامن کا لمس اس کو تکلیف دے رہا تھا اگر ایسا تھا تو ضامن ایسا ہی کرنے والا تھا۔

"سسس۔۔۔۔۔" ایک اور سسکی ابرش کے ہونٹوں سے نکلی تھی۔

"مس ملک کیا ہوا۔۔۔؟ آپ ٹھیک ہیں۔۔۔" ضامن اس پر جھکتے بولا اس کی انکھوں سے بہتے انسو کو اپنے انگوٹھے سے چن گیا تھا۔

"میری کمر۔۔۔" اس کو اپنی کمر میں شدید درد محسوس ہو رہا تھا ضامن نے اس کا رخ بدلتے اس کی شرٹ اوپر کرنی چاہی تو ابرش نے اس کے ہاتھوں پر ہاتھ رکھتے اسے ایسا کرنے نہیں دیا تھا۔

"مس ملک دیکھنے دے مجھے کیا ہوا ہے۔۔۔" ضامن کو احساس ہو رہا تھا اسے ابرش کو نیچے زمین پر نہیں لوٹانا چاہیے تھا ابھی تک تو رات کے تقریبا 12 بجے تھے صبح ہونے سے پہلے وہ یہاں سے نہیں نکل سکتے تھے اسے اس پاس کوئی جگہ دیکھنی تھی رات بھر یہاں نہیں رک سکتے تھے یہ جگہ سیکیور نہیں تھی ان کے لیے۔

"سر نہیں کریں پلیز « « « « "ابرش کپکپاتے ہونٹوں سے بولی تھی ضامن جو کرنے جارہا تھا وہ اچھے سے جانتی تھی ہاں اسے اپنی پیٹھ پر بہت درد محسوس ہو رہا تھا شاید اسے کسی زہریلے کیڑے نے کاٹا تھا لیکن وہ پھر بھی ایسی سچویشن میں بھی ضامن کے اتنے قریب وہ کافی گھبرا گئی تھی جبکہ ضامن نے اس کا رخ بدلتے اس کے پیٹھ اپنی طرف کرتے اس کے ٹی شرٹ اوپر اٹھائی تو اس کی پیٹھ پر بنے بنے زخم کو دیکھتے ہوئے لب بھیج گیا تھا شاید اسے کسی چیز نے کاٹا تھا اس کی وجہ سے اس کی کمر پر موجود زخم اور اب اس پاس کے جگہ بھی نیلی ہونی شروع ہو گئی تھی شاید وہ کچھ زیادہ زہریلا تھا ضامن لب بھینچ کیا۔

جب کہ ابرش رو رہی تھی وہ کیا کرتی سے اپنے آنسو ضبط کرنا بہت مشکل ہو رہا تھا وہ ضامن کی انگلیوں کا لمس اپنی پشت پر محسوس کرتے۔

"وہ۔۔۔۔۔۔۔"ابرش کی بے ترتیب شرٹ ضامن نے ٹھیک کرتے اس کو بانہوں میں بھرا تھا یہاں رکنا خطرے سے خالی نہیں تھا وہ دونوں اس جگہ رات رہتے تو ممکن تھا کہ مزید ان کے ساتھ کچھ برا ہو جاتا وہ ابرش کو بانہوں میں اٹھاتے اگے بڑھا آگے اس سے ایک غار نما چیز نظر آئی وہ لوگ جہاں رات کو رک سکتے تھے اس جگہ سے تو کافی سیف تھی۔

"ہم کہاں جا رہے ہیں۔۔۔"ابرش نے اٹکتے پوچھا۔

Don't worry, I'm not taking you away with me. ""

After what you've done, you can't expect me to

"...take you anywhere with me

"ڈونٹ وری اپنے ساتھ بھگا کر نہیں لے کر جا رہا ہوں آپ کو جو آپ کر چکی ہیں اس کے بعد آپ یہ ایکسپیکٹ نہیں کر سکتی کہ میں آپ کو اپنے ساتھ

کہیں لے کر جاؤں گا۔۔۔۔"وہ سپاٹ لہجے میں بولا تو ابرش نے ایک کٹیلی نگاہ اس پر ڈالی ضامن نے سیل فون کی بیٹری کم تھی۔

اندر تھوڑی بہت ہی روشنی تھی ضامن نے اپنے سیل فون نکالتے سب سے پہلے سٹاف ممبرز کو اطلاع دینے کا سوچا تا کہ وہ لوگ ان کے بارے میں پریشان نہ ہو کیونکہ ابھی تک ضامن اپنی خیریت سے ہونے کے بارے میں کسی کو کوئی اترا نہیں دے سکا تھا اس یقیناوہ سب لوگ ان کی غیر موجودگی کی وجہ سے پریشان ہو رہے ہوں گے ضامن نے ابرش کو وہاں بٹھایا اور خود اپنا سیل فون نکالتے اس نے اپنے سٹاف ممبر کا نمبر ملایا لیکن نمبر اف تھا اس نے دانت پیستے فزا کا نمبر ملایا جو پہلے ہی کال پر اٹھالیا گیا۔

"سر آپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔"مس ملک ملی یا نہیں....؟ہم سب لوگ بہت پریشان ہیں مس ملک کے فادر کی دو بار کالز آچکی ہیں ہم نیکسٹ ٹائم کیا کریں

گے اپ بتائیں کچھ آپ کو پتہ چلا....؟"فزا بے قراری سے ابرش کے بارے میں پوچھ رہی تھی حالانکہ ان دونوں کی ایک دوسرے سے جتنی بیزاریت تھی ضامن کو یقین نہیں ہوا تھا کہ فزا ابرش کے لیے اتنی پریشان ہو رہی ہے۔

"مس ملک ٹھیک ہیں اور ہم لوگ بالکل ٹھیک ہیں پر کل صبح تک ہوٹل پہنچ جائیں گے آپ باقی سٹاف ممبر کو بھی اطلاع دے دیں اور ان کے والد کے بارے میں آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے انہیں ہم خود بتا دے دیں گے اپنے خیریت سے ہونے کی اطلاع۔۔۔۔"وہ بولا اور کال کٹ کر دی پھر اس نے نہ جاتے ہوئے قیوم ملک کو کال کی تھی وہ اس انسان کو کبھی کال نہیں کرنا چاہتا تھا ہاں لیکن اب مجبوری تھی ایک طرف عائلہ

تھی اور دوسری طرف ابرش وہ ابرش کی خیریت کی اطلاع ان کو دینا چاہتا تھا۔۔۔

وہ ابرش کے لیے تو شاید یہ کبھی نہیں کرتا لیکن عائلہ کو پریشان وہ نہیں دیکھ سکتا تھا جانتا تھا اس کی بہن وہاں تھی اگر یہاں ابرش کے ساتھ کچھ ہوتا تو اس کا اثر اس کی بہن پر بھی پڑتا اور یہی بات ضامن برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

ابرش کی وجہ سے پہلے ہی عائلہ اور وہ بہت کچھ برداشت کر چکے تھے اب مزید ابرش کی وجہ سے عائلہ کی زندگی میں کوئی مشکل ائے ضامن برداشت نہیں کرنے والا تھا۔

اسے اپنی بہن کو خوش دیکھنا تھا وہ جانتا تھا کہ عائلہ کبھی یرمان کے ساتھ کچھ نہیں رہ سکتی لیکن پھر بھی وہ اپنی بہن کو کسی تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا۔

"کس کو کال کی آپ نے۔۔۔۔؟" ابرش کو پتہ چل گیا تھا کہ ضامن نے تھوڑی دیر پہلے کسی اور کو نہیں بلکہ فزا کو کال کی تھی تو وہ تلملاتے اٹھتے ضامن کے قریب آئی تھی ضامن فزا سے بات کرے یہ ابرش برداشت دینے کر سکتی تھی اس کے نزدیک ضامن سر اس کا تھا اور اسی سے بات کرنے کا حق بھی ابرش ملک کو ہی تھا۔ ضامن اس کے علاوہ کسی اور سے بات کریں یہ وہ ہونے ہی نہیں دے سکتی تھی ضامن صرف اس کا تھا۔

جبکہ ضامن شدید غصے میں تھا پہلے ہی اس کی وجہ سے وہ یہاں بری طرح سے پھنس چکا تھا اوپر سے ابرش کے سوال اس کو مزید تلملانے پر مجبور کر گئے تھے۔

"اس چشمش سے بات کر رہے تھے نا آپ۔۔۔۔؟" ابرش نے انگلی اٹھانے ہونٹوں کو پیستے جواب دیا تھا۔

"سو واٹ مس ملک کی آپ کا مسئلہ نہیں ہے میں کسی سے بھی بات کروں آپ ہوتی کون ہیں مجھ سے سوال جواب کرنے والی۔۔۔۔!؛"ضامن جو پہلے ہی تپا ہوا تھا عائلہ کو سوچتے ابرش کا ایسے سوال کرنا اس کو مزید تلملانے پر مجبور کر گیا تھا۔

"واٹ ڈو یو مین (کیا مطلب ہے آپ کا۔۔۔؟) میں آپ کی بیوی ہوں۔۔۔۔"ابرش نے جیسے ضامن کو نہیں خود کو احساس دلایا تھا کہ ضامن اور اس کا نکاح ہوا ہوا ہے اور ضامن اس کا شوہر ہے۔

"رئیلی میں نہیں مانتا ہوں اس رشتے کو۔۔۔"ضامن بھڑکا۔

"نہیں مانتے ہیں تو یہاں کس حق سے کھڑے ہیں آپ کیوں آئے۔۔۔۔؟؟میرے پیچھے.... کیوں نہیں چھوڑ دیا مجھے اکیلا....؟اگر آپ اس رشتے کو نہیں مانتے ہیں تو مجھے بچانے آئے ہی کیوں....

آپ....؟"بہت سے سوال تھے جو ابرش کے ذہن میں چل رہے تھے وہ یہی تو سوچ رہے تھے ضامن کہاں اسے پسند کرتا تھا ضامن تو اس سے نفرت کرتا تھا پھر بھلا کیوں آیا اس کے پیچھے۔

"آپ کو لگتا ہے میں آپ کے لیے آپ کے پیچھے آیا ہوں۔۔۔۔۔؟"زامن اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے بولا تو ابرش نے حیرانگی سے دیکھا۔

"یہی سچ ہے سر۔۔۔۔!؛"وہ ضامن کی آنکھوں میں دیکھتے بولی۔

"خوش فہمی ہے آپ کی میں آپ کے پیچھے کیوں آیا یہ آپ کبھی سمجھ ہی نہیں سکتی مس ملک اور نہ ہی میں چاہتا ہوں کہ آپ اسے ریزن کو کبھی سمجھیں چپ چاپ جہاں بیٹھ جائیں ہمیں تقریباً چھ سات گھنٹے یہاں رہنا ہو گا۔۔۔۔!؛"وہ ابرش کے سرد لہجے میں کہتے اپنا سیل فون کان سے لگا گیا تھا۔

مطلب صاف تھا کہ وہ پھر اس سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتا تھا جبکہ ابرش اس کو پھر سے سیل فون میں بزی دیکھتے ہیں مزید غصے میں آتی اس کے قریب اتے اس کا سیل فون چھیننے کی کوشش کرنے لگی ضامن نے اس کو دھکہ دیا تھا ابرش اس اچانک حملے کے لیے تیار نہیں تھی۔

وہ پیچھے کو گری تھی اور بے یقینی سے ضامن کو دیکھ رہی تھی اسے یقین نہیں آرہا تھا ضامن نے اس کو دھکہ دیا تھا۔

"یہ سب کر کے کیا ثابت کرنا چاہتی ہیں آپ مس ملک کہ ہم ایک ہیپی کپل ہیں ہمارے درمیان سب کچھ ٹھیک ہے آپ کی یہ سائیڈ سے مجھے بہت کچھ شو کرواتی ہیں لیکن میرے پر اپ کے باتوں کا کوئی اثر نہیں ہونے والا سمجھی آپ۔۔۔۔؟!" ابرش کے دونوں ہاتھ ابھی تک ضامن پر تھے جبکہ اس کی پشت میں بنے زخم میں اب شدید درد کی لہریں اٹھ رہی تھی۔

وہ چاہا کر بھی اپنی سسکیاں نہیں روک پا رہی تھی ضامن کا یہ رویہ اسے بہت تکلیف دیتا تھا۔

"میں ایسا کچھ بھی نہیں سوچ رہی ہوں نہ ہی میں ایسا کچھ کرنا چاہتی ہوں میں جانتی ہوں ہمارے درمیان سب نارمل نہیں ہے سر لیکن آپ جو کر رہے ہیں وہ بھی ٹھیک نہیں ہیں۔۔۔۔" ابرش نے اس کو احساس دلانا چاہا کہ وہ تو غلط کر چکی تھی لیکن اب ضامن یہی سب کر کے کون سا اچھا کر رہا تھا وہ بھی تو یہی سب کر رہا تھا۔

جو ابرش سے غلطی سے ہوا ضامن وجان بوجھ کر کھا رہا تھا۔

"ویری گڈ آپ ایسا کچھ نہ ہی چاہیں تو بہت اچھی بات ہے۔۔۔۔!؛" ضامن اس پر سے اٹھتا کہ ابرش نے ضامن کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے اپنی طرف

کھینچا تھا ضامن ابرش پہ گرا تھا وہ شاید اس اچانک ہوئی کاروائی کے لیے تیار نہیں تھا اور اس کا سارا وزن ابرش کے نازک موجود پر تھا۔

ابرش خود نہیں جانتی تھی کہ وہ یہ کیا کر رہی تھی ہاں لیکن فزا کا ضامن سے بات کرنا اس کے تن بدن میں اگ لگا گیا تھا وہ بھڑکتا تندوری ہی تو بنی تھی وہ یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتی تھی کہ ضامن فزا سے بات کریں اس فزا سے اسے شدید طیش ہو چلا تھا ان دنوں جب سے وہ ضامن سے بات کر رہی تھی فزا کو لے کر ابرش کافی حد تک بدگمان ہو چکی تھی۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ ضامن کو سمجھ پاتا ابرش نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھتے اسے خود سے الگ کرنا چاہا سمجھ گئی تھی کہ وہ غلطی کر چکی اور اب ضامن کا غصہ یقینی تھا۔

"مس ملک یہ کیا حرکت تھی۔۔۔۔؟"ضامن اس کے اوپر پوری طرح سے جھکا ہوا تھا کہ ضامن کی گرم سانسی ابرش کو اپنا چہرہ پر محسوس ہو رہی تھی۔

"سوری سر وہ مائی مسٹیک۔۔۔۔۔!؛"جو حرکت کی تھی وہ تو جان بوجھ کر گئی تھی لیکن وہ پھر بھی معذرت کر رہی تھی کیونکہ جانتی تھی کہ ضامن اب اس پر غصہ کرے گا یہ جگہ جنگل کے مقابلے میں کچھ بہتر ہی تھی تھوڑی بہت روشنی بھی تھی لیکن ابرش کو اپنے زخم میں شدید درد محسوس ہو رہا تھا اس کی نیلی آنکھوں سے انسو ایک بار پھر سے بہنے لگے تھے۔

ضامن جو ابرش کے ایسے کھینچنے پر گرا تھا اور شدید غصے میں تھا ابرش کو بہت کچھ سنانے کا ارادہ بھی رکھتا تھا لیکن ابرش کی آنکھوں میں انسو دیکھتے وہ پل بھر کے لیے نرم پڑا تھا۔

"مس ملک اپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔؟" وہ خود کو روک نہیں سکا تھا ابرش کی کیئر کرنے سے۔

"مجھے درد...." وہ ضامن کو اپنی تکلیف سے اگاہ نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن اس پل درد تھا کہ بڑھتا ہی جا رہا تھا وہ چاہا کر بھی خود کو روک نہیں سکی تھی ضامن کو بتانے سے اور ضامن نے آس پاس جگہ دیکھی تو اسے کچھ بھی ایسا نظر نہیں آ رہا تھا جو ابرش کے زخم پر لگا سکتا ابھی سے قیوم ملک کو کال بھی کرنی تھی لیکن اس وقت امپورٹنٹ تھی ابرش جو بری طرح سے رو رہی تھی۔

درد کی شدت سے اس کی نیلی آنکھوں سے انسو بہتے ہی جا رہے تھے ضامن نے کوئی سوچتے اسے دیوار کے ساتھ بٹھایا ابرش بیٹھی ضامن کو دیکھ رہی

تھی کہ وہ اب کیا کرنے والا ہے ضامن نے نرمی سے اپنی جیکٹ اتارتے سائیڈ پر رکھی تھی۔

وہ وائٹ کلر کی فل سلیوز شرٹ میں ملبوس تھا اس نے اپنی شرٹ کے بٹن کھولتے ہی اپنی شرٹ کو اپنی وجود سے الگ کیا تو ابرش نے نظریں پھیری وہ اب صرف سٹینڈو ملبوس تھا اس کے کشادہ سینے کو دیکھتے ابرش کے چہرے پر گلال بکھرا تھا۔

وہ خوبصورت تھا بہت خوبصورت یونیورسٹی کی ساری لڑکیوں کا کرش لیکن وہ صرف ابرش ملک کا تھا دل پل بھر کے لیے خوش فہم سا ہوا تھا۔

ضامن نے ابرش کی ٹی شرٹ کے بٹن کھولنے چاہے تو ابرش نے نفی میں سر لایا۔

"یہ ضروری ہے۔۔۔۔؟؛"ضامن سنجیدگی سے بولا اور اس کی شرٹ کے ایک ایک کر کے سارے بٹن کھول دیے تھے ابریش پنک کلر کے انر میں ملبوس تھی۔

اس کے گہرائیوں دیکھتے ضامن نے اپنی آنکھیں میچ لی تھی یہ دو جادئی لمحے اس پر اس کو اپنے سحر میں جکڑ رہے تھے ضامن کو۔

ابرش کی ٹی شرٹ کافی خراب ہو چکی تھی اگر وہ اس سے پہلے رکھتی تو اس کا زخم مزید خراب ہو جاتا ضامن نے اپنی شرٹ اتارتے ابرش کو پہنانی چاہیے ابرش کو اس سے کافی جھجھک محسوس ہو رہی تھی ہاں اتنا اندھیرا تھا کہ ضامن اس کو ٹھیک سے دیکھ نہیں پاتا لیکن پھر بھی وہ ضامن کے سامنے اس حلیے میں تھی اس کو شرم محسوس ہو رہی تھی ضامن کی نظریں اسے اپنی گہرائیوں کے ار پار ہوتی محسوس ہو رہی تھی اس کو شرٹ پہناتے زمین نے

کافی ضبط کا مظاہرہ کیا تھا ورنہ ابرش اس کے اتنے قریب کہاں کون سی نفرت وہ سب بولتا جا رہا تھا ضامن نے ابرش کی سٹرپ میں انگلی پھساتے ابرش کو اپنے قریب کیا تھا اتنا کہ ابرش کی وجود سے اٹھتی مہک ضامن کو اپنے قریب محسوس ہو رہی تھی۔

ضامن نے اس کی گردن میں چہرہ چھپاتے اپنے ہونٹ رکھے تو سرد لہریں ابرش کو اپنے وجود میں سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی۔

ضامن کے ہونٹ جابا جا اس کے بے جا گردن کو اپنی شدتوں سے جامنی کر رہے تھے لمحے کافی فسوں خیز تھے ابرش نے ضامن کو خود سے الگ نہیں کر پا رہی تھی جانتی تھی وہ ایک جوان مرد تھا اور پہلو میں اس کے جائز رشتہ تھا ہاں ان کے درمیان نفرت تھی لیکن جانتی تھی کہ اس کا رعنائیاں بکھرتے وجود سے ضامن تا دیر نظریں نہیں چھڑا سکے گا۔

وہ مسکرائی تھی اور مسکراتے اس نے ضامن کی گردن میں بانہیں ڈالی جیسے ضامن کو اشارہ دے دیا تھا ضامن کے ساتھ لپٹتے وہ ضامن کو اپنی نازکی کا احساس دلاتے اس بار جیسے ان جادوئی لمحات کو مزید سحر میں جکڑ رہی تھی اور ضامن جو اس پل واقعی میں سب کچھ بولتے ابرش کے وجود کی گہرائیوں میں کھونے والا تھا ابرش جیسے ہی اس کے سینے سے لگی اس نے ایک جھٹکے سے ابرش کو خود سے الگ کیا تھا۔

کیسے بھول سکتا تھا وہ سب کچھ جو ابرش نے کیا تھا تیزی سے ابرش کو شرٹ پہناتے وہ اٹھتے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیر گیا تھا ایک گہرا سانس بھرتے اس نے اپنا ہاتھ دیوار پر دے مارا تھا یہ کیا کرنے جا رہا تھا کیا اس قدر نفس کا ہلکا انسان تھا وہ کہ اس کی خوبصورتی دیکھتے وہ بہک ہی تو گیا تھا ضامن کو خود پر شدید غصہ آ رہا تھا۔

"سر...." ابرش کو یقین نہیں ارہا تھا کہ اس کے اتنے قریب ہوتے وہ پیچھے ہٹ گیا تھا ضامن نے اس کو ٹی شرٹ تو پہنا دی تھی لیکن اس نے ابھی تک شرٹ کے بٹن بند نہیں کیے تھے وہ ہوز بیٹھ رہی تھی جیسے یقین کرنا مشکل تھا کہ ضامن خود پر ضبط کر گیا تھا اس کو امید نہیں تھی کہ اس کے اتنے قریب آتے اس کی گہرائیوں کو۔

وہ چاہتی تھی کہ اج رات یہاں اس جگہ پر اپنا اور اس کا رشتہ مکمل کرے اس کی نظریں ضامن پر تھی جو دیوار کو دیکھتے نہ جانے کیا سوچ رہا تھا ابرش نے اٹھتے شرٹ کے بٹن بند کیے تھے ضامن کی شرٹ وہ ناک سے لگاتے اس نے اس کی مہک انہل کی تھی۔ضامن کی خوشبو اسے اپنے قریب محسوس ہوئی تھی اس نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ ان کے درمیان اتنی قربت بھلرے لمحات بھی آئیں گے کہ وہ ضامن کے اتنے قریب ہوں گی۔

"مس ملک۔۔۔۔"ضامن نے پلٹتے ایک کٹیلی نگاہ ابرش کے وجود پر ڈالی تھی اس نگاہ میں کیا کچھ نہیں تھا نفرت غصہ ابرش پیچھے کو ہوتے لڑکھڑائی تھی ان گہری گالی آنکھوں میں اس نے ہمیشہ سے خود کے لیے نفرت ہی تو دیکھی تھی ضامن اس کو اگنور کرتا اپنا سیل فل کان سے لگا گیا تھا۔

بیٹری تقریبا پانچ پرسنٹ تھی اسے قیوم ملک کو اگاہ کرنا تھا ورنہ صبح تک نہ جانے کون سا ہنگامہ ہو چکا ہوتا جبکہ دوسری طرف قیوم ملک جو کہ کافی پریشان تھے انہوں نے اتنی دفعہ کال کی لیکن ابرش کا فون بند جا رہا تھا ان کو شدید پریشانی ہو رہی تھی وہ ابرش کی دوست کو بھی دو تین دفعہ کال کر چکے تھے لیکن وہ بھی بہانے بنا رہی تھی یرمان نہیں تھا اگر یرمان ابرش کے ساتھ ناران کا خان جاتا تو پھر قیوم ملک کو کوئی مسئلہ نہیں ہونا تھا۔

وہ ساری سچویشن کو سنبھال سکتا تھا لیکن اکیلے میں ان کے اتنے دشمن تھے بزنس حریف تھے اور پھر اب تو وہ سیاست میں بھی قدم رکھ چکے تھے تو بہت سے سیاسی پارٹیاں ان کے کمزوری کی تلاش میں تھی اور ابرش کے معاملے میں وہ کوئی بھی غفلت نہیں بھر سکتے تھے ہاں ان کو یقین تھا کہ ضامن ساتھ تھا تو ابرش محفوظ ہی رہتی لیکن ابرش کا سیل فون ایسے بند ہو جانا ان کو شدید پریشانی میں مبتلا کر رہا تھا اج وہ افس سے بھی جلدی گھر آ گئے تھے یرمان کو تو انہوں نے کہہ دیا تھا کہ وہ افس نہیں جائیں گے لیکن ایک بہت امپورٹنٹ میٹنگ کی وجہ سے ان کو جانا پڑا تھا عفت ملک کب سے اپنے شوہر کو روم میں ٹہلتا ہوا دیکھ رہی تھیں۔

اج وہ اس ٹائم گھر سے بھی نہیں نکلے تھے ورنہ تو وہ اس ٹائم ضرور جاتے تھے نہ جانے کہاں جاتے تھے انہوں نے افس سے بھی کافی لوگوں سے پتہ

کروانے کی کوشش کی لیکن ان کو کچھ بھی معلوم نہیں ہو سکا اس بارے میں کہ آخر قیوم ملک رات کے اس پیر سے اتے کہاں تھے وہ اپنے شوہر کا یہ بدلا بدلا رویہ دیکھتے بہت پریشان تھی ایک طرف مایا کی طرف سے پریشانی تھی یرمان اور عائلہ کے رشتے کی پریشانی تھی اور اب یہ قیوم ملک کی طرف سے پریشانی ہو ہوئی تھی یکدم سے پریشانیوں نے انکو آن گھیرا تھا انہیں کچھ بھی کر کے عائلہ کو اپنے بیٹے کی زندگی سے نکال باہر کرنا تھا۔

وہ کسی بھی قیمت پر عائلہ کو اپنی بیٹی کی زندگی میں نہیں رہنے دے سکتی تھیں انہیں مایا کو اپنی بہو بنانا تھا ایک ایسی بہو جو سوسائٹی میں ان کے ساتھ موو کر سکے اس عائلہ جیسی دب کو نہیں کہاں ان کے ساتھ چل سکتی تھی بیٹے کے بدلے بدلے تیور تو وہ دیکھ ہی رہی تھیں جب سے وہ لڑکی ان کے بیٹے کی زندگی میں آئی تھی وہ پوری طرح سے بدل گیا تھا لیکن وہ یہ رشتہ کبھی قبول

نہیں کر سکتی تھی ایک طرف سے تو انہیں اپنے شوہر کی طرف سے پریشانی تھی۔

"قیوم کیا ہو گیا اپ کو ابرش وہاں پورے گروپ کے ساتھ ہے آپ ایسے پریشان ہوں گے تو آپ کی طبیعت مزید خراب ہو جائے گی...." وہ اپنے نائٹ گاؤں کی ڈوریاں مزید کستے بیڈ سے اٹھتے شوہر کے قریب آتے ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ گئی تھیں قیوم ملک نے پلٹتے اپنی بیوی کو دیکھا جو بلیک کلر کے نائٹ گاؤں میں اج بھی پہلے دن کی طرح ان کا دل دھڑکا گئی تھی لیکن جو درمیان میں ہو چکا تھا وہ بھول نہیں سکتے تھے۔

"بیگم آپ کو کوئی فکر نہیں ہو گی لیکن مجھے اپنی بیٹی کی فکر ہے اس کا فون بند ہے کتنے گھنٹوں سے وہ کس حال میں ہو گی اس کی دوست بہانے بنا رہی تھی

میں جانتاہوں اچھی طرح سے۔۔۔۔"وہ پریشانی سے اپنی بیرڈ سہلارہے تھے۔

"قیوم ہو سکتاہے وہ سو گئی اور سیل فون اس نے اف کر دیاہو آپ تو ویسے ہی کچھ زیادہ سوچ رہے ہیں۔۔۔۔"انہوں نے شوہر کو تسلی دیناچاہیے جبکہ اسی پل قیوم کا سیل فون بجا تھا کسی انجان نمبر سے کال ارہی تھی انہوں نے ریسیو کر لی۔

"ہیلو کون۔۔۔۔"انہوں نے فون کان سے لگاتے پوچھا۔

"بہت کچھ کر سکتا ہوں۔۔۔!؛" وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے بولا تھا مذید کچھ بولتا کہ اس کا فون بجا تھا وہ ابرش کو سائیڈ پہ کرتا فون اٹھاتے کان سے لگائے کھڑکی کی طرف آیا تھا۔

"کون۔۔۔" اس کے نمبر سیو نہیں تھا۔

"میں ہوں قیوم ملک۔۔۔" ضامن نے فون کان سے ہٹائے سکرین پہ جگمگاتے نمبر کو دیکھا تھا قیوم ملک کو رات اس نے کال کی تھی اس کا نمبر یقیناً اُنہوں نے سیو کیا تھا تبھی تو دوبارہ وہ فون کر رہے تھے۔

"جی فرمایئے کیا کہنا ہے آپ نے۔۔۔!؛"ضامن شاید ان سے بات بھی نہیں کرتا لیکن عائلہ کا سوچتے اس نے خود پہ کنٹرول کیا تھا۔

"ابرش ٹھیک ہے اس کا فون بند ہے۔۔۔؟"وہ اپنے ماتھے پہ آیا پسینہ صاف کر رہے تھے وہ پچھلے آدھے گھنٹے سے انگاروں پہ جل رہے تھے ان کو کچھ دیر پہلے ایک نمبر سے ابرش کی ویڈیو ریسیو ہوئی تھی ان کے پیروں سے زمین نکلی تھی ان کی بیٹی کیسے وہاں جا سکتی تھی وہ کب سے ابرش کا نمبر ملا رہے تھے لیکن وہ ریسیو نہیں کر رہی تھی مجبوراً ان کو ضامن کے نمبر پہ فون کرنا پڑا تھا۔

"یہ آپ اپنی بیٹی سے پوچھیں مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہیں میں آپ کی بیٹی کا گارڈز نہیں ہوں جو مجھے آپ کی بیٹی کے بارے میں پتہ ہو گا۔۔۔!؛"وہ پہلے

ہی ابرش کی وجہ سے بھڑکا ہوا تھا اس نے سارا نزلہ ان پہ گرا دیا تھا اور قیوم ملک اس لڑکے کی بدتمیزی پہ تلملاتے فون کو گھورنے لگے تھے۔

"تمھارے ساتھ تھی وہ اس کا فون بند ہے تم بتاؤ وہ کیسی ہے ٹھیک ہے ناں وہ تمھارے ساتھ ہے۔۔۔!؛وہ ٹھیک ہے ناں۔۔۔؟" وہ ابرش کو لیکر ایسے ہی ایموشنل ہو جاتے تھے تھوڑی دیر پہلے دیکھی گئی ویڈیو کو دیکھتے ان کا بھاری ہو رہا تھا۔

"وہ ٹھیک ہیں ہم لوگ روم میں ہیں۔۔۔!؛" ضامن کو قیوم ملک کے لہجے میں کچھ ٹوٹتا سا محسوس ہوا تو اس نے مذید دیر کیے بغیر انہیں ابرش کے بارے میں بتایا تھا۔

"وہ سچ میں ٹھیک ہے۔۔؟" انہوں نے ٹیشو سے اپنی پیشانی پہ آیا پسینہ صاف کیا تھا دل سے جیسے من و من بوجھ ہٹ گیا تھا۔۔

"جی میں آپ سے جھوٹ کیوں بولوں گا آپ کی بیٹی ٹھیک ہے۔۔۔اوئر اب میں فون رکھتا ہوں۔۔۔"وہ چاہا کر بھی قیوم ملک سے عائلہ کے بارے میں نہیں پوچھ سکا تھا حالانکہ دل چاہا تھا کہ وہ ان سے عائلہ کے بارے میں پوچھے

۔

"ابرش کا خیال رکھنا پلیز یہ Request ہے میری۔۔۔"وہ پریشان تھے ابرش کو لیکر بھلے وہ ٹھیک تھی لیکن اُس ویڈیو کے بارے میں ان کو پتہ کرنا تھا آخر کون تھا جس نے ان کو وہ ویڈیو sent کی تھی۔

"آپ اوئر Request یقین نہیں آرہا ہے۔۔۔"ضامن کا لہجہ طنزیہ تھا حالانکہ معلوم تو اسے بھی تھا کہ ابرش کے ساتھ کچھ بھی ہو سکتا تھا اُس فارم ہاؤس میں کچھ تھا درمیان میں جو وہ نہیں جانتا تھا۔

"تم شوہر ہو میری بیٹی کے۔۔۔"

"زبردستی کا شوہر۔۔۔یہ نکاح جن حالات میں ہوا آپ جانتے ہیں اچھے سے۔۔۔۔!؛"ضامن کے سامنے جب جب وہ ہال کا منظر آتا تھا اس کے لفظوں میں کڑواہٹ آجاتی تھی وجہ وہ خوُد بھی نہیں جانتا تھا کہ ایسا کیوں ہوتا تھا۔

The truth is, you are Abrish's husband, and tell me" one thing: how can your pride tolerate the fact that your wife is away from you while you are married? How can you bear it? If anyone were in your place, they would have sent Abrish away "....\with them by now

"حقیقت یہی ہے تم ابرش کے شوہر ہو اور ایک بات بتاؤ تمھاری غیرت یہ گوارہ کیسے کرتی ہے کہ تمھارے نکاح میں ہوتے تمھاری بیوی تم سے دور ہے کیسے برداشت کرتے ہو تم۔۔۔۔؟ تمھاری جگہ کوئی بھی ہوتا تو اب تک وہ ابرش کو اپنے ساتھ رخصت کروا چکا ہوتا۔۔۔" قیوم ملک کی باتوں پہ ضامن نے اپنا غصہ بمشکل ضبط کیا تھا وہ یہ سب کیوں بول رہے تھے ہاں ابرش اس کی بیوی تھی اس کے نکاح میں تھی لیکِن وہ کہاں مانتا تھا اس رشتے کو۔

" If you think you can emotionally blackmail me like this, then you are making a huge misunderstanding. Nothing like that is going to happen, father-in-law."

"آگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ ایسے مجھے ایمو شنل بلیک میل کر سکتے ہیں تو یہ آپ کی بہت بڑی غلط فہمی ہے سسر جی ایسا کچھ نہیں ہونے والا ہے۔۔۔"ضامن کو ویسے ہی ابرش پہ حد سے زیادہ غصہ آیا ہوا تھا اوُر قیوم ملک کا رخصتی کے متعلق بات کرنا اسے مزید غصہ دلا گیا تھا۔

" Take care of Abrish, remember, if anything happens to my daughter, your sister will suffer the consequences..."

"ابرش کا خیال رکھنا میری بیٹی کو کچھ ہوا تو تمھاری بہن اس کا خمیازہ بھگتے گی یاد رکھنا۔۔۔"ملک فیملی کو بس ایک یہی دھمکی تو ملی ہوئی تھی جب کچھ آور نہیں سوجھتا تو عائلہ کے حوالے سے ضامن کو ٹارچر کرتے تھے۔

"انہہ اوئر کیا کر سکتے ہیں آپ۔۔۔!؛"ضامن طنزیہ بولتے ان کی سنے بغیر ہی کال کاٹ چکا تھا وہ مذید تلملا گئے تھے داماد تو ان کو ٹکر جس ملا تھا جو ان کی کسی دھمکی کو خاطر میں نہیں لاتا تھا۔

وہ کچھ دیر تو سوچتے رہے پھر انہوں نے پرنسپل کو فون کیا جو اپنے آفس میں بیٹھے تھے۔

"جی قیوم ملک صاحب کیسے ہیں آپ۔۔۔؟"ان کا انداز خوشامدی تھا۔

"آپ سے کام ہے۔۔۔!؛"وہ کال بھی تبھی کرتے جب ان کو کوئی کام ہوتا ۔۔

"ہاں جی بولیں آپ۔۔۔!؛"پرنسیل صاحب سیدھے ہوئے تھے نجانے قیوم ملک اب کیا کہنے والے تھے۔۔

قیوم ملک نے پھر پرنسپل صآحب کو بات گول مول کرتے بتادی جس کو سنتے وہ خاصے پریشان ہوئے تھے لیکن قیوم ملک کے منہ سے ضامن کی تعریف سنتے ان کو اچھا لگا تھا۔

"اب تو سب ٹھیک ہے پھر آپ کیا چاہتے ہیں۔۔۔؟!" پرنسپل صآحب سنجیدگی سے بولے تھے۔

"آپ ضامن سے بات کریں کہ وہ ابرش کا خیال رکھے اس کی سکیورٹی ویسے تو میں نے بڑھادی ہے لیکن پھر بھی ضامن سے بہتر خیال ابرش کا کون رکھے گا وہاں۔۔۔" وہ آہستگی سے بولے تو پرنسپل صاحب نے گہرا سانس بھرا ضامن تو ابرش اور ان لوگوں کے نام سے بھی چڑتا تھا اور یہاں قیوم ملک یہ چاہتے تھے کہ وہ ضامن سے بات کریں۔

It's better if I talk to Qayyum Malik. Don't worry "
about the guarantor. Everything will be fine. I tell
the staff members to return this evening. There
"....might be danger there

"بہتر ہے قیوم ملک میں بات کرتا ہوں ضامن سے آپ پریشان نہیں ہوں سب ٹھیک ہو جائے گا میں سٹاف ممبرز سے کہتا ہوں کہ آج شام کو سب واپس آجائیں وہاں خطرہ ہو سکتا ہے۔۔۔"پرنسپل کو یہ ہی مناسب لگا کہ اس سے پہلے کہ کچھ ہو وہ سارے سٹوڈنٹس اوَر سٹاف کو واپس بلالیں۔

"ہاں یہ بھی ٹھیک ہے لیکن جتنی دیر وہ لوگ وہاں ہیں ضامن ہی ابرش کا خیال رکھے گا۔۔۔"وہ بولتے فون کاٹ گئے اوَر پرنسپل صاحب نے فون ٹیبل پہ رکھتے اپنی پیشانی سہلایی تھی۔

•••••

ابرش ضامن کے پیچھے کھڑکی تک آئی تھی وہ کس سے بات کر رہا تھا ابرش کو سمجھ تو نہیں آئی لیکن اس کے چہرے پہ پھیلی سنجیدگی ابرش کو کچھ غلط ہونے کا اشارہ دے رہی تھی وہ سنجیدگی سے کھڑکی سے باہر دیکھ رہا تھا۔

"sir"

"سر۔۔۔۔"وہ کچھ دیر پہلے کے ہوئے واقعے کے اثر کو بھلائے ایک بار پھر سے ضامن کے قریب آئی تھی جبکہ ضامن اس سے بات کیے بغیر واپس کمرے میں آیا بیگ تو پیک تھا ہی اس کو واپس نکلنا تھا لیکن قیوم ملک نے اس کو عائلہ کی دھمکی دے دی تھی یہاں وہ ابرش کے ساتھ کچھ کرتا وہاں عائلہ پر اثر پڑتا۔

"آپ سے بات۔۔۔"

"...What's wrong with you"

"واٹس رونگ ودیو۔۔۔۔"ضامن نے اچانک سے ابرش کی کلائی تھامے اسے اپنی طرف کھینچا تھا اور اس کی پیٹھ اپنے سینے سے لگائے اس کے گرد بازوؤں حائل کرتے اسے اپنی گرفت میں دبوچا تھا۔

"sir"

"سر۔۔۔"ابرش اس کے سخت حصار میں سسکی تھی اس کے بھاری ہاتھوں کا لمس اس کو اپنی ریڑی کی ہڈی میں سنسناہٹ سی محسوس ہوئی تھی۔

"میرے قریب آنے کی دوبارہ کوشش مت کیجیے گا آپ لوگ جو چاہتے ہیں وہ کبھی نہیں ہو گا۔۔۔۔"وہ ابرش کو جھٹکے سے چھوڑتے پیچھے ہوا تو ابرش فرش پہ گری تھی۔۔۔

ضامن اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتا اپنے آندر اٹھتے وبال پہ ضبط کرنے لگا عین اسی لمحے اس کے سیل پہ میسج کا نوٹیفیکیشن آیا تھا جو پرنسپل صاحب کا تھا۔۔۔۔۔

اس نے وہ وائس نو سنا تھا وہ اسے ابرش کا خیال رکھنے کا کہہ رہے تھے ساتھ ہی انہوں نے کہہ دیا کہ وہ لوگ آج شام کو واپس آ جائیں۔

ضامن نے سکون کا سانس لیا وہ پہلے ہی واپس جانا چاہتا تھا اچھا تھا کہ پرنسپل نے خود ہی کہہ دیا واپسی کے لیے اب اسے اکیلے جانے کی ضرورت ہی نہیں تھی سب کے ساتھ جانا تھا۔

وہ ابرش کو کچھ بتائے بغیر ہی روم سے نکل آیا جبکہ ابرش کی آنکھوں میں ضامن کے نظر انداز کرنے پہ آنسو چمکنے لگے تھے جن کو وہ ہتھیلی سے صاف کرتے ضامن کے پیچھے نکلی تھی۔

ضامن کو وہ اکیلا نہیں چھوڑ سکتی تھی کسی بھی قیمت پہ نہیں میم انعم پہ اس کی نظریں تھی اور میم انعم کی نظریں سر ضامن پہ تھیں یہ تو وہ نوٹ کر ہی چکی تھی۔

عائلہ کی رخصتی ہو گئی تھی کیونکہ یرمان رخصتی چاہتا تھا ابرش نہیں جانتی تھی کہ یرمان کو عائلہ میں دلچسپی تھی یا نہیں لیکن وہ جیسے حیدرآباد سے عائلہ کو لیکر آیا اور پھر عائلہ نے بھی تو یرمان ملک کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا ایسے کاش کہ ضامن بھی اس ابرش کے لیے سٹیپ لیتا لیکن وہ جتنی نفرت ابرش سے کرتا تھا کم سے کم اس جنم میں تو ضامن رخصتی نہیں کروانے والا تھا۔

وہ باہر آئی تو ضامن کو سٹاف ممبرز کے ساتھ باتیں کرتے پایا اگر تو وہ انعم کے ساتھ ہوتا تو ابرش کبھی برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

وہ عائشہ کی طرف چلی آئی جس کی نظر بھی اس پہ پڑ چکی تھی اور پھر اسے دیکھتے وہ خود بھی ابرش کی طرف چلی آئی۔۔

"ابرش تم ٹھیک ہو؟ ہم سب کتنا پریشان ہو گئے تھے۔۔۔؟ اور تم گئی کہاں تھی۔۔۔؟" عائشہ کے لہجے سے ابرش کو واضح ہو رہا تھا کہ عائشہ اسے لیکر خاصی پریشان رہی ہے۔

".I'm fine, no need to worry, I'm in front of you"

"میں ٹھیک ہوں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے تمھارے سامنے ہوں۔۔۔" ابرش مسکراتے بولی اور پھِر کلاس کی باقی لڑکیاں بھی ابرش

سے حال حوال پوچھنے آئی تھیں فزا نے بھی مروتا ابرش سے حال پوچھا تھا اب ایک کلاس میں تھیں دونوں تو کب تک ایسے اختلاف پالے رکھتیں وہ ۔ابرش نے سب سے اچھے سے بات کی تھی سوائے فزا کے اس کو تو غصہ آیا وہ لمحات سوچتے جب ضامن نے فزا کو کال کی تھی۔۔۔۔۔۔

فزا سے وہ پہلے ہی اچھی خاصی بدگمان تھی مذید اسے اوٗر ضامن کو بات کرتے دیکھ کر اس کی بدگمانی مذید بڑھ گئی تھی فزا ابرش کا جواب نہ پاتے وآپس چلی گئی تھی ابرش یہ جانتی تھی کہ فزا نے ضامن کو اس کے بارے میں بتایا تھا تبھی کہیں جا کر ضامن کو یقین ہوا تھا۔

"وہ خود آئی تھی کر لیتی بات۔۔۔!؛"عائشہ کو اچھا نہیں لگا تھا ابرش نے فزا کو اگنور کیا۔

"تمھیں کیوں فزا سے ہمدردی ہو رہی ہے عائشہ۔۔؟" ابرش کا لہجہ طنزیہ ہوا تھا عائشہ کے لبوں سے فزا کی حمایت سنتے۔

"نہیں ہو رہی ہے مُجھے کوئی ہمدردی۔۔۔ میں تو ویسے ہی کہہ رہی تھی تم چھوڑو اس سب کو آؤ ناشتہ کرتے ہیں۔" عائشہ نے اسے اشارہ سے آگے بڑھنے کا کہا کیونکہ ناشتہ بالکل ریڈی تھا۔

"میں سر ضامن کے ساتھ کروں گی۔۔۔" ابرش ضامن کی طرف بڑھتی کہ عائشہ نے اس کو روک لیا تھا۔

"کیا کر رہی ہو تم ابرش وہاں سارا اسٹاف ہے۔۔۔" عائشہ ضامن کے غصے سے واقف تھی آگر ابرش وہاں جاتی تو یقیناً ضامن غصہ کرتا۔

"سو واٹ سارا سٹاف ہے تو کیا ہوا؟" ابرش نے شانے اچکائے تھے جیسے نارمل بات ہو۔

"ابرش ضامن سر کے غصے سے اچھی طرح سے واقف ہو تم۔۔۔۔وہ کتنا غصہ کرتے ہیں۔۔۔؟" عائشہ پریشانی سے ابرش کو سٹاف ممبرز کی طرف جانے سے روک رہی تھی۔

"جانتی ہو اور یہ بھی آچھے سے جانتی ہوں کہ ان کا سارا نزلہ مجھ پہ ہی گرتا ہے۔۔۔" ابرش منہ بنا گئی عائشہ نے جیسے تیسے سہی لیکن ابرش کو روک لیا تھا دوسری طرف ضامن کی نظریں ابرش پہ ہی تھیں وہ فزا کو ابرش کے پاس آتا دیکھ چکا تھا اسے فزا کا یہ ایکٹ اچھا لگا تھا لیکِن ابرش کا رؤیہ اسے بالکل مناسب نہیں لگا تھا۔

zaaman Sir, today is our third day. We had "
planned a week-long trip. Now, we are suddenly
returning? The principal said something, why are
they calling everyone back so urgently? First, our
yesterday was wasted because of the rain. Now,
we were going to go out and about, and the
".principal is saying we should return

"ضامن سر آج ہمارا تیسرا دن ہے ایک ہفتے کا ٹرپ پلان کیا گیا تھا اب یوں
اچانک سے واپسی؟ پرنسپل نے کچھ بتایا وہ اتنا ارجنٹلی سب کو واپس کیوں بلا
رہے ہیں۔۔۔پہلے تو ابرش کی وجہ سے ہمارا کل کا دن ضائع ہو گیا اب مذید
کچھ ہم لوگ گھومنے پھرنے جاتے کہ پرنسپل صاحب واپسی کا کہہ رہے

ہیں۔۔۔!؛"میم النعم نے جب سے ضامن کے منہ سے واپسی کا سنا تھا وہ پوچھ رہی تھیں کہ ایسے اچانک واپس جانے کی ضرورت کیوں پیش آئی آخر۔

"یہ تو آپ پرنسپل سر سے ہی پوچھیئے گا مجھے تو بس ان کا وائس نوٹ آیا جو آپ لوگوں کے ساتھ شئیر کر دیا میں نے۔۔۔ویسے بھی ایک ہفتے کے بعد تو واپس جانا ہی ہے تو بہتر ہے آج شام کو ہی واپس چلے جاتے ہیں۔

۔۔"ضامن مطمئن تھا وہ خود جو واپس جانا چاہتا تھا۔

"بٹ ابھی تو سٹوڈنٹس نے کافی ساری جگہیں وزٹ کرنی تھیں اچانک سے۔۔۔"میم النعم اپنے پوائنٹ پہ قائم تھیں۔

"اب جب ہم آج شام کو واپس جا رہے ہیں تو کیوں چھوٹی سی پارٹی کر لی جائے سٹوڈنٹس کے ساتھ ہوٹل کی بیک سائیڈ پہ جگہ ہے پارٹیز کے

لیے۔۔۔"ایک سٹاف ممبر نے مشورہ دیا جو کہ میم انعم کو تو بہت پسند آیا تھا

۔

"میرے خیال میں پارٹی کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔"ضامن نے انکار کیا وہ پارٹی کے حق میں نہیں تھا لیکِن باقی سارا سٹاف اسرار کر رہا تھا پارٹی کے لیے انہوں نے جب سٹوڈنٹس سے پوچھا پارٹی کے لیے تو وہ سب بھی ایگری تھی

۔

"بٹ سر ہم واپس کیوں جا رہے ہیں۔۔۔؟"ایک لڑکی نے پوچھا سال بھر میں بس ایک ہی تو ٹرپ ہوتی تھی یونیورسٹی کی طرف سے جس میں سارے سٹوڈنٹس ساتھ ہوتے تھے اور آج ان کی ٹرپ کا تھرڈ ڈے تھا لیکِن واپسی کی تیاریاں کی جا رہی تھیں۔

"آئی ڈونٹ نو یہ پرنسپل سر کا آرڈر ہے۔۔۔"ضامن سنجیدگی سے بولا سٹوڈنٹس کے ساتھ مل کر سٹاف نے پارٹی کا مینو وغیرہ سلیکٹ کر لیا تھا۔

"دو گھنٹے بعد پارٹی ہے تب تک سب لوگ تیاری کر لیں پھر ملتے ہیں پارٹی میں۔۔۔۔!؛"سٹاف ممبرز سٹوڈنٹس سے کہتے اپنے رومز میں چلے گئے جبکہ ضامن کو آپنے دوست سے بات کرنی تھی تو وہ نیچے چلا آیا تھا۔

وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ ابرش بھی اس کے پیچھے ہی نیچے چلی آئی تھی وہ تو فون پہ بات کرتے کرتے ضامن کی نظر اچانک سے ابرش پہ پڑی تھی جو سینے پہ بازو باندھے فرصت سے ضامن کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

ضامن نے ہونٹوں کو سختی سے ایک دوسرے میں پیوست کیا تھا یہ لڑکی کیوں اس کو تنگ کر کے خوش ہوتی تھی۔

"کیا کر رہی ہیں آپ یہاں؟" وہ فون بند کرتے ابرش کی طرف بڑھا تھا جو دیوار سے ٹیک لگائے ریلکس کھڑی تھی جبکہ ضامن کو اپنی طرف آتے دیکھ کر اس کے ہونٹوں پہ بہم سی مسکراہٹ آئی تھی جسے وہ چھپا گئی کیونکہ اگر ضامن اس کو ہنستے دیکھ لیتا تو اس کی کلاس پکی تھی۔

"جو آپ کر رہے تھے سر جی۔۔۔" وہ زرا سا ضامن کی طرف جھکی تھی اس کے وجود سے اٹھتی مہک ضامن نے آنکھیں میچی تھیں۔۔

"شٹ اپ مس ملک۔۔۔۔" ضامن کے ماتھے پہ بل پڑے تھے جن کو دیکھتے ابرش کو احساس ہوا تھا کہ وہ خاصے غصے میں تھا۔۔۔ اور ابرش کو یہاں دیکھ کر اس کو شدید تاؤ بھی آیا ہوا تھا۔۔۔

ابرش کا موڈ اب ٹھیک تھا ورنہ ضامن اور اس کے درمیان ہوئی تلخ کلامی کے بعد وہ خاصی اپ سٹ تھی پر عائشہ کے ساتھ باتیں کرتے اس کا موڈ ٹھیک ہو گیا تھا۔

"سر آپ کو میرے ساتھ باتیں کرتے بس یہ چند جملے ہی یاد رہتے ہیں کیا۔۔۔؟" وہ ضامن کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے اس کے قریب ہوئی تھی۔

یہاں نے آس پاس دیکھا کوئی بھی ان کی طرف متوجہ نہیں تھا نیٹ ورک ایشو کی وجہ سے وہ یہاں سائیڈ پہ آیا تھا بات کرنے کے لیے اور اسے بالکل بھی اندازہ نہیں تھا کہ ابرش اس کے پیچھے چلی آئے گی یہاں اس سے بات کرنے وہ بات کرنے کہاں آتی تھی وہ تو بس اس کی مخبری کے لیے آتی تھی۔

اتنے دنوں میں ضامن کو ابرش کی نیچر کے بارے میں اچھے سے معلوم ہو گیا تھا وہ خاصی پوزسیو تھی اسے کسی کے ساتھ بات کرتے بھی نہیں دیکھ سکتی تھی لیکن ضامن کو اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا ابرش کے لیے وہ جو بھی ہو لیکن ابرش اس کے لیے اہم نہیں تھی اور یہ سچ بھلے تلخ تھا لیکِن حقیقت یہی تھی کہ اس نے اپنی زندگی میں کسی سے اتنی نفرت نہیں کی تھی جتنی وہ ابرش ملک سے کرتا تھا۔

"آپ اپنی حرکتیں دیکھ لیں جس طرح کی حرکتیں کرتی ہیں آپ میرے ہونٹوں سے یہ لفظ ہی نکل سکتے ہیں آپ کے لیے۔۔۔!؛" وہ سرد مہری سے گویا ہوا۔

"ان ہونٹوں سے نکل تو اور بھی بہت کچھ سکتا ہے ویسے ان کا لمس۔۔۔" ابرش کے ہونٹوں پہ ضامن نے اپنا بھاری ہاتھ رکھا تھا کتنی بے

باک لڑکی تھی کیسے کھلے عام وہ اتنی بے باک باتیں کر رہی تھی ضامن کے چہرے پہ پھیلی سنجیدگی کی جگہ غصے نے لے لی تھی وہ ابرش کو چھوڑتا وہاں سے باہر نکلتا کہ ابرش نے اس کا ہاتھ تھاما ضامن نے پلٹتے ابرش ملک کو دیکھا تھا جو اس کی کلائی تھامے اس کے قریب آئی تھی۔۔۔۔

ضامن آنکھوں میں حیرت لیے اسے دیکھ رہا تھا ابرش یوں کھلے عام اس کی کلائی تھامے گی وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا لیکن اگلے ہی پل اس کو ہنسی آئی جو لڑکی ہال میں اس کی عزت اچھال سکتی تھی وہ اس کی کلائی کیوں نہیں تھام سکتی تھی اسے اس لڑکی سے کسی بھی اچھائی کی امید نہیں تھی۔

•••••

"?...Miss Malik, are you in your senses"

"مس ملک آپ اپنے حواسوں میں ہیں۔۔۔"ابرش کی حرکتوں پہ تلملاتے وہ پوچھ بیٹھا تھا ابرش مسکرائی تھی اوٗر اس کی یہ مسکراہٹ ضامن عباس کے غصے کو مزید ہوٗا دے گئی تھی۔

Sir, I have to go shopping and buy a dress. I don't "
have any fancy dress for the party. Can you come
"?with me

"سر مجھے شاپنگ کرنے جانا ہے ڈریس خریدنا ہے پارٹی کے لئے میرے پاس کوئی فینسی ڈریس نہیں ہے آپ میرے ساتھ۔۔۔۔"

So this is not my problem, you don't have a dress, "
so what can I do? You solve your own
"!...problem

"تو یہ میرا مسلہ نہیں ہے آپ کے پاس ڈریس نہیں ہے تو میں کیا کروں آپ آپنا مسلہ خود حل کریں۔۔۔!؛"وہ جھنجھنایا اسے ابرش کے ساتھ اب کم سے کم کہیں نہیں جانا تھا پہلے ہی وہ مشکل سے واپس آئے تھے اب مزید وہ ابرش کے ساتھ جانے کا رسک نہیں لینے والا تھا کسی بھی حال میں نہیں۔

"آپ میرے۔۔۔"

".Don't forget that we are teacher students here"

"مت بھولیں کہ یہاں ہم ٹیچر سٹوڈنٹ ہیں۔۔۔"ضامن نے اس کا جملہ مکمل نہیں ہونے دیا ابرش تلملاتے لب بھینچ گئی تھی ضامن اس کو جان بوجھ کر پریشان کرتا تھا لیکِن یہ تو وہ بھی سوچ چکی تھی کہ وہ ضامن کے ساتھ ہی جائے گی۔

So what happened? Why can't you go with me? "

We'll be going back in the evening anyway. Can't

"...we go shopping together one last time

"تو کیا ہوا آپ میرے ساتھ کیوں نہیں جا سکتے ہیں ویسے بھی ہم شام کو تو واپس چلے ہی جائیں گے کیا یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ ہم ایک آخری بار شاپنگ کر لیں ساتھ۔۔۔"ابرش ضامن کی سیاہ آنکھوں میں دیکھ رہی تھی یہاں خود کے لیے سوائے نفرت کے کوئی جذبہ نہیں تھا۔

Miss Malik, you didn't bring any dresses with "

you. You have to go shopping. I can't go with you.

"...Sorry

"مس ملک آپ اپنے ساتھ ڈریسز نہیں لیکر آئی تھیں جو آپ کو شاپنگ کرنی ہے میں نہیں جاسکتا ہوں آپ کے ساتھ سوری۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولا۔

"...Sir, if you can't go, I'll go"

"سر آپ نہیں جاسکتے ہیں تو میں خوُد چلی۔۔۔"

"...You can't go alone"

"آپ اکیلی نہیں جاسکتی ہیں۔۔۔"ضامن کو قیوم ملک کی بات یاد تھی وہ کہہ رہے تھے کہ ابرش کو اکیلا نہیں چھوڑنا ہے وہ اگر شاپنگ کرنے چلی جاتی تو۔

"تو آپ چلیں میرے ساتھ۔۔۔"ابرش تو چاہتی ہی یہ تھی ضامن اس کے ساتھ جائے جھٹ سے بول دیا ضامن تو ویسے ابرش کے ساتھ کبھی نہیں جاتا لیکن ابرش کو اکیلے بھیجتے وہ ہچکیاں رہا تھا تبھی اس کے ساتھ جانے کے

لیے راضی ہو گیا تھا جبکہ ابرش تو ضامن کو ساتھ آتے دیکھ کر خوش ہو گئی تھی ضامن اس کے ساتھ جا رہا تھا سوچتے ہی اس کے دل میں میٹھی سی گدگدی ہوئی تھی۔

•••••

عائلہ اوُر یرمان واپس آ گئے تھے عائلہ نے دل ہی دل میں شکر ادا کیا تھا لیکِن اتنی ساری میڈیسن دیکھتے اسے کچھ ہو رہا تھا وہ میڈیسن کے معاملے میں خاصی موڈی تھی ضامن اکثر اسے چاکلیٹ کا لالچ دیتا تو پھر کئیں جا کر وہ میڈیسن لیتی تھی گاڑی اپارٹمنٹ کے پارکنگ ایریا میں رکی عائلہ تیزی سے گاڑی کا دروازہ کھولتے باہر نکلی تھی۔

یرمان ملک اس کی تیزی دیکھتا محض اس کی پیٹھ کو گھور سکا تھا اوُر خود بھی اس کے پیچھے ہی چلا آیا اندر۔

عائلہ دروازہ کھول کر اندر آئی تو سامنے مایا کو بیٹھے دیکھ کر اس کی آنکھوں کی پتلیاں حیرت سے پھیلی تھیں مایا یہاں کیا کر رہی تھی کیا اسے ضامن نے بلایا تھا وہ یقین نہیں کر پائی تھی ہاں سامنے بیٹھی لڑکی اس کے شوہر کی گرل فرینڈ تھی وہ کیوں نہیں بلا سکتا تھا اسے بھلا۔

یرمان جو آپنے دھیان میں تھا سامنے دیکھتے اس کو بھی جھٹکا لگا تھا اس نے کہاں سوچا تھا مایا استنبول آئے گی دوسری طرف مایا جو پچھلے دو گھنٹوں سے یرمان کا انتظار کر رہی تھی اب اسے سامنے دیکھتے وہ اٹھتے یرمان کے گلے لگ لگی تھی یرمان تو اس سچویشن میں سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ وہ کیسے ری ایکٹ کرے مایا کا یہاں آنا اس کے لیے حیران کن تھا۔

"...Maya, are you here"

"مایا تم یہاں۔۔۔" یرمان بات تو مایا سے کر رہا تھا لیکِن اس کی نظریں عائلہ پہ تھیں جو کتنی دیر سے مایا کو دیکھ رہی تھی اس نے ایک بار بھی پلکیں نہیں جھپکائی تھیں وہ یقین نہیں کر رہی تھی وہ کچھ بولے بغیر آندر کمرے میں چلی گئی تھی نجانے کیوں اس کو برا لگ رہا تھا وہ سہن نہیں کر پا رہی تھی یرمان مایا کے قریب تھا عائلہ کے دل میں یرمان کے لیے کوئی جذبات نہیں تھے وہ یرمان کو ناپسند کرتی تھی یہ سچ تھا۔

پر اس لمحے یرمان ملک کو مایا کے قریب دیکھتے اس کو اپنے حلق میں کانٹے سے چبھتے محسوس ہوئے بے ساختہ دل میں درد سا اٹھا تھا وہ جب جب ٹینشن لیتی تھی آیسے ہی طعیبت خراب ہوتی تھی اس کی۔۔۔

وہ اپنی گردن سہلا رہی تھی یرمان ملک وہ انسان تھا جس کی وجہ سے ضامن کی ناراضگی سہن کر رہی تھی اوُر اب یہ لڑکی یہاں آگئی تھی۔

ظاہر سی بات تھی کہ یرمان نے اس کو بلایا تھا ورنہ کوئی لڑکی اکیلی کیسے آسکتی تھی اتنی دور۔

وہ بیڈ پہ بیٹھی تھی لیکن دھیان بار بار باہر کی طرف جارہا تھا اس نے کچھ دیر تو خود پہ ضبط کیا لیکن کب تک کرتی مذید نہیں کر سکی تھی اوٗر اٹھتے دروازے کے قریب آئی یہاں سامنے کا منظر ابھی تک بدلا نہیں تھا۔

مایا ابھی تک یرمان ملک کے گلے لگی ہوئی تھی عائلہ نے اپنے رخساروں کو رگڑا اوٗر پیچھے ہٹ گئی تھی مزید نہیں دیکھ سکی تھی۔

"مایا یہ سب کیا ہے؟ تم یہاں۔۔۔؟" یرمان نے مایا کو خود سے الگ کرنا چاہا لیکن وہ مزید اس کے قریب ہو گئی تھی یرمان ملک لب بھینچ گیا تھا مایا کی یہاں آمد اس کے لئے حیران کن تھی وہ یہاں آئے گی یہ تو یرمان ملک نے سوچا ہی نہیں تھا۔

"تمھیں خوشی نہیں ہوئی یرمان۔۔۔؟"مایا جو جلی بھنی ہوئی تھی یرمان اور عائلہ کو ساتھ دیکھ کر وہ اپنے لہجے کی کڑواہٹ پہ کنٹرول نہیں کر سکی تھی۔

"تم یہاں کیوں آئی ہو۔۔۔؟"یرمان اس کے سوال کو نظر انداز کرتا اپنا سوال داغ چکا تھا۔

"تمھارے لیے یرمان۔۔۔"وہ آگے ہوتے یرمان کی بیرڈ پہ ہونٹ رکھتی کہ یرمان نے اس کو خود سے الگ کیا تھا مایا کی آنکھوں میں حیرت سمٹ آئی تھی یرمان کیوں کر رہا تھا ایسے بیہو کیا وہ اس لڑکی کی وجہ سے ایسا کر رہا تھا۔

"میرے لیے انکل آنٹی کو پتہ ہے۔۔۔؟"مایا کی یہ حرکت یرمان ملک کو بالکل بھی پسند نہیں آئی تھی وہ یوں آؤٹ آف کنٹری چلی آئی صرف یرمان کے لیے۔۔

Did you not like my coming or are you already ")
set with this girl, Yerman... Do you remember
what you said...? You are doing all this just for
Abrish and now you are being impressed by this
girl!; Where I came this far just for you and
looking at your style, it seems like you did not like
("!...me coming here at all

("تمھیں اچھا نہیں لگا میرا آنا یا پھر تم اس لڑکی کے ساتھ سٹ ہو چکے ہو
یرمان۔۔۔تم نے کیا کہا تھا یاد ہے تمھیں۔۔۔؟تم صرف ابرش کے لیے کر
رہے ہو یہ سب اور اب تم اس لڑکی سے امپریس ہو رہے ہو!؛جہاں میں
اتنی دور آئی صرف تُمھارے لیے اوُر تمھارے انداز دیکھ کر لگ رہا ہے

جیسے تمھیں بالکل بھی اچھا نہیں لگا ہے کہ میں یہاں آئی ہوں۔۔۔۔!؟")وہ طنزیہ لہجے میں بولی مڈل کلاس لڑکیوں کے پاس بہت گیٹس ہوتے ہیں لڑکوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے مایا کسی صورت یرمان ملک کو کھو نہیں سکتی تھی۔

This is none of your business, Maya Butt. You "
shouldn't have come here. I think you should go
"...back. That'll be fine

"یہ تمھارا مسلہ نہیں ہے مایا بٹ تمھیں یہاں نہیں آنا چاہیے تھا مجھے لگتا ہے تمھیں واپس چلے جانا چاہیے یہی ٹھیک رہے گا۔۔۔"یرمان کی نظریں بار بار روم کی طرف جا رہی تھیں وہ عائلہ کی وجہ سے پریشان تھا۔

"یرمان۔۔"وہ حیرانگی سے یرمان کے خوبصورت چہرے کو دیکھ رہی تھی جیسے یقین کرنا دوبھر ہو رہا تھا کہ یرمان نے اسے یہ سب کہا تھا وہ کیا سچ میں چاہتا تھا کہ مایا واپس چلی جائے۔

"کیا یرمان۔۔۔۔؟ مایا میں بہت تھکا ہوا ہوں آور یہاں میرا شیڈول بہت بیزی ہے تمھیں ٹھیک سے ٹائم نہیں دے سکوں گا تمھارا یہاں آنا بیکار ہے ۔۔"وہ اپنا کوٹ صوفے پہ رکھتا شرٹ کے اوپری بٹن کھولتے گہرا سانس بھر رہا تھا۔

"عائلہ کے ساتھ کہاں گئے تھے۔۔۔؟"وہ یرمان کے ساتھ بیٹھ گئی تھی جبکہ اس کا یہ سوال کرتا لہجہ یرمان کا میٹر شارٹ کر رہا تھا کب برداشت کیا تھا یرمان نے کسی کا یہ رویہ۔

"یہ تمھارا problem نہیں ہے۔۔۔" وہ کوٹ اُٹھاتے روم میں چلا گیا جب کہ مایا محض اس کی پشت کو گھور رہی تھی وہ اسی کمرے میں گیا تھا یہاں تھوڑی دیر پہلے عائلہ داخل ہوئی تھی وہ عائلہ کے ساتھ یرمان ملک کو دیکھ نہیں سکتی تھی کچھ تو کرنا تھا اسے کچھ تو آیسا کرنا تھا جو عائلہ اؤر یرمان کے درمیان کے فاصلے بڑھ جائیں۔

یرمان عائلہ کے قریب ہو رہا تھا مزید دیر ہو جاتی اس سے پہلے اسے کچھ کرنا تھا۔

اس کا سیل فون بجا تو اس نے دیکھا عفت ملک کی کال تھی وہ حیران ہوئی عفت بیگم اسے کیوں کال کر رہی تھی اب۔

"جی آنٹی کیسی ہیں آپ؟" وہ زبردستی کی مسکراہٹ لبوں پہ سجائے بولی اب جو بھی تھا اسے عفت ملک سے بنا کر رکھنی تھی کیونکہ عفت ملک اس کے لیے ضرور کچھ کر سکتی تھیں۔

"مایا بیٹا کہاں غائب ہو تم۔۔۔!؛" وہ ابرش کے لئے پریشان تھیں اب یرمان اور عائلہ کی ٹینشن الگ سے تھی وہ دونوں ان کے لیے زیادہ مشکلات پیدا کر رہے تھے وہ لڑکی عائلہ ان کو اپنے گھر سے باہر چاہیئے تھی کسی بھی حال میں

۔

"میں استنبول میں ہوں۔۔۔" وہ صوفے کی پشت سے ٹیک لگائے ریلکس سی بولی تھی۔

"تم کب گئی استنبول؟" وہ بے یقینی سے بولی تھیں۔۔

"میں یرمان کو اس لڑکی کے ساتھ اکیلا نہیں چھوڑ سکتی ہوں آنٹی ایسی لڑکیاں بہت چالاک ہوتی ہیں نجانے ابرش کو کیا نظر آیا اُس پروفیسر میں جو وہ اُس سے نکاحِ کر چکی ہے لیکن یرمان عائلہ کی طرف بڑھ رہا ہے ابھی میں آئی ہوں تو دونوں ساتھ باہر گئے ہوئے تھے۔۔۔۔میں یہ سب برداشت نہیں کر سکتی ہوں۔۔۔"وہ دانت پیستے بولی۔

"عائلہ شکل سے کتنی سیدھی لگتی ہے مایا اب تم ہی کچھ کرو وہاں گئی ہو تو کچھ کر کے اس لڑکی کا قصہ ہی ختم کر دو۔۔۔"

"آنٹی یہ سب اتنا آسان نہیں ہے لیکن آگر آپ میرا ساتھ دیں تو بہت کچھ ہو سکتا ہے آپ بس ویسا کیجیے گا جیسا میں آپ سے کہوں گی پھر دیکھیے گا یہ عائلہ یرمان کی زندگی میں نہیں رہے گی۔۔۔۔"مایا کے دل میں نجانے کیا چل رہا تھا۔

"میں تمھارے ساتھ ہوں مایا۔۔۔۔"وہ مایا کو پسند کرتی تھیں تو اس کا ساتھ تو لازمی دینے والی تھیں۔

"پھر بے فکر ہو جائیں آپ آنٹی۔۔۔۔"وہ مذید عفت ملک سے چند باتیں کرتے فون سائیڈ پہ رکھتے عائلہ کو ٹھکانے لگانے کا سوچ لگی تھی۔

•••••

یرمان ملک کمرے میں داخل ہؤا تو نظریں بیڈ کی طرف اٹھی تھیں وہ بیڈ پہ اوندھے منہ لیٹی رو رہی تھی کمرے کا دروازہ کھلنے کی آواز وہ سن چکی تھی لیکِن اس نے کوئی رسپانس نہیں دیا وہ خاموش رہی اؤر اس کی یہ خاموشی یرمان ملک کو حیرت میں ڈال رہی تھی وہ آگے بڑھا اؤر عائلہ کے کمرے گیا اس کا ایسے اچانک رونا یرمان ملک کو پریشان کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا اس کو درد تھا جو وہ رو رہی تھی ڈاکٹر نے بتایا تھا اس کی بیماری کی نوعیت کچھ اس طرح کی ہی تھی اسے کبھی بھی درد ہو سکتا تھا۔

"?Ayla...are you okay"

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔؟" یرمان اس کے قریب بیٹھتے اس کی طرف جھکا تھا جس کے گیسوں بال اس کے چہرے پہ بکھرے ہوئے تھے وہ سسک رہی تھی۔

اس کا نازک وجود ہولے ہولے ہچکولے لے رہا تھا بار بار نگاہوں کے سامنے وہ منظر آ رہا تھا جب یرمان نے مایا کو گلے لگایا ہوا تھا۔۔

عائلہ بیوی تھی یرمان ملک کی وہ اس وقت خالصتا بیوی بن کر سوچ رہی تھی اُسے برا لگ رہا تھا لیکن کیوں وجہ وہ خوُد بھی نہیں جانتی تھی۔

"----Ayla"

اسے خاموش دیکھتے یرمان نے دوبارہ اسے پکارا اور اب کی بار اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھا لیکن عائلہ نے اس کا ہاتھ خود سے دور جھٹک دیا تھا اور اس کا خود سے دور جھٹکنا یرمان ملک کے تن بدن میں آگ لگا گیا تھا۔

وہ اسے خؤد سے دور جھٹکے یہ یرمان ملک کو کہاں گوارہ تھا۔۔

"مسز ملک۔۔۔"اس کی کلائی تھامے اسے جھٹکے سے اوپر اٹھاتے یرمان ملک نے اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا وہ سہمی تھی گہری سیاہ آنکھیں اس وقت پانیوں سے بھری ہوئی تھیں آنسوؤں کے نشان اس کے رخساروں پہ بھی تھے۔

وہ رو رہی تھی کیوں وجہ ہی تو جانتی تھی یرمان ملک کو لیکن وہ بتاتی تب وہ تو اسے خوُد سے دور جھٹک رہی تھی یہی بات یرمان ملک کو پسند نہیں تھی عائلہ کے لیے وہ دھیرے دھیرے پوزسیو ہو رہا تھا لیکن اسے اندازہ نہیں تھا۔

"جائیں۔۔۔۔" سسکتے اس کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اسے واپس بھیجنا چاہا جس کے پاس پہلے تھا وہیں جاتا اب بھی کیوں آیا تھا اس کے پیچھے۔۔

"عائلہ درد ہو رہا ہے تمھیں۔۔۔؟" اس کے رخساروں پہ بہتے آنسو اپنے انگوٹھے سے صاف کیے تو عائلہ نے چہرہ پھیرنا چاہا لیکن یرمان ملک نے اس کے چہرے کو سختی سے اُسے خوُد کے قریب کیا تھا۔

"نہیں ہو رہا۔۔۔" بمشکل بول سکی تھی ورنہ دل کر رہا تھا کسی کونے میں بیٹھ جائیں اوُر دل کھول کر روئے رونا اسے آ کیوں رہا تھا وہ خوُد بھی وجہ سمجھنے سے قاصر تھی۔

"پھر رو کیوں رہی ہو تم۔۔؟!" وہ جھنجھناتے پوچھ رہا تھا عائلہ نے الگ ہونا چاہا لیکن یرمان ملک نے اس کی یہ کوشش کامیاب نہیں ہونے دی تھی اور اس کا چہرہ اپنے قریب کرتے اس کے ہونٹوں پہ اپنے ہونٹ رکھ دیئے تھے عائلہ اس کے ہونٹوں کی گرفت میں قید اپنے ہونٹوں کو دیکھتے مٹھیاں بھینچ گئی تھی۔

وہ اس کے ہونٹوں پہ جھکے اس کی سانسوں چند ہی لمحوں میں انتھل کر گیا تھا اس کی گرفت عائلہ کے ہونٹوں پہ ہر گزرتے لمحے سخت ہو رہی تھی وہ پوری شدت سے عائلہ کے ہونٹوں کو جکڑے اپنی تشنگی مٹا رہا تھا عائلہ اس کے حصار میں جھکی مزاحمت بھی نہیں کر پا رہی تھی جبکہ یرمان کے لمس میں سختی بڑھتی جا رہی تھی وہ جیسے بھول گیا تھا کہ اسے عائلہ کے ہونٹوں کو آزاد بھی کرنا ہے۔

عائلہ کی کلائیوں کو اپنی گرفت میں دبوچے وہ سب بھولتا اس کے نرم گرم لمس میں بہک رہا تھا۔

وہ تو عائلہ کو کبھی نہیں چھوڑتا اگر اس کا وجود ڈھیلا نہیں پڑ جاتا وہ اپنے حواس کھو رہی تھی۔

یرمان جھٹکے سے پیچھے ہوا تھا لیکِن عائلہ کو ہوش و حواس سے بیگانہ دیکھتے اس نے اپنے ہونٹ بھینچ لیے عائلہ کی طعیبت پہلے ہی ٹھیک نہیں تھی مزید اس کی شدت وہ سہ نہیں سکی تھی۔

یرمان ملک نے دل ہی دل میں خود کو کوسا کیا ضرورت تھی اس کی سانسوں کو قید کرنے کی۔

ایک تو اس کی بیوی تھی ہی کچھ زیادہ نازک مزاج ذرا سی سختی برداشت نہیں کر پاتی تھی صرف لبوں کے لمس سے یہ حال ہو گیا تھا جب یرمان اس کے اوٗر اپنے درمیان کے سارے فاصلے مٹاتے اس کے اوٗر خود کے رشتے کو مکمل کرنے کی کوشش کرتا تو پھر کیا کرتی وہ۔

یرمان نے اس کے رخساروں کو تھپکتے اس کی نبض چیک کی جو دھیمی دھیمی چل رہی تھی۔

یرمان ایک بار پھر سے اس پہ جھکتے اس کے ہونٹوں پہ اپنے ہونٹ رکھتے اسے اپنی سانسیں دینے لگا عائلہ تقریباً پانچ منٹس بعد ہوش میں آئی تھی لیکن سامنے کا منظر بدلا تو نہیں تھا مقابل ابھی تک اس کی سانسوں کو قید کیے ہوئے تھا وہ اس کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اسے خود سے الگ کرنے لگی لیکِن

یرمان نے اس کے نچلے ہونٹ کو اپنے لبوں میں لیتے سک کیا تو ایک آہ عائلہ کے ہونٹوں سے نکلی تھی۔

"ٹھیک ہو تم۔۔۔؟" اس کے بالوں کو سنوارتے یرمان نے نرمی سے پوچھا اس کا یہ نرم انداز بھی وہ سہن نہیں کر پائی تھی کب دیکھی تھی اس نے یرمان ملک کے لہجے میں یہ نرمی۔

"ہمممم۔۔۔۔" وہ محض یہی کہہ سکی اور کچھ کہنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی اس کی آنکھیں ایک بار پھر سے برسنے کو تیار تھیں وہ منظر چاہا کر بھی نہیں بھول پا رہی تھی مایا اور یرمان کی قربت کا اس نے پہلے بھی تو دیکھا تھا یورنیورسٹی میں بھی ان دونوں کو ایک دوسرے کے اتنے قریب۔

تب اس کو بس عجیب سا محسوس ہوا تھا لیکِن آج تو اس کے آندر جیسے لاوا سا ابل رہا تھا وہ یرمان ملک سے بات نہیں کر سکتی تھی اس بارے میں اسے خود تک ہی رکھنی تھی یہ بات۔

"چلو چینج کر لو کافی ٹائم ہو گیا ہے ڈنر کرتے ہیں پھر تمھیں میڈیسن بھی لینی ہے۔۔۔"یرمان اپنی شرٹ کے بٹن کھولتے شرٹ دور پھینک چکا تھا۔

عائلہ نے تیزی سے آنکھیں میچ لی تھیں یہ بندہ کچھ زیادہ ہی بے باک تھا اس بات کا اندازہ تو اسے ہو ہی گیا تھا کیسے اس کے سامنے وہ بلا جھجک اپنی شرٹ ریمو کر گیا۔

عائلہ کے چہرے پہ پھیلے رنگ دیکھتے وہ عائلہ کے چہرے سے نظریں نہیں ہٹا پا رہا تھا عائلہ اتنی شائے نیچر کی تھی اس نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ اس کی بیوی اتنی شائے نیچر کی ہو گی۔

یرمان اوَر عائلہ میں ایج ڈفرنس بھی بہت زیادہ تھا یرمان کے سامنے عائلہ بچی ہی لگتی تھی ایک تو عائلہ کی ہائٹ کم تھی اوَر ایج میں بھی وہ یرمان ملک سے بہت چھوٹی تھی۔

"آپ نہیں۔۔۔۔" اسے لگا تھا کہ یرمان ملک باتھ روم چلا جائے گا لیکن اس کو ایک بار پھر سے خود کی طرف جھکتے دیکھ کر عائلہ پیچھے ہیڈ کروان سے جا لگی تھی جبکہ یرمان ملک نے اس کے دائیں بائیں ہاتھ رکھتے اسے اپنے حصارِ میں لے لیا یرمان ملک کی گرم سانسوں سے عائلہ کو اپنا چہرہ جھلستا محسوس ہوا تھا وہ اس کی اس قدر نزدیکی پہ سانس روک گئی تھی نظریں اس کے کشادہ وجود اس کے سسکس پیک ابیس پہ تھیں بلاشبہ وہ بہت خوبصورت تھا کسی بھی لڑکی کا آئیڈیا۔۔

"بیوی ہو میری عائلہ یرمان ملک۔۔۔۔" اس کی ٹھوڑی اپنی انگلی کی مدد سے اوپر اٹھاتے وہ اس کی گہری سیاہ آنکھوں میں دیکھ رہا تھا یہاں جمع ہوتی نمی یرمان ملک سے مخفی نہیں رہی تھی۔

"دور ہوں۔۔۔۔" عائلہ کی گھبرائی سی آواز یرمان ملک کی سماعتوں سے ٹکرائی تھی جبکہ اس کی بات کو نظر انداز کرتے یرمان نے آگے ہوتے عائلہ کی گردن پہ نرمی سے اپنے ہونٹ رکھ دیئے تھے یرمان ملک کی اس حرکت پہ عائلہ کرنٹ کھاتے پیچھے ہوئی لیکن مقابل کے ہونٹ جابجا اپنے لمس سے میر لگاتے اس کی بے داغ گردن کو جامنی کر رہے تھے۔

"چینج کرو ورنہ۔۔۔!؛" وہ زو معنی لہجے میں کہتے خود کے امنڈ آتے جذبات کو بمشکل سلاتے پیچھے ہوا تھا۔۔۔ تھا تو یہ بہت مشکل اس کے لیے لیکن وہ جانتا تھا عائلہ کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی مزید وہ اُس کو تنگ کرتا تو یہ لڑکی

مزید ٹینشن لیتی اوٗر ڈاکٹر نے عائلہ کو ہر طرح کی ٹینشن سے دور رکھنے کا کہا تھا۔

"جارہی۔۔۔"عائلہ تو یرمان ملک کو دھکا دیتی تیزی سے بیڈ سے اترتے ڈریسنگ روم میں جابند ہوئی جبکہ اسی چکر میں اس کا دوپٹہ بیڈ پہ ہی گر گیا تھا جسے یرمان نے اُٹھاتے سائیڈ پہ رکھا تھا۔

خوٗد شاور لینے باتھ روم چلا گیا واپس آیا تو عائلہ ابھی تک ڈریسنگ روم سے نہیں نکلی تھی وہ پریشان ہوتے ڈریسنگ روم کی طرف بڑھا اس وقت اس کے کسرتی وجود پہ صرف ٹاول تھا وہ کپڑے باتھ روم لے جانا بھول گیا تھا۔

ڈریسنگ روم کا ڈور نوک نہیں تھا وہ آندر آیا تو عائلہ اسے دیکھتے دیوار میں جا سمائی تھی اسے کیسے بتاتی اسے کیا مسلہ تھا۔

"عائلہ۔۔۔" عائلہ کے ہوائیاں اڑے چہرے کو دیکھتے یرمان کو سمجھ آ گئی تھی کہ عائلہ کو کوئی مسئلہ ہے لیکِن کیا وہ بتاتی بھی تو کچھ نہیں تھی۔

"پلیز۔۔۔ جائیں۔۔۔" اس کا ایک ہاتھ پیچھے تھا شاید اس نے شرٹ کو گرنے سے تھام رکھا تھا۔

"کیا ہوا ہے۔۔۔!؛" وہ اس کی بات نظر انداز آگے بڑھا تھا عائلہ نے نفی میں سر ہلایا۔

"عائلہ۔۔۔" یرمان ملک نے دانت پیستے اس کو بازو سے تھامے اس کا رخ دوسری طرف کیا اس کی پشتھ کو دیکھتے یرمان کو مسلے کی نوعیت کا اندازہ ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

"تم یہاں اس مسلئے سے الجھ رہی تھی۔۔۔؟" وہ تاسف سے سر ہلاتے جیسے اس کو افسوس بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا عائلہ نے آنکھیں بند کر لی تھیں جبکہ اس کا لمس اسے اپنی پشت پہ محسوس ہوا تھا۔

"یہ بند۔۔۔" وہ جانتی تھی اب یرمان میڈ کو کسی قیمت پہ نہیں بلائے تھا اس کے بلاؤز کا ہک نہیں لگ رہا تھا کب سے وہ الجھ رہی تھی لیکن ناکام رہی اس نے تو سوچا تھا کہ وہ کسی میڈ سے کروالے گی لیکن اچھے سے جانتی تھی کہ یرمان ملک کو یہ پسند نہیں آئے گا کہ عائلہ کے قریب کوئی میڈ آئے۔

"تو مُجھے آواز دے دیتی۔۔۔۔" یرمان ملک نے عائلہ کی شدت نیچے کرتے اس کے بلاؤز کو سٹ کیا تھا اس کے وجود کی نرماہٹیں مقابل کو پل بھر کے لیے جیسے بے خود کر گئی تھی یرمان کے ہاتھ بے ساختہ عائلہ کے پیٹ پہ آتے بیلی بٹن پہ سرسرا رہے تھے۔

"سسس۔۔۔۔"عائلہ کو اندازہ تھا کہ آیسا ہی کچھ ہو گا تبھی تو وہ یرمان سے ہیلپ نہیں لے رہی تھی۔۔۔

"نہیں کریں۔۔۔"یرمان نے اپنی انگلی عائلہ کے بیلی بٹن پہ گھمائی تو وہ سسکتے اس کے ہاتھ کو تھامنے لگی وہ بے خود ہو رہا تھا عائلہ کے وجود سے اٹھتی مہک اس پل اس کے حواسوں پہ چھا رہی تھی وہ بھول چکا تھا کہ اسے عائلہ کو باہر لے کر جانا تھا۔

"کیوں اتنی خوبصورت۔۔۔"یہ لفظ یرمان ملک نے بس دل ہی دل میں بولے تھے اس کی گردن سے نیچے گہرائیوں پہ جھکتے اپنے سلگتا لمس چھوڑ رہا تھا عائلہ کے لیے اس پل اپنے پاؤں پہ کھڑا ہونا مشکل ہو رہا تھا۔

یرمان ملک کے ہاتھ اس کی بیوٹی بون پہ تھے اس نے نرمی سے اپنے ہاتھ عائلہ کی دھڑکنوں پہ سہلائے تھے اور پھر اس کی گردن پہ جھکتے اس کی شہ

رگ پہ ہونٹ رکھ دیئے عائلہ کے کپکپاتے سراپے کو دیکھ بمشکل اس نے اپنے امنڈتے جذبات کو تھپکی دے کر سلایا تھا ورنہ دل تھا کہ ہمک ہمک کر مقابل کی قربت کی خواہش کر رہا تھا۔

اس کے بلاؤز کا ہک بند کرتے شرٹ کی بیک پہ لگی زپ بھی بند کی تو دیوار سے پشت ٹکائے گہرے گہرے سانس بھرنے لگی تھی۔

یرمان غور سے عائلہ کو دیکھ رہا تھا وہ جب جب عائلہ کے قریب جاتا وہ ایسے ہی پینک ہو جاتی تھی مایا کے ساتھ یرمان کے اس سے بھی زیادہ رومانٹک مومنٹس گزر چکے تھے وہ تو کبھی بلش نہیں کرتی اس کے لمس پہ عائلہ کے ساتھ تو رشتہ بھی آیسا تھا کہ عائلہ اس کی بیوی تھی پھر بھی وہ ایسے پینک ہو جاتی تھی یرمان کے قریب آنے پہ جیسے ابھی گر کر بے ہوش ہو جائے گی۔

"میں چلتی۔۔۔۔"

عائلہ کی اچانک سے نظر پڑی تھی یرمان ملک پہ اور اس کا حلیہ دیکھتے وہ سرخ ہوئی تھی مقابل اپنے عنابی ہونٹوں کو دانتوں تلے دبائے عائلہ کا سرخ پڑتا چہرہ دیکھ رہا تھا۔

"نو یہیں کھڑی رہو۔۔۔!؛" وہ سختی سے وران کرتا ورڈواب سے اپنے لیے ڈریس نکالنے لگا عائلہ دروازے کی طرف بڑھتی کہ یرمان نے ہاتھ میں پکڑا ڈریس سائیڈ پہ رکھتے عائلہ کی کلائی تھامی تھی۔۔۔

"وہ۔۔۔ آپ۔۔۔۔نے۔۔۔۔ چینج۔۔۔۔۔!؛" اپنے خشک ہونٹوں پہ زبان پھیرتے اس نے انہیں تر کرنا چاہا جبکہ اس کی یہ حرکت مقابل کے حلق میں کاٹ سے اٹک گئے تھے۔

ان لبوں کا نشہ لگ چکا تھا یرمان ملک کو وہ ایڈکٹ ہوتا جا رہا تھا ان کا۔

"سوواٹ۔۔۔۔؟"وہ کندھے آچکاتے پوچھنے لگا جبکہ عائلہ کی آنکھیں پھیلی تھیں یہ سوچتے کہ وہ کیا اسے باہر نہیں جانے دے گا۔

"پر۔۔۔"

"ہم ہسبنڈ وایف ہیں۔۔۔بار بار یہ احساس کیوں دلانا پڑتا ہے مجھے عائلہ۔۔۔؟کیوں بھول جاتی تم۔۔۔۔؟"وہ اس کو ایک جھٹکے سے اپنے قریب کرتا بولا تو عائلہ نے نظریں جھکالی تھیں۔

محبت کی کہانی میں

بڑی مشہور ہیں یہ آنکھیں

تمھیں لکھتی ہیں

جو یہ شاعر آنکھیں

بس سے ہمارے ہیں

یہ باہر آنکھیں

اففففف عائلہ کی گہری سیاہ آنکھیں وہ ان میں ڈوبے کو بے قرار تھا یرمان کا دل خود بخود ہی عائلہ کی طرف کھینچا چلا جا رہا تھا وہ چاہا کر بھی خود کو روک نہیں پا رہا تھا۔

مایا کا یہاں ان اس کو بالکل بھی پسند نہیں آیا تھا شائد وہ ایسے اپنے اوَر عائلہ کے درمیان تھرڈ پرسن کو نہیں چاہتا تھا اس کا ارادہ تو یہاں 1 منتھ رہنے کا تھا لیکِن عائلہ کی سٹڈی پہ اثر پڑتا اس بات کا اس لیے وہ لوگ جلدی واپس جانے والے تھے۔

یرمان ملک کو ہرگز امید نہیں تھی کہ مایا اس کے پیچھے یہاں چلی آئے گی۔

"پتہ۔۔۔ہے۔۔۔۔"عائلہ کے کپکپاتے ہونٹوں سے یہ لفظ سرسراتے نکلے تو مقابل بہم سا مسکرایا تھا۔

"تو پھر یہ بھی جانتی ہو گی کہ ہسبنڈ وایف میں کوئی پردہ نہیں ہوتا۔۔۔اتنی بھی چھوٹی نہیں ہو کہ ان باتوں سے انجان ہو۔۔۔"وہ اس کے رخساروں کو اپنی انگلیوں سے سہلاتے گھمبیر لہجے میں گویا ہوا تو عائلہ نے سر ہلایا۔۔

"اگر میں تم سے اپنے حق لینے پہ آجاؤں تو۔۔۔؟"سوالیہ سا انداز تھا عائلہ نے جھٹکے سے سر اٹھاتے اسے دیکھا اسے لگا جیسے وہ مزاق کر رہا ہو لیکن وہ مذاقِ نہیں کر رہا تھا وہ سنجیدہ تھا ڈھونڈنے سے بھی عائلہ کو اس کو ایسا کچھ نہیں ملا جس سے اسے آیسا لگا ہو کہ وہ مذاق کر رہا ہے۔۔

"جی۔۔۔"

"ہاں جی بے بی تیار کر لو خوُد کو۔۔۔ آج کی رات۔۔۔" وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے اس کے چہرے کی ہوائیاں اڑتے دیکھ رہا تھا وہ لڑکھڑائی تھی۔۔۔۔۔۔

"پر۔۔"

"شششش۔۔۔۔ آج کی رات میں کوئی ایکسکیوز نہیں چاہتا ڈنر کے بعد جب میں روم میں آؤں تو تم مجھے تیار ملو عائلہ۔۔۔۔" وہ سنجیدگی سے کہتے آپنا ڈریس اُٹھاتے اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔

عائلہ کے لیے مزید وہاں رکنا مشکل ہوا تھا اس کی سانس اتنی تیز ہو رہی تھی کہ وہ بمشکل بھاگتے ڈریسنگ روم سے نکلی تھی۔

ایسالگ رہا تھا جیسے ابھی دل سینے کی دیوار توڑ کر باہر نکل آئے گا وہ اپنے دھڑکتے دل پہ ہاتھ رکھتے آئینے میں اپنا عکس دیکھنے لگی اس کی گردن اوٗر چہرے پہ یرمان ملک کے لمس کے رنگ گہرے نظر آرہے تھے گردن پہ تو باقاعدہ نشان بن چکا تھا۔۔

وہ سسکی تھی یرمان کے اندازہ میں آج کچھ آیسا تھا جو عائلہ سہن نہیں کر پا رہی تھی وہ شوہر تھا اس کے وجود پہ حق رکھتا تھا پر عائلہ اس سب کے لیے خود کو تیار نہیں کر پا رہی تھی یرمان ملک کے لئے اس کے دل میں کوئی جذبہ نہیں تھا وہ کیسے اس انسان کو سہن کرتی۔

وہ اپنے بال سمٹتے مسلسل رات کے بارے میں سوچ رہی تھی نہیں وہ کمزور نہیں تھی اسے بچنا تھا کچھ کرنا تھا یرمان ملک کو وہ اپنے قریب نہیں آنے

دے سکتی تھی۔۔ابھی بہت ٹائم پڑا تھا وہ کچھ نہ کچھ کر ہی لیتی۔۔ایک پل کے لیے اس کو کچھ تسلی ہوئی مایا تھی جہاں اگر وہ دونوں اکیلے ہوتے تو پھر۔

تھوڑی دیر پہلے جو وہ مایا اوَر یرمان کو ساتھ دیکھ کر رو رہی تھی اب عائلہ مایا کی موجودگی سے تھوڑی بہت ریلیکس ہوئی تھی۔

ہاں مایا اوَر یرمان ایک دوسرے میں مصروف ہو جاتے تو عائلہ کو وقت مل جانا تھا ایسے میں روم میں آنے کا وہ دانت چباتے کچھ دیر تو ڈریسنگ روم کے ڈور کی طرف دیکھتی رہی کتنا بے باک تھا۔

کیسے ٹاول میں اس کے سامنے آ گیا وہ لمحات سوچتے عائلہ کے رخسار دہکنے لگے تھے وہ اپنا دوپٹہ گلے میں ڈالتے کمرے سے باہر نکلی تھی۔

مایا اسے لاؤنج میں ہی مل گئی تھی وہ شاید تب سے یہیں بیٹھی تھی۔

عائلہ نے اسے اگنور کیا صبحِ ناشتہ بھی عائلہ نے نہیں کیا تھا اب اس کو بھول لگ رہی تھی پیٹے میں چوہوں کا راج تھا اور وہ کچن میں چلی آئی میڈ ڈنر سٹ کر چکی تھی عائلہ کی بھوک چمکی تھی۔

وہ ڈائننگ ہال میں چلی آئی یہاں مایا پہلے سے ہی موجود تھی اور کافی خونخوار نظروں سے عائلہ کو گھور رہی تھی۔

"تمھیں اتنی تمیز تو نہیں ہے کہ مہمان کو کمپنی دینی ہوتی ہے۔۔۔"مایا نے فل کی بھڑاس نکالی تھی عائلہ سے چیئر پہ بیٹھ گئی اس کی سوچیں تو یرمان ملک کی باتوں میں الجھی ہوئی تھیں وہ اسے رات کے لیے تیار ہونے کا کہہ رہا تھا لیکِن عائلہ اس سے بچنے کی تدبیر سوچ رہی تھی۔

"تم بہری ہو۔۔۔؟" عائلہ کے جواب نہ دینے پہ وہ شدید غصے میں آئی تھی آخر یہ لڑکی خود کو سمجھتی کیا تھی یرمان ملک کی بیوی بن کر اس میں کچھ زیادہ ہی اٹیٹیوڈ آ گیا تھا۔

"آپ نے مجھ سے کچھ کہا۔۔۔؟" عائلہ ٹیبل پہ انگلی سے نقش و نگار بنا رہی تھی۔

"یو جاہل لڑکی۔۔۔" مایا پاؤں پٹخ کر رہ گئی تھی یہ لڑکی اسے بہت جاہل گوار لگ رہی تھی۔

مایا کی نظریں عائلہ کی گردن پہ تھیں جہاں نشان تھے جو پہلے نہیں تھے یعنی جب وہ دونوں روم میں گئے تب یرمان عائلہ کے قریب ہوا یہ دیکھتے اس کا پورا وجود بارود کا گولا بنا تھا یرمان کو اس لڑکی کے اتنے نزدیک دیکھتے مایا کے لیے آپنا غصہ ضبط کرنا مشکل ہوا تھا۔

"لگتا ہے تم نے یرمان کو پوری طرح سے اپنے اس حسن کے جال میں پھنسا لیا ہے ماننا پڑے گا تم مڈل کلاس لڑکیاں یہ کام بہت اچھے سے کرتی ہو۔۔۔"وہ اس کے قریب گئی تھی گردن سے آگے وہ دیکھ نہیں سکی تھی دل میں وبال اٹھے تھے۔

"کیا مطلب ہے آپ کا۔۔۔؟"عائلہ مایا کی باتوں پہ اہانت سے سرخ ہوئی تھی جلدی سے آپنا دوپٹہ ٹھیک کیا تھا لیکِن لبوں پہ بنے زخم کو وہ کیسے چھپاتی ان دونوں کے درمیان مذید کوئی بات ہوتی کہ یرمان چلا آیا مایا اور عائلہ کو دیکھتے اس نے ایک کٹیلی نگاہ مایا پہ ڈالی تھی۔۔۔

اوُر اپنی چیئر پہ بیٹھتے اس نے عائلہ کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنی طرف کھینچا تھا عائلہ اس کی گود میں گری تھی۔

مایا آنکھیں پھاڑے یہ منظر دیکھ رہی تھی آخر یرمان یہ سب کر کے اسے کیا جتانا چاہا رہا تھا جبکہ یرمان عائلہ کو اپنے گود میں بیٹھائے اپنے لیے کھانا نکالنے لگا تھا عائلہ سانس روکے اس کی کی کاروائی دیکھ رہی تھی۔

"یرمان۔۔۔"مایا کی نظریں ان دونوں سے ہٹ ہی نہیں رہی تھیں کیسے ہٹتی یرمان سے اسے اتنی بولڈ نس کی توقع نہیں تھی جبکہ عائلہ کے لیے اس پل سانس لینا مشکل ہؤا تھا کیسے یرمان اس کو آپنے قریب کیے سکون سے بیٹھا تھا جیسے اس کی گود میں کچھ ہو ہی نہ۔

"مایا تمھیں ڈنر کرنا ہے تو بیٹھ جاؤ نہیں کرنا ہے تو روم میں چلی جاؤ یہاں ایسے آنکھیں پھاڑ کر ہمیں دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولتے کھانا کھانے لگا عائلہ کی بھوک تو جیسے یرمان کے قریب آنے پہ ویسے

ہی اڑ گئی تھی کیا کھاتی وہ اسے مایا کے سامنے اتنی سبکی محسوس ہو رہی تھی کیا سوچ رہی ہو وہ۔

"یرمان تم یہ رومانس روم میں بھی کر سکتے ہو یہاں تو تھوڑی پرائیویسی رہنے دو یار۔۔۔"وہ خود کو کمپوز کرتے چیئر گھسیٹتے بیٹھ گئی تھی حالانکہ یہ منظر برداشت کرنا اس کے لیے بے حد مشکل تھا یہ جگہ اس کی تھی!!!

یرمان ملک اس کا تھا!!؛

اس نے کتنے خواب سجائے ہوئے تھے یرمان ملک کو پانے کے لیے لیکن ویسا تو کچھ بھی نہیں ہوا جو اسنے سوچا ہوا تھا الٹا یرمان کسی اور کا ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"تمھیں کوئی پرابلم ہے۔۔۔؟"وہ کھانے کا نوالہ عائلہ کی طرف بڑھاتے پوچھ رہا تھا عائلہ نے نفی میں سر ہلایا یہ منظر اس کے لیے ناقابلِ برداشت تھا کہاں یرمان اور مایا ایک ساتھ ہوتے تھے اس نے آتے لاونج میں بھی تو ان دونوں کو ساتھ دیکھا تھا اور اب یرمان ملک اس کے قریب جبکہ وہ واضع محسوس کر سکتی تھی کہ مایا کے لیے یہ منظر برداشت کرنا مشکل ہے۔

"تم جانتے ہو یرمان سب پھر بھی۔۔۔!؛"مایا بات اُدھوری چھوڑ گئی جبکہ عائلہ نے یرمان ملک کے کندھوں پہ ہاتھ رکھتے اٹھنے کی کوشش کی تھی لیکن مقابل نے اس کی یہ کوشش ناکام بنادی۔

"کیا مسلہ ہے آرام سے نہیں بیٹھ سکتی۔۔۔"اس کو مزاحمت کرتے دیکھ کر وہ بھڑکا تھا عائلہ آنکھیں پھیلائے اسے دیکھنے لگی وہ کیونکہ اپنی گرل فرینڈ

کے سامنے اسے اتنا سپیشل ٹریٹ کر رہا تھا عائلہ کو تو یہ اس انسان کی پلاننگ لگ رہی تھی.

"مجھے روم۔۔۔۔" وہ ٹوٹے پھوٹے الفاظ بولتے آنکھیں بند کر چکی تھی یرمان ملک کی نظروں سے پزل ہوتے اس نے یہاں وہاں دیکھا۔

"کچھ زیادہ ہی جلدی ہے۔۔!" اشارہ کچھ دیر پہلے روم میں کی گئی اپنی بات کی طرف تھا جسے سوچتے ہی عائلہ کا چہرہ سرخ ہوا آور اس نے نفی میں سر ہلایا مایا ان کے درمیان چل رہی گفتگو سے انجان تھی۔

"نہیں۔۔۔۔ نیند۔۔۔۔" وہ نیند کا ہی بہانہ بنا سکی تھی اوٗر کونسا بہانہ بناتی.

"چلو کھانا کھاؤ میڈیسن بھی لینی ہے تم نے۔۔۔"عائلہ کی صحت کے معاملے میں وہ کوئی کمپرومائز نہیں کر سکتا تھا اسے عائلہ کا ٹریٹمنٹ اچھے سے کروانا تھا تاکہ وہ ٹھیک ہو جائے۔

"نہیں لینی۔۔۔"میڈیسن کے نیم پہ عائلہ ایسے ہی چڑتی تھی وہ دونوں اپنی باتوں میں اس قدر مگن تھے کہ ان کا دھیان مایا کی طرف جا ہی نہیں رہا تھا جس کے چہرے پہ جلن کے تاثرات تھے یقیناً یہ منظر اس کے لیے دیکھنا بہت مشکل تھا۔

یرمان اس پل جیسے مقابل کی زلفوں کا اسیر ہو چکا تھا کیسے اس کی فکر کر رہا تھا ہاں لیکن میڈیسن کے ذکر پہ وہ الجھی تھی۔

"کونسی میڈیسن لیتی ہے یہ۔۔۔۔؟"مایا نے سوالیہ لہجے میں پوچھا مقصد یہ تھا کہ ان دونوں کو یہ باور کروائے کہ وہ دونوں یہاں اکیلے نہیں ہیں بلکے ان کے ساتھ مایا بھی ہے جس کو وہ نظر انداز کر چکے ہیں اپنی باتوں میں۔

"یہ تمھارا مسلہ نہیں ہے مایا۔۔۔!؛"نجانے کیوں تپا ہوا تھا یرمان ملک شاید مایا کی ایسے اچانک آمد پہ اس کا موڈ خراب ہو گیا تھا۔

"یرمان تم صاف صاف کیوں نہیں کہہ دیتے میں یہاں سے چلی جاؤں یہ آیسا بیہو ہر تو نہیں اپناؤ تم۔۔۔"مایا نے اپنی آنکھیں رگڑی تھیں اب یہ کچھ زیادہ ہی ہو رہا تھا یرمان کب سے ایک تو اس کو نظر انداز کر رہا تھا دوسرا وہ اس کو عائلہ کے سامنے لیٹ ڈوان کر رہا تھا مایا کو یقین نہیں ہو رہا تھا کہ شادی کے چند ہی دنوں میں یرمان اتنا بدل گیا تھا۔۔

"میرا ہو۔۔۔۔۔گیا۔۔۔۔"مایااوَر یرمان کے درمیان عائلہ کو اپنا آپ مس فٹ لگا تھا کاش کہ وہ اپنے بھائی کے ساتھ ہوتی ضامن کو یاد کرتے ایک اشک اس کی پلکوں سے گرتا اس کے رخساروں پہ بہا تھا۔

"یہ کھایا ہے تم نے بس چند نوالے۔۔۔"وہ طنزیہ بولا اس نے تھوڑا سا کھایا تھا یرمان ملک کو وہ کیسے بتاتی کہ اس پل اس کو کچھ نہیں کھانا تھا بس اس منظر سے فرار چاہیے تھا۔

"وہاں۔۔۔۔بیٹھ۔۔۔۔"اس نے چیئر کی طرف اِشارہ کیا یرمان نے سخت نظروں سے اسے گھورا اوَر چیئر پہ بیٹھا یا عائلہ نے جلدی سے اپنا دوپٹہ ٹھیک کیا کیونکہ مایا کی نظریں اسی پہ تھیں شاید وہ اس کی گردن پہ بنے نشان دیکھ چکی تھی۔

"اب فینشن کرو اپنا کھانا۔۔۔۔" یرمان نے اس کے نازک رخساروں کو اپنے ہاتھوں سے سہلایا تو وہ سر ہلاتے چھوٹے چھوٹے نوالے کھانے لگی۔

"اب بولو کیا کہہ رہی تھی تم مایا۔۔۔؟!" اپنا کھانا ختم کرتے یرمان مایا سے بولا جبکہ اس کے اتنے لیٹ جواب دینے پہ مایا نے ہونٹوں کو سختی سے ایک دوسرے میں پیوست کیے خود کو کچھ سخت کہنے سے روکا تھا حالانکہ دل چاہا کہ وہ یرمان کو کھڑی کھڑی سنا دے کہ میں ہوں تمھاری اس لڑکی کے لیے تم مجھے بھول رہے ہو مجھے مایا کو۔

"ہم بات کر سکتے ہیں کچھ دیر۔۔۔۔" وہ عائلہ کو دیکھ رہی تھی جو سر جھکائے کھا رہی تھی یہ بھی شاید یرمان ملک کی دی گئی دھمکی کا اثر تھا ورنہ وہ کچھ کھاتی ہی نہیں۔

"ہاں کھانے کے بعد کرتے ہیں پہلے عائلہ میڈیسن لے لے اپنی۔۔۔۔"وہ عائلہ پہ ایک نظر ڈالتا بولا تو مایا نے سر ہلایا وہ جاننا چاہتی تھی کہ عائلہ کونسی میڈیسن کھا رہی ہے شکل سے تو عائلہ بالکل ٹھیک لگ رہی تھی پھر میڈیسن کیوں لے رہی تھی۔

"یہ بچی تو نہیں ہے ویسے کہ اپنی میڈیسن بھی نہ سکے تم کچھ آوورری ایکٹ نہیں کر رہے ہو اس کے کو معاملے میں یرمان۔۔؟"مایا پوچھنے سے خوُد کو روک نہیں سکی تھی۔

"میں جا رہی ہوں۔۔۔"عائلہ اپنی زات کو وجہ موضوع بنتے دیکھ کر وہاں سے اٹھتے کمرے میں چلی گئی جبکہ یرمان ملک سنجیدگی سے مایا کو دیکھ رہا تھا جیسے کہہ رہا ہو بتاؤ کیا بات کرنی ہے۔

"یرمان یہ تم اچھا نہیں کر رہے ہو؟"مایا نے اپنی آنکھ میں آئی نمی اپنی انگلی سے صاف کی تھی کتنا بے حس ہو چکا تھا یرمان اس کے معاملے میں۔

"واٹ کیا کیا ہے میں نے۔۔۔؟"وہ شاکڈ ہوا مایا کی باتیں اس کو سمجھ نہیں آئی تھیں۔

"تم جانتے ہو یرمان میں کس بارے میں بات کر رہی ہوں تم اوَر میں۔۔۔"

"کیا ہم دونوں۔۔۔؟"وہ درمیان میں بولا۔

"میں تمھاری گرل فرینڈ تھی۔۔۔اوَر تم اس لڑکی کے ساتھ جیسے رہ رہے ہو مجھے آپنا آپ بے معنٰی سا لگ رہا ہے۔۔۔!؛کیا تم مجھے بتا سکتے ہو کہ میں تمھاری لائف میں کہیں ہوں بھی یا نہیں۔۔۔؟"مایا کی برداشت نے جواب

دیا تھا وہ کب تک برداشت کرتی یرمان کا رویہ آج اس نے دوٹوک بات کرنے کا سوچا۔

بھلے عائلہ یرمان کی بیوی تھی لیکِن یہ رشتہ جن حالات میں بنا تھا وہ ساری صورتحال تو مایا کے سامنے تھی یرمان نے کہا تھا کہ وہ ابرش کی وجہ سے اس لڑکی کو اپنی زندگی میں شاملِ کر رہا ہے پر یہاں جو حالات تھے آیسا کچھ بھی نہیں لگ رہا تھا کہ یرمان ابرش کی وجہ سے عائلہ کو اپنے ساتھ رکھے ہوئے تھا۔

"تم میری دوست ہو مایا۔۔۔ یہاں تک بات ہے گرل فرینڈ کا تو جو لوگوں نے کہا سو کہا میں نے کبھی لوگوں کی باتوں پہ دھیان نہیں دیا کیونکہ لوگوں کا کیا ہے وہ جو بولتے ہیں بولتے رہیں میرے لیے کل بھی تم میری دوست تھی اور آج بھی دوست ہو باقی تمھارے دل میں میرے فیلنگز ہیں میں جانتا

ہوں لیکن یہ تمھارا مسلہ ہے مایا۔۔۔"پہلی باریوں کھل کر مایا اوَر یرمان میں اس ٹاپک پہ بات ہو رہی تھی۔

"واٹ دوست۔۔۔۔سچ میں یرمان۔۔۔۔؟"وہ اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھتے بمشکل اپنی سسکی کا گلہ گھونٹ سکی تھی یعنی جو یرمان کے لیے وہ فیل کرتی تھی وہ یکطرفہ تھا یرمان اس کے لیے ایسا کچھ محسوس نہیں کرتا تھا۔

"ہاں یہ سچ ہے مایا۔۔۔باقی اب تو حالاتِ تمھارے سامنے ہیں عائلہ میری بیوی ہے اوَر میں اس رشتے کو اب نبھانے والا ہو عائلہ نے میرے لیے اپنے بھائی کو چھوڑا ہے۔۔۔۔"یرمان نے عائلہ کو دھمکی دی تھی پر جب عائلہ نے اس کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا تب سے اس کے دل میں عائلہ کے الگ ہی جذبات پیدا ہوئے تھے جن کو وہ وقتی طور پہ تو کوئی نام نہیں دے پاتا شاید لیکن عائلہ کی معصومیت اس کو اپنی طرف کھینچ رہی تھی۔

"یرمان یوں کہوناں کہ آج تک تم مجھے دھوکا دیتے آئے ہو میں بھی کتنی بیوقوف تھی جو سمجھ نہیں سکی میں نے تم سے محبت کی ہے یرمان۔۔۔مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ تمھاری زندگی میں یہ لڑکی رہے یا نہیں رہے میں صرف تم سے محبت کرتی ہوں۔۔۔"چیئر سے اٹھتے مایا یرمان کے قریب جاتے اس کی چیئر کے ہینڈل پہ ہاتھ رکھتے بولی تھی۔

اسی وقت عائلہ بھی کچن میں آئی تھی اسے پانی کی طلب ہو رہی تھی تو میڈ کو کہنے کے بجائے وہ خود ہی آگئی تھی لینے کے لیے شاید وہ سونا چاہتی تھی اس کے لیے اسے سلیپگز پلز چاہیے تھے۔

یرمان اور مایا ایک دوسرے سے بات کر رہے تھے انہوں نے عائلہ کو نہیں دیکھا تھا لیکن عائلہ مایا کی باتیں سن چکی تھی۔۔

اور وہ پانی لینے بغیر ہی واپس چلی گئی تھی۔

"مایا تم محض سراب کے پیچھے بھاگ رہی ہو تمھیں کچھ حاصل نہیں ہو گا۔۔۔"وہ مایا کو ایک طرف کرتا چیئر سے اٹھتے کچن سے چلا گیا۔

مایا نے چہرہ ہاتھوں میں چھپایا تھا یرمان ملک کی باتوں سے اس کا دل ٹوٹ گیا تھا اس نے یرمان ملک کو سوچا اسے ہی چاہا تھا لیکن آج یرمون ملک اس پہ واضح کر گیا تھا کہ یرمان ملک کے دل میں اس کے لیے ایسی کوئی فیلنگز نہیں ہیں یرمان ملک کے لیے وہ صرف دوست ہے۔۔۔

••••••

ابرش اور ضامن دونوں مارکیٹ آئے تھے یہ بہت خوبصورت مارکیٹ تھی وہ اپنے لئے ڈریس نہیں خریدنے والی تھی اس کے پاس کافی سارے ڈریسز تھے اس کا ارادہ ضامن ملک کے ساتھ کچھ ٹائم سپینڈ کرنے کا تھا وہ ضامن کے ساتھ آگئی تھی وہ اس کی پسند سے چیزیں لینا چاہتی تھیں۔۔

ضامن اکتایا سا جہاں وہاں دیکھ رہا تھا اس کو ان چیزوں میں دلچسپی نہیں تھی وہ شاپنگ کہاں کرتا تھا اسے لیڈیز شاپنگ کا تجربہ تھا کیونکہ وہ عائلہ کے لیے ساری شاپنگ وہ خود کرتا تھا عائلہ تو بازار جانے سے انکار کر دیتی تھی۔۔

"مس ملک اب یہ ٹائم ضائع کرنے کا کوئی فایدہ نہیں ہے جو آپ کو خریدنا ہے خریدیں اور واپس چلیں۔۔۔"ضامن نے اپنی کلائی میں بندھی گھڑی سے وقت دیکھتے بولا تو ابرش نے اس کو گھورا تھا وہ تو پورا دن ہی ضامن کے ساتھ گزارنے والی تھی۔

"مجھے سیل فون خریدنا ہے ڈیڈ سے بات کرنی ہے پہلے کسی شاپ پہ لے چلیں مجھے۔!؛"وہ ضامن کے قریب آتے اس کے بازو پہ ہاتھ رکھتے بولی تھی۔

"واٹ سیل فون آپ یہاں سے خریدیں گی۔۔۔؟"وہ نفی میں سر ہلانے لگا تھا۔۔

"کیا نہیں خرید سکتی ہوں مجھے ضرورت ہے آپ آگر نہیں خرید کے دے سکتے ہیں تو اپنا دے دیں مجھے میں اس کو یوز کر لوں گی۔۔۔"وہ شانے آچکاتے بولی تو ضامن نے آنکھیں چھوٹی کیے اسے دیکھا تھا۔

"میرا سیل فون آپ یوز نہیں کر سکتی ہیں آئیں وہ سامنے شاپ ہے آپ خرید لیں فون۔۔!؛"وہ ابرش کو لیے آگے شاپ کے آندر چلا گیا ابرش مسکرائی تھی۔

اس کا پہلے والا سیل آئی فون کا جدید ورژن تھا وہ پھر سے یہی سیل خریدنے والی تھی اس نے اپنا کریڈٹ کارڈ بیگ سے نکال لیا ضامن سے اسے یہ امید نہیں تھی کہ وہ اسے سیل فون لے کر دے گا وہ ساتھ آگیا تھا یہی کافی تھا ابرش کے لیے۔

Check out this mem...!!""

یہ کیسا ہے میم چیک کریں۔۔۔"!!دکاندار نے ابرش کے سامنے "
کافی سارے موبائلز کے نیو ماڈلز رکھے تھے ضامن چاہتا تھا کہ
ابرش جلدی سے کوئی سیل فون پسند کر لے ۔

"Latest iPhone model..."

آئی فون کا لیٹسٹ ماڈل۔۔۔"ابرش نے سارے فونز سائیڈ پہ کر "
دیئے تھے اوٗر ائی فون خریدتے اس نے کارڈ شاپ کیپر کی طرف
بڑھایا لیکن اس سے پہلے ضامن نے اپنا کارڈ دے دیا تھا جو بھی تھا
ابرش ضامن کی بیوی تھی۔

سر میں خود۔۔۔"ابرش کو ضامن سے کبھی لینا مناسب نہیں لگا تھا "
ان کے درمیان ایسا کوئی ریلیشن نہیں تھا۔۔ ۔۔

ضامن اسے پسند نہیں کرتا تھا وہ جانتی تھی شاید وہ مروت کے تحت اپنا کارڈ دے رہا تھا۔۔

"چلیں۔۔۔"شاپ کیپر نے کارڈ ضامن کو دیا تو وہ سنجیدگی سے بولا تھا اور ابرش محض سر ہلا سکی دل میں میٹھی سی گدگدی ہوئی تھی ضامن نے فرسٹ ٹائم اسے کچھ خرید کر دیا تھا۔۔

"اوَر کیا کیا لینا ہے۔۔۔؟"ضامن اوَر ابرش گاڑی پہ آئے تھے جو ضامن نے ہوٹل سے بک کروائی تھی۔۔

"ڈریس۔۔۔بٹ آپ پے نہیں کریں گے۔۔۔"ابرش نے ڈریس کا بتاتے ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ وہ ڈریس اپنے پیسوں سے خریدے گی ابرش کی بات کو ضامن نے نظر انداز کر دیا تھا وہ اسے بوتیک لے گیا تھا۔

ابرش نے پارٹی کے لیے ایک بلیک کلر کی فراک پسند کی تھی ابرش کے بار بار کہنے کے باوجود اس نے پیمنٹ خود کی تھی۔

اب ابرش اوَر ضامن واپس ہوٹل آ گئے تھے ابرش تقریبا پارٹی کے لیے تیار تھی جبکہ ضامن شاور لینے چلا گیا تھا۔

وہ تیار تھی چاہتی تھی کہ ضامن عباس اس کی تعریف کرے وہ دل سے تیار ہوئی تھی۔

ضامن شاور لیتے چینج کرتے بلیو کلر کی جینز پہ وائٹ ٹی شرٹ پہنے ٹاول سے بالوں کو رگڑتے باہر آیا تھا یہاں ابرش کو اپنے انتظار میں پایا ایک پل کے لئے ضامن کی نظریں ابرش کے خوبصورت وجود پہ جم سی گئ تھیں بلیک کلر کے ڈریس میں وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی بالوں کو اس نے بینڈ لگا کر کھلا چھوڑا ہوا تھا لبوں پہ ہلکی سی لپسٹک جبکہ اوَر کوئی میک اپ اس نے یوز

نہیں کیا ہوا تھا وہ سادگی میں بھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی اس کے بالوں کی لینتھ زیادہ نہیں تھی اسے لمبے بال پسند نہیں تھے۔۔۔۔۔۔

وہ ہر مہینے کٹینگ کروادیتی تھی اپنے بالوں کی اس کے بال اس کے شانوں سے نیچے تک آرہے تھے جن کو بینڈ پہ قید کیے وہ سوچو میں گم تھی۔

ضامن کی گہری نظروں نے باریک بینی سے اس کے وجودِ کا جائزہ لیا تھا اور سر جھٹک کر وہ آئینے کی طرف بڑھ گیا تھا اس کا دل ہل بھر کے لیے بے اختیار ہوا تھا ابرش ضامن کی نظر اندازی پہ کسک کر رہ گئی تھی یہ انسان ہمیشہ ہی ایسے کرتا تھا جب آپنی پسند کا ڈریس لے کر دے دیا تھا تو تعریف کر دیتا تو کیا ہو جانا تھا۔

وہ ضامن کے پیچھے آئینے کے سامنے آئی تھی ضامن نے اپنے بالوں کو جیل سے سٹ کیا اور ان میں برش کرنے لگا جب اسے آئینے میں ابرش کا عکس

دکھائی دیا تھا وہ اس کے ساتھ کھڑی تھی اس کے کندھے تک بمشکل آ رہی تھی حالانکہ اس نے ہیلز پہن رکھی تھیں لیکن اس کی عمر کم تھی تو ضامن سے چھوٹی ہی لگ رہی تھی ضامن نے اس کے وجود سے اٹھتی کستوری مہک کو خود میں گہرا سانس بھرتے انہیل کی تھی ضامن عباس کا دل بے خود ہوتا مقابل کی طرف ہمکنے لگا تھا لیکِن وہ مضبوط اعصاب کا مالک تھا اُسے پتہ تھا کیسے خوُد پہ ضبط کرنا تھا۔

Miss Malik, are you ready? Then what does it "

"?mean to come in front of the mirror

"مس ملک آپ تیار ہیں پھر آئینے کے سامنے آنے کا مطلب؟" وہ سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا ابرش نے آنکھیں گھماتے اسے دیکھا۔

"اتنا مشکل سوال تو نہیں پوچھا میں نے آپ سے جو آپ کی سمجھ میں نہیں آیا میں بس آپ سے دوستی کرنا چاہتی ہوں آگر آپ چاہیں تو۔۔۔"نرس چیئر پہ بیٹھ گئی اوٗر عائلہ کے جواب کا انتظار کرنے لگی۔

"نہیں میں نہیں چاہتی۔۔۔ویسے بھی دوستی کہہ کر تھوڑی کی جاتی ہے یہ تو ایک آیسا رشتہ ہے جو خود ہی پروان چڑھتا ہے ہاں بس محبت اوٗر بھروسے کا ہونا ضروری ہے۔۔۔!؛"عائلہ کے لیے بس ایک ہی دوست کافی تھی فزا اس کے علاوٗہ نہ ہی تو وہ کسی سے دوستی کرنا چاہتی تھی اوٗر نہ ہی اس کی سکسی کوئی خواہش تھی۔۔۔

"لیکِن ہم لوگ تو ایک دوسرے کے لیے اجنبی ہیں ناں تو پہلی بار تو بات کرنی پڑے گی۔۔۔"نرس کو عائلہ کی لوجک سمجھ نہیں آئی۔

"اجنبی ہی رہیں آپ دونوں تو بہت بہتر ہے کیونکہ میں عائلہ کو اس بات کی اجازت نہیں دوں گا۔۔۔"یرمان نجانے کب سے دروازے کے ساتھ ٹیک لگائے ان دونوں کی باتیں سن رہا تھا۔

"مطلب اپنی مسز کو آپ نے روکا ہوا ہے مسٹر ملک یہ تو غلط بات ہے کیا آپ اپنی مسز کو بس خود تک محدود رکھنا چاہتے ہیں۔۔۔؟"نرس نے یرمان ملک سے سوال کیا۔۔

"جی بالکل میں عائلہ کو بس خود تک محدود رکھنا چاہتا ہوں کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ عائلہ بس مُجھے سوچے۔۔۔ مجھ سے پیار کرے۔۔۔!؛"یرمان آندر چلا آیا۔

"یہ تو کوئی لوجک نہ ہوئی ہر انسان کی اپنی جگہ ہوتی ہے آپ عائلہ کے ہسبنڈ ہیں آپ کی جگہ اوَر ہے اوَر دوستوں کی جگہ اوَر ہوتی ہے۔۔۔!؛"نرس کو

عائلہ کچھ زیادہ ہی پسند آئی تھی جو کسی بھی طرح سے دوستی کی خواہش مند تھی۔۔

"لیکِن میں اس بات سے ایگری نہیں۔۔۔"

"آہ۔۔"

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔!!؟" یرمان اوَر نرس کی باتوں پہ عائلہ کو کوفت ہوئی ان دونوں کی باتوں کا موضوع وہ خود تھی اوَر نجانے کب تک وہ دونوں مذید بحث کرتے کہ عائلہ کی آواز سنتے یرمان تیزی سے عائلہ کی طرف بڑھا تھا۔

"ہم جا رہے ہیں لیکن طعیبت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔۔"

"میں ٹھیک ہوں۔۔۔ چلیں۔۔!؛" عائلہ کو ضامن سے ملنا تھا یہاں کیسے رہ سکتی تھی تیزی سے اٹھی تھی لیکن یرمان نے اس کی کلائی تھامی۔

"آرام سے اتنی ہڑبڑی کیوں مچا رہی ہو۔۔۔؟" یرمان کو اسے ٹوکنا پڑا کیونکہ عائلہ کا بس چلتا تو اگلے لمحے ضامن کے پاس ہوتی۔۔

"گھٹن۔۔۔ ہو رہی یہاں۔۔۔!؛" عائلہ پچھلے دو دونوں سے یہاں تھی اب تو اس کمرے سے اکتا گئی تھی۔

"چلتے ہیں ہم بس۔۔۔!؛" یرمان نرس کو اشارہ کر چکا تھا باہر جانے کا کیونکہ وہ مزید عائلہ سے بات کرتی یہ یرمان ملک برداشت نہیں کر سکتا تھا۔۔

"میں چل۔۔۔ لوں گی۔۔۔!؛" یرمان نے اسے بانہوں میں بھرا تو عائلہ سرخ ہوتے اس کو نیچے اتارنے کا اشارہ کر رہی تھی باہر اتنے سارے لوگ تھے یرمان اسے اٹھا کر لے جانے والا تھا۔۔۔

••••••

عائلہ کے لیے یہ برداشت کرنی مشکل تھی اوٗر یرمان اس کو کس کر پکڑ چکا تھا عائلہ کے لیے کہیں چھپنے کی جگہ نہیں تھی یرمان کے گارڈز ان کا سارا سامان گاڑی میں رکھ چکا تھا گھر سے بھی یرمان کو جس جس چیز کی ضرورت تھی اس نے منگوالیا تھا اگر عائلہ کی ضد نہیں ہوتی تو وہ کبھی عائلہ کو لیکر نہیں جاتا ضامن سے ملوانے کے لیے بلکے وہ عائلہ کو سیدھا ائیر پورٹ لے کر جاتا۔

عائلہ یرمان ملک کی بے باکی پہ کسک کر رہ گئی تھی یہ انسان اس کی برداشت کے مادے کو آزمارہا تھا یقیناوہ جو کرنا چاہارہا تھا عائلہ سمجھ گئی تھی۔

"میں۔۔ چل۔۔۔۔!!" یرمان کے ارادے بھانپتے اس نے یرمان کو اپنے قریب آنے سے روکا لیکن یرمان تھا وہ ہمیشہ اپنی کرتا تھا عائلہ کی کیسے سن لیتا

۔

"آگر گر گئی تو پھر مُجھے ہی اٹھنا پڑے گا اور مسز یرمان ملک گرے یہ میں کبھی ہونے نہیں دوں گا۔۔" یرمان نے اپنی بھاری کھردری انگلیوں سے عائلہ کے نرم و ملائم رخسار سہلائے تھے عائلہ کو سرد لہریں اپنے وجودِ میں سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی۔

"پر۔۔۔!؛" عائلہ ابھی تک شش و پنج میں تھی باہر اتنے سارے لوگ ہونے تھے اوٗر یرمان اس کو۔

"نو مور ایکسکیوز مسز یرمان ملک۔۔۔!؛" یرمان ملک نے عائلہ کو اپنی بانہوں میں بھرا عائلہ کا چہرہ سرخ ہوا اس کو چھپنے کے لیے کہیں جگہ نہیں ملی تھی یرمان ملک کی بے باکیاں دیکھتے وہ بس دانت پیستے اس کی گردن میں چہرہ چھپا گئی تھی۔

وہ لوگ تقریبا تھرڈ فلور پہ تھے نیچے جانے کے لئے یرمان نے سیڑھیوں کے بجائے لفٹ کا استعمال کیا تھا لفٹ میں داخل ہوتے اس نے عائلہ کو جھٹکا دیتے اس کا چہرہ اپنے سامنے کیا تھا وہ کبوتری کی طرح آنکھیں بند کیے ہوئے تھے۔

"اوپن یور ائز۔۔۔۔!؛" وہ سنجیدگی سے بولا لیکن آنکھوں میں شرارت مچل رہی تھی عائلہ اپنی گھبراہٹ میں دیکھ نہیں سکی تھی ورنہ ضرور پہچان جاتی کہ مقابل کیوں اسے تنگ کر رہا ہے۔

"نہیں۔۔۔۔!؛" عائلہ کو لگ رہا تھا کہ ابھی تک وہ دونوں باہر ہیں اور بہت سے لوگ ان کو دیکھ رہے ہیں جس کی وجہ سے وہ آنکھیں بند کیے ہوئے تھی

۔

"تو تم چاہتی ہو میں اپنے طریقے سے یہ کروں۔۔۔" یرمان ملک نے عائلہ کی گردن میں چہرہ دیتے اس کی دودھیا گردن پہ اپنے ہونٹوں سے لو بائٹ بنایا تو عائلہ کے ہونٹوں سے چیخ نکلی تھی۔

"اہہہہ۔۔۔" وہ چیخی تھی یرمان کی گرم سانسوں کی حدت سے اپنی گردن جھسلتی محسوس ہوئی اس کا لمس تھا کہ بے باکی سے اس کی گردن سے نیچے بڑھ رہا تھا عائلہ کو جھٹکا سا لگا یرمان ملک یوں پبلک پیلس پہ یہ سب اس نے پٹ سے آنکھیں کھولی تھیں لیکن لفٹ دیکھتے اس کو چار سو والٹ کا جھٹکا لگا یرمان تو سنجیدگی سے اپنے کام میں مگن تھا۔

"نہیں نہیں۔۔۔ پلیز۔۔۔۔" عائلہ کو شدید جلن محسوس ہوئی اپنی گردن پہ یرمان ملک کا سلگتا لمس سہن کرنا مشکل ہو اتھا۔

"کیوں۔۔۔کیا پرابلم ہے۔۔۔؟"یرمان کو آیسے شاید عائلہ کا جھٹکنا آچھا نہیں لگا تھاوہ شوہر تھاعائلہ کے وجود پہ حق رکھتا تھااوُر اس کے نزدیک وہ جب چاہے عائلہ سے آپنا حق لے سکتا تھا۔

"وہ۔۔۔میری طعیبت۔۔۔۔!؛"عائلہ نے ہونٹوں کو کاٹا حالانکہ یرمان ملک کی سرد اوُر تیز آواز سے وہ ڈر دی گئی تھی یرمان کب کب اس کے قریب آیاوہ جانتی تھی کہ وہ اپنی مرضی سے آیا لیکن یہ بھی سچ تھا کہ عائلہ یرمان ملک کا لمس سہن کر نہیں پاتی تھی۔۔

"کیا ہوُا تمھاری طعیبت کو۔۔۔جسٹ چوماہی تو ہے کونسا تُمھارے بدن کا حصہ بناہوں عائلہ میں پہلے بھی تمھیں کلئیر کر چکا ہوں کہ جب میں تمھارے قریب آؤں مجھے خود سے دور نہیں جھٹکا کروں ورنہ جو ہوتا ہے پھر تم برداشت نہیں کر سکتی ہو۔۔۔"یرمان نے ہنوز اسے اپنی گود میں اٹھایا تھا

عائلہ اس کے ہاتھوں کی گرفت اپنے گرد سخت سے سخت تر ہوتے دیکھ اپنی آنکھیں میچ گئی تھی۔

"اب چپ کیوں ہو گئی ہو۔۔۔؟" یرمان ملک نے اپنے ہونٹ اس کی آنکھوں پہ رکھے اس کے جلتے ہونٹ عائلہ کو دہکتے انگارے سے لگے تھے۔

"وہ میں۔۔۔!؛" کیا بولتی یرمان ملک کی باتوں سے اسے اپنی بولتی بند ہوتی محسوس ہوئی تھی اس نے خشک لبوں پہ زبان پھیرتے انہیں بے ساختہ تر کیا تھا عائلہ کی یہ حرکت دیکھتے مقابل کو اپنے حلق میں کاٹے سے چبھتے محسوس ہوئے ان نازک پنکھڑیوں کا لمس پانے کو دل بے چین ہوا تھا۔

عائلہ کو نیچے کھڑا کرنا کے بجائے اس کے گرد گرفت مضبوط کرتے وہ عائلہ کے ہونٹوں پہ جھکا تھا۔

عائلہ جو آنکھیں میچے دل ہی دل میں لفٹ کے کھل جانے کے انتظار میں تھی اب یرمان کے ہونٹوں کی گرفت اپنے ہونٹوں پہ دیکھتے اس کو چکر سا آیا آگر یرمان ملک نے تھام نہ رکھا ہوتا تو یقیناً اب تک زمین بوس ہو چکی ہوتی۔

یرمان تو لمس پاتے بہکنے لگا نازک ہونٹوں کا لمس ملے تو کون کمبخت چھوڑے اوُر یہاں تو یرمان ملک کو عائلہ کے ہونٹوں کی لت لگ چکی تھی۔

تقریباً آدس پندرہ منٹس تک یہ عمل جاری رہا لفٹ کھلی تو یرمان ملک میں آتے عائلہ کے لبوں کو آزاد کرتا پیچھے ہوا عائلہ کے چہرے پہ پھیلے رنگ دیکھتے وہ ہونٹوں کو گول کرتے اس کے سرخ چہرے کو دیکھنے لگا جب جب وہ عائلہ کے چہرے پہ اپنی قربت کے رنگ دیکھتا ایک انجانی سی خوشی کی لہر اس کو اپنے گرد سرایت کرتی محسوس ہوتی تھی۔۔

"عائلہ ریلیکس ہم لفٹ میں تھے ویسے بھی آگر پبلیک پلیس میں بھی ہوتے تو مُجھے تو کوئی فرق نہیں پڑنا تھا ہاں پر میری وایفی کے لئے مشکل ہونا تھا۔۔۔"اس کے لبوں کو سہلاتے وہ اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھ چکا تھا جبکہ عائلہ کی نظریں جھکی ہوئی تھیں یرمان ملک کو عائلہ کی یہ ادا بہت بھاتی تھی عائلہ کبھی اس کی آنکھوں میں دیکھتی نہیں تھی وہ ہمیشہ نظریں جھکائے رکھتی۔

مایا ایسا نہیں کرتی تھی اکثر یرمان نہ چاہتے بھی عائلہ اور مایا کا موازنہ کرنے لگ جاتا تھا اور پھر عائلہ کی کوالٹیز دیکھ کر اسے اپنی قسمت پہ رشک سا ہوتا تھا کہ عائلہ اس کی بیوی تھی لیکِن قسمت بدلتے دیر کہاں لگتی ہے۔۔۔

"پلیز۔۔۔!؛" عائلہ یرمان ملک کی باتوں پہ بمشکل اپنے ہونٹوں کو حرکت دے سکی ورنہ کچھ دیر پہلے کا کیا گیا یرمان ملک کا ایکٹ دیکھتے اس کے لبوں سے لفظ ہی نہیں نکل رہے تھے۔

"ایک تو یہ ان ہونٹوں سے بس لفظ پلیز ہی نکلتا ہے اور کچھ کیوں نہیں نکلتا۔۔۔!؛" یرمان نے اس کے ہونٹوں پہ انگوٹھا رگڑا۔۔

عائلہ نے گھبراتے اس کی گردن میں منہ چھپایا وہ باتوں میں کبھی یرمان ملک سے نہیں جیت سکتی تھی اس بات کا اندازہ عائلہ کو بخوبی ہو گیا تھا۔۔

"یہ ہی کر سکتی ہو بس۔۔۔!؛" وہ مسکرایا ابرش سے ملنے کا اسکا بھی دل کر رہا تھا ضامن جتنے غصے میں رخصتی کروا کر گیا تھا اس کو ضامن سے کسی اچھے پن کی امید نہیں تھی۔۔

ابرش کی فکر بھی ہو رہی تھی نجانے ڈیڈ کو کیا سوجھی جو یوں بیٹھے بیٹھائے رخصتی کروادی ابرش کی۔۔۔

یرمان عائلہ کو لیے لفٹ سے نکلتے پارکنگ ایریا میں آیا ڈرائیور کو اس نے واپس بھیج دیا تھا ابرش سے ملتے اس کا ارادہ جلد از جلد ائیر پورٹ پہنچنے کا تھا۔ جب تک عائلہ کی سرجری نہیں ہو جاتی اب یرمان ملک کو سکون نہیں ملنا تھا

۔

عائلہ کو احتیاط سے فرنٹ سیٹ پہ بٹھائے وہ خود ڈائیونگ سیٹ سنبھال چکا تھا ضامن سے ملنے کا سوچتے پہ عائلہ کا دل خوشی سے جھوم رہا تھا پر ضامن کا غصہ سوچتے اس کے دل میں درد کی شدید لہر سرایت کر گئی تھی۔

انجانے میں ہی سہی لیکن وہ اپنے بھائی کو بہت ہرٹ کر چکی تھی یرمان ملک کی وجہ سے اسے بے ساختہ یرمان ملک سے نفرت سی محسوس ہوئی اج عائلہ کی زندگی میں جو پرو بلمز چل رہی تھیں ان کی وجہ کہیں نہ کہیں ابرش اور یرمان ہی تھے۔

"کیا سوچ رہی ہو۔۔۔؟" گاڑی میں کچھ دیر تو خاموشی چھائی رہی لیکن جب یرمان ملک اس خاموشی سے تنگ پڑ گیا تو اس نے عائلہ کی کلائی تھامی۔۔

یرمان ملک کی بھاری انگلیوں کے لمس پہ عائلہ اچھلتے گاڑی کے دروازے سے جا لگی تھی۔

"عائلہ۔۔۔۔!؛" یرمان ملک دانت پیس کر رہ گیا عائلہ کی یہ حرکت اس کو سلگا گئی تھی عائلہ بیوی تھی پھِر کیوں اس کی ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں پہ گھبرا

جاتی تھی حالانکہ ان کے درمیان کے فاصلے بھی سمٹ چکے تھے لیکن عائلہ کی گھبراہٹ ہنوز برقرار تھی۔

"پلیز۔۔۔ڈرائیو۔۔۔۔کریں۔۔۔۔!؛" عائلہ نے اپنی شال ٹھیک کی یرمان ملک لب بھینچتے اپنی گردن سہلاتے گہرا سانس بھرتے عائلہ کو سرتاپا گھورنے لگا۔

"ڈرائیو ہی کر رہا ہوں مسز یرمان ملک۔۔۔!؛ تم تو یوں پینک ہو رہی ہو جیسے میں تم سے رومانس کر رہا ہوں۔۔۔ویسے گاڑی بھی بری نہیں ہے رومانس کے لیے۔۔۔؟" یرمان ملک عائلہ کی طرف جھکتے اس کے کان میں سرگوشی کرتا بولا تو عائلہ نے لب پھیلائے اسے دیکھا اور بے ساختہ سر نفی میں ہلا تھا

۔

"نہیں نہیں۔۔۔۔!؛"

"واٹ انکار کرو گی۔۔۔؟" یرمان ملک جتنا سوچتا تھا کہ وہ عائلہ کو تنگ نہیں کرے گا اسے خوش رکھے گا اتنا ہی عائلہ اپنی باتوں سے اس کے سارے پلان پہ پانی پھیر دیتی تھی۔۔۔

"نہیں۔۔۔"

"گڈ تمھیں پتہ تو ہے کہ تم مجھے انکار نہیں کر سکتی ہو۔۔۔ اچھی بات ہے۔۔۔ آئیندہ کوشش بھی مت کرنا مجھ سے ایسی بات کرنے کی۔۔۔" یرمان ملک نے اس کی شہ رگ کو اپنی انگلی سے سہلایا عائلہ کی شال سر سے اُترتے اس کے کندھوں سے نیچے گر گئی تھی۔۔

یرمان ملک کی نظریں عائلہ کے نشیب و فراز سے الجھی تھیں اتنا مکمل حسن اور مقابل کے نازک وجود پہ صرف اس کا حق تھا یہ سوچتے عنابی ہونٹوں کے گوشے مسکراہٹ میں ڈھلتے چلے گئے تھے غصہ جیسے کہیں دور جا سویا تھا۔۔

"یاد ہے ناں تمھیں میری بات تم نے ضامن سے سرجری کے متعلق کوئی بات نہیں کرنی ہے۔۔۔!؛"عائلہ کی جذباتی طبیعت کے پیشِ نظر یرمان نے ایک بار پھر سے عائلہ کو یہ بات کلیئر کرنی ضروری سمجھی تھی۔

"جی۔۔۔پر۔۔۔۔بھائی۔۔۔پوچھیں۔۔۔۔گے

تو۔۔۔۔پھر۔۔۔!؛"انگلیاں ایک دوسرے میں پیوست کیے وہ اپنے ہونٹوں کو چبا رہی تھی۔

"نہیں کیا کرو عائلہ آیسا یہ میرا حق ہے۔۔۔!؛"اس کے نازک لبوں کو دانتوں کی گرفت سے چھڑواتے وہ ورا ن کر رہا تھا۔۔

"تم اپنے بھائی سے کہنا ہم لوگ ہنی مون کے لیے جا رہے ہیں آخر کو سالے صاحب کو بھی تو احساس ہو کہ اب اُس کی بہن شادی شدہ ہے۔۔۔۔!؛"وہ بظاہر سنجیدگی سے بول رہا تھا آنکھوں میں شرارت تھی۔

"پر۔۔۔میں کیسے۔۔۔؟"اپنے بھائی کے سامنے تو وہ مر کر بھی ہنی مون کا ذکر نہیں کرتی یرمان ملک کے حوالے سے وہ کوئی بات نہیں کرنے والی تھی ضامن سے نجانے اسے سامنے دیکھ کر ضامن کا ریکشن کیا ہونے والا تھا۔ اسے تو اس بات کی پریشانی تھی۔

ضامن کا یونی والا ری ایکشن وہ بھول نہیں پا رہی تھی بار بار نظروں کے سامنے ضامن کا وہ رویہ آ رہا تھا آنسوؤں نے بغاوت شروع کی تھی۔

وہ یرمان ملک کے سامنے اپنے آنسوؤں کو بے مول ہر گز نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"کیا ہوا؟تم کیوں نہیں کہہ سکتی ہو؟عائلہ یاد رکھنا اگر سرجری سے متعلق تمھارے لبوں سے ایک لفظ نکلا تو بھول جانا زندگی میں تم کبھی دوبارہ اپنے

بھائی سے مل سکو گی۔۔۔!؛" وہ سنجیدہ تھا عائلہ کو سرد لہریں اپنے وجودِ میں سرایت کرتی محسوس ہوئی وہ بمشکل بس سر ہلا سکی تھی۔

دل کو انجانے سے خدشے نے آن گھیرا تھا آگے کیا ہونے والا تھا وہ اس بات سے بے خبر تھی ہاں تسلی بس یہ تھی کہ وہ ضامن سے مل کا جا رہی تھی آگر مر بھی جاتی تو کوئی افسوس نہیں ہونا تھا اگر ضامن نے اس کو معاف کر دیا تو۔

ضامن کی ناراضگی اس کی جان نکال رہی تھی پہلی کبھی اس بیماری نے اتنی شدت نہیں پکڑی تھی نہ ہی ضامن کو کبھی احساس ہوا کیونکہ وہ ہمیشہ عائلہ کو خوش رکھتا تھا یہ پہلی بار تھا جو عائلہ اتنی ڈیپریشن کا شکار ہوئی تھی اور وجہ کئیں نہ کئیں ضامن کی ناراضگی تھی۔۔

"کچھ بولو۔۔۔!؛" یرمان ملک عائلہ کی خاموشی سے ایک بار پھر سے جھنجھنایا تھا وہ بولتی ہی اچھی لگتی تھی خاموش رہتی تو یرمان کو کچھ بھی اچھا نہیں لگتا تھا جیسے ہر پل کبھی خالی سا لگتا تھا۔

"نہیں۔۔۔!؛" اتنا کچھ بول کر وہ عائلہ سے توقع کیا کر رہا تھا کہ عائلہ بولے بھلا عائلہ کیا بولتی۔۔

یرمان نے خاموشی سے اکتائے میوزک آؤن کر دیا تھا سونگ کلیکشن اس کے پاس کافی کمال کی تھی بہت زیادہ نہیں وہ چند سلیکٹو سونگز سنتا تھا۔۔۔

میری منتوں میں

میری جنتوں میں

تیرا ہی تیرا

شمار ہے

میری چاہتوں پہ

میری راحتوں پہ

تیرا ہی تیرا

خمار ہے

ملنگ ملنگ میں تیرے ہی

لیے ہوں میں ملنگ

میری الفتوں میں

شدتوں میں تیرا ہی تیار خمار ہے

ملنگ ملنگ میں تیرے ہی ہوں میں ملنگ۔۔

گانے کے بول بہت خوبصورت تھے یرمان نے ایک نظر عائلہ پہ ڈالی جو بنا کوئی رسپانس دیئے خاموشی سے آنکھیں موندے ہوئے تھے جیسے گانا چلنے یا نہ چلنے سے اس کو کوئی فرق ہی نہیں پڑا ہوا۔

"تمھیں گانا پسند نہیں آیا۔۔۔؟" یرمان ملک نے سوال دغا تھا جس پہ آنکھیں نے وانک کرتے اسے دیکھا اس کا دھیان عائلہ کی طرف ہی تھا۔

"نہیں۔۔۔ مُجھے سونگز نہیں پسند۔۔۔ آپ جو سنے۔۔ مجھے کوئی۔۔۔۔ پروبلم نہیں۔۔۔ہے۔۔۔" عائلہ سنجیدہ سی تھی۔

"واٹ!!! تم سونگز نہیں سنتی۔۔۔؟! ناقابلِ یقین۔۔۔!؛ میں نہیں مان سکتا ہوں۔۔۔ تم کس دنیا میں رہتی ہو عائلہ ؟" یرمان ملک کو یقین نہیں ہو رہا تھا

عائلہ واقعی میں سونگز نہیں سنتی تھی آج کل تو ہر انسان سنتا تھا سونگز زندگی کی بھاگ دوڑ سے تھک کر کبھی نہ کبھی تو انسان کو تنہائی چاہیئے ہوتی تھی۔

یہاں صرف وہ ہو اور ساتھ کوئی بھی نہ ہو۔۔

"آپ کے۔۔۔یقین کرنے۔۔۔۔یا۔۔۔۔نہ۔۔۔۔

کرنے۔۔۔۔سے۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔کوئی فرق۔۔۔نہیں پڑتا

ہے۔۔۔!؛" یہ تو طے تھا کہ عائلہ اور یرمان ملک کے درمیان کبھی بھی نارمل حالات نہیں ہونے والے تھے شائد ان کی زندگی میں جتنی تلخیاں آ چکی تھیں اُس کے بعد وہ دونوں کوشش بھی کرتے تو ان کے درمیان سب کچھ نارمل نہیں ہونے والا تھا۔

"یوں کہو کہ میرے یقین نہ کرنے سے بھی کچھ نہیں ہو گا۔۔۔اب میرے ساتھ ہو تو میری پسند ناپسند کو جاننا تُمھارے لیے ضروری ہے مسز یرمان ملک۔۔۔"وہ لوگ عائلہ کے گھر پہنچ چکے تھے۔۔۔

عائلہ نے شال اپنے سر پہ اچھے سے لیپٹی تھی ضامن سے ملنے کی اس کو بہت جلدی تھی بس چلتا تو گاڑی کے رکنے سے پہلے ہی باہر نکل جاتی وہ۔

"اے۔۔۔"وہ گاڑی کا دروازہ کھولتی کہ یرمان نے اسے کلائی سے تھامے اپنی طرف کھینچا تھا عائلہ یرمان ملک کے کشادہ سینے میں سمائی تھی۔

سر اس کے چٹانی سینے سے ٹکرایا تو آنکھوں کے سامنے اندھیرہ سا چھا گیا تھا۔

"چھوڑیں۔۔۔"اس نے اپنی پیشانی سہلائی یہاں اسے شدید درد ہو رہا تھا۔

"پہلے مُجھے کس کرو پھر اندر لے جاؤں گا نہیں تو یہیں سے واپس چلیں گے سیدھا ائیر پورٹ۔۔۔!!" یرمان ملک نے عائلہ کے بالوں کی مہک خود میں انہل کی تھی جبکہ عائلہ کی آنکھیں پھیلی تھیں مقابل کی اتنی عجیب و غریب فرمائش پر کیا وہ گاڑی میں اس سے "کس" لینے والا تھا نہیں وہ تو کبھی نہیں دینے والی تھی مقابل کو "کس"

"نہیں۔۔۔" عائلہ نے نفی میں سر ہلایا یرمان تو اس وقت بالکل ڈھیٹ بنا اس کے نفی میں ہلتے سر کو شعلہ برساتی نظروں سے گھور رہا تھا۔

"انکار تم خود کر رہی ہو سوچ لو نقصان تمھارا ہی ہے اپنے بھائی سے ملنے کے لیے اتنی بے چین ہو رہی تھی اور یہاں ایک چھوٹی سی "کس" نہیں دے سکتی ہو۔۔۔" یرمان ملک نے اسے بلیک میل کیا۔

"آپ۔۔۔ آپ لے۔۔۔۔چکے۔۔۔۔"اِشارہ لفٹ والے ایکٹ کی طرف تھاوہاں بھی ڈیپ کس کی تھی یرمان نے اسے۔۔۔۔۔۔

"وہ تو میں نے لی تھی اب تم دو گی کیونکہ کام تمھارا ہے ورنہ مجھے تو وآپس پہنچا ہے۔۔۔"یرمان کے ہاتھ اس کی دھڑکنوں سے چھیڑ چھاڑ کر رہے تھے اس کی سٹریپ میں انگلیاں پھنسائے وہ عائلہ کی نازکی پہ اپنا حق جتا رہا تھا۔

یرمان کا ہاتھ اپنی نازکی پہ محسوس کرتے عائلہ نے تڑپ کر پیچھے ہونا چاہا لیکن یرمان نے اس کی دھڑکنوں کو مٹھیوں میں بھرتے اپنے گھمبیر لمس چھوڑا تھا عائلہ کی آنکھیں پانیوں سے بھرنے لگی تھیں۔۔۔۔۔۔

"لی۔۔۔تو تھی۔۔۔؛!"عائلہ نے آپناناک شرٹ کی آستین سے صاف کیا تو یرمان نے جھرجھری سی لی تھی۔

"سوٹیپڈ گرل یہ کیا تھا۔۔۔!؟" یرمان ملک کو غصہ آیا عائلہ کے آنسو اس کے رخساروں پہ بہنے لگے۔

"اہ۔۔۔۔!؛" دل میں درد سا اُٹھنے لگا یرمان نے تیزی سے عائلہ کو خوُد سے الگ کیا۔

"شٹ۔۔۔!؛" وہ خود کو ملامت کرنے لگا۔ کیا ضرورت تھی عائلہ کو اتنا تنگ کرنے کی جانتا تو تھا کہ عائلہ کی طعیبت پہلے ہی ٹھیک نہیں تھی۔

"عائلہ آر یو اوکے۔۔۔!؛" یرمان ملک نے اس کے رخساروں پہ پھسلتے آنسوؤں کو اپنی انگوٹھے سے چنا تھا۔

"ریلکس۔۔۔!؛" وہ گھبرا گیا تھا مقابل کی سیاہ آنکھوں میں وہ آنسو نہیں دیکھ سکتا تھا۔

"چلو آؤ۔۔۔" یرمان گاڑی سے نکلتے عائلہ کی طرف آتے اس کی سائیڈ کا دروازہ کھولتے اس کے سامنے ہاتھ پھیلا چکا تھا وہ چاہتا تھا عائلہ اس کا ہاتھ تھامے۔

عائلہ نے کچھ پل تو یرمان ملک کے ہاتھ کو دیکھتے اپنے آپ باہر نکلنے کا فیصلہ کیا لیکن پھر یرمان ملک کا غصہ دیکھتے اس نے یہ خیال رد کیا وہ یرمان کا مزید غصہ سہن نہیں کر سکتی تھی سو خاموشی سے اس کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ دیا یرمان ملک نے احتیاط سے اس کو باہر نکالا تھا۔

وہ تو عائلہ کو بانہوں میں بھرتے اندر لے جانا چاہتا تھا لیکن وہ جانتا تھا کہ وہ آگر آیسا کرے گا تو عائلہ برداشت نہیں کر سکے گی۔

عائلہ کی حالت دیکھتے وہ خواہش کو دبا گیا جب کہ اس کی نظر جب عائلہ پہ پڑی تو گیٹ پار کر چکی تھی یقیناً اسے حد سے زیادہ جلدی تھی اندر جانے کی

یرمان بھی تیز تیز قدموں سے اس کے پیچھے چلا گیا تا کہ اس کے ساتھ اندر جا سکے ورنہ اپنے سالے پلس بہنوئی سے اسے کوئی اچھی امید تو نہیں تھی۔۔

•••••

ضامن اور ابرش کو یورنیورسٹی سے نکلتے خاصی دیر ہو گئی تھی ضامن کا کئی بار دل چاہا عائلہ کو کال کرے لیکن انا آرے آ گئی وہ کال نہیں کر سکا ابرش اس کے ساتھ تھی ابرش کی موجودگی میں اس کا موڈ بھلا کیسے فریش ہو سکتا تھا ابرش کے ساتھ اس کا دل گھٹتا تھا نجانے کیوں ابرش کا وہ ایکٹ ضامن کے ذہن سے نکلتا ہی نہیں تھا۔

ابرش کا ہاتھ ٹھیک نہیں ہوا تھا تو ضامن کو مجبوراً کھانا آرڈر کرنا پڑا تھا ورنہ تو وہ یہ ساری زمہ داری ابرش کو دینا چاہتا تھا۔

ابرش کو ہی شوق تھا رخصتی کا اب اسے پورا گھر سمجھنا لنا تھا پھر بھلے کہ ابرش کے لئے مشکل ہو یا آسان یہ کرنا تو ابرش کو ہی تھا۔

وہ دونوں گھر آ چکے تھے ضامن فریش ہو کر چینج کرتے اس وقتِ لاؤنج میں بیٹھا سیل یوز کر رہا تھا آرڈر ابھی تک رسیو نہیں ہوا تھا ابرش اندر روم میں تھی اس کے ہاتھ ہی بینڈج بھی چینج کرنے والی تھی ضامن کا دل تو نہیں کر رہا تھا ابرش کو مخاطب کرنے کا لیکن ایک گھر میں رہتے وہ کہاں ابرش کو نظر انداز کر سکتا تھا۔

کیبن میں کی گئی ابرش کی حرکت پہ وہ ابھی تک تپا ہوا تھا سارا راستہ ان کا خاموشی سے کٹ گیا تھا ابرش نے ضامن کو مخاطب کرنے کی غلطی نہیں کی تھی وہ جانتی تھی کہ ضامن غصہ کرے گا جو اس نے افس میں کیا لیکن ابرش کو ذرا بھی شرمندگی نہیں تھی اس کے نزدیک اس نے جو کیا بالکل

ٹھیک کیا کیونکہ ضامن اس کا ہسبنڈ ہے یہ بات میم انعم تو کیا پوری یورنیورسٹی کو معلوم ہونی چاہیے۔۔

وہ اپنا ڈریس چینج کرنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن شرٹ کے بٹنس جو صبح تو اس نے جیسے تیسے کر کے بند کر دیئے تھے ابھی اس سے کھل نہیں رہے تھے یونی میں اس نے کچھ نہیں کھایا تھا اب انرجی بھی ڈوان تھی یہ تو اچھا تھا کہ ضامن نے آرڈر کر دیا ورنہ ابرش کو لگ رہا تھا وہ رات کی طرح بھوکی رہے گی۔

ضامن کے ہاتھ کا بنا کھا کر وہ ضامن کے ہاتھ کا بنا ہی کھانا چاہتی تھی پر یہ خواہش تھی اور خواہش کہاں ساری پوری ہوتی ہیں۔

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے

بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے۔

وہ سرد آہ بھرتے ایک اوٗر کوشش کرنے لگی ہاتھ میں درد تو ہوا لیکن اس نے جیسے تیسے ہی سہی لیکن بٹنس کھولتے شرٹ چینج کی۔

"جلدی کرلے ابرش ورنہ سر کا غصہ افففف۔۔۔!؛" ابرش نے جلدی جلدی بالوں کو پیچھے کرتے آپنے آپ کو آئینے میں دیکھا۔۔۔

اس کے بال چھوٹے تھے اس نے پہلے شاید اتنا نوٹ نہیں کیا لیکن جب سے اس نے عائلہ اوٗر ضامن کی تصویریں دیکھی تھیں عائلہ کے لمبے بال دیکھ کر اس کو احساس ہوا کہ اس کے بال لمبے نہیں ہیں۔

اب ابرش سوچ چکی تھی کہ وہ اپنے بال بڑھائے گی ڈیلی شمپو اوٗر ایلوویرا لگا کر۔

ابرش باہر نکلی تو ضامن اسے سیل فون میں بیزی نظر آیا وہ دانت پیستے اسے دیکھنے لگی ضامن کا فون یوز کرنا اس کو ایک آنکھ نہیں بھاتا تھا آندر سے تو کوئی انجانا سا خوف اس کے دل میں سمایا ہوا تھا ضامن کی زندگی میں کسی دوسری لڑکی کا سوچتے تن بدن میں بے چینی کی لہریں سرایت کر چکی تھیں۔

ضامن کہاں اس کی کسی بات کا سیدھے منہ جواب دیتا تھا جو وہ ضامن سے کچھ پوچھتی۔۔۔

اسے خود ہی پتہ لگانا تھا ضامن کے دوستوں کے بارے میں جاننا تھا خیر یہ اب ابرش کے لیے اتنا مشکل نہیں تھا کیونکہ وہ اب ضامن کے ساتھ تھی اوٗر ضامن کے ساتھ کچھ نہ کچھ تو وہ ضامن کی زات سے متعلق کرید ہی لیتی

۔۔

"یہ کھانا ہے ٹیبل پہ لگائیں رخصتی کا شوق آپ کو تھا تو آپ اب اپنی زمہ داریاں اٹھائیں۔۔۔!؛"ضامن باہر سے پارسل لیتا آندر آیا ابرش جو نجانے کن سوچوں میں ڈوبی ہوئی تھی ضامن کی آواز سنتے وہ ہڑبڑا کر سیدھی ہوئی تھی۔

"آپ جانتے ہیں میرا ہاتھ۔۔۔!؛"ابرش نے آپنا زخمی ہاتھ ضامن کے سامنے کیا ضامن نے کٹیلی نگاہ ابرش پہ ڈالی تو ابرش دو قدم پیچھے ہوئی تھی.

"تو کیا ہوا مس ملک آپ بیوی ہیں میری۔۔۔"بیوی ہیں میری پہ ضامن نے خاصا زور دیا تو ابرش کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ در آئی گالوں پہ پڑھتا ڈمپل گہرا ہوا تو ضامن کے دل نے بیٹ مس کی۔۔۔

یہ لڑکی اگر اس کے ساتھ مذید رہی تو ضامن کو یقین تھا کہ ضرور وہ خود پہ ضبط کھو دے گا۔

"میں بیوی ہوں آپ کی۔۔۔؟لیکن کیا آپ نے مُجھے بیوی ہونے کا حق دیا۔۔۔ہماری شادی ہو چکی ہے اوَر یہ رشتہ مکمل کب ہوتا ہے آپ جانتے ہیں۔۔۔!؛"ابرش سارے لحاظ سائیڈ پہ رکھتے جیسے ضامن سے واضح لفظوں میں بات کرنے لگی۔۔۔

ضامن کا چہرہ سرخ ہوا ابرش کے ہونٹوں سے ایسی بات سن کر کتنی بے باک لڑکی تھی کیسے اس کے سامنے کھلے لفظوں میں کہہ رہی تھی۔

"یہ تو آپ کی خواہش کبھی پوری نہیں ہو گی مس ملک یہ شادی جن حالات میں ہوئی وہ آپ کے سامنے ہیں لیکن اگر آپ پھر بھی اپنے دل میں کوئی خوش فہمیاں پالے ہوئے ہیں تو یہ آپ کا مسلہ ہے میرا نہیں آپ خود ہی سلجھائیں۔۔۔۔"ضامن ابرش کی گہرائیوں پہ بنے تل سے نظریں بمشکل

ہی چرا سا ابرش دوپٹے کے بغیر تھی بلیک کلر کی ٹی شرٹ اوٗر وائٹ کلر کے ٹروزار میں اس کے دودھیا بازو دھمک رہے تھے۔

ضامن کو ابرش کی اس ڈریسنگ سے گھر میں کوئی مسلہ نہیں تھا ہاں باہر وہ ابرش کو کوئی مارجن نہیں دینے والا تھا۔

"خوش فہمیاں۔۔۔؟" ابرش نے آنکھیں پھیلائے ضامن سے پوچھا اس چکر میں وہ دونوں ایک دوسرے کے بے حد قریب آ چکے تھے۔

"جی بالکل خوش۔۔۔" ضامن کے باقی کے لفظ اس کے منہ میں ہی رہ گئے جب اسے عائلہ کی آواز سُنائی دی سنی تو ابرش نے بھی تھی وہ بھی پیچھے پلٹ کر دیکھنے لگی اوٗر عائلہ کو دیکھتے وہ بے یقین سی ہوئی یرمان نے عائلہ کو یہاں کیسے آنے کیسے دیا۔

"بھیا۔۔۔" عائلہ وہیں کھڑی ضامن کو دیکھ رہی تھی قدم تھے کہ آگے بڑھنے سے انکاری تھی وہ ضامن کے سینے سے لگتے خوب سارے آنسو بہانا چاہتی تھی۔

لیکِن اس وقتِ قدم جیسے زمین میں جکڑ چکے تھے وہ چاہا کر بھی آگے نہیں بڑھ پا رہی تھی ضامن کی نظریں عائلہ کے کمزور سے کپکپاتے وجود پہ تھیں جب وہ اس گھر سے گئی تھی تب تو ایسی نہیں تھی۔

پر اس کی آنکھوں میں وحشت سی در آئی جب اس نے عائلہ کے پیچھے کھڑے یرمان ملک کو دیکھا جس نے نامعلوم سا ہاتھ کا حصار بنایا ہوا تھا عائلہ کے گرد ضامن کے دل میں جو تھوڑی بہت نرمی سی پیدا ہوئی تھی عائلہ کے لیے وہ پل بھر میں ہی ختم ہو گئی تھی یرمان ملک نے جیسے اس کو بلیک میل کیا

وہ سب نظروں کے سامنے گھومتا محسوس ہوا تو ضامن نے لب بھینچ لیے۔۔۔

"بھائی۔۔۔۔" عائلہ نے آنسو اپنی ہتھیلی سے صاف کیے ضامن کے چہرے پہ پھیلی سنجیدگی دیکھتے عائلہ کا دل ٹکڑوں میں بنٹ گیا تھا کب سہا تھا اس نے ضامن کا یہ سرد رویہ۔

"کیوں آئی ہو عائلہ۔۔۔؟" ضامن نے ابرش کو سائیڈ پہ کیا جو اس کے قریب کھڑی تھی۔

"بھائی آپ سے۔۔۔"

"فرسٹ آف آل مسز عائلہ یرمان ملک آپ کے اور میرے درمیان ماضی میں جو رشتہ تھا وہ اب نہیں رہا شائد یہ رشتہ آپ نے خوش ہی ختم کیا ہے

دوسری بات یہاں آنے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔۔۔۔!؛"وہ یہ لفظ کیسے بول رہا تھا عائلہ کو وہ بس خود ہی جانتا تھا ابرش نے شکوے بھری نظروں سے اسے دیکھا عائلہ کی حالت ایسی تھی کہ ضامن اس کو اتنی باتیں سنتا۔

"میرے۔۔۔بھائی ہیں۔۔۔ آپ۔۔۔۔ہمیشہ۔۔۔۔ہمیشہ۔۔۔۔ رہیں۔۔۔گے۔۔۔۔میں۔۔۔ آپ۔۔۔۔"وہ بول نہیں سکی دل کا درد اب شدت اختیار کر رہا تھا یرمان نے آگے کی طرف بڑھتے عائلہ کو اپنے حصارِ میں لیا تھا وہ عائلہ کی ضد کی وجہ سے عائلہ کو یہاں لے تو آیا تھا لیکِن اب اپنی غلطی کا احساس شدت سے ہو رہا تھا۔

عائلہ کی طعیبت پہلے ہی ٹھیک نہیں تھی مذید ایسی باتیں اس کو پریشان کر رہی تھیں۔

"عائلہ۔۔۔۔تم ٹھیک ہو۔۔۔؟"ابرش تیزی سے آگے بڑھی تھی عائلہ کو آپنی آنکھوں کے سامنے اندھیراہ سامحسوس ہوا تھا لیکِن وہ بس پلکیں چھلکائے بغیر ضامن کو دیکھ رہی تھی۔

ابرش کو اپنے بھائی کے ساتھ دیکھ کر دل جیسے بند ہونے کے قریب تھا اسے یاد تھا اس نے ضامن کو کہا تھا کہ بھابھی وہ اپنی پسند کی لائے گی لیکن آج آج ان کی زندگی کس قدر تناؤ کا شکار تھی۔۔

"عائلہ۔۔۔!؛یرمان نے ضامن کو سرد نظروں سے آیسے دیکھا جیسے نظروں سے ہی گھورتے اپنا بدلہ پورے کرے گا۔۔

"وآپس چلو تم۔۔۔۔!؛"یرمان اب مذید یہاں نہیں رکنے والا تھا اسے واپس جانا تھا اس کو امید نہیں تھی کہ ضامن عائلہ کے ساتھ آیسا برتاؤ کرے گا عائلہ کی پریشانی میں یرمان کو ابرش کا حال حوال پوچھنا بھی یاد نہیں رہا تھا۔

"نہیں بھائی۔۔۔۔!؛" عائلہ یرمان کی گرفت سے نکلتے ضامن کے سینے سے جا لگی تھی ضامن جو کب سے ضبط کر رہا تھا اب ٹوٹ گیا تھا وہ اس کے سینے سے لگی سسک رہی تھی ضامن نے نرمی سے اس کے گرد حصار بنایا۔

یرمان ملک تو دہکتا تندور بناہاں وہ لایا تھا عائلہ کو ضامن سے ملوانے کے لئے اور ضامن کوئی غیر تھوڑی تھا عائلہ کا سگا بھائی تھا پر وہ برداشت نہیں کر پا رہا تھا عائلہ کا ضامن کے گلے لگنا۔

"بھائی کیسے ہیں آپ۔۔۔؟" یرمان کی نظریں مسلسل عائلہ پہ تھیں ابرش کو ہی یرمان کو مخاطب کرنا پڑا کیونکہ وہ تو دیوانوں کی طرح عائلہ پہ نظریں گاڑے اپنی نظروں کی پیاس بجھا رہا تھا۔

"آبی کیسی ہو گڑیا۔۔۔؟" یرمان ابرش کی آواز سنتے خود کو کمپوز کر گیا۔

"فائن بھائی آپ عائلہ کو کیوں لائے یہاں۔۔۔؟"ضامن پہلے کیا کم طعنے دیتا تھا اس کو اب عائلہ کو دیکھ کر تو وہ پھر سے پہلے جیسا بن جاتا جو تھوڑا بہت بدلاؤ آیا تھا وہ بھی ختم ہو جاتا۔

"ہم لوگ جا رہے تھے تو عائلہ نے ضد کی اس سے ملنے کی اور واپسی کب تک ہو کچھ کنفرم نہیں ہے اس لیے میں انکار نہیں کر سکا۔۔۔"یرمان تیز آواز میں بولا کہ اس کی اس کی آواز ضامن عباس نے بھی سنی تھی وہ حیرانگی سے عائلہ کو دیکھنے لگا کہاں جا رہے تھے وہ دونوں۔۔۔

"سالے صاحب میری بیوی کو کیا دیکھ رہے ہو مجھ سے پوچھو ہم ہنی مون پہ جا رہے ہیں آفٹر آل ہر کپل جاتا ہے ہنی مون پہ اتنا حیران ہونے کی ضرورت نہیں ہے تمھیں۔۔۔۔!؛"یرمان ملک ہو اور ضامن عباس کو آپنی باتوں سے نہ جلائے یہ بھلا کیسے ممکن تھا۔

یرمان ملک کی بات سن کر ضامن نے ایک جھٹکے سے عائلہ کو خود سے الگ کیا تھا عائلہ نے یرمان کو بے یقینی سے دیکھا وہ ضامن کے سامنے یہ سب بولے گا اس کو یقین نہیں آیا لیکن جو انسان اپنی بہن کی رخصتی کے لئے اپنی بیوی کا استعمال کر سکتا تھا اس انسان سے کچھ بھی امید کی جا سکتی تھی ضامن کے چہرے کے بدلتے تاثرات دیکھ کر اس کو دکھ ہوا تھا۔

ابرش کو اپنے گھر میں دیکھ کر جتنا برا اس کو لگ رہا تھا وہ بتا نہیں سکتی تھی۔۔۔

"میری بہن کا خیال رکھنا پروفیسر ضامن عباس ورنہ آگر ابرش کو زرا سی بھی خروش آئی تو نتائج کے زمہ دار تم خود ہو گے۔۔۔" یرمان ملک نے ابرش کو اپنے حصار میں لیا ضامن نے نفرت بھری نظر ابرش پہ ڈالی جو کچھ ہو رہا تھا اس کی زمہ دار ابرش ملک ہی تو تھی کیسے بھول سکتا تھا وہ۔

"آگر اتنی فکر ہو رہی ہے اپنی بہن کی تو ساتھ لے جاؤ میں اپنی مرضی سے ساتھ نہیں لایا ہوں ان کو خوُد بھیجا ہے تم لوگوں نے بلکے زبردستی۔۔۔۔"ضامن کے ہونٹوں سے پچھلے دونوں سے لفظ "زبردستی" ابرش نے کئی بار سنا تھا اتنا برا نہیں لگا جتنا اس وقت عائلہ اوُر یرمان کے سامنے لگ رہا تھا شدید سبکی محسوس ہوئی تھی۔

"اووو کئیں تم کسی اور لڑکی میں تو انٹرسٹڈ نہیں ہو جس کی وجہ سے میری بہن کو یہاں سے بھیج کر اُسے یہاں لانا چاہا رہے ہو۔۔۔!؛"طنز سے بھرا لہجہ تھا یرمان ملک کا ضامن نے طنزیہ اسے دیکھا۔

"ہر کسی کو اپنے جیسا سمجھ رکھا ہے۔۔۔۔!؛"ضامن کی نظروں کے سامنے وہ منظر آیا جب اس نے یرمان ملک اوُر مایا کو ایک دوسرے کے بے حد قریب دیکھا تھا۔

"واٹ ڈو مین۔۔۔!؟" یرمان ملک بلبلایا تھا چوٹ سیدھی دل پہ لگی تھی حالانکہ وہ اس بات سے انجان تھا کہ ضامن اس کے اوَر مایا کے بارے میں کچھ جانتا ہے یہ چیزیں ان کی سوسائٹی میں کامن تھی۔۔۔

"مطلب تم بہت آچھے سے سمجھ چکے ہو بہتر ہے کہ یہاں سے چلے جاؤ اوَر دوبارہ جہاں آنے کی غلطی مت کرنا میں تمھارا سایہ بھی اپنے گھر میں برداشت نہیں کر سکتا ہوں شدید نفرت کرتا ہوں تم سے۔۔۔" یرمان ملک عائلہ کا شوہر تھا ضامن یہ لحاظ بھی بھول چکا تھا اس کے لئے یرمان ملک ایک کریکٹر لیس انسان تھا نجانے اس سے اوَر عائلہ سے ایسی کوئی غلطی ہوئی تھی جس کی سزا یرمان ملک کی صورت میں مل رہی تھی ان کو۔۔

"تم مجھے یہاں دوبارہ نہ آنے کا کہہ رہے ہو یا اپنی بہن کو۔۔۔ کوئی بھائی اپنی بہن کے ساتھ ایسا کرتا ہے بھلا۔۔۔؟" یرمان ملک بس یہ چاہتا تھا کہ عائلہ

سر تا پا اپنے بھائی سے بد گمان ہو جائے یرمان ملک عائلہ کو بس خوُد تک محدود کرنا چاہتا تھا۔

"جس کا کہا ہے اُسے پتہ چل گیا ہے۔۔۔!؛" ضامن مزید رکا نہیں تھا بلکے کمرے کی طرف بڑھ گیا عائلہ کی آنسوؤں سے بھری نظریں اس کو شرمندگی ہو رہی تھی لیکِن عائلہ کو یہ احساس دلانا بھی ضروری تھا کہ وہ کتنا غلط کر چکی تھی اس کے ساتھ۔

"چلو عائلہ مجھے نہیں لگتا ہے کہ تم دوبارہ یہاں آنے کی بات بھی کرو گی اپنے بھائی کا روُیہ دیکھ چکی ہو تم اب ہم یہاں کبھی نہیں آئیں گے۔۔۔!؛" وہ عائلہ کی کلائی تھامتا کہ عائلہ دو قدم پیچھے ہوئی تھی ضامن کی سیاہ آنکھوں میں شکوے تھے عائلہ پل پل مر رہی تھی۔

"بھائی آپ کیسے بول سکتے ہیں عائلہ کو آپ یہاں دوبارہ نہیں آئیں گے یہ عائلہ کا گھر ہے آپ نہیں روک سکتے ہیں عائلہ کو یہاں آنے سے۔۔۔!؛"ابرش کو یرمان کا لہجہ پسند نہیں آیا تھا۔

"ابرش تم شاید ضامن کا رویہ نہیں دیکھ رہی۔۔۔؟"یرمان ملک نے اپنی بیرڈ سہلائی تھی۔

"بھائی وہ غصے میں ہیں آپ جانتے ہیں سچویشن آہستہ آہستہ سب ٹھیک ہو جائے گا آپ لوگ کہاں جا رہے ہیں ہنی مون کے لیے بیسٹ آف لک۔۔۔"عائلہ اب ابرش کو بہت عزیز ہو چکی تھی یرمان کے حوالے سے اور ضامن کے رشتے سے تو اسے عائلہ اتنی اچھی لگنے لگی تھی کہ وہ بتا نہیں سکتی تھی عائلہ کو۔

"جرمنی جارہے ہیں واپسی کی ڈیٹ کنفرم نہیں ہے تم آپنا خیال رکھنا ضامن تم پہ غصہ تو نہیں کرتا ہے اوَر یہ ہاتھ۔۔۔!؛ہاتھ پہ کیا ہوا ہے ابرش۔۔۔؟"یرمان کی نظر ابرش کے ہاتھ پہ پڑی تو اس کی کلائی تھامے پوچھا ابرش مسکرائی تھی اس کا یرمان کا رشتہ اتنا اچھا نہیں رہا تھا۔

لیکِن جب جب وہ ضامن اوَر عائلہ کو دیکھتی اس کے دل میں خواہشات پیدا ہوتی کہ اس کا اور یرمان کا رشتہ بھی ضامن اور عائلہ کے جیسا ہو جائے۔

"یہ بس ایسے ہی تھوڑا سا جل گیا بھائی ہمارے نیکسٹ ویک سے فائنل پیپرز ہیں عائلہ نہیں دے گی۔۔۔؟"ضامن سٹڈی کو لیکر خاصا سیریس تھا ابرش کو فکر ہوئی عائلہ کی۔

"فائنل پیپرز سے زیادہ ضروری ہے یہ کام تم دعا کرنا اوَر میں نے انکل۔۔۔(پرنسپل صاحب۔۔)سے بات کرلی ہے سب مینج ہو جائے

گا۔۔۔تم خیال رکھنا اپنا۔۔۔"ابرش کے ماتھے پہ نرمی سے ہونٹ رکھتے وہ عائلہ کو دیکھ رہا تھا جو لاؤنج میں لگی ضامن کی اور اپنی تصویر دیکھ رہی تھی شاید یہ تصویر کچھ پرانی تھی جس میں عائلہ پندرہ سال کی تھی۔

"آپ لوگ کھانا لیں۔۔۔!؛"وہ دونوں واپس جا رہے تھے ابرش کو ایسے اتنی جلدی ان کا جانا اچھا نہیں لگ رہا تھا وہ چاہتی تھی کہ اپنے بھائی سے باتیں کرے اب تو وہ دونوں آ گئے تھے عائلہ کے سامنے ضامن کی جو حالت تھی اسے دیکھتے ابرش پریشان تو تھی لیکن مروتا اس نے یرمان کو کھانے پہ روکنا چاہا۔

"تُمھارے شوہر کو اچھا نہیں لگا ہمارا آنا۔۔۔"ضامن عائلہ کی کلائی زبردستی تھامتے باہر کی طرف بڑھ گیا جب کہ ابرش نے ایک نظر ضامن کے کمرے کے بند دروازے کو دیکھا تھا۔۔۔

ضامن عائلہ سے ایسا سلوک کرے گا ابرش کو اندازہ نہیں تھا ابرش ان چیزوں کو بہت لائٹ لے رہی تھی اسے اندازہ نہیں تھا کہ اس کی ہال والی حرکت کی وجہ سے ضامن اور عائلہ کی زندگی کتنی بدل چکی تھی۔۔۔۔

ضامن عائلہ کی آنکھ میں ایک آنسو برداشت نہیں کرتا تھا آج وہ رو رہی تھی اور ضامن خاموشی سے چلا گیا ابرش کا دل چاہا رہا تھا وہ ضامن کے پیچھے کمرے میں جائے لیکن اس کے غصے سے خائف ہو رہی تھی دل بھی کر رہا تھا لیکِن وہ جا بھی کہہ نہیں رہی تھی۔

"کھانا نکال کر لے جاتی ہو سر کے لیے۔۔۔" ابرش کی نظر کھانے پہ پڑی تو دل ہی دل میں سوچتے وہ کچن کی طرف چلی گئی۔

••••••

مایا پچھلے کتنے دنوں سے گھر میں بند تھی کسی دوست سے نہیں ملی کوئی پارٹی اٹینڈ نہیں کی ہر چیز سے دل چاٹ ہو گیا تھا اس کا پلان فلاپ ہو گیا وہ اُس دن یرمان کے ساتھ تعلق بنا لیتی لیکِن عین موقع پر یرمان نے واپسی کی بات کر دی اوُر عائلہ کو لیکر وآپس آ گیا تھا۔

مایا کو معلوم ہو چکا تھا کہ ابرش کی رخصتی ہو چکی تھی ضامن کے ساتھ عفت ملک سے اس سے بات ہوئی تھی وہ اس کے ساتھ تھیں لیکن یرمان نے جو دغادی تھی اس کا۔

مایا کا دل پوری طرح سے ٹوٹ چکا تھا وہ یرمان ملک کے رویئے سے بکھری ہوئی تھی مام ڈیڈ کا پریشر الگ سے تھا وہ اسے یرمان ملک کے قریب جانے کا

کہتے تھے مام کی باتیں ذہن میں آئی تو اس نے اپنے آنسو بمشکل صاف کیے تھے۔

"تم خوبصورت ہو مایا اوَر مرد ایک خوبصورت کے آگے ہار ہی جاتا ہے تم کچھ کرتی ہو۔۔" بیٹی کا ترکی جانے کا ان کو معلوم تھا لیکِن انہوں نے کوئی اعتراض نہیں کیا کیونکہ وہ خود یہی تو چاہتی تھیں۔

"مام میں کیا کروں آپ میری حالتِ نہیں سمجھ سکتی ہیں یرمان کیون وہ عائلہ ہی کیوں؟ میں کیوں نہیں۔۔۔" وہ اپنے بال جھنجھوڑ رہی تھی اس پل دل اس قدر گھبرا رہا تھا کہ اس کا من کر رہا تھا یہاں سے بھاگ جائے۔

اس کا سیل فون بجا تو اس نے دیکھا کال آہل کی تھی وہ اس ٹائم اسے کال کیوں کر رہا تھا جب سے وہ ترکی سے آئی تھی اس کی اہل سے بات نہیں ہو سکی تھی ابھی آہل کی کال دیکھ کر وہ خاصی حیران ہو رہی تھی۔

"تھینک گاڈ تم نے کال توریسیو کی۔۔ کیسی ہو تم۔۔۔؟" مایا نے کال پک کرتے ہی آہل بے قراری سے بولا مایا نے بمشکل اپنی ہچکی ضبط کی تھی ورنہ دل کر رہا تھا کہ وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دے۔

"میں ٹھیک۔۔۔ تم نے کام کیوں کی۔۔۔؟" وہ مارے باندھے بات کر رہی تھی مجبور ہو کر کیونکہ دل تو ہر چیز سے چاٹ تھا کچھ بھی کرے سے کسی سے بھی بات کرنے سے۔

"کیا ہوا ہے مایا۔۔؟" یہاں اہل کو مایا کی آواز سن کر ایک اطمینان سا ہوا وہیں مایا کی آواز اس پہ واضح کر گئی کہ وہ خاصی اپ سٹ ہے۔۔۔

"کچھ نہیں ہوا آہل آئی ایم فائن۔۔۔ تمھیں کوئی کام تھا جس کے لیے کال کی۔۔۔؟" مایا نے انگلیوں کی پوروں سے اپنی آنکھیں صاف کی تھیں۔

"کیا بنا کام کے کام نہیں کر سکتا۔۔۔؟" آہل نے سرد آہ بھری کتنا بے چین رہا تھا وہ پیچھے کچھ دن مایا سے بات کرنے کے لیے۔

"بنا کسی کام کے توکال کرنے کی کوئی تک نہیں بنتی آہل اگلا بندہ مصروف بھی ہو سکتا ہے۔۔۔!" آج مایا کے لہجے میں کچھ تھا جو آہل کو چبھا تھا۔

"آوو مطلب میں نے تمھیں ڈسٹرب کیا۔۔۔؟" آہل افسوس سے بولا مایا کے سرد اوٗر سنجیدگی بھرے تاثرات دیکھتے اسے یہی لگا کہ شائد اس نے مایا کو ڈسٹرب کیا ہے تبھی ارادہ معذرت کرنے کا تھا۔

"آہل یہ توکال کرنے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا کوئی کام ہے تو بتاؤ نہیں تو میں کال کٹ کر رہی ہوں۔۔۔" مایا کے لہجے سے بیزاری نمایاں تھی جیسے وہ دل پہ جبر کرتے آہل سے بات کر رہی ہو یہ سچ بھی تھا اس وقتِ مایا کسی سے بات

کرنے کے موڈ میں نہیں تھی یرمان کی طرف سے دیئے گھاو اس قدر گہرے تھے کہ بھرنے میں بھی وقت لگنا تھا۔

"سوری مایا مُجھے لگا تھا ہم کزنز سے زیادہ دوست ہیں لیکن اب مُجھے لگتا ہے کہ ہمارا کزن والا رشتہ بھی آہستہ آہستہ ختم ہو رہا ہے کیونکہ تُمھارے لہجے سے آج پہلی بار مُجھے یہ بیزاری محسوس ہوئی ہے اور یقین مانو مُجھے بہت برا لگ رہا ہے۔۔۔" آہل نے صاف گوئی کا مظاہرہ کیا۔

مایا کے رویئے سے وہ ہرٹ ہوا تھا اور جو بات اسے ہرٹ کرتی وہ سامنے والے کے منہ پہ کہہ دیتا تھا۔

"ہم کزنز تھے اور ہیں آہل اس وقت میں بہت اپ سٹ ہوں معذرت آگر تم ہرٹ ہوئے تو کوشش کرنا مجھے کچھ دن تک کال یا میسج نہ کرو۔۔۔" مایا نے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھتے سسکی بمشکل روکی تھی۔

"کیوں اپ سٹ ہو مایا یو کین شئیر ود می ہم کزنز ہیں یار جو بھی پریشانی ہے شئیر کرو مجھ سے۔۔۔"وہ جانتا تھا مایا پریشان کس وجہ سے ہو گی یقینا یرمان ملک کی وجہ سے۔

"آہل پلیز مجھے اس بارے میں بات نہیں کرنی ہے تم آپنا کام کرؤ۔۔۔!؛"مایا کی آنکھوں سے آنسو نکلتے اس کے رخساروں کو بھگو رہے تھے۔

"میں تم سے ملنے آجاؤں۔۔۔؟"آہل نے اجازت لینی چاہی تھی مایا نے حیرانگی سے فون سکرین کو دیکھا۔

"اس وقتِ نہیں رہنے دو مجھے نیند آرہی ہے میں سونا چاہتی ہوں تمھیں میرے پیچھے خوار ہونے کی ضرورت نہیں ہے آہل۔۔۔!؛"وہ اس پل پوری طرح سے بیزار ہو چکی تھی۔

"واٹ خوار۔۔۔؟ یہ کسی باتیں کر رہی ہو مایا مُجھے تمھاری طعیبت ٹھیک نہیں لگ رہی ہے یار ہم کئیں باہر چلتے ہیں۔۔۔!؛"

"آہل میں نے کہاناں مجھے کہیں نہیں جانا ہے کیوں پیچھے پڑ جاتے ہیں۔۔۔ بائے۔۔۔!؛" وہ خوُد نہیں جانتی تھی کہ وہ بول کیا رہی ہے اس نے فون بند کر دیا آہل کتنے ہی ثانیے بس موبائل کو دیکھتا رہا مایا کی حالتِ دیکھ دل کٹ رہا تھا۔

"یرمان اپنی لائف میں خوش ہے مایا تمھیں یہ بات تسلیم کر لینی چاہیے۔۔۔" وہ خیالوں ہی خیالوں میں مایا سے مخاطب تھا۔

دل بے چین تھا مایا سے ملنے کے لیے لیکن وہ مایا کا روُیہ دیکھ کر خود کو روک چکا تھا اب۔

مایا نے خود انکار کیا تھا وہ نہیں ملنا چاہتی تھی اہل پھر وہاں جاتا بھی تو کوئی فایدہ نہیں تھا مایا کی مام کا رویہ ویسے بھی اس کے ساتھ کہاں آچھا تھا۔

••••••

عائلہ مسلسل رو رہی تھی اس وقتِ وہ دونوں جہاز میں موجود تھے جرمنی کا راستہ خاصا لمبا ہو رہا تھا عائلہ کو رہ رہ کر ضامن کا رویہ پریشان کر رہا تھا ضامن نے اس کو گلے سے لگایا تھا اگر یرمان ملک بات نہیں کرتا تو یقیناً ضامن اس کو معاف کر دیتا اس کی آنکھیں بار بار بھیگ رہی تھی دل پہ بوجھ بڑھتا ہی جا رہا تھا ہر پل اس کو موت کے قریب جاتا محسوس ہو رہا تھا۔

وہ آنکھیں موندے بیٹھی تھی یرمان ملک اس کے ساتھ ہی بیٹھا تھا لیکِن عائلہ نے اس کو مخاطب کرنا ہی ضروری نہیں سمجھا تھا۔

وہ خاموشی سے آگے آنے والے لمحات کو سوچ رہی تھی دل کی گھبراہٹ تو حد سے زیادہ تھی جیسے وہ ضامن سے دوبارہ کبھی نہیں ملنے والی تھی یہ اطمینان تھا کہ ضامن نے اس کو سینے سے لگایا تھا اوُر اس کے گرد حصار بھی بنایا۔

ابرش کتنے حق سے اس کے گھر میں اس کے بھائی کی بیوی بنی رہ رہی تھی عائلہ کے لیے یہ منظر نا قابلِ برداشت تھا کتنی آسانی سے ابرش وہ سارا کچھ بھول گئی تھی۔۔

"کیا بھائی ابرش کو قبول کر چکے ہیں۔۔۔؟"اس کے دل کے کسی کونے سے یہ سوال اٹھا جس کا جواب خوُد ہی مل گیا ابرش کتنے قریب کھڑی تھی اس

کے بھائی کے اور درمیان میں ان کا جائز رشتہ بھی آگر ضامن کے دل میں ابرش کے لیے جذبات پیدا ہو گئے تو کیا ضامن ماضی بھول جائے گا۔

"عائلہ تم ابرش کو لیکر جو الٹا سیدھا سوچ رہی ہو بہتر ہے اپنی سوچ بدل لو تمھارا بھائی ابرش کو طلاق نہیں دے گا۔۔۔"یرمان ملک عائلہ کو خاموش نہیں دیکھ سکا سیدھے وہ دونوں ائیر پورٹ چلے آئے تھے گھر جانے کا ٹائم نہیں تھا اور نہ ہی وہ جانا چاہتا تھا۔

" ہمممم۔۔۔"عائلہ محض یہی کہہ سکی تھی وہ خاموش رہنا چاہتی تھی اس کو بس خاموشی چاہیے تھی اور وہ چاہتا تھا کہ عائلہ سے باتیں کرے جو وہ کرنے کے موڈ میں ہرگز نہیں تھی۔۔۔

"یہ ہمممم کیا ہوتا ہے تم جو سوچ رہی ہو مجھے اچھے سے سمجھ آرہا ہے لیکن بہتر ہے جو حالات چل رہے ہیں ان کو قبول کر لو ابرش بری نہیں ہے بس

حالاتِ ہی آیسے ہو گئے تھے۔۔۔۔"یرمان نجانے کیوں ابرش کی پوزیشن کلیئر کرناچاہارہاتھاعائلہ کی بھابھی تھی ابرش وہ چاہتاتھاعائلہ ابرش کو قبول کر لیتی تو یہ اچھاتھاان دونوں کے لیے۔

"میں اس بارے میں بات نہیں کرناچاہتی آپ کی بہن کے بارے میں مجھے کچھ نہیں کہناہے آپ کیوں آپ اپنی بہن کی پوزیشن کلیئر کرناچاہتے ہیں میرے سامنے۔۔۔۔۔میں اُنہیں اپنی بھابھی کے روپ میں قبول نہیں کر سکتی ہوں۔۔۔!؛"وہ آنکھیں بند کئے ہی بولی تو یرمان ملک نے مٹھیاں بھینچ لی تھیں.

"کیامسلہ ہے عائلہ اب کیوں کر رہی ہو تم ایسا۔۔۔؟!"وہ جھنجھنایا تھا۔

"میں کیا کر رہی ہوں۔۔۔؟"یرمان ملک نے بزنس سیٹ بک کروائی تھی دونوں ہی اکیلے تھے اس کا پرائیویٹ جیٹ تھاجس میں بس پائلٹ کے علاوہ

وہ دونوں ہی تھے عائلہ کو گھبراہٹ ہو رہی تھی ترکی جاتے وہ دونوں اکیلے نہیں تھے لیکن آج وہ دونوں اکیلے تھے یہ تو اچھا تھا کہ اس کی طعیبت کے پیشِ نظر یرمان اس کو زیادہ کچھ نہیں کہہ رہا تھا۔

"اچھے سے جانتی ہو تم۔۔۔؟" وہ اس کی باتوں پہ تلملاتے بولا تو عائلہ نے آنکھیں میچ لی تھیں۔

"پلیز۔۔۔۔!؛" وہ جیسے بات ہی ختم کر چکی تھی اوٗر یرمان نے اپنی گردن سہلائی تھی اس کو بھوک لگ رہی تھی ابھی سفر میں کافی ٹائم تھا اس نے کھانا آرڈر کیا تھا اوٗر عائلہ سے بھی پوچھنا چاہا لیکن عائلہ نے انکار کر دیا تھا۔

"تمھارے لیے بھی آرڈر کیا ہے تمھیں کھانا پڑے گا تم اپنی صحت کا خیال نہیں رکھتی تبھی آج ایسی حالت ہے تمھاری اب سے نو مور کیئر

لیس۔۔۔۔!؛"وہ سنجیدگی سے کھانے کی ٹرے درمیان میں رکھتے بولا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"نہیں کھانا۔۔۔"عائلہ کو یرمان کا یہ انداز اچھا نہیں لگا تھا اب کیا کھانے میں بھی یہ انسان اپنی دھونس جمانے والا تھا۔

"وجہ۔۔۔۔؟"

وہ بتا نہیں سکی کہ اس کی وجہ یرمان ملک کی موجودگی تھی جو اس کے ساتھ بیٹھا تھا بھلا اس انسان کی وجہ سے وہ ریلکس رہ سکتی تھی۔

"ہر چیز کے پیچھے وجہ نہیں ہوتی۔۔۔!؛"وہ اس کو کھاتا دیکھ رہی تھی جو اس کی طرف دیکھتے کھانا کھا رہا تھا اب تو نوالہ بھی اس نے بنا کر عائلہ کے ہونٹوں کے قریب کیا جو وہ منہ نہ کھولتے وہ خاموشی سے دیکھ رہی تھی۔

"میں نہیں مان سکتا ہر ایکشن کے پیچھے کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے اگر تم میری وجہ سے خوُد کے ساتھ یہ ظلم کرو گی تو یہ بہت غلط ہے یار کم سے کم کھانا تو کھا لو۔۔۔"وہ عائلہ کے زہن میں چلتی سوچو کو بھی پڑھنے کی کوشش کرتا تھا۔

"آپ کچھ زیادہ ہی سوچتے ہیں اپنے بارے میں۔۔۔میں آپ کی وجہ سے میں کھانا نہیں کھا رہی ہوں۔۔۔"وہ اس کی باتوں پہ گھبرا گئی تھی لیکِن پھر بھی ڈھیٹ بن گئی تھی کونسا وہ کچھ جانتا تھا اس کے بارے میں۔

"کیا یہ سچ نہیں ہے؟"یرمان نے سوال کیا تھا.

"نہیں۔۔۔!؛"عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"کھاؤ۔۔۔"یرمان نے ہاتھ میں بنائے نوالے کی طرف اشارہ کیا تو عائلہ کو نہ چاہتے بھی کھانا پڑا تھا کھانے کا ذائقہ آچھا تھا عائلہ کو پسند بھی آیا تھا بھوک بھی کھانے کا ذائقہ دیکھ کر چمک اٹھی تھی۔

تو انا سائیڈ پہ رکھتے اس نے خود ہی کھانا شروع کر دیا تھا دونوں نے ساتھ ہی کھایا تھا۔

"ضامن بھیا کو میرے۔۔۔ہاتھ کا کھانا پسند۔۔۔ تھا بہت وہ فرمائش کرتے تھے۔۔۔!؛"وہ کھوئے کھوئے سے انداز میں بولی شاید پل بھر کے لیے وہ بھول چکی تھی کہ اس کے سامنے یرمان ملک بیٹھا ہے جو غور سے اس کی باتیں سن رہا تھا۔

"مُجھے بھی بنا کر کھلاؤ تو مانو۔۔۔!؛"وہ شریر لہجے میں بولا تو عائلہ کو اپنے بولے لفظوں کا احساس ہوا تھا وہ کیا بھول چکی تھی یرمان ملک کے سامنے۔

کھانے کے بعد کچھ ہی دیر میں وہ لوگ Berlin شہر پہنچ گئے تھے۔۔۔

عائلہ تو اس شہر کی خوبصورتی سے متاثر ہوئی تھی یرمان ملک نے پہلے ہی یہاں ایک خوبصورت گھر لے لیا تھا تا کہ وہ اور عائلہ ایک ساتھ سکون سے رہ لیں۔

گھر ہاسپٹل کے ساتھ تھا عائلہ کی سرجری کافی رسکی تھی کل ہونی تھی سرجری شام کے سات بجے۔

ابھی رات کے دس بج رہے تھے عائلہ کی آنکھیں نیند سے بند ہو رہی تھی وہ تو سو گئی تھی اوٗر یرمان ملک اس کو اٹھائے آندر آیا تھا بیڈ پہ لٹائے اس پہ کمفٹر ٹھیک کیا آور اپنی شرٹ اتارتے وہ باتھ روم چلا گیا تھا شاور لیتے وہ تقریباً آدھے گھنٹے بعد واپس آیا تھا روم میں۔

یہاں کا موسم نارمل تھا نہ سردی نہ گرمی۔

گرمی تو دسمبر سے جنوری میں ہوتی تھی اور گرمی جون سے اگست تک یہ جون کی شروعات تھی لیکن موسم نارمل تھا یرمان ملک شرٹ کے بغیر ہی چلا آیا وائٹ ٹروزار میں وہ آپنے گیلے بالوں میں انگلیاں پھیرتے عائلہ کو دیکھ رہا تھا جو پر سکون سو رہی تھی۔۔۔۔

وہ اس کے قریب بیٹھتے اس کے بالوں کو نرمی سے سنوارتے اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھ چکا تھا عائلہ گہری نیند میں اس لئے محسوس نہیں کر سکی وہ نرمی سے عائلہ کے چہرے پہ ہونٹوں کا گھمبیر لمس چھوڑ رہا تھا۔

"تم نہیں جانتی ہو مجھے کتنی ٹینشن ہو رہی ہے عائلہ میں نہیں جانتا ہوں اس سرجری کا رزلٹ کیا ہو گا میری دعا ہے تمھیں کچھ نہ یو۔۔۔ان چند دنوں میں تم میرے لیے کتنی ضروری ہو چکی ہو تم نہیں سمجھ سکتی ہو۔۔۔"وہ

سرگوشی کر رہا تھا عائلہ اگر جاگ رہی ہوتی تو اس کی باتیں سن کر وہ بے ہوش ہو جاتی۔

"سوتی رہو تم۔۔۔" وہ اس کے ہونٹ کو اپنے ہونٹوں میں لیتے بولا اور اس کی سانسوں شدت سے خود میں انہیل کیا عائلہ نیند میں ہی کسمکائی تھی لیکِن یرمان ملک نے اس کے ہونٹوں کو آزاد نہیں کیا تھا وہ ہنوز اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں پیوست کیے اس کی سانسوں کو خوُد میں انہیل کیا تھا۔

تیرے ہونٹوں کی لالی میں چھپی ہے کوئی بات،

میرے ہر خواب میں بسنے لگی ہے تیری ذات۔

یہ جو نرم، ریشم سے ہونٹ تیرے سجے ہیں،

میرے دل کے موسم انہی سے بھرے ہیں۔

نہ چوموں تو دل بے چین ہو جائے،

یہ طلب ہے جو ہر پل بڑھتی جائے۔

لبوں پہ تیرے جب ہنسی ٹھہرتی ہے،

میرے سینے میں جیسے خوشبو بکھرتی ہے۔

کبھی خاموش بیٹھو تو ہونٹ کچھ کہتے ہیں،

کبھی بول پڑو تو لفظ مہکنے لگتے ہیں۔

یہ سانسیں میری کمزوری بن رہی ہیں۔۔۔!؛ نشہ ہے ان ہونٹوں "

"میں۔۔۔۔ میں ایڈکٹ ہوتا جا رہا ہوں میں۔۔۔

میرے لب ترستے ہیں تیرے لمس کی خاطر،

کہ ہر چومنے سے ملے نئی زندگی کی تعبیر۔

کاش وقت یہیں تھم جائے،

بس تیرا چہرہ ہو، اور یہ ہونٹ لبوں سے مل جائیں۔

میں ہر ساہ میں صرف تجھے محسوس کروں،

ان ہونٹوں کی قربت کو، بس بے خود ہو کے چوموں۔

تیرے ہونٹوں کی حدت، جیسے شراب کا نشہ،

میری روح تک اترے ہے، دیتی ہے عجب سا مزہ۔

یہ چاہت، یہ لمس، یہ بے خودی کی رات،

بس تیرے ہونٹوں پہ مر مٹنے کی ہے بات۔

وہ اس کے بھیگے ہونٹوں کو سہلا رہا تھا عائلہ اس کی باتوں سے بے خبر سو رہی تھی۔

وہ اس کے لمس سے خود کو جی بھر کر سیراب کرتے اس کو اپنی بانہوں میں بھرتے ہی لیٹ گیا تھا۔

عائلہ کی ناز کی اسے اپنی دھڑکنوں کے انتہائی نزدیک محسوس ہوئی عائلہ کی شال اس نے دیکھی تو خود کو کوسا اور اس کی شال اتار کر سائیڈ پہ رکھتے وہ اس کے ماتھے پہ ایک بار پھر سے ہونٹ رکھ چکا تھا دل مچلنے لگا تھا عائلہ کا لمس پاتے۔

"بس ایک بار سرجری کامیاب ہو جانے دو پھر ہمارے درمیان کوئی فاصلہ نہیں ہو گا میں تمھیں خود میں قید کر لونگا۔۔۔" وہ اس کے کان کی لو کو ہونٹوں سے چومتے گھمبیر سرگوشی کر رہا۔

عائلہ اس کے اتنے قریب تھی اب نیند کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا وہ ظالم لڑکی خود تو سو رہی تھی لیکِن یرمان کو اس کے وجود سے اٹھتی مہک بری طرح سے اٹریکٹ کر رہی تھی۔

عائلہ نے کروٹ بدلتے یرمان کے سینے میں چہرہ چھپایا اس کی شرٹ بے ترتیب ہوئی تو یرمان ملک کی نظریں اس کے سرخ پر دے پہ گئی تھی جو صبح ہاسپٹل میں اس نے خود ہی تو عائلہ کو پہنایا تھا۔

اس کا ڈریس یرمان ملک نے خود بدلا تھا وہ نہیں چاہتا تھا عائلہ کو اس کے علاوہ کوئی دیکھے نجانے کیوں وہ ہو رہا تھا اتنا شدت پسند اور جنونی عائلہ کے لیے کہ بس اس کو خود میں قید کرنا چاہتا تھا۔

"یار تمھاری نیند۔۔۔"اس کی گردن کے خم پہ ہونٹ رکھتے وہ جھنجھنایا اس کی وایفی کی نیند پکی تھی کوئی بھی فایدہ اٹھالیتا اور عائلہ کو کانوں کان خبر بھی نہیں ہوتی۔

وہ عائلہ کے قریب آیسے ہی لیٹا رہا اس کو سکون مل رہا تھا اس کے اور عائلہ کے جہاں آنے کے بارے میں مایا نہیں جانتی تھی ویسے تو یرمان کو اس بات

سے فرق نہیں پڑتا تھا لیکن جیسے پہلے وہ استنبول چلی آئی یرمان نہیں چاہتا تھا کہ وہ ایسے ہی یہاں بھی آ جائے۔

ترکی میں تو مایا زیادہ وقت ان کے ساتھ نہیں رہ پائی کیونکہ یرمان لوگوں کو واپس جانا پڑ گیا تھا پر یہاں ان کے کافی دن لگنے والے تھے کل تقریباً دوپہر کو وہ عائلہ کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس جانے والا تھا اور ڈاکٹر سے بات کرنے کے بعد شام کو سرجری سٹارٹ ہوتی۔۔ نجانے آگے کیا ہونے والا تھا وہ بالکل بھی نہیں جانتا تھا ہاں عائلہ اس کے لیے اب بہت اہم ہو چکی تھی مختلف سوچیں اس کے دماغ میں چل رہی تھی ہاتھ ابھی تک عائلہ کے بالوں میں تھے جن کو وہ نرمی سے سہلا رہا تھا.

وہ وہیں لیٹا تھا جب اس کا فون بجنے لگا کال ڈیڈ کی تھی یقیناً وہ اس سے پوچھنے والے تھے کہ وہ دونوں خیریت سے پہنچ گئے ہیں یا نہیں۔

"ہاں ڈیڈ کیسے ہیں آپ۔۔۔؟" عائلہ کی نیند خراب نہ ہو وہ سیل فون اُٹھائے روم سے باہر نکل آیا تھا۔

"تم لوگ پہنچ گئے ملنے نہیں آئے گھر میں انتظار کر رہا تھا سوچا تھا تم دونوں کو خود چھوڑنے جاؤں گا ائیر پورٹ لیکِن مُجھے ڈرائیور سے خبر ملی جسے تم نے واپس بھیج دیا تھا۔۔۔" وہ برہم ہو رہے تھے۔

"ڈیڈ میں نے آپ کو بتایا تھا ہم لوگ سیدھے ہاسپٹل سے ہی نکل جائیں گے ائیر پورٹ پھر آپ انتظار کیوں کر رہے تھے۔۔۔؟" یرمان سنجیدگی سے بولا

۔

شاید ڈیڈ کی بے وقت کال دیکھ کر وہ تو شاید ان کی کال ریسیو ہی نہیں کرتا شاید ڈیڈ کی جگہ کوئی اوَر ہوتے تو کال ریسیو نہیں کرتے لیکن ڈیڈ کی ریسو کرنی پڑی تھی اس کو۔

"لیکن بیٹا آیسے اچھا نہیں لگا مُجھے کسی سے ملے بغیر ہی چلے گئے تم لوگ عائلہ کیا سوچے گی بیٹا۔۔۔!؛"وہ تشویش سے بولے تھے شائد انہیں عائلہ کی فکر ہو رہی تھی۔

"ڈیڈ ہم آتے ہوئے عائلہ کے گھر گئے تھے اُس کے بھائی سے ملے تھے اوُر مجھے لگتا ہے یہ کافی تھا۔۔۔"ضامن سے ہوئی ملاقات کا حوالہ دینا یرمان ملک نے مناسب سمجھا تھا۔

"کیا؟ضامن اوُر ابرش سے ملے تھے؟کیسی تھی ابرش؟"بیٹی کے لیے ان کا دل بے چین ہوا۔

"ڈیڈ ابرش بہت خوش تھی آخر کو من چاہا ہمسفر مل گیا ہے اُسے آپ پریشان مت ہوں ضامن بھی نارملی ملا عائلہ سے۔۔۔سب نارمل ہے آپ

ٹینشن لیں گے تو آپ کی طعیبت خراب ہو جائے گی۔۔۔!؛"وہ ڈیڈ کو پریشان نہیں دیکھ سکتا تھا پہلے ہی ان کی طعیبت ٹھیک نہیں رہتی تھی۔

"شکر ہے اللہ تعالیٰ کا ورنہ ضامن کے غصے سے مُجھے ڈر لگ رہا تھا ضامن وقتی غصہ دکھا رہا ہے لیکِن آگے سب ٹھیک ہو جائے گا عائلہ کا خیال رکھنا بیٹا یہ بہت نازک وقت ہے اتنی سی عمر میں ایسی بیماری۔۔۔!؛"وہ ہیئر ڈ سہلا رہے تھے عائلہ ان کو ابرش سے زیادہ عزیز ہو گئی تھی۔

"انشاء اللہ ڈیڈ سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔!؛"

"قیوم آپ۔۔۔!؛"کوئی نسوان آواز یرمان ملک کی سماعتوں سے ٹکرائی تھی لیکِن بس دو لفظ کیوں کہ قیوم ملک نے سامنے کو اشارے سے روک دیا تھا یرمان ملک نہیں چاہتے تھے کہ یرمان ملک کو اس بارے میں کچھ معلوم ہو۔۔

"ڈیڈ یہ آواز؟ کس کی آواز تھی؟ مام کی آواز نہیں ہے یہ۔۔۔؟ کون ہے یہ۔۔۔؟" یرمان ملک کی حس بہت تیز تھی وہ آواز مام کی نہیں تھی کسی اور کی تھی۔

"وہ۔۔۔ وہ میری۔۔۔ اسسٹنٹ۔۔۔۔" مارے گھبراہٹ کے قیوم ملک کے ہونٹوں سے لفظ ہی نہیں نکل رہے تھے وہ پریشانی سے اپنے سامنے بیٹھی لڑکی کو گھور رہے تھے۔۔۔۔۔۔

"ڈیڈ اس ٹائم آپ آفس تو نہیں ہوتے۔۔۔۔!؟" وہ تفتیش کرنا شروع ہو گیا تھا قیوم ملک کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ کیسے اور کن لفظوں سے یرمان ملک کو قائل کرے۔

"ہاں۔۔۔ آج وہ۔۔۔ کام۔۔۔!؛" وہ اس قدر گھبر گئے کہ اپنی گھبراہٹ کے تھروہی وہ یرمان کو شک میں ڈال چکے تھے یرمان کو یاد نہیں پڑتا تھا کہ

ڈیڈ کی کوئی اسسٹنٹ بھی ہے لیکن اس وقتِ دھیان عائلہ کی طرف تھا تو اس نے زیادہ کریدا نہیں ورنہ قیوم ملک کے لیے مشکل ہو سکتی تھی۔

"ریلکس ڈیڈ لگتا ہے کام کا پریشر زیادہ ہے آپ کام کمپلیٹ کر لیں میں بھی ریسٹ کرتا ہوں کل سے بہت بیزی ہونے والا ہوں بائے۔۔۔!؛" وہ چند مذید باتیں کرتے فون کٹ کر گیا قیوم ملک سے بات کرتے وہ واپس روم میں چلا آیا تھا۔

عائلہ کی پکی نیند اب اسے کسی گستاخی پہ اکسا رہی تھی عائلہ کا نازک سراپا اس کو بری طرح سے اٹریکٹ کر رہا تھا وہ خود پہ ضبط نہیں کر پا رہا تھا جو ان جذبات تھے کہ پوری طرح سے اسے بے بس کر رہے تھے وہ چاہا کر بھی خود پہ ضبط نہیں رکھ سکا تھا۔۔۔۔

بیڈ کی طرف آتے وہ ایک بار پھر سے عائلہ کے قریب لیٹتے اس کو اپنے سینے سے لگایا اوٗر عائلہ اسے تکیہ سمجھتے اس کی گردن میں چہرہ چھپا گئی تھی۔

عائلہ نے چینج تک نہیں کیا تھا وہ ایسے ہی سو رہی تھی یرمان ملک نے سوچا وہ اسے ڈریس پہنا دے ویسے بھی جب وہ ہاسپٹل میں اسے چینج کروا سکتا تھا تو ابھی کروانے میں کیا حرج تھی۔۔

وہ اٹھتے عائلہ کے لئے ایک نائٹ ڈریس نکال کر لایا جو سپیلنگ سوٹ تھا عائلہ کو پہناتے اس کی نظریں بار بار اس کی ناز کی سے الجھ رہی تھیں۔

"افففففف یہ لڑکی مجھے کسی کام کا نہیں چھوڑے گی۔۔۔!؛" وہ مسکرایا تھا عائلہ کی ناک سے ناک سہلاتے وہ آنکھیں موند گیا تھا۔

عشق نے نکما کر دیا

ورنہ ہم بھی آدمی کام کے تھے۔۔

••••••

"قیوم کیا ہوُا۔۔۔؟" وہ ڈر گئی تھی اپنی غلطی بھی تو معلوم تھی کیونکہ وہ کال پہ بات کر رہے تھے اسے اس طرح ان کو مخاطب نہیں کرنا چاہیے تھا قیوم آج تقریباً آتنے مہینوں بعد آئے تھے یہاں اوُر وہ ان کا موڈ خراب دیکھ کر دل ہی دل میں گھبر رہی تھی۔

"یہ کیا تھا۔۔۔۔؟" وہ دانت پیستے بولے اج اگر یرمان ملک ان کے بارے میں جان جاتا تو پھر وہ کیا کرتے۔

"کیوں بات کی اریبہ۔۔۔؟ میں نے منع کیا تھاناں جب میں کال پہ بات کر رہاہوں تم درمیان میں نہیں بولو گی آگر آج یرمان کو تمھارے بارے میں

معلوم پڑ جاتا تو جانتی ہو کیا ہو سکتا تھا۔۔۔؟" وہ ابھی تک گھبرائے ہوئے تھے۔

"سوری وہ میں۔۔ مُجھے معلوم نہیں تھا تم بات کر رہے تھے اپنے بیٹے سے۔۔۔ تم غصہ کیوں کر رہے ہو وہ اپنی بیوی کے ساتھ ہے اس بارے میں زیادہ نہیں سوچے گا آپ خوامخواہ ہی پریشان ہو رہے ہیں۔۔۔!؛" وہ قیوم ملک کی گود میں بیٹھتے ان کی گردن میں بانہیں حائل کر گئی تھی وہ ایسا تک ہی کرتی تھی جب قیوم ملک اس سے ناراض ہوتے تھے۔

وہ قیوم ملک سے تقریباً پندرہ سال چھوٹی تھی اور ان کو آفس میں ملی تھی بہت جلد اپنی خوبصورتی اور کام میں لگن کی وجہ سے وہ قیوم ملک کی نظروں میں آ گئی تھی اور وہ اس سے اتنے امپرس ہوئے کہ سیدھا نکاحِ ہی کر لیا۔

یہ اُن دنوں کی بات تھی جب عفت ملک یرمان اوَر ابرش کے ہوتے بھی گھر میں کم ہی پائی جاتی تھی قیوم ملک خود ہی بچوں کو سنبھالتے تھے اوَر پھر ایسے میں ان کی کچھ ضروریات تھیں جو ان کو پوری کرنی ہوتی تھیں آور پھر جب ضروریات گھر سے پوری نہ ہوں تو مرد باہر ان ضروریات کو پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔۔ایسے میں اریبہ کے وجود سے وہ اپنی طلب پوری کرتے تھے۔

پہلے پہل تو سب ٹھیک چلتا لیکِن اچانک سے جب عفت ملک نے بچوں میں انٹرسٹ لینا شروع کیا تو پھر ان کے لیے بہت مشکل ہوئی کیونکہ پھر عفت ملک ان کی ہر سرگرمی پہ نظر رکھتی تھیں۔۔

"وہ بیوی کے ساتھ ضرور ہے لیکن اس معاملے میں وہ بہت احساس ہے اریبہ۔۔۔ تمھیں احتیاط کرنی چاہیے تھی۔۔۔"وہ اریبہ پہ وہ زیادہ غصہ بھی

کہہ کر سکتے تھے وہ ماں بننے والی تھی اریبہ نے ان سے شادی کرنے کے لیے اپنے گھر والوں کو چھوڑ دیا تھا اور اب ان کے ساتھ وہ ان کی بیوی بن کر رہتی باقی دنیا کو جیسے کئیں پیچھے چھوڑ آئی تھی۔

"میں احتیاط کروں گی آگے آپ پریشان نہیں ہوں آپ جانتے ہیں میں آپ کو اداس اور پریشان نہیں دیکھ سکتی ہوں قیوم۔۔۔" وہ ان کی بیرڈ کو انگلیوں سے سہلا رہی تھی وہ مسکرائے تھے۔

"جانتا ہوں اریبہ بہت اچھے سے جانتا ہوں لیکن تم جوان ہو اور اب جو تمھیں مجھ سے چاہیے وہ مشکل ہے کیونکہ میں اب بوڑھا ہو رہا ہوں۔۔" اریبہ کے لمس کا اثر تھا کہ وہ سب بھولتے جا رہے تھے ویسے بھی اتنے مہینوں کے بعد وہ مل رہے تھے اریبہ سے کہاں ناراضگی دکھا سکتے تھے

گزرے کچھ مہینوں میں وہ بہت کم تھوڑے وقت کے لیے آئے تھے یہاں اریبہ سے ملنے کے لیے۔

"آپ اوَر بوڑھے۔۔۔مذاقِ نہیں کریں قیوم آپ کو نوش تو کبھی ختم نہیں ہوتا میری سسکیاں آپ کا جوش بڑھا دیتی ہیں اوَر آپ کہہ رہے ہیں مُجھے صرف آپ چاہیے ہیں آپ کے علاوَہ کوئی اور نہیں قیوم۔۔۔"وہ ان کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں سے ہولے چھوتے بولی تو وہ مسکرائے تھے وہ بھی تو جانتے تھے ان کی قربت میں اریبہ کتنی پر سکون رہتی تھی وہ تنگ ہی کر رہے تھے اریبہ کو۔۔

اریبہ خاصی بے باک تھی اکثر باتوں ہی باتوں میں وہ قیوم ملک کے ہونٹوں کو چھو لیتی تھی اور قیوم ملک کو اس کا یہ انداز پسند بھی تھا عفت ملک سے انہوں نے نبھا کرنے کی بہت کوششیں کی تھیں لیکن عفت ملک کو ان میں

انٹرسٹ نہیں تھا ان کے لیے بس کام اہم تھا یہ سچ تھا کہ عفت ملک کے لیے انہوں نے بہت کچھ کیا بہت کچھ فیس کیا تھا لیکن عفت ملک یہ سب سمجھتی تو پھر شاید آج حالات ایسے نہیں ہوتے بہت مختلف ہوتے۔

انہیں سب سے زیادہ ٹینشن آنے والے بچے کی تھی نجانے یرمان اور ابرش کیاری ایکشن دیتے اور عفت ملک جو آج کل کچھ ضرورت سے زیادہ ہی ان میں دلچسپی لے رہی تھیں۔

اگر عفت ملک کو معلوم ہو گیا کہ انہوں نے نہ صرف شادی رکھی ہے بلکے ایک اور بچے کے باپ بنے والے ہیں تو نجانے کیا ہوتا وہ اس بات کو لیکر پریشان تھے اور اریبہ ان کے چہرے پہ پھیلے الجھنوں کے جال دیکھتے لب بھینچ گئی تھی اس کے ساتھ ہوتے بھی وہ کہاں ہوتے تھے اس کے ساتھ اس

کے وجودِ سے طلب تو پوری کرتے تھے لیکن سوچو میں وہ عفت ملک ہوتی تھی

عائلہ اور یرمان خاموش ہوئے تو دونوں کا دھیان ایل سی ڈی کی طرف گیا یہاں بریک نیوز چل رہی تھی اور وہ کسی اوٗر کی نئ بلکے اُس مائکل کی تھی جسے صبحِ یرمان ملک نے پیٹا تھا سڑک پہ بری طرح سے وہ زخمی حالت میں ہاسپٹل میں تھا۔

زیادہ تفصیل سے تو اس واقعے کے بارے میں میڈیا میں کچھ نہیں کہا جا رہا تھا بس وہ یہی بتا رہے تھے کہ مائکل کو کسی نے بری طرح سے پیٹا ہے۔۔

"یہ یہ۔۔۔"عائلہ کے ہاتھ پاؤں پھول گئے اس کو سانس لینے میں دکت ہوئی وہ منظر پھر سے نظروں کے سامنے آیا تھا۔۔۔

اس نے بے ساختہ اپنا سینہ مسلا درد کی ایک شدید لہر اس کے پورے وجود میں سرایت کر گئی تھی یرمان جو نیوز سننے میں مگن تھا جب اس کی نظر عائلہ پہ پڑی تو اس کو کچھ ہوا عائلہ کی حالت دیکھ کر اسے افسوس ہوا وہ کیوں ایک انجان انسان کو سوچتے خود کو پریشان کر رہی تھی۔

"عائلہ سٹاپ کرائنگ۔۔۔!؛"عائلہ کو روتے ہوئے وہ دیکھ ہی نہیں سکتا تھا وہ بہت مشکل تھا ان سیاہ آنکھوں میں نمی دیکھنا۔

"یہ ہم۔۔۔"حالانکہ نیوز بس بات مائکل کے بارے میں بتایا جا رہا تھا یہاں یرمان ملک نے اُسے پیٹا تھا وہاں کیمرے نہیں لگے ہوئے تھے یہ یرمان ملک کی خوش قسمتی تھی ورنہ وہ اوُر عائلہ بری طرح سے پھنس سکتے تھے۔۔۔

"نہیں ہم اس میں کہیں نہیں ہیں عائلہ تم کیوں پھر سے اُس واقعے کو یاد کر رہی ہو بھول جاؤ بلکے میں یہ ایل سی ڈی ہی آف کر رہا ہوں اس کو آؤن کرنے کی ضرورت ہی نہیں تھی بھول ہو جاؤ۔۔۔" وہ اس کو خ*** وَد میں *** بھینچ گیا عائلہ کا پورا وجود ہوَلے ہوَلے لرز رہا تھا۔

یرمان ملک کو شدید غصہ آ رہا تھا اُس لڑکے کو زندہ کیوں چھوڑ دیا اُسے تو مار دینا چاہیے تھا ایسے گھٹیا لوگوں کا جینے کا کوئی حق نہیں ہوتا۔

"لیکِن۔۔۔"

"عائلہ پلیز۔۔۔ مُجھے غصہ نہ دلاؤ۔۔۔!؛" یرمان کو ڈاکٹر کی بات یاد تھی وہ عائلہ کو کچھ ایسا ویسا کہہ کر پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن یہ بھی سچ تھا کہ عائلہ کی باتیں ایسی ہوتی تھیں کہ وہ خود پہ ضبط کر ہی نہیں پتا تھا غصہ آتا تھا اسے عائلہ کی باتوں پہ جو کسی بھی چیز کو سوچتے رونا شروع کر دیتی تھی اب وہ

یہ بھول چکی تھی کہ اُس انسان نے اس کے ساتھ کیا کتنا غلط وہ بس یہ یاد رکھے ہوئے تھی کہ ان کی وجہ سے اُس کی یہ حالت تھی۔

"مُجھے ڈر۔۔۔"عائلہ کپکپا رہی تھی جتنا یرمان ملک اسے خوش رکھنے کی ریلیکس رکھنے کی کوشش کر رہا تھا وہ ساری بیکار جا رہی تھیں وہ پہلے سے زیادہ اپ سٹ ہو چکی تھی پینک ہو چکی تھی۔۔

"کیوں ڈر رہا ہے میں ساتھ ہوں ناں پھر ڈرنے کی کیا ضرورت ہے تمھیں عائلہ۔۔۔ تمھیں تمھاری سب سے بڑی خاصی بتاؤں میں کیا ہے تم چیزوں کو خود پہ حاوی کر لیتی ہو اور پھر نقصان تمھارا ہی ہوتا ہے۔۔۔ جسٹ ریلکس ایسی کئی باتیں ہوتی ہیں لوگوں کے ساتھ لیکِن وہ بھول جاتے ہیں کوئی بھی یاد نہیں رکھتا ہے تم ہو کہ ایک واقعے کو لیکر بیٹھ گئی ہو۔۔۔"وہ اس کی پیشانی سہلاتے اس کو اس کی سب سے بڑی خامی بتا رہا تھا عائلہ نے چہرہ جھکایا۔

"اب میں نے یہ نہیں کہا کہ تم ایسے پریشان ہو جاؤ عائلہ۔۔۔"اس لمحے دروازے پہ دستک ہوئی شاید یرمان نے کھانا منگوایا تھا وہ آگیا تھا وہ اٹھتے دروازہ کھولتے کھانے کا پارسل لیتا دروازہ بند کرتا وآپس اندر آیا یہاں عائلہ خالی خالی نظروں سے دیوار کو گھور رہی تھی اس نے کھانا ٹیبل پہ رکھا۔

اور عائلہ کو سہارا دیتے بیٹھایا اس کو ہلکا ہلکا درد تھا لیکن اس نے یرمان ملک کو بتایا نہیں وہ چھپا گئی تھی کیونکہ ابھی تک یرمان ملک کے ساتھ اس کا رشتہ اتنا مضبوط نہیں ہوا تھا وہ اپنی ساری پرو بلمز شئیر کرتی یرمان سے۔

"چلو کھاؤ یہ پورا سلائس ختم کرنا ہے پھر نرس آئے گی میڈیسن دینے اور اب میں کوئی بہانہ نہ سنوں عائلہ جلدی ختم کرو۔۔۔!؛"یرمان اسے سنجیدگی سے کہتے سلائس اس کے لبوں کے قریب کرتے اس کو گھورنے لگا اگر وہ نرمی دکھاتا تو عائلہ نے کھانا کھانا ہی نہیں تھا۔۔اس کے سنجیدہ

تاثرات دیکھتے وہ کھانے کے لیے راضی ہو گئی تھی اوٗر چھوٹی چھوٹی بائٹس لیتے کھانے لگی حالانکہ دل تو بالکل بھی نہیں کر رہا تھا لیکن اس نے جیسے تیسے کر کے سلائس ختم کر دیا تھا یرمان نے بھی تھوڑا سا خود کھایا اوٗر باقی سائیڈ پہ رکھتے وہ عائلہ کا چہرہ ٹیشو سے صاف کرنے لگا آیسے کرتے وہ ایک بہت کیئر نگ ہسبنڈ لگ رہا تھا۔۔۔

نرس جو اسی ٹائم اندر آئی تھی ان دونوں کو دیکھتے اس نے سمائل کی جب کہ عائلہ بوکھلاتے یرمان کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اسے پیچھے دھکیلنے لگی لیکِن یرمان نے نرمی سے اس کی کلائی پکڑی تھی۔

عائلہ بلش کر گئی نرس اب ان کے پاس آئی تھی۔

"نائس کپل۔۔۔۔!؛" وہ مسکراتے عائلہ اور یرمان کو دیکھ رہی تھی۔ عائلہ کو دیکھ کر کوئی بھی اس کی قسمت پہ رشک کر سکتا تھا جس کو اتنا خوبصورت

چاہنے والا ہسبنڈ ملا جو اس کی اتنی کیئر کر رہا تھا ورنہ آج کل کہاں آیسے لڑکے ملتے ہیں۔

" تھینکس سسٹر۔۔۔" یرمان عائلہ کو چھوڑے بغیر ہی اس کے ساتھ ایڈجسٹ کرتے اس کو اپنے قریب کر گیا عائلہ مذید سرخ ہوئی کم سے کم ہاسپٹل میں کسی کے سامنے وہ یرمان سے ایسی حرکت کی توقع نہیں کر رہی تھی لیکن وہ کیسے بھول گئی یہ یرمان ملک تھا جو اسے پہلے بھی ہاسپٹل سے اپنی بانہوں میں اٹھا کر باہر لے گیا تھا۔

" آپ کی مسسز اتنی ینگ اور یہ بیماری ان کو کیسے لگ گئی ہے بہت پیاری ہے آپ کی وائف۔۔۔!؛" نرس نے عائلہ کی تعریف کی اب یہ تو یرمان ملک خوُد بھی نہیں جانتا تھا کہ عائلہ کو یہ بیماری کیسے لگی ہاں لیکن وہ پریشان بہت زیادہ تھا۔۔۔

"آئی ڈونٹ نو۔۔۔بٹ ابھی ٹریٹمنٹ سے یہ ریکور کر جائے گی آپ اسے میڈیسن دیں پھر اس نے ریسٹ بھی کرنا ہے۔۔۔"یرمان سنجیدگی سے بولا عائلہ کے چہرے کے اتار چڑھاؤ وہ دیکھ رہا تھا یعنی عائلہ اسے نرس سے بات کرتا دیکھ کر جیلس ہو رہی تھی عائلہ کے چہرے سے تو اسے یہی لگا تھا۔

"یس ٹریٹمنٹ سے بہت سے لوگ ریکور کر جاتے ہیں بٹ آپ کی وائف کا کیس تھوڑا ہٹ کے ہے مطلب یہ بہت ینگ ہیں تو ہو سکتا ہے اس کی وجہ سے تھوڑا ایشو بنے۔۔۔"وہ انگلش میں بات کر رہی تھی عائلہ اس کی باتیں نہیں سن رہی تھی وہ بس یرمان ملک کو دیکھ رہی تھی۔

"ہوپ سو کہ سب ٹھیک ہو جائے۔۔۔"یرمان نے اپنا سینہ مسلا نرس کی باتوں نے پریشان تو کر دیا تھا لیکن یہ تسلی تھی کہ ففٹی پرسنٹ لوگ ریکور کر جاتے ہیں عائلہ بھی کر جائے گی۔۔۔

نرس سے یرمان نے مذید کوئی بات نہیں کی تھی وہ عائلہ کا بی پی چیک کرتے اسے میڈیسن دیتے کمرے سے نکل گئی تھی عائلہ کی میڈیسن میں غنودگی والی گولیاں تھیں شاید وہ نیند میں چلی گئی۔۔۔

یرمان کے زہن میں بار بار نرس کے گڈ مڈ ہو رہے تھے عائلہ ینگ ہے اس نے اپنی بیرڈ سہلائی تھی اور خود کو ریلکس کیا حالانکہ ڈاکٹر نے بھی کوئی اچھی امید نہیں دلائی تھی وہ عائلہ سے اس متعلق کچھ ڈسکس کر کے اسے پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔

خود وہ پریشان تھا پہلے ڈاکٹر کی باتوں کی وجہ سے اور اب اس نرس کی باتوں کی وجہ سے عائلہ کے قریب لیٹے ہی اس نے عائلہ کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے تھے وہ ہلکا سا کسمائی شاید نیند میں جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"عائلہ تم ٹھیک ہو جاؤ گی مجھے یقین ہے۔۔۔"وہ دل سے مسکرایا عائلہ اگر اس کی مسکرائے دیکھ لیتی تو ایک بار پھر سے اس کی مسکراہٹ میں کھو جاتی وہ اس کے بالوں میں چہرہ چھپا گیا تھا۔۔۔

عائلہ کو ڈاکٹرز نے یہاں رکنے کا کہا تھا لیکن جانتا تھا کہ ہاسپٹل سے زیادہ بہتر عائلہ نے گھر میں فیل کرنا تھا لہذا وہ اسے صبح ہی گھر لے جانے کا ارادہ رکھتا تھا پھر لے آتا ٹریٹمنٹ کے لیے ہاسپٹل کونسا دور تھا جو ان کو مشکل ہوتی۔

اس نے عائلہ کا ڈریس بھی چینج کرنا تھا اور ناشتہ وغیرہ بھی گھر سے ہی کرنے کا ارادہ تھا۔۔

عائلہ کے ہونٹوں کو دیکھتے اس کو شدید طلب ہوئی ان ہونٹوں کی وہ ان کا نشئی بنتا جا رہا تھا بار بار ہونٹوں کا لمس ملتا پھر بھی کم تھا اس کا تو دل ہی نہیں بھرتا تھا۔۔

طلب ہے تو تو ہے نشہ

غلام ہے دل یہ تیرا۔

عائلہ کی نیند کا فایدہ اٹھاتے وہ عائلہ کے ہونٹوں پہ جھکتے اس کی سانسوں کو قید کر گیا وہ شائد گہری نیند میں جا چکی تھی کہ یرمان کے اس ایکٹ پہ بھی کوئی رسپانس شو نہیں کیا ہاں لیکن یرمان ملک نے اس کے نازک ہونٹوں سے خود کو پوری طرح سے سیر اب کیا تھا۔

عائلہ کی گہری نیند دیکھتے وہ ہر بار کی طرح مسکرایا تھا۔

.....

ایک ہفتے بعد

ابرش روم میں بیٹھی تھی ضامن باہر گیا تھا یہاں رہتے اب اسے تقریبا دو ہفتے ہونے والے تھے ضامن اور اس کے درمیان سب پہلے جیسے ہی تھا کچھ نہیں بدلا تھا وہ جتنی کوشش کرتی اس کی ساری کوششیں بیکار جاتی کیونکہ ضامن عائلہ کی آمد کے بعد سے تو کچھ زیادہ ہی روڈ ہو گیا تھا ابرش سے بات ہی نہیں کرتا تھا سارا دن تو ان کا یورنیورسٹی میں گزر جاتا ابرش کے فائنلز چل رہے تھے آج ہفتے کا دن تھا یونی سے آف تھا ابرش گھر پہ ہی تھی لیکِن یرمان ملک صبح کا نکلا ابھی تک واپس نہیں آیا تھا۔

ابرش کو اپنی طعیبت بوجھل سی محسوس ہوئی ٹانگوں میں درد سا محسوس ہوا اس نے آپنا سامان کیا چیک تو ضروری چیزیں نہیں تھیں اس کے ہاتھ پاؤں پھول گئے اسے سامان کی ضرورت ارجنٹ تھی اب وہ کیا کرتی ملازمہ وغیرہ نہیں آتی تھی۔۔

ابرش نے اب تھورا بہت کھانا بنانا سیکھ لیا تھا کیونکہ ضامن نے صاف صاف کہہ دیا تھا کہ وہ ابرش کے لیے نہ تو باہر سے کھانا لائے گا اور نہ ہی خود بنائے گا ابرش کو ہی بنانا پڑے گا ابرش کو آتا جاتا تو تھا نہیں شروع کر دو تین دن تو بہت مشکل ہوئی اس نے بہت ٹال مٹول سے بھی کام لیا لیکن سامنے بھی ضامن عباس تھا وہ ابرش سے کھانا بنوا کر ہی رہتا جو جیسا بھی ہوتا وہ چپ چاپ کھا لیتا تھا ہاں لیکن ابرش کو اس نے کوئی مارجن نہیں دیا تھا اور بات بات پہ اس کا یہ طعنہ کہ مس ملک یہ آپ کا ہی شوق تھا یہاں رخصت ہو کر آنے کا۔۔

ابرش بیڈ پہ بیٹھ گئی اس کو ایک تو پین اتنا زیادہ ہو رہا تھا اوپر سے اس کا ضروری سامان بھی نہیں تھا وہ رونے لگی یہ پہلی بار تھا جب سے وہ یہاں آئی تھی روئی تھی ورنہ تو اس نے کافی حد تک سنبھالا ہوا تھا۔۔۔

ان ڈیز میں ان کے مینشن میں ایک ادھیڑ عمر میڈ خاتون کام کرتی تھی جس نے یرمان اور ابرش کو پالا ان کی ساری زمہ داری اٹھائی وہ ابرش کا بہت خیال رکھتی تھی اسے کچھ نہ کچھ بنا کر دیتی تھی لیکن آج ابرش خود کو بہت تنہا محسوس کر رہی تھی وہ کتنی ہی دیر روتی رہی وہ کس سے کہہ کر منگواتی سامان کوئی فی میل ملازمہ تو تھی نہیں بلکے گیٹ بس گارڈز ہی تھے وہ ان سے تو کچھ کہنے سے رہی اور ضامن اگر ضامن آجاتا تو وہ اس سے بھی کیسے کہتی اس کو شدید جھجک محسوس ہو رہی تھی اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھتے اس نے ہلکا سا مساج کیا لیکن درد ابھی تک شدید تھا۔

اب تو رات کے دس بج چکے تھے ضامن آج کچھ زیادہ ہی لیٹ ہو گیا تھا لیٹ تو وہ پہلے بھی ہوتا تھا لیکِن آج زیادہ ہو گیا تھا وہ جان بُوجھ کر ایسا کرتا تھا اس کا

مقصد بس یہ ہوتا تھا کہ وہ ابرش کو احساس دلا سکے کہ وہ کتنا غلط کر چکی ہے۔۔

وہ تقریباً دس بجے تھکا سا واپس آیا تھا ابرش کے بارے میں سوچتے اس کی بھنویں تن گئی وہ جتنا بھی لیٹ آتا ابرش ہمیشہ اسے اپنے انتظار میں ہی ملتی تھی چاہے وہ رات کا ایک ہی کیوں نہ بج رہا ہوتا لیکن ضامن پہلے بس ایک بار ہی لیٹ ہو گیا تھا نجانے وہ جاتا کہاں تھا ابرش نہیں جانتی تھی۔۔

اپنی شرٹ کے کف فولڈ کرتے وہ ٹھٹکا کر رکا ابرش لاؤنج میں نہیں تھی حالانکہ ہمیشہ ابرش اسے لازنج میں ہی ملتی تھی اپنے انتظار میں وہ اس کا انتظار کر رہی ہوتی لیکن آج نہیں۔۔ضامن کو بھی ابرش کی عادت ہو چکی تھی وہ ابرش کی کمی شدت سے محسوس کر رہا تھا۔

"لگتا ہے سو گئی ہیں۔۔۔!؛" وہ سوچتے روم میں آیا کھانا تو وہ کھا کر آیا تھا ابرش جاگ بھی رہی ہوتی تو ابرش کے ساتھ کھانا وہ نہیں کھانے والا تھا ہاں لیکن آج اسے عجیب سا لگا کہ ابرش کیوں نہیں انتظار کر رہی اس کا اسے انتظار کرنا چاہئے تھا ضامن کا۔۔

وہ کمرے میں آیا تو ابرش کو دیکھتے اس کے ماتھے پہ بل پڑے وہ بیڈ پہ اوندھے منہ لیٹے سسک رہی تھی وہ آگے بڑھتے ابرش کے سر پہ کھڑا ہوا

۔۔

"مس ملک۔۔۔!؛" اسے لگا شاید آپ سو گئی ہے ایسے ہی لیکن نہیں وہ سو نہیں رہی تھی وہ جاگ رہی تھی اس کا پورا وجود ہچکولے لے رہا تھا ابرش کی حالت دیکھ کر ضامن کے دل کو کچھ ہوا تھا۔

"مس ملک آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟" وہ ابرش کے قریب بیٹھتے اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے نرمی سے پوچھنے لگا پہلی بار ابرش کو روتے دیکھا تھا تو دل بے چین ہو گیا تھا وہ تو سٹرونگ سی اس سے لڑتے ہی اچھی لگتی تھی ایسے چپ روتے نہیں۔

"سر۔۔۔!؛" ابرش ضامن کو دیکھ کر کرنٹ کھاتے اٹھتی کہ اپنی حالت دیکھتے اس نے سر جھکائے آنسو بہانے شروع کیے وہ کیسے بتاتی ضامن کو اس کو کیا مسلہ تھا اور ضامن اس کی حالت دیکھتا سچ میں پریشان ہو گیا تھا کیونکہ وہ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

"طعیبت ٹھیک نہیں لگ رہی آپ کی۔۔۔؟" ضامن نے اس کے ماتھے پہ ہاتھ رکھا باڈی ٹمپریچر تو نارمل تھا پھِر ابرش کی حالتِ۔

"پلیز میرے قریب نہیں آئیں آپ۔۔۔!!" ابرش نے آنکھیں رگڑی تھیں جو مسلسل رونے سے سرخ ہو رہی تھیں۔

"واٹ؟ ہوا کیا ہے۔۔۔؟" ضامن کو عیجب لگا ابرش پہلی بار اسے خود سے دور کر رہی تھی حیران ہونا تو بنتا تھا ضامن کا۔

"وہ میری طعیبت۔۔۔!؛" ضامن کے سامنے اتنی بولڈ ہونے کے باوجود ابرش کو جھجھک محسوس ہوئی تھی۔

ضامن نے گہرا سانس بھرا وہ سمجھ گیا ابرش کس بارے میں بات کر رہی تھی۔

"مس ملک اٹس اوکے آپ ریسٹ کریں۔۔۔" وہ نرمی سے بولا ان دنوں میں عورت کو ویسے بھی ایکسٹو کیئر کی ضرورت ہوتی تھی۔

"وہ میرا سامان۔۔۔ نہیں۔۔۔"ابرش نے اٹکتے جملہ ادھورا چھوڑ دیا ضامن نے ماتھے پہ ہاتھ مارا ابرش بیڈ شیٹ کو خود کے گرد اچھے سے لیپٹ چکی تھی کیونکہ وہ کافی حد تک خراب ہو چکی تھی۔

"آپ کے گھر سے سامان آیا تو تھا آپ کے ساتھ۔۔۔"ضامن نے ابھی ابرش کو کچھ بھی نہیں خرید کر دیا تھا وہ جو اپنے گھر سے سامان لائی تھی وہ ہی یوز کر رہی تھی ضامن کا دھیان ہی نہیں گیا اس طرف۔۔

"وہ نہیں ہے اس میں۔۔۔"ابرش نے پہلے دھیان نہیں دیا تھا اب ضرورت پڑتی تو دیکھا تھا اپنی غفلت پہ غصہ بھی آیا تھا۔۔

"ریلیکس۔۔۔میں لے آتا ہوں سامان مُجھے لسٹ سینڈ کرو ساری چیزیں لے آتا ہوں بیٹھو یہاں۔۔۔"ابرش درد سے کراہ رہی تھی اس کے چہرے پہ تکلیف بھرتے تاثرات دیکھتے ضامن نرم پڑ گیا تھا۔

"نہیں وہ بیڈ شیٹ خراب۔۔۔"وہ آنکھیں میچے کھڑی تھی ضامن نے ٹائم دیکھا تو ساڑھے دس بج رہے تھے آگر وہ جاتا تو اسے لیٹ ہو جانی تھی۔

"کچھ نہیں ہوتا میں چینج کر دوں گا آپ بیٹھو۔۔۔ریلکس۔۔۔"ضامن نے اس کے رخساروں کو سہلایا تھا ابرش یکاٹک ضامن کو دیکھے جا رہی تھی جب سے یہاں آئی تھی پہلی بار ضامن کا اتنا سوفٹ بیہیویر دیکھ رہی تھی ورنہ ہر وقت تو وہ کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا۔

ضامن ابرش کو بیٹھائے خوُد باہر چلا گیا ابرش نے اسے میسج پہ بتا دیا تھا اوُر وہ آدھے گھنٹے بعد واپس بھی آگیا تھا شاید کسی قریبی شاپ سے ہی سامان مل گیا تھا ابرش کو سامان دیتے اس نے باتھ روم بھیج دیا اوُر خوُد بیڈ شیٹ بدلتے صوفے پہ بیٹھ گیا ابرش کی طعیبت خرابی کا معلوم ہوتا تو وہ جلدی گھر آجاتا۔

وہ ابرش کا ویٹ کرتا رہا جب وہ باہر آئی تو اس کے چہرے پہ پانی کے قطرے تھے شاید اس نے منہ دھویا تھا ضامن کی طرف وہ دیکھ نہیں پائی اس پل اتنی جھجھک محسوس ہوئی تھی۔

"ٹھیک ہیں آپ۔۔۔؟" وہ خود اٹھ کر ابرش کے قریب آیا تھا جو اس کو خود کی طرف بڑھتے دیکھ کر رک گئی تھی شائد یقین نہیں کر پائی کہ یہ نرم سائیڈ بھی ضامن عباس کی ہی ہے۔۔۔

"جی۔۔۔" ابرش نے آہستگی سے سر ہلایا تھا۔

"بیٹھ جائیں۔۔۔میں آتا ہوں۔۔۔!؛" وہ ابرش کو بیڈ پہ بیٹھاتے خود کمرے سے نکل گیا۔

وہ کچن میں آیا تو نظریں ڈائننگ ٹیبل پہ سٹ کھانے پہ گئی تھیں یعنی ابرش نے ابھی تک کچھ نہیں کھایا تھا وہ بھوکی تھی ضامن نے سات بجے ہی ڈنر کر لیا تھا اوٗر اسے لگا تھا کہ اگر وہ لیٹ ہو جائے گا تو ابرش بھی کر چکی ہو گی لیکن ابرش ایک سگھڑ بیوی کا فرض نبھاتے اس کے انتظار میں بیٹھی تھی۔

ابرش کی طعیبت کو مد نظر رکھتے ضامن نے اس نے کے لیے دودھ بوائل کیا آور ساتھ دو انڈے۔

تقریباً پندرہ سے بیس منٹس میں وہ واپس کمرے میں آیا یہاں عائلہ خاموشی سے بیڈ پہ بیٹھی بیڈ شیٹ پہ انگلیاں پھیر رہی تھیں۔

"یہ لیں دودھ سے آپ بیٹر فیل کریں گی۔۔۔"ضامن نے ٹرے ابرش کے سامنے رکھی اوٗر خود چینج کرنے ڈریسنگ روم میں چلا گیا ابرش نے ایک نظر

ڈریسنگ روم میں بند ہوتے ضامن پہ ڈالی اور پھر دودھ کو دیکھا وہ بہت کم دودھ پیتی تھی لیکن اب ضامن بوائل کر کے لایا تھا کیسے نہ پیتی۔

ضامن کے ہاتھ سے تو وہ زہر بھی پی لے یہ تو بس دودھ تھا گرم گرم دودھ پینے سے اس کو کچھ بہتر محسوس ہوا انڈے تو وہ ویسے بھی شوق سے کھاتی تھی سو دونوں انڈے بھی چھیلتے اس نے کھا لیے ویسے بھی بھوک لگی تھی اس نے دوپہر میں بھی کچھ نہیں کھایا تھا۔

ضامن واپس آیا تو ابرش دودھ کا گلاس آدھا پی چکی تھی ضامن کچھ دن تو صوفے پہ سویا لیکن پھر اس نے بیڈ پہ ہی سونا شروع کیا صوفے پہ وہ کمفیٹبل نہیں رہتا تھا جسم جیسے اکڑا جاتا تھا اور ابرش نے بھلا کب اسے بیڈ پہ سونے سے منع کیا تھا ہاں لیکن اگر ضامن اسے بیڈ بدر کرنے کا ارادہ رکھتا تھا تو وہ آیسا ویسا کچھ نہیں ہونے دینے والی تھی۔

وہ بیڈ پہ ہی سوتی اور ضامن ایک کنارے تو وہ دوسرے لیکِن ان گذرے دنوں میں یہ اچھی بات ہوئی کہ وہ دونوں ایک بیڈ پہ سونے لگے تھے۔۔

پر درمیان میں جو فاصلے موجود تھے وہ مٹتے تو ان کے درمیان سب ٹھیک ہو پاتا۔۔ابرش بیڈ کروان سے ٹیک لگائے اپنی بیلی پہ ہاتھ رکھے ہلکا ہلکا مساج کر رہی تھی ضامن اس کے چہرے پہ تکلیف دیکھتے خود کو بے چینی میں گھیرا محسوس کر رہا تھا۔

آگے ہوتے اس نے ابرش کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنے قریب کیا تو ابرش سانس روک گئی یہ پہلی بار تھا ضامن نے خود سے ایسی کوئی پیش رفت کی تھی۔۔۔۔۔۔

"مس ملک پریشان نہیں ہون۔۔۔"وہ یہ نرمی صرف ابرش کی طعیبت کی وجہ سے دکھا رہا تھا لیکن ابرش نجانے کن خوش فہمیوں کا شکار ہو رہی تھی

اس کے سینے پہ سر رکھے وہ ضامن کی دھڑکنوں کو سن رہی تھی اس نے کہاں سوچا تھا کبھی ایسا لمحہ بھی آئے گا جب وہ ضامن کے سینے پہ سر رکھے اس کے اتنے قریب ہو گی۔

"سو جائیں۔۔۔" وہ نرمی سے ابرش کی بیک کو سہلا رہا تھا اور ایک ہاتھ ابرش کے بالوں میں تھا وہ اس کی نرم گرم آغوش میں پر سکون ہوتے سو گئی ضامن کو بھی ابرش کی قربت میں اچھا لگ رہا تھا وہ قریب تھی اور ضامن کی دھڑکنیں بے ترتیب ہو رہی تھیں اس کے بالوں کو نرمی سے سہلاتے وہ اسے خود میں بھینچ گیا اس کے جزبات بدل رہے تھے ابرش کے لئے۔

ہر رات اس کی جاگتے گزرتی تھی ابرش اس کے اتنے قریب ہوتی تھی پہلو میں جائز رشتہ بھلے ان کے درمیان کے تعلقاتِ اتنے اچھے نہیں تھے لیکن پھر بھی وہ مرد تھا جس کی کچھ خواہشات تھیں۔

وہ اس وقتِ خود کو بے بس محسوس کر رہا تھا ابرش اس کے ساتھ اتنے دنوں سے تھی اس نے کوئی بے اختیاری نہیں دکھائی تھی مگر آج ابرش کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر اسے کچھ ہوا تھا وہ برداشت نہیں کر پایا ابرش میں آج اسے عائلہ کی جھلک نظر آئی وہ ذرا سی تکلیف میں ہوتی تو ایسے ہی رونے لگ جاتی تھی۔

ابرش عائلہ جیسی نہیں ہو سکتی تھی اس کی بہن کبھی کسی کے ساتھ اتنا برا نہیں کر سکتی تھی اوٗر ابرش۔۔۔ماضی یکدم سے ضامن کے سامنے گھوما تھا اس نے ابرش کا سر تکیے پہ رکھا اوٗر بالوں میں ہاتھ پھیرتے عائلہ کو سوچنے لگا نیند تو کوسوں دور تھی نجانے کیوں اس کے دل کی بے چینی بڑھتی جا رہی تھی جیسے اس کی بہن کسی پروبلم میں تھی وہ جب جب یہ سوچتا تھا اس کی

سانسیں تیز ہو جاتی تھیں عائلہ کے بارے میں سوچتے اس کو کچھ ہونے لگتا تھا۔

ابرش نے دھیرے سے آنکھیں کھولی تھیں اسے نیند نہیں آرہی تھی وہ سوتے بھی بے چین رہی درد کی ایک لہر پھر سے اس کے وجود میں سرایت کر گئی تھی۔۔۔۔

"سر آپ جاگ رہے ہیں۔۔۔۔!؛"وہ اٹھتے ضامن کی پشت کو دیکھ رہی تھی وہ شرٹ لیس تھا پہلے وہ ایسے ہی حلیے میں ضامن کے سینے سے لگی اس کی دھڑکنیں سنتی رہی تھی۔۔

"آپ سو جائیں۔۔۔!؛"ضامن اس وقت ابرش سے بات نہیں کرنا چاہتا تھا

۔

"پر آپ۔۔۔!؟"

"میں جاگ رہا ہوں تو آپ کو کیا مسلہ ہے آپ سو جائیں طعیبت ٹھیک نہیں ہے آپ کی۔۔۔!!" وہ سائیڈ سے لیپ ٹاپ اٹھاتے آؤن کرتے پیپر ٹائپ کرنے کا ارادہ رکھتا تھا ضامن نے ابھی تک ابرش لوگوں کا پیپر بھی ٹائپ کرنا تھا۔

ابرش کا لاسٹ پیپر فزکس تھا جس کی اس کی سب سے اچھی تیاری تھی۔۔۔

"آپ اس ٹائم کیوں کام کر رہے ہیں کافی ٹائم ہو گیا ہے سو جائیں آپ۔۔۔ آگر میری وجہ سے آپ یہاں سونے میں کمفیٹبل نہیں ہیں تو میں صوفے۔۔۔"

"رئیلی جائیں پھر۔۔۔!؛"وہ تیزی سے بولا تو ابرش کے دل کو کچھ ہوا مگر آج وہ بحث کرنے کے موڈ میں نہیں تھی پہلے ہی مشکل سے لیٹی تھی۔۔۔

ضامن اس کے ساتھ کمٹیبل نہیں سو سکتا تھا اسی لیے جاگ رہا تھا ابرش کو احساس ہوا تو مزید بحث نہیں کی اس نے۔۔

اوَر آج ضامن کو ابرش کی یہ حالت دیکھ کر اچھا نہیں لگا وہ تو ہمیشہ اس سے لڑتی ہی اچھی لگتی تھی ضامن کو نیند تو ویسے بھی کم ہی آتی تھی۔

"مس ملک آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟"ضامن نے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر پوچھا تھا ابرش کو اس حال میں دیکھتے وہ خود کہاں سکون میں تھا۔

"جی۔۔۔"ابرش صوفے پہ لیٹ گئی روم میں فین آوَن تھا تو ٹمپریچر نارمل تھا ابرش نے کمفٹر نہیں اٹھایا بیڈ سے ایسے ہی لیٹ گئی۔

"آگر آپ کمٹیبل نہیں ہیں تو بیڈ پہ آجائیں۔۔۔!؛"اگرچے وہ پہلے ابرش کو خود ہی بیڈ سے اٹھنے کا کہہ رہا تھا لیکِن اب ابرش کی حالت دیکھتے اس نے ابرش کو وآپس بلایا تھا۔

"آپ میرے ساتھ کمٹیبل نہیں ہونگے میں یہاں ٹھیک ہوں ویسے بھی میری طعیبت ٹھیک نہیں ہے آپ کیسے میرے ساتھ۔۔۔"وہ انگلیاں مروڑتے بولی حالانکہ صوفے پہ اسے نیند نہیں آنی تھی۔

"آپ چاہیں تو بیڈ پہ آسکتی ہیں۔۔۔"مذید اس کے علاوہ ضامن نے کوئی بات نہیں کی وہ لیپ ٹاپ سائیڈ پہ رکھتا لیٹ گیا۔

ابرش کچھ دیر تو سوچتی رہی کہ بیڈ پہ چلی جائے لیکن اس کا دل نہیں کر رہا تھا ضامن نہیں سوپاتا اگر وہ بیڈ پہ چلی جاتی تو۔

"یہیں ٹھیک ہوں میں آپ سو جائیں۔۔۔"ابرش نے کروٹ بدلتے چہرہ دیوار کی طرف کر لیا ضامن محض اس کی پشت کو گھور سکا اور اس نے دوبار ابرش سے نہیں کہا بیڈ پہ آنے کے لئے شاید وہ خود ہی جھجک رہی تھی ضامن کے پاس جانے سے۔

صبحِ صبحِ ضامن کی آنکھ جلدی کھل گئی تھی آج سنڈے تھا اس نے جم جانا تھا آ سنڈے کو وہ باقاعدگی سے جم جاتا تھا اٹھتے ہی پہلی بار اس کی ابرش پہ گئی جو سکڑی سمٹی گہری نیند میں تھی اب روم میں تھوڑی ٹھنڈ تھی اور ابرش کمفٹر کے بغیر سو رہی تھی۔۔

ضامن بیڈ سے اٹھتے اپنی چپل پہنتے ابرش کے قریب گیا اور اسے اپنی بانہوں میں بھرا ابرش نے اسے ہی تکیہ سمجھتے اس کے سینے میں چہرہ چھپایا اور سوتی

رہی ضامن نے بیڈ پہ لٹائے اس پہ کمفٹر ٹھیک کیا اور بعد فریش ہونے باتھ روم چلا گیا تھا۔

فریش ہوتے چینج کر کے اس نے سب سے پہلے نماز ادا کی اور پھر ٹریک سوٹ پہنتے وہ باہر چلا گیا تقریباً دو گھنٹوں بعد اٹھ بجے کے قریب اس کی واپسی ہوئی تھی ابرش ابھی تک نہیں اٹھی تھی۔

اس نے ناشتہ بنایا عمو ماً تو اب ناشتہ ابرش بنا رہی تھی لیکن رات سے اس کی طعیبت کا خیال کرتے ضامن نے خوُد ہی بنالیا اور کمرے کا رخ کیا۔

"مس ملک۔۔۔۔ مس ملک۔۔۔۔ واک اپ۔۔۔۔!؛" ضامن اس پہ جھکے اس کے رخساروں کو تھپتھپا رہا تھا ابرش ہلکا سا کسمکاتے پھِر سے سو گئی۔

ابرش کی نیند پہ ضبط کو جی بھر کر تاؤ آیا تھا عائلہ خوُد ہی اٹھ جاتی تھی صبح صبح ضامن کو بہت کم اسے جگانا پڑتا تھا لیکن ابرش کی نیند تھی کہ کبھی پوری نہیں ہوتی تھی۔

"مس ملک۔۔۔"اب کی بار ضامن کی آواز اتنی بلند تھی کہ ابرش نے نیند کے خمار سے بھری نیلی آنکھیں کھولتے اسے دیکھا تھا۔

"اٹھ جائیں مزید انتظار نہیں کرونگا۔۔۔"وہ اس کو جاگتے دیکھ کر اٹھتے سائیڈ پہ ہوُا تھا۔

"سر آج تو سنڈے ہے۔۔۔؟"ابرش نے بالوں کو پونی میں قید کیا تھا ضامن پہ تپ تو چڑھی تھی جس نے سنڈے والے دن بھی اسے سونے نہیں دیا جگا دیا صبح صبح لیکِن جب اس کی نظر وال کلاک پہ گئی تو صبحِ کے آٹھ بج رہے تھے۔

"تو سنڈے ہے تو آپ یہ بھول گئی ہیں کہ کل آپ کا فائنل پیپر ہے جس کی آپ نے تیاری کرنی ہے لیکن آپ سو رہی ہیں جیسے پوری کتاب آپ رٹ چکی ہیں۔۔۔"رات جو نرمی ضامن کے لہجے میں ابرش کے لیے تھی وہ اب غائب تھی۔۔۔

"ابھی ہے پیپر؟ کل ہے ناں تو ابھی تو پورا دن پڑا ہے آپ نے میری نیند خراب کر دی۔۔۔"وہ روہانسی ہوئی ضامن نے کسکتے اس کی نوٹنکی کو دیکھا جو ڈرامہ کوئن تھی۔۔

"آپ کو کیمسٹری میں سے کتنے ٹاپکس آگے ہیں ناشتے کے بعد مجھے بتائیں گی آپ اور پھر میں آپ کا ٹیسٹ لونگا دیکھوں تو آپ کو اتنا کچھ ہے میری بیوی کی حیثیت سے جاتی ہیں اب آپ یونیورسٹی ہر لڑکی کو بتا رہی ہوتی ہیں آپ

کہ آپ میری بیوی ہیں تو پھر تھوڑا لحاظ بھی کریں میری عزت کا۔۔۔"وہ سنجیدگی سے اپنی شرٹ کی زپ کھولتے بولا۔

جب کہ صبح صبحِ اسے جلادی موڈ میں دیکھ کر ابرش جھجھنھا سی گئی تھی وہ کیوں صبح صبح اس کے پیچھے پڑ گیا تھا کمیسٹری سے ابرش کی جان جاتی تھی کوئی ایک ٹاپک بھی اس نے ریڈی نہیں کیا تھا اسے ٹینشن نہیں تھی بھلے فیل ہو جاتی ہاں بس ضامن۔کے سبجیکٹ میں اسے ہنڈریڈ پرسنٹ مارکس چاہیے تھے۔۔

"آپ کی عزت تھوڑی خراب کی ہے میں نے آپ کے سبجیکٹ میں پورے ہونگے سر آپ کو بس آپنے سبجیکٹ سے مطلب ہونا چاہیے۔۔۔!؛"ابرش نے جمائی روکی منہ پہ ہاتھ رکھتے ابھی نیند پوری نہیں ہوئی تھی اس کی۔۔۔

"صرف میرے سبجیکٹ میں نہیں باقی ساری بکس میں بھی آپ کے فل مارکس آنے چاہیے مس ملک ورنہ بہت برا پیش آؤں گا آپ کے ساتھ آپ سوچ بھی نہیں سکتی ہیں میں کیا کر جاؤں گا۔۔۔" وہ ابرش کو کندھوں سے تھام بیڈ سے کھڑا کرتا خود اس کے قریب چلا آیا تھا۔۔۔۔

"باقی بکس میں کیوں سر؟ یہاں تک مجھے لگتا ہے آپ مجھے اپنی بیوی نہیں مانتے ہیں آپ کے لیے میں صرف آپ کی سٹوڈنٹ ہوں تو کیا میری طرح آپ آپنے باقی سٹوڈنٹس کے مارکس کی بھی ایسے ہی فکر کریں گے کیا۔۔۔؟" وہ سینے پہ بازو باندھے سنجیدگی سے استفسار کر رہی تھی۔

"میرے نکاح میں تو ہیں آج مس ملک۔۔۔!؛ پھر میری ذمہداری ہیں بھلے زبردستی کی ہی سہی ہیں تو سہی اگر آپ نے سٹڈیز کے معاملے میں کوئی

کوتاہی کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا سمجھی آپ۔۔۔۔!!" وہ انگلی اٹھ کر وران کر رہا تھا۔

"آپ سے برا کوئی ہے بھی نہیں۔۔۔" ابرش منہ میں ہی بڑبڑائی کہنے کی ہمت تو نہیں تھی اس کے آندر۔

"اب کھڑی میر امنہ کیا دیکھ رہی ہیں آپ جائیں اوٗر تیار ہو جائیں یہیں کھڑے رہنا ہے آپ نے کیا؟" وہ خاصا غصے میں تھا کہیں سے بھی نہیں لگ رہا تھا کہ رات وہ ابرش کی فکر میں گھلتے آدھا ہو رہا تھا ابرش کو تو رات والا واقعہ خو آب ہی لگ رہا تھا۔

"میر اموڈ نہیں ہے ابھی سونا ہے۔۔۔" ابرش جلدی تیار ہوتی تو مطلب ضامن جلدی اس سے کیمسٹری کے ٹاپکس میں سے ٹیسٹ لیتا اوٗر اسے کچھ آتا جاتا ہی نہیں تھا کیا ٹیسٹ دیتی وہ۔

"اوئر کتنا سونا ہے آپ نے جائیں ڈریس چینج کریں آپ اگر باہر نہیں آئی تو ناشتہ نہیں ملے گا پھر آپ کو بھوکا ہی رہنا پڑے گا سارا دن۔۔۔" اوئر کوئی دھمکی نہیں ملی تو ضامن نے کھانے کی دھمکی دے دی۔

"کھانا بنایا کس نے۔۔۔؟" ابرش نے اپنے سر پہ ہاتھ مارا کھانا تو وہ خود بناتی تھی۔

"آپ کو بس کھانے سے مطلب ہونا چاہئے جس نے بھی بنایا ہو۔۔۔ میں کچن میں ہوں آپ کا انتظار زیادہ دیر تک نہیں کرونگا۔۔۔" وہ چینج کرتے کمرے سے نکل گیا تو ابرش نے پاؤں پٹخے تھے۔۔

"رات سچ میں ان کے آندر جن گھس گیا تھا ورنہ یہ کھڑوس کہاں اتنی سوفٹ سائیڈ رکھتا ہے انہیں تو مُجھے دیکھ کر ہی مرچیں لگ جاتی ہیں۔۔۔" ابرش منہ بناتی سوچنے لگی اوئر پھِر باتھ روم چلی گئی۔

••••••

ناشتہ ختم ہی کیا تھا ابرش نے کہ ضامن اس کو اشارہ کرتے اس کی کتابیں باہر ٹیبل پہ رکھ چکا تھا وہ دونوں باہر لان میں بیٹھ گئے ضامن اپنا لیپ ٹاپ اوَر کچھ بکس اُٹھائے چھاؤں میں بیٹھا پیپر ٹائپ کر رہا تھا جو رات کو وہ نہیں کر سکا تھا ابرش اس کے ساتھ دوسری چیئر پہ بیٹھی منہ بنائے بک کو گھور رہی تھی اب وہ بہت بہتر تھی پین تو فرسٹ ڈے ہی اسے زیادہ ہوتا تھا۔۔۔

"مس ملک کچھ پڑھ لیں آپ۔۔۔ دکھائیں بک کون کونسے ٹاپکس کلئیر ہیں آپ کو۔۔۔؟" ضامن نے اس کی طرف جھکتے اس کی بک آٹھالی۔

"مُجھے کچھ بھی نہیں کلئیر۔۔۔۔" ابرش نے صاف گوئی کا مظاہرہ کیا ویسے بھی جھوٹ بول کر پھسنے سے بہتر تھا کہ وہ سچ بول دیتی۔

"ویری گڈ کل پیپر ہے اوئر آپ کو کچھ آتا ہی نہیں ہے بہت اچھے اب کیا لکھیں گی آپ پیپر میں زرا بتائیں گی مُجھے آپ۔۔۔"وہ اس کی بک کے پیجز اٹلتے ٹاپکس دیکھ رہا تھا آبرش سے اس قدر صاف گوئی کی توقع نہیں تھی ضامن ملک کو۔

"کچھ بھی نہیں لکھوں گی مجھے کیا ضرورت ہے کچھ بھی لکھنے کی۔۔۔انکل ہیں ناں مجھے فکر کرنے کی کیا ضرورت ویسے بھی ابرش ملک بس ایک ہی بک اچھے سے پڑھ سکتی ہے وہ فزکس جس کے پروفیسر پہ دل آیا ہوا ہے۔۔۔"وہ شوخی سے بولی تو ضامن نے لب بھینچ لیے۔

"واہ انکل۔۔۔اپنے بل بوتے پہ بھی کچھ کیا ہے آپ نے۔۔۔یہ یاد رکھیں میرے سبجیکٹ میں پاس ہوئی تو باقی سارے سبجیکٹ بھی کلئیر کرنے ضروری ہونگے ورنہ میں آپ کو کلاس میں نہیں بیٹھنے دونگا سمجھی آپ اوئر

اس بار بیول جائیں پر نسیل صاحب آپ کو فیور دیں گے اس بار آپ کے مقابل میں ہوں مجھ سے ٹکرانا ہے آپ نے۔۔۔"ابرش کا صاف صاف منہ پہ کہہ دینا ضامن کو بالکل بھی مناسب نہیں لگا تھا کیسے آرام سے ابرش کہہ چکی تھی کہ اسے کیا ضرورت ہے پڑھنے کی۔

"واٹ آپ مُجھے روکیں گے یعنی آپ میرے خلاف۔۔۔؟"ابرش ہلکا سا ہنسی جیسے یقین نہیں آیا ہو کہ ضامن اس کے ساتھ واقعی میں ایسا کرنے والا ہے۔

"ہاں جب آپ تک آپ اپنی حرکتیں نہیں ٹھیک کر لیتی ہیں آپ مجھے اپنے خلاف پائیں گی یہ یاد رکھیے گا۔۔۔"ضامن کافی سختی سے کہہ رہا تھا ابرش نے مٹھیاں بھینچ لی اگر ضامن کے علاوہ کوئی یہ بات کرتا تو ابرش کا ری ایکشن مختلف ہوتا لیکن سامنے ضامن تھا۔۔۔

"میری حرکتوں کو کیا ہے سر آپ کیوں میرے پیچھے پڑ گئے ہیں مجھ سے نہیں پڑھا جاتا ہے آپ کا سبجیکٹ کیسے پڑھتی ہوں یہ آپ نہیں جانتے ہیں۔۔۔"ابرش ضامن کے قریب ہوئی جو وہ کرنا چاہتی تھی ضامن نہیں جانتا تھا۔۔۔

لیپ ٹاپ پہ ابھی تک وہ ہی فائل اوپن تھی جس میں ضامن ان کا پیپر بنا رہا تھا اس نے ابھی سیو کر کے کلوز نہیں کی تھی۔

ابرش نے اوپر اوپر سے دو تین سوال دیکھ لیے تھے اس کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں رہا ویسے تو اس نے فزکس کی تیاری آچھے سے کی ہوئی تھی مگر اب ان سوالوں کو وہ رٹ کر مزید اچھے مارکس کے سکتی تھی ضامن کا دھیان اس طرف نہیں تھا۔

"تو پھر آگر آپ سے پڑھا نہیں جاتا تو ایڈمیشن کیوں لیا آپ نے۔۔۔؟ گھر ہی بیٹھی رہتی آپ۔۔۔!؛" ضامن نے دانت پیسے ابرش اس کے ساتھ ایسے فریلی بات کر رہی تھی جیسے ضامن اس کا پروفیسر نہیں بلکے دوست ہو جس سے ابرش جو چاہے بات کر سکتی تھی۔۔۔۔۔

"مجھے لگتا ہے مجھے اندر چلے جانا چاہیے۔۔۔!؛" ابرش اٹھتے آندر جاتی کہ ضامن نے اس کو بازو سے پکڑے اپنی طرف کھینچا ابرش ضامن کی گود میں گری تھی اور آنکھیں پھاڑے ضامن کو دیکھنے لگی جیسے اسے ضامن سے ایسی حرکت کی توقع نہیں ہو ضامن نے اس کے ہاتھوں کو تھامے پیچھے ٹیبل سے پن کیا جب ابرش اٹھ رہی تھی ضامن نے اپنی گود سے لیپ ٹاپ اٹھاتے ٹیبل پہ رکھ دیا لیکن ابرش کو وہ آندر نہیں جانے دینے والا تھا۔

"چھوڑیں مجھے۔۔۔"ابرش کو دل ہی دل میں یہ ٹینشن تھی کہ کہیں ضامن اسے کیمسٹری کے پیپر کی تیاری ہی نہ کرنے کو کہہ دے وہ نہیں کرنا چاہتی تھی ویسے بھی کیمسٹری اس کا فیورٹ سبجیکٹ نہیں تھا فیورٹ کیا اس کو تو چڑھ تھی کمیسٹری سے۔۔۔

ایک اس الرجی کی وجہ میم انعم بھی تھی جب جب وہ کمیسٹری کی بک کو ہاتھ لگاتی اسے میم انعم کی یاد آتی اور پھر اس کا موڈ خراب ہو جاتا۔

"آپ کو لگتا ہے آپ آندر چلی جائیں گی تو تیاری سے بچ جائیں گی یہ بھول ہے آپ کی۔۔۔ابھی فرسٹ چیپٹر اوپن کریں اور یاد کریں۔۔۔!؛"وہ ابرش کی بک اس کی گود میں رکھتے اشارہ کر رہا تھا ہاں ابرش کو چھوڑنے کا ارادہ نہیں تھا۔

ضامن جانتا تھا جیسے ہی وہ ابرش کو چھوڑے گا ابرش اندر بھاگ جائے گی وہ اس وقت اتنی ہی جلدی میں تھی کہ کسی بھی طرح سے آندر چلی جائے بس۔۔

"مُجھے الرجی ہے اس بک سے یہ نہیں یاد کرنی پلیز۔۔۔"وہ ضامن کی گردن میں چہرہ چھپا گئی جبکہ اس کی نرم گرم سانسیں ضامن کو اپنی گردن پہ لمس بکھرتا محسوس ہوئی۔

"مس ملک ساری بکس آپ کے لیے ایکول ہونی چاہیے۔۔۔"ضامن کو ابرش کی اس لوجک کی سمجھ نہیں آرہی تھی ابرش کو کیوں نہیں پسند تھی یہ بک۔

"مجھے میم انعم سے الرجی ہے۔۔۔"ابرش نے ضامن کی گردن میں دانت گاڑ دیئے اسے وہ منظر یاد آیا جب اس نے میم کو ضامن کے کیبن میں دیکھا تھا۔

"سس۔۔۔یہ کیا پاگل پن ہے۔۔۔"ضامن نے ابرش کو جھٹکا دے کر اپنے سامنے کیا جو اپنے کارنامے پہ خاصی خوش لگ رہی تھی۔

"مُجھے نہیں پڑھنا تو بس نہیں پڑھنا آگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ میں آپ کو تنگ کروں تو مجھے اندر جانے دیں۔۔"وہ ضامن کی بیرڈ کے بالوں کو اپنی انگلیوں میں جکڑتے کھینچ رہی تھی۔

"مس ملک آپ یاد کریں بس۔۔۔"ضامن نے انعم کو ڈسکس کرنا ہی ضروری نہیں سمجھا ورنہ ان کے درمیان بات مذید آگے بڑھتی وہ اچھے سے

جانتا تھا کہ ابرش کو انعم سے کتنی الرجی تھی ابرش کا بس چلتا تو انعم کو یونی سے ہی نکال باہر کرتی۔

ضامن اب خود بھی انعم سے دور ہی رہتا تھا قریب تو پہلے بھی نہیں گیا تھا انعم کے ہاں بس از اکالیگ پسند تھی وہ اسے۔

"نہیں کرو نگی۔۔۔!؛"ابرش ملک بھی ضد کی پکی تھی ضامن کو ٹف ٹائم تو وہ ہر بار ہی دیتی تھی۔

"پکی بات۔۔۔۔؟"ضامن نے کنفرم کیا۔

"ہان۔۔۔"

"تو پھر آپ فزکس میں فیل ہو نگی چاہے سارا پیپر ٹھیک سے حل کیا ہو گا پھر بھی فیل ہو نگی آپ۔۔۔؟" ضامن نے دھمکی دی فزکس کے معاملے ابرش کی پوزسیونس سے واقف تھا وہ۔۔

"کیا؟!!؟! یہ کیسے ہو سکتا ہے آپ مجھے میرا پیپر لیے بغیر فیل کیسے کر سکتے ہیں۔۔۔؟ مطلب آپ تو صاف صاف مجھے بتا رہے ہیں کہ آپ مجھے فیل کر دیں گے بھلے میں پیپر دوں یا نہیں۔۔؟" ابرش کے تو پسینے چھوٹ گئے ضامن سے کسی اچھے پن کی توقع تو اسے پہلے ہی نہیں تھی لیکن وہ اس حد تک گر جائے گا یہ یقین نہیں آ رہا تھا ابرش کو۔

"آپ آگر کمیسٹری کے پیپر کی اچھے سے تیاری نہیں کریں گی پیپر اچھے سے نہیں دیں گی تو پھر میں ایسا ہی کرونگا اور آپ جانتی ہیں کہ اگر میں نے ایسا کیا

تو پھر آپ کی ہوئی سفارش بھی آپ کے کام نہیں آئے گی لہذا بک کھولیں اوَر پہلا چیپٹر ریڈ کریں۔۔۔"ضامن نے ابرش کو بک پکڑائی تھی.

"آپ اچھا نہیں کر رہے ہیں۔۔۔!؛بہت بہت برے ہیں آپ میرے ساتھ ہمیشہ سے ایسا ہی کرتے ہیں۔۔۔"ابرش کو یکدم سے رونا آیا اس نے ضامن کے سینے پہ مکا مارا تھا وہ اسے گھورنے لگا جس پہ وہ سر جھٹک گئی۔

"ہاں ہوں میں برا۔۔۔ہر کسی کی سٹوری پروفیکٹ نہیں ہوئی ہر کوئی اپنی سٹوَری میں ہیرو نہیں ہوتا اور میں آپ کی سٹوری میں ہیرو نہیں ہوں یہ یاد رکھیے گا۔۔۔"اس کو اپنی گود میں ایڈجسٹ کر گیا تاکہ وہ آندر نہیں جا سکے اوَر ساتھ خوَد چیئر سے ٹیک لگائے آنکھیں موند گیا تھا ابرش پیپر کی تیاری آچھے سے کرتی یہ ہی بس وہ چاھتا تھا لیکِن ابرش کے ڈرامے ہی ختم نہیں ہو رہے تھے ہر بات پہ کچھ نہ کچھ کر دیتی تھی وہ۔۔۔

"آپ میری سٹوری میں ہیرو ہیں میرے لائف پارٹنر اوئر میرے۔۔۔"

"آپ کا کیا۔۔۔؟"ضامن نے اس کی نیلی آنکھوں میں اپنی سیاہ آنکھیں گاڑی تھیں.

"میرا پیار۔۔۔۔"پہلی بار ابرش نے ضامن کے سامنے یوں پیار کی بات کی تھی۔

"شٹ اپ۔۔۔"ضامن کو امید نہیں تھی ابرش یوں اس سے پیار کا اظہار کرے گی لیکن اب تک اسے سمجھ آگیا تھا ابرش ایسے معاملات میں خاصی بولڈ تھی۔

"آپ کے شٹ اپ کرنے سے کیا ہو گا سر جی میں آپ سے پیار کرتی ہوں اور آپ کو یہ بات سمجھنی ہو گی آپ نے اتنی کوشش کی یہ رشتہ ختم کرنے کی

لیکن ابھی تک ہمارا رشتہ برقرار ہے اوُر آگے بھی برقرار رہے گا کیونکہ رشتے محبت اوُر بھروسے پہ چلتے ہیں۔۔۔"ابرش کی کوشش بس یہ تھی کہ وہ ضامن سے ہر بات کرے سوائے کمیسٹری کے علاوہ۔

"جو رشتے زبردستی دوسروں کے جزبات کو روند کر بنائے جائیں وہ رشتے کامیاب نہیں ہوتے ہیں بلکے وہ تو گلے کا پھندا بن جاتے ہیں۔۔۔"ضامن بھی کہاں پیچھے رہنے والا تھا۔

"آپ کیوں نہیں بھول جاتے وہ دن کیا چاہتے ہیں ایسا کیا کروں میں کہ آپ کو یقین آجائے میں اپنی غلطی پہ واقعی شرمندہ ہوں جو کچھ ہوا اُس دن وہ نہیں ہونا چاہیے تھا لیکن اب کیا ہو سکتا ہے جو ہونا تھا وہ تو ہو چکا ہے ہم روک نہیں سکتے ہیں۔۔۔!؛"ابرش ضامن کے سینے پہ سر رکھے ہوئے تھی۔۔

جب یہ نزدیکی ضامن کے جذبات ابھر رہی تھی وہ اس کے قریب اس کی نزدیکی سے اکتا گیا جب جزبات مزید خود پہ حاوی ہوتے محسوس ہوئے تو اس نے ابرش کو خوُد سے الگ کرنا چاہا لیکن یہ اب ابرش نے نہیں ہونے دیا وہ پہلے خود بھی تو جانا چاہتی تھی لیکِن ضامن نے اسے جانے نہیں دیا.

"آپ کو لگتا ہے یہ آسان ہے پوری یورنیورسٹی کے سامنے میری عزت داؤ پہ لگ گئی آپ نے مُجھے دھوکے سے ہال میں بلایا تھا یہ بات آپ اوُر میں جانتے تھے اور کوئی نہیں اوُر جس ملازم کو آپ نے پیسے دیئے اس کام کے لیے وہ اُس دن کے بعد آیا ہی یورنیورسٹی شاید آپ نے ہی کئیں غائب کروا دیا ہو گا کونسا آپ کے لیے مشکل ہو گا۔۔۔"ضامن کے پتھریلے تاثرات اس کے لہجے میں چھلکتی سرد مہری ابرش کو سرد لہریں اپنے وجودِ کے گرد سرایت کرتی محسوس ہوئی تھیں اس نے بمشکل ضبط کیا خود پہ۔۔۔

"میں نے نہیں۔۔۔!؛" وہ نظریں چرا گئی حالانکہ یہ سچ تھا ملازم کو اس نے اتنے پیسے دیئے کہ وہ جاب چھوڑ کر چلا گیا اندر سے ابرش کو یہی ڈر تھا کہ کہیں وہ ضامن کو سب کچھ بتا نہ دے.

"جب انسان جھوٹ بول رہا ہوتا ہے تو وہ آیسے ہی نظریں چراتا ہے جیسے آپ ابھی چرا رہی ہیں لیکن خیر اب کیا فایدہ جو زلت اؤر بدنامی میرے حصے میں لکھی ہوئی تھی وہ تو میں نے سہنی ہی تھی ہر حال میں۔۔۔" ضامن ابرش کو ساتھ والی چیئر پہ بیٹھا گیا مذید اسے اپنے قریب نہیں رکھ سکتا تھا اب جو کچھ وہ کر چکی تھی ایک بار پھر سے نظروں کے سامنے گھوم گیا تھا۔

"ائم سوری سر۔۔۔" ابرش کی آنکھوں میں آنسو آ گئے ضامن کی باتوں سے اپنا دل پھٹتا محسوس ہو رہا تھا وہ بس کسی طرح ضامن کا دل خود کے لئے صاف کرنا چاہتی تھی۔

"مُجھے آپ کی سوری کی ضرورت نہیں ہے مس ملک۔۔۔جو ہو چکا ہے آپ کو لگتا ہے کہ وہ آپ کی سوری سے ٹھیک ہو جائے گا تو یہ آپ کی بھول ہے۔۔۔"ضامن سیل فون اٹھاتے ایسے ہی ایپس سکرول کرنے لگا۔

وہ چاہتا تھا کہ ابرش مذید کچھ بولے بغیر سکون سے اپنی پیپر کی تیاری کرے ان کے درمیان سے وہ واقعہ نکل ہی نہیں پا رہا تھا جب جب ابرش کو لگتا تھا اب ان کے درمیان اس حوالے سے بات نہیں ہو گی پھر کچھ نہ کچھ ایسا ہو جاتا کہ ابرش اوَر ضامن کذوجہ موضوع وہ واقعہ ہوتا تھا۔

"تیاری کریں مجھے کیا دیکھ رہی ہیں۔۔۔!؛"ضامن ابرش کو خود کو دیکھتے پا کر ڈپٹ گیا ابرش نے چہرہ جھکا لیا یہ بک اس کے لیے پڑھنی آسان نہیں تھی میم النعم اوَر ان کی باتیں ذہن میں گھومتے اس کے آندر اٹھتے لاوے کو مذید بھڑکا دیتی تھیں۔

"یاد ہو گیا آپ کو۔۔۔!!" تقریباً آدھے گھنٹے بعد ضامن نے ابرش سے بک پکڑی تاکہ سن سکے کہ اس کے یاد کیا ہے۔

"ایک لفظ بھی نہیں ہوا مجھ سے یہ بک نہیں پڑھی جاتی ہے سر پلیز۔۔۔" وہ روہانسی ہوئی کب سے کوشش کر رہی تھی لیکِن مجال ہے جو ایک لفظ بھی یاد ہوا ہو اسے ایسے ہی بس کتاب کو گھورتی رہی تھی اتنا ٹائم نظر اوپر اٹھا کر ضامن کو دیکھنے کی کوشش اس نے ایک بار بھی نہیں کی۔۔

"واٹ مس ملک آپ پاگل ہیں یا دماغ نہیں ہے آپ کے پاس پچھلے آدھے گھنٹے سے آپ بک ہاتھ میں پکڑے بیٹھی ہیں اور آپ سے ایک لفظ بھی یاد نہیں ہوا۔۔۔!" ضامن نے بک ابرش کے ہاتھ سے چھنتے ٹیبل پہ پھینکی اور ابرش نے دانت پیستے ضامن کی یہ حرکت برداشت کی جو اس کے لیے برداشت کرنی بہت مشکل تھی ضامن نے پچھلے پیپروں میں تو اسے اتنی

خاص تیاری کرنے کا کہا نہیں اب انعم کے پیپر کی تیاری کرنے پہ ہی کیوں زور دے رہا تھا وہ۔

"نہیں ہوا یاد کیوں کہ میں خود کو اچھے سے جانتی ہُوں مجھے اس سبجیکٹ میں انٹرسٹ نہیں ہے اب بھلے میں کتنی ہی کوشش کیوں نہ کرلوں میں اس کا ایک لفظ بھی یاد نہیں کر پاؤں گی مجھے جس چیز میں انٹرسٹ ہوتا ہے وہ ہی اچھے سے کر پاتی ہوں باقی ساری چیزیں میرے سے ہوتی ہی نہیں ہیں اب تو آپ کو یہ بات سمجھ جانی چاہیے میرے ساتھ اتنے عرصے سے ہیں آپ۔۔!؛" ابرش بھی بناڈرے سچائی بتا رہی تھی اس بک سے اس کو ایک لفظ بھی یاد نہیں ہونا تھا چاہے پھر وہ کل صبح تک لگی رہتی یا پھر ضامن کتنی ہی کوشش کیوں نہ کر لیتا۔

"واٹ یہ عجیب لاجک ہے مس ملک آپ کے لیے ساری کتابیں اہم ہونی چاہیے اب کیا اس سبجیکٹ میں فیل ہونے کا ارادہ ہے آپ کا۔۔۔؟" طنز ایک بار پھر سے کیا گیا تھا ابرش اب کی بار ہلکا سا مسکرائی تھی۔

اس کا ڈمپل پھر سے شو ہوا تو ضامن کا دل زور سے دھڑکا تھا۔

"ہاں فیل ہونے کے چانسز زیادہ ہیں بٹ وہ کیا ہے ناں کہ آپ کی میم انعم سے بنتی ہیں تو آپ بات کر سکتے ہیں میرے لیے آفٹر آل آپ کو آپنی عزت کی فکر کھائے جا رہی ہے کہ میں فیل ہوئی تو یونی میں آپ کی عزت رہ جائے گی۔۔۔" ابرش کو ایک نیا پوائنٹ ملا تھا بھلے ضامن کہہ رہا تھا کہ ابرش ایک سبجیکٹ میں فیل ہوئی تو وہ سارے سبجیکٹوں میں فیل کروادے گا لیکن اب کو اندازہ تھا کہ ضامن جیسے یونی میں اپنی ریپوٹشن کو لیکر کر کونسیشن تھا وہ یہ کبھی نہیں کرنے والا تھا۔

"اوو تو آپ مجھے شفارش کرنے کا کہہ رہی ہیں۔۔؟"ضامن بھی ہلکا سا ہلکا سا ہنسا لیکن یہ ہنسی طنز سے بھری تھی۔

"کیا نہیں کر سکتے ہیں آپ۔۔۔؟"

"آپ کو لگتا ہے میں آپ کے لیے مس انعم سے بات کرونگا۔۔۔؟"

"جتنی آپ کو فکر ہے آپ کو کرنی چاہیے بات۔۔۔؟"ابرش نے اپنے بالوں کو پیچھے کرتے سنجیدگی سے کہا تو ضامن نے نفی میں سر ہلاتے اس کی بات کی تردید کی جیسے ابرش ملک جو سوچ رہی ہے ایسا ویسا کچھ نہیں ہونے والا ہے۔۔

"میں نے آج تک عائلہ کے لیے کسی سے فیور نہیں لیا اور آپ کو لگتا ہے آپ کے لیے میں بات کروں گا یہ آپ کی بھول ہے مس ملک آپ کو اپنی

محنت کے بل بوتے پہ یہ پیپرز پاس کرنے ہونگے۔۔۔"ضامن نے اس کی باتوں کو یکسر رد کر دیا۔

"تو وہ آپ کی بہن لائق تھی اُسے کبھی سفارش کی ضرورت نہیں پڑی ہو گی لیکن آپ کی بیوی نالائق ہے وہ جانتے ہیں کیا پھر بھی مدد نہیں کریں گے۔۔۔؟"ابرش ضامن کی طرف جھکی تھی کہ دونوں ایک دوسرے کے بے حد قریب ہوئے تھے۔

"نہیں آپ کو سمجھ جانا چاہیئے جو ٹائم آپ بحث میں ضائع کر رہی ہیں وہ آپ آگر پڑھائی میں لگاتی تو آپ کو فیور کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔۔۔"ضامن نے اس کی نیلی آنکھوں میں اپنی سیاہ آنکھیں گاڑی تھیں۔

"میں آپنا سارا ٹائم بھی لگا دوں تو کچھ یاد نہیں ہو گا میں خود کو بہت اچھے سے جانتی ہوں سر آپ جتنی مرضی کوشش کر لیں مجھ سے نہیں ہو گا آؤر اگر

میں فیل ہوتی ہوں تو ہو جاؤں مجھے فرق نہیں پڑتا ہے لیکن میں اس بک کو دیکھوں گی بھی نہیں۔۔۔"ابرش بول کر رکی نہیں بلکے اٹھتے آندر چلی گئی ضامن سے وہ خاصی بحث کر چکی تھی لیکِن نہ تو ضامن کو وہ قائل کر سکی اوٗر نہ ہی ضامن اس کو قائل کر سکا۔

ضامن نے اس کی پشت کو گھورا ابرش کی ضدی طعیبت پہ جی بھر کر غصہ آیا اسے صبح سے اتنی کوشش کر رہا تھا کہ وہ کچھ پڑھ لے مگر مجال ہے جو ابرش نے ایک لفظ بھی یاد کیا ہو۔

"میرے سبجیکٹ کو ایسی پڑھتی ہیں جیسے اس میں شہد ہو اور باقی سبجیکٹ کو دیکھ بھی نہیں ہے یہ لڑکی اففففف کہاں پھنس گیا میں۔۔۔"وہ اپنی پیشانی مسلتے جھنجھنایا۔

اچانک سے عائلہ کا خیال آیا وہ پیپر نہیں دے رہی تھی کیا عائلہ کے کیے پیپرز سے زیادہ ہنی مون اہم تھا وہ پیپرز کے بعد بھی تو جا سکتی تھی ابھی جانا ضروری تو نہیں تھا۔۔۔

ضامن کو اپنے سالے پلس بہنوئی پہ بھی شدید غصہ آیا جو خود کو تو سٹڈی کو سیریس نہیں لیتا تھا اب ساتھ عائلہ کو بھی ملا چکا تھا۔

ضامن کچھ دیر وہیں بیٹھا رہا پھر لیپ ٹاپ اٹھائے وہ اندر چلا آیا یہاں ابرش اسے کچن میں نظر آئی اس کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی ضامن نہیں چاہتا تھا کہ وہ کام کرے رات کیسے وہ درد سے سسکتی رہی۔

"مس ملک آپ کو کھانا بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔!؛" حالانکہ پہلے ضامن نے خود ہی سختی کی ہوئی تھی ابرش پہ کھانا ابرش سے ہی بنواتا تھا لیکن

آج وہ اس کی طعیبت کے پیشِ نظر اس کو کچن میں کام نہیں کرنے دینے والا تھا۔

"میں بنا رہی ہوں لنچ۔۔۔اوَر اب میں بالکل ٹھیک ہوں آپ جائیں جب لنچ بن جائے گا آپ کو بلالونگی۔۔۔"کیمسٹری کے پیپر کی تیاری سے بچنے کے لئے ابرش کچن میں گھس گئی تھی حالانکہ ابھی تک پین تو تھا لیکن وہ نظر انداز کر رہی تھی۔۔

"اتنی جلدی ٹھیک ہو گیا آپ کا درد۔۔۔؟"ضامن کی بات پہ ابرش سرخ ہوئی اس کی بات کا مطلب وہ آچھے سے سمجھ گئی تھی۔

"جی وہ ٹھیک ہوں۔۔۔!؛"ابرش کھانے کی طرف متوجہ ہوئی جو اس کی زرا سی لاپرواہی سے جل سکتا تھا۔۔۔۔۔۔

"اوکے تو جلدی بنائیں پھر بعد میں تیاری کرتے ہیں۔۔۔"ضامن کچن سے نکلتے نکلتے بھی ابرش کو تنگ کرنا نہیں بھولا تھا ابرش نے لب بھینچ لیے ضامن کو دل ہی دل میں کئی سلوتوں سے نواز خیر تیاری تو وہ بھی نہیں کرنے والی تھی چاہے ضامن جو بھی کرتا کھانے کے بعد اس کا سونے کا ارادہ تھا۔

نیند اس کی ابھی تک پوری نہیں ہوئی تھی ضامن یقینا کھانے کے بعد پھر سے اسے کیمسٹری کی بک لانے کو کہتا اس سے پہلے ابرش نے سونے کا پلان بنالیا تاکہ ضامن کی نظروں سے بچ سکے۔

"میم انعم نے مجھے کونسا پاس کرنا ہے ایوے دل جلانے کی مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے سر جی۔۔۔"وہ جلے دل سے کراہ رہی تھی میم انعم ان کی ایک ہی کلاس لیتی تھی جو اب پیپرز کے بعد شاید کسی اور پروفیسر کے پاس چلی جاتی ابرش تو چاہتی ہی یہ تھی کہ اس کا سامنا ہی نہیں ہو انعم سے۔

••••••

عائلہ کی سرجری کا تیسرا اور فائنل فیز شروع ہونے والا تھا عائلہ پچھلے ایک ہفتے سے ہی ہاسپٹل میں ہی صرف چند گھنٹوں کے لیے اسے گھر جانے کی پرمیشن

ملی تھی وہ اب کافی بہتر تھی سرجری کا دوسرا فیز کامیاب رہا تھا عائلہ کے ساتھ یرمان بھی پچھلے ایک ہفتے سے ہاسپٹل میں تھا مسلسل جاگتے وہ عائلہ کا خود سے زیادہ خیال رکھ رہا تھا اس ایک ہفتے میں وہ اپنے رویئے سے عائلہ کے دل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو چکا تھا عائلہ اس کو سوچتی تھی ماضی وہ جس طرح کا بھی تھا لیکن جب سے وہ عائلہ کے ساتھ تھا صرف اس کے ساتھ ہی مخلص تھا۔

عائلہ لاکھ کوشش کرتی یرمان کو نہ سوچے لیکن جو انسان سائے کی طرح آپ کے ساتھ رہے آپ بھلا کیسے اسے نہیں سوچیں گے وہ اس کا خیال رکھ رہا تھا اس کی کیئر کر رہا تھا۔

مائکل والا واقعہ کچھ دن میڈیا کی زینت بنا رہا اور پھِر دب گیا عائلہ نے اس واقعے کی حد سے زیادہ ٹینشن لی تھی جس کی وجہ سے اس کی طعیبت خراب ہوئی یرمان اسے خوُد کے قریب کر چکا تھا وہ ہر وقت کوشش کرتا کہ عائلہ سے باتیں کرتا رہے اس کو مصروف رکھنے خود میں تاکہ عائلہ کو ضامن یا پھر کسی اور کو سوچنے کا وقت ہی نہیں ملے جس میں وہ کامیاب بھی ہوا تھا۔

گزرے دنوں میں ان کے درمیان ضامن کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی یرمان بس چھوٹی موٹی باتیں کرتا اور عائلہ اس کا جواب دیتی۔

آج شام پھر سے عائلہ کو لے جایا جانا تھا تو یرمان نے ڈاکٹرز سے بات کی اور عائلہ کو گھر لے آیا تا کہ کچھ دیر وہ دونوں گھر پہ ریسٹ کر سکیں اور وہ عائلہ کو جی بھر کر دیکھ سکے اب تک تو سب ٹھیک جا رہا تھا لیکن آگے کیا ہونے والا تھا ضامن کو دھچکا ہی لگا ہوا تھا کچھ غلط ہونے کے احساس سے۔

عائلہ صوفے پہ بیٹھی تھی اور یرمان ملک اس کے ساتھ اس کی پشت میں ہاتھ ڈالے اس کا سر اپنے کندھے پہ رکھے وہ اس کی پشت ہولے ہولے سہلا رہا تھا انہیں شام کو ہاسپٹل جانا تھا ابھی وہ دونوں باہر جا سکتے تھے گھومنے۔۔۔

برلن شہر بہت خوبصورت تھا اس کے اہم مقامات کے حوالے سے بھی یرمان نے کافی انفو حاصل کر رکھی تھی اس نے سوچا کہ تھوڑا موڈ فریش ہو جائے گا پچھلے ایک ہفتے سے تو بس وہ دونوں ہاسپٹل اور گھر تک ہی محدود ہو گئے تھے۔

"عائلہ کہیں باہر چلیں ابھی تو ٹائم ہے۔۔۔؟" وہ اس کے کندھے پہ ٹھوڑی ٹکائے اس کی گردن پہ اپنی گرم سانسوں کا پر تپش لمس چھوڑتے بولا تو عائلہ نے بے ساختہ نظریں اٹھائی تھیں۔

"نہیں نہیں۔۔۔" وہ مائکل والا واقعہ پھر سے یاد کرتے گھبرا گئی بھلے وہ معاملہ رفع دفع ہو چکا تھا لیکن عائلہ اب مر کر بھی گھر سے نہیں نکلتی ہاسپٹل جانا بھی مجبوری نہیں ہوتی تو وہ شاید نکلتی ہی گھر سے لیکن باہر گھومنے جانے والی وہ ہرگز نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں جب سے آئیں ہیں بس گھر پہ ہی ہیں اوَر زیادہ وقت تو ہاسپٹل میں گزر جاتا ہے اب میں سوچ رہا ہوں تھوڑا گھوم پھر لیں پھر تو واپس چلے جائیں گے ہیں میں نے "ایلیگزنڈر پلائز" کو سلیکٹ کیا بے بس تھوڑا سا ٹائم رکیں گے اوَر پھِر واپس آ جائیں گے۔۔۔" وہ اس کے رخساروں کو سہلا رہا تھا۔

"میرا۔۔۔دل نہیں۔۔۔کر رہا۔۔۔!؛" یہ بھی یرمان کی طرف سے ملنے والی محبت اوٗر توجہ کا اثر تھا کہ اب عائلہ یرمان سے کھل کر بات کر لیتی تھی۔۔

"کیوں نہیں کر رہا ہے ٹھیک ہو پین تو نہیں ہو رہا ہے ہم یہاں آئے تو بس سرجری کے لیے تھے لیکن یہ شہر اتنا خوبصورت ہے تو کیا حرج ہے اگر تھوڑی سی اس کی خوبصورتی بھی دیکھ لی جائے۔۔۔" عائلہ کے بالوں کی خوشبو خود میں انہل کرتے وہ گھمبیر لہجے میں بولا تو عائلہ کو اپنی بیک بون میں سنسناہٹ سی محسوس ہوئی یرمان کے ہونٹ اس کی گردن پہ تھے۔۔۔وہ نرمی سے اس کی گردن کو اپنے ہونٹوں سے چوم رہا تھا جبکہ عائلہ نے صوفے کی پشت کو مٹھیوں میں دبوچ لیا تھا۔۔ء

"مجھے۔۔۔ڈر لگتا ہے۔۔۔۔وہ۔۔۔۔جو۔۔۔۔پہلے۔۔۔۔۔"وہ کپکپاتے یرمان کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اسے خوُد سے دور کرنے لگی کیونکہ وہ بے قابو ہوتا اس کی گردن سے نیچے دھڑکنوں پہ ہونٹوں کا لمس چھوڑ رہا تھا۔

"تم اُس واقعے کی وجہ سے انکار کر رہی ہو عائلہ وہ سب ختم ہو گیا تھا مائکل کے ساتھ جو ہوُا وہ ضروری تھا بس مجھے افسوس ہے کہ میں نے اُسے زمرہ کیوں چھوڑ دیا۔۔۔"وہ اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھ گیا تھا کتنی ہی دیر وہ ایسی پوزیشن پہ عائلہ کی پیشانی پہ ہونٹوں کا دہکتا لمس بکھرتا رہا تھا۔

"لیکِن۔۔۔"

"نو عائلہ نو تم کسی کو سوچتے پریشان ہو یہ میں برداشت نہیں کر سکتا ہوں۔۔۔"وہ سنجیدہ ہوا۔

"نہیں لیکن۔۔۔"

"عائلہ تم کیوں ان چیزوں کو سوچتے خود کو پریشان کر رہی ہو جانتی ہو ناں ڈاکٹر نے کیا کہا تھا ہم بس گھومنے جائیں گے کھانا کھائیں گے اور واپس آ جائیں گے بس اس میں اتنا اپ سٹ ہونے والی کیا بات ہے۔۔" وہ اس کے ہاتھ تھامے اپنے ہاتھوں میں لیتے نرمی سے سہلا رہا تھا۔

"ہمممم۔۔۔" وہ پھر مان ہی گئی انکار کرتی تو یرمان نے تب تک کوشش کرنی تھی جب تک کہ وہ مان نہیں جاتی اتنے عرصے میں وہ یرمان کی فطرت سے اچھے سے واقف ہو چکی تھی بہت ضدی طعیبت کا مالک تھا وہ جس چیز پہ اڑ جاتا وہ کر کے ہی رہتا تھا۔

"جاؤ تیار ہو جاؤ اور ہاں موسم تھوڑا سرد ہے ابھی بارشوں کی وجہ سے تو ساتھ کوٹ نکال لینا۔۔۔" عائلہ نے سر ہلایا کمرے میں چلی گئی۔۔۔

تیار ہوتے اس نے بلیو کلر کا لانگ کوٹ جو اسے یرمان نے ہی دلایا تھا وہ پہنا اور سکارٹ سٹ کرتے وہ باہر آئی یہاں یرمان پہلے ہی ریڈی بیٹھا اس کا انتظار کر رہا تھا وہ باہر نکلی تو یرمان کی نظریں اس پہ جم سی گئی تھیں وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی کہ یرمان کے لیے اس پل اس سے نظریں ہٹانا مشکل ہوا۔۔۔عائلہ نے ایک نظر خود کو دیکھا اور پھر یرمان کو وہ اسے بے خود سا دیکھے جا رہا تھا۔

"چلیں۔۔۔!؛" کتنے لمحے درمیان میں سرک گئے تھے جب یرمان آیسے ہی عائلہ کو دیکھتا رہا تو عائلہ کو اسے ٹوکنا پڑا وہ عائلہ کی آواز سنتے ہوش کی دنیا میں لوٹا اور مسکراتے اس کے قریب چلا آیا۔

"واؤ بہت خوبصورت لگ رہی ہو۔۔۔"اس کی ٹھوڑی تھامے اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے تو عائلہ کپکپا سی گئی تھی۔۔

"چلو۔۔۔" وہ اس کا ہاتھ تھامے کار پورچ آیا اور اسے فرنٹ سیٹ پہ بٹھائے خود ڈرائیونگ سیٹ سنبھالتے گاڑی سٹارٹ کرتے روڈ پہ ڈالی۔

ان کے گھر سے زیادہ دور نہیں تھی۔

الیکزنڈر پلائز Alexanderplatz

شاپنگ، کھانے پینے اور لوگوں کی چہل پہل کا مرکز۔ یہاں برلن کا مشہور ٹی وی ٹاور Fernsehturm) بھی موجود ہے۔

جگہ واقعئ میں بہت خوبصورت تھی اور لوگوں کا بھی کافی رش تھا عائلہ جو پہلے تو اپنے کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے آس پاس کے لوگوں کو دیکھ رہی تھی یکدم سے گھبراہٹ ہوئی تو یرمان کا ہاتھ تھام لیا یہ سب اتنی جلدی میں

ہوا کہ یرمان کو خود بھی سمجھ نہیں آیا لیکن اسے خوشی ہوئی تھی عائلہ نے اس کا ہاتھ تھاما۔

اوٗر جب عائلہ جو خود احساس ہوا کہ وہ کیا کر چکی ہے تو اس نے یرمان کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہا لیکن مقابل نے اس کی کلائی چھوڑنے کے بجائے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنی طرف کھینچا تو عائلہ اس کے سینے سے آ لگی۔

"کیا کر۔۔۔رہے ہیں۔۔۔؟" عائلہ نے درمیان میں فاصلہ رکھنا چاہا ارد گرد اتنے لوگ تھے لیکن یرمان کو تو جیسے فرق ہی نہیں پڑ رہا تھا وہ اس کے ہونٹوں کو بے باکی سے دیکھ رہا تھا۔

"پیار۔۔۔" عائلہ کے چہرے کو ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے یرمان ملک اس کے ہونٹوں پہ جھکا تو عائلہ کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں وہ دونوں

روڈ پہ تھے آس پاس اتنے لوگ لیکن یرمان تو جیسے سب بھول چکا تھا وہ اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں دباتے اس کے ہونٹوں کی نازکی چوس رہا تھا۔

عائلہ کے لیے وہاں کھڑا رہنا مشکل ہؤا اسی لیے وہ یرمان ملک کے ساتھ آنے سے انکار کر رہی تھی۔

بہت سے کپلز اس سے بھی زیادہ ایک دوسرے کے قریب تھے لیکن عائلہ جیسی لڑکی کے لیے بس یہ لپ کس ہی کافی تھی۔

"عائلہ ڈونٹ وری یہاں سب نارمل ہے لوگوں کو دیکھو وہ کیا کر رہے ہیں؟ کوئی نہیں دیکھ رہا ہے یہاں سب کو اپنی اپنی پڑی ہوتی ہے تم خوامخواہ ہی پریشان ہو رہی ہو میں نے تو اتنی ڈیپ کس بھی نہیں دی

تمھیں۔۔۔"یرمان ملک نے عائلہ کی ناک سے ناک سہلائی عائلہ نے یرمان ملک کو گھورا تھا۔

"چلو آؤ اندر چلتے ہیں۔۔۔!؛"وہ اس کا ہاتھ تھامے آندر چلا آیا شام کا وقت ہونے کی وجہ سے Alexanderplatz میں کافی رش تھا کچھ لوگ اپنی فیملیز کے ساتھ آئے ہوئے تھے تو کچھ کپلز تھے۔

"کیا کھاؤ گی تم عائلہ۔۔۔؟"عائلہ کا چہرہ ابھی تک یرمان کی شدت کے رنگ بکھیر رہا تھا جو یرمان کو مزید بے قرار کرنے کو کافی تھے۔

"آپ دود۔۔۔ہو کر۔۔۔۔ بیٹھیں۔۔۔۔!؛"وہ اس کے ساتھ بیٹھا تھا عائلہ کو جھجھک سی محسوس ہوئی تھی حالانکہ اس نے نوٹ کیا تھا واقعی میں ان دونوں کو کوئی بھی نہیں دیکھ رہا تھا سب کا دھیان ان کی طرف نہیں تھا لیکن عائلہ کو پھر بھی اکورڈ فیل ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"کیوں دور ہو جاؤں بھئی میری بیوی ہو تم۔۔۔۔ دیکھو وہ سامنے کپل ایک دوسرے کے کتنے کلوز بیٹھا ہے۔۔۔" یرمان نے سامنے اشارہ کیا یہاں ایک لڑکا لڑکی کے بہت قریب بیٹھا تھا اور وہ لڑکی بجائے اسے دور کرنے کے اس کا ساتھ دے رہی تھی جیسے دونوں ہی یہ سب چاہتے تھے۔۔

"وہ جو کر رہے ہیں۔۔۔ آپ کیوں۔۔۔۔ دیکھ۔۔۔۔ رہے ہیں۔۔۔؟" عائلہ نے آنکھیں چھوٹی کی جیسے اسے بالکل بھی پسند نہیں آیا ہو کہ یرمان اس کپل کو دیکھ ہی کیوں رہا ہے۔

"یار میں کہاں دیکھ رہا ہوں انہیں بس تمھیں یہ بتا رہا ہوں کہ تم پریشان نہیں ہو میں بس تمھارے قریب بیٹھا ہوں اور تمھارا یہ حال ہے تو یہ لوگ جو ایک دوسرے کے اتنے قریب ہیں ان کو تو بے ہوش ہو جانا چاہیے پھر

۔۔"یرمان مزاق کر رہا تھا لیکن عائلہ برا منا گئی کیونکہ اس کا چہرہ پھول چکا تھا جو سے وہ یرمان مزید کیوٹ لگی تھی۔۔۔

"آپ بات نہیں۔۔۔"اس کے لفظ منہ میں دب گئے جب اس کو یرمان کے ہونٹ اپنے رخساروں پہ دکھے وہ اس کے رخساروں کو نرمی سے اپنے ہونٹوں سے سہلا رہا تھا اور عائلہ نے اس کے بازو پہ چٹکی کاٹی۔

"سسس۔۔۔۔"وہ پیچھے ہوتے عائلہ کو آنکھیں دکھا گیا یہ لڑکی کیوں کرتی تھی۔

"آپ۔۔۔کچھ زیادہ ہی۔۔۔۔نہیں پھیل رہے۔۔۔؟"عائلہ نے ٹیبل پہ انگلی سے لکیر کھینچتے نظریں جھکائے کہا تو یرمان ملک گہرا مسکرایا تھا۔

"تو۔۔۔؟"

"تو یہ کہ کنڑول۔۔۔کریں۔۔۔۔خود کو۔۔۔۔"

"کیوں کروں۔۔۔؟"

"بیکاز۔۔۔۔یہ پبلیک پلیس۔۔۔۔ہے۔۔۔!؛"

"مُجھے فرق نہیں پڑتا ہے۔۔۔"

"کیوں نہیں۔۔۔۔پڑتا۔۔۔!؟"

"کیونکہ تم میری بیوی ہو اور جب میں تمھیں بتا چکا ہوں پہلے بھی میں کئیں بھی تم سے اپنا حقِ لے سکتا یوں پھر بار بار یہ باتیں کیوں کرتی ہو تم عائلہ۔۔۔!؛"یرمان کو تپ چڑھی اتنا اچھا موڈ تھا اس کا عائلہ کی وجہ سے سپائل ہو گیا تھا عائلہ ایسے ہی کرتی تھی ہر بار۔۔

"پر۔۔۔ ہم یہاں۔۔۔!؛" یرمان کو یرمان کی ناراضگی کے خوف نے آن گھیرا تھا وہ اس کے لیے پچھلے کچھ دنوں سے جو جذبات محسوس کر رہی تھی وہ اسے کسی الگ ہی لے پہ لے جا رہے تھے۔

"عائلہ تم بس یہ سوچو کہ تم میرے ساتھ ہو اپنے شوہر کے ساتھ جو تمھارا ہے پھر آگے کچھ سوچنے کی ضرورت نہیں ہے تمھیں۔۔۔" وہ اس کو اپنے قریب کر گیا اور اب کی بار عائلہ نے اسے خود سے الگ کرنے کی غلطی نہیں کی تھی۔

کھانا سرو ہوا تو یرمان ملک نے خود عائلہ کو کھلانا شروع کیا وہ خاموشی سے چھوٹے چھوٹے نوالے لے رہی تھی اور یرمان اسے کھلاتے ساتھ ساتھ خود بھی کھا رہا تھا دونوں نے کھانا ختم کیا تو عائلہ واپس جانا چاہتی تھی لیکن یرمان

کا ارادہ اس کے ساتھ واک کرنے کا تھا عائلہ کو شاپنگ میں انٹرسٹ نہیں تھا۔

جب سے عائلہ اس کے ساتھ تھی اسے نہیں یاد پڑتا تھا کہ عائلہ نے کسی چیز کی فرمائش کی ہو اس نے خوُد ہی عائلہ کے لیے گل سے ڈریسز اوُر باقی سامان منگوایا تھا۔

ترکی میں بھی عائلہ نے کچھ نہیں خریدا تھا لیکِن یہاں یرمان کا ارادہ تھا کہ سرجری کے بعد وہ عائلہ کو شاپنگ کروائے گا۔

عائلہ کے قریب بس وہ ایک بار ہی گیا تھا اب وہ عائلہ کے قریب اس کی مرضی سے جانا چاہتا تھا اتنا تو وہ سمجھ چکا تھا کہ عائلہ کے دل میں اس کے لئے تھوڑی سی نرم سائیڈ بن رہی تھی۔

"گھر جانا۔۔۔!؛" عائلہ اپنی انگلیاں مروڑتے بولی تو یرمان ملک نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"ابھی واک کرتے ہیں موسم کتنا اچھا ہے دو گھنٹے بعد جانا ہے ہاسپٹل ٹائم ہے ابھی۔۔۔" وہ عائلہ کی کلائی تھامے باہر نکل آیا ہلکی ہلکی ہوا چل رہی تھی شام کے وقت خاصا رش بھی تھا پہلے عائلہ نے خود یرمان کا ہاتھ پکڑا تھا اور اب جب یرمان نے پکڑا ہوا تھا تو عائلہ کو اچھا نہیں لگ رہا تھا وہ اس کی گرفت سے ہاتھ چھڑوانا چاہتی تھی لیکن یرمان کا ارادہ نہیں تھا آیسا کہ وہ اس کا ہاتھ چھوڑے گا۔

"لیکن مجھے گھر۔۔۔!؛" عائلہ ہمیشہ سے گھر میں ہی رہی زیادہ وقت باہر کم ہی جاتی تھی اور یہ تو پھر انجان شہر تھا جس میں وہ پہلی بار آئی تھی۔

"گھر ہی جائیں گے بٹ پہلے۔۔۔!؛" وہ اس کو کھینچتے اپنے قریب کر گیا آتے ہوئے بھی اس نے ایسی ہی حرکت کی تھی اور اب پھر سی وہ یہی حرکت کر رہا تھا عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا وہ تو پہلے والی یرمان کی کی گئی جسارت سے نہیں سنبھلی تھی مذید کیسے۔

"اِدھر دیکھو عائلہ۔۔۔" یرمان نے اس کا چہرہ ہاتھوں میں بھرا عائلہ نے آنکھیں میچ لی تھیں۔

"نہیں نہیں پلیز۔۔۔"

"کیوں انکار کر رہی ہو۔۔۔۔؟" وہ اس کی آنکھوں میں تیرتی نمی دیکھتا سختی سے پوچھ رہا تھا۔

"نہیں وہ میں سب۔۔۔"

"تو کیا ہوا۔۔۔پہلے بھی کہاناں یہاں کے لوگوں کو فرق نہیں پڑتا ہے تم دیکھ بھی چکی ہو پھر یہ گریز کیوں۔۔۔"وہ سنجیدہ تھا اس کے غصے کا ہی اثر ہوتا تھا عائلہ پہ ورنہ تو جب جب وہ نرمی دکھاتا عائلہ پھر پھیلتی تھی۔۔

"وہ آچھا نہیں لگتا۔۔۔"وہ گھبراتے آس پاس دیکھتے بولی تھی جبکہ یرمان نے ہونٹوں کو دباتے ہنسی روکی وہ اتنی ہی شائے تھی۔

"کیوں اچھا نہیں لگتا عائلہ یار اٹس نارمل۔۔۔"وہ اس کے ہونٹوں کو دیکھتے بے خود ہوا تھا۔

"پتہ ہے۔۔۔پر اتنے۔۔۔۔لوگ۔۔۔۔!؛"وہ اس کی نظروں سے خائف ہوتے آنکھیں میچ گئی تھی۔

"لیکن میں تو بس کس کرونگا۔۔۔!؛"اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں دباتے اس کی سانسوں کو قید کر گیا تھا وہ اس کے سینے پہ ہاتھ رکھے اسے خوُد سے دور کرنے لگی تو یرمان نے اُسے پھر مزید خود میں بھینچ گیا تھا عائلہ نے اس کی گردن میں چہرہ چھپایا تھا اتنی جھجھک تھی کہ آنکھیں کب سے بند کی ہوئی تھیں اس نے۔۔

ان کے اس کلوز مؤمنٹ کو ایک لڑکی جو پاس سے گزر رہی تھی اس نے کیپچر کر لیا تھا۔

"....Wow so romantic.... Nice couple"

وہ مسکراتے بولی اوُر اپنے کیمرے سے تصویر نکالتے یرمان ملک کو دی تھی۔

"تھینکس ڈیئر۔۔۔"تصویر تھامتے یرمان نے مسکراتے اس لڑکی کا شکریہ ادا کیا۔

عائلہ تو بلش کرتے یرمان میں گھسنے کی کوشش کر رہی تھی اتنا ڈیپ موٴمنٹ وہ دیکھ نہیں سکی تھی اور یرمان نے تصویر جیب میں ڈال لی تھی۔۔

"آپ نے۔۔۔اس سے کیوں لی تصویر۔۔۔!؛"عائلہ اوٴر یرمان وآپس جانے لگے تو عائلہ نے سوال کیا۔

"اتنی رومانٹک فوٹو کسی اور کے پاس کیسے رہنے دیتا ہماری تو ایسی کوئی یاد نہیں ہے۔۔۔تصویر کی صورت میں اچھا ہے بن گئی۔۔۔"وہ گھر میں داخل ہوئے اور یرمان ملک نے عائلہ کا کوٹ اتارتے سائیڈ پہ رکھا۔

عائلہ کے دل میں یرمان ملک کے یہ ایکٹس بہت اثر انداز ہو رہے تھے وہ ان چھوٹی چھوٹی باتوں کو سوچتی تھی پہلے ضامن اس کا خیال رکھتا تھا اس کی چھوٹی چھوٹی ضرورتوں کو بن کہے ہی سمجھ جاتا تھا اور اب ضامن بھی ایسا ہی کر رہا تھا۔

"چینج کرو ڈاکٹر کی کال آ رہی ہے ہمیں جانا ہے ہاسپٹل۔۔۔۔ لیٹ ہو جائیں گے۔۔۔" وہ اس کے بالوں سے پونی اتار چکا تھا.

"کیا ایسا نہیں ہو سکتا ہے کہ ہم نہ جائیں۔۔۔؟" عائلہ ہاسپٹل سے اکتا چکی تھی اسے واپس جانا تھا۔

"عائلہ جانا بہت ضروری ہے ہمارا۔۔۔!؛" وہ اتنے اہم موقعے پہ اب گیو اپ کیسے کر لیتے دو فیز تو ہو چکے تھے اب آخری تھا اور ڈاکٹرز کافی پر امید بھی تھے کیونکہ ضامن اب عائلہ کا بہت خیال رکھتا تھا۔

عائلہ نے کوئی بات نہیں کی وہ چلی گئی اوَر تیار ہوتے دونوں ہاسپٹل پہنچ گئے تھے عائلہ کو ساری رات آندرر کھا گیا یرمان باہر کھڑا اس کے لیے دعائیں کرتا رہا تھا ڈیڈ نے اسے نماز پڑھنے کا دعا مانگنے کا کہا تھا وہ نماز تو پڑھ نہیں رہا تھا لیکِن دعا مانگتا تھا عائلہ کے لیے ابھی اس کا دل چاہا جیسے وہ اپنے رب سے عائلہ کے لیے اتنے سچے دل سے دعا کرے۔

ڈاکٹرز نے اسے کچھ دن پہلے ہی وران کر دیا تھا آخری فیز شارٹ پریڈ کا بھی ہو سکتا ہے اوَر لانگ بھی یہ پیشنٹ پہ ڈیپینڈ کرتا ہے اوَر عائلہ کی حالت دیکھ کر یرمان کو دھچکا ہی لگا رہتا تھا۔

یرمان کچھ دیر تو ہاسپٹل میں ہی بیٹھا رہا پھر اس نے وقت دیکھا تو تہجد کا ٹائم ہو رہا تھا اس نے بے ساختہ قدم باہر کی طرف بڑھائے۔

پہلی بار وہ تہجّد پڑھنے کا رہا تھا ورنہ تو بہت کم اس نے نماز پڑھی تھی لیکِن آج اس نے پورے خشوع و خضوع سے وضو کرتے تہجّد کی نماز ادا کی تھی اور عائلہ کی صحت اور تندرستی کے لیے ڈھیروں دعائیں مانگی تھیں۔

وہ تقریباً ایک گھنٹے بعد واپس آیا تھا عائلہ کے حوالے سے ابھی تک اسے کوئی خبر نہیں ملی تھی۔

وہ دعا کیے جا رہا تھا تقریباً آدھے گھنٹے بعد ہی نرسز اور ڈاکٹر باہر نکلے تھے جو مسکرا رہے تھے یہ پہلی بار تھا جب یرمان نے انہیں باہر نکلتے مسکراتے دیکھا تھا ورنہ پہلی بار تو انہوں نے یرمان کو ڈرا ہی دیا تھا اور اج سچویشن مختلف تھی۔

"مسٹر یرمان آپ کی وائف نے ہمیں حیران کر دیا وہ بالکل ٹھیک ہیں اور سرجری کامیاب تبھی ہوتی ہے جب پیشنٹ خود تھوڑا رسپانس شو کرے اور

آپ کی وائف کو دیکھتے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ پہلی پیشنٹ ہیں جنہوں نے اتنی جلدی ریکور کیا ہے حالانکہ فرسٹ میں نے آپ سے جو کہا وہ شاید آپ کو یاد بھی ہو لیکن آج ایسا کچھ نہیں کہوں گا بس اتنا کہ اب آپ کی وائف بالکل ٹھیک ہیں۔۔۔ آپ ان کا خیال رکھیے گا اندرونی طور ان کو وقتی درد ہو گا لیکن آہستہ آہستہ وہ بھی ختم ہو جائے گا۔۔۔"ڈاکٹر یرمان کا شانہ تھپکتے اس سے مسکرا کر بات کر رہا تھا اور یرمان ششدر کھڑا تھا سمجھ نہیں آیا کہ وہ کیا بولے کچھ بولنے کے لیے لفظ ہی نہیں مل رہے تھے۔

"میں کیا کہوں سمجھ نہیں آ رہا ہے لیکِن میری بیوی ٹھیک ہے مُجھے بہت خوشی ہو رہی ہے۔۔۔"یرمان نے اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا ڈاکٹر مسکرایا اور چند ضروری باتیں بتاتے وہ آگے اپنے کیبن میں چلے گئے جبکہ یرمان دروازہ کھول کر اندر چلا گیا تھا۔

••••••

ابرش اس وقت کلاس روم میں بیٹھی تھی کل اس نے ضامن کو تو چکما دے دیا تھا کچھ نہیں پڑھا تھا لیکِن اب اسے خاصی مشکل ہو رہی تھی کیونکہ میم انعم نے پیپر آسان تو ہر گز نہیں بنایا ہونا تھا وہ جانتی تھی سب تیاری کر رہے تھے سٹوڈیس رٹہ لگا رہے تھے لیکن ابرش فون میں بیزی تھی جیسے اسے فرق نہیں پڑا ہو کہ پیپر بھی ہونا ہے۔

"ابرش تم بھی پڑھ لو کچھ میم انعم کو جانتی ہو کتنا ٹف پیپر بناتی ہیں وہ مڈ میں بھی اتنے کم مارکس تھے اگر میم نے ہمیں ایکسٹرا نمبر نہیں دیئے تو ہم تو فیل ہو جائیں گے۔۔۔۔!؛" عائشہ کو نوٹس میں سر کھپائے پڑھ رہی تھی ابرش کو فون میں دیکھتے وہ بولی تھی۔

"تمھیں لگتا ہے کہ میم انعم ہمیں نمبر دیں گی اگر دے بھی دیں تو مُجھے نہیں دیں گی میں جانتی ہو اس لیے پڑھنے کا کوئی فایدہ نہیں ہے۔۔۔"ابرش لاپروائی سے بولی عائشہ نے نوٹس سائیڈ پہ رکھے۔

"تم اپنی تو پوری تیاری کرو ہو سکتا ہے تمھارے پیپرز ٹھیک ہو ہوں آور میم کو نمبر کاٹنے کا موقع ہی نہیں ملے لیکن تم خود موقع دے رہی ہو میم کو مجھے پوری امید ہے کہ تم نے کل تیاری بھی نہیں کی ہو گی۔۔۔"ابرش کو عائشہ اچھے سے جانتی تھی۔

جس چیز سے ابرش کو تپ چڑھتی تھی وہ کبھی نہیں کرتی تھی بھلے اس کا کتنا نقصان ہی کیوں ہوتا ایسا نہ کرنے میں۔

"نہیں کی میں نے بک ہی نہیں کھولی دو دن۔۔۔"ابرش نے شانے اچکائے اؤر پھر سے سیل میں مصروف ہو گئی تھی تبھی انعم کلاس روم میں داخل ہوئی

اس کی پہلی نظر ہی ابرش پہ گئی جو سیل پہ لگی ہوئی تھی وہ لب بھینچ گئی اس لڑکی کی غیر سنجیدگی پہ وہ ہمیشہ ہی تاؤ کھاتی تھیں لیکن مجال ہے جو ابرش پہ اثر ہو۔

"مس ملک لگتا ہے آپ کی تیاری تو کچھ زیادہ ہے جو اس وقت فری ہو کر سیل یوز کر رہی ہیں۔۔۔؟" انعم نے آتے ہی ابرش پہ طنز کیا تھا ابرش نے فون سے نظریں اٹھائے انعم کو دیکھا تھا۔

"میم آپ اپنے سارے سٹوڈنٹس کی فکر کرتی ہیں یا صرف میری کر رہی ہیں؟ میری تیاری ہے یا نہیں یہ آپ کا مسئلہ نہیں ہے آپ نے پیپر لینا ہے تو لیں۔۔۔" ابرش نے کہاں کسی کی باتوں کو چپ چاپ رہنا سیکھا تھا اور پھر سامنے بھی تو انعم تھی جس پہ ابرش کو شدید غصہ آتا تھا۔

"وہ تو میں لونگی اور آپ کی وجہ سے سب کا نقصان ہو گا آپ کو تو اپنی ٹینشن نہیں ہے پرنسپل صاحب کونسا آپ سے کچھ پوچھیں گے۔۔۔"وہ طنز کر رہی تھی اوَر ابرش مسکرائی اس کی اس مسکراہٹ نے جلتی پہ تیل کا کام کیا تھا

۔۔۔

وہ پہلے ہی پچھلے کچھ دنوں سے تپی ہوئی تھیں کیونکہ ضامن سے ان کی بات نہیں ہو پائی تھی ضامن ان کو اگنور کر رہا تھا اوَر ابرش کی باتوں سے ان کا غصہ مزید بڑھا تھا۔

"بالکل ٹھیک کہا آپ نے میم۔۔۔!؛"ابرش نے ایک ادا سے بال پیچھے کیے ساری کلاس دلچسپ نظروں سے ابرش اور انعم کی گفتگو سن رہی تھی۔۔

"چلیے کلاس آپ ریڈی ہیں پیپر کے لیے۔۔۔؟"انعم نے ابرش سے مزید کوئی بات نہیں کی کرتی تو اس کو پتہ تھا کہ مزید بڑھ جاتی بات۔

"یس میم ہمیں پیپر اچھے سے تیار ہے۔۔۔!؛"فزا نے کھڑا ہوتے جواب دیا ضامن کی طرح انعم کو بھی فزا بہت پسند تھی۔۔۔

"ڈیٹس گڈ مس فزا بیٹھ جائیں آپ۔۔۔!؛"انعم نے مسکراتے فزا کو جواب دیا تھا جس پہ ابرش تلملا گئی تھی یہ فزا ہمیشہ اسے لیٹ ڈوان کرنے کی کوشش کرتی تھی پھر چاہے وہ ضامن کی کلاس ہو یا انعم کی کلاس وہ یہی کرتی تھی۔

"مس ابرش ملک آپ ادھر آ کر بیٹھیں۔۔۔!؛"عائشہ اور ابرش ساتھ بیٹھی تھیں انعم نے پیپر دیتے وقت ابرش کو فزا کی ساتھ والی چیئر پہ آنے کا کہا وہ جانتی تھیں کہ فزا سے ابرش کو کتنی چڑھ تھی اچھا تھا کہ ابرش فزا کو دیکھ دیکھ کر اپنا دل جلاتی رہتی پیپر تو اسے ویسے بھی نہیں آتا تھا۔

"میم میں یہیں ٹھیک ہوں۔۔۔!؛" ابرش نے کسکتے جواب دیا وہ عائشہ کے ساتھ ہی بیٹھنا چاہتی تھی فزا کے ساتھ تو بیٹھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

"آپ کی ٹیچر میں ہوں میں ملک اور میں آپ سے کہہ رہی ہوں آپ یہاں بیٹھیں گی۔۔۔" ساری کلاس پیپر ہاتھ میں پکڑے ابرش اور انعم کی بحث سن رہی تھیں ابرش کی ضدی طعیبت سے تو پوری کلاس واقف تھی لیکِن اب مسلہ یہ تھا کہ سامنے انعم تھی جو ان کی ٹیچرز تھی۔۔۔

"میں نے اس بات سے انکار نہیں کیا ہے کہ آپ میری ٹیچر ہیں۔۔۔ اور یہ بات تو آپ کو سمجھنی چاہیے کہ آپ ایک ٹیچر ہیں اور ٹیچر کا فرق ہوتا ہے کہ وہ سارے سٹوڈنٹس کو ایکول رکھے۔۔۔ اپنی پرسنل دشمنی درمیان میں نہیں لائے لیکن آپ۔۔۔؟" ابرش خاموش ہوگئی پیپر تو ویسے بھی اسے نہیں آتا تھا بہتر تھا میم انعم کا سر ہی کھاتی وہ۔

"واٹ ڈو مین؟ میں نے کب درمیان میں ذاتی معاملات لانے کی کوشش کی یہ آپ کرتی ہیں شاید آپ کو اس بات کا زعم ہے کہ آپ پروفیسر ضامن کی بیوی ہیں اور قیوم ملک کی بیٹی۔۔۔!؛" ابرش کے اتنے ٹھیک اندازے پہ انعم گھبرا گئی تھی لیکن پھر بھی جواب دیا تھا جس پہ ابرش طنزیہ ہنسی تھی۔

"ہاں ہوں میں اس زعم میں ضامن میرے ہسبنڈ ہیں اوئر ڈیڈ کے حوالے سے جو میرا تعارف ہے وہ تو سبھی جانتے ہیں لیکن میں سر ضامن کی بیوی ہوں کچھ لوگوں سے یہ بات ہضم نہیں ہوتی ہے۔۔۔!!" اِشارہ جس طرف تھا انعم کے ساتھ ساتھ پوری کلاس جانتی تھی لیکِن ابرش کے سامنے کوئی بولا نہیں۔

عائشہ بار بار کوشش کر رہی تھی ابرش کو خاموش کروانے کی لیکن کب تک ابرش تو اگلی پچھلی ساری بھڑاس نکال رہی تھی۔۔

"آپ مجھے پوائنٹ آؤٹ کر رہی ہیں آپ کے کہنے کا مطلب ہے کہ میں۔۔۔"

"میم میں نے ایسا کچھ نہیں کہا ہے آپ خود جانتی ہیں کہ سچ کیا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ چور کی داڑھی میں تنکا۔۔۔ لگتا ہے وہ مثال آپ پہ فٹ آ رہی ہے آپ خود ہی بول اُٹھی ہیں کہ میں آپ کو سنا رہی ہیں۔۔۔" ابرش چیئر سے اٹھتے میم انعم کے قریب آئی تھی اور اب وہ دونوں ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑی تھیں۔

"یہ کیا ہوا ہے۔۔۔؟" ضامن نجانے کب وہاں آیا تھا اور انعم ابرش کو ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑے ایک دوسرے کو گھورتے پا کر وہ سرد مہری سے پوچھ رہا تھا ابرش نے پلٹ کر ضامن کو دیکھا وہ اس کی آمد کی توقع نہیں کر رہی تھی۔

"سر پلیز آپ کے اوَر میم انعم کے درمیان جو بھی ایشوز ہیں آپ انھیں حل کریں خوامخواہ مجھے درمیان میں گھسٹ رہی ہیں میم انعم۔۔۔!؛" ابرش فوری سنبھلی اوَر ضامن کے قریب چلی آئی۔

"مس ملک آپ پیپر کیوں نہیں دے رہی ہیں۔۔۔؟" ابرش کی باتوں کو نظر انداز کرتے ضامن نے سوال داغا تھا۔

"سر یہ مجھے پیپر کرنے دیں تو میں کچھ کروں یہ بار بار مُجھے باتوں میں لگا رہی ہیں کبھی کچھ کہہ کر تو کبھی کچھ کر۔۔۔ شاید یہ چاہتی ہی نہیں ہیں کہ میں پیپر دوں اور ویسے بھی انہوں نے مجھے فیل ہی کرنا ہے تو کیا ضرورت ہے مجھے اپنی انرجی ڈوان کرنے کی۔۔۔۔" ابرش ضامن کے سوال پہ اسے گھورتے بولی۔۔۔۔۔

"واٹ مس ملک آپ خود نہیں چاہتی ہیں پیپر دینا اس لیے بار بار بحث کر رہی ہیں حالانکہ پیپر آپ کے ہاتھ میں ہے اگر آپ کو پیپر حل کرنا ہوتا تو آپ اب تک حل کر چکی ہوتی۔۔۔"ضامن کو خاموش دیکھ میم انعم ہی بولی تھیں۔

"آپ کرنے ہی نہیں دے رہی ہیں مجھے حل پیپر؟ کبھی کچھ کہتی ہیں تو کبھی کچھ میں کیا کروں آپ نے پہلے پوری کلاس کے سامنے کہا۔۔۔"

"مس ملک آپ کو اپنے پیپر سے مطلب ہونا چاہیے مس انعم نے آپ کو پیپر دیا تھا ناں پھر اب تک آپ نے اسے حل کرنا شروع کیوں نہیں کیا۔۔۔؟"ضامن ابرش کے سامنے آیا یونیورسٹی وہ پڑھنے آتی تھی تو بس پڑھائی تک ہی محدود رہتی لیکن نہیں ابرش کو تو ہر کسی سے پنگا لینے کی عادت تھی اور سپیشلی ہر اس انسان سے جس کے منہ سے وہ ضامن کا نام سن لیتی

۔۔۔ابرش نے ضامن کو گھورا جیسے وہ تو کچھ جانتا ہی نہیں تھا کہ ابرش کو کتنی تیاری تھی پیپر کی۔

"میں حل کیا خاک کرتی یہ میری سیٹ چینج کروانے کی کوشش میں تھیں ساری کلاس میں ان کو بس میں ہی نظر آئی تھی چینج بدلنے کے لیے اور تو کوئی نظر نہیں ائی۔۔۔انہیں پروبلم مجھ سے ہے اور کیوں ہے یہ آپ کو مجھ سے بہتر ہے۔۔۔؟"ابرش مٹھیاں زور سے بند کرتے گہرا سانس بھر گئی تھی.

"تو کیا پروبلم ہے چینج کرنے میں سیٹ آپ نے بس پیپر ہی حل کرنا ہے وہ یہاں مرضی بیٹھ کر حل کریں'لیکن نہیں آپ کو بس مس ہیپ کریٹ کرنے کی عادت ہے اپ دونوں اس وقت کلاس روم میں موجود ہیں یہ بات

تو یاد رکھتی۔۔۔؟"ضامن انعم سے کہہ رہا تھا جو جب سے وہ آیا تھا اسے دیکھے جا رہی تھیں اتنے دنوں کی پیاس بجھا رہی تھیں نظروں کی۔

"مس انعم آپ سن رہی ہیں۔۔۔؟"ضامن نے اب کی بار تھوڑا سا اونچا کہا تو میم انعم ہڑبڑا کر سیدھی ہوئی تھیں اور سر ہلایا تھا۔

"یہ اپنی دوست کے ساتھ بیٹھی تھیں تاکہ چیٹنگ کر سکیں پیپر میں۔۔۔ میں نے ان کی سیٹ اسی لئے چینج کروانی چاہی تاکہ یہ خود کا پیپر حل کریں۔۔۔پر بجائے میری بات ماننے کے یہ الٹا میرے خلاف بول رہی ہیں ان کو تو یہ لحاظ بھی نہیں ہے کہ میں ان کی ٹیچر ہوں۔۔۔!؛"انعم کو ایک اور موقع ملا تھا ضامن کے سامنے ابرش کو ڈی گریڈ کرنے کا کیسے جانے دیتی وہ یہ موقع سو شروع ہو گئی۔

"میں نے ابھی تک پیپر حل کرنا ہی شروع نہیں کیا آور آپ نے پہلے ہی الزام لگا کہ میں چیٹنگ کر رہی تھی واؤ آپ نے کب دیکھا مُجھے چیٹنگ کرتے ہوئے عائشہ تم بتاؤ میں تمھاری طرف دیکھ رہی تھی کیا۔..؟"ابرش نے عائشہ کو درمیان میں گھسٹا جو خاموشی سے آپنا پیپر کر رہی تھی۔

"نہیں میم یہ میری طرف نہیں دیکھ رہی تھی یہ تو آپ سے بات کر رہی تھی پھر چیٹنگ کب کی اس نے۔۔؟"عائشہ نے دوست کا ساتھ دیا۔

"یہ آپ لوگوں کے آپسی معاملات ہیں جو خود ہی ڈسکس کریں لیکن یہ بچوں والی حرکتیں کرنے سے آپ دونوں گریز کریں۔۔۔اوئر مس ملک میں نے آپ نے کچھ کہا تھا شاید آپ بھول گئی ہیں تو میں آپ کو یاد کرواؤں۔۔۔؟"ضامن ابرش کو کل کی ہوئی بات کا حوالہ دے رہا تھا اس

نے ابرش کو صاف صاف کہہ دیا تھا کہ وہ تیاری کر لے اگر اس نے تیاری کی ہوتی تو ابھی اتنے ڈرامے نہیں کرنے پڑتے۔

"جی سر آپ نے جو کہا تھا مجھے اچھے سے یاد ہے لیکِن میں نے ایسا ویسا کچھ نہیں کیا ہے۔۔۔!؛" ابرش ضامن کے قریب ہوئی وہ انعم کے ساتھ کھڑا تھا ابرش سے یہ بات برداشت نہیں ہوئی تو خود ضامن کے قریب ہوئی تھی۔

"تو پھر بیٹھ جائیں اور پیپر حل کرنا سٹارٹ کریں آدھا ٹائم تو آپ پہلے ہی ویسٹ کر چکی ہیں پیپر کیا حل کریں گی آپ۔۔۔؟"

"مس ملک جائیں مس فزا کے ساتھ والی چیئر پہ بیٹھ جائیں اور پیپر حل کریں۔۔۔" انعم کی نظریں ضامن پہ تھیں لیکن بات وہ ابرش سے کر رہی تھی۔

"میں اس چشمش کے ساتھ نہیں بیٹھوں گی۔۔۔"ابرش نے منہ بنایا۔

"مس ملک بیہویور سیلف اس وقت مس فزا آپ کی کلاس فیلو ہیں بس یہ یاد رکھیں اوَر جائیں بیٹھیں۔۔"ابرش پاؤں پٹخ کر فزا کی ساتھ والی چیئر پہ بیٹھ گئی آگر صرف انعم کہتی تو شاید ہی ابرش بیٹھتی پر ضامن نے کہہ دیا تھا تو وہ ضامن کی بات ماننے پہ مجبور تھی سو بیٹھ گئی اوَر پیپر پڑھنا شروع کیا جس کا ایک سوال بھی اسے نہیں آتا تھا۔

اس نے پورے سمسٹر میں کم ہی چند گنی چنی کلاسز لی تھیں اور انعم کی تو شاید ایک دو ہی کی تھیں ویسے تو سٹوڈنٹس کو اٹینڈس کو مسلہ بنتا تھا لیکن ابرش کو تو خصوصی رعایت مل جاتی تھی۔

"مس انعم ٹیکسٹ ٹائم کوشش کیجیئے گا کہ کلاس میں آپ کا بیہیویر مس ملک کے ساتھ نارمل ہو۔۔۔وہ یہاں آپ کی سٹوڈنٹ کی حیثیت سے کلاس میں

بیٹھی ہوتی ہے نہ کہ میری بیوی کی حیثیت سے۔۔۔یہ بات اپنے ذہن میں بیٹھا لیجیے گا آپ اچھے سے۔۔۔"ضامن نے ابرش کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی شاید اسے ضامن کا ابرش سے بات کرنا پسند نہیں آرہا تھا۔

ابرش کی پوزیسونس خود کے لئے دیکھ کر ضامن کو کبھی کبھی حیرت ہوتی تھی۔

"پروفیسر ضامن میں مس ملک کو نارمل سٹوڈنٹ جیسا ہی ٹریٹ کرتی ہوں لیکن وہ ہر بات میں بحث کرتی ہیں شاید وہ آپ کے لئے ایسے سب سے لڑتی ہیں وہ یہ نہیں جانتی ہیں کہ رشتے ایسے زبردستی تھوڑی بنتے ہیں بھلے وہ آپ سے محبت کرتی ہیں لیکن آپ تو نہیں کرتے ہیں ان سے محبت۔۔۔!؛"انعم نے آہستگی سے یہ لفظ بولے کہ صرف ضامن ہی سن سکا تھا۔

"آپ سے یہ کس نے کہا کہ میں مس ملک سے محبت نہیں کرتا ہوں۔۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا یہ تجربہ غلط ہو آیسا کچھ نہ ہو مس ملک میری بیوی ہیں اور میرے لیے بہت اہم ہیں آئندہ کچھ بھی بولنے سے پہلے یہ یاد رکھیے گا آپ۔۔۔!؛" وہ ابرش پہ ایک گہری نظر ڈالتے کلاس روم سے نکل گیا تھا۔

پر ابرش کی نظروں نے دور تک ضامن کا پیچھا کیا تھا ابرش نے اپنی ٹھوڑی مسلی تھی وہ ضبط کر رہی تھی خود پہ آتا تو کچھ تھا نہیں تو یہاں بیٹھنے سے بہتر تھا کہ وہ پیپر انعم کو واپس کر دیتی وہ اٹھتی کہ فزا نے اسے اشارہ کیا وہ اسے اپنا پیپر دکھا رہی تھی یعنی وہ چاہتی تھی کہ ابرش اس سے دیکھ کر پیپر حل کر لے۔۔۔

ابرش جو پہلے تو سوچ رہی تھی کہ خالی پیپر دے لیکن ضامن کو سوچتے اسے کچھ ہو رہا تھا خالی پیپر دینے کے بجائے اس نے لکھنا شروع کیا جب جب انعم

اسے دیکھتی وہ اپنی نظر اپنے پیپر پہ رکھ لیتی اور جب انعم پیچھے جاتی وہ فزا کے پیپر سے دیکھ لیتی آج کا سارا پیپر اس نے فزا کی ہیلپ سے کمپلٹ کر لیا تھا۔

ابرش نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ آیسے فزا سے ہیلپ لے گی یا کبھی ایسا موقع آئے گا جب اسے فزا سے ہیلپ لینی پڑے گی لیکن اس کا پیپر ہو گیا تھا انعم تو حیران تھی کہ ابرش کو کچھ آتا جاتا تھا نہیں پھر وہ پیپر کیسے حل کر چکی تھی لیکِن اندر والی سٹوری سے وہ بے خبر تھی۔

پیپر دینے کے بعد ابرش سب سے پہلے کلاس سے نکلی تھی اب ان کا لاسٹ پیپر تھا جو فزکس تھا وہ کل تھا اس پیپر کی اسے ٹینشن بالکل بھی نہیں تھی کیونکہ وہ تو فیورٹ سبجیکٹ تھا۔

ابرش اپنے خیالوں میں کھوئی نے دھیانی میں سامنے سے آتے لڑکے سے ٹکرائی تھی اس سے پہلے کہ ابرش ملک گرتی اس لڑکے نے ابرش کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے گرنے سے بچایا تھا۔

یہ منظر سامنے سے آتے ضامن عباس نے دیکھا تو اس کی آنکھوں سے شعلے سے بھڑکنے لگے ابرش کو کسی کے اتنے قریب دیکھ کر کیوں وہ اتنی لاپرواہ چل رہی تھی کہ کسی سے بھی ٹکرا گئی۔

"چھوڑو انہیں۔۔۔!؛"ضامن تن فن کرتا ان دونوں کے قریب پہنچا تھا ابرش نے حیرت سے پلٹتے ضامن عباس کو دیکھا تھا کیا ضامن کو جیلسی فیل ہو رہی تھی ضامن کے انداز سے تو ایسا ہی لگ رہا تھا کہ وہ جلن میں مبتلا ہے۔۔۔

"سوری سر یہ بس گرنے لگی تھیں تو میں نے ان کی ہیلپ کر دی سوری اگر آپ کو برا لگا ہو تو۔۔۔!؛" وہ بچارا پروفسر ضامن کے غصے سے واقف تھا تبھی ابرش کو چھوڑتے وہاں سے نکلتا چلا گیا جب کہ ابرش کی نظریں ضامن عباس پہ تھیں جو اسے گھور رہا تھا ابرش کو اپنی غلطی نظر نہیں آئی کہ مقابل کو آخر اتنا غصہ کس بات پہ آیا ہوا تھا۔

"مس ملک آپ دیکھ کر نہیں چل سکتی۔۔۔؟" ضامن اور ابرش ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑے تھے آس پاس سے سٹوڈنٹس گذرتے ایک نظر ان پہ بھی ڈال دیتے۔

"کیا مطلب ہے آپ کا؟ میری غلطی تھی جو میں گرنے لگی اور اس نے مجھے تھاما۔۔؟" ابرش کے تو مانو سر پہ لگی اور تلوے پہ بجھی ضامن اسے قصور وار سمجھ رہا تھا۔

"ہاں کیوں کہ آپ بے دھیانی میں چل رہی تھیں اگر دیکھ کر چل رہی ہوتی تو یوں کسی سے نہیں ٹکراتی خیر آپ سے بات کرنے کا کوئی فایدہ نہیں ہے آپ کی سمجھ میں کونسا کوئی بات آنی ہے۔۔۔!؛"ضامن نے سر جھٹکا۔

"آپ کی تو ساری باتیں مانتی ہوں میں۔۔۔!؛"ابرش نے ضامن کی شرٹ پہ انگلیاں پھیرتے گھمبیر لہجے میں سرگوشی کی ضامن نے آس پاس دیکھا ابرش کی آنکھوں میں پھیلی سرخی سے وہ نظریں چرا گیا تھا ہاں یہ سچ تھا وہ ابرش سے کوئی بھی بات کہتا ابرش فوری کر دیتی تھی پھر وہ کیونکر ابرش سے کہہ رہا تھا کہ آپ کوئی بات مانتی ہی نہیں ہیں۔

"لیکن دیکھ کر چلتی تو یہ ٹکراؤ ہوتا ہی نہیں۔۔"اب کی بار ضامن کا لہجہ تھوڑا نرم ہوا تھا۔

"اوکے آگے کوشش کرونگی کہ دیکھ کر چلوں میں آپ فری ہیں تو ہم چلیں گھر میرے سر میں درد ہو رہا ہے بہت۔۔۔ تھوڑا ریسٹ کروں گی۔۔۔"ضامن پیپرز کے دروان لیٹ فری ہوتا تھا لیکن ابرش کو ضامن کے ساتھ جانا ہوتا تھا تو اسے انتظار کرنا پڑتا تھا۔

"ابھی تو میں فری نہیں ہوں کچھ کام ہے آپ ایسا کرو میرے کیبن میں چلی جاؤ اور وہاں ریسٹ کرو میں آتا ہوں تھوری دیر تک۔۔۔!؛"ابرش کی طعیبت کو دیکھتے وہ اسے کیبن میں بھیجتے خوُد کلاس روم میں چلا گیا وہ پیپر لے رہا تھا لیکن پرنسپل نے اسے بلایا تو وہ باہر آیا تھا۔

پرنسیپل سے بات کرنے کے بعد وہ واپس جا رہا تھا جبکہ اس نے ابرش کو دیکھا تو رک گیا لیکن پھر جب ابرش اس لڑکے سے ٹکرائی اوُر اس لڑکے نے ابرش کو کمر سے تھاما یہ منظر ضامن عباس کے تن بدن میں آگ گیا تھا۔

وہ روک نہیں سکا خوُد کو ابرش کو لیکر اس کے جزبات الگ ہی لے پہ جا رہے تھے ابرش کے قریب وہ کسی کو برداشت نہیں کرتا تھا۔

.....

ابرش ضامن کے کیبن میں صوفے پہ لیٹی تھی سر درد سے دہک رہا تھا اچانک سے اس کے سر میں درد ہونے لگا آنکھوں میں پانی جمع ہو رہا تھا کیبن کافی پر سکون تھا تنہائی میں وہ کب سے بیٹھی تھی لیکن دل چاہا کہ ضامن کو دیکھے وہ کچھ زیادہ ہی مصروف ہو گیا کہ ابھی تک آ ہی نہیں رہا تھا ابرش منہ بناتے بور ہو رہی تھی۔

اچانک سے ضامن کے کیبن کا دروازہ نوکڈ ہوا آور ابرش اٹھتے سیدھی ہو کر بیٹھ گئ آنے والی میم انعم تھیں جو ضامن کے کیبن میں ابرش کو دیکھ کر

حیران ہوئی خیر ابرش کو وہ پہلے بھی کافی بار ضامن کے کیبن میں دیکھ چکی تھی۔

"آپ یہاں؟" ابرش کو ان کا آنا پسند نہیں آیا تھا ضامن کے کیبن پہ صرف ابرش کا حق تھا اس کے علاوہ کوئی اور آئے خاص طور پہ میم انعم اسے پسند نہیں تھا۔

"کیا مطلب ہے آپ کا مس ملک؟ میں اب پروفیسر ضامن ہے کے کیبن میں نہیں آسکتی ہوں کیا؟ یہ آپ کی ذاتی ملکیت تو نہیں ہے یونیورسٹی میں آپ پروفیسر ضامن کی بیوی نہیں بلکے ایک سٹوڈنٹ ہیں لیکن آپ ہر بار یہ بھول جاتی ہیں۔۔۔!؛" میم انعم کو غصہ تو ضامن کی باتوں پہ آیا ہوا تھا جو اس کے سامنے ابرش کی اہمیت واضح کر آئے تھے کلاس میں۔۔۔۔۔وہ کیا کم تھا جو ابرش کو ضامن کے کیبن میں دیکھ رہی تھیں وہ۔

"میں نہیں بھولتی ہوں لیکن آپ کو یاد رکھنے کی ضرورت ہے اوئر آپ جو چاہتی ہیں وہ کبھی نہیں ہونے والا ہے سو بہتر ہے کسی اوئر پہ اپنی یہ انرجی لگائیں کام آئے گی آپ کے۔۔۔ یہاں تو ٹائم پی ویسٹ ہو گا آپ کا اوئر آپ کے حصے میں کچھ نہیں آئے گا۔۔۔!؛" ابرش بھی پھر ابرش تھی ایسا موقع کیسے ہاتھ سے جانے دیتی جس میں وہ میم انعم کو یہ بتاپاتی کہ ضامن صرف اس کا ہے اور کسی کا نہیں۔

"کیا مطلب ہے آپ کا مس ملک؟" میم انعم تو تلملا اٹھی تھیں جیسے ان کی چوری پکڑی گئی ہو۔

"آپ اتنی بھی انجان نہیں ہیں کہ میری باتوں کا مطلب نہیں سمجھ سکیں میم۔۔۔" ابرش سینے پہ بازو باندھے ریلیکس سی کھڑی تھی۔

"آپ کی غلط فہمی ہے مس ملک کہ پروفیسر ضامن اوَر آپ کا یہ ریلیشن شپ آگے بڑھے گا مُجھے نہیں لگتا ہے کہ ابھی تک پروفیسر ضامن نے آپ سے بیوی والا حق لیا ہو گا۔۔۔تو پھر آپ کیسے کہہ سکتی ہیں َیہ۔۔۔یقیناً خود کو تسلی دے رہی ہو نگی آپ۔۔۔مرد کے جزبات بے لگام گھوڑے کی طرح ہوتے ہیں وہ اپنے جذبات پہ بند نہیں باندھے سکتا اُس وقت تو بالکل بھی نہیں جب پہلو میں جائز رشتہ ہو تو وہ عورت سے حق لے لیتا ہے لیکِن کیا آپ کے معاملے میں ایسا ہوا؟ پروفیسر ضامن اوَر آپ کے درمیان یہ تعلق قائم ہوا؟"انعم خاصی بولڈ گفتگو کر رہی تھی ابرش کے چہرے پہ مارے شرمندگی کے سرخی آئی تھی۔

"آپ کو کیونکر لگتا ہے کہ ہمارے درمیان ابھی تک ایسا تعلق نہیں بنا کیا پتہ وہ مجھ سے اپنا حق لے چکے ہوں ہمارا رشتہ مکمل ہو چکا ہو آپ کیا چوبیس گھٹنے

ہمارے ساتھ ہوتی ہیں۔۔۔؟" آگر انعم باتوں ہی باتوں میں ابرش کو لیٹ ڈوان کرنے کی کوشش کر رہی تھی تو کام ابرش ملک بھی بہت اچھے سے کر سکتی تھی۔

۔

"مس ملک۔۔۔" انعم کو تو لالے پڑ گئے ابرش کے لہجے کی مضبوطی اس پہ بہت کچھ عیاں کر رہی تھی۔

وہ ابرش سے مزید کوئی بات نہیں کر سکی کیسے کرتی تن بدن پہ تو جیسے چھڑیاں سی چلنے لگی تھیں وہ پاؤں پٹختے ضامن کے کیبن سے نکل گئی تھی پیچھے ابرش ملک کے ہونٹوں کو بے ساختہ مسکراہٹ نے چھوا تھا۔۔۔

"امید ہے اب آپ سر کے آس پاس بھی نہیں نظر آئیں گی مس جی۔۔۔"ابرش اپنے بالوں کی لٹوں کو انگلی پہ رول کرتے مسکرائی تھی۔

.....

عائلہ اب بالکل ٹھیک تھی ابھی تک وہ ہاسپٹل میں ہی تھے کیونکہ اس کا ڈیلی چیک اپ ہو رہا تھا۔ عائلہ اس ماحول سے اکتا چکی تھی اسے واپس جانا تھا گھر پاکستان جانا تھا لیکِن یرمان بضد تھا جب تک وہ ٹھیک نہیں ہو جاتی یرمان ملک اس کو واپس کیسے لیکر جا سکتا تھا یرمان کو خود بھی مام ڈیڈ کی بہت یاد آ رہی تھی ڈیڈ کا برتھڈے آ رہا تھا نیکسٹ ویک جو وہ لوگ کافی اچھے سے سلیبریٹ کرتے تھے بہت بڑی پارٹی رکھی جاتی تھی۔

پہلے تو ابرش اور وہ دونوں مل کر تیاری کرتے تھے لیکن اس بار اسے خود ہی دیکھنا تھا سب کچھ ساری تیاریاں بھی خود ہی کرنی تھیں۔

وہ عائلہ کے پاس بیٹھا تھا جو شاید اس سے ناراض ہو چکی تھی کیونکہ اس نے تھوڑی دیر پہلے یرمان سے کہا تھا کہ وہ واپس جانا چاہتی ہے لیکِن یرمان نے انکار کر دیا کہ جب تک تمھارا ٹریٹمنٹ کمپلیٹ نہیں ہو جاتا ہم واپس کیسے جا سکتے ہیں۔

"عائلہ یار کیا بچپنا ہے یہ۔۔۔؟" وہ جھنجھناتے عائلہ کے ساتھ ہی بیڈ پہ لیٹ گیا اور عائلہ کے کندھے پہ سر رکھا عائلہ کو اس کی بھاری سانسیں اپنے چہرے پہ محسوس ہوئی تو اس نے کروٹ بدلنی چاہی لیکن یرمان کا سر کندھے پہ ہونے کی وجہ سے وہ یہ بھی نہیں کر سکی تھی۔

"مجھے بات نہیں کرنی۔۔۔!!" وہ ہونٹوں کو لٹکائے بچوں کی سی معصومیت چہرے پہ لا چکی تھی کہ شاید یرمان مان جائے۔

"کیوں نہیں کرنی بات۔۔۔!"اس کے ایک چھوٹے سے جملے نے یرمان ملک کو تپا دیا تھا عائلہ کی ناراضگی نہیں برداشت کر سکتا تھا تو وہ عائلہ ہر وقت اسے اپنے قریب چاہیے تھی۔

"ہرٹ کر رہے ہیں۔۔۔مُجھے۔۔۔"یرمان کے ہاتھوں کی گرفت میں وہ کپکپا گئی تھی۔

"میں ہرٹ نہیں کر سکتا ہوں تمھیں عائلہ۔۔۔"وہ اس کے رخسار پہ ہونٹ رکھ گیا۔

"کیا ہے۔۔۔"وہ اس کو اتنی زور سے پکڑے ہوا تھا عائلہ کو درد ہو رہا تھا۔

"سوری۔۔۔"وہ اس کی ناک کی ٹپ پہ ہونٹ رکھ گیا اس پہر جذبات بے لگام ہو رہے تھے عائلہ کے اتنے قریب کہ اس کی دھڑکنوں کو شور اسے

اپنے قریب سے سنائی دے رہا تھا یرمان ملک کے لیے جذبات پہ پل باندھنا مشکل ہوا تھا۔

"آپ۔۔۔!؛" پہلی بار اس نے یرمان ملک کے ہونٹوں سے کچھ آیسا سنا تھا اس نے تو کبھی نہیں سوچا تھا کہ یرمان اس سے سوری کرے گا۔

"یہ تمھاری صحت کے لیے ضروری ہے عائلہ تو ٹھیک لگ رہی ہو لیکن اندرونی طور پہ تم ٹھیک نہیں ہو تمھاری اتنی بڑی سرجری ہوئی ہے جس کے اثرات کچھ عرصے تک تو تُمھاری باڈی پہ رہیں گے تم آہستہ آہستہ ٹھیک ہو گی ڈاکٹرز تو کہہ رہے تھے کہ ہمیں یہاں پورے پندرہ دن رکنا ہو گا لیکن میں نے انکار کر دیا کہ اتنے دن ہم نہیں رکیں گے ابھی تو دن ہوئے شاید پرسوں تک ڈسچارج ہو جاؤ لیکن یہ چند دن تمھیں یہیں رہنا ہے اوُر پلیز اس چیز کے لیے اسرار نہیں کرو۔۔۔" یرمان ملک عائلہ کو یہ سب بتا کر پریشان

نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن عائلہ جیسے انسسٹ کر رہی تھی واپس جانے کے لیے اسے مجبوری میں بتانا پڑا تھا۔۔

"کیا میں۔۔۔ ٹھیک۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔!؛" عائلہ نے بے ساختہ آپنے سینے کو مسلا تھا۔

"تم ٹھیک ہو لیکن سرجری کے بعد کا ٹریٹمنٹ بھی بہت ضروری ہے ورنہ تم بیمار ہو گئی تم پھر۔۔۔" یرمان اسے سمجھا رہا تھا وہ سمجھ بھی گئی تھی۔

"لیکِن میں تو ٹھیک ہوں آپ نے کہا تھا سرجری میں ففٹی ففٹی چانسز ہونگے بچنے کے۔۔۔ آپ کو پتہ ہے مجھے۔۔۔ لگا تھا کہ میں۔۔۔ بچ نہیں پاؤں۔۔۔ گی۔۔۔۔" وہ یرمان کی شرٹ کے بٹنوں سے چھیڑ چھاڑ کر رہی تھی یرمان کے لیے یہ بہت تھا کہ وہ اب ہر بات شئیر کرنے لگی تھی کوئی بھی بات جو اس کے دل میں ہوتی وہ یرمان سے کہہ دیتی تھی۔

"تم نے اتنی ہمّت دکھائی ڈاکٹرز اتنا امپریس ہوئے تم سے۔۔۔کیونکہ تم بہت ڈری ہوئی تھی۔۔۔"

"میں نے شدت سے دعا کی تھی کہ بچ جاؤں کیونکہ مُجھے بھائی سے معافی مانگنی ہے اُن کی ناراضگی لے کر دنیا سے جاتی تو روح بھی بے چین رہتی میری۔۔۔انہوں نے میرے لیے بہت کچھ فیس کیا۔۔۔میں نے کیا کیا اُن کے ساتھ۔۔۔!؛"عائلہ کو پھر سے وہ سب یاد آنے لگا جو یرمان ملک کے ساتھ رہتے وہ بھول چکی تھی یرمان کی وجہ سے ہی تو ضامن ناراض تھا اس سے۔

"میری وجہ سے ضامن روٹھا تھا تم سے!!میں خود بات کرونگا ضامن سے۔۔۔عائلہ تم پریشان نہیں ہو۔۔۔تمھاری طعیبت خراب ہو جائے گی

ٹینشن نہیں لینی ہے۔۔!؛"یرمان کو خود بھی احساس تھا کہ اس نے جو کچھ کیا وہ بہت غلط تھا۔

ضامن کو اس نے ابرش کی رخصتی کے لیے بلیک میل کیا سب بڑھ کر جب یرمان عائلہ کو حیدرآباد سے لایا تھا تب اس نے عائلہ کو جو دھمکی تھی عائلہ اوٗر ضامن کے درمیان فاصلے اس وجہ سے بھی بڑھے تھے اوٗر اب عائلہ کی اس حالت کی وجہ سے ضامن کو احساسِ شرمندگی ہو رہا تھا۔

"آپ۔۔۔ آپ بھائی سے۔۔۔۔بات۔۔۔ کریں گے۔۔۔؟"کہاں ضامن اور یرمان ایک دوسرے کو دیکھتے آپے سے باہر ہو جاتے تھے وہ کہاں نارملی بات کر سکتے تھے ان دوسرے سے عائلہ کو تو کوئی امید نہیں تھی۔

"ہاں کرونگا۔۔۔ تمھارے لیے کچھ بھی۔۔۔"اس کے ہونٹوں کو ہولے سے اپنے ہونٹوں سے چھوتے وہ مسکرایا تھا کاش کہ وہ عائلہ کو لفظوں میں بتا پاتا عائلہ اس کے لیے کتنی ضروری ہو چکی تھی۔

"نیند آرہی ہے تو سو جاؤ۔۔۔ میں ڈیڈ سے بات کرلوں تھوڑی دیر پہلے ڈیڈ کا میسج آیا تھا وہ تمھاری خیریت پوچھ رہے تھے۔۔۔"قیوم ملک اس کو تقریباً زور ہی فون کرتے تھے عائلہ کی خیریت معلوم کرتے عائلہ کے ساتھ باقی فیملی کا رویہ جیسا بھی تھا لیکِن قیوم ملک نے ہمیشہ اس کی سائیڈ لی۔

"جی آرہی ہے۔۔۔"عائلہ نے آنکھیں بند کرلی تھیں وہ تو یہاں سے بھاگ جاتی لیکن اگلے کچھ دن اس کے یہیں گزرنے والے تھے یرمان نے کہہ دیا تھا وہ اس کمرے کی دیواروں کو دیکھ کر اکتا چکی تھی۔

"سو جاؤ اور ٹینشن نہیں لینی ہے۔۔۔" پر بات میں یرمان کا یہ جملہ ہی اسے سننے کو ملتا تھا کہ ٹینشن نہیں لینی ہے عائلہ اور عائلہ بس سر ہلا دیتی تھی۔

یرمان اس کے ساتھ ہی لیٹے لیٹے ڈیڈ سے بات کرنے لگا جب کہ عائلہ تھوڑی ہی دیر میں سو گئی تھی۔

بعد میں ڈاکٹر نے عائلہ کا چیک اپ کیا مذید دو تک وہ ہاسپٹل میں رہے تھے۔۔

عائلہ کے بار بار کے اسرار پہ یرمان ملک کو اسے ڈسچارج کروانا پڑا کیونکہ وہ نہ تو کچھ کھا رہی تھی اور نہ ہی اس سے بات کر رہی تھی اپنی ناراضگی شو کر رہی تھی بس۔۔

یرمان نے ہاسپٹل کے تمام ڈیوز کلئیر کیے اس کی سرجری پہ بہت سارا خرچہ آیا تھا عائلہ نے سنا تو چکرا کر رہ گئی یرمان نے اتنا پیسہ اس پہ خرچ کیا تھا اس کے لیے یقین کرنا مشکل تھا۔

وہ یرمان سے کچھ پوچھتی بھی تو کیسے لیکن یہ سچ تھا کہ اسے بالکل بھی آچھا نہیں لگا یرمان نے اتنے پیسے لگا دیئے یہ بہت مہنگا ہاسپٹل تھا کیا ضرورت تھی یرمان کو اسے یہاں لانے کی۔

"عائلہ تم اپ سٹ کیوں ہو! اب تو گھر آگئی ہو پھر بھی تم پریشان ہو؟ سب ٹھیک ہے کیا ہوا؟" یرمان اسے بیڈ پہ لٹائے اس کا ہاتھ تھامے سنجیدگی سے استفسار کر رہا تھا پورے راستے بھی عائلہ پریشان رہی تھی آخر آیسا بھی کیا ہوا تھا جس سے وہ بے خبر تھا۔۔۔۔

"آپ نے۔۔۔ اتنے سارے پیسے۔۔۔ کیوں خرچ کیے۔۔۔؟" عائلہ کے ہونٹ ہلکے سے کھلے تھے۔۔ یرمان نے حیرانگی سے عائلہ کو دیکھ رہا تھا جیسے عائلہ کے ہونٹوں سے نکلے لفظوں کو سن کر اسے یقین نہیں آیا ہو کی یہ لفظ عائلہ نے بولے تھے وہ جانتی تھی مالی حالات بہت اچھے تھے وہ اس سے مہنگے ہاسپٹل میں بھی علاج افورڈ کر سکتے تھے پھر اس سوال کا مطلب۔

"عائلہ یہ سوال تُمھارے زہن میں کیونکر آیا۔۔۔؟" وہ ٹھوڑی ہاتھوں پہ ٹکائے سنجیدگی سے پوچھنے لگا جاننا چاہتا تھا کہ آخر عائلہ کیا جواب دیتی ہے.

"مُجھے اچھا نہیں لگا کہ آپ نے میرے لیے۔۔۔ اتنے پیسے۔۔۔ خرچ کیے ۔۔۔۔ کسی سستے ہاسپٹل سے۔۔۔ بھی تو علاج کروا۔۔۔ سکتے تھے آپ۔۔!؛" عائلہ نے اپنے ہاتھوں کو دیکھا کیا ایسا انسان اس کے نصیب میں خدا نے لکھا تھا۔۔۔

کبھی وقت تھا جب اسے گلہ رہتا کہ کیا یرمان ملک جیسا انسان اس کے نصیب میں تھا لیکِن آج حالات اتنے بدل گئے تھے کہ وہ یہ سوچنے پہ مجبور تھی یرمان اس کے حصے میں آیا تھا۔

"رئیلی عائلہ یہ سٹوپڈ سوال پوچھنے کا مطلب کیا آخر؟ یہ ہاسپٹل مہنگا تھا تو یہاں سے علاج کیوں کروایا تمھیں اس سے پرو بلم ہے۔۔۔؟" یرمان کو غصہ آیا سب سے زیادہ دکھ تو عائلہ کی سوچ پہ ہوا وہ اتنی سطحی سوچ رکھتی تھی۔

"ہاں ہے پرو بلم۔۔۔!؛" عائلہ چلائی تھی۔

"کیوں۔۔۔ وجہ بتاؤ۔۔؟" یرمان نے اپنی گردن سہلائی وہ عائلہ پہ غصہ نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن عائلہ مجبور کر رہی تھی اپنی باتوں سے۔

"میں اتنی اہم۔۔۔"

"میری بیوی ہو میرے لیے بہت اہم ہے یہ یاد رکھو۔۔۔ اور کچھ الٹا سیدھا سوچنے کی ضرورت نہیں ہے تمھیں۔۔۔ جتنا سوچو گی اتنا الجھلو گی۔۔۔" وہ اس کو اپنے گلے لگاتے نرمی سے اس کی پشت سہلانے لگا۔

"لیکِن۔۔۔۔!؛" عائلہ کا دماغ اسی ایک پوائنٹ پہ اٹک ہوا تھا اس سے آگے وہ کچھ سوچنا ہی نہیں چاہتی تھی شاید۔

"عائلہ پلیز میں کہہ چکا ہوں ناں مزید کچھ بھی سوچنے کی ضرورت نہیں ہے کیوں فضول میں خود کو پریشان کر رہی ہو تم۔۔۔؟" یرمان نے سنجیدہ لہجہ اپنایا تھا تبھی اثر ہونا تھا عائلہ پہ ورنہ اس کی پیار سے سمجھائی باتوں کا عائلہ پہ کوئی اثر نہیں ہوتا تھا۔

"میں۔۔۔مجھے۔۔۔۔اچھا۔۔۔۔"

"کیوں اچھا نہیں لگ رہا ہے تمھیں۔۔۔۔میری بیوی ہو میرے لیے بہت خاص ہو اوٗر مجھے کوئی پرو بلم نہیں ہوئی تمھارا علاج یہاں سے کروانے میں تو تم کیوں پریشان ہو رہی ہو یار۔۔۔۔؟!؛"یرمان نے جھنجھناتے سوال کیا عائلہ ہونٹ کاٹنے لگی۔

"میں نے کتنی دفعہ منع کیا ہے عائلہ مجھے یہ پسند نہیں ہے تو کیوں کرتی ہو۔۔۔؟"یرمان نے اس کے نازک ہونٹوں کو دانتوں کی گرفت سے آزاد کروایا جن کو وہ اچھا خاصا زخمی کر چکی تھی۔

"وہ۔۔۔!؛"عائلہ نے بوکھلاتے ادھر اودھر دیکھا شاید وہ یرمان ملک کی متوقع ڈانٹ سے بچنا چاہا رہی تھی یرمان اس کے ہونٹوں کو لیکر خاصا پوزسیو تھا یہ بات عائلہ اچھی طرح سے جانتی تھی۔

"آئیندہ خیال رکھنا جانتی ہو مجھے اپنی بات دہرانے کی عادت نہیں ہے۔۔۔"وہ اس کے ہونٹوں پہ جھکتا چلا گیا جب کہ عائلہ میں اس کی دھمکی کے بعد اتنی ہمّت نہیں بچی تھی کہ وہ مزاحمت کرتی آگر کرتی بھی تو اس کی مزاحمت کا مقابل پہ کوئی اثر نہیں ہونا تھا۔۔۔

ہے یہ نشہ

یا ہے زہر

اس پیار کو

ہم کیا نام دیں

کب سے ادھوری

ہے ایک داستان

آجا آج اسے انجام دے

میں تمھیں بھولوں کیسے

میری خوش نما صبح تم ہو

میں جو جی رہا ہوں

وجہ تم ہو۔۔۔۔

عائلہ نے بے ساختہ یرمان کی پیٹھ پہ ناخن گاڑ دیئے وہ جنونی ہو رہا تھا اس کا لمس بڑھتا جا رہا تھا کافی دنوں بعد یرمان نے اسے ڈیپ کس کی تھی عائلہ کی آنکھوں میں پانی جمع ہونے لگا یرمان اچھی طرح جانتا تھا عائلہ اس کی شدت نہیں سہن کر پاتی تھی لیکِن وہ تو اس کے ہونٹوں کو قید کرتا جیسے سب بھولتا اس کی نرم پنکھڑیوں کا جام پیتے بے خود ہو جاتا تھا عائلہ کی پلکوں سے جب

اشک ٹوٹ کر اس کے رخساروں پہ بہتا یرمان کی بیرڈ میں جذب ہوا تو وہ ہوش کی دنیا میں لوٹا تھا۔

عائلہ کی بھیگی آنکھیں دیکھتا وہ شرمندہ سا ہؤا جب جب وہ عائلہ کے قریب جاتا تھا بھول جاتا تھا بس دل بھرتا ہی نہیں تھا اس کے لمس سے۔۔۔

"تم ٹھیک ہو۔۔۔" اسے کھانستے دیکھ کر یرمان نے فکر مندی سے پوچھا عائلہ نے شکوے بھری نظروں سے اسے دیکھا کہ خود کے کیے کے بارے میں تو جیسے معلوم ہی نہیں ہے آپ کو۔

"تم چینج کرو کھانا کھاتے ہیں۔۔۔ہیلدی ڈائٹ بہت ضروری ہے تمھارے لیے پھر میڈیسن بھی لینی ہے۔۔۔" کک سے کھانا تو وہ پہلے ہی بنوا چکا تھا اب تو ویسے بھی رات ہونے والی تھی اس کا ارادہ ڈنر کرنے کا تھا ہاسپٹل میں اتنے دن وہ ٹھیک سے سو بھی نہیں سکا۔۔۔عائلہ نے سر ہلایا اور باتھ روم چلی گئی

یرمان ملک کی حرکت کے بعد اسے یرمان سے خاصی جھجھک محسوس ہوئی کہ وہ اس کے اتنے قریب آیا۔۔یرمان ڈریسنگ روم میں آیا اور اپنا ڈریس لیتے ساتھ والے روم میں فریش ہونے چلا گیا جب تک عائلہ تیار ہوئی وہ بھی بالکل تیار ہو گیا تھا دونوں نے ساتھ مل کر ڈنر کیا آور یرمان نے عائلہ کو میڈیسن دی تو کچھ ہی دیر میں عائلہ سو گئی تھی۔

یرمان نے عائلہ کو تو کہہ دیا تھا کہ وہ ضامن سے بات کرے گا عائلہ کی پوزیشن کرے گا لیکن یہ خاصا مشکل تھا کیونکہ اب تک جو یرمان ملک کر چکا تھا اس کو لگتا نہیں تھا کہ ضامن اس کی بات کو سمجھے گا یرمان کبھی بات کرنے کی حامی نہیں بھرتا اگر عائلہ کی وجہ سے مجبور نہیں ہوتا تو اسے عائلہ کے لیے یہ کرنا تھا عائلہ اب ٹھیک ہو چکی تھی ابرش اور ضامن کے درمیان جو بھی ایشوز تھے وہ اُن دونوں نے خود ہی حل کرنے تھے۔

یرمان ملک کو بس اتنا پتہ تھا کہ ضامن سے بات کرنے سے آگر عائلہ ٹھیک ہوتی ہے تو وہ ضرور ضامن سے بات کرے گا کیونکہ اس کے لیے سب سے اہم عائلہ تھی جس کے لیے یرمان ملک کچھ بھی کر سکتا تھا اس نے کبھی نہیں سوچا تھا کوئی لڑکی ایسے اچانک سے اس کی زندگی میں شامل ہو گی اور اسے اتنی عزیز ہو جائے گی۔۔۔

یرمان شرٹ لیس کھڑکی کے پاس کھڑا برلن شہر کی اونچی عمارتوں کو دیکھ رہا تھا سگریٹ کے گہرے کش لیتے وہ اس وقت سموکنگ کر رہا تھا۔

عائلہ کے ہونٹوں کی ایسی عادت لگی تھی کہ اب دل کہاں کرتا تھا اس سگریٹ کو پینے کا لب چاہتے تھے کہ ہر وقت عائلہ کے لبوں سے جوڑے رہے۔

لیکِن اس کی نازک مزاج بیوی اس کی زرا سی شدت پہ بوکھلا جاتی تھی عائلہ پہ ایک نظر ڈالتے یرمان نے سگریٹ نیچے پھینکی اور بیڈ کی طرف بڑھا۔

اسے سکون اب عائلہ کی بانہوں میں ہی ملتا تھا یرمان عائلہ کے ساتھ لیتے اس کو اپنے حصار میں لیتے اس کی ناز کی پہ اپنے ہاتھوں سے حق جمانے لگا۔

"بہت جلد ہم ایک دوسرے کی بانہوں میں ہونگے جب درمیان میں یہ پردے نہیں ہونگے۔۔۔"وہ اس کی ٹھوڑی چومتے سرگوشی کر گیا عائلہ اس کے بے لگام جذبات سے بے خبر سو رہی تھی۔

"افففففف تمھاری نیند۔۔۔"وہ اس کی ناک سے ناک سہلاتے مسکراتے اسے خوُد میں بھینچ گیا۔۔عائلہ کا صرف پاس ہونا اس کو آچھا لگتا تھا۔

اس کے بدن کی نرمیوں کو اپنے قریب دیکھتے یرمان ملک کے لیے مشکل ہوا عائلہ سے دوری بنائے رکھنا جب کہ وہ اس کے اتنے قریب تھی اس نے جھکتے عائلہ کی دھڑکنوں پہ ہونٹ رکھے عائلہ نیند میں کسمسا گئی تھی یرمان نے اس کی فراک کا بٹن کھولتے اس کی دھڑکنوں پہ ہونٹ رکھے اس سرخ نازک پردے سے بھی اسے اس پل الرجی ہوئی۔

"کچھ دنوں تم ہمارے درمیان نہیں ہوگے۔۔۔"وہ عائلہ کی سٹرپ کندھوں سے کسکاتے اس کی دھڑکنوں میں منہ چھپائے ہی آنکھیں موند گیا تھا۔

••••••

عائلہ کی آنکھ کھلی تو یرمان ملک کو اپنے اتنے قریب دیکھ کر وہ کرنٹ کھا کر رہ گئی اور پھر جب اس نے اپنا حلیہ دیکھا تو مذید جھٹکا لگا فراک بکھری ہوئی تھی

جبکہ یرمان ملک اس کی دھڑکنوں میں منہ دیئے گہری نیند میں تھا عائلہ کو سمجھنے میں ایک لمحہ بھی نہیں لگا کہ مقابل نے اس کی نیند کا فایدہ اٹھارہا تھا وہ یرمان کو ایک جھٹکے میں خوُد سے دور کر گئی چہرہ تھا کہ شدید سرخ ہوا یرمان کیسے اس کی نیند کا فایدہ اٹھا سکتا تھا۔

"عائلہ۔۔۔؟" یرمان نے نیند سے بھری آنکھیں کھولتے عائلہ کو دیکھا وہ اچھے سے جانتی تھی یرمان ملک کو نہیں پسند تھا کہ عائلہ اس کو خود سے دور جھٹکے پھر چاہے وہ نیند میں ہی کیوں نہ ہو۔

"کیا کر رہے۔۔۔؟" عائلہ کی زبان کو بریک لگی جب اس نے خود کا بکھرا حلیہ دیکھا اس نے تو ابھی تک فراک کے بٹن بھی بند نہیں کیے تھا سرخ پردہ بھی ایسے ہی بے ترتیب اس کی گہرائیوں کو عیاں کر رہا تھا۔

"تمھیں میری ایک بار کی کہی بات سمجھ میں نہیں آتی ہے عائلہ جو بار بار ایسی حرکت کر کے مجھے غصہ دلاتی ہو۔۔!؛" یرمان نے عائلہ کو بازوؤں سے تھامے اپنے اوپر گرایا عائلہ اس کے اوپر گری تو عائلہ کے بال یرمان ملک کے چہرے پہ بکھرے جن سے اٹھتی مہک اس نے خود میں انہل کی تھی۔

"آپ آپ۔۔۔ آپ۔۔۔۔۔نے میری نیند۔۔۔!؛"

"کون ہو تم میری۔۔۔!؛"

"بیوی۔۔۔"

"ہمممم۔۔۔بیوی تو پھر یہ بھی جانتی ہو گی کہ بیوی کے وجود پہ شوہر کا حق ہوتا ہے کیا ہو گیا آگر میں نے اپنے منہ زور بے لگام جذبات کی زد میں آتے تمھارے قریب آنے کی کوشش کی۔۔۔؟ کیا پہلی بار آیا تمھارے قریب

ہمارے درمیان کے تو سارے فاصلے بھی ختم ہو چکے ہیں تمھارے وجود پہ میرے ہونٹ کی مہر لگ چکی ہے پھر یہ گریز کی وجہ کیا ہے۔۔۔؟!" یرمان کے لفظوں سے عائلہ کا چہرہ زرد سا ہوا وہ کیسے بے باکی ان کے درمیان جو ہو چکا اس کا زکر کر رہا تھا جیسے یہ سب نارمل ہو عائلہ تو کبھی یرمان سے ایسی باتیں کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتی تھی جتنی بے باک گفتگو وہ کر رہا تھا۔

"چھوڑیں مُجھے۔۔۔!؛" عائلہ نے اس کے کندھوں پہ ہاتھ رکھتے اٹھنا چاہا تو یرمان ملک نے اسے نیچے کرتے خوُد اس کے اوپر آتے اس کی ٹھوڑی پہ ہونٹ رکھے تھے لیکن لمس میں شدت تھی۔

"جواب دو مجھے۔۔۔!؛" فراک بکھری ہوئی اس کی دودھیا گہرائیوں کو عیاں کر رہی تھی یرمان نے عائلہ کو زرا سا اوپر کرتے اس کے بلاؤز کا ہک

کھول دیا فراک کے ساتھ اس کے بدن پہ موجود سرخ پردہ بھی نیچے کسکا تھا عائلہ نے اپنے سینے پہ ہاتھ رکھا۔

"نہیں نہیں پلیز۔۔۔!؛" عائلہ رو دینے کو تھی آنکھیں بھی بھر آئی تھی۔

"میں شوہر ہو تم ہی حق رکھتا ہوں عائلہ لیکِن تُمھارے ساتھ زبردستی کرنے کا قائل نہیں ہوں میں چاھتا ہوں تم خوُد مُجھے یہ حق دو بنا کسی زور آور زبردستی کے۔۔۔۔ لیکن میں تمھارے زرا سا قریب آؤں تو تم ایسے مرنے والی ہو جاتی ہو یاد رکھو اب ٹھیک ہو اتنے دن تم سے دور تمھاری بیماری کی وجہ سے لیکن اب تو وہ وجہ ہی ختم ہو چکی ہے جس نے مجھے تمھارے قریب آنے سے روکا ہوا تھا تو اب میں تو تمھارے قریب آؤں گا۔۔۔۔" وہ اس کی شہ رگ پہ ہونٹوں کی مہر ثبت کی۔

"مجھے بھوک۔۔۔!؛"

"پہلے مُجھے اپنی بھوک تو مٹانے دو۔۔۔۔" وہ اس کے بلاؤز کی سٹرپ کو اس کے وجودِ سے الگ کرتا کہ عائلہ نے زور سے آنکھیں میچ لی اس کا پورا وجود کپکپا رہا تھا یرمان نے خود پہ ضبط کیا اور عائلہ کے بلاؤز کا ہک بند کرتے اس کی فراک ٹھیک کی۔

"یہ بس تھوڑا سا ٹائم دے رہا ہوں تا کہ خود کو ریڈی رکھو تم مجھے دوبارہ کہنا نہیں پڑے عائلہ۔۔۔" وہ اس کو بیڈ سے نیچے اتارتے زمین پہ کھڑا کر چکا تھا عائلہ تو تیزی سے باتھ روم جا بند ہوئی دھڑکنیں اتنی تیز ہو گئی تھیں کہ عائلہ کو لگ رہا تھا اس کا دل سینے کی دیوار توڑ کر باہر نکل آئے گا۔

وہ باتھ روم کے دروازے کے ساتھ ٹیک لگائے گہرے سانس لے رہی تھیں یرمان ملک کا سامنا کرنے کی ہمت وہ خود میں نہیں پا رہی تھی دل چاہا یہیں باتھ روم میں بیٹھی رہے لیکن یہ بھلا کیسے ہو سکتا تھا سو اس نے فریش

ہوتے باتھ گاؤن پہنا اور کمرے میں واپس آئی یرمان ملک ابھی تک بیڈ پہ لیٹا سینے پہ تکیہ رکھے ایل سی ڈی آؤن کیے نیوز سن رہا تھا۔

عائلہ کو دیکھا تو ریموٹ سائیڈ پہ رکھا اور بیڈ سے اٹھا جب کہ عائلہ جو سمجھ رہی تھی کہ یرمان دوسرے روم میں چلا گیا ہو گا وہ سہمتے دیوار میں سمانے کی کوشش کر رہی تھی یرمان ملک کا خود کی طرف اٹھتا ہر قدم اسے مزید پریشان کرنے کو کافی تھا۔۔۔وہ باتھ گاؤن کو زور سے مٹھیوں میں جکڑ گئی جن کی لینتھ کافی شارٹ تھی۔۔۔

عائلہ کے گیلے بالوں سے پانی کے قطرے گرتے اس کی گہرائیوں میں جذب ہو رہے تھے۔

"مُجھے یقین نہیں ہو رہا ہے صبح صبح اتنا خوبصورت منظر دیکھ رہا ہوں میں۔۔۔"عائلہ کی پلکیں نم تھیں رخساروں پہ بھی پانی کے قطرے تھے جن کو اس نے صاف تک نہیں کیا تھا۔

"چینج کرنا ہے۔۔۔۔مُجھے۔۔۔"وہ یرمان کے قریب آتے مذید پیچھے کسکی تھی۔۔۔

"اتنی خوبصورت لگ رہی ہو اس گاؤن میں۔۔۔ڈریس کی ضرورت نہیں ہے اب سے میں تمھارے لیے ایسے کی گاؤن آرڈر کرونگا۔۔۔"وہ پنک گاؤن میں کوئی چھوئی موئی گڑیا کی جیسی لگ رہی تھی۔

"نہیں۔۔۔"عائلہ نے کھینچتے ہاتھ گاؤن کو نیچے کرنا چاہا لیکن یہ کہاں ممکن تھا ۔۔

"میرا ارادہ بدل گیا ہے مسز یرمان ملک مجھے اس وقت آپ اپنی بانہوں میں چاہئے ہو۔۔۔"وہ عائلہ کے کان کی لو کو دانتوں میں دباتے گھمبیر لہجے میں بول رہا تھا عائلہ نے سہمتے اسے دیکھا اس کے چہرے پہ کوئی شرارت کی رمک نہیں تھی وہ بالکل سنجیدہ کھڑا تھا جیسے جو وہ کہہ رہا ہے وہ کرنے بھی والا ہے۔۔

"پلیز بھوک۔۔!؛"عائلہ کے تو ہونٹوں سے لفظ ہی نہیں نکل رہے تھے وہ کیا بولتی۔

"میری طلب کا خیال کرو ناں یار۔۔۔۔!؛"وہ اس کے سامنے بے بسی سے بولا جذبات تھے اس کے کہ بے قابو ہو رہے تھے لیکن عائلہ اس بات کو سمجھتی تو پھر کیا ہی بات تھی۔

"آپ۔۔۔میں۔۔۔ نہیں۔۔۔۔"عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا جب کہ یرمان ملک بار بار عائلہ کے ہونٹوں سے انکار سن کر اب طیش میں آرہا تھا اب یہ زیادہ ہو رہا تھا۔

"کیوں تم کیوں نہیں؟بیوی ہو میری۔.."وہ اس کا جبڑا اپنے ہاتھوں میں دبوچتے غرایا تھا سرجری کے دوران عائلہ جس قدر اس کا نرم رویہ دیکھ رہی تھی یہ اس سے یکسر مختلف تھا جو اس بچاری کے لیے برداشت کرنا بہت مشکل ہو رہا تھا۔

"ہوں پر۔۔۔میں کمٹیبل۔۔۔ نہیں۔۔۔"

"شوہر کے ساتھ کیوں نہیں ہو کمٹیبل۔....؟"یرمان نے بالوں کو انگلیوں سے سہلاتے خود پہ ضبط کیا جو کہ خاصا مشکل ہو رہا تھا اس کے لیے۔

"میرا سر۔۔۔"عائلہ نے اپنا سر دونوں میں تھاما اس کو لگ رہا تھا کہ وہ یہیں گر جائے گی۔

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔!"زرا سی عائلہ کی طعیبت بگڑی تھی اور یرمان ملک کے ہاتھ پاؤں پھول گئے تھے وہ بے چینی سے اس کے رخساروں کو تھپکتے اس پہ جھکا بے قراری سے پوچھ رہا تھا۔

"آپ کو کیا فکر۔۔۔میری۔۔۔۔صرف طلب سے مطلب ہے۔۔۔آپ کو۔۔۔میں چاہے۔۔۔۔۔مر۔۔۔۔"

"شٹ اپ عائلہ اوَر ایک لفظ مت بولنا۔۔۔!؛"وہ غرایا تھا عائلہ نے سہمتے اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا یرمان اس کے کس حد تک جنونی ہو چکا تھا اس کی عائلہ کو شاید ابھی خبر نہیں تھی۔

"دور۔۔۔رہیں۔۔۔۔"عائلہ نے اپنی آنکھیں رگڑی تھیں۔

"پہلے ناشتہ کرو اور اس کے بعد مجھے میرا حق دو عائلہ۔۔۔تم نہیں چاہتی ہو کہ میں تم سے پیار سے بات کروں جب جب میں کوشش کرتا ہوں اپنا بیہو ہر چینج کرنے کی تم پھر سے کوئی ایسی بات کر دیتی ہو کہ میں دوبارہ اسی پوائنٹ پہ سٹک ہو جاتا ہوں یہاں سے ہم نے سٹارٹ کیا تھا۔۔۔میں جانتا ہوں میں نے بہت غلط کیا مجھے وہ سب نہیں کرنا چاہیے تھا لیکن حالات تمھارے سامنے تھے اگر تم اس وقت میری جگہ ہوتی تو کیا کرتی۔۔۔؟"یرمان نے اسے بانہوں میں بھرا تھا اور باہر چلا آیا۔

"میں نے بال بنانے۔۔۔!؛"وہ بھرپور مزاحمت کرنے لگی لیکن سامنے بھی یرمان ملک تھا جس نے اس کی ایک نہیں سنی تھی۔

"جب دوبارہ شاور ہی لینا ہے تو کیوں خوُد کو تھکا رہی ہو مسز یرمان ملک کوشش ہی نہیں کرنی چاہیے تمھیں۔۔۔"وہ کچن میں آیا تھا پورا گھر خالی تھی ناشتہ بنا کر کک واپس چلا گیا تھا عائلہ کو گھر میں پھیلی خاموشی سے وحشت سی ہوئی تھی وہ بس کسی طرح یہاں سے یرمان کی نظروں سے اوجھل ہونا چاہتی تھی۔

"نہیں۔۔۔"عائلہ نے آنکھیں پھیلائی تھیں حالانکہ مقابل سے کسی اچھے پن کی امید نہیں تھی نجانے وہ اتنے دن اس کے ساتھ اتنا اچھا کیوں بنا رہا عائلہ نہیں جانتی تھی لیکِن اب یرمان ملک کے آرادے جان کر اسے اپنی بیک بون میں سنسناہٹ سی ہوئی تھی۔

"عائلہ بار بار یہ نہیں لفظ استعمال کر کے تم کیا ثابت کرنا چاہتی ہو آخر کہ میں تمھارے ساتھ غلط کر رہا ہوں یا پھر تم چاہتی ہی نہیں ہو کہ ہمارے درمیان

سب کچھ نارمل ہو۔۔۔ویسے میں سوچ رہا ہوں کہ پاکستان جا کر ڈیڈ کی برتھڈے پارٹی والے دن ہم اپنا ریسیپشن بھی کروالیں۔۔۔ حلال تو ویسے بھی ہو گیا ہے۔۔"حوالہ پچھلی اس رات کی طرف تھا جب اس کے اور عائلہ کے درمیان کے فاصلے سمٹے تھے۔

"لیکن۔۔۔:::"عائلہ کو سمجھ نہیں آیا وہ کیا بولے وہ بس یہ چاہتی تھی کہ جب تک اس کے اور ضامن کے درمیان کی غلط فہمیاں دور نہیں ہو جاتی ایسا کچھ نہ ہو لیکن یرمان کو وہ بھلا روک سکتی تھی اگر وہ اپنی کرنی پہ آتا تو اس نے اپنی ہی کرنی تھی عائلہ کی کہاں چلنی تھی اس کے سامنے۔

"کیا ہوا ہے عائلہ تم ہر چیز سے ہی انکار کر رہی ہو آخر چاہتی کیا ہو تم بتاؤ۔۔۔؟"یرمان نے اس کی کلائی ٹیبل سے پن کی تھیں وہ چیئر پہ بیٹھا تھا

اوُر عائلہ اس کی گود میں یرمان نے اسے اپنی گرفت سے آزاد ہی نہیں کیا تھا.

"مُجھے بھائی۔۔۔!؛" یرمان کے سامنے کم ہی وہ ضامن کا نام لیتی تھی کیونکہ جتنا ضامن سے یرمان چڑھتا تھا وہ جانتی تھی کہ وہ کبھی اس کا زکر پسند نہیں کرے گا لہذا وہ اجتناب ہی کرتی تھی۔

"تو تم چاہتی ہو کہ ہمارے ریسیپشن میں تمھارا بھائی آئے ظاہر ہے سالے صاحب کو آنا تو پڑے گا ابرش کے ساتھ آخر کو اس کے سسر کا برتھڈے ہو گا ڈونٹ وری میں نے کہا ہے ناں میں ضامن سے بات کرونگا۔۔۔" وہ اس کے گیلے بالوں کو پیچھے کرتے اس کے رخساروں کو سہلانے لگا.

"ہم واپس۔۔۔ کب جائیں گے۔۔۔ پاکستان۔۔۔۔!؛" عائلہ نے گہرا سانس بھرا جانتی تھی یرمان ملک اس کو قائل کرے گا۔

"کچھ دنوں تک چلیں گے واپس فحال تم ناشتہ کرو۔۔۔!؛" وہ سینڈوچ عائلہ کی پلیٹ میں رکھتے خود اپنے لئے بھی سینڈوچ اٹھاتے اوپر مایونز لگانے لگا۔

"آج چلیں پلیز۔۔۔" عائلہ نے بے ساختہ یرمان کی طرف دیکھا تھا اس کو اس شہر سے عجیب سی وحشت ہوئی تھی دل چاہا یہاں سے بھاگ جائے۔

"اتنی جلدی کیوں۔۔۔؟" عائلہ نے ہونٹ کاٹے جب یرمان اسے ہاسپٹل سے سیدھا یہاں لا سکتا تھا تو واپس کیوں نہیں لے جا سکتا بھلا۔

"مُجھے واپس جانا ہے۔۔۔!؛" عائلہ نے کھانا نہیں کھایا اس نے واپس رکھ دیا تھا۔

"ہاں تو جانا ہے ناں ہم نے ساری زندگی یہاں تھوڑی رہنا ہے پر اتنی جلدی نہیں جائینگے ہم ابھی تو تمھیں یہ پورا شہر گھمانے کا ارادہ ہے میرا خوب ساری

شاپنگ کریں گے اور اس ویک کے اینڈ پہ واپس بھی چلیں جائیں گے کیوں کہ نیکسٹ منڈے کو ڈیڈ کا برتھڈے ہے جو ہم منائیں گے۔۔۔"یرمان نے پورے ہفتے کا پلان شئیر کیا تھا۔

"مجھے شاپنگ نہیں کرنی نہ ہی یہ شہر گھومنا ہے بس واپس جانا ہے پلیز ہم چلیں۔۔۔!؛"وہ یرمان کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ گئی تھی۔

"عائلہ تم سمجھ نہیں رہی ہو جب میں کہہ چکا ہوں کہ اس ویک کے اینڈ پہ جانا ہے تو پھر یہ بحث کیوں کر رہی ہو تم۔۔۔"یرمان سنجیدگی سے بولا۔۔

"اگر تمھیں کھانا نہیں کھانا ہے تو چلو اندر چلتے ہیں میرا ٹائم تو ضائع نہیں کرو۔۔۔"یرمان نے اس کی برہنہ ٹانگوں پہ نرمی سے انگلیاں سہلائی تو عائلہ کو کرنٹ سا لگا اور پھر اس کا پورا وجودِ پسینے سے تر ہوا جب یرمان کی انگلیاں اسے اپنی گہرائیوں پہ محسوس ہوئی تھیں۔

"بھوک لگی۔۔۔۔ہے۔۔۔۔مُجھے۔۔۔۔" باتوں میں وہ کھانا تو بھول ہی گئی تھی۔۔۔

"تو کھاؤ کس نے روکا ہے تمھیں۔۔۔؟!" وہ اس کے بیلی بٹن پہ انگلیاں رب کر رہا تھا اس کی بھائی انگلیوں کا لمس وہ بھی اپنے نازک حصے پہ عائلہ نے یرمان کو کندھوں سے جکڑا تھا۔

"آیسے کیسے۔۔۔۔؟" وہ ہبکا گئی تو یرمان نے بمشکل ہنسی روکی تھی وہ عائلہ کا دھیان ہٹا چکا تھا واپس جانے والی بات سے اب عائلہ اب اس سے بچنے کی کوشش کر رہی تھی۔

"آیسے کھاؤ۔۔۔لگتا ہے تمھیں عادت ہو گئی ہے میرے ہاتھ سے کھانے کی۔۔۔ تبھی تم کھا ہی نہیں رہی ہو خوُد۔۔۔تو کوئی بات نہیں ہے میں کھلا

دیتاہوں تمھیں۔۔۔"وہ عائلہ کی ناک دباتے شرہر لہجے میں بولا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"ایسا تو نہیں کہا میں نے۔۔۔ کہ مجھے بس آپ کے ہاتھ سے کھانا ہے۔۔۔۔ آپ مجھے کھانے نہیں دے رہے ہیں۔۔۔ ٹھیک سے کھانا۔۔۔!؛"عائلہ نے اس کو وجہ بتائی جس کی وجہ سے وہ کھا نہیں رہی تھی۔

"میری وجہ سے کیوں؟"وہ حیرت کا شاندار مظاہرہ کر رہا تھا عائلہ کا جی چاہا ٹیبل پہ پڑی شیشے کی بوتل اٹھا کر اس پاگل انسان کے سر پہ دے مارے جس پہ مجال ہے کوئی اثر ہوتا ہو۔

"آپ جانتے ہیں۔۔۔ لیکن جان بُوجھ کر۔۔۔ انجان۔۔۔ بنتے ہیں۔۔۔ مُجھے تنگ بھی کرتے ہیں۔۔۔"عائلہ نے آنسوؤں کے ذریعے یرمان کو

ایمو شنل بلیک میل کرنا چاہا اور عائلہ کو روتے دیکھ کر یرمان ملک بوکھلا گیا تھا

۔

"یار عائلہ رونا تو بند کرو تم۔۔۔اوکے تم آرام سے ناشتہ کرو مجھے ایک دوست سے بات کرنی ہے تب تک تم کھانا کھالو پھر روم میں جائیں گے۔۔۔"وہ عائلہ کو چیئر پہ بٹھائے خود اپنا سیل پکڑتے باہر نکل گیا عائلہ نے سکون کا سانس لیا۔

"چل عائلہ کچھ سوچ اس انسان سے کیسے بچنا ہے۔۔۔"وہ سینڈوچ کھاتے ساتھ ساتھ سوچ بھی رہی تھی روم میں نہ جانے کا بہانہ ہی کام آسکتا تھا ورنہ تو یرمان نے اس کی ایک نہیں سننی تھی۔

"یہ آکیوں نہیں رہے۔۔۔"عائلہ نے باہر جھانکا تو یرمان اسے فون ہی کسی سے ہنستے باتیں کرتے نظر آیا عائلہ کا نوالہ جو منہ کو جا رہا تھا وہ درمیان میں ہی چھوٹ گیا۔

یرمان کو ہنستے باتیں کرتے دیکھ کر اسے بالکل اچھا نہیں لگا وہ بیوی تھی اوٗر بیوی والی جیلسی بھی اس کے آندر موجود تھی۔

"کول ڈوان عائلہ وہ دوست سے بات کر رہے ہیں بس۔۔"عائلہ نے دل پہ ہاتھ رکھا اوٗر خود کو تسلی دی کہ یرمان صرف اور صرف دوست سے بات کر رہا ہے اور ایسا ویسا کچھ نہیں ہے۔۔

"لیکن آگر یہ دوست کوئی لڑکی ہوئی تو پھر۔۔۔!؛"عائلہ نے آنکھیں میچ لی تھیں لڑکی پہ ہی تو دل کو دھڑکا لگا تھا یرمان خوبصورت تھا امیر تھا اوٗر عائلہ سے پہلے تو اس کی زندگی میں مایا بھی تھی کیا یرمان مایا سے بات کر رہا تھا۔

"نہیں وہ اب مایا سے بات نہیں کرتے ہیں۔۔"عائلہ نے آگلے ہی لمحے اپنے خیال کی نفی کی۔

"آخر آیسا کونسا دوست ہے پھر....؟"عائلہ کے دماغ سے یہ سوال نکل ہی نہیں رہا تھا وہ مسلسل ٹکی باندھے یرمان ملک کو دیکھے جا رہی تھی۔

یرمان کو اپنی پشت پہ کسی کی نظروں کی تپش محسوس ہوئی تو اس نے پلٹ کر دیکھا اور عائلہ کو خود کو دیکھتے پا کر اسے حیرت ہوئی جبکہ عائلہ اسے دیکھنے میں اس قدر مگن تھی کہ وہ یہ نوٹ نہیں کر سکی کہ یرمان ملک اسے دیکھ رہا ہے۔۔

"اوکے رکھ فون پاکستان آکر بات ہوتی ہے تم لوگوں سے اس ویک کے اینڈ پہ آنے کی پوری کوشش ہے اور تم لوگوں کی دعوت بھی ابھی تک پینڈنگ

ہے۔۔۔"یرمان اپنے یونی فرینڈز سے گروپ کال پہ بات کر رہا تھا جن سے بات کچھ زیادہ ہی لمبی ہو گئی تھی۔

"اجا یار مس کر رہے ہیں تجھے۔۔۔!؛"پہلے یرمان ترکی چلا گیا تھا پھر عائلہ بیمار ہو گئی تو وہ اپنے دوستوں سے مل نہیں سکا۔

"اب یہ نائنٹیز کی ہیروئنز کی طرح ایموشنل ہونے کی ضرورت نہیں ہے آ جاؤں گا فون رکھ رہا ہوں تم لوگوں کی بھابھی دیکھ رہی ہے مجھے۔۔۔"یرمان عائلہ کو دیکھتا مسکرایا تھا جب کہ کال پہ موجود اس کے دوستوں نے معنی خیز نظروں سے یرمان کو گھورا پر ان کے کچھ کہنے سے قبل ہی یرمان فون کاٹ چکا تھا جانتا تھا وہ اسے تنگ ہی کریں گے۔

"ہو گیا ناشتہ۔۔۔؟!"عائلہ جو اتنی مگن تھی یرمان کو دیکھنے میں کہ اس کا پاس آنا بھی نوٹ نہیں کر سکی احساس تو تب ہوا جب یرمان نے اس کے

قریب آتے اس کے اطراف میں ہاتھ رکھتے اس پہ جھکتے اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے وہ ہڑبڑا کر سیدھی ہوئی۔

یرمان کو ایک تو حیرت عائلہ کے ایسی دیکھنے پہ ہو رہی تھی اسے لگا تھا جیسے ہی وہ عائلہ کو چھوڑ کر جائے گا اپنا حلیہ دیکھتے عائلہ آندر بھاگ جائے گی روم میں لیکن عائلہ نے اسے اپنے رویئے سے حیران کیا وہ نہ تو آندر گی بلکے آنکھیں پھاڑے وہ یرمان ملک کو دیکھ رہی تھی جو ابھی تک شرٹ لیس تھا۔۔

"ہاں وہ میں۔۔۔۔!؛" عائلہ نے اپنی گھبراہٹ پہ قابو پاتے بالوں کو بلاوجہ پیچھے کیا یرمان اس کی نروسنس دیکھتا مسکرایا تھا۔

"مجھے اُمید تھی کہ میرے جاتے ہی تم اٹھ کر اندر بھاگ جاؤ گی لیکن تم تو یہیں بیٹھی ہو اس کا مطلب ہے تم یہی چاہتی ہو۔۔۔۔" وہ اس کی ناک سے

ناک مس کرتا سرگوشی کر رہا تھا عائلہ نے نفی میں سر ہلایا یرمان کو عائلہ کو آیسے تنگ کرنے میں مزا آرہا تھا۔

"نہیں میں نہیں۔۔۔" عائلہ نے فوری انکار کیا خوُد کی بے دھیانی اوُر بے اختیاری پہ خود کو کوسا آخر کیا ضرورت تھی اسے ایسے یرمان ملک کو دیکھنے کی نجانے وہ کیا سوچ ہو رہا ہو گا اس کے بارے میں وہ کب اس کو دیکھتے اس کے قریب آیا عائلہ نہیں جانتی تھی لیکِن اسے شرمندگی ہو رہی تھی یہ سوچتے۔

"تو پھر ابھی تک آندر کیوں نہیں گئی یہاں بیٹھی کیا کر رہی تھی تم۔۔۔؟" اس نے سوال کیا اب عائلہ مزید گھبرائی کیا جواب دیتی وہ یرمان کو۔

"میں ناشتہ۔۔۔ہاں میں ناشتہ کر رہی تھی۔۔۔!؛" اس نے وضاحت دی تو یرمان مسکرایا تھا۔

"ٹھیک ہے مان لیتا ہوں تم ناشتہ کر رہی تھی اب تو کر چکی ہو تو پھر یہاں بیٹھنے کا کوئی فایدہ نہیں ہے آندر چلتے ہیں تمھیں وجود سے اٹھتی حدت سے اندازہ تو ہو ہی گیا ہو گا کہ میں اب مزید خود پہ ضبط نہیں کر سکتا ہوں بہت مشکل ہے میرے لئے۔۔۔"وہ اسے ایک بار پھر سے بانہوں میں بھر چکا تھا۔

"نہیں نہیں۔۔روم میں نہیں نہیں۔۔۔"عائلہ نے ٹانگیں ہلاتے بھرپور مزاحمت کی اسے کمرے میں نہیں جانا ہے۔۔

"عائلہ۔۔۔!؛"یرمان نے دانت پہ دانت بجائے اس پل عائلہ کی مزاحمت زہر سے بھی لگی تھی ہاں وہ خود عائلہ کو وقت دینا چاہتا تھا لیکن اب اسے لگ رہا تھا کہ عائلہ کو وقت دینا مطلب عائلہ کو خود سے مزید دور کرنا جو وہ کسی قیمت پہ نہیں کر سکتا تھا اسے عائلہ اپنے قریب چاہیے تھی ہر پل ہر لمحہ۔۔

"نہیں جانا پلیز۔۔۔" وہ رونے لگی تھی یرمان وہیں رک گیا تو عائلہ نے سکون کا سانس خارج کیا۔

"کیوں نہیں جانا۔۔۔؟" وہیں کھڑے کھڑے پوچھا تھا۔

"نہیں۔۔۔ میرا سانس۔۔۔ دم گھٹ۔۔۔ رہا ہے۔۔۔!؛" عائلہ نے آپنا گلہ جکڑا تھا یرمان ایک پل کے لئے پریشان ہؤا کیا وہ واقعی آندر نہیں جانا چاہتی تھی۔

"یہیں رکیں پلیز۔۔۔!؛" عائلہ آپنا حلیہ بھول چکی تھی اس پنک باتھ گاؤن میں وہ مقابل کے جذبات بھڑکا چکی تھی پوری شدّت سے۔

"عائلہ مجھے کوئی پروبلم نہیں ہے یہاں ہی وہ سب کر سکتا ہوں لیکن وہ کیا ہے ناں میری وایفی شائے ہو تم برداشت کر لوں گی ویسے یہ جگہ بھی کافی

کمٹیبل ہے۔۔۔"وہ عائلہ کو صوفے پہ لٹائے اس پہ جھکتے اس کی شہ رگ پہ لمس بکھرنے لگا تھا۔

"نہیں نہیں۔۔۔"عائلہ نے اٹھتے آپنا گاؤن سبھنالتے اپنی آنکھوں پہ ہاتھ رکھا یرمان سے اتنی جھجک محسوس ہو رہی تھی لیکِن وہ تو جیسے لاپرواہ بنا ہوا تھا۔۔۔

"اندر تم نہیں جانا چاہتی یہاں یہ سب کرنے سے تمھیں مسلہ ہے تم چاہتی کیا ہو عائلہ۔۔۔؟"یرمان نے اب عائلہ کو سرد پتھریلی نظروں سے گھورا تھا

۔

"وہ یہ۔۔۔سب۔۔۔دن۔۔۔

میں۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔ہوتا۔۔۔۔!؛"جب اور کچھ سمجھ نہیں آیا تو عائلہ نے یہ بیانہ بنایا تھا۔

"کیا نہیں ہوتا دن میں ؟" وہ فحال سنجیدگی کا خول خود پہ سجائے ہوئے تھا عائلہ کی وجہ سے وہ مذید یہ سب افورڈ نہیں کر سکتا تھا۔

"وہ یی۔۔۔جو آپ۔۔۔۔کرنا چایا۔۔۔۔رہے۔۔۔" وہ لب کاٹتے بمشکل بول سکی ورنہ مقابل کے اتنے قریب اس کے لفظ جیسے حلق میں ہی آٹک گئے تھے۔

"کیا کرنا چاہا رہا ہوں۔۔۔!"

"آپ کیوں کر رہے ہیں۔۔۔!؛" وہ روہانسی ہوئی۔

"کیا جو رہا ہوں۔۔۔!"

"تنگ نہیں کریں پلیز۔۔۔"

"کہاں کر رہا ہوں میں۔۔۔؟"اس کی ٹھوڑی کو ہولے سے لبوں سے سہلایا

۔

"یہ نہیں کریں۔۔۔!؛"جھجھناتے اس کی بیرڈ کی جھبن کو سہن کیا تھا۔

"یہ تو کرونگا۔۔۔میں بھلے تم روکو مُجھے۔۔۔"وہ اس کے ہونٹوں کو سہلاتے اس کے ہونٹوں پہ جھکتا چلا گیا تھا عائلہ نے آنکھوں کو زور سے میچ لیا تھا۔

یرمان لاؤنج میں اس کے قریب آئے یہ تو اس نے نہیں چاہا تھا اس سے بچنے کے لیے ہی تو اس نے روم میں جانے سے انکار کیا تھا اور وہ یہیں شروع ہو گیا تھا جیسے اسے یہ سب یہیں کرنے میں مزا آرہا تھا۔

"عائلہ یار اٹس جسٹ آکس۔۔۔!؛"وہ اس کی حالت غیر دیکھتے فوری پیچھے ہوا تھا عائلہ نے اپنے ہونٹوں کو رگڑا تھا یرمان کو عائلہ کی یہ حرکت پسند نہیں آئی تھی لیکِن اس کی حالت دیکھتے ضبط کیا خوُد پہ۔

"نہیں مجھے۔۔۔پلیز۔۔۔"عائلہ کی سانسیں بھاری ہونے لگی تھیں ایک تو یرمان لاؤنج میں اس کے قریب آرہا تھا اوُر دوسرا اس کی قربت میں عائلہ کا رنگ زرد ہوا تھا اس کی شدتیں سہن کرنا عائلہ جیسی نازک جان کے لیے بہت مشکل تھا۔

"عائلہ اب تم یہ ایسے ری ایکٹ کر کے مجھے مذید دیوانہ بنا رہی ہو پھر میرا خود پہ ضبط ختم ہوا تو بہت مشکل ہو جائے گی۔۔۔"وہ اس کی ٹانگوں کمر پہ لاک کرتے اس کے قریب ہوا کہ عائلہ کے وجودِ سے اٹھتی اس کی نتھوں سے ٹکرائی تھی۔

"شاپنگ۔۔کرنی۔۔۔۔!؛"عائلہ نے شاپنگ کا بہانہ کیا کہ کیا پتہ کام بن جائے اوَر یرمان کچھ دیر کے لیے اسے باہر لے جائے۔

"کیا تمھیں شاپنگ کرنی ہے۔۔۔؟"یرمان حیران سا تھا عائلہ نے جھٹ سے سر ہلایا اس نے مشکل سے اپنی مسکراہٹ ضبط کی۔

"لیکِن میرے لیے تو یہ کام سب سے زیادہ اہم ہے عائلہ شام کو جائیں گے شاپنگ کرنے۔۔۔۔!؛"وہ عائلہ کو تنگ کرنے لگا حالانکہ اسے خوشی ہو رہی تھی کہ عائلہ کم سے کم کوئی فرمائش تو کر رہی تھی ورنہ پہلے اس نے خود ہی صاف صاف انکار کیا کہ نہ تو اسے کچھ خریدنا ہے اوَر نہ ہی اسے کہیں جانا ہے۔

"نہیں۔۔۔ابھی۔۔۔۔!؛"عائلہ نے آنکھیں ٹپیپاتے معصومیت سے ہونٹ لٹکائے تو یرمان ملک دیوانگی کے عالم میں جھکتے عائلہ کے نچلے ہونٹ کو آپنے لبوں میں قید کر لیا عائلہ کی آنکھیں پھیلی تھیں۔۔

"جلدی سے تیار ہو جاؤ پہلے شاپنگ کرتے ہیں میر اکام کریں گے۔۔۔اوُر عائلہ شاپنگ کے بعد کوئی بہانہ تمھارا نہیں چلے گا۔۔۔!؛"وہ سنجیدہ تھا عائلہ نے سر ہلایا اب وہ اس انتظار میں تھی کہ کب یرمان ملک اس کو چھوڑے اوُر وہ روم میں جائے لیکن یرمان ملک نے اس کو ایک بار پھر سے اپنی بانہوں میں بھرا۔

"میں چل سکتی۔۔۔۔ہوں۔۔۔۔!؛"عائلہ نے جتنا ضروری سمجھا تو وہ مسکرایا یرمان ملک شاید ہی کسی کے سامنے اتنا مسکرایا ہو جتنا وہ شادی کے بعد ایک ہی مہینے میں عائلہ کے سامنے مسکرا چکا تھا۔

"لیکِن مجھے آچھا لگتا ہے تمھیں بانہوں میں اٹھاتے پکن ڈراپ دینا۔۔۔ جب تم میرے قریب ہوتی تو اچھا لگتا ہے مجھے عائلہ بے بی۔۔۔!؛" وہ اس کے ماتھے کی نرماہٹ کو اپنے ہونٹوں پہ محسوس کرتا ایسے ہی اسے کمرے میں لے آیا تھا۔۔

"کہاں چل دی۔۔۔؟" عائلہ ڈریسنگ روم جاتی کہ یرمان نے جھٹ سے اس کی کلائی تھامی تھی۔

"چینج۔۔۔"

"وہ تو میں کرواؤں گا ناں۔۔۔!؛" اس کے کندھے پہ ٹھوڑی ٹکائے اس کے پیٹ کے گرد ہاتھ باندھے وہ سنجیدگی سے بولا۔

"کیا۔۔۔؟" عائلہ کے لبوں سے چیخ کے ساتھ کیا نکلا تھا یرمان ایک بار پھر سے مسکرایا۔

"ہاں جی۔۔۔" وہ عائلہ کو ڈریسنگ روم میں لے گیا۔

"میں تو مس ملک کا سامنا کرنے کے قابل بھی نہیں ہوں وہ کیا سوچتی ہوں گی میرے بارے میں۔۔۔کتنا نفس کا ہلکا ہوں میں کہ خود پہ ضبط نہیں کر سکا اور ان کے قریب۔۔۔"ابرش کے وجودِ پہ لگے نشان یاد آئے اس کی آنکھوں سے گرم سیال بہتا اس کی گھنی بیرڈ میں جذب ہو رہا تھا۔

"کیا کروں میں۔۔۔؟کیسے معلوم کروں۔۔۔؛؛"اس نے دیوار پہ مکا مارا تھا شائد غصہ تو اپنی لاپرواہی پہ آ رہا تھا بے ساختہ اس کے زہن میں کچھ کلک ہوا

۔

وہ شاور بند کرتے باتھ گاؤن زیب تن کرتے تیزی سے بیڈ روم میں واپس آیا ابرش ہنوز بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے کسی گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھی۔۔۔

ضامن کے ری ایکشن کو سوچ کر وہ پریشان تھی ضامن اس کے قریب آیا تو بھی جب اپنے حواسوں میں نہیں تھا ورنہ تو شائد کبھی نہیں آتا اور ان کا رشتہ ایسے ہی تناؤ کا شکار رہتا۔

ضامن کو دیکھتے وہ سیدھی ہوئی اس نے سائیڈ پہ پڑی ضامن کی ٹی شرٹ اٹھا کر پہن لی اور بیڈ سے نیچے اتری کہ آگے سے آتے ضامن سے ٹکرائی تھی سر بری طرح سے چکرایا تھا ابھی تک اس کو اپنا انگ انگ دکتا سا محسوس ہو رہا تھا۔

"آریو اوکے مس ملک۔۔۔؟"ضامن ابرش کو سر تھامے دیکھ کر اس کو نرمی سے بانہوں میں بھرتے واپس بیڈ پہ لٹا گیا۔

اچانک سے ضامن کی نظر ابرش کی ٹانگوں پہ گئی وہاں اس کے دانتوں کے نشان تھے اوپر وہ دیکھ نہیں سکا آنکھیں میچے اس نے اتنی زور سے مٹھیاں بند کی ابرش نے بے ساختہ زرد پڑتے اسے دیکھا تھا.

"سر آپ ٹھیک ہیں۔۔۔"ضامن کی حالتِ دیکھ کر ابرش کو شرمندگی نے آن گھیرا تھا دونوں ہی اپنی جگہ پہ شرمندہ تھے لیکن ایک دوسرے کو کیسے بتاتے۔

"ہاں ہاں میں۔۔۔!؛"ضامن کی آنکھوں کے سامنے اچانک سے اندھیرا سا چھا گیا وہ نہیں جانتا تھا کہ اس کی طعیبت ایسے خراب کیوں ہو رہی ہے۔

"سر آپ مجھے ٹھیک نہیں لگ رہی گے۔۔۔"ابرش کو خود سے زیادہ ضامن کی فکر ہو رہی تھی اس نے ضامن کی پیشانی پہ ہاتھ رکھا اس کا ماتھا گرم تھا یعنی اس کو بخار تھا۔

"سر آپ کو تو بخار ہے پھر آپ اتنی دیر شاور لیتے رہے ہیں۔۔۔ڈآکٹر کو کال کرتی ہوں۔۔۔"ابرش نے سائیڈ سے اپنا سیل فون اٹھانا چاہا لیکن ضامن نے اسے روک دیا اس پل ضامن کے آندر جو تناؤ چل رہا تھا وہ خوُد ہی ٹھیک ہونا تھا۔

"ائم فائن مس ملک ڈونٹ وری۔۔۔"ضامن بیڈ پہ لیٹ گیا ابرش تھوڑی سائیڈ پہ ہو گئی ضامن کی طعیبت دیکھتے دل پہ پڑا بوجھ مذید شدت اختیار کرتا جا رہا تھا ابرش نے ضامن کی بند آنکھیں دیکھی اس کو تو معلوم ہی نہیں تھا ضامن کو عذاب سے گذر رہا ہے۔

"سر میں ٹھنڈے پانی کی پٹیاں کرتی ہوں آپ کو کچھ آرام ملے گا اگر ڈاکٹر کو بلا لیتے تو اچھا تھا۔۔۔"ابرش ضامن کی طرف جھکی تھی لہجے سے فکر مندی جھلک رہی تھی ضامن اس کی آنکھوں میں خوُد کے لیے تشویش دیکھ سکتا تھا

۔

یہاں تک ضامن کو لگ رہا تھا اسے لگتا تھا کہ رات ضامن نے ابرش سے زبردستی کی ہے لیکن ضامن کو ابرش کا نارمل لہجہ پہلے سے زیادہ کھٹک رہا تھا اگر آیسا کچھ ہوا تھا ان کے درمیان تو پھر ابرش اتنی ریلکس کیسے تھی اس پوائنٹ پہ تو ضامن کو شدید الجھن ہو رہی تھی۔

"نہیں ضرورت نہیں ہے آپ فریش ہو کر ناشتہ کر لیں۔۔!؛"ضامن ابرش کو اپنے سامنے سے ہٹاتے اکیلا رہنا چاہتا تھا لیکن ابرش اسے اکیلا نہیں چھوڑ رہی تھی۔

ضامن کی بات پہ ابرش نے خوُد پہ دھیان دیا تو چہرہ سرخ ہوا ضامن کی شرٹ میں وہ اس وقت قربت کی سوغاتیں چہرے اور پورے بدن پہ سجائے ہوئے تھی ابرش کے چہرے کے بدلتے تاثرات ضامن نے بھی بغور دیکھے لیکن اس کے چہرے پہ جو رنگ تھے وہ اسے کچھ آور ہی بتا رہے تھے۔

ابرش کے لہجے میں ناگواری نہیں تھی ہاں وہ جھجھک رہی تھی شرما رہی تھی جیسے پہلی رات کی دلہن شرماتی ہے لیکِن ناگواری نہیں تھی ضامن نے ایک نظر سائیڈ پہ رکھے کوفی کے مگ کو دیکھا یہی تو رات کو پی تھی اس نے کوفی اوُر اُس بعد سے لیکر صبح تک جو کچھ ہوُا اسے کچھ بھی یاد نہیں آ رہا تھا۔

"میں فریش ہو کر آتی ہوں۔۔۔" ابرش نے شرٹ کندھوں سے تھامی اوُر باتھ روم چلی گئی اس کے جانے کے بعد ضامن نے مگ اٹھایا اوُر اپنی ناک سے لگایا اس میں سے اسے عجیب سی سمیل آئی۔۔رات تو وہ نوٹ نہیں کر

سکا لیکن ابھی یہ سمپل اس کی نتھوں سے ٹکرائی تو پل بھر میں سمجھ گیا کہ رات اس کی کوفی میں کیا تھا۔

"اس کا مطلب مس ملک۔۔۔۔"ضامن نے اپنا سر ہاتھوں میں گرایا یہ کیا ہو گیا تھا اس سے اس نے کیوں کوفی کا ذائقہ بھی بدلتا نوٹ نہیں کیا اور اس نے کوفی پی ہی کیوں وہ اپنے بال جھنجھوڑ چکا تھا لیکِن خود پہ آیا طیش کسی صورت کم نہیں ہو رہا تھا ابرش کو وہ مکمل طور پر اپنا بنا چکا تھا اس کے وجود پہ اپنے رشتے کی مہر لگا کر وہ یہ رشتہ ہی مکمل کر چکا تھا۔

ضامن نے کچھ دیر تو خود پہ ضبط کیا لیکن یہ اس کے لئے بہت مشکل تھا کب تک کرتا ابرش نے جو اُس دن کیا اُس نے تو ضامن کو لوگوں کی نظروں میں گرایا تھا لیکن جو رات کو ابرش نے کیا وہ ضامن کو خود کی نہرع میں گرا چکا تھا

۔

اتنی گھیٹا حرکت صرف ابرش ملک ہی کر سکتی تھی ضامن کو خود پہ غصہ اس چیز کے لئے آیا تھا کہ نجانے اس نے نشے میں ابرش کو کیا کچھ کہا ہو گا اور تو اوُر اسے کچھ بھی یاد نہیں آ رہا تھا۔

وہ جھٹکے سے بیڈ سے اٹھا تھا جو دل میں خدشات پہلے تھے وہ اب یکدم سے غائب ہوئے کیونکہ تھوڑی دیر پہلے تک اسے اپنی غلطی لگ رہی تھی لیکن اب اسے سمجھ آ چکی تھی کہ غلطی اس کی نہیں بلکے یہ حرکت ابرش ملک نے کئ تھی۔۔

"کیسے کر سکتی ہیں وہ یہ سب۔۔۔میں کتنی بار انہیں سمجھا چکا ہوں ہمارا ساتھ رہنا ممکن نہیں ہے پھر کیوں کیا ابرش ملک نے یہ سب۔۔۔!؛" وہ سائیڈ ڈرا سے ایکسٹرا کیز لیتا باتھ روم کا دروازہ کھولتے اندر داخل ہوا تو ابرش اسے باتھ روم میں دیکھتے یکدم سے چیخی تھی۔

وہ جو ضامن کی طعیبت کی وجہ سے شاور لیتے فریش سی اب ٹاول خود کے گرتے لپٹے آپنے کپڑے نکالنے لگی تھی ضامن کو باتھ روم میں دیکھ کر دو قدم پیچھے ہوئی ضامن کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی اوٗر وہ جانتا بھی تھا کہ ابرش باتھ روم میں ہے تو پھر وہ کیوں باتھ روم میں۔

"سر آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟" ابرش نے گیلے بالوں کو ٹاول میں لپیٹا اور ضامن کے قریب آئی۔

ضامن کی آنکھوں میں ناگواری تھی نفرت تھی بالکل ویسی ہی نفرت جو اس نے ہال میں دیکھی جو نکاح کے بعد دیکھی لیکِن رخصتی کے بعد ضامن بدلنے لگا تھا پل بھر کے لئے ابرش کے چہرے کی رنگت بدلی تھی اس نے نفی میں سر ہلایا ضامن کے چہرے کے پتھریلے غضب ناک تاثرات ابرش کو ڈرا گئے تھے۔

"کیوں فکر ہو رہی ہے آپ کو میری۔۔۔؟"ضامن نے بمشکل اپنے آندر کے وبال کو کنٹرول کیا ابرش کو وہ اچھے سے سبق سیکھانے والا تھا جو حرکت ابرش نے کی تھی وہ ضامن کے وجود کو سلگا گئی تھی۔

چاہے جتنی بھی پریشانی ہوتی ضامن نے کبھی ایسی گھٹیا چیز کو ہاتھ نہیں لگایا تھا اوٗر ابرش نے اس کی کوفی میں یہ ملایا دل تو ضامن کا چاہا رہا تھا کہ وہ ابرش کے منہ پہ زور دار تماچا دے مارے۔

"سر آپ کی فکر میں نہیں کرونگی تو اور کرے گا میرے ہسبنڈ ہیں آپ۔۔۔ اور آپ کی طعیبت تھوڑی دیر پہلے خراب تھی۔۔۔"ابرش نے ماتھے پہ آیا پسینہ صاف کیا اور ضامن طنزیہ ہنسا۔

"اب تو واقعی ہسبنڈ بن گیا ہوں میں آپ کا۔۔۔جو نہیں ہونا چاہئے تھا وہ ہو گیا ہے ہمارے درمیان۔۔۔!؛"ابرش نے بھنویں اچکائی شاید ضامن کی باتیں اس کے سر پر سے گزر گئی تھیں۔

"کیا مطلب ہے سر جی مجھے آپ کی بات کی سمجھ نہیں آئی ہے۔۔۔آپ چلیں میں ائس کیوب لاتی ہوں آپ کو ٹھنڈے پانی کی پٹیاں کرنی ہیں ڈآکٹر کو بلانے سے تو آپ نے منع کر دیا ہے۔۔۔۔"ابرش نے ڈریس نکالنا تھا وہ تو جلدی جلدی تیار ہونا چاہتی تھی ضامن کی طعیبت کو لیکر وہ بہت اپ سٹ تھی۔۔

"ڈر ہے ناں آپ کو۔۔۔؟"ضامن نے اس کو کندھوں سے تھاما ابرش کو ضامن کی انگلیاں اپنے بازوؤں میں دھنستی محسوس ہوئی تھیں ضامن کے

چہرے پہ پھیلی وحشت اوٗر اس کے سرد لہجے نے ابرش ملک کو مزید خوفزدہ کر دیا تھا۔۔

"کس بات کا ڈر۔۔۔"ابرش نے ایک بار پھر سے پسینہ صاف کیا۔

"سچ سامنے آنے کا ڈر۔۔۔!؛"ضامن کی گرفت اس کے گرد سخت ہوتی جا رہی تھی ضامن نے ایک ہاتھ سے ابرش کے گلے پہ دباؤ بڑھایا تو ابرش کو کھانسی ہوئی آنکھیں جیسے ابلنے کے قریب تھیں۔

"اتنی انجان کیوں بن رہی ہیں آپ مس ملک۔۔۔اتنی معصوم ہیں نہیں آپ۔۔۔رات آپ نے میری کوفی میں نشہ آور دوا ملائی تھی۔۔۔"ضامن کے ایک فقرے نے ابرش کے چہرے کے رنگ آڑا دیئے وہ بے یقینی سے ضامن کو دیکھ رہی تھی ضامن کو آخر کار معلوم کیسے ہوٗا اس متعلق۔۔

"سر آپ۔۔۔یہ نہیں۔۔۔۔"ابرش نے گردن پہ بڑھتے دباؤ کی وجہ سے بمشکل جواب دیا ورنہ تو اس کے لیے کھڑا رہنا مشکل ہو رہا تھا اگر ضامن نے اسے اپنی گرفت میں دبوچا نہیں ہوتا تو ضامن کے ہونٹوں سے یہ بات سنتے ابرش ملک زمین بوس ہو چکی ہوتی۔

"کیا یہ جھوٹ ہے۔۔۔؟"ابرش کے ایسے مکر جانے پر ضامن نے سر تا پا ایک نفرت بھری نگاہ ابرش کے حسین سراپے پہ ڈالی اس عورت کے لیے جو تھوڑے جذبات دل میں جنم لے رہے تھے ابرش کی اس حرکت کی وجہ اب اس تھوڑی سی محبت کی جگہ بھی نفرت نے لے لی تھی.

"سر میں نہیں آپ وہ۔۔۔"

"جواب دیں مُجھے۔۔۔۔!؛"اس نے ابرش کی گردن پہ دباؤ کو مزید مظبوط کیا ابرش کی آنکھوں سے گرم سیال بہتے اس کے رخساروں کو بھگو رہا تھا

ضامن کو آخر کیسے معلوم ہوا تھوڑی دیر پہلے تو اس نے ضامن کے چہرے پہ الجھن دیکھی تھی جیسے وہ خوُد سے الجھا ہوا تھا لیکِن اب اس کے چہرے پہ نفرت تھی۔

ضامن کے چہرے پہ خود کے لیے نفرت دیکھتے ابرش لمحے کے ہزار حصوں میں مری تھی دل جیسے دھڑکنا رک گیا تھا ضامن کو تو پا لیا تھا لیکن اس کی نفرت اس کی یہ نفرت کیسے ختم کر پائے گی۔

"نہیں سر۔۔!!" ابرش کسی صورت ضامن کے سامنے اقرار نہیں کر سکتی تھی اس سے بہت بہتر تھا کہ جیسا ان کا رشتہ چل رہا تھا ویسے ہی چلتا لیکن یہ جواب ان کے درمیان ہوا تھا ضامن کی نفرت مزید بڑھ گئی تھی ابرش کے لیے۔

"سچ بتائیں مجھے مس ملک۔۔۔" وہ ابرش کو جھنجھوڑ چکا تھا ضامن نے ابرش کا ٹھنڈا پڑتا وجود دیکھا تو اسے ایک جھٹکے سے خود سے الگ کیا ابرش فرش پہ گری تھی جس کی وجہ سے اس کا ماتھا زمین پہ لگا اور اس کی پیشانی پہ زخم بن گیا تھا۔

"سچ ہے۔۔۔ یہ۔۔۔" ابرش نے اپنے آنسو صاف کرتے آنکھیں میچتے جواب دیا ضامن دو قدم پیچھے ہوا ابرش مان چکی تھی اور سچ تو اسے ویسے بھی معلوم تھا اب تو اس کے دل میں جو ابرش کے لیے نفرت کا بیج تھا وہ تناور درخت بن چکا تھا۔

"کیوں کیا یہ۔۔" ضامن گھٹنوں کے بل زمین پہ بیٹھتا ابرش کی ٹھوڑی اپنی انگلیوں سے اٹھائے ٹوٹے سے انداز میں پوچھ رہا تھا جیسے ٹوٹے اعتبار کی

کر چیاں ہوں اسے کب تک ابرش پہ اعتبار لیکن ابرش اس حد تک چلی جائے گی یہ معلوم نہیں تھا۔

ابرش نے اس کے وجود کو پانے کے لئے طریقہ اپنایا ضامن کی خود کے لیے نفرت سے واقف بھی تھی جانتی بھی تھی کہ ضامن کتنی نفرت کرتا تھا اس سے پھر بھی ابرش نے یہ کیا۔۔

"آپ کو پانے کے لئے۔۔۔!؛" ابرش نے ہچکی لی۔

"ایسے کیا جاتا ہے کسی کو پانے کے لیے۔۔۔ آپ نے کیا کم کیا تھا پہلے جو یہ سب کیا۔۔۔ جسے آپ محبت کا نام دیتی ہیں یہ محبت نہیں ہے یہ بس آپ کو وجود کی طلب تھی جو پوری ہو گئی محبت ایسی نہیں ہوتی ہے آپ نے جو حرکت کی ہے یہ میں کبھی نہیں بھول سکتا ہوں مس ملک۔۔۔!؛" وہ بکھر ہی تو گیا تھا پہلے عائلہ تھی اُس نے کیا کیا اسے چھوڑ دیا یرمان ملک کا ساتھ دیا اور

ابرش جو اس کی بیوی تھی اس نے یہ حرکت کی جس کے انجام سے شائد وہ خود بھی واقف نہیں تھی۔

"تو کیا غلط ہے سر آپ میرے شوہر ہیں جیسے آپ مجھ پہ حق رکھتے ہیں میں بھی آپ پہ حق رکھتی ہوں اور محبت۔۔۔ آپ کے نزدیک محبت کیا ہے میں نہیں جانتی ہوں۔۔۔ پر میرے لیے یہی محبت ہے۔۔۔" ابرش نے ضامن کا دل صاف کرنا چاہا حالانکہ ایسا ہونے والا نہیں تھا ضامن جتنے غصے میں تھا اس سے وہ کچھ بھی ایکسپکٹ کر سکتی تھی۔۔۔

"آپ نے محبت کی ہے مجھ سے۔۔۔؟" ضامن نے سوَال کیا ابرش نے آنکھیں پھیلائے ضامن کو دیکھا۔

"آپ سے محبت نہ ہوتی تو اس وقتِ آپ کے گھر میں نہیں ہوتی ہاں مانتی ہوں جب وہ واقعہ ہوا تب مُجھے آپ سے محبت نہیں تھی میں بس آپ سے

بدلالینا چاہتی تھی۔۔۔ آپ نے فزا کو مجھ سے زیادہ اہم سمجھا اسے اس لئے اہمیت دیتے تھے کہ میں جلن محسوس کروں آپ نے مجھے فرسٹ ڈے کلاس سے نکال دیا یقین مجھے اتنا برا نہیں لگا جتنا آپ کا فزا کو امپورٹنٹس دینا برا لگتا تھا آپ بار بار یہی کرتے ہر بار فزا کو بولتے مس فزا یہ کریں مس فزا وہ کریں میں کہاں تھی اس میں۔۔۔ مجھے شدید غصہ آیا تھا جو ہال میں ہوا وہ سب میں نے ویسے پلان نہیں کیا تھا اور ایک بات کی تسلی کر لیں میں آپ سے نکاح نہیں کرنا چاہتی تھی میرے پلان میں ایسا کچھ نہیں تھا پر جو قسمت میں لکھا ہوتا ہے وہ ہو کر ہی رہتا ہے۔۔۔" ابرش سانس لینے کو رکی ضامن خاموشی سے اسے سن رہا تھا وہ کچھ نہیں بول رہا تھا خاموش تھا۔

"نکاحِ کے بعد ہوئی آپ سے محبت۔۔۔۔ میں نے اپنی زندگی میں کسی کے لیے ایسے جذبات محسوس نہیں کیے ضامن سر آپ کو دیکھتی تو دل الگ ہی

لے پہ دھڑکتا تھا راتوں کو سوتے آپ کا خیال آتا۔۔۔ہاں جو ہؤا وہ صحیح نہیں ہوا عائلہ تو بے قصور تھی اس کے ساتھ وہ نہیں ہونا چاہیے تھا لیکِن ضامن سر عائلہ کی وجہ سے یرمان ملک بہت بدل گئے پہلے کبھی اُنہوں نے کسی چیز کو اتنا سیریس نہیں لیا لیکن عائلہ سے شاید وہ محبت کرنے لگے ہیں۔۔۔جب وہ ہم سے ملنے آئے پچھلے دنوں میں۔۔۔میں نے اپنی بھائی کی آنکھوں میں عائلہ کے لیے پیار دیکھا تھا۔۔۔وہ پیار جو مجھے آج تک کسی اور کے لئے نظر نہیں آیا۔۔۔آپ یرمان بھائی اوُر مایا کو لیکر جو سوچتے ہیں ویسا کچھ نہیں ہے مایا بھائی کی صرف دوست ہے۔۔۔انہوں نے عائلہ کو کوئی دھوکا نہیں دیا ہے آپ اگر ٹھنڈے دماغ سے سوچیں گے تو آپ کو تو خوش ہونا چاہیئے کہ آپ کی بہن کی شادی اتنے۔۔"

"میں نے آپ سے آپ کے بھائی کے قصے نہیں سننے ہیں اور کتنی دفعہ کہوں اب عائلہ آپ کی فیملی کا حصہ ہے میرا عائلہ سے جو تعلق تھا وہ تو شاید ختم نہیں ہو سکتا ہے لیکن ہاں جو جذبات تھے وہ بدل گئے ہیں۔۔۔عائلہ میری بہن نہیں بیٹی تھی جسے میں نے پالا تھا پر جو عائلہ نے کیا وہ میں کبھی نہیں بھول سکتا ہوں۔۔۔"ضامن عائلہ کو سوچتا ہمیشہ کی طرح ہی افسردہ ہو گیا تھا۔

"سر آپ حق پہ ہیں آپ کی بہن نے آپ کا دل توڑا ہے۔۔۔"ضامن اور عائلہ کے ریلیشن میں جو اب تناؤ چل رہا تھا اس کی وجہ ابرش ہی تو تھی اس کی وجہ سے ہی تو یرمان اور عائلہ کا نکاحِ ہوا۔

"مس ملک رات آپ نے جو کیا میں کبھی نہیں بھول سکتا ہوں یہ رشتہ ایسے نہیں بننا چاہیے تھا۔۔۔لیکن آپ کو لگتا ہے کہ اس کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا

ہے تو یہ بھی آپ کی بھول ہے۔۔۔"وہ اٹھتے کھڑا ہوا ابرش نے بے ساختہ اپنا سینہ مسلا ضامن کی اس بات نے اس کو خوفزدہ سا کر دیا تھا ضامن کیا کرنے والا تھا آخر۔

"میں آپ سے یہ رشتہ بہت جلدی۔۔۔"

"آپ کو لگتا ہے یہ سب اتنا آسان ہے رات کے بعد۔۔۔ آپ کی بیوی پہلے تھے اب مکمل آپ کی ہو چکی ہوں بھلے آپ اپنے حواس میں نہیں تھے جب میرے قریب آئے لیکن آپ نے مُجھے حق دیا ہے مجھ سے اپنا حق لیا ہے اب آپ کیسے۔۔۔"

"پہلے شاید میں آیسا نہیں کرتا لیکن اب کروں گا آپ کو ذرا شرم نہیں آئی یہ کرتے ہوئے میں آپ کا پروفیسر ہوں اور آپ نے۔۔۔۔"ضامن کے لئے جملہ مکمل کرنا مشکل ہو رہا تھا۔

"پروفیسر بعد میں ہیں میرے شوہر پہلے ہیں اور میں جب اپنی غلطی تسلیم کر رہی ہوں مانتی ہوں مجھ سے غلطی ہوئی ہے تو پھر آپ مجھے معاف نہیں کر سکتے ہیں سر۔۔۔"وہ ضامن کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی اگر اس کے معافی مانگنے سے ان کا رشتہ ٹھیک ہو سکتا تھا تو ابرش کو معافی مانگنے میں بھی کوئی عار نہیں تھی۔

"واؤ دی گریٹ ابرش ملک مجھ سے سوری کر رہی ہیں مُجھے یقین نہیں ہو رہا ہے۔۔۔."ضامن ہنسا تھا اور پھر ہنستا ہی چلا گیا۔

"ابرش ملک نہیں ابرش ضامن عباس سوری کر رہی ہے آپ کی محبت میں کچھ بھی کرنے کو تیار ہوں بس آپ یہ فضول کی ضد چھوڑ دیں۔۔۔"ابرش نے ہمت کرتے آگے قدم بڑھائے اور ضامن کے کندھے پہ سر رکھ دیا تھا یہ بہت خاص لمحات تھے ان کے قربت کے بعد کے وہ ان کے اثر کو زائل

نہیں کرنا چاہتی تھی چاہے پھر اسے ضامن کے قدموں کے قدموں میں بیٹھ کر ہی معافی کیوں نہ مانگنی پڑتی۔

•••••

"مس ملک فضول سی ضد؟ آپ کے لیے یہ محض ایک ضد ہے کیا۔۔۔؟" ضامن نے حیرت زدہ نظروں سے اسے دیکھا جیسے یقین نہیں آیا ابرش ایسا بھی کچھ کہہ سکتی ہے ابرش نے سر ہلایا تھا۔

"ہاں ضد ہی تو ہے سر آپ کی۔۔۔۔ کیوں نہیں بھول سکتے ہیں آپ وہ واقعہ؟" ابرش نے اپنے بالوں سے ٹاول نکالتے سائیڈ پہ رکھا تھا اس کے بھیگے بال اب اس کی پشت پہ بکھرے ہوئے تھے۔

"آپ کے لیے ہو گی یہ صرف ضد میں نے سب کچھ کھو دیا آپ کی اس حرکت کی وجہ سے عزت شہرت جو میں نے اتنے سالوں کی محنت سے بنائی تھی سب نظروں میں حقارت تھی میں وہ منظر چاہا کر بھی نہیں بھول سکتا ہوں مس ملک کہنے والوں کا کیا ہے وہ تو بھول جاتے ہیں یاد رکھنے والے کچھ نہیں بھولتے ہیں اور میں بھی نہیں بھولا ہوں نہ ہی بھول سکتا ہوں وہ سب کچھ جو آپ نے کیا ہے۔۔۔ وہ تو اپنی جگہ پر جو رات آپ نے کیا ہے ناں بہت غلط کیا ہے ائی ہیٹ یو رئیلی ہیٹ یو۔۔۔ میں نے اپنی زندگی میں عائلہ سے بہت محبت کی کبھی اتفاق ہو تو پوچھ لیجیے گا عائلہ سے۔۔۔ لیکن آپ سے نفرت اس محبت سے بھی زیادہ گہری ہے مس ملک بہت زیادہ نفرت کرتا ہوں میں آپ سے۔۔۔" ضامن کے ان لفظوں نے جو تماچا ابرش کے منہ پہ مارا تھا وہ کسی تھپڑ کی تکلیف سے زیادہ تھا اتنا درد تو اس کو ضامن کے تھپڑ

مارنے پہ نہیں ہوتا جتنا اسے ضامن کے ان کے لفظوں سے ہو رہا تھا وہ ضامن کی اتنی نفرت ڈیزور کرتی تھی بھلا۔

مجھے لوگ کہیں

تمھیں درر کسی کا

نام بتاؤں کس کو

تیرا نام بتاؤں کسی۔

فرش پہ بیٹھتی چلی گئی رات قربت کے لمحاتِ میں بھی وہ یہ ہی سوچتی کہ اگر ضامن کو معلوم ہو گیا تو کیا ہو گا آضامن اس سے حق لے رہا تھا اس کے وجود پہ اپنے ہونٹوں کی مہر لگا تہا تھا اور ابرش کے ذہن سے یہ سوچیں ہی نہیں نکل رہی تھیں لیکن اس نے یہ نہیں سوچا تھا کہ اسے ضامن کی اتنی نفرت کا

سامنا کرنا پڑے گا ضامن اتنی شریف نفرت کرے گا یہ اس نے کہاں سوچا تھا دل کئی حصوں میں ٹکرے ٹکرے ہوا تھا۔

ضامن کو اس نے روح کی گہرائیوں سے چاہا تھا آج اپنی انا مارتے اس نے ضامن سے اظہارِ محبت کیا لیکن ضامن نے بدلے میں اسے نفرت سے دھتکار دیا وہ بھول ہی نہیں پا رہی تھی ضامن کے لفظوں کو۔

محبت خطا ہے سمجھتے ہیں ہم بھی

محبت خطا ہے سمجھتے ہیں ہم بھی

محبت خطا ہے سمجھتے ہیں ہم بھی

خطا بخش دے ہم خطا کر رہے ہیں

وفائوں کے بدلے جفا کر رہے ہیں

میں کیا کر رہا ہوں وہ کیا کر رہے ہیں

وہ آپنی سسکیاں نہیں روک پا رہی تھیں آنکھوں سے اشک بہتے اس کے رخساروں کو بھگو چکا تھا اتنی تکلیف تو اس کو اس وقت نہیں ہوئی جب جب ضامن اس کو نظر انداز کرتا تھا اس کے سامنے فزا کو اہمیت دیتا پر ضامن کے لفظوں۔۔۔"آئی ہیٹ یو۔۔۔"نے اس کے پورے وجود میں شعلے سے دہکنے لگے تھے آنکھیں برس رہی تھیں۔

"کیوں۔۔!؛"وہ بال جھنجھوڑ رہی تھی جب ضامن کے لیے اس نے وہ دوائی خریدی تب بھی دل ڈرا تھا ضامن کے ری ایکشن سے لیکِن نفرت کا اظہار سننے کو ملے گا یہ اس نے نہیں سوچا تھا۔

وہ کتنی دیر فرش پہ بیٹھی روتی رہی اپنی قسمت پہ آنسو بہاتی رہی لیکن دل میں اٹھتا درد کسی صورت بھی کم نہیں ہو رہا تھا۔

وہ ضامن سے شکوہ کرتی شکایت کرتی بھی تو کیا فایدہ تھا ضامن نے جیسے ہر وجہ ہی ختم کر دی تھی اس کی شکایت کی وہ افسردگی سے اٹھتے اپنے بال جھنجھوڑتے اپنے دل میں اٹھتے درد کو کم کرنے کی سعی کر رہی تھی لیکِن درد تھا کہ بڑھنے کے بجائے کم ہوتا جا رہا تھا ضامن کو غصہ ہال والے واقعے کی وجہ سے بھی تھا اور رات کو ان کے درمیان ہوا ابرش کو یاد آیا ضامن نے کتنی بار اسے وایفی کہہ کر بلایا تھا اور اس کے ہونٹوں کے قربت کے لمحات میں کتنے خوبصورت نکل رہے تھے۔

ابرش نے کہاں سوچا تھا اسے انہی ہونٹوں سے اتنے بھیانک لفظ بھی سننے کو ملیں گے۔

وہ چینج کرتے سمپل سی ٹی شرٹ اور ٹروزار پہنے کمرے میں آئی تھی ضامن نہیں تھا شاید وہ باہر نکل گیا تھا۔

ابرش ضامن سے خفا ہو چکی تھی جو لفظ اس نے بولے تھے ان کی وجہ سے شاید وہ خود کی غلطی بھول چکی تھی جو اس نے خود کیا۔

ضامن کی عزت پہ داغ لگا تھا ابرش کی فضول سی ضد کی وجہ سے عائلہ کا نکاح ہو گیا وہ الگ بات کہ یرمان ملک جیسے انسان کی خواہش کوئی بھی لڑکی کر سکتی تھی۔

"سر آپ سمجھتے ہیں کہ میری وجہ سے آپ کی عزت پہ حرفِ آیا تو ٹھیک ہے اب میں ہی یہ سب کلئیر بھی کرونگی سر۔۔۔۔" وہ اپنے آنسو صاف کرتے بیڈ پہ بیٹھ گئی تھی اس کے بال بھی اب خشک ہو گئے تھے جبکہ جو آنسو آنکھوں سے گر رہے تھے وہ خشک ہونے کے بجائے مزید شدت سے بہہ رہے تھے۔

"سر کہاں ہوں گے۔۔۔!؛"وہ ضامن کی اتنی بے رخی نفرت کے باوجود بھی اس کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی۔ضامن کے بارے میں سوچنے سے وہ خود روک نہیں پاتی تھی جتنی کوشش کرتی تھی ضامن کو نہ سوچے وہ اتنی شدید سے سوچتی تھی۔

اس نے اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھا بھوک لگی تھی رات کے بعد سے اپنا وجود بھی تھکا سا محسوس ہوا تھا۔

ضامن نے اس کے وجود کو اپنے ہونٹوں سے چومتے اس سے اپنا حق تو لے لیا تھا لیکن اب وہ بھول چکا تھا ابرش نے تو سوچا تھا کہ یہ سب ہونے کے بعد شاید ان کے آپسی تعلقات ٹھیک ہو جائیں گے لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا تھا الٹا ضامن اس سے نفرت کا اظہارِ کر کے چلا گیا تھا اور ابرش کے لیے یہ نفرت سوہان روح تھی۔۔۔

وہ باہر آئی تو کچن میں ٹیبل پہ ناشتہ سٹ تھا لیکن ابھی تک ویسے ہی پڑا تھا ضامن نے کھانا نہیں کھایا ہؤا تھا وہ کیسے کھاتی اس نے بھی ناشتہ ایسے ہی چھوڑ دیا ضامن کو کال ملانے کا خیال آیا لیکن پھر ضامن کا رویہ یاد کرتے اس نے اپنے خیال کو دل میں ہی دبا لیا تھا اب بس وہ ضامن کا انتظار ہی کر سکتی تھی کہ وہ جلدی واپس آ جائے۔

وہ لاؤنج میں ہی بیٹھ گئی ضامن کہیں بھی جاتا وہ اس کی واپسی کی دعا کرتی نجانے کیوں دل کو دھڑکا سا لگا رہتا تھا ضامن نے اسے ایک دو بار اپنی باتوں سے اپنی زندگی میں موجود کسی اؤر لڑکی کے بارے میں بتایا تھا لیکن ابرش کو یقیں نہیں آتا تھا کہ ضامن کی زندگی میں کوئی لڑکی ہو سکتی ہے۔۔

لیکِن رات کے ضامن کے ری ایکشن اؤر اس کی نفرت ابرش کو ایسا سوچنے پہ مجبور کر رہی تھی۔

کافی دیر تک وہ وہیں بیٹھی اب تو دن کے دو بج گئے تھے ضامن کے آنے کے انتظار میں وہ ایسے ہی بھر کی بیٹھی رہی اس کے بغیر تو حلق سے نوالہ تک نہیں اترتا تھا وہ کھاتی تو کیسے۔

ضامن کو اس بات کا احساس نہیں تھا ابرش کے ذہن میں عائلہ کا خیال آیا وہ اٹھتے عائلہ کے کمرے میں چلی آئی اس نے کتنی بار سوچا کہ وہ عائلہ کی ڈائری پڑھے گی لیکن پہلے سٹڈی کی وجہ سے اسے ٹائم نہیں ملتا تھا پر ابھی وہ فارغ بیٹھی تھی۔۔۔

ضامن کے بغیر دل بھی نہیں لگ رہا تھا سو اس نے عائلہ کی ڈائری اٹھاتے بیڈ پہ بیٹھتے پڑھنی شروع کی تھی۔

فرنٹ پہ عائلہ اوَر ضامن کے ساتھ ایک آدمی کی تصویر تھی ابرش کو حیرانگی ہوئی یہ آخر کون تھے اس نے تو ضامن کے روم میں ایسی کوئی تصویر

نہیں دیکھی تھی عائلہ کے کمرے میں وہ کم ہی آئی تھی اوٗر اب اس نے عائلہ کے کمرے میں بھی دو تین تصویریں دیکھی تھیں یقیناً یہ انسان ان کے ڈیڈ تھے بہت خوبصورت ان کی آنکھوں کا کلر بھی سیاہ تھا ضامن نے اپنے سارے نین نقش ان سے ہی چرائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس تصویر کو کتنی دیر دیکھتی پھر اس نے آگے پیج پلٹا عائلہ کا نام لکھا ہوا تھا اور تعارف وہ لوگ کراچی آنے سے پہلے حید آباد میں رہتے تھے شاید دونوں کا بچپن بھی وہاں گزرا ہو لیکن آگے عائلہ نے لکھا ہوا تھا وہ دونوں لاہور بھی رہتے تھے اپنے باپ کے ساتھ۔

ابرش اوپر سے پڑھ رہی تھی ساری ڈائری پڑھنے بیٹھتی تو اسے شام ہو جاتی تھی۔

اس کی اچانک سے ایک لفظ پہ پڑی۔

"بھائی کو ناشتے میں پراٹھا بہت پسند ہے قیمے کا پراٹھا ہو تو بھائی کبھی کھانے سے انکار نہیں کر سکتے ہیں اوَر بھائی کی فیورٹ چکن بریانی چائینیز رائس بھی بھائی کے موسٹ فیورٹ ہیں۔۔۔!؛" ابرش نے یہ لائن دو تین بار پڑھی تھی۔

ضامن کی پسند کے بارے میں جان کر دل کو تھوڑی تسلی ہوئی لیکن ضامن کی نفرت کا سوچتے اس کی دھڑکنوں تیز ہوئی تھیں گھڑی اب شام کے چار بجا رہی تھی صبح دس بجے کا گیا ضامن ابھی تک واپس نہیں آیا تھا ہر گزرتے لمحے ابرش کی پریشانی بھی بڑھتی جا رہی تھی آخر کیوں نہیں آ رہا تھا ضامن۔

وہ ضامن کو سوچتی تو دل بجھ جاتا۔

نجانے کیوں اتنی پوزسیو ہو چکی تھی وہ ضامن عباس کے لئے وجہ وہ خوُد بھی نہیں جانتی تھی ہاں لیکن ضامن اس کے آس پاس نہیں ہوتا تو اسے آپنا آپ خالی خالی سا لگتا تھا۔

ضامن کو مکمل پا چکی تھی تھوڑی بہت تسلی تھی کہ اب ضامن کے ساتھ اس کا رشتہ مظبوط ہے ضامن اب کچھ نہیں کرے گا۔پر ضامن نے تو اسے دھمکی دی تھی کہ وہ زیادہ دیر اب اسے اپنے ساتھ نہیں رکھے گا چھوڑ دے گا۔

کیا وہ اس سلسلے میں کہیں گیا تھا۔۔۔!؛"ابرش نے بے ساختہ اپنے دل پہ ہاتھ رکھا۔۔۔

"نہیں وہ آیسا نہیں کر سکتے ہیں۔۔۔!؛"ابرش نے خوُد کو تسلی دی لیکن دل بری طرح سے ڈوبا جا رہا تھا ضامن آگے نجانے کیا کرنے والا تھا۔

•••••

ضامن کب سے بیچ پہ کھڑا سمندر میں ابلتی لہروں کو دیکھ رہا تھا گھر سے تو نکل آیا تھا لیکِن دل تھا کہ بری طرح سے ملامت کر رہا تھا ابرش کو جو لفظ اس نے بولے تھے اسے خود بھی احساس تھا لیکِن ابرش کی حرکت کے بارے میں جان کر اسے ابرش پہ بے انتہا غصہ آیا تھا وہ کیسے ایسی حرکت کر سکتی تھی صرف ضامن کے قریب آنے کے لیے اس نے ایسا کھیل رچایا اس کو نشہ آور دوا دے۔

ضامن کا سر تورات کو ہی بھاری ہو رہا تھا لیکِن اس نے نظر انداز کیا تھا اب اسے کچھ کچھ بارش والا منظر یاد آ رہا تھا اس نے شرٹ کی آستین کہنوں تک فولڈ کی ہوئی تھیں اور سینے پہ بازو باندھے وہ لہر کو دیکھ رہا تھا اس نے گاڑی کی بونٹ سے ٹیک لگائی ہوئی تھی اس جگہ اسے کچھ سکون ملا تھا جب سے وہ

کراچی آیا تھا سوچ رہا تھا بیچ پہ جائے اور آج اتنا ڈیپر سڈ تھا کہ یہاں چلا آیا تھا۔

دل کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے ابرش کے لیے اس کے دل میں گنجائش نکل رہی تھی وہ نہ چاہتے بھی ابرش کو قبول کر رہا تھا لیکِن ابرش نے یہ سب کیوں کیا شاید ابرش کو ڈر تھا کہ ضامن اُسے چھوڑ دے گا ابرش نے اس کے ساتھ رہتے خوُد کو کافی حد تک بدل لیا تھا وہ جو دوپٹے سے کوسوں دور رہتی تھی اب شال اوڑھنے لگی تھی اس کی وجہ سے ابرش نے آپنا لائف سٹائل تک بدل دیا لیکن پھر بھی وہ ابرش کی اس حرکت کو نہیں بھول پا رہا تھا ابرش نے جو کیا وہ اس کا دل بری طرح سے دکھا چکا تھا ابرش کے پاس رکتا تو شاید اسے غصے میں مزید بہت کچھ کہہ دیتا اس لیے نکل آیا تھا گھر سے۔

عائلہ کو سوچتے اس کو کچھ ہونے لگتا تھا کسی سے شئیر نہیں کرتا تھا لیکن عائلہ اسے بہت یاد آتی تھی۔ وہ بہن تھیں کیسے بھول سکتا تھا جو عائلہ نے یرمان ملک کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا وہ بھلے ضامن کو آندر سے توڑ گیا لیکن سچ یہی تھا کہ ضامن کی آج بھی ہر دعا میں عائلہ کی خوشیوں کی دعا شامل ہوتی تھی یرمان کا رویہ عائلہ کے ساتھ کیسا تھا یہ تو ضامن نہیں جانتا تھا لیکن یرمان ملک جس دن گھر آیا اُس کی آنکھوں میں عائلہ کے لیے ضامن نے جنون دیکھا تھا جیسے وہ عائلہ کے لیے لڑنے مرنے کو تیار ہو عائلہ بہت معصوم تھی اس نے آج تک کسی بے چیز کو بھی نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کی تھی تو پھر اس کے ساتھ رب برا کیسے کر سکتا تھا۔

ضامن عائلہ کے بارے میں سوچتا تو سوچیں خود بخود ابرش کی طرف چلی آئی جاتی۔

اپنے لفظوں کی بازگشت اسے اپنی سماعتوں میں سنائی دے رہی تھی وہ شرمندہ سا تھا۔ کیا کرتا صبح اُٹھتے اس نے جو منظر دیکھا وہ اس کے لیے ناقابلِ یقین تھا اسے تو اپنا آپ مجرم لگا ابرش کا کتنا گلٹ فیل ہو رہا تھا اسے ابرش کے لیے۔۔ پر سچ تو یہ تھا کہ یہ سب ابرش نے کیا ضامن کو حیرانگی اس بات پہ ہو رہی تھی کہ آخر یہ سب ابرش کے زہن میں کیسے آیا۔

"کیا کروں میں۔۔۔؟!" وہ پوری طرح سے الجھا ہوا تھا جانتا تھا جو لفظ اس نے آتے ہوئے ابرش سے بولے وہ ان لفظوں کو بھول نہیں پائے گی دل اس کا بھی افسردہ تھا لیکن دماغ میں الٹی سیدھی سوچیں گھر کر رہی تھیں جن سے وہ چھٹکارا حاصل نہیں کر پا رہا تھا ابرش اس کی بیوی تھی یہاں اب اس رشتے کو تسلیم کرنے لگا تھا کہ ہاں بھلے ابرش نے جو کیا وہ بہت غلط تھا لیکن اب تو وہ بدل چکی تھی تو کیا ضامن ابرش کی وہ غلطی معاف نہیں کر سکتا۔

دل ہر بار ابرش ملک کے حق میں گواہی دیتا تھا لیکِن دماغ ہمیشہ ہی یہ دلیلیں رد کر دیتا اس وقت ضامن بہت کنفیوژ تھا کب سے کھڑا بس رات کے بارے میں سوچے جا رہا تھا۔

تھوڑا تھوڑا اب دھندلا سا عکس اسے یاد آنے لگا تھا وہ بارش میں ابرش کے قریب جانا اسے کس کرنا اس کا سر بھاری ہوا تو اس کو چکر سا آیا اس نے گاڑی کے بونٹ پہ زور سے ہاتھ مارا تھا۔۔

"ضامن سر آپ۔۔۔!؛"اس آواز پہ وہ پیچھے پلٹا یہ آواز کسی اور کی نہیں بلکے دیدم کی تھی جو ریڈ ٹائٹس پہ وائٹ کلر کی ٹی شرٹ میں ملبوس بالوں کو پونی میں قید کیے ہاتھ میں سیل فون پکڑے اس کے پیچھے کھڑی تھی آنکھیں خوشی سے جگمگا رہی تھیں شاید ضامن کو دیکھ کر۔

وہ یہاں اپنی دوستوں کے ساتھ بیچ پہ آئی ہوئی تھی پیپرز ختم ہونے کے بعد یہ پورا ویک اس نے دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پلان بنایا تھا آج یہ لوگ ساحل سمندر پہ آئے تھے دیدم اپنی دوستوں کے ساتھ تصویریں بنا رہی تھی جب اس کی نظر ضامن پہ پڑی وہ بے یقینی سے ضامن کو دیکھنے لگی آنکھوں کی چمک بڑھی تھی۔۔۔

اس نے اپنے دوستوں سے ایک فون کال کا بہانہ بنایا اور ضامن کی طرف چلی آئی جو اسے ایک ہی پوزیشن میں کھڑا نظر آیا نجانے کیا سوچ رہا تھا دیدم کی تو عید ہی ہو گئی صبح سے وہ ضامن کے بارے میں سوچ رہی تھی پہلے تو اسے ضامن کے ڈیپارٹمنٹ کا پتہ چل گیا تھا تو یونیورسٹی میں دیدم ضامن کو دیکھ لیتی تھی لیکِن اب تو پیپرز کے ساتھ بند تھی اس کے پاس ضامن کا نمبر نہیں تھا تو اس کی بات بھی کہی ہو پاتی ضامن سے۔

وہ ضامن کو سوچتے تھی اس کی دوستوں نے کافی بار وجہ پوچھنے کی کوشش بھی کی لیکن دیدم نے ٹال دیا اب وہ کیا بتاتی اپنی دوستوں کو۔

"سر آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔۔"وہ ضامن کے ساتھ گاڑی کی بونٹ سے ٹیک لگائے کھڑی ہوئی جبکہ نظریں اس کی ضامن پہ تھیں جس کی شرٹ کی سلیوز فولڈ کیے ہوئے میں وہ خاصا ہنڈسیم لگ رہا تھا کہ دیدم کہ نظریں اس پر سے ہٹنے سے انکاری تھیں۔

اس نے آپنی شرٹ کے اوپر بٹن کھول رکھے تھے جن سے نظر آتے اس کے سکس پیک ابیس دیکھ کر تو کوئی بھی لڑکی اپنا دل ہار جاتی اوٗر دیدم تو پہلے ہی ضامن کی پرسنالٹی پی فدا تھی۔

"آپ جہاں کیا کر رہی ہیں مس۔۔۔!؛"ضامن جو اس وقتِ ابرش کے خیالوں میں ڈوبا نجانے کیا سوچ رہا تھا اسے دیدم کی آمد پسند نہیں آئی تھی۔

"آپ سے بات۔۔۔!؛" دیدم نے مسکراتے جواب دیا تھا ضامن نے لب بھینچ لیے۔

"بٹ مجھے آپ سے بات کرنے میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے سو آپ جا سکتی ہیں مُجھے اس وقت تنہائی چاہیے ایکسکیوزمی۔۔۔۔" ضامن نے ایکسکیوز کر لیا لیکن دیدم ضامن کے معاملے میں خاصی ڈھیٹ تھی وہ ضامن سے باتیں کرنے آئی تھیں کیسے چلی جاتی وآپس جبکہ ضامن کو پھر یونی میں ہی دیکھ پاتی

۔

"کیوں سر آپ پریشان لگ رہے ہیں ابرش سے جھگڑا ہوا آپ کا؟ ویسے سر آپ نے ابھی تک ابرش ملک کو ساتھ کیوں رکھا ہے میرا مطلب ہے ابرش ملک کی وجہ سے وہ کو اتنا کچھ فیس کرنا پڑا آپ کی سسٹر کے ساتھ اتنا برا ہوا آور آپ نے ابرش ملک کو ابھی تک طلاق نہیں دی۔۔۔ جو اُس دن ہال میں

ہوا آدھی سے زیادہ یورنیورسٹی کو معلوم تھا کہ آپ بے قصور ہیں لیکن قیوم ملک کے سامنے بولنے کی ہمت کسی نے نہیں کی۔۔۔!؛"دیدم جانتی تھی ضامن ویسے بات نہیں کرے گا اس نے کچھ سوچتے ابرش والا موضوع سٹارٹ کیا تھا کیونکہ ضامن کو اگر وہ ابرش کے خلاف کر دیتی تو بہت کچھ ہو سکتا تھا۔

"مس میں نے آپ سے کہا کہ مجھے آپ سے بات کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے آپ یہاں جو کرنے آئی ہیں وہ کریں۔۔۔اور ہاں ابرش میری بیوی ہے اؤر مجھے بالکل بھی پسند نہیں ہے کوئی تیسرا انسان ہمیں ڈسکس کرے ہماری جو پرو بلمز ہیں وہ ہم خؤد ساٹ آؤٹ کر لیں گے آپ کو اس بارے میں سوچنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔!؛"ضامن پہلے ہی ابرش اؤر

اپنے رشتے کو لیکر جتنا الجھا ہوا تھا وہ مزید کسی کے منہ سے ابرش کے بارے میں کچھ نہیں سن سکتا تھا۔۔

"میں جانتی ہوں ابرش ملک آپ کی بیوی ہے لیکن وہ نکاح آپ بھول گئے جس کی وجہ سے آپ کا کردار اتنے سارے لوگوں کے سامنے مشکوک ہوا سر۔۔۔" دیدم بھی چن چن کر وار کر رہی تھی ضامن کی کمزوریوں پہ وہ ابرش سے نفرت کرتا تھا نکاح کے بعد تو تقریبا سبھی یہ بات جانتے تھے ضامن انکار کر رہا تھا لیکن اس انکار کی وجہ بھی دیدم کی سمجھ میں آچکی تھی یقیناوہ کسی اجنبی سے ابرش کے بارے میں کچھ شئیر نہیں کرنے والا تھا۔

"آپ کیوں میرے سامنے مس ملک کو ڈسکس کر رہی ہیں جانتے ہیں ناں وہ میری بیوی ہیں اوٗر مُجھے بالکل پسند نہیں ہے کوئی اس طرح ہمارے رشتے کے بارے میں بولے آپ خیال کیجیے گا نیکسٹ ٹائم۔۔۔" ضامن سیدھا اوٗر

اس سے پہلے کہ گاڑی کا دروازہ کھولتے آندر بیٹھتا دیدم نے اس کے آگے آتے گاڑی کے دروازے پہ ہاتھ رکھا تھا ضامن نے ابرو آچکاتے سوالیہ نظروں سے دیدم کو دیکھا تھا۔

"سر آپ اچانک سے کیوں جارہے ہیں پہلے تو آپ کتنی دیر سے یہاں کھڑے تھے مجھ سے باتیں کریں پلیز تھوڑی دیر تک آپ کو نہیں پتہ آپ مجھے کتنے اچھے لگتے ہیں۔۔" دیدم بے باکی کی حد کو چھو رہی تھی اتنی بے باکی تو ابرش نے بھی نہیں دکھائی تھی کبھی ضامن سے بات کرتے ہوئے جتنی یہ لڑکی دکھائی رہی تھیں نظریں اس کی ضامن کے چہرے پہ ہی ٹکی تھیں۔

"مس آپ کسی اوٗر کو ڈھونڈیں باتیں کرنے کے لیے۔۔!؛" ضامن کے سلگتے لہجے پہ دیدم کا چہرہ ضبط سے سرخ ہوا ضامن کی باتوں کا مطلب وہ آچھے سے سمجھ گئی تھی۔

"سر آپ کی بات کا مطلب کیا ہے۔۔!" دیدم سلگی تھی اسے تو لگا تھا کہ ابرش کی برائیاں کر کے وہ آسانی سے ضامن کو اپنی طرف مائل کر لے گی لیکن آیسا کچھ نہیں ہو رہا تھا ضامن تو اس سے بات کرنے کے موڈ میں نہیں تھا پہلے کیسے ریلیکس سا کھڑا تھا اوَر اب اس کے آتے ہی ضامن کو واپس جانا تھا۔

"میری بات کا مطلب آپ بہت اچھے سے سمجھ چکی ہیں اوَر مُجھے واپس جانا ہے میری بیوی میرا انتظار کر رہی ہو زیادہ دیر رکا تو وہ ناراض ہو گی۔۔۔" ضامن نے اس فقرے میں دیدم پہ بہت کچھ واضح کیا تھا دیدم کی نظریں اچانک سے ضامن کی گردن پہ بنے نشان پہ گئی اوَر پھر اس کا چہرہ سرخ ہوا ضامن کی گردن ہی ناخنوں کے نشان تھے جو یقیناً ابرش ملک کے

ہی ناخنوں کے تھے کیا ان دونوں کے درمیان تعلقات اتنے گہرے تھے

دیدم کو اپنا وجودِ دہکتے تندور میں جلتا سا محسوس ہوا تھا۔

"بیوی آپ مانتے ہیں ابرش کو بیوی۔۔۔؟ یہاں مجھے لگتا ہے آپ کو ابرش ملک سے محبت نہیں ہے بلکے ابرش کی وجہ سے تو آپ کا نقصان ہوا پھر کیوں ابھی تک آپ نے ابرش کو نہیں چھوڑا۔۔۔؟" دیدم کے دل میں یہ سارے سوالات چل رہے تھے جن کو وہ لفظوں کی صورت میں زبان پہ لے آئی تھی۔

"آپ کو نہیں لگتا ہے کہ آپ پرسنل ہو رہی ہیں مس۔۔۔ابرش ملک میری ہیں اور ہمارے درمیان جو کچھ ہوا وہ ہمارا ذاتی مسلہ ہے آپ کو اس میں الجھنے کی ضرورت نہیں ہے اور آپ اپنے قدم یہیں پہ روک لیں تو آپ

کے حق میں بہتر ہو گا۔۔"وارننگ تھی ضامن کے انداز میں دیدم کے لیے

۔

"آپ شاید سمجھ چکے ہیں میرے جزبات تو چھپانے کا کوئی فایدہ نہیں ہے سر آئی لو یو۔۔۔!؛"وہ بے باکی سے ضامن کے کندھوں پہ ہاتھ رکھتے اس کے قریب ہوئی تھی لیکن ضامن نے اسے دھکا دیا تو وہ پیچھے گری تھی اس اچانک ہونے والی افتاد کے لیے وہ تیار نہیں تھی چہرہ اہانت کے اثر سے سرخ ہوا پہلی بار کسی نے اس کو اتنی بے رخی دکھائی تھی۔

"شٹ اپ مس۔۔۔"ضامن مزید کچھ نہیں بولا ہاں لیکِن اس کے انداز نے دیدم پہ یہ واضح کر دیا تھا کہ ضامن کے دل میں اس کے لیے ایسی کوئی فیلنگز نہیں ہیں وہ تڑپ گئی ضامن سے بات کرنا چاہتی تھی لیکن ضامن

گاڑی بھا گا لے گیا وہ اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھتے اپنی سسکیوں کو روک رہی تھی۔

"دیدم دیدم تم ٹھیک ہو۔۔۔؟"اس کی دوست جو کب سے اس کا انتظار کر رہی تھی لیکن دیدم کو نہ آتے پا کر وہ اب اسے ڈھونڈنے نکل آئی تھی اور جب اس کی نظر دیدم پہ پڑی تو اس کے لبوں سے چیخ نکلی اسے لگا شاید دیدم گر گئی ہے اس لئے آیسے بیٹھی ہے۔۔۔۔

ء"دیدم تم کچھ بول نہیں رہی ہو یار سب ٹھیک ہے؟"وہ بچاری آپنی دوست کی حالتِ دیکھ کر پریشان سی اس کے قریب بیٹھتے پوچھ رہی تھی دیدم نے آنکھیں میچ لی اب کیا بتاتی اسے کہ کوئی دیدم کو بری طرح سے ٹھکرا کر چلا گیا ہے ۔

میری طعیبت ٹھیک نہیں ہے گھر چلتے ہیں۔۔۔"دیدم نے خود کو " سنبھالا تھا اپنی دوست کے سامنے وہ ایسی ویسی کوئی بات نہیں کر سکتی تھی کیا سوچتی یہ اس کے بارے میں ۔

کیا ہوٗا طعیبت کو پہلے تو ٹھیک تھی اچانک سے؟ کس سے بات کی " تم نے جس کی وجہ سے اتنی طعیبت خراب ہو رہی ہے تمھاری دیدم۔۔۔!؛"دیدم نے اس کے بہت زیادہ اسرار کرنے پہ بھی اسے کچھ نہیں بتایا اور ٹھوڑی دیر میں ہی وہ واپس گھر چلی گئ اس کی دوست تو دیدم کے بدلتے رویئے پہ الجھی ہوئی تھی آخر اچانک سے کیا ہو گیا جو وہ اتنی پریشان لگ رہی تھی ۔۔۔

••••••

ضامن کا انتظار کرتے کرتے ابرش کی ہمت جواب دے گئی شام ہونے والی تھی لیکِن ضامن کا کچھ اتا پتا نہیں تھا ابرش فون بھی نہیں کر سکتی تھی اوَر ضامن کا نہ آنا اس کی پریشانی میں بھی اضافہ کر رہا تھا صبح سے ان لفظوں کی بازگشت اسے اپنی سماعتوں سے ٹکراتے محسوس ہو رہی تھی کیا فایدہ ہوا اسے وہ سب کر کے الٹا ضامن کو وہ مزید خود سے دور کر چکی تھی۔۔۔

وہ عائلہ کے کمرے سے نکلتے دوبارہ لاؤنج میں بیٹھ گئی تھی تھوڑی دیر ٹی وی دیکھی پھر بور ہونے لگی یہ بوریت ضامن کے نہ آنے کی وجہ سے تھی جو صبح سے نکلا ابھی تک شاید واپسی کا راستہ ہی بھول گیا تھا یا شاید وہ جان بُوجھ کر واپس نہیں آ رہا تھا ابرش کے آنگ آنگ سے بے چینی ظاہر ہو رہی تھی وہ شریف اظطراب کا شکار تھی اس کا سیل بجا ڈیڈ کی کال تھی جب سے وہ ضامن کے ساتھ رہ رہی تھی بہت کم اس کی ڈیڈ سے بات ہو پاتی تھی۔

"ڈیڈ کیسے ہیں آپ۔۔۔؟" جتنی صبح سے وہ الجھی ہوئی تھی ڈیڈ کی کال دیکھ کر موڈ کچھ فریش ہو گیا تھا وہ مسکراتے ڈیڈ سے بات کرنے لگی۔

"کیسی ہے میری پرنسز۔۔۔؟" قیوم ملک اب خاصے مطمین تھے ضامن کے ساتھ ابرش کو رخصت کر کے ہاں ان کی اپنی زندگی میں بہت سی پروبلمز چل رہی تھی جو اب شدت اختیار کر چکی تھیں لیکن بیٹی کی طرف سے وہ مطمین تھے۔۔

"آگئی میری یاد۔۔؟ آپ تو مجھے سر کے ساتھ رخصت کر کے بھول ہی گئے ڈیڈ۔۔۔!؛" ابرش کے لبوں سے شکوہ پھسلا تھا۔

"آپ ضامن کے ساتھ اچھے سے اڈجسٹ کر لو کوئی مسلئہ نہ ہو آپ کو اسی لیے آپ کو بار بار فون نہیں کیا آپ خوش ہو ضامن کے ساٹھ؟ بیہیویر کیسا ہے ضامن کا آپ کے ساتھ؟ زیادہ غصہ تو نہیں کرتا وہ!" قیوم ملک نے پہلے

تو اتنے دن رابطہ نہیں کیا لیکن آج وہ ابرش سے سارا کچھ تفصیل سے پوچھ رہے تھے کہ ضامن کا بیہو ہر اس کے ساتھ کیسا ہے۔۔۔۔۔

ڈیڈ کے ہونٹوں سے لفظ خوش سن کر وہ طنزیہ ہنسی صبح کا ہؤا واقعہ بے ساختہ نظروں کے سامنے گھوما تھا وہ ضامن کے رویئے کو سوچتے بمشکل اپنی سسکی روک سکی ڈیڈ کو اس بارے میں بتا کر وہ پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی دل پہ جو گزر رہی تھی اس سے تو بس وہی واقف تھی کسی کو بتاتی بھی تو کیا فایدہ ہونا تھا الٹا ڈیڈ نے اور پریشان ہو جانا تھا۔

"آہ ڈیڈ سب ٹھیک ہے میں بالکل ٹھیک ہوں سر کا بیہو ہر بھی آچھا ہے میرے ساتھ آپ پریشان نہیں ہوں آپ بتائیں مام کیسی ہیں اور آپ کی بات ہوتی یرمان بھائی سے وہ واپس نہیں آئے ابھی تک۔۔۔؟" عائلہ یونی

سے غائب تھی تو ابرش جانتی تھی کہ وہ دونوں ابھی تک واپس نہیں آئے تھے اگر آجاتے تو ضرور عائلہ پیپر دیتی۔۔۔

"بیٹا اتنی جلدی اُن دونوں کی واپسی نہیں ہو سکتی ہے وہ تو وہاں پورا مہینہ رہنے والے ہیں۔۔۔"ڈیڈ کی تھوڑی دیر پہلے ہی بات ہوئی تھی ان کی عائلہ اور یرمان سے وہ دونوں ٹھیک تھے۔

"کیا مطلب ڈیڈ؟ اُنہوں نے اتنا لمبا ٹرپ پلان کیا ہوا ہے کیا؟ عائلہ کے پیپرز بھی مس ہو گئے ہیں سارے ایک پیپر بھی نہیں دیا عائلہ نے۔۔۔!؟"

"بیٹا مجبوری تھی عائلہ کی طعیبت خرابی کی وجہ سے یہ فیصلہ لینا پڑا ورنہ جتنی تاخیر ہوتی اتنا ہی عائلہ کی طعیبت پہ برا اثر پڑتا اس کا۔۔۔"وہ جان گئے کہ ابرش عائلہ کی بیماری کے متعلق نہیں جانتی ہے ورنہ ان سے سوال نہیں کر رہی ہوتی۔

"کیا ہوا عائلہ کی طعیبت کو۔۔؟"

"عائلہ کی ہارٹ سرجری ہوئی ہے بیٹا وہ بیمار تھی تو چیک اپ کروانے پہ اس کی بیماری کے متعلق معلوم ہوا آور پھر یرمان کو ڈاکٹرز نے برلن کے ہاسپٹل میں موجود ایک ڈاکٹر کے بارے میں بتایا تھا۔۔۔یرمان خود بھی یہی چاہتا تھا کہ عائلہ کے پیپرز ہو جائیں لیکن پھر حالات ہی ایسے تھے بیٹا۔۔۔!؛" وہ ابرش کو تفصیل سے عائلہ کے متعلق بتا رہے تھے۔

"واٹ عائلہ کو ہارٹ پرو بلم؟ کب سے ڈیڈ وہ لوگ سرجری کے لیے برلن گئے ہیں لیکن بھائی نے تو ہمیں کہا کہ وہ ہنی مون پہ جا رہے ہیں مجھے یہی لگا کہ یہ ان کا ہنی مون ٹرپ ہے۔۔۔" ابرش اپنی پریشانی بھول چکی تھی اس کو اس پل عائلہ کی فکر ہوئی جب سے یرمان اور عائلہ ان سے مل کر گئے اس

کے بعد ابرش کی یرمان سے بات نہیں ہوئی تھی تبھی ابرش اس متعلق کچھ نہیں جانتی تھی۔۔

"شاید ضامن کو نہ پتہ چلے اس لیے یرمان نے ہنی مون کا کہہ دیا لیکن بیٹا وہ لوگ سرجری کے لیے گئے ہیں جو کامیاب بھی ہو گئی ہے عائلہ اب بالکل ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔!؛" قیوم ملک ابرش سے تو مزید ضامن کے بارے میں کچھ پوچھنا ہی بھول گئے تھے ان کی باتیں عائلہ کے متعلق تھیں دونوں عائلہ کو ڈسکس کر رہے تھے ابرش کو ضامن کا خیال آیا جو اس بارے میں کچھ نہیں جانتا تھا.

"بٹ ڈیڈ یہ چھوٹی بات نہیں ہے عائلہ بہن ہے ضامن سر کی۔۔۔ آپ کب تک چھپائیں گے ضامن سر۔۔۔؛؛" ابرش کا یہ آخری جملہ ضامن نے بھی سنا تھا جو اسی وقتِ گھر میں داخل ہوا تھا اور ابرش کو لاؤنج میں فون پہ کسی

سے باتیں کرتے دیکھ کر وہ وہیں رک گیا ہاں لیکن ابرش کے آخری جملے سے وہ بہت کچھ سمجھ گیا کہ بات ہو سکی متعلق رہی تھی۔

"بیٹا آس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا ہوں میں یہ عائلہ اؤر یرمان کا اپنا فیصلہ ہے وہ دونوں ہی اس متعلق بتا سکتے ہیں ویسے بھی اب عائلہ ٹھیک ہے میری ویڈیو کال پہ بات ہوئی تھی دونوں سے۔۔۔"

"وہ تو ٹھیک ہے ڈیڈ لیکن پھر بھی۔۔۔ چلیں میں بھائی سے بات کر لو نگی آپ ریسٹ کریں میں آپ سے بعد میں بات کرتی ہوں۔۔۔" ابرش کی نظر ضامن پہ گئی تو اس نے قیوم ملک سے الوداعی جملے بولتے فون کٹ کر دیا تھا قیوم ملک بیٹی سے مزید بات کرنا چاہتے تھے ضامن کے متعلق معلوم کرنا چاہتے تھے ابرش انہیں تھوڑی اپ سٹ لگی تھی۔

رخصتی کے وقت جس قدر ضامن غصے میں تھا اس سے کچھ بھی توقع کی جا سکتی تھی نجانے اُس کا ابرش کے ساتھ کیسا سلوک تھا وہ تو ابرش سے زیادہ بات نہیں کر سکے تھے۔۔

تین چار دن بعد ان کا برتھڈے تھا اور انہوں نے سوچ لیا تھا کہ برتھڈے پہ وہ اریبہ کو سب کے سامنے بیوی کے طور پہ متعارف کروائیں گے۔

یہ فیصلہ وہ شاید کبھی نہیں لیتے اگر اریبہ کی کوک میں ان کا بچہ نہیں پل رہا ہوتا۔

اریبہ سے اتنے دنوں سے ان کی کوئی بات نہیں ہوئی تھی وہ ملازمہ سے ہی اریبہ کی خیریت معلوم کرتے رہتے تھے عفت بیگم نے ان پہ کڑی نظر رکھی ہوئی تھی ایسے میں انہیں اریبہ کی طرف جانے میں خاصی احتیاط سے کام لینا تھا۔

وقت سے پہلے وہ کام خراب نہیں کرنا چاہتے تھے انہیں پارٹی میں سب کے سامنے ہی اریبہ کو بیوی کے روپ میں انٹرو کروانا تھا۔

"کس سے بات کر رہے تھے آپ۔۔۔؟"عفت ملک نائٹ ڈریس پہنے اپنے ہاتھوں پہ لوشن ملتے پوچھنے لگی تھیں آج کل ہر چھوٹی چھوٹی بات کو وہ ایسے ہی کرید رہی تھیں اتنا تو وہ جانتی تھیں کہ قیوم ملک کی زندگی میں کوئی تھی لیکن وہ تھی کون اس بارے میں وہ چاہا کر بھی پتہ نہیں لگا سکی تھیں۔

ہاں لیکن قیوم ملک پہ ان کی گہری نظر تھے ان کی آفس ٹائمنگ وہ نوٹ کرتی تھیں۔

اپنے شوہر کو صرف خؤد تک محدود رکھنے کے لیے انہیں جو بھی کرنا پڑتا وہ کرنے والی تھیں۔

"آپ کو کیا مطلب۔۔؟" قیوم ملک کا موڈ ابرش سے بات کر کے فریش ہوا تھا لیکن عفت ملک سے بات کر کے وہ موڈ خراب نہیں کر سکتے تھے۔

"قیوم کیا ہو گیا ہے آپ کو؟ ہر بات پہ طنز ہر بات پہ آپ کچھ نہ کچھ کہہ دیتے ہیں میں بیوی ہوں آپ کی اور آپ کے نزدیک میری کوئی حیثیت ہے بھی یا نہیں۔۔!؛" عفت ملک نے لوشن کی بوتل زور سے ڈریسنگ ٹیبل پہ پھینکی تھی۔

"عفت ہمارا رشتہ جیسے پہلے تھا ویسے ہی ٹھیک تھا آپ کو مزید اچھا بننے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی اس سب کا مجھ پہ کوئی اثر ہو گا جب وقتِ گزر جائے تو باتوں کی اہمیت نہیں رہتی ہے۔۔۔" وہ اپنی شرٹ کے بٹن کھولتے گہرا سانس بھرتے بولے۔

"میں اتنی کوشش کر رہی ہوں ہمارے درمیان سب نارمل ہو جائے پہلے جیسا ہو جائے لیکن آپ شاید یہ سب نہیں چاہتے ہیں کسی اور سے جو مل گیا ہے آپ کو۔۔۔!؛"عفت ملک کا لہجہ طنز سے بھرا تھا ان کی کوششیں کیوں قیوم ملک کو نظر نہیں آ رہی تھیں وہ کیوں نہیں سمجھ رہے تھے کہ عفت ملک بدل رہی تھیں تو پھر بجائے عفت ملک کا ساتھ دینے کے وہ کیوں انہیں خود سے دور دھکیل رہے تھے۔

"ٹھیک کہا آپ نے۔۔۔اب کوشش کا کیا فایدہ۔۔۔؟جب وقتِ تھا یہ سب کرنے کا تب آپ کے پاس وقت نہیں تھا اور آج جب آپ کے پاس وقت ہے تو اس سب کو کرنے کی کوئی وجہ نہیں باقی رہتی ہے۔۔۔کل تک یہ رشتہ یہ بچے آپ کی راہ کی روکاوٹ تھے اوٗر آج آپ کیسے بدل گئی ہیں۔۔۔!؛"وہ

عفت ملک کے سامنے آئے تھے جو اس وقت بلیک نائٹ گاؤن میں ان کے سامنے کھڑی تھیں۔

"کیا یہ کافی نہیں ہے کہ مجھے احساس ہو گیا ہے قیوم۔۔۔ صبح کا بھولا اگر رات کو پلٹ آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے ہیں آپ کیوں نہیں بھول جاتے۔۔۔!؛" وہ قیوم ملک کا ہاتھ تھامتی کہ قیوم ملک نے ایسا کرنے نہیں دیا تھا۔

"اب یہ کافی نہیں ہے عفت۔۔۔ آپ کا اپنی غلطی تسلیم کرنا کافی نہیں ہے اب ضرورت ہی نہیں ہے اس سب کی۔۔۔ کیونکہ اب حالات بدل چکے ہیں۔۔۔" وہ فون سائیڈ پہ رکھتے باتھ روم چلے گئے عفت ملک کے کسکتے ایک نظر ان کے آئی فون پہ ڈالی اور دوسری باتھ روم کے بند دروازے پہ ڈالی تھی۔

قیوم ملک پچھلے ایک ہفتے سے گھر پہ تھے کئیں نہیں گئے تھے شائد قیوم ملک کو بھی احساس ہو گیا تھا کہ ان کی بیوی کی ان پہ کڑی نظر ہے تو وہ نہیں جا رہے تھے عفت ملک کے لیے یہی کافی تھا کہ وہ لڑکی جو کوئی بھی تھی قیوم ملک اس سے اتنے دنوں سے ملے نہیں ہیں تو بھول جائیں گے لیکن یہ عفت ملک کی خام خیالی تھی۔ اور یہ خام خیالی بہت جلد ان کی دور ہونے والی تھی۔۔۔

••••••

مایا آج کمرے سے باہر نکلی تھی دل تو بالکل بھی چاہا رہا تھا لیکِن کمرے میں بند رہنے سے کیا ہو جاتا آگر اتنے دنوں سے اس نے یرمان ملک سے بات نہیں کی تو کوشش یرمان نے بھی کرنی ضروری نہیں سمجھی اس سے بات کرنے۔

اسے کیا ضرورت مایا سے بات کرنے کی وہ تو اپنی بیوی کو بانہوں میں بھرے ہوئے ہو گا مایا سے تو وہ ترکی والا منظر ہی نہیں بھولے جا رہا تھا نجانے اور ان دونوں کے درمیان کتنے گہرے لمحات ہونگے وہ جتنا سوچتی اتنا ہی الجھتی تھی دل کرتا تھا کہ کاش کچھ ایسا ہو جائے یرمان اس کا ہو جائے۔

کوئی فال نکال کر شمہ گر

میری راہ میں پھول گلاب آئے

وہ آنکھیں رگڑتے بلیو کلر کی جینز پہ ریڈ کلر کی شارٹ سی شرٹ میں ملبوس بالوں کو کلا چھوڑے اس پل دکھی سی لگ رہی تھی مام نے اتنی کوشش کی اس سے بات کرنے کی لیکن کوئی فایدہ نہیں ہوا۔۔

اہل سے بھی اس کی بات نہیں ہوئی اس دن کی اس کی باتوں نے آہل کو کچھ زیادہ ہی ہرٹ کیا تھا احساس تو مایا کو خود بھی تھا کہ اُس دن اسے یرمان کا غصہ آہل پہ نہیں نکلنا چاہیے تھا اس سب میں آہل کا تو کوئی قصور نہیں تھا۔۔

اس نے کافی کالز کی تھیں آہل کو جو آہل نے ریسیو نہیں کی تھیں اس وقت رات کے آٹھ بج رہے تھے اور مایا نے سوچا کہ وہ آہل سے ملنے جائے گی۔

"مایا بیٹا آشکر ہے تم آپنے کمرے سے تو نکلی۔۔" مایا اسے کمرے سے نکلتے دیکھ کر بہت خوش ہو گئی تھیں جبکہ وہ مسکرا بھی نہیں سکی تھی۔

"کہیں جا رہی ہو؟ اچھی بات ہے بیٹا آدوستوں سے ملو تم ان کے ساتھ دل بہل جائے گا یرمان نے جو کیا ہے وہ تو بھولنا بہت۔۔۔"

"مام مُجھے یرمان ملک کے بارے میں کوئی بات نہیں کرنی ہے آئیند کوشش کیجیے گا کہ میرے ساتھ یرمان کا نام نہیں لیجیے گا آپ۔۔۔!؛"مام کی بات اس کے درمیان سے ہی کاٹ دی تھی یرمان کو سوچتے اس کے پچھلے دن جس قدر اذیت میں گزرے تھے وہ مزید اس کے بارے میں کوئی بات نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"مایا تم اتنی جلدی ہار مان لی۔۔۔؟"مام کو مایا کی باتوں سے پریشانی ہوئی آخر مایا کیوں یرمان کے نام سے اس قدر بیزاریت کا اظہارِ کر رہی تھی جیسے اسے یرمان ملک میں کوئی انٹرسٹ ہی نہ ہو.

"مام تو میں کیا کروں؟ یرمان ملک اپنی بیوی کے ساتھ خوش ہے میں کہاں ہوں اُس کی زندگی میں کہیں نہیں ہوں میں۔۔۔!"مام آخری سیڑھی پہ کھڑی تھیں اور مایا ان کے سامنے۔

"تم بھول گئی یرمان سے تم نے محبت کی ہمارا کتنا فایدہ تھا آگر تم ملک خاندان کی بہو بنتی تو۔۔۔!؛" وہ افسردگی سے بولی ان کے شوہر الگ ان سے ناراض تھے جو ہوا اس کا قصوروار وہ اپنی بیوی اور بیٹی کو سمجھ رہے تھے۔

"بہو بنتی پھر۔۔۔اب نہیں ہوں وہ ہے عائلہ جس کے حسن کا جادو چل گیا ہے یرمان ملک پہ عائلہ کے آگے یرمان ملک کو کچھ نظر نہیں آتا ہے مام میں کیا کروں پھر آپ ہی بتائیں مجھے۔۔۔!؛" وہ شدید الجھی ہوئی تھی اس پل۔

عائلہ اور یرمان سوچتی تو سر درد سے پھٹنے لگنے لگ جاتا تھا اس نے اپنا سر ہاتھوں میں تھاما تھا۔

"تو پھر تو یرمان ملک کے دل میں عائلہ کے لیے غلط فہمی کا بیج بونا بہت آسان ہو گا مایا۔۔۔اگر یرمان ملک عائلہ سے محبت کرتا ہے تو ایک بات رکھو محبت میں چھوٹی چھوٹی باتیں بھی بہت اہمیت رکھتی ہیں وہ لڑکی یرمان کے لیے

جتنی خاص ہے اتنی ہی عام ہو جائے تو پھر۔۔۔؟"انہوں نے مایا سے سوال کیا۔

"کیسے مام کیسے ہو سکتا ہے یہ۔۔۔؟"مایا نے مام کا ہاتھ تھام لیا اگر ایسا ہو جاتا تو اس سے اچھا کیا ہونا تھا بھلا پھر۔

"ہو سکتا ہے کہنے کو تو بہت کچھ ہو سکتا ہے مایا میری جان بس تم ہوش سے کام ہو پھر دیکھو سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔!؛"وہ مام کو اپنی باتوں میں الجھانے میں کامیاب ہو چکی تھیں یرمان کی محبت میں مبتلا ان کی بیٹی کچھ بھی کر سکتی تھی۔

"مام آپ بتائیں کیا کروں میں۔۔۔!؛"وہ بے قراری سے پوچھنے لگی جیسے اسے ایک امید نظر آئی تھی مام کی باتوں کو سنتے یعنی ابھی بھی بہت کچھ ہو سکتا تھا یرمان ملک اس کا ہو سکتا تھا۔

"صبر کرو مایا جلد بازی ہمیشہ کام خراب کرتی ہے یرمان ملک اس لڑکی کے ساتھ ہے تو تم کوشش کرو تمھارا جو یرمان کے ساتھ دوستانہ ریلیشن شپ ہے وہ قائم رہے دشمنی کے ساتھ رہ کر اُس کی کمزوری ڈھونڈ کر آگر وار کیا جائے تو پھر کامیابی ضرور ملتی ہے تم بھی یہی کرو۔" وہ مایا کو آپنی باتوں سے شیشے میں اتارنے میں کامیاب ہو گئی تھیں.

"مام یرمان سے اتنے دنوں سے میری بات نہیں ہوئی وہ اب پہلے کی طرح کالز نہیں کرتا ہے نہ ہی میسجز تو پھر میں نے بھی نہیں کی۔۔۔"

"یہی تو غلطی کی مایا بیٹا آز بردستی ہی سہی لیکن یرمان کے قریب رہو تم میری کافی دنوں سے عفت سے بات نہیں ہوئی وہ این جی او نہیں آرہی ہے ورنہ اس مسلے پہ اس کی رائے لیتی۔۔۔" وہ عفت ملک کو آج کال کرنے والی تھی

-

"مام آنٹی بھی کچھ نہیں کر سکی حالانکہ کتناوہ نفرت کا اظہار کر رہی تھیں عائلہ سے لیکن اب وہ ہی عائلہ اُن کے گھر میں موجود ہے اُن کی بہو کی حثیت سے اُنہوں نے کچھ نہیں کیا۔۔۔"اسے عفت ملک پہ غصہ آیا ہوا تھا۔

"میں عفت سے بات کرو نگی اور کوشش کروں گی کہ تم کسی طرح ملک مینشن میں رہو کچھ دن اب کیسے یہ تو سمجھ نہیں آرہی ہے عفت سے بات کر کے ہی معلوم ہو گا لیکن آگر ایسا ہو جائے تو تمھارے لیے بہت آسانی ہو گی یرمان کے قریب رہو گی۔۔۔..."وہ ایک پلان بنا چکی تھیں بس اس پہ عمل کرنا تھا۔

"آنٹی مان جائیں گی چلیں مام آپ بات کر لیجیے گا آنٹی سے مجھے دیر ہو رہی ہے میں نکلتی ہوں۔۔۔"وہ اپنا بیگ ٹھیک کرتے بولی۔

"کہاں جارہی ہو بیٹا۔۔۔؟" انہوں نے دوبارہ پوچھا مایا نے انہیں آہل کے بارے میں نہیں بتایا ورنہ وہ اسے جانے ہی نہیں دیتی آہل سے ملنے کے لیے

۔

مایا کو آہل سے معزرت کرنی تھی کیونکہ اس نے جو آہل سے کہا مس بیہیو کیا وہ اسے نہیں کرنا چاہیئے تھا مایا کو احساس ہو گیا تھا۔

غلطی بھی ماں چکی تھی اب آہل سے ایکسکیوز کرنا تھا اور وہ کال نہیں ریسو کر رہا تھا مایا نے ملنے کا فیصلہ کیا۔

"مام بس کام ہے کچھ جلدی واپس آجاؤں گی آپ عفت آنٹی سے بات کر لیں۔..." وہ مام کے گال پہ بوسہ دیتے سیڑھیاں اترتے باہر نکل گئی تھی ۔مام کچھ دیر تو وہیں کھڑی رہی اور پھِر عفت ملک سے بات کرنے کی غرض

سے وہ اپنے کمرے میں چلی گئی تھیں ان کا ارادہ عفت ملک سے تفصیلی بات کرنے کا تھا۔

.....

ضامن ابرش سے بات کیے بغیر ہی روم میں چلا آیا تھا ابرش یقینا اپنی مام یا پھر ڈیڈ سے بات کر رہی تھی لیکِن ذکر عائلہ کا ہی تھا وہ بے چین ہوا ابھی تک عائلہ واپس نہیں آئی تھی ہنی مون کے چکر میں اس نے پیپرز چھوڑ دیئے ضامن جانتا تھا کہ اُس پہ یرمان ملک نے پریشر ڈالا ہو گا ورنہ اپنی بہن کی نیچر سے واقف تھا وہ پیپروں کے دنوں میں کھانا پینا چھوڑ دیتی تھی صرف پیپروں پہ دھیان دیتی تھی لیکن اس بار اس کے فائنلز پیپرز تھے اور وہ جرمنی چلی گئی کاش کہ وہ سچ جان پاتا۔

انسان اکثر بے خبری میں مارا جاتا ہے۔۔۔

ابرش سے اس نے ہوئی بات نہیں کی اسے لگا تھا کہ ابرش اپ سٹ ہو گئ جو جاتے ہوئے وہ بول کر گیا تھا احساسِ ندامت تو اسے تھی لیکِن ابرش کو فون پہ باتیں کرتے دیکھ کر اسے احساس ہوا کہ ابرش کو تو شاید فرق ہی نہیں پڑا تھا اس کی باتوں سے۔

اور ضامن پچھلے اتنے گھنٹوں سے پریشان تھا شرمندہ تھا اپنے بولے گئے لفظوں پہ۔

ابرش کمرے میں آئی تو ضامن اسے کھڑکی کے ساتھ کھڑا نظر آیا اس کا دل چاہا ضامن کو بتا دے عائلہ کے بارے میں وہ جاننے کا حق رکھتا تھا۔

یرمان کو ضامن کے سامنے ہنی مون کا نہیں بولنا چاہیے تھا وہ دیکھ رہی تھی اُس دن کے بعد سے ضامن کی بدگمانی عائلہ کے لئے مزید بڑھ گئی تھی۔

"سر آپ کھانا کھائیں گے۔۔۔!!"ڈیڈ سے بات کرنے کے بعد عائلہ کے بارے میں معلوم ہونے پہ ابرش آپنا غمِ تو بھول ہی گئ تھی اسے فکر عائلہ کی یور ہی تھی عائلہ کا نمبر اس کے پاس نہیں تھا نہ ہی کبھی اس کی عائلہ سے فون پہ بات ہوئی تھی لیکِن اس نے سوچا کہ یرمان سے بات کرے گی عائلہ کے پوچھے گی کیا سوچے گا اس کا بھائی کہ وہ دونوں وہاں اتنے پریشان تھے اوُر ابرش نے پوچھنا بھی ضروری سمجھا تھا۔۔۔۔

"آپ کھالیں۔۔۔!؛"ضامن کو گھبراہٹ سے کمرے میں وحشت کا سا سماں تھا نجانے اس کی حالت کیوں اچانک سے خراب ہونے لگی تھی۔

"آپ کے بغیر کیسے کھا سکتی ہوں۔۔۔؟""ابرش ملک نے ہی پہل کی تھی ضامن عباس تو اس کے معاملے میں بہت ظالم ثابت ہو رہا تھا مجال تھا کہ وہ

ابرش کو منائے حالانکہ صبح اس نے اتنا غلط کہا ابرش سے ابرش کو بس اس کے لفظوں میں سے تین لفظوں آئی ہیٹ یو نے زیادہ تکلیف پہنچائی تھی۔

"آوو پلیز مس ملک اتنے فلمی ڈائیلاگز جھاڑنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔۔کوئی کسی کے لیے کھانا پینا نہیں چھوڑتا ہے آپ بھی کھا لیں۔۔۔!؛" وہ سلگتے ابرش پہ ایک خاموش نگاہ ڈال گیا۔

"آپ کو اب تک یقین نہیں ہوا سر۔۔۔ابرش ملک آپ کے لیے کچھ بھی کر سکتی ہے کسی بھی حد تک جا سکتی ہے آپ سے محبت کرتی ہوں میں۔۔۔!؛" صبح کا ہوا واقعہ تو ان کے درمیان سے کہیں نکل گیا تھا۔

وہ ایک بار پھر سے ضامن سے اپنی محبت کا اظہار کر رہی تھی ضامن نے اس کی نیلی آنکھوں میں خود کا واضح عکس نظر آ رہا تھا۔

"میں آپ پہ واضح کر چکا ہوں میں آپ سے نفرت کرتا ہوں اور حدیں تو آپ ساری پھلانگ چکی ہیں مس ملک جو رات کیا آپ نے آپ کو زرا بھی احساس نہیں ہے کہ آپ کی اس حرکت کی وجہ سے ہمارے درمیان کی تلخیاں کتنی بڑھ گئی ہیں۔۔۔" وہ طنزیہ سا ہنسا تھا جانتا تھا اس کی باتوں کا ابرش پہ کوئی اثر نہیں ہو گا۔

ابرش اس کے معاملے میں سچ میں ڈھیٹ ثابت ہو رہی تھی ضامن کی باتوں پہ ابرش کے چہرے کا رخ لال ٹھے کی طرح سفید ہوا آیسا لگا جیسے ضامن نے اس کے چہرے پہ تماچا دے مارا ہو۔

"میں نے ان تلخیوں کو کم کرنے کے لیے یہ سب کیا آپ کو نہیں لگتا ہے کہ ہمارے درمیان سب ٹھیک ہونے کے لیے یہ ریلیشن شپ قائم ہونا ضروری

تھا۔۔۔"ابرش نے لب بھینچے جواب دیا ضامن اس کی بات پہ نفی میں سر ہلانے لگا تھا۔

"مس ملک ہمارے رشتے کا مستقبل نہیں ہے کوئی شاید ہم ساتھ نہ۔۔۔"

"سر پلیز۔۔۔"ابرش نے تڑپتے ضامن کے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا تھا وہ ضامن کے ہونٹوں سے یہ لفظ سنتے سو بار مری تھی کیسے برداشت کر سکتی تھی ضامن عباس سے جدائی یہ بہت مشکل تھا۔

"مس ملک۔۔۔!؛"ضامن کتنی ہی دیر ابرش کو دیکھے گیا اس کے صرف چند لفظوں سے ابرش کی حرکت غیر ہو گئی تھی تو جو وہ صبح بول کر گیا تھا ان لفظوں نے ابرش پہ کیا اثر ڈالا ہو گا یہ بس وہ سوچ سکتا تھا کوئی جواب نہیں تھا اس کے پاس۔

"آپ کتنی آسانی سے یہ رشتہ ختم کرنے کی بات کر دیتے ہیں سر یہ بہت آسان ہے آپ کے لئے۔۔۔ لیکن آپ کو ایک بات یاد رکھنی ہو گی یہ نکاح ہوا بھلے جیسے بھی حالات میں تھا لیکن اب یہ قائم رہے گا میں آپ سے شدید محبت کرتی ہوں اتنی کہ یہ آپ کی نفرت پہ بھاری ہے آپ مجھ سے نفرت کرتے ہیں تو ٹھیک ہیں کرتے رہیں نفرت میں محبت کروں گی پھر دیکھتے ہیں آپ کی نفرت بھاری پڑتی ہے یا میری محبت۔۔۔" وہ بھی ابرش ملک تھے ہارنا کہاں سیکھا تھا اور یہاں تو معاملہ بھی اس کی محبت کا تھا ابرش ملک نے محبت کی تھی ضامن عباس سے اور محبتیں بھلا یوں بھی ختم ہو جاتی ہیں کیا۔

"آپ بہت پچھتائیں گی جن رشتوں کے پاس رہنے سے صرف ازیت ملے ان رشتوں کو ختم کرنا ہی بہتر ہوتا ہے مس ملک۔۔۔ آپ کا اوَر میرا کوئی جوڑ نہیں ہے آپ کہاں اور میں کہاں۔۔۔!؛"

"آپ کی کوئی دلیل کوئی وضاحت مجھے آپ سے محبت کرنے سے نہیں روک سکتی ہے سر آپ کی نفرت ہار جائے گی میری محبت کے سامنے دیکھ لیجیے گا۔۔۔ کھانا لگا رہی ہوں آجائیں آپ۔۔۔ ناراضگی مجھ سے ہے آپ کی کھانے سے۔۔۔" وہ کمرے سے نکل گئی تھی اس نے یرمان ملک سے بات کرنی تھی لیکِن پہلے کھانا بھی کھانا ضروری تھا کل سے کچھ نہیں کھایا تھا اوَر آج کا بھی پورا دن گزر گیا تھا۔۔ ضامن کتنی ہی دیر ابرش کی باتوں کو سوچتا رہا یہ پاگل لڑکی اس کی محبت میں خود کو برباد کرنے والی تھی جس کا احساس اسے ہرگز نہیں تھا۔

وہ فریش ہوتے کچن میں آیا یہاں ابرش ملک چیئر پہ بیٹھی اس کے انتظار میں تھی اس نے آ بھی تک کھانے کو ٹچ بھی نہیں کیا تھا کھانا ویسے کا ویسا ہی پڑا تھا وہ اس کے سامنے والی چیئر گھسیٹتے بیٹھتے سنجیدگی سے اپنے لیے کھانا نکالنے لگا۔

کھانے میں اس کی فیورٹ ڈشز تھیں بریانی اور چائیز رائس اس نے بے ساختہ ابرش کو دیکھا تھا وہ اسے دیکھ رہی تھی کھا نہیں رہی تھی ابرش کے ہاتھ بنا ہوا تھا کھانا ضامن نے مٹھیاں بند کی اسے بھوک لگ رہی تھی ورنہ کھاتا ہی نہیں۔

ابرش نے ضامن کی نظریں خوُد پہ محسوس کی تو ابرو آچکاتے سوالیہ نظروں سے پوچھا ضامن نے سر جھٹکا تھا جواب نہیں دیا اوُر کھانا کھایا تھا ابرش نے ضامن کو کھاتے دیکھا تو خوُد بھی کھانا شروع کیا دونوں نے ساتھ کھانا کھایا آج اس نے ضامن کے لیے کوفی نہیں بنائی تھی کیسے بناتی وہ رات

کا واقعہ ہی ایسا تھا وہ چپ چاپ کمرے میں چلی آئی ضامن پیپرز چیک کر رہا تھا ایڈمن آفس سے اسے کال آئی تھی اسی ویک میں اسے سارے پیپرز چیک کر کے رپورٹ آفس سینڈ کرنی تھی۔

ضامن نے ابرش کے ہاتھوں کو بے ساختہ دیکھا تھا اتنے دنوں سے ابرش کوفی بنا رہی تھی اسے عادت ہو گئی تھی اس نے پیپرز سائیڈ پہ رکھے اوٗر روم سے نکل آیا اوٗر اپنے لیے کوفی بنائی ابرش شدید ڈر رہی تھی کل رات کی وجہ سے یا پھر شاید وہ کل والے واقعے کے اثر کو بھول جانا چاہتی تھی۔

اپنی سائیڈ پہ لیٹتے وہ ضامن کا انتظار کر رہی تھی اسے نہیں معلوم تھا کہ ضامن اپنے لیے کوفی بنانے گیا ہے وہ تو جب ضامن روم میں آیا تو ابرش کو اس کے ہاتھ میں کوفی کا مگ دیکھتے اس کو لب بھینچ لیے۔۔۔وہ ضامن کے لیے خود کوفی بناتی لیکن اسے لگا کل جو ہو چکا تھا ضامن ضامن کوفی پیے گا ہی

نہیں لیکن وہ خود بنالایا تھاضامن کاخود کوفی بنانا ابرش کو بالکل بھی پسند نہیں آیا تھا۔

"آپ مجھ سے کہہ دیتے سر۔۔۔!؛"اس نے اپنے بالوں کو جوڑے میں لپیٹا اوٗر اٹھتے بیٹھ گئی رات کی نیند تو ابھی تک پوری نہیں ہوئی تھی لیکن اس نے سونا نہیں تھا نجانے کیوں اسے دھچکا رہتا تھا کہ آگر وہ سوئے گی تو ضامن اس سے ہمیشہ کے لیے دور چلا جائے گا یہ اس کا خود ساختہ ڈر تھا ورنہ ضامن نے جب جانا تھا تبھی جانا تھا اس کی زندگی سے۔

"تاکہ آپ پھر کوفی میں ملا دیتی وہ دوائی۔۔۔!؛"وہ ضامن ہی کیا جو ابرش پہ طنز کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے دے وہ ہمیشہ ہی ابرش کو اپنی باتوں سے جلاتا تھا۔۔

"آپ۔۔۔"ابرش پہلو بدل گئی کیونکہ غلطی بھی تو اس کی اپنی تھی اس نے غلطی کی تھی رات تو بیت گئی تھی لیکِن رہ صرف ملال تھا ملال جو شاید اسے اس رات کے لیے عمر بھر رہنے والا تھا۔

"سو جائیں۔۔۔"ضامن نے کوفی کاسپ لیا اوٗر پھِر سے پیپرز چیک کرنے لگا اتفاق سے اس کے ہاتھ بھی اس بار ابرش کا پیپر ہی لگا تھا جو کافی خوبصورتی سے لکھا گیا تھا جتنی ابرش نے اس کے سبجیکٹ پہ محنت کی تھی وہ نظر بھی آ رہی تھی۔

ابرش آگر دل لگا کر پڑھتی تو فزا سے سارے سبجیکٹس میں آگے نکل سکتی تھی لیکِن ابرش بس ایک ہی سبجیکٹ پہ توجہ دیتی تھی اوٗر وہ تھا ضامن کا سبجیکٹ۔

"مُجھے نیند نہیں آرہی سر۔۔۔!؛"ابرش نے آنکھیں ٹپیپاتے کہاوہ چاہتی تھی ضامن یہ سارا کچھ سمٹ کر اس کے ساتھ آجائیں بیڈ پہ اسے ضامن کے بغیر نیند نہیں آتی تھی ایسی عادتیں لگی تھیں ضامن کی اب وہ پاس نہیں ہوتا تو ابرش کو نیند نہیں آتی تھی دل ہر وقت بے قرار رہتا تھا۔

"تو میں کیا آپ کو لوری دے کر سلاوں کیا۔۔۔ چھوٹی بچی تو نہیں ہیں آپ کوشش کریں آجائے گی آپ کو نیند۔۔۔ مُجھے ابھی کام کرنا ہے۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولتے پیپر چیک کرنے لگا تو ابرش کی آنکھیں بھر آئی تھیں اس پل اس کا دل ویسے بھی اداس تھا اوپر سے ضامن کا رویہ اچانک سے اسے یرمان کا خیال آیا تو سیل اُٹھاتے وہ ٹیرس پہ آگئی اور یرمان کو ویڈیو کال ملائی جو پہلے تو اس نے نہیں اٹھائی تھی۔

شاید وہ بیزی تھا لیکِن ابرش نے دوبارہ کال ملائی تو پھر یرمان نے کال اٹھالی وہ مسکراتے ابرش کو دیکھ رہا تھا یرمان نے وائٹ ٹی شرٹ پہن رکھی تھی وہ اس وقت شاید کہیں باہر گھوم رہے تھے۔

"آبی کیسی ہو؟ خیریت اس ٹائم کال کی۔۔۔؟" ابرش کی کال دیکھ کر وہ پریشان ہوا تھا اس ٹائم بھلا وہ کال کیوں کر رہی تھی یرمان کو۔

"بھائی عائلہ کیسی ہے۔۔۔؟ ڈیڈ نے بتایا عائلہ ٹھیک نہیں ہے آپ مجھے بتائیں کیا ہوا سرجری کا عائلہ اب کیسی ہے۔۔۔" ابرش نے ایک ہی سانس میں اتنے سارے سوال کر دیئے۔

"آپ کو کیسے معلوم ہوا عائلہ کے بارے میں۔۔۔؟" یرمان نے سوال کیا تھا۔

"ڈیڈ نے بتایا آپ نے تو جھوٹ بولا تھا بھائی عائلہ سے بات کروائیں میری مجھے اس سے بات کرنی ہے۔۔۔"اس نے آس پاس عائلہ کو دیکھنا چاہا لیکن وہ ابرش کو نظر نہیں آئی تو اس نے یرمان سے پوچھا تھا۔۔۔یرمان نے بے ساختہ عائلہ کو دیکھا وہ دونوں گھومنے نکلے ہوئے تھے۔

"عائلہ یہاں آؤ۔۔۔"یرمان نے عائلہ کو اپنے قریب بلایا جواب ٹھیک تھی لیکن سنجیدہ تھی۔

یرمان کے ساتھ اس کا بیہیویر تو نارمل تھا لیکِن عائلہ کے لہجے میں چھپی سنجیدگی یرمان کے لیے برداشت کرنا مشکل تھی۔

ءعائلہ ابرش کے لیے شاید کبھی نہیں آتی لیکن اسے لگا کہ قیوم ملک کی کال ہے تبھی وہ آ گئی تھی قیوم ملک سے عائلہ اب کافی

فرینک ہو گئی تھی باپ جیسا پیار جو ملنے لگا تھا لیکن وہ بھولی نہیں یرمان کی وجہ سے ضامن ناراض ہو گیا تھا اس سے۔

"یرمان ملک نے اسے فون دیا اوَر خوُد !؛۔۔۔ابرش سے بات کرو۔ کوئی کام یاد آیا تو وہ کرنے نکل گیا ابرش نے عائلہ کو دیکھا تو مسکرائی عائلہ اسے کمزور سی لگی تھی چہرے پہ بھی سنجیدگی طاری کیے جیسے وہ ابرش سے بات کرنے میں انٹرسٹڈ نہیں تھی۔۔۔

"کیسی ہو عائلہ۔۔ سرجری تو کامیاب ہوئی اب کیسا فیل کر رہی ہو تم؟ کئیں درد وغیرہ تو نہیں ہوتا ہے تمھیں۔۔۔ میری ڈیڈ سے بات ہوئی تو انہوں نے بتایا تمھارے بارے میں۔۔۔"ابرش عائلہ کو کچھ پل تو خاموشی سے دیکھتی رہی لیکن پھر خود ہی بات کا آغاز کر دیا تھا۔

جی اللہ تعالیٰ کا شکر ہے میں ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں َ ٹھیک "
اوَر۔۔۔!؛"ضامن کا نام لیتے لیتے وہ رکی تھی سارے منظر پھر سے
گویا آنکھوں کے سامنے گھومنے لگے تھے ضامن کا روَیہ یاد آیا تو
اس کے ہونٹوں سے سسکی نکلی تھی ۔

ضامن سر بھی ٹھیک ہیں ہاں تھوڑے روڈ ہیں۔۔ تم تو اتنی سوفٹ "
نیچر کی ہو وہ کس پہ چلے گئے ہیں میرے سے تو کبھی مسکرا کر بات
نہیں کرتے ہیں ہر وقت مرچیں چباتے رہتے ہیں تم یہاں آوَ گی تو
میری سفارش ہی کر دینا اپنے بھائی سے۔۔۔!؛"ابرش نے کمرے
میں جھانکا ضامن پیپرز چیک کر رہا تھا سنجیدگی سے۔۔۔۔۔

بھائی کا مزاج ہی ایسا ہے وہ بہت کم لوگوں سے گھل مل پاتے ہیں "
اوَر آپ تو پھر۔۔۔!؛"ابرش کی طرف دیکھتے عائلہ نے بات

اُدھوری چھوڑ دی لیکن اس کی ادھوری بات کا مطلب بھی ابرش سمجھ گئی تھی۔

ہاں مانتی ہوں وہ تھوڑے سخت مزاج کے ہیں لیکن میں بیوی " ہوں تھوڑی بہت گنجائش تو پیدا کر سکتے ہیں وہ اپنے دل میں خیر ہم کیا ڈسکس کرنے لگ گئے ہیں تم بتاؤ وہاں کا موسم کیسا ہے بھائی تمھارا خیال رکھتے ہیں۔۔۔؟"ابرش نے موضوع بدلا عائلہ نے گہرا سانس بھرا تھا۔

یرمان ملک کا رویہ اس کے ساتھ بہت اچھا تھا لیکن وہ کیوں یرمان ملک کی وہ سائیڈ نہیں بھول پا رہی تھی جب دھوکے اور دھمکی سے ضامن سے جھوٹ بلوا کر یرمان ملک نے اسے اپنی زندگی میں شامل کیا تھا۔۔۔

"ہاں رکھتے ہیں بہت خیال رکھتے ہیں وہ میرا۔۔۔" عائلہ نے اپنی انگلی سے ٹیبل پہ لکیر کھینچتے کھوئے ہوئے جواب دیا یرمان ملک کا اچھارویہ اس پہ اثر ڈال رہا تھا لیکن وہ بھولی نہیں تھی کچھ جب جب یرمان ملک کی طرف قدم بڑھائے کی کوشش کرتی درمیان میں کچھ نہ کچھ ایسا آجاتا تھا کہ وہ اپنے قدم وہیں پہ روک لیتی تھی۔

"بھائی بہت اچھے ہیں عائلہ۔۔۔ میں تعریف اس لیے نہیں کر رہی ہوں کہ وہ میرے بھائی ہیں بلکے تم خوُد سوچو وہ تمھارے ہسبنڈ ہیں ایک بات میں کلیئر کرنا چاہتی ہوں شاید بھائی نے تم سے اس متعلق کوئی بات نہیں کی ہو لیکن مُجھے لگتا ہے تمھیں پتہ ہونی چاہیے یہ بات شاید اس سے تُمھارے اوُر بھائی کے درمیان جو رنجشیں ہیں وہ تھوڑی بہت کم ہوں جائیں گی۔۔۔ دیکھو عائلہ مایا بھائی کی صرف دوست۔۔۔"

"مجھے مایا کے متعلق بات نہیں کرنی ہے ابرش۔۔۔"اس نے ابرش کو جملہ مکمل نہیں کرنے دیا اس کی بات درمیان میں ہی کاٹ دی۔

"عائلہ تم غلط سوچ رہی ہو یار مایا اور بھائی کی بہت اچھی دوستی تھی ہاں ہماری اپر کلاس میں یہ دوستیاں تھوڑی بے باک ہو جاتی ہیں لیکن افیئر نہیں رہا بھائی کا مایا سے۔۔۔ہو سکتا ہے مایا بھائی کے لیے ایسے جذبات رکھتی ہو لیکن بھائی کی طرف سے مجھے گارنٹی ہے وہ جسٹ مایا کو دوست ہی سمجھتے ہیں آگر اس بات کو لیکر تُمھارے دل میں کچھ ہے تو تم فضول کی سوچو کو دل سے نکال دو بھائی تم سے محبّت کرتے ہیں عائلہ۔۔۔میں نے اُن کی آنکھوں میں تُمھارے لیے محبت دیکھی ہے۔۔۔"ابرش نے یرمان کی طرف سے عائلہ کا دل صاف کرنا چاہا تھا۔

عائلہ وہ کلاس روم کا منظر یاد آیا صرف دوست۔۔۔تو پھر وہ سب کیا تھا اتنا کلوز تو کوئی کسی کے نہیں ہوتا اور وہ بھی صرف دوستی میں۔

مایا یرمان کے پیچھے استنبول چلی آئی تھی اور ان کے ساتھ رہی یہ محض اتفاق تو نہیں تھا ہاں اگر ان ساری باتوں کو عائلہ دل سے نکال بھی دیتی تو ضامن کو جو اس نے یرمان کی وجہ سے ہرٹ کیا وہ کیسے بھول جاتی۔

"آپ نے مجھ سے یہی کرنی تھی ابرش۔۔۔؟"وہ فون بند کرنا چاہتی تھی۔

"نہیں مجھے تم سے باتیں کرنی ہیں وہ کیا ہے ناں یار میں سارا دن بور ہوتی رہی ہوں تمھارے بھائی کو احساس نہیں ہے میرا زرا سا بھی۔۔بہت اکڑو اور روڈ ہیں وہ۔۔ہمیشہ مجھے ہرٹ کرتے ہیں۔۔۔"ابرش کی آنکھوں میں آنسو آ گئے ضامن کا رویہ یاد کرتے جبکہ عائلہ کی آنکھیں پھیلی تھیں۔

ضامن سے اسے ابرش سے آیسے رویے کی توقع نہیں تھی لیکن ابرش نے جو کیا اس کی وجہ سے ضامن تو عائلہ سے بات نہیں کر رہا تھا جو اس کی بہن تھی ابرش ملک تو پھر وہ لڑکی تھی جس کی وجہ سے ضامن نے اتنا کچھ فیس کیا۔

"ہرٹ کرتے ہیں ابرش آپ نے بھی تو۔۔۔"

"عائلہ میں مانتی ہوں مجھ سے غلطی ہوئی تھی اُن سے معافی بھی مانگ چکی ہوں اور اب میں کیا کروں کہ انہیں یقین آجائے۔۔۔۔ تم تو بھائی ہو سر کی عادتوں سے واقف ہو گی تم۔۔۔۔!؛" ابرش نے آنسو صاف کیے تھے۔۔

"مجھے نہیں پتہ ابرش لیکِن یہ سچ ہے بھائی ایک بار کسی کی باتوں سے ہرٹ ہوں تو دوبارہ بھروسہ نہیں کر پاتے میری مثال ہی لے لو میں مجبور تھی اُس وقت تمھارے بھائی نے دھمکی دی تھی کہ آگر میں نے ان کے ساتھ رہنے

کی حامی نہیں بھری تو وہ ضامن کو مروادیں گے میں ڈر گئی تھی میرے لیے ضامن بھائی کیا ہیں یہ آپ کے بھائی شاید کبھی نہیں سمجھ سکتے ہیں ابرش۔۔۔ آپ نے بہت غلط کیا تھا وہ سب بھائی اتنی جلدی نہیں بھول سکتے ہیں آپ کو بہت لمبا انتظار کرنا ہو گا۔۔۔" ابرش نے صاف گوئی کا مظاہرہ کیا ابرش کو کوئی جھوٹی تسلی یا دلاسا نہیں دے سکتی تھی۔

"ہاں مانتی ہوں عائلہ میں نے بھی وہ سب نہیں چاہا تھا نکاح کا فیصلہ ڈیڈ کا تھا مُجھے تو اندازہ بھی نہیں تھا کہ اُس دن ڈیڈ بھی وہاں آجائیں گے اتنی جلدی میں اتنے عرصے سے انتظار کر رہی ہوں۔۔۔ ضامن سرکار رویہ بہتر ہونے کے بجائے دن بادن مزید تلخ ہوتا جا رہا ہے عائلہ۔۔۔ تم کچھ بتاؤ میں کیا کروں انہیں کیا آچھا لگتا ہے مطلب کس چیز سے زیادہ خوش ہوتے

ہیں۔۔۔"ابرش کے لہجے میں تڑپ تھی عائلہ کو معلوم ہؤا کہ ابرش ملک اس کے بھائی سے بہت محبت کرتی ہے۔

"مجھے آیسے کچھ سمجھ نہیں آرہی ہے ابرش ہاں لیکن بھائی کے لیپ ٹاپ میں ایک ورلڈ فائل ہے جو اُنہوں نے اپنی لائف پہ لکھی ہوئی ہے آپ کسی طرح وہ دیکھ لیں تو بہت سی باتوں کا آپ کو معلوم ہو جائے جو آپ کے لیے بہت ہیلپ فل ثابت ہو سکتی ہیں اس سے زیادہ میں آپ کو فیور نہیں دے سکتی ہوں۔۔"ابرش کو اچھا لگا تھا عائلہ سے بات کر کے کچھ دل کا بوجھ ہلکا ہو گیا تھا عائشہ سے بھی ابرش کی بات نہیں ہو پا رہی تھی۔

"اوکے اوکے میں کوشش کرتی ہوں لیکن ان کے لیپ ٹاپ کا پاس ورڈ۔۔ "؟

"میری ڈیٹ آف برتھ ہے ابرش۔۔۔" عائلہ کو الجھن میں دیکھتے عائلہ کو نجانے کیا ہوا جو ضامن کے لیپ ٹاپ کا پاس ورڈ اسے بتا دیا۔

"بھائی مجھے بہنوں سے زیادہ بیٹیوں والا پیار دیتے ہیں آپ یقین نہیں کریں گی وہ راتوں کو میرے لیے جاگتے تھے پھر جب بابا کا مرڈر ہوا تو۔۔۔" عائلہ اچانک سے رکی تھی بھائی نے سختی سے منع کیا ہوا تھا بابا کے بارے میں کسی سے بات نہیں کرنی ہے۔۔

"مجھے آپ کے بھائی بلا رہیں ہیں ابرش بعد میں بات ہو گی۔۔۔" عائلہ نے گھبراتے فون ہی کر دیا تھا۔

وہ ابرش سے کیسے بابا کے بارے میں بات کر سکتی تھی اگر ضامن کو معلوم پڑ جاتا تو اس نے عائلہ سے مذید خفا ہو جانا تھا۔

ابرش فون کو دیکھ رہی تھی عائلہ نے اچانک سے فون کٹ کر دیا تھا لیکِن کیوں؟

ابرش کو یہ تو معلوم ہو گیا کہ عائلہ کی ڈائری میں جس انسان کی تصویریں اس نے ضامن اور عائلہ کے ساتھ دیکھی وہ عائلہ کے ڈیڈ ہیں لیکن عائلہ نے گھبراتے کال کٹ کی یہ ابرش کو پریشان کر گیا۔

خیر اسے تو اب ضامن کے لیپ ٹاپ تک رسائی تھی وہ فائل حاصل کرنی تھی اسے پاس ورڈ بھی مل گیا تھا لیکن موقع کی تلاش میں تھی وہ۔۔۔۔

کچھ دیر وہیں بیٹھی اوَر پھِر کمرے میں آ گئی تھی ضامن اب بیڈ پہ لیٹ چکا تھا شرٹ لیس اپنی آنکھوں پہ ہاتھ رکھے اس نے تو روم کی لائٹس بھی آف کر دی گئی تھیں ابرش اندھیرے سے الجھتے اگے بڑھی تھی اور جیسے ہی بیڈ کے

قریب پہنچی اسے چکر آیا اور لڑکھڑائے ضامن عباس کے اوپری جاگری تھی وہ۔۔۔

وہ جو آنکھیں بند کیے لیٹا تھا لیکن پہلو میں ابرش کی کمی محسوس ہوئی تھی ابرش کسی سے ویڈیو کال پہ بات کر رہی تھی ضامن نے اسے ڈسٹرب نہیں کیا اور خود اپنی سائیڈ پہ لیٹ گیا تھا۔۔ نیند تو آنی نہیں تھی اسے ابرش کی عادت اسے بھی لگ چکی تھی بھلے وہ کہتا نہیں تھا لیکِن سچ تو یہی تھا کہ آگر ابرش کو اس کے بغیر نیند نہیں آتی تھی تو ضامن کو بھی ابرش کے بغیر نیند نہیں آتی تھی۔

لیکِن ضامن اظہار کے معاملے میں خاصا کمجوس تھا وہ کسی سے کھل کر کہہ نہیں پاتا اور ابرش ملک سے تو شاید ہی وہ کبھی کہہ پاتا۔

"مس ملک۔۔۔!؛" ابرش اس پہ گرتی اپنی نازکی کا احساس دلا چکی تھی رات کے اس پہر تنہائی میں ضامن کے دل میں کونسے کونسے جذبات نہیں اٹھے تھے ابرش کے وجود سے اٹھتی کستوری جیسی مہک اس کے حواسوں پہ چھائی تھی۔

وہ آنکھیں بند کیے ابرش کے بالوں کی مہک خود میں انہل کر گیا تھا رات تو حواسوں میں نہیں تھا تو ابرش ملک کے قریب چلا گیا لیکن آج وہ حواسوں میں ہوتے بھی حواسوں میں نہیں تھا ابرش ملک کا نازک وجود اسے پوری طرح سے بے خود کر رہا تھا۔

میرے رشک کمر

تو نے پہلی نظر

جو نظر سے ملائی مزا آ گیا

برک سی گر گئی

کام ہی کر گئی

آگ ایسی لگائی مزا آ گیا۔

وہ کروٹ بدلتے ابرش کو بیڈ پہ گرائے خوُد اس پہ جھکا تھا ابرش خاموش تھی اس کے ہونٹوں سے ایک لفظ نہیں نکلا وہ خاموشی سے ضامن کو دیکھے جا رہی تھی۔

"سو جائیں۔۔۔!؛" جزبات میں بہتے اس سے پہلے کل کی طرح خوُد پہ ضبط کھوتا وہ جھٹکے سے اپنی سائیڈ پہ لیٹ گیا ابرش کو یقین نہیں آیا یہ انسان پل پل بدلتا تھا۔۔۔

"نیند آ رہی ہے آپ کو۔۔۔؟" ابرش ضامن کے قریب ہوئی تو ضامن نے دانت پیستے اسے دیکھا جو شاید جان بوجھ کر رہی تھی۔

"اٹس نان آف یور ہیڈ سک۔۔۔!؛" وہ تکیہ سینے پہ رکھتے آنکھیں ایک بار پھر سے موڈ گیا تھا۔

"بٹ آپ اتنے قریب آ کر پلٹ گئے۔۔۔!؛"

"حواسوں میں ہوں کل رات کی طرح نشے میں نہیں۔۔۔ کل کوفی آپ نے پلائی تھی آج میں نے خود بنائی ہے فرق تو ہونا ہی تھا۔۔۔" رات کے اس پہر یہ انسان صرف طنز ہی کر سکتا تھا ابرش کو معلوم تھا وہ کچھ ایسا ہی بولے گا جس سے ابرش جل بھن جائے گی۔۔۔

"کہتے ہیں پہلو میں حسین عورت ہو تو مرد کو بنا پیے بھی بہکنے میں دیر نہیں لگتی اور میں تو پھر آپ کی بیوی ہوں۔۔۔"ابرش نے اپنی ناز کی ضامن کے چوڑے سینے پہ مسلی تھی ضامن لب بھینچ۔۔۔

"کیا لگتا ہے آپ کی یہ حرکتیں دوبارہ مجھے وہ سب کرنے پہ مجبور کریں گی بہت غلط سوچ رہی ہیں آپ۔۔۔مُجھے آپ کے ساتھ یہ تعلق نہیں بنانا تھا اگر کل رات میں اپنے حواسوں میں ہوتا تو شاید آیسا کچھ نہیں ہوتا ہمارے درمیان۔۔۔"

"تو آپ کے کہنے کا مطلب ہے کل میں نے زبردستی مجبور کیا آپ کو۔۔۔ حالانکہ مُجھے لگتا ہے بہت اچّھا ہوا ہمارے درمیان یہ سب ہو گیا۔۔۔"ابرش کو ضامن سے باتیں کرنی تھیں اس کا دل اداس تھا۔

عائلہ کے چہرے پہ سنجیدگی تھی لیکِن اس نے نوٹ کیا تھا جب اس نے یرمان ملک کا نام لیا وہ بلش کرنے لگی یعنی یرمان اوَر عائلہ کے درمیان بھلے معاملاتِ اتنے اچھے نہیں تھے لیکن ان کے جیسے تو نہیں تھے کہ ایک دوسرے سے دو گھڑی بات بھی مشکل ہو جائے۔

"رئیلی مس ملک۔۔۔!؛" ضامن نے دانت کلکجائے تھے ابرش اس کے ضبط کو آزمارہی تھی مزید وہ باتیں کرتے تو ان کے آپسی اختلاف بڑھنے تھے لہذا ضامن نے خاموشی سے دوسری طرف چہرہ کر لیا اوَر اپنی آنکھیں بند کر لی تھیں۔

نیند آرہی تھی اب کیوں ابرش پہلو میں جو لیٹی تھی دونوں کو ایک دوسرے کی عادت ہوتی جارہی تھی لیکِن ضامن کا تسلیم کرنے میں وقت لگنا تھا۔

ابرش نے ضامن کی پیٹھ کو گھورا تھا یہ انسان مجال ہے کبھی جو ابرش سے نارملی بات کرے۔

اس نے کچھ دیر تو ادھر اودھر دیکھا اور پھر آگے ضامن کی پشت پہ سر رکھتے اس کے گرد بازوؤں کا حصار بنایا اور اپنی آنکھیں موند لی۔۔

کچھ ہی پلوں میں اسے نیند آگئی تھی اس کی بھاری سانسیں ضامن کو اپنی پشت پہ محسوس ہوئی اور اس کے نرم ہاتھ اپنے کندھوں پہ تو وہ بے ساختہ کروٹ بدلتے ابرش ملک کو خود سے الگ کرتا کہ ابرش نے کس ہر پکڑ لیا۔

جیسے یہ ڈر ہو کہ ضامن چھوڑ جائے گا۔

اُسے فاصلوں پہ یقین کیوں بہت ہے

ہمیں دور رہنا آتا کیوں نہیں ہے۔۔۔

ضامن نے آہستگی سے ابرش کے بازو تھامے اسے اپنے حصارِ میں لے لیا اگر ابرش کو الگ کرتا تو اس کی آنکھ کھل جاتی اور پھر ان کے درمیان مزید بحث ہوتی۔۔ابرش کا اس کے کندھے پہ رکھا ہوا تھا جب کہ اس کے بال جو اس کے شانوں پہ بکھرے ہوئے تھے ضامن نے نرمی سے ان کو سنوارا تھا۔

ابرش کے ہلکے کھلے ہونٹوں کو دیکھتے ضامن نے اپنے ہونٹوں پر زبان پھیری جو ان جذبات جیسے انگڑائی لیتے بیدار ہوئے تھے اس کا ضبط خود پہ ختم ہوا تو نرمی سے ابرش کے ہونٹوں کو اپنے لبوں سے چھوا تھا۔

ابرش کے چہرے پہ نیند میں بھی گلال بکھرا تھا۔

آنکھ میں تھی حیا

ہر ملاقات میں

سرخ لال ہوئے

وصل کی بات پہ

اس نے مسکرا کہ

میرے سوالات پہ

ایسے گردن جھکائی

مزا آ گیا

میرے رشک کمر

تو نے پہلی نظر

جب نظر سے ملائی

مزا آ گیا۔

ضامن صرف ہونٹوں تک نہیں رہا تھا اس کے لب دیوانہ وار ابرش کے چہرے کے دلکش نقوش پہ اپنا لمس چھوڑ رہے تھے ضامن کے ہونٹوں کا سلگتا لمس نیند میں بھی ابرش کو اپنے رخساروں ٹھوڑی اور گردن پہ محسوس ہوا تھا۔

"یہ لڑکی مجھے کہیں کا نہیں چھوڑے گی۔۔۔"ضامن نے گہرا سانس بھرا ابرش کی گردن پہ اس کے ہونٹوں کے نشان بنے ہوئے تھے اس نے ابرش کے نائٹ ڈریس کی شرٹ کی زپ کھولتے اس کی گہرائیوں پہ اپنے لبوں کے نشان دیکھے دل میں ایک ہول سا اٹھا تھا۔

ان کے اتنے قربت بھرے لمحاتِ اس کو یاد ہی نہیں تھے وہ ابرش کی گہرائیوں پہ جھکتے پہلے سے بنے نشانوں پہ اپنے ہونٹ رکھ گیا ابرش ہلی تو ضامن یکدم سے پیچھے ہوا اور خود کو ڈپٹا۔

خوُد ابرش سے نفرت کے دعوے کر رہا تھا اور خوُد ہی اس کے قریب بھی جا رہا تھا۔

"آہ۔۔۔"اس کی سیاہ آنکھوں میں دکھوں کی تلخیاں تھیں وہ مسکرا بھی نہیں سکا عائلہ کو سوچتے اس کے دل و دماغ میں بھڑ پھڑے سے اُٹھنے لگے تھے۔

وہ بیڈ سے اٹھتے سائیڈ ٹیبل پہ پڑا سگریٹ کا پیکٹ اٹھاتے ٹیرس پہ چلا آیا۔

ابرش کو سموکنگ سے الرجی تھی یہ بات توضامن کو معلوم تھی یہی وجہ تھی کہ وہ جب بھی سموکنگ کرتا ٹیرس پہ چلا آتا تھا۔

اس وقتِ سگریٹ سلگاتے ہونٹوں میں دباتے وہ دیدم کے بارے میں سوچنے لگا کتنی بے باک لڑکی تھی دوسری ہی ملاقات میں اظہارِ محبت کر دیا وہ تو آچھا تھا کہ ضامن کے ساتھ ابرش نہیں تھی ورنہ معاملہ کتنا آگے جا سکتا تھا یہ ضامن کو اچھے سے معلوم تھا۔

فضا میں سگریٹ کے دھواں کی مہک پھیل رہی تھی ابرش جو گہری نیند میں تھی اس کی نتھوں سے یہ مہک ٹکرائی تو اس کی نیند خراب ہوئی پہلے تو اس نے تکیے میں منہ چھپایا لیکن پھر ارگرد ضامن کو نہ پاتے وہ یکدم اٹھی تھی وہ بیڈ پہ اکیلی تھی ضامن اس کے ساتھ کئیں نہیں تھا اس کے دل کو جیسے کسی

نے مٹھیوں میں بھینچ لیا وہ آس پاس دیکھنے لگی لیکِن ضامن کمرے میں نہیں تھا۔

پر سگریٹ کی سمیل سے اسے لگا کہ ضامن ہی سموکنگ کر رہا ہے وہ اٹھتے ٹیرس کی طرف چلی آئی یہاں وہ ٹیرس رینک سے ٹیک لگائے دھواں ہوا میں چھوڑ رہا تھا ابرش نے کھانستے اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا اسے اتنی الرجی تھی کہ اب اس کا کھانس کھانس کے برا حال ہونا تھا۔۔

"سر۔۔۔" ابرش سانسوں کے لیے بے حال ہوئی اس کا سانس جیسے سینے میں ہی اٹکا تھا وہ بمشکل آگے بڑھ سکی تھی ضامن نے ابرش کی آواز سنتے پلٹ کر ابرش کو دیکھا اور پھر اپنے ہاتھوں میں موجود سگریٹ کو اور جو ہونٹوں میں دبایا ہوا تھا وہ الگ اس نے تیزی سے سگریٹ زمین پہ پھینکتے اپنے جوتے سے مسل دی تھی۔

"کیا کر رہی ہیں آپ یہاں۔۔۔؟" وہ اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ پھیرتے بولا تھا۔

"آپ اس ٹائم سموکنگ کیوں کر رہے تھے۔۔؟ سر یہ سونے کا ٹائم ہے سموکنگ کرنے کا نہیں۔۔۔!؛" وہ ضامن سے قدرے فاصلے پہ کھڑی تھی آگے نہیں بڑھ پا رہی تھی کیونکہ سانس جیسے سینے میں ہی آٹک چکی تھی اس کی ضامن نے آگے بڑھتے اس کے قریب کھڑے ہوتے اسے دیکھا تھا۔

"میں اس ٹائم جو مرضی کروں مس ملک آپ کو جواب دہ نہیں ہوں مَیں۔۔۔ آپ یہاں کیا کر رہی ہیں آپ تو سو رہی تھیں مس ملک۔۔۔!؛" ضامن نے سنجیدگی سے پوچھا۔

"آپ کو پتہ ہے مجھے سموکنگ سے الرجی ہے پھر آپ کیوں پی رہے تھے سگریٹ۔۔۔!؛" ابرش کی نظریں زمین پہ بکھرے راکھ پہ تھیں۔

"آپ کی وجہ سے میں روم میں نہیں یہاں سگریٹ پی رہا تھا لیکِن آپ کو اب اس پہ بھی اعتراض ہے آخر آپ کیا چاہتی ہیں مَس ملک۔۔۔؟!"ضامن کے سوال پہ ابرش کے لب مسکراہٹ میں ڈھلے تھے

۔

"آپ کو چاہتی ہوں سر۔۔۔؟"وہ ہلکا سا مسکرائی تھی۔

"اس پہر آپ نے یہ بات کرنی ہیں مس ملک۔۔۔؟"اس کے چہرے کے نقوش تن گئے۔

"جب آپ اس پہر سگریٹ پی سکتے ہیں تو میں یہ نہیں کر سکتی ہوں۔۔۔"ابرش نے ضامن کی آنکھوں میں دیکھتے استفسار کیا تو ضامن اس کی آنکھوں میں زیادہ دیر دیکھ نہیں سکا تھا ان نیلی آنکھوں میں وہ زیادہ دیر تک کہاں دیکھ پاتا تھا اپنا آپ ان آنکھوں میں ڈوبتا سا محسوس ہوتا تھا۔

"آپ جو بھی کریں وہ آپ کی مرضی لیکِن اتنا خیال رکھیے گا کہ اس کا لنک میرے ساتھ نہ ہو۔۔۔"ضامن نے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا ابرش کے آنے سے وہ سگریٹ تک نہیں پی پا رہا تھا اور اس بات کا اسے بے حد غصہ آیا تھا ابرش سو رہی تھی نجانے کیسے اس کی آنکھ کھل گئی۔

"آپ کی بیوی ہوں اور آپ سے پیار جتاوں گی تو آپ سے لنک تو ہو گا ڈئیر ہبی۔۔۔!؛"اس نے ضامن کے کندھوں پہ ہاتھ رکھا ابرش کو جھجھک تو محسوس ہوئی لیکن ضامن کے سامنے اسے خود کو بولڈ بھی تو شو کرنا تھا کہ ہاں وہ ضامن کے قریب جا سکتی ہے۔۔۔

"مُجھے نہیں پسند۔۔۔!؛"

"تو کیا پسند آپ کو۔۔؟" ابرش نے اس کے ہونٹوں پہ انگوٹھا پھیرا جو سگریٹ کی وجہ سے کالے ہو رہے تھے ابرش کو ان ہونٹوں پہ یہ ظلم پسند نہیں آیا۔

"آپ تو ہرگز پسند نہیں ہیں مجھے۔۔۔!؛" ضامن نے ابرش کی خوش فہمی دور کرنی چاہی۔

"یہ تو مُجھے معلوم ہے کوئی نئی بات کریں سر جی۔۔۔" وہ ضامن کے رخساروں پہ انگلیوں کا لمس چھوڑتے اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے اس کے قریب ہوئی تھی اور یہیں پہ ضامن کی بس ہوئی تھی ان لمحات سے بچنے کے لئے ہی تو وہ یہاں کھڑا سگریٹ پی رہا تھا اور ابرش پھر سے اس کے سامنے چکی آئی تھی اس دو تشنہ روپ میں۔

"آپ جائیں سو جائیں نیند میں ہیں آپ مس ملک۔۔۔جو ایسی باتیں کر رہی ہیں آپ۔۔۔"ضامن کی بات پہ ابرش نے بمشکل اپنی ہنسی روکی تھی وہ تو اب نیند سے بیدار ہوئی تھی ضامن کے اتنے قریب آکر وہ کہاں پیچھے جا سکتی تھی بھلا۔

"ابھی تو نیند سے جاگی ہوں سر۔۔۔"وہ ضامن کے رخساروں پہ ہونٹ رکھتی کہ اس سے پہلے ہی ضامن نے اسے خود سے الگ کیا ابرش کے چہرے پہ ناگواری پھیلی تھی۔۔۔

"یہ کیا بکواس کر رہی ہیں آپ مس ملک۔۔۔!؛"وہ بھڑکا ابرش کے ہونٹوں سے ایسی باتیں سن کر وہ ہمیشہ ہی اپنا ٹمپر منٹ کھو دیتا تھا ابرش کو اندازہ بھی تھا کہ ضامن کو آیسا ویسا کچھ پسند نہیں ہے لیکن وہ پھر بھی یہ بولتی تھی شاید اسے تو ضامن کو تنگ کرنے میں مزا آتا تھا۔

"سر بکواس نہیں ہے۔۔۔"وہ پھر سے نیند میں جا رہی تھی اس کی آنکھیں بند ہو رہی تھیں تبھی وہ نیند میں ہی بہکی بہکی سرگوشیاں کر رہی تھی اور ضامن اس کی باتیں سنتا آگ بگولہ ہو رہا تھا۔

"تو پھر کیا ہے یہ سب۔۔۔؟"ضامن نے ابرو اچکائی تو وہ مسکراتے ضامن کے ہونٹوں کو ہولے سے اپنے ہونٹوں سے چھوتے اس کی گردن میں چہرہ ڈالے خود کو چھپا گئی تھی ضامن کو توقع نہیں تھی کہ ان کے درمیان جو کشیدگی چل رہی ہے اس کے باوجود ابرش اس کے ساتھ ایسی حرکت کرے گی۔

"پیارسر۔۔۔"اب وہ نیند میں جاتی کہ اسے کھانسی ہوئی ضامن کے ہونٹوں پہ ابھی تک سگریٹ کی مہک تھی ابرش نے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا لیکن فایدہ نہیں ہوا اس کی کھانسی بڑھتی ہی جا رہی تھی۔

"واٹ ربش۔۔۔!؛"ضامن دھاڑا لیکِن ابرش کی آنکھوں سے کھانسنے کی وجہ سے پانی آنے لگا تھا اس کے لیے سانس لینا تھوڑا مشکل ہوَا تھا۔

وہ سگریٹ برداشت نہیں کر سکتی تھی ضامن کے ہونٹوں کو تو چھو لیا تھا لیکِن اب اس کی حالت خراب ہو رہی تھی ضامن نے ابرش کی حالت دیکھتے خوَد پہ ضبط کرتے اس کے ہونٹوں کو جکڑا اوَر اسے اپنی سانسیں دینے لگا ابرش اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں دباتے اس کی سانسیں کھینچ کر خود میں اتارنے لگی۔

جب تک وہ پوری طرح سے نارملی سانس نہیں لینے لگی ضامن نے اُس کے ہونٹوں کو آزاد نہیں کیا ابرش اس وقت اس کے حصار میں سکون سے کھڑی اس کی سانسوں کو خوَد میں انڈھیل رہی تھی۔

کتنے لمحات گزرے درمیان سے لیکن دونوں کو کہاں ہوش تھا ابرش اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں دبائے اس کی سانسوں کو قطرہ قطرہ خوُد میں انڈیلتے جب نارمل سانس لینے لگی تو ہی ضامن پیچھے ہٹا تھا اور ابرش نے گہرے سانس لیے۔

ضامن اس کو چھوڑتا اس سے پہلے ہی ابرش مضبوطی سے اس کے کندھوں پہ ہاتھ رکھتے اپنی آنکھیں موند گئی تھی وہ ضامن کے ساتھ رہنا چاہتی تھی اسے ڈر تھا کہ ضامن پھر سے سگریٹ نہ پینے لگ جائے۔

"مس ملک جائیں یہاں سے۔۔۔!؛" ایک بار وہ ابرش کو کس کرتے اپنی سانسیں اس کی سانسوں میں گھلتے دیکھ چکا تھا دوبارہ سے وہ آیسا کچھ نہیں کرنے والا تھا لیکِن ابرش نے نفی میں سر ہلایا۔

"آپ لے جائیں مجھے۔۔۔!؛" وہ نیند میں جاتے ضامن کی گردن میں بانہیں ڈالے اس کی گردن میں چہرہ چھپا گئی اکثر ابرش یہی کرتی تھی اس کی گردن میں منہ چھپا لیتی تھی.

"آپ چل سکتی ہیں خوُد مس ملک جائیں یہاں سے مجھے کچھ کام ہے آپ کی طرف فری نہیں یوں میں۔۔!؛" ضامن نے اسے الگ کرنا چاہا تو ابرش نے مذید کس کر اسے پکڑا تھا۔

"کونسے کام جو آپ نے کرنے ہیں سر؟ سوائے یہ سگریٹ پھونکنے کے اوُر کیا آتا ہے آپ کو۔۔۔ چلیں آئیں روم میں اور سو جائیں۔۔۔!!" وہ ضامن کا ہاتھ پکڑتے کھینچنے لگی لیکن اس کے کسرتی وجودِ کو ایک انچ بھی نہیں ہلا سکی تھی۔

"تو آپ کو کیا مسلہ ہے آپ سو جائیں۔۔۔!؛"

"میں آپ کو لیے بغیر روم میں نہیں جاؤں گی ایسا کیا ہے اس سگریٹ میں مجھے بھی دیں پی کر دیکھوں کیسا محسوس ہوتا ہے کتنے غم اس سگریٹ کے دھوئیں کے ساتھ ہی فضا میں ملق ہو جاتے ہیں پتہ تو چلیں۔۔۔"اس نے ضامن کے ہاتھ سے سگریٹ کھینچنا چاہا لیکن ضامن شدید طیش میں آ گیا تھا۔

"ہوش میں تو ہیں آپ یہ کیا کر رہی ہیں۔۔۔!؛"اس کا پارہ ہائی ابرش کے ہونٹوں سے سگریٹ کی ڈیمانڈ سن کر ابرش سگریٹ پینے والی تھی۔

"آپ بھی تو یہی پیتے ہیں۔۔۔جب آپ پی سکتے ہیں تو میں کیوں نہیں پی سکتی ہوں سر۔۔۔!؛"ابرش نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔ضامن کو ابرش کے پینے سے مسلہ تھا تو وہ خود کیوں پی رہا تھا۔

"آپ اب وہ کام کریں گی جو میں کرتا ہوں؟"ضامن نے اپنی طرف انگلی سے اشارہ کیا تو ابرش نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"میں ایسا کچھ نہیں چاہتی ہوں سر بٹ آپ کو یہ سمجھنا چاہیے کہ یہ صحت کے لیے ٹھیک نہیں ہے آپ کیوں پیتے ہیں یہ۔۔۔ غمِ تو ہر انسان کی زندگی میں ہوتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ آپ غموں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے یہ سگریٹ پینا شروع کر دیں۔۔۔۔!؛"ابرش نے ضامن کے ہاتھ سے سگریٹ کا پیکٹ کھینچتے دور پھینک دیا تھا۔

"میں جو بھی کروں سگریٹ پیوں یا زہر کھالوں آپ کو میری فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے مس ملک آپ بس اپنی یہ توجہ خوُد تک محدود رکھیں مس ملک اوُر جائیں روم میں۔۔۔!؛"ضامن دھاڑا اس کے لہجے میں سختی کا عنصر دیکھتے سرد لہریں ابرش کو اپنے وجودِ کے آر پار سرایت کرتی محسوس ہوئی تھیں۔

"میں نہیں جاؤں گی آپ کے بغیر۔۔۔" ابرش بھی ضدی تھی کہاں مانتی تھی اس نے ضامن نے کی بات انکار کرنے لگی لیکِن اس کا یہ انکار مقابل کو دہکا گیا تھا پورے وجود میں چنگاریاں سی دہکنے لگی تھیں۔

"تو ٹھیک ہیں آپ کھڑی رہیں میں ٹیرس سے تو کیا روم سے ہی جا رہا ہوں عجیب عذاب بن گئی ہے زندگی اپنی مرضی سے انسان کچھ بھی نہیں کر سکتا ہے۔۔۔" ضامن خود ہی کمرے سے جانے والا تھا کہ ابرش نے اس کی کلائی تھام لی۔

"آپ نہیں جا سکتے ہیں روم سے۔۔۔ چلیں روم میں آئیں سر۔۔۔ بہت رات ہو چکی ہے۔۔" ابرش نے ضامن کی کلائی جکڑی ہوئی تھی وہ چھوڑنے کے لئے تیار ہی نہیں تھی اگر چھوڑ دیتی آگلے ہی پل ضامن نے روم سے نکل جانا تھا۔

"میں روم سے جاؤں یا گھر سے آپ مجھے روک نہیں سکتی ہیں مس ملک۔۔۔ اگر آپ نہیں چاہتی ہیں کہ میں کمرے سے جاؤں باہر تو آپ جائیں اوَر سو جائیں میں آجاؤں گا فحال مُجھے نیند نہیں آرہی ہے ورنہ میں کمرے میں چلا جاتا آپ کے کہنے سے پہلے ہی۔۔۔"ضامن نے نرم لہجہ اپنایا جتنا وہ روڈ ہوتا اتنا ہی ابرش نے ضد پہ اڑا تھا۔

"سر آپ روم میں آئیں بھلے جاگتے رہئیے گا لیکن آپ کو روم میں آنا ہو گا ورنہ میں بھی پھر یہیں کھڑی ہوں آپ روم میں چلیں۔۔۔۔."اس کے ہونٹوں سے بار بار روم میں جانے کی بات سن کر ضامن نے اسے گھورا تھا اوَر نفی میں سر ہلایا۔

"نہیں جانا روم میں آپ کو سنائی نہیں دے رہا ہے مس ملک اوَر اب کی بار آپ نے کمرے میں جانے کا کہا تو میں کمرہ چھوڑ کر نکل جاؤں گا اوَر یہ آپ

بھی جانتی ہیں کہ آپ مجھے روک نہیں سکتی ہیں َمس ملک۔۔۔۔!؛" وہ اس کی گرفت سے اپنی کلائی ایک جھٹکے سے چھڑوا چکا تھا۔

ابرش نے تو بہت کوشش کی کہ وہ اس کی گرفت سے اپنی کلائی آزاد کرواتے اپنی بیرڈ سہلانے لگا۔۔

ابرش اس کی ضدی طعیبت پہ دانت پیستے پاؤں پٹختے روم میں چلی گئی ضامن کے معاملے میں ہمیشہ ابرش کو ہی لچک دکھانی پڑتی تھی ورنہ ضامن تو ایسے ضد پہ آڑ جاتا کہ پیچھے ہٹنے کا نام ہی نہیں لیتا تھا ابرش اس کے ساتھ ضد لگاتے ہمیشہ ہی ہار جاتی تھی کیونکہ ضامن اپنی بات سے پیچھے نہیں ہٹتا تھا۔

"مس ملک آپ نہیں سمجھ سکتی ہیں َیہ کتنا مشکل ہے۔۔۔" وہ آہ بھر گیا تھا کاش کہ ابرش سچویشن کو سمجھ پاتی۔

میں آہ بھروں

تو ہائے کرے

میں چین لکھوں

بے چین ہو تو

پھِر بے چینی کا ب کاٹوں

تجھے چین زرا سا ہو

وہ ٹیرس پہ مزید رکتا تو کوئی فایدہ نہیں تھا ابرش سگریٹ پھینک چکی تھی اور ضامن چند منٹس بعد ہی روم میں واپس آ گیا تھا ابرش بیڈ کے کنارے ٹانگیں نیچے لٹکائے بیٹھی تھی شاید ضامن کے انتظار میں تھی جبکہ ضامن

سوچ رہا تھا کہ وہ سو چکی ہو گی اس لئے وہ روم میں آیا ابرش کو جاگتے دیکھ کر وہ سر جھٹکتے اپنی سائیڈ لیٹتے آنکھیں بند کر گیا تھا۔

ابرش جو اس کے انتظار میں بیٹھی تھی اسے سوتے دیکھ کر وہ بھی ضامن کے ساتھ لیٹ گئی تھی جانتی تھی وہ آجائے گا روم میں کیوں کہ اس کی سگریٹ جو پھینک چکی تھی ابرش۔۔ضامن کو سوتے دیکھ کر ابرش بھی مسکراتے اس کے ساتھ سو گئی۔

••••

عائلہ اؤر یرمان اس وقتِ برلن وال میں موجود تھے۔۔۔

(برلن وال(Berlin Wall)

برلن کی تاریخ کا سب سے اہم نشان جو شہر کو مشرقی اور مغربی حصے میں تقسیم کرتا تھا۔ اب اس کی باقیات پر فن پارے اور تحریریں ہیں۔)

یہ بہت خوبصورت جگہ تھی یرمان ہر روز عائلہ کو کہیں نہ کہیں گھمانے لے جاتا تھا عائلہ خاموشی سے چلی جاتی اس کے ساتھ سرجری کے بعد یہاں عائلہ اب مکمل طور پر ٹھیک ہو چکی تھی وہیں وہ خاموش ہو گئی تھی بہت کم بولتی تھی پہلے بھی یرمان اور اس کے درمیان بہت کم باتیں ہوتی تھیں لیکن اب وہ اتنی خاموش رہتی کہ یرمان بات کرتا تو بس ہوں ہاں میں جواب دیتی۔

یرمان ملک عائلہ کی مرضی کے بغیر ایک بار بھی عائلہ کے قریب نہیں جا سکا تھا دل تو کرتا تھا لیکِن وہ خود پہ جبر کیے ہوئے تھا سرجری کو ایک ہفتہ گزر چکا

تھا عائلہ بالکل ٹھیک تھی اور وہ دونوں برلن شہر کے سارے مقامات گھوم چکے تھے۔

آج انہوں نے برلن وال کا رخ کیا تھا رات کے دس بج رہے تھے آس پاس کافی لوگوں کا رش تھا ابرش سے بات کرنے کے بعد عائلہ کو تھوڑا بہت اچھا لگا تھا ابرش کے لئے اداس بھی ہوئی حالانکہ اسے ابرش ملک نہیں پسند تھی بھابھی کے روپ میں تو بالکل بھی نہیں لیکن نجانے ابھی ابرش کے بارے میں سوچتے اسے دکھ ہوا تھا ضامن بھائی کے غصے سے بخوبی واقف تھی یعنی اس کے بھائی نے ابھی تک ابرش کو معاف نہیں کیا تھا اور عائلہ کیا کیا سوچتی رہتی تھی۔

"عائلہ کچھ خریدنا ہے۔۔۔شاپنگ کرنی ہے مزید تو چلتے ہیں مال ہماری آخری رات ہے یہاں کل صبح تو ہم واپس چلیں جائیں گے۔۔۔!؛" یرمان

نے کل صبح کی ٹکٹ بک کروالی تھی آگے ڈیڈ کا بر تھڈے تھا اسے بہت سی تیاریاں کرنی تھیں۔

"نہیں۔۔۔"عائلہ نے مختصر سا جواب دیا وہ یا تو جواب نہیں دیتی تھی اوَر اگر دیتی تو بہت شارٹ سا جیسے خود پہ جبر کر رہی ہو بات کرنے کا موڈ نہ ہو پھر بھی جواب دے رہی ہو۔

"ٹھیک ہو تم۔۔۔؟"یرمان نے اس کی کلائی تھامی جسے چھڑوانے کی کوشش عائلہ نے نہیں کی لیکن نظریں جھکالی تھیں۔

"جی۔۔۔"دونوں صبح گیارہ بجے نکلے تھے اوَر رات ہو رہی تھی سوائے بلیک کوفی کے ان دونوں نے کچھ نہیں کھایا تھا یرمان ملک کو بہت سخت بھوک لگ رہی تھی یہاں کے کافی سارے فمس ریسٹورنٹس سے وہ کھانا کھا چکے تھے

آج لاسٹ ڈے تھا یرمان چاہتا تھا کہ وہ عائلہ کے ہاتھ سے بنا کچھ کھائے اسے ابھی تک عائلہ کے ہاتھ کا بنا کھانا کھانے کا زیادہ اتفاق نہیں ہوا تھا۔

"کہیں اوٗر جگہ چلیں۔۔۔!؛" یرمان کا مقصد اسے باتوں میں الجھانا تھا تاکہ وہ کچھ بولے اور یرمان جان سکے کہ اسے آخر مسلہ کیا ہے۔۔

"گھر بس۔۔۔" عائلہ نے یرمان کی گرفت میں نرمی دیکھی تو اس کے ہاتھ سے کلائی چھڑواتے اپنے ہاتھ کوٹ کی جیبوں میں ڈال لیے تھے۔

یرمان نے اس کی یہ حرکت دیکھتے خوٗد پہ ضبط کیا وہ عائلہ پہ غصہ نہیں کرتا تھا جتنا کچھ پہلے ہو چکا تھا اس کے بعد وہ خود ہی بہت احتیاط کرتا تھا عائلہ نے اس کی وجہ سے کافی کچھ برداشت کیا تھا اب مزید کچھ ایسا نہ ہو اس لئے وہ بہت احتیاط کرنے لگا تھا لیکِن عائلہ کی طرف سے خاموشی مل رہی تھی اسے

"اتنی جلدی دس ہوئے ہیں مووی دیکھنے چلتے ہیں پھر گھر چلیں گے کیا کہتی ہو سنیما چلیں۔۔۔!!" یرمان نے کوٹ کی جیبوں سے ہاتھ نکالتے ایک بار پھر سے اس کی کلائی کو نرمی سے اپنی گرفت میں لیا۔.

"گھر۔۔۔" عائلہ گھر جانے کے لیے اسرار کرنے لگی تو یرمان اسے گھر لے آیا۔

"مُجھے بھوک لگ رہی ہے عائلہ۔۔۔اب تو کک بھی نہیں ہے یہاں ورنہ کچھ بنوا لیتے ہم۔۔۔!" یرمان نے چہرے پہ سنجیدگی طاری کی تھی۔

"کیا کھانا ہے آپ نے۔۔۔؟" اچانک سے عائلہ کی طرف سے پوچھے گئے سوال پہ یرمان نے پلٹتے اسے دیکھا وہ سیریس تھی لیکِن پھر بھی اس کی طرف سے یہ لمبا فقرہ بولا گیا تھا۔

"تم بناؤ گی میرے لئے عائلہ۔۔۔؟" اسے یقین نہیں ہوا کہ عائلہ سچ میں اس کے لئے کھانا بنانے والی تھی ویسے تو اس سخت بھوک کو وہ برداشت کر سکتا تھا تھا تھوڑا مشکل لیکن اس نے برداشت کر لینا تھا پر آج نجانے کیوں وہ چاہتا تھا کہ عائلہ خود اس کے کیے کچھ بنائے وہ عائلہ کے ہاتھ کا بنا کھانا ٹیسٹ کرنا چاہتا تھا کہ وہ کس طرح کی کوکنگ کرتی ہے۔

"جی۔۔۔" عائلہ نے پھر مختصر سا جواب دیا اور ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنے لگی یرمان ملک کہاں برداشت کر سکتا تھا ان نازک ہونٹوں پہ یہ تشدد اس کے عائلہ کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنے قریب کرتے اس کے ہونٹوں پہ اپنے ہونٹ رکھ دیئے۔

عائلہ کی آنکھوں کی پتلیاں حیرت سے پھیلی تھیں یہ سنجیدگی عائلہ کی طرف اس لیے برتی جا رہی تھی کہ یرمان ملک اس کے قریب نہ آئے پہلی رات کا

درد وہ بھولی نہیں تھی لیکن اس کی طرف سے اتنی بے عتنائی کے باوجود یرمان ملک اس کے ہونٹوں پہ جھکتا چلا گیا تھا۔

اس کے ہونٹوں کو پوری شدّت سے اپنے ہونٹوں میں قید کیے وہ اپنی تشنگی مٹا رہا تھا عائلہ اس کے لمس میں بڑھتی شدت پہ سٹپٹا کر رہ گئی اس قدر بے باکی سے یرمان ملک اس کے ہونٹوں کو جکڑے اس کی سانسوں کو قید کرے گا عائلہ کو یقین نہیں آرہا تھا لیکِن یرمان ملک کے لمس میں شدت تھی دیوانگیٔ تھی اسی دیوانگی سے تو وہ بچاری بچنا چاہا رہی تھی پر نازک جان کہاں جانتی تھی کہ یرمان ملک اس کے ہونٹوں کا ایڈکٹ ہو چکا تھا ان لبوں کی طلب اس کی رگ رگ میں سما چکی تھی۔

مُجھے تو تیری لت لگ گئی

زمانہ کہے لت یہ غلط لگ گئی۔

مُجھے تو تیری لت لگ گئی

روکوں جتنا اتنی بغاوت ہو

لگتا ہے ایسے حالِ دل کی

تم ضرورت ہو

مجھکو بھی تؤ ضروری

تیرے ہی نشے میں پوری

دیکھو کیسی یہ لت لگ گئی

زمانہ کہے لت یہ غلط لگ گئی۔

مُجھے تو تیری لت لگ گئی

نجانے کتنے لمحے درمیان میں معنی خیز خاموشی کی نظر ہوئے تھے عائلہ کے لیے اپنے پاؤں پہ کھڑا ہونا مشکل ہوا آپنا کوٹ جس کے بٹن وہ کھول چکی تھی اسے زمین بوس ہونے سے نہیں بچا سکی تھی۔

وہ اس کے ہونٹوں سے تشنگی مٹا رہا تھا عائلہ کی حالت دیکھتے وہ اسے ڈیپ کس نہیں کرتا تھا لیکِن اس وقتِ جذبات تھے کہ کنٹرول نہیں ہو رہے تھے وہ اس کو اوپر اٹھائے اس کی ٹانگوں کو اپنی پشت پہ لاک کرتے اس کے ہونٹوں کو نرمی سے آزاد کرتے اسے خود میں بھینچ گیا عائلہ گہرے سانس لے رہی تھی اس کی سانس دھوکی مانند تیس چل رہی تھی اوپر سے یرمان کے اتنے قریب اس کو ڈھیروں حیا آ رہی تھی۔۔۔۔

وہ اس کے اتنے قریب تھی کہ دونوں کی دھڑکنوں ایک دوسرے میں گھل مل رہی تھیں یرمان ملک نے عائلہ کے بالوں کو پونی سے آزاد کرتے اس کے بالوں کی مہک خود میں انہل کی تھی۔.

"پیچھے۔۔۔ پیچھے۔۔ ہوں۔۔۔۔!؛" وہ اس کی شرٹ کا کالر مٹھیوں میں جکڑتے پھٹی پھٹی آواز میں بولی تھی اس کے چہرے پہ پسینہ تھا۔

"عائلہ ریلکس۔۔۔!؛" وہ اس کے بالوں کو نرمی سے سنوارتے اس کے رخساروں پہ ہونٹ رکھ گیا عائلہ نے اسے خوُد سے دور کرنا چاہا لیکن یہ اس کے لئے بہت مشکل تھا۔

"چھوڑیں پلیز۔۔۔!؛" وہ اس کے حصار میں مزید کچھ دیر کھڑی رہتی تو زمین بوس ہو جاتی یرمان اس کی حالت دیکھتا اپنے منہ زور جذبات پہ جیسے

تیسے ہی بند باندھ گیا اوُر اسے خود سے الگ گیا عائلہ نے اپنا سکارف جلدی سے ٹھیک کر گئ کوٹ اٹھاتے وہ کمرے میں جانے کی جلدی میں تھی۔۔

"میرا کھانا عائلہ۔۔۔؟" وہ عائلہ کو میں نہیں جانے دینا چاہتا تھا آگر عائلہ کمرے میں چلی جاتی تو پھر اس نے کھانا نہیں بنانا تھا اس کے لئے۔

"بناتی ہوں۔۔!؛" عائلہ کو اچانک سے یاد آیا تو بمشکل بولی ورنہ یرمان کی حرکت کے بعد وہ سرخ قندھاری ہو رہی تھی چہرے پہ یرمان ملک کی قربت کے رنگ بکھرے تھے۔۔۔

"مجھے کچھ بھی بنادو جو تم بناؤ گی میں کھالونگا بہت بھوک لگی ہے یار عائلہ۔۔۔" وہ مسکینت سے بولتے اپنی شرٹ کے بٹن کھولنے لگا عائلہ نے بے ساختہ اپنی آنکھوں پہ ہاتھ رکھا یہ بندہ اس کے سامنے شرٹ آیسے چینج

کرتا تھا جیسے عائلہ کے ہونے سے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا ہو اور عائلہ بچاری خوامخواہ ہی بلش کرتی تھی۔

"جائیں۔۔۔!؛" عائلہ کو اسے چینج کرنے فریش ہونے جانا ہے اس لیے شرٹ کے بٹن کھول رہا ہے لیکِن یرمان تو اس کے ساتھ کچن میں چلا آیا لیکن شرٹ کے بٹن ایسے ہی کھلے ہوئے تھے۔

"کیوں۔۔؟ مجھے ادھر ہی رہنا ہے عائلہ۔۔ تم اکیلے ڈر گئی تو تم پھر ویسے بھی کھانے میں تو کافی ٹائم لگے گا یار۔۔۔ تم بور ہو جاؤ گی۔۔۔" وہ ریلیکس سا کاؤنٹر سے ٹیک لگائے کھڑا تھا عائلہ جو ویجیٹبل پلاؤ بنانے کے لئے فریج سے سبزیاں نکال رہی تھی اس کی گرفت فریج کے دروازے پہ مظبوط ہوئی تھی۔

"نہیں۔۔۔"عائلہ یرمان سے زیادہ بات نہیں کرنا چاہتی تھی پہلے ہی جو حرکت وہ کر چکا تھا اس کے بعد سے تو عائلہ بہت ڈر گئی تھی لیکِن یرمان کو کچن میں ہی ڈیرے جمائے دیکھ کر اسے مذید پریشانی ہوئی تھی کیا جب تک وہ کھانا بنا رہی تھی یرمان نے یہیں رہنا تھا یہ تو پھر ٹھیک نہیں تھا۔

یرمان کسی بھی وقت اس کے قریب آ سکتا تھا جو شخص اسے سڑک پہ اتنے لوگوں کے ہجوم میں کس کر سکتا تھا وہ یہاں بھلا کیسے پیچھے رہ سکتا تھا۔

"کیا مطلب نہیں؟ تم چاہتی ہو میں کچن سے چلا جاؤں عائلہ۔۔۔؟"یرمان کو پہلے سے ہی معلوم تھا کہ اسکو کچھ ایسا ہی سننے کو ملے گا۔۔۔!؛

"ہاں۔۔۔!؛"ابرش نے سبزیاں کاؤنٹر پہ رکھی اور ان کو واش کرتے کاٹنے لگی جبکہ یرمان اسے کوکنگ کرتے دیکھنا چاہتا تھا کہ عائلہ کو کھانا بناتے دیکھے

"میں تو نہیں جارہا۔۔۔!؛"وہ عائلہ کو پیچھے سے اپنے حصارِ میں لیتے اس کے کندھے پہ ٹھوڑی رکھتے اس کی گردن پہ ہونٹوں کی مہر ثبت کرنے لگا۔

"پلیز۔۔۔"اس کی کچن میں موجوگی کیا کم تھی جواب وہ اس کے قریب آتے اس کی گرم پہ اپنے ہونٹوں کا لمس چھوڑتے اسے مذید پریشان کر رہا تھا

۔

"عائلہ میں تنگ نہیں کر رہاہوں تمھیں یار تم اپنا کام کرو میں بس تمھیں دیکھوں گا۔۔۔!؛"وہ اس کے کندھے پہ ٹھوڑی رکھے ہوئے تھا عائلہ کے لیے یہ ہی پریشانی کیا کم تھی۔

"نہیں۔۔۔جائیں۔۔۔!؛"عائلہ سبزیوں سے ہٹتے یرمان ملک کی طرف ہو چکا تھا اور یرمان اس کا دھیان خود کی طرف پاتے خوش ہوا لیکن یہ خوشی بس چند لمحوں کی تھی اگلے ہی لمحے عائلہ کے ہونٹوں سے ایک دم خراش چیخ نکلی

تھی کیونکہ چھڑی اس کے ہاتھ پہ لگ چکی تھی یرمان پیچھے ہوتے اس کا ہاتھ دیکھنے لگا جس سے بہتا خون اب فرش کو داغ دار کر رہا تھا عائلہ کے ہاتھ سے خون نکلتے دیکھ کر یرمان ملک بے چین ہو گیا تھا۔

"عائلہ یہ کیا کیا ہے۔۔۔" وہ اس کا ہاتھ تھامے سنک کی طرف لے جاتے اس پہ پانی بہانے لگا تاکہ خون رک جائے۔

"سسس۔۔۔" عائلہ کے ہاتھ پہ کافی گہرا کٹ لگا تھا جس سے بہتا خون رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا بچاری عائلہ کا درد کے مارے برا حال تھا یہ پہلی تھا کہ کچن میں کام کرتے اسے چوٹ لگی تھی ورنہ پہلے ہمیشہ وہ پوری توجہ سے کھانا بناتی تھی۔۔

آج ہی یرمان ملک اس کے ساتھ تھا اور آج ہی اس کے ہاتھ پہ کٹ لگ گیا تھا۔۔

"یہ تو بہت گہرا زخم ہے عائلہ تم ادھر آؤ چھوڑو کھانے کو جہاں بیٹھو یہ سارے والے گھر میں ایک ڈاکٹر رہتی ہے میں اسے دیکھتا ہوں وہ بینڈج کرے گی تمھارے زخم پہ۔۔۔"یرمان عائلہ کو لاونج میں رکھے صوفے پہ بیٹھاتے اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھتے باہر نکل گیا عائلہ کتنی ہی دیر یرمان ملک کو سوچتے رہی یرمان اس کی تکلیف پہ کتنا بے چین ہو گیا تھا۔

یرمان ملک کا جھکاؤ خود کی طرف دیکھتے عائلہ نہ چاہتے بھی خود پہ رشک کرنے لگی تھی یرمان ملک اس کے لیے جنونی تھا اور اب پوزسیو بھی ہو رہا تھا عائلہ کے ہاتھ میں شدید درد ہو رہا تھا لیکن یرمان کے لمس سے یہ درد جیسے کئیں دور بھاگ گیا تھا۔

وہ آنکھیں بند کیے صوفے کی پشت سے ٹیک لگا گئی خون حد تک رک گیا تھا لیکن درد عائلہ کو پھر بھی ہو رہا تھا۔

ضامن پانچ منٹس میں ہی واپس آ گیا تھا اس کے ساتھ ایک ینگ ڈاکٹر بھی تھی جو اس کے ساتھ تیزی سے آندر داخل ہوئی تھی۔

"شی از یور سسٹر۔۔۔(یہ آپ کی بہن ہیں۔۔)" یہ ڈاکٹر عائلہ کی کمر عمری دیکھتے یہ ہی اندازہ لگا پائی کہ یہ لڑکی یرمان ملک کی بہن ہو سکتی ہے۔

"نو شی از مائی وائف۔۔۔(نہیں یہ میری بیوی ہے۔۔)" وہ عائلہ کے قریب بیٹھتے اس کا ہاتھ تھامے نرمی سے سہلانے لگا جبکہ ڈاکٹر اتنے خوبصورت کپل کو دیکھ کر مسکرائی تھی۔

"واؤ سو بیوٹیفل شی از۔۔۔(بہت خوبصورت ہیں یہ۔۔۔)" ڈاکٹر نے کھلے دل سے تعریف کی تو یرمان مسکرایا تھا ان کا کپل اتنا خوبصورت تھا کہ ہر جگہ سے یرمان کو آیسے ہی کمنٹس سننے کو ملتے تھے۔

ڈاکٹر نے آگے بڑھتے عائلہ کے ہاتھ کا زخم چیک کیا کافی گہرا کٹ لگا تھا۔

"آوونو یہ تو بہت گہرا کٹ لگ چکا ہے آپ کا دھیان کہاں تھا مسز یرمان اب یہاں سٹچز لگیں گے آپ کے ہاتھ پر۔۔۔"ڈاکٹر نے اپنے ساتھ لائے بیگ سے سامان نکالا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا اب اسے سٹچز سے فرد بھی ہو گا وہ یرمان کا بازو دوسرے ہاتھ سے مظبوطی سے جکڑ گئی تھی۔

"نہیں سٹچز نہیں۔۔۔ویسے بینڈج کر دیں۔۔۔!؛"عائلہ نے سٹچز سے انکار کیا.

"عائلہ کٹ گہرا لگا ہے سٹچز لگنے ضروری ہیں یار فکر نہیں کرو زیادہ درد نہیں ہو گا تم بس میری ط***رف***دیکھو ڈاکٹر کی طرف دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے پھر درد بھی محسوس نہیں ہو گا۔۔"یرمان نے نرمی سے عائلہ بہلانا چاہا سٹچز کے لیے اس کے بازو کو سن کیا جانا تھا اور اس کے لیے ڈاکٹر انجکشن

لگانے والی تھی عائلہ کو انجیکشن سے کتنی چڑ تھی یہ تو سرجری کے دروان یرمان کو اچھے سے اندازہ ہو گیا تھا عائلہ کی پشت نرمی سے سہلاتے وہ اسے خود کی طرف متوجہ کر رہا تھا۔

اسی دوران ڈاکٹر نے عائلہ کے ہاتھ کی ونگز ٹٹولتے وہاں انجیکشن لگا دیا جس کی چبھن محسوس کرتے عائلہ کی دل خراش چیخ نکلی تھی رخسار آنسوؤں سے بھیگ گئے تھے وہ ملامتی نظروں سے یرمان کو دیکھنے لگی تھی جو ڈاکٹر کی پرواہ کیے بغیر اس کے رخساروں پہ موجود نمی اپنے ہونٹوں سے چن گیا عائلہ کا چہرہ قندھاری ہوا ڈاکٹر کے سامنے وہ ایسا ویسا کچھ کرے گا عائلہ کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا۔

"انہہ۔۔۔"وہ جھجھنا گئی ڈآکٹر تو اب اس کے ہاتھ پہ سٹچز لگاتے بینڈج کر رہی تھی اس نے یرمان کی حرکت دیکھی بھی نہیں تھی لیکن بچاری عائلہ کو شدید جھجک محسوس ہو رہی تھی۔

"کوشش کریں کہ ہاتھ کو زیادہ موو نہیں کریں ورنہ درد ہو گا باقی یہ بینڈج تین دنوں بعد چینج ہو گی یہ میڈیسن ہے اگر درد ہو تو کھا لیجیے گا۔۔۔"ڈآکٹر مزید کچھ باتیں کرتے واپس چلی گئی تو یرمان نے عائلہ کا زخمی ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے آہستگی سے سہلایا تھا۔۔

"ریسٹ کرو تم۔۔۔۔پھر صبح نکلیں گے میری غلطی ہے مجھے تمھیں کہنا ہی نہیں چاہیے تھا کھانا ایوے تمھیں چوٹ لگ گئی۔۔۔میں آرڈر کر لیتا تو زیادہ اچھا تھا تمھارے ہاتھ پہ چوٹ تو نہیں لگتی کم سے کم۔۔۔!؛"وہ افسردہ ہوا

عائلہ نے سر جھکایا تھا پہلی بار یرمان کے لیے کچھ بنانے والی تھی اوٸر وہ بھی نہیں بن سکا۔

یرمان کی نزدیکی کی وجہ سے عائلہ کا دھیان بھٹکا تھا ورنہ کوکنگ میں تو اسے کافی مہارت تھی۔

"آپ۔۔۔۔۔کی۔۔۔۔۔غلطی۔۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔"وہ یرمان کے چہرے پہ گلٹ دیکھتے مدھم سا بولی یرمان کی اس کی تکلیف پہ اتنا کنسرن شو کر رہا تھا اوٸر عائلہ کے لیے یہ بات بہت اہمیت رکھتی تھی۔

جس طرح سرجری کے دوران یرمان نے اس کی کیئر کی اوٸر سب جیسے یرمان اس کے لیے پریشان ہو رہا تھا یہ عائلہ کو یرمان کی طرف کر رہا تھا وہ چاہنے کے باوجود بھی یونان کو سوچنے سے روک نہیں پاتی تھی خود کو ابھی اس کے

ہاتھ پہ کٹ لگنے سے وہ جس قدر بوکھلا گیا کوئی بھی یرمان کی حالتِ دیکھ کر کہہ سکتا تھا کہ یرمان عائلہ سے محبت کرتا ہے۔

لفظ "محبت۔۔" پہ وہ ٹھٹکی تھی یرمان اور مایا کا خیال آیا ابرش نے تو اس کے دل سے یرمان ملک کے خلاف میل نکالنے کی کوشش کی تھی۔

عائلہ نے ویسے بھی خود ہی نوٹ کیا تھا جب سے وہ دونوں یہاں تھے مایا نہ تو ان کے پیچھے یہاں آئی تھی اور نہ ہی مایا نے یرمان کو کال کی تھی۔

"کیا پتہ کرتے بھی ہوں۔۔۔ پر میرے سامنے نہ کرتے ہوں کہ کہیں مجھے پتہ ہی نہ چل جائے۔۔۔!؛" عائلہ نے دل میں سوچا یرمان اس کو سوچوں میں ڈوبا دیکھ کر اس کو بانہوں میں بھر چکا تھا۔

جب عائلہ کو معلوم ہوا تب وہ یرمان ملک کی بانہوں میں تھی اور یرمان اسے روم میں لے آیا تھا۔

"میں خوُد۔۔۔ چل سکتی۔۔۔۔ پاؤں پہ۔۔۔۔ چوٹ نہیں۔۔۔۔ لگی۔۔۔۔ مجھے۔۔۔!؛" یرمان کو تو موقع چاہیے تھا اسے بانہوں میں بھرنے کا وہ یہاں ملا وہ شروع ہو جاتا تھا یرمان عائلہ کے طنز پہ مسکرایا تھا۔

"لیکِن مجھے آچھا لگتا ہے۔۔۔" اسے بیڈ پہ بیٹھایا اور اس کے بالوں میں انگلیاں الجھاتے وہ عائلہ کے چہرے پہ اپنی گرم سانسوں کی تپش بکھرتے اسے پیچھے بیڈ پہ لٹائے اس پہ جھکا تھا۔

عائلہ کو اس کے ارادوں کے اچھے سے خبر تھی یقیناً وہ اسے کس کرنے والا تھا لاؤنج میں جو یرمان نے ڈیپ کس کی اس کے بعد تو عائلہ یرمان یرمان ملک کو اپنے قریب نہیں آنے دینے والی تھی۔

عائلہ نے جلد بازی میں زخمی ہاتھ ہی یرمان کے بازو پہ رکھنا چاہا لیکن ہاتھ کو موو کرنے سے اس کے ہاتھ میں درد کی ٹھیس اٹھنے لگی وہ بمشکل اپنے درد کو ضبط کرتے آنکھیں میچ گیی۔۔

"کیا ضرورت تھی اس ہاتھ کو موو کرنے کی۔۔۔؟" یرمان نے آنکھیں دکھائی تھی۔

"آپ مجھے۔۔۔!؛" اس کو بتاتے بھی اتنی جھجھک سی ہوئی تھی کیسے بتاتی کہ اسے خطرہ تھا آپ مجھے کس کرنے والے ہیں اس سے بچنے کے لیے کوشش کی تھی جو بری طرح سے ناکام ہو گئی۔

"کیا میں کرنے والا تھا۔۔۔؟" یرمان صاحب کو اپنی بیوی کی نیک سوچو کا علم نہیں تھا ورنہ اس کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔

"کچھ نہیں۔۔۔" عائلہ کے ماتھے پہ پسینے کی بوندیں چمکی تھیں جنہیں یرمان نے سائیڈ ٹیبل سے ٹیشو اٹھاتے صاف کیا تھا اور اس کے رخساروں کو لبوں سے سہلایا تھا عائلہ نے بھی تو صبح سے کچھ خاص نہیں کھایا تھا اب تو رات کے بارہ سے اوپر ٹائم ہو گیا تھا یرمان نے سوچا کہ اب کیا سونا کچھ گھنٹوں بعد تو ان کی فلائٹ تھی انہیں ائیر پورٹ پہنچنا تھا سو یہ وقت وہ دونوں ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہی گزار سکتے تھے۔

اس نے کھانا آرڈر کیا اور چینج کرنے چلا گیا یرمان شرٹ لیس تھا جب ڈاکٹر کو بلانے گیا تیزی میں اس نے ٹی شرٹ پہنی تھی جو پھر ڈاکٹر کے جاتے ہی اس نے آتار دی تھی وہ گھر میں بہت کم شرٹ پہنتا تھا عائلہ کے سامنے تو جناب کو شرٹ لیس گھومنے کی عادت تھی۔۔۔

وہ آیسے بے شرمی سے شرٹ لیس گھومتا تھا کہ بچاری شرما جاتی تھی اوَر دل ہی دل میں اسے کئی ساری سلوتیں بھی دے جاتی تھی لیکِن وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ یرمان ملک جب جب شرٹ لیس عائلہ کے قریب جاتا تو اس کے چہرے پہ جو رنگ بکھرتے تھے وہ یرمان ملک کو کتنے پسند تھے۔۔۔

یرمان چینج کرتے واپس آیا تو شرٹ کے بغیر ہی تھا یعنی اب جب تک وہ ائیرپورٹ کے لئے نہیں نکلتے یرمان نے ایسے گھومنا تھا اوَر عائلہ جانتی تھی کہ اس انسان سے کچھ بھی کہنا فضول تھا وہ اس سے کچھ وہ مزید پھیلتا تھا۔

جیسے اسے عائلہ کو تنگ کرنے میں بہت مزا آتا ہو عائلہ کو تو ایسے ہی لگتا تھا کہ یرمان ملک اسے تنگ کر کے بہت خوش ہوتا تھا۔

"آپ۔۔۔کی۔۔۔۔شرٹ۔۔۔۔!؛" عائلہ باہر جتنی خاموش رہی یرمان اس وقت اتنا ہی اسے باتیں کرنے پہ اکسا رہا تھا بار بار کچھ نہ کچھ بول دیتا کہ

عائلہ کو جواب دینا پڑتا اور اگر بولتا نہیں بھی تو کچھ نہ کچھ کر دیتا کہ عائلہ بچاری خاموش نہیں رہ پاتی تھی۔

"کیا آیسے آچھا نہیں لگ رہا۔۔۔؟" عائلہ جو بیڈ پہ بیٹھی تھی ٹانگیں پھیلائے یرمان بیڈ پہ گرتا اس کی گود میں سر رکھ گیا عائلہ گھبرائی لیکن یرمان نے اس کا ہاتھ تھامے نرمی سے سہلایا تھا۔

اور پھر ہاتھ کا ہاتھ اپنی دھڑکنوں پہ رکھا عائلہ کو یرمان ملک کی تیز دھڑکنیں اپنے ہاتھوں پہ بجتی محسوس ہوئی تھیں۔

"چھوڑیں۔۔۔" وہ بوکھلا گئی یرمان کی سانسیں اسے اپنے پیٹ پہ محسوس ہوئی تو وہ جھجکتے اس کا سر اپنی گود سے ہٹانا چاہتی تھی لیکِن یرمان نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"کچھ نہیں کر رہا ہوں سو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے عائلہ۔۔۔یار بس مُجھے تُمھاری گود میں سر رکھتے اچھا فیل ہو رہا ہے۔۔۔"اس نے عائلہ کی شرٹ میں ہاتھ لے جاتے اس کے بیلی بٹن پہ اپنے ہاتھوں کا لمس چھوڑا۔

"نہیں۔۔۔"وہ کہہ بھی رہا تھا کہ کچھ نہیں کر رہا ہے لیکن اس کے ہاتھوں کی بے باکیاں بھی جاری تھیں۔

"تُمھارے قریب آتے میرا خوُد پہ اختیار نہیں رہتا عائلہ۔۔۔میں خود کو روک نہیں پاتا تمھارے قریب آنے سے۔۔۔۔نجانے تم اسے کیا سمجھو لیکِن سچ ہے یہ۔۔۔"وہ اس کی ٹھوڑی پہ ہونٹ رکھ گیا۔

عائلہ نے سانس روک لی تھی وہ قریب آتا تو عائلہ کے لیے سانس لینا دوبھر ہوتا وہ سانس تک روک لیتی تھی۔۔۔۔۔اس کے لیے یرمان ملک کی اس قدر نزدیکی برداشت کرنی بہت مشکل ہوتی تھی۔

"سانس لو وائفی۔۔۔۔!؛" وہ اس کے ہونٹوں کو سہلاتے گھمبیر لہجے میں بولا تھا جس دن یرمان ملک عائلہ کو شاپنگ پہ ہے کر گیا اُس دن عائلہ بہت مشکل سے بچی تھی واپسی پہ اس نے طعیبت خرابی کا بہانہ بنایا تھا ورنہ یرمان ملک تو اس میں سمانے کو بے تاب تھا یہ بھی اچھا تھا کہ یرمان اس کے ساتھ زبردستی نہیں کرتا تھا عائلہ کی رائے کو وہ بہت اہمیت دیتا تھا عائلہ کو آگر اس نے اپنے رویئے سے ہرٹ کیا تھا تو اب ان زخموں پہ وہ خوُد مرہم بھی رکھ رہا تھا۔

"نہیں۔۔۔۔ آپ۔۔۔!؛" یرمان نے یرمان کے ہاتھ کی حرکت پہ خشک پڑتے ہونٹوں کو زبان پھیرتے تر کیا تھا۔

"میرے قریب رہنے کی عادت ڈال لو عائلہ۔۔۔ اب تمھیں دن رات میری قربت میں ہی میرے قریب رہنا ہے جو تمھارے لیے بہت مشکل

ہونے والا ہے یار۔۔۔"اس کی ناک سے ناک سہلائی تو عائلہ نے گہرا سانس بھرا تھا۔

دروازے پہ دستک ہوئی تو یرمان نے سائیڈ سے شرٹ اٹھاتے پہنی اور باہر نکل گیا عائلہ نے اپنے دل پہ ہاتھ رکھا دھڑکنیں اتنی تیز چل رہی تھیں کہ دل بس پسلیاں توڑنے باہر آنے کے لئے بے چین تھا۔

وہ اپنا سینہ مسلتے پیچھے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا گئی گھڑی پہ وقت دیکھا تو رات کا ایک بج رہا تھا ان کو تھوڑی دیر بعد نکلنا تھا عائلہ کو اپنے ملک کی یاد بھی کچھ زیادہ ہی آ رہی تھی آج۔

وہ یرمان کے کمرے میں واپس آنے سے پہلے ہی چینج کرنے چلی آئی اور اپنے لیے ڈریس نکالتے اس نے پہننے کی کوشش کی لیکن ہاتھ کو موو کرنے پہ اسے شدید درد محسوس ہو رہا تھا وہ آنکھیں میچ گئی یرمان کی مدد لینا مطلب آ

بیل مُجھے مارو وہ پھر بے باکی دکھاتا لیکِن زخمی ہاتھ سے اس کے لیے شرٹ چینج کرنا بہت مشکل تھا۔

وہ بار بار کوشش کر رہی تھی لیکِن شرٹ کی سیلوز کو پکڑ ہی نہیں پائی جبکہ ہاتھ میں مذید درد ہونے لگا تھا وہ روتے وہیں کاوچ پہ بیٹھ گئ تھی۔

یرمان کھانا نکالتے ٹرے میں رکھتے کمرے میں آیا تو عائلہ غائب تھی اس کے ماتھے پہ بل پڑے اس نے یہاں وہاں دیکھا لیکن عائلہ روم میں تھی ہی نہیں

۔۔

اس نے ٹبیل پہ کھانے کی ٹرے ٹیبل پہ رکھی اوُر باتھ روم چیک کرتا کہ باتھ روم کا دروازہ لاکڈ نہیں تھا یعنی عائلہ باتھ روم میں بھی نہیں تھی۔۔۔

اس نے ڈریسنگ روم کے بند دروازے کو دیکھا عائلہ کے ہاتھ پہ جوٹ لگی تھی وہ خود سے ڈریس چینج نہیں کر سکتی تھی پھِر بھی وہ ڈریسنگ روم میں گھس گئی مجال تھی جو یہ لڑکی اس کی بات مانتی۔۔۔

یرمان نے سوچا کہ کھانے کے بعد وہ عائلہ کو چینج کروائے گا اس کی وجہ سے عائلہ کے ہاتھ پہ کٹ لگا تھا غلطی تو اس کی تھی نہ جاتا عائلہ کے قریب اوَر نہ لگتی اس بچاری کو چوٹ۔

وہ اندر آیا تو عائلہ کو کاوچ پہ بیٹھے روتے پایا وہ تاسف سے سر ہلاتے آگے بڑھا عائلہ کا ڈریس سائیڈ پہ پڑا تھا یعنی وہ اس کے روم سے نکلنے کے بعد ڈریس چینج کرنے آئی لیکن کر نہیں سکی۔۔۔

"عائلہ ہاتھ کو بار بار موو کیوں کر رہی ہو درد ہو گا میرا انتظار کر لیتی میں خود کرواتا تمھیں چینج۔۔۔"وہ اس کا ڈریس اوَر باقی سامان اٹھاتے اس کے ساتھ کاوچ پہ بیٹھتے بولا تھا۔

"آپ۔۔۔"عائلہ اچھلتے صوفے کی پشت سے جا لگی آگر تھوڑا سا مذید آگے ہوتی تو زمین بوس ہو جاتی وہ یقینا۔۔۔کیونکہ وہ بالکل کنارے پہ پہنچ گئی تھی یرمان نے اس کا ہاتھ پکڑتے اسے اپنی طرف کھینچا تھا۔۔

"پہلے ہاتھ پہ چوٹ لگی ہے اب مزید چوٹ لگوانے کا ارادہ ہے عائلہ۔۔۔۔ کیوں تمھیں سکون نہیں ملتا ہے میں شوہر ہوں تمھارا لیکن میرے نزدیک تم ایسے شو کرتی ہو جیسے میں کوئی اجنبی ہوں۔۔۔۔"یرمان کو اب غصہ آ چکا تھا عائلہ پہ جو اس کے قریب آنے پہ ایسا رسپانس دیتی تھی۔

"آپ۔۔۔بار۔۔۔بار۔۔۔۔!؛"

"کیا بار بار۔۔۔بار بار تمھیں اپنے بدن کا حصہ بناتا ہوں یا پھر تمھارے وجود پہ بار بار اپنے ہونٹوں سے مہر لگاتا ہوں کیا کرتا ہوں وضاحت دو گی کیا کرتا ہوں میں سوائے چھوٹی موٹی کس کرنے کے اور کیا کرتا ہوں عائلہ میں۔۔۔۔"وہ سنجیدہ ہوا تھا اس پل عاظکہ کو یرمان میں پرانے یرمان کی جھلک دکھائی تھی جو رخصتی کے وقت تھا۔

"آپ۔۔۔!؛"اس کی بے باک باتوں پہ عائلہ کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملی تھی۔

کتنی بے باکی سے یرمان وہ سب کہہ گیا جسے سنتے عائلہ کے رخساروں تپنے لگے تھے۔۔

"کیا میں عائلہ یہ بہت زیادہ ہو رہا ہے اگر میں برداشت کر رہا ہوں تو اس کا مطلب یہی ہے تم میرے لیے بہت خاص ہو بہت اہم۔۔۔۔میری زندگی

میں تم آنے والی پہلی لڑکی بھلے نہیں ہو لیکن جس لڑکی کو میں نے اپنے جذبات کی سچائی سے چاہا وہ صرف تم ہو۔۔۔مجھے نہیں پتہ تمھیں مجھ پہ یقین کیسے آئے گا آیا شائد کبھی آئے گا بھی نہیں لیکن۔۔یہ سچ ہے میں تم سے محبت کرتا ہوں۔۔۔"وہ اس کا چہرہ تھامتے اس کی آنکھوں میں آنکھیں بول رہا تھا عائلہ کئی لمحے تو کچھ بول ہی نہیں سکی کیا بولتی وہ چپ چاپ بس یرمان ملک کو سن رہی تھی جو وہ کہہ رہا تھا وہ سن رہی تھی۔۔۔

محبت کے بارے میں شاید یرمان نے پہلی بار بات کی تھی یرمان ملک اگر اس سے محبت کرتا تھا تو مایا کہاں تھی اس سب میں مایا ان کے درمیان نہ ہوتے بھی ان کی زندگی میں موجود تھی عائلہ جب جب یرمان ملک کے متعلق سوچتی اس کے ذہن میں مایا کا عکس آتا اور پھر سے بدگمانی اس کے دل میں جگہ بنا لیتی تھی۔

"تم سے پہلے آج تک جتنی بھی لڑکیاں میری زندگی میں آئی وہ دوست تھی ہماری کلاس میں دوستی جس قسم کی ہوتی ہے شائد وہ تمھارے لیے برداشت کرنا مشکل ہو لیکن میں جانتا ہوں سچ کیا ہے تو مُجھے ضرورت نہیں ہے وضاحت دینے کی۔۔۔"وہ اس کی طرف سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا عائلہ نے نظریں جھکائی ہوئی تھیں لیکن پورا وجود جیسے سماعتیں بنا اس کا ہر لفظ سن رہا تھا جس وہ بول رہا تھا وہ چاہتی تھی یرمان ملک کے حوالے سے سب کلئیر کرے اور پھر وہ مایا کے متعلق سوال کرے۔

"مایا کو لیکر تک جو سوچتی ہو یہ تمھارے زہن کا فتور ہے عائلہ۔۔۔ایسا کچھ نہیں ہوا ہمارے درمیان کبھی ہاں وہ دوست ہے تو اس کے ساتھ کافی آچھا تعلق ہے جو شاید تمھیں کٹکے۔۔۔"وہ عائلہ کے زہن میں چلتے سوال کا جواب دے گیا۔

"تو اُس۔۔۔دن کلاس میں۔۔۔۔؟" جس دن عائلہ سے یرمان نے نام پوچھا تھا اوَر عائلہ کی طعیبت کافی زیادہ بگڑ گئی تھی عائلہ کا حوالہ اُس دن کی طرف تھا۔

"کس دن؟" یرمان ملک کو شائد یاد بھی نہیں تھا کہ اسے اوَر مایا کو قریب دیکھتے عائلہ کیا کیا گمان کر چکی تھی ان دونوں کے بارے میں۔

"کچھ نہیں۔۔۔!؛" عائلہ یرمان کے ہونٹوں سے مایا کا نام سنتے ہی جل بھن گئی تھی اسے احساس ہوا کہ وہ تو یرمان کے لبوں سے اپنے علاوَہ کسی اوَر نام بھی نہیں سن سکتی ہے بیوی تھی یرمان کی اوَر یرمان کی طرح پوزسیو تو ہونا ہی تھا۔

یرمان اوَر مایا کو سوچتے ہی الجھتی تھی وہ۔

"بتاؤ کب دیکھا؟ اور کونسی ایسی سوچیں ہیں جو تمھیں میرے قریب آنے سے روکتی ہیں عائلہ مجھے سچ سچ بتاؤ جب تک بتاؤ گی نہیں ہمارے درمیان جو یہ اجنبیت کی دیوار ہے یہ گرے گی نہیں۔۔۔"وہ غصہ زیادہ دیر برقرار نہیں رکھ سکا تھا عائلہ کے معاملے میں وہ آیسا ہی تھا زیادہ غصہ نہیں دکھا سکتا تھا۔

"مُجھے۔۔۔بات نہیں۔۔۔۔کرنی۔۔۔۔!؛"وہ آپنا چہرہ دوسری طرف موڑتے آنسو صاف کرتے بمشکل بولی تھی یرمان ملک کو اندازہ نہیں تھا کہ وہ کس طرح کی خوُد ساختہ سوچیں دل میں پالے ہوئے تھی۔

"کیوں بات نہیں کرنی ہے جب تک بات نہیں کرو گی ہم یہاں سے نہیں نکلیں گے مجھے سچ بتاؤ۔۔۔میں مانتا ہوں مجھ سے بہت سی غلطیاں ہوئی ہیں یار ضامن کے حوالے سے تمھیں بلیک میل کیا اس کے لئے

معذرت۔۔۔!؛"وہ ہاتھ کا ہاتھ اپنی تھائز پہ رکھتے اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔

"آپ کی اس۔۔۔بلیک میلنگ کی وجہ سے۔۔۔۔ہماری رخصتی ہوئی۔۔۔ ورنہ آپ اچھے سے۔۔۔۔جانتے ہیں۔۔۔یہ کبھی نہیں ہوتا۔۔۔۔اور پھر اپنی۔۔۔۔بہن کی رخصتی۔۔۔کے لیے بھی آپ نے۔۔۔پریشر ڈالا۔۔۔۔!؛"وہ آہستہ آہستہ یرمان کو ماضی کی اس کی ساری غلطیاں بتانے لگی۔۔

"ہاں مانتا ہوں میرا طریقہ غلط تھا لیکِن جب تمھارے پیچھے حیدرآباد گیا تم سوچ نہیں سکتی ہو میری کیا حالت ہو رہی تھی مجھے لگ رہا تھا کہ میں تمھیں کھو دوں گا اگر اپنے ساتھ نہیں لے گیا اور پھر تم خود کبھی راضی نہیں ہوتی میرے ساتھ کراچی جانے کے لئے مجبوری میں ضامن کے حوالے سے

تمھیں بلیک میل کیا تھا اوَر پھِر جو ابر ش کی رخصتی پہ ہوا وہ سب ڈیڈ نے کیا تھا میں مجبور تھا وہ ایسا چاہتے تھے عائلہ۔۔۔ مُجھے تو تب تم سے محبّت ہو چکی تھی پل بھر بھی مشکل تھا تمھارے بغیر رہنا۔۔۔" یرمان ساری باتیں کلئیر کرنا چاہتا تھا کہ عائلہ کے دل سے وہ ساری غلط فہمی دور کر سکے۔

"ہو گیا۔۔۔؟" اس نے اپنے اب تک کے سارے روئیوں کی وضاحت دی تھی لیکِن عائلہ شاید کچھ سمجھنا ہی نہیں چاہتی تھی یرمان نے عائلہ کو کمر سے تھامے اپنی طرف کھینچا اور اسے اپنی تھائز پہ بیٹھایا عائلہ منہ کھولے یرمان کی حرکت دیکھے گئی۔

"تمھیں میری کسی بات کا یقین نہیں ہوتا ہے۔۔۔؟" وہ بے بے بسی سے بولا تو عائلہ تلخ سا مسکرائی تھی۔

"آپ نے کبھی۔۔۔۔یقین کی ڈور تھمائی ہے اعتبار۔۔۔۔ قائم ہونے میں صدیاں۔۔۔لگ جاتی ہیں۔۔۔!؛"

"تو ایسا کیا کروں کہ تمھیں یقین آجائے عائلہ میں محبت کرتا ہوں تم سے۔۔۔!؛"وہ عائلہ کے بالوں کو جکڑتے بولا تو عائلہ نے بمشکل سسکی روکی تھی۔۔

"بس بھائی کا اوَر میرا رشتہ۔۔۔۔۔پہلے جیسا ہو جائے مجھے اور کچھ نہیں چاہیے آپ وجہ بنے ہیں بھائی پہلی بار مجھ۔۔۔۔۔سے اتنا خفا ہوئے۔۔۔۔۔ ہیں آپ کی وجہ سے۔ان کی ناراضگی مجھے۔۔۔۔۔ آندر سے کھوکھلا کر رہی ہے میں ٹھیک۔۔م۔۔ہوتے بھی ٹھیک نہیں ہوں۔۔۔میں پہلے کبھی اتنی بیمار۔۔۔۔ نہیں ہوئی نہ ہی اس بیماری۔۔۔۔۔نے کبھی اتنی ہیپ۔۔۔۔۔۔ پکڑی جانتے ہیں کیوں۔۔۔بھائی نے ہمیشہ مُجھے خوش رکھا

۔۔۔۔میرے لیے وہ راتوں کو جاگتے تھے۔۔۔۔۔میری زرا سی تکلیف پہ وہ۔۔۔۔۔۔تڑپ جاتے تھے۔۔۔ لیکِن آج میرے آنسو بھی ان پہ اثر نہیں کرتے ہیں۔۔۔!؛" عائلہ نے پہلی بار اتنا لمبا جملہ بولا تھا وہ اپنی تکلیف پہلی بار یرمان ملک سے شئیر کر رہی تھی آج اس کا دل بہت افسردہ تھا وہ دونوں واپس جا رہے تھے لیکِن کیا وہ ضامن سے مل پاتی۔

"تُمھارے بھائی کو اس بات کا احساس کیوں نہیں ہے وہ کیوں نہیں دل بڑا کر رہا ہے معاف کر دے تمھیں غلطی تو سب سے ہوتی ہے تم نے کونسا اپنی خوشی سے میرا ساتھ قبول کیا عائلہ تُمھارے بھائی کا اٹیٹیوڈ ہی ختم نہیں ہو رہا یے۔۔۔ابرش کتنا بدل چکی ہے خود کو تمھارے بھائی کی محبت میں لیکن تُمھارے بھائی کو کچھ دکھائی نہیں دیتا ہے۔۔۔"یرمان کو ضامن کی ڈھٹائی پہ غصہ آیا جو پچھلے اتنے دنوں سے آیسے ہی ناراضگی جاری رکھے ہوئے تھا۔

"وہ اپنی جگہ۔۔۔۔پہ ٹھیک ہیں آپ۔۔۔کی غلطی ہے۔۔آپ کی بہن کی غلطی ہے۔۔۔ابرش کی وجہ سے ہوا یہ۔۔۔سب۔۔۔۔آپ لوگوں نے۔۔۔۔زبردستی کی۔۔۔بھائی کے ساتھ بھی۔۔۔اور میرے ساتھ بھی جبکہ آپ۔۔۔بابا اچھے سے جانتے تھے کہ۔۔۔۔نہ تو ضامن بھائی۔۔۔اوئر نہ ہی میں دونوں ہی۔۔۔۔نکاح نہیں کرنا چاہتے تھے۔۔۔"یرمان اپنی غلطی کے بجائے ضامن کو ہی قصوروار ٹھہرا رہا تھا ابرش پہ اسے غصہ تھا پہلے سے۔

"ہاں تو نکاحِ کے بعد تو دلوں میں گنجائش نکل ہی آتی ہے میں نے نکاح کے بعد تمھارے لیے سٹینڈ لیا تھا حالانکہ مجھے بھی تم سے کوئی دھوما دھار محبت نہیں تھی اور نکاح جن حالات میں ہوں اس وقت میں تم سے صرف نفرت کرتا تھا تو جب میں نفرت میں تمھیں ڈھونڈنے حیدآباد چلا گیا تمھاری

رخصتی کروائی تو پھر تمھارا بھائی کیوں ابرش کو قبول نہیں کر سکتا ہے۔۔۔"دونوں کی بحث بہت طویل ہو رہی تھی عائلہ کو یرمان کا ضامن کے خلاف بولنا پسند نہیں تھا اسے غصہ آ رہا تھا.

"آپ۔۔۔کے ساتھ۔۔۔ نہیں ہوا۔۔۔۔وہ جو۔۔۔۔بھائی۔۔۔۔کے ساتھ۔۔۔ابرش نے کیا۔۔۔۔!؛؛اگر ہوتا تو۔۔۔پھر آپ بھی کبھی قبول نہیں کرتے۔۔۔۔"وہ تلخ سا بولی تھی۔

"تُمھیں سارا قصور ابرش ہی کا کیوں لگتا ہے عائلہ ابرش کبھی اس حد تک نہیں گر سکتی کہ ضامن پہ جھوٹا الزام لگا دے۔۔۔!؛"یرمان کو ابرش پہ اتنا ٹرسٹ تھا کہ اسے لگتا تھا ابرش ایسی ویسی کوئی حرکت نہیں کر سکتی تھی.

"آپ کی بہن۔۔۔نے کیا تھا۔۔۔۔وہ سب۔۔۔۔بھلے آپ۔۔۔ مانیں۔۔۔یا نا مانیں۔۔۔۔"ابرش کے حوالے سے عائلہ اپنے مؤقف پہ

قائم تھی اسے پتہ تھا غلطی ابرش کی ہی تھی ضامن کبھی کسی لڑکی کے ساتھ ایسا کچھ کرنے کا سوچا بھی نہیں سکتا تھا۔

"ابرش اور ضامن کا یہ پرسنل میٹر ہے ہمارے رشتے میں ان دونوں کو ڈسکس کرنے کی کیا ضرورت ہے عائلہ ہم اپنے بارے میں بات کریں گے میں معافی مانگتا ہوں اُس سب کی جو میں نے کیا۔۔۔!؛" وہ اس کو خود کو بھینچتے اس کے بالوں پہ ہونٹ رکھتے بولا تھا۔۔۔ عائلہ کپکپاتے اس کے حصار سے نکلنے کی تگ و دو میں تھی لیکِن یرمان نے اس کی کوشش ناکام بنا دی اتنی بحث کا کوئی فایدہ نہیں ہوا تھا عائلہ اور اس کے آپسی اختلاف ایسے ہی موجود تھے ان کے درمیان۔

"آپ کے معافی۔۔۔ مانگنے سے۔۔۔۔ کیا سب۔۔۔ ٹھیک ہو جائے گا۔۔ کتنا آسان ہوتا ہے۔۔۔ سب کر کے۔۔۔ معافی مانگنا۔۔۔" وہ یرمان

ملک کو معاف نہیں کرنے والی تھی کچھ غلطیوں کی معافی نہیں ہوتی یرمان نے اس کے ساتھ شاید بہت برا کیا ہوتا تو بھی وہ معاف کر دیتی لیکن یہاں معاملہ ضامن کا تھا یرمان کی بلیک میلنگ کی وجہ سے اس نے ضامن کو ناراض کیا تھا۔

"نہیں آسان مشکل ہے عائلہ اگر تم یہ سمجھ رہی ہو کہ میں تمھاری بھائی کے پاؤں پکڑ کر اس سے معافی مانگوں تو سوری یہ مجھ سے نہیں ہو گا ہاں جو غلطیاں میں نے کی اس کے لیے تمھارے بھائی سے ایکسکیوز کر سکتا ہوں لیکن وہ بھی بس تُمھارے لیے کیونکہ میں تمھیں خوش دیکھنا چاھتا ہوں بس۔۔۔"ضامن بس عائلہ کے لیے اتنا ہی کر سکتا تھا۔

"آپ اوَر بھائی جب۔۔۔ آمنے سامنے۔۔۔ آتے ہیں۔۔۔ معاملات سلجھنے۔۔۔ کے بجائے مزید الجھا دیتے۔۔۔۔ ہیں۔۔۔۔!؛"وہ یرمان اور

ضامن کی پچھلی ملاقات کا حوالہ دے رہی تھی جب عائلہ کو وہ ضامن سے ملوانے تو لے گیا تھا لیکِن وہاں جو ہؤا اوؤر جو ضامن کے سامنے یرمان نے ہنی مون کا شوشہ چھوڑا اس نے عائلہ کو مزید پریشان کر دیا تھا۔

"تُمھارا بھائی ہی غصے کا تیز ہے۔۔۔ہاں میں مانتا ہوں ابرش کی وجہ سے تمھارے بھائی کو غصہ آتا ہے لیکن ابرش بیوی ہے ضامن کی وہ تھوڑی سی گنجائش نکال ہی سکتا ہے اپنے دل میں۔۔۔!؛"ضامن کے بارے میں شاید یرمان کی رائے بدل ہی نہیں سکتی تھی۔

"یہ تو اُن کا۔۔۔معاملہ۔۔۔!؛"

"ہم بس اپنے معاملاتِ سلجھائیں گے عائلہ۔۔۔"وہ اس کی ٹھوڑی چومتے اس کا ڈریس پکڑتے اس کے قریب ہوا قریب تو وہ عائلہ کے پہلے بھی تھا لیکن پھر مزید قریب ہؤا تھا۔

"نہیں میں۔۔۔" یرمان کے ہاتھ میں بلیک پردہ دیکھتے وہ سرخ ہوئی تھی چہرے پہ سرخی پھیلی تھی وہ اس کے معاملے میں بہت بے باک تھا۔

"تم خود چینج کر سکتی ہوتی تو اب تک کر چکی ہوتی عائلہ۔۔۔ میں بس چینج کرواؤں گا تمھیں کچھ آور کرنے کا ٹائم نہیں ہے وہ بعد میں۔۔۔" شرارت سے آنکھ وانک کرتے وہ ڈریسنگ روم میں جلتی تمام لائٹس آف کر گیا پورا ڈریسنگ روم اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا اور یرمان کے ہاتھ عائلہ کی شرٹ کی زپ پہ تھے۔

عائلہ نے آنکھیں زور سے بند کی ہوئی تھیں کہ جیسے کھولتی تو نجانے کیا ہوتا چڑ کی آواز سے زپ کھولتے یرمان ملک نے اس کی شرٹ کندھوں سے سرکائی تھی پھِر اس کی کمر بند کا ہک کھولتے اسے بھی اس کے تن سے جدا کیا تھا۔

بے ساختہ یرمان ملک کا ہاتھ عائلہ کی ناز کی سے ٹکرایا تو عائلہ کو ٹھنڈے پسینے آئے جب یرمان ملک نے اس کی کالر بون کو اپنی مٹھیوں میں بھرتے دبایا تھا وہ سسکتے اس کے سینے پہ ہاتھ رکھ گئی یرمان نے کہا تھا وہ صرف چینج کروائے گا لیکن وہ تو ضبط کھو رہا تھا خود پہ۔۔۔

"ریلیکس عائلہ مجھے بس یہ یقین کر لینے دو کہ تم میری ہو تمھارے وجود پہ صرف میرا حق ہے یہ خوبصورتی میری ملکیت ہے جسے میں جب چاہے چھو سکتا ہوں۔۔۔" وہ اس کی دھڑکنوں پہ جھکتے اپنا لمس چھوڑتے اس کے دھڑکنوں میں چہرہ چھپا گیا عائلہ کو آپنی بیک بون میں سنسناہٹ سی ہوئی تھی۔۔۔

"بہت نازک مزاج ہو یار۔۔۔۔ نجانے فرسٹ نائٹ کیسے سہن کیا تھا تم نے وہ سب کچھ مُجھے تو یقین نہیں ہو رہا ہے یار ہم ہسبنڈ وایف ہیں اوَر ہسبنڈ

وایف میں اس سے زیادہ ہوتا ہے لیکن تم برداشت نہیں کر پاتی ہو میری معمولی سی شرارتیں۔۔۔"وہ اس کی گہرائیوں پہ ناک سہلا رہا تھا عائلہ نے سسکیاں بمشکل روکی تھیں جانتی تھی وہ جتنے بھی دعوے کرتا اس سے دور رہنے کے جب اس کے قریب آتا تو خود پہ لگائے ضبط کے سارے پہرے ٹوٹ جاتے تھے۔

"چھوڑیں۔۔۔!؛"اس سے بہتر تھا کہ کٹ لگے ہاتھ سے وہ خوُد ہی چینج کر لیتی اب تک تو درد برداشت کرتے کر بھی چکی ہوتی یہاں اس وقت یہ سب تو نہیں چل رہا ہوتا یرمان کتنی بار کہہ چکا تھا کہ اس کی مرضی کے بغیر اس کے قریب نہیں آئے گا لیکن ہر بار وہ بھول جاتا تھا جب بھی اس کے قریب آتا شدت دکھاتا تھا۔

"کروارہاہوں چینج۔۔۔!؛"اپنی نازک بیوی کی سسکیاں اسے بری طرح سے مدہوش کررہی تھیں لیکن وہ جانتا تھا کہ آگر تھوڑی دیر وہ عائلہ کے ایسے ہی قریب رہاتو یقیناً عائلہ خواس کھو دیتی اوُر ان کو ائیر پورٹ کے لیے نکلنا تھا۔

اسے چینج کروایااور خوُد اٹھتے آپناڈریس نکالا تھاعائلہ خاموش تھے ڈریسنگ روم میں اندھیراہ تھاوہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ نہیں پارہے تھے لیکن عائلہ کو اندازہ ہورہاتھا کہ یرمان ملک کیا کررہاہے تقریباًدس منٹس بعد وہ دونوں روم میں تھے۔

کھانااب ٹھنڈاہو چکا تھا لیکِن گرم کرنے کے بجائے انہوں نے ایسے ہی کھانا کھانے کا سوچاٹائم کم تھاائیر پورٹ انہیں آدھہ گھنٹہ بعد پہنچنا تھا۔

عائلہ کے رائٹ ہینڈ پہ کٹ لگا تھا وہ خود سے کھا نہیں سکتی تھی اسے کھانے کے لئے یرمان ملک کی ہیلپ چاہیے تھی لیکن وہ یرمان سے ہیلپ لے نہیں سکتی تھی اس لیے خاموشی سے کھانے کو دیکھتی رہی تھی لیکِن بھوک چمک گئی تھی۔۔

آگر یرمان کچن میں نہیں آتا اور اس کے قریب آنے کی کوشش نہیں کرتا تو اب تک وہ خود کھانا بنا چکی ہوتی لیکن یرمان کی وجہ سے پہلی بار کھانا بناتے اسے کٹ لگا تھا۔

یرمان نے چمچ بھرتے عائلہ کے لبوں کے آگے کیا عائلہ کے بغیر وہ کیسے کھاتا عائلہ نے بھی انکار نہیں کیا آور خاموشی سے کھاتی رہی دونوں نے کھانا ساتھ ہی کھایا تھا اوَر پھِر یرمان ملک نے سامان پیک کرنے کے لیے میڈ کو

بلایا تھا اور تقریبا آدھے گھنٹے بعد وہ دونوں ائیر پورٹ کے احاطے میں کھڑے تھے۔۔

ان کا کیری بیگ یرمان ملک نے پکڑا ہوا تھا۔

••••••

یرمان اور عائلہ سامان کی کلئیر فیکشن کروانے کے بعد اس وقتِ آندر جہاز میں موجود تھے یرمان نے بزنس کلاس کا ٹکٹ لیا ہوا تھا تو ان کی سیٹز ہر بار کی طرح وی آئی پی تھیں وہ دونوں خاموش تھے عائلہ یہاں ایک طرف پاکستان واپس جانے پہ خوش تھی تو دوسری طرف ضامن کے بارے میں سوچتے افسردہ بھی اتنے دن ہو گئے تھے انہیں یہاں رہتے اور عیجب بے بسی تھی کہ وہ واپسی پہ بھی ضامن سے مل نہیں سکتی تھی۔

یرمان اسے واپس تو لے آیا تھا لیکِن فایدہ جب وہ ضامن سے مل ہی نہیں سکتی تھی اس کے آنسو بہنے کو بے تاب تھے وہ رونا چاہتی تھی لیکِن اس وقت خود پہ جبر کیے وہ خاموشی سے بیٹھی تھی نیند بھی بے انتہا آ رہی تھی لیکِن وہ سونا نہیں چاہتی تھی اس کی سیٹ کھڑکی کے ساتھ تھی تو وہ آسمان پہ موجود بادلوں کو دیکھ رہی تھی۔

یرمان ملک بظاہر تو فون میں مصروف تھا لیکِن اس کی نظریں اوَر دھیان عائلہ پہ تھا وہ خوش کیوں نہیں تھی یرمان کتنی مرضی کوشش کر لیتا عائلہ کو خوش رکھنے کی وہ خوش نہیں ہو رہی تھی اس کے اندر جیسی اداسی سی چھائی ہوئی تھی۔۔

انسان پہ موسم بھی تب اثر کرتے ہی وہ جب دلی طور پہ خوش ہو جب اندر سے ہی انسان اداس ہو تو پھر خوشگوار موسم بھی اس کے مزاج پہ زیادہ اچھا اثر نہیں ڈالتا۔

یرمان نے ڈیڈ کو واپسی کا نہیں بتایا تھا ویسے تو تھوڑی دیر پہلے بھی ڈیڈ سے بات ہوئی تھی لیکِن اس نے ڈیڈ کو یہ نہیں بتایا کہ وہ دونوں آ رہے تھے اسے ڈیڈ کو سرپرائز دینا تھا انہیں بر تھڈے وش کر کے لیکن آگے یرمان کو کیا سرپرائز ملنے والا تھا وہ اس سے بے خبر تھا ڈیڈ نے بس اتنا بتایا تھا کہ واپسی پہ ضروری بات کرنی ہے وہ ضروری بات کیا ہو گی یہ یرمان ملک نہیں جانتا تھا۔

ان کا جہاز نے کراچی انٹر نیشنل ائیر پورٹ پہ لینڈ ہوا تھا یرمان نے عائلہ کو اپنے حصار میں لے لیا جیسے ڈر ہو کہ کہیں عائلہ کھو ہی نہ جائے۔

ڈرائیور کو وہ کال کر چکا تھا جیسے ہی وہ دونوں ائیر پورٹ سے نکلے ڈرائیور گاڑی لیے ان کے قریب آیا اور سامان پیچھے رکھتے وہ یرمان کے لئے کار کا دروازہ کھولتے اس کے بیٹھنے کا منتظر تھا۔

"تم کیب سے گھر چلے جاؤ میں ڈرائیور خود کرونگا تو تمھاری ضرورت نہیں ہے۔۔۔!؛" عائلہ کے ساتھ وہ اکیلے سفر کرنا چاہتا تھا کسی تیسرے انسان کی موجودگی وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

وہ عائلہ کو فرنٹ سیٹ پہ بٹھائے خوُد ڈرائیونگ سیٹ سنبھال چکا تھا عائلہ ہنوز خاموش تھے پورے سفر میں ان کے درمیان کوئی بات نہیں ہوئی تھی اس کے دل میں تو عیجب سے وبال اٹھ رہے تھے ملک مینشن واپس جانے کا سوچتے۔

ملک مینشن میں جتنے دن رہی اسے کہاں آچھا لگا تھا عفت ملک سے اس کا سامنا بہت ہی کم ہوا تھا قیوم ملک اچھے تھے اُنہوں نے اس میں اور ابرش میں فرق نہیں کیا اسے بھی ابرش کی طرح بیٹی سمجھا ہمیشہ اگر پورے ملک مینشن میں اسے کوئی پسند تھا تو وہ قیوم ملک تھے جو بہت سوفٹ نیچر کے تھے

۔

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔؟" یرمان پچھلے کتنے گھنٹوں سے عائلہ کو خاموش دیکھ رہا تھا عائلہ کی یہ خاموشی اس کا دل چیر رہی تھی سرجری کے بعد وہ کچھ نارمل رہنے لگی تھی لیکِن پھر اچانک سے اسے کیا ہوا کہ اس کا رویہ بدل گیا تھا وہ پھر سے پہلے جیسی ہو گئی تھی۔

اب واپس جاتے اسے احساس ہو رہا تھا جیسے عائلہ ملک مینشن و آپس نہیں جانا چاہتی تھی عائلہ کہاں جانا چاہتی تھی یہ بھی یرمان ملک کو اچھے سے معلوم تھا۔

کل ڈیڈ کی برتھڈے پارٹی ہونی تھی مینشن میں اور یرمان کو یقین تھا کہ ابرش ضرور آنے والی تھی ڈیڈ کی برتھڈے ابرش بھی کافی دھوم دھام سے مناتی تھی آگر ابرش کے ساتھ ضامن آتا تو یرمان نے اس بار ٹھنڈے دماغ سے سوچا تھا کہ وہ خود ضامن کی طرف قدم بڑھائے گا۔

"ٹھیک ہوں میں۔۔۔" لہجے میں جیسے کچھ ٹوٹے خوابوں کی کرچیاں تھیں عائلہ کو اداس دیکھ کر یرمان کا موڈ بھی آف ہوا تھا پاکستان میں اس وقت رات ہو رہی تھی مینشن پہنچتے پہنچتے انہیں تقریبا رات کے دس گیارہ بج جانے تھے۔

ڈیڈ کو سرپرائز وش کرنے کا بھی آپنا ہی مزا تھا اس نے کک کو کال کر دی تھی سپیشل کیک بیک کرنے کا آرڈر بھی دیا تھا عائلہ خاموش بیٹھی اس کی بے چینی نوٹ کر رہی تھی تقریباً آدھا گھنٹہ مذید گزرا تو وہ دونوں ملک مینشن کے وسیع و عریض کار پورچ میں موجود تھے مینشن اس وقت روشنیوں میں ڈوبا ہوا تھا ویسے تو رات کافی زیادہ ہو چکی تھی اوَر یرمان کو امید تھی کہ ڈید اور مام اب تک سو چکے ہونگے۔۔۔

وہ عائلہ کا ہاتھ تھامے مینشن میں انٹر ہوا جب سے عائلہ اس کی زندگی میں آئی تھی اسے رشتوں کی قدر ہونے لگی تھی وہ ڈیڈ کے کلوز بھی ہو گیا تھا کافی زیادہ پہلے جو تناؤ سا تھا اسکے اور ڈیڈ کے رشتے میں وہ ختم ہو چکا تھا اور اس کی وجہ کہیں نہ کہیں عائلہ ہی تھی۔

عائلہ کو بھی تو معلوم تھا کہ قیوم ملک کا بر تھڈے ہے لہذا وہ بھی انکل کو بر تھڈے وش کرنا چاہتی تھی اس کے ساتھ ہی وہ ڈیڈ کے روم میں انٹر ہوا تھا دوسری طرف قیوم ملک جو کافی پریشان تھے اوٗر یہ پریشانی تھی اریبہ کی طرف سے اس کی کوک میں پل رہے اپنے بچے کی وہ اریبہ سے مل جھی پا رہے تھے انہوں نے سوچا تھا کہ یرمان سے بات کر کے وہ ایک ہی بار اریبہ کو یہاں لے آئیں گے لیکن یرمان واپس آتا تو پھر ہی بات ہو پاتی ان کی۔۔۔

انہیں لگا تھا کہ آج یرمان آئے گا و آپس ان کو بر تھڈے وش کرے گا لیکن جب رات کے نو بجے تو وہ خاموش سے بستر پہ لیٹ گئے عفت ملک اور ان کے درمیان کے تعلقات مزید خراب ہو گئے تھے۔

یرمان نے مام ڈیڈ کے روم کا دروازہ کھٹکھٹایا تو قیوم ملک جو نیند میں جا رہے تھے وہ اپنے بلیونائٹ گاؤن کی ڈوریاں کستے دروازے کی طرف بڑھے تھے۔

لیکِن دروازے کھولتے ان کے عنابی ہونٹوں پہ مسکراہٹ بکھری تھی یرمان سیدھا ان کے گلے لگ گیا تھا جو ان بیٹے کو دیکھتے ان کی ہمت بندھ گئی تھی وہ مسکراتے ڈیڈ کے گلے لگ گیا۔

"سالگرہ مبارک ہو ڈیڈ۔۔۔!؛" وہ ان کو سب سے پہلے برتھڈے وش کر چکا تھا ڈیڈ مسکرا بھی نہیں سکے اریبہ کو یاد کرتے وہ کتنے دنوں سے مل نہیں سکے تھے وہ ضدی تھی آگر ضد میں وہ ان کے بچے کو کوئی نقصان پہنچا دیتی تو پھر وہ کیا کرتے۔

"اسلام و علیکم انکل سالگرہ مبارک ہو انکل۔۔۔!؛" وہ یرمان سے مل رہے تھے جب ان کی سماعتوں سے عائلہ کی آواز ٹکرائی تھی۔

"کیسی ہے میری بیٹی۔۔۔۔!؛" وہ عائلہ کے سر پہ شفقت سے ہاتھ رکھ چکے تھے عائلہ کی آنکھیں بھیگ گئی تھیں اپنے بابا کی بھی یاد آئی وہ جو اسے کم عمری میں ہی چھوڑ گئے تھے۔

"میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں۔۔۔؟" ان کی باتوں سے عفت ملک بھی ان کی طرف متوجہ ہو گئی تھیں آج ہی تو مایا ان کے ساتھ آئی تھی مایا کو وہ ساتھ لے آئی تھیں کیونکہ وہ بھی عائلہ کو یہاں مزید برداشت نہیں کر سکتی تھیں

۔

ان کو جب سے عائلہ کی سرجری کے بارے میں معلوم ہوا تھا ان کو مزید تب چڑھی تھی یعنی ان کا بیٹا اس بیمار لڑکی کے علاج پہ کروڑوں روپے لوٹا چکا تھا اور ان کے شوہر کو کوئی اعتراض نہیں تھا۔

"آ گر ملنا ملانا ہو گیا ہو تو یرمان اپنے کمرے میں جانے سے پہلے مایا سے مل لینا۔۔۔!؛"عفت بیگم نے رنگ میں بھنگ ڈالا تھا در میان میں مایا کا نام لے کر۔

"مایا یہاں کیا کر رہی ہے۔۔۔؟"یرمان نے ایک نظر عائلہ پہ ڈالی تھی جو مایا کے نام پہ سنجیدہ ہو چکی تھی وہ اپنے شوہر کے ہونٹوں سے کیسے کسی لڑکی کا نام سن سکتی تھی۔

"ڈیڈ کے برتھڈے کا کیک کٹ کرنا ہے مام اس سے صبح مل لونگا فحال ٹائم نہیں ہے میرے پاس۔۔۔عائلہ تم ٹھیک ہو ناں۔۔۔درد تو نہیں ہو رہا ہے۔۔۔"وہ عائلہ کو حصار میں لے چکا تھا نجانے وہ عفت ملک کو کیا جتانا چاہتا تھا عائلہ پر سکون ہوئی اوٗر لکھا سا مسکرائی تھی۔

"اپنے بچوں کے ساتھ میں کیک کٹ کرونگا اوُر یرمان مُجھے بات بھی کرنی ہے تم سے بیٹا۔۔۔!؛" آخری لفظوں میں ان کا چہرہ سنجیدہ ہو گیا تھا۔

"جی ڈیڈ کیک کٹ کرتے بات کرتے ہیں۔۔۔" میڈ کیک لے آئی تھی تو یرمان نے ٹرالی کسکاتے اپنے سامنے کرتے ڈیڈ کو کیک کٹ کرنے کا اشارہ کیا تھا۔۔

مایا بھی وہیں چلی آئی تھی اس نے میڈ کے ہاتھ میں کیک دیکھا تو تجسس کے مارے وہیں چلی آئی لیکن سامنے یرمان کو دیکھ کر اسے جھٹکا لگا تھا وہ کب آیا تھا اس کو معلوم نہیں تھا۔

"انکل آپ کا بر تھڈے ہے سالگرہ مبارک ہو انکل۔۔۔" مایا یرمان کے حصار میں عائلہ کو دیکھ کر سر تا پا سلگی تھی کیسے برداشت کرتی وہ یہ منظر۔

اس کی آنکھوں میں چنگاریاں سی دہکنے لگی تھیں۔وہ یرمان ملک کو پانے کے لیے کچھ بھی کر سکتی تھی بھلے اس لڑکی کی جان ہی کیوں نہ لینی پڑتی اسے ویسے کتنا اچھا ہو جاتا کہ یہ لڑکی مر جاتی سرجری کے دروان ہی۔

یرمان ملک کی آنکھوں میں اس نے خود کے لیے کبھی ایسی محبت نہیں دیکھی تھی جو وہ عائلہ کے لیے دیکھ رہی تھی یرمان ملک محبت بھری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا جیسے عائلہ اس کی قیمتی متاعِ جاں ہو وہ ڈیڈ مام کا لحاظ کیے بغیر عائلہ کو محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

"بیٹا آپ یہاں رہنے آئی خیریت۔۔۔؟" قیوم ملک کو اچھا نہیں لگا تھا مایا جوان تھی اوئر یہاں ان کا بیٹا اور بہو رہتے تھے یرمان کسی وقت میں مایا کے قریب رہا تھا اور پھر مرد کی فطرت سے وہ واقف تھے کب بدل جائے پتہ

نہیں چلتا تھا اور یہ لڑکی ان کے ساتھ رہنے آئی تھی انہیں تو معلوم بھی ابھی ہوا تھا جب مایا خود ان کے روم میں آئی تھی۔۔۔

"قیوم کیسی باتیں کر رہے ہیں آپ۔۔۔؟ کیا مایا جہاں نہیں رک سکتی ہے میری بات ہوئی بھائی سے وہ مایا کی مام کو اپنے پاس کچھ کام کے سلسلے میں بلا رہے ہیں تو مایا کو یہاں چھوڑ گئے ہیں کیا مایا کے یہاں رہنے سے آپ کو مسلہ ہے۔۔۔؟" قیوم ملک عائلہ سے اتنے پیار کر رہے تھے اور مایا کا وجود ان کو اپنے گھر میں برداشت نہیں تھا ان کے شوہر نے بیٹے کو اچھے سے اپنی مٹھی میں کیا ہوا تھا۔

"میرا وہ مطلب نہیں تھا بیگم لیکن جوان بچی ہے۔۔۔ ایسے مناسب نہیں لگتا ہے۔۔" وہ بیوی کی جذباتی طعیبت سے واقف تھے ٹھہرے سے لہجے میں کہا وہ اس وقت کوئی بدمزگی نہیں چاہتے تھے۔

"تو کیا ہو گیا ہے قیوم آپ خوامخواہ بات بڑھا رہے ہیں مایا ہماری بیٹی کی طرح ہے یہاں وہ سکتی ہے۔۔۔"عفت ملک کو شوہر پہ پہلے ہی کافی غصہ آیا ہوا تھا سو اس بہانے وہ اپنا غصہ نکال رہی تھیں۔۔

"مام ڈیڈ آپ یہ بعد میں ڈسکس کر لیجیے گا فحال کیک کٹ کرتے ہیں عائلہ بہت تھک چکی ہے ہمیں ریسٹ کرنا ہے۔۔۔"یرمان عائلہ کی تھکن دیکھتے جلد از جلد روم میں جانا چاہتا تھا کیونکہ وہ فلائٹ میں بھی کافی بے آرام رہی تھی۔۔

"میں ٹھیک ہوں۔۔۔!؛"وہ منمنائی تھی سب کی نظریں خوُد کی طرف دیکھتے جبکہ عفت ملک اور مایا کی نظروں میں رقابت تھی جلن تھا حسد تھا مایا کی نظروں میں وہ خوُد کے لیے نفرت دیکھتے اس کا دل جیسے کسی نے مٹھی میں بھینچ لیا تھا۔

"ریسٹ کرنا ہے عائلہ ابھی پوری طرح سے طعیبت نہیں ٹھیک ہوئی ہے اور آگر تم اتنی دیر کھڑی رہی تو طعیبت خراب ہو سکتی ہے۔۔۔!؛" وہ اس کے بالوں کو ماتھے سے ہٹاتے اس کے کان کے پیچھے اڑستے بولا تو عائلہ نے سر ہلایا تھا قیوم ملک کو بیٹے کا یہ کیئر نگ آنداز دیکھ کر بہت خوشی ہوئی تھی۔

وہ یہی چاہتے تھے عائلہ اوُر یرمان ایک دوسرے کے ساتھ خوش رہیں۔

کیک کٹ کرتے ڈیڈ نے سب سے پہلے یرمان کو کھلایا تھا پھر عفت ملک کو یہ انہوں نے مجبوری میں کیا تھا ورنہ عفت ملک سے جس طرح کے ان کے تعلقات آج کل تھے وہ ان سے بات بھی کم کر رہے تھے۔

"ڈیڈ میں عائلہ کو روم میں چھوڑ آؤں پھر آپ سے بات کرتا ہوں آپ سٹڈی میں ہونگے۔۔۔؟" یرمان کو اچانک سے یاد آیا ڈیڈ اس سے کوئی بات کرنا چاہتے تھے۔

"ہاں جاؤ عائلہ کو روم میں چھوڑ آؤ پھر بات کرتے ہیں بہت ضروری بات ہے بیٹا۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولے تو یرمان نے سر ہلایا تھا۔

"عائلہ تم چل لو گی۔۔۔!؛"یرمان نے عائلہ کے کام میں سرگوشی کی تو اس نے فوری سر ہلایا یرمان ملک کا کوئی بھروسہ نہیں تھا کہ وہ اسے بانہوں میں بھرتے گود میں اٹھالیتا کیونکہ اس انسان کو کسی کا لحاظ نہیں تھا عائلہ کے فوری و بیشتر سر ہلانے پہ یرمان ملک کے عنابی ہونٹوں پہ مسکراہٹ آئی تھی جو اس نے چھپالی اور عائلہ کا ہاتھ تھامے وہ اپنے کمرے میں چلا آیا۔

کمرے کو دیکھتے بہت کچھ عائلہ کو یاد آیا تھا وہ اس وقت کمرے کے وسط میں کھڑی کمرے کی ہر چیز کو غور سے دیکھ رہی تھی۔

وہ اس کی کلائیوں ہنوز اپنے ہاتھوں میں تھامے ہوئے تھا خاموشی حائل تھی درمیان میں لیکن یرمان کے جزبات جو اس کی آنکھوں میں جگمگا رہے تھے

وہ آج مختلف تھے پہلے جیسی سرد مہری اور نفرت یرمان ملک کے چہرے پہ ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل رہی تھی وہ اس کی کلائیوں کو اپنے ہونٹوں سے لگاتے نرمی سے چوم چکا تھا عائلہ بلش کرنے لگی۔

"میں ڈیڈ سے بات کرتے جلدی کمرے میں آنے کی کوشش کرونگا تم سو جاؤ تاکہ نیند آچھے سے پوری جائے اور کچھ الٹا سیدھا سوچنے کی ضرورت نہیں ہے آج کی رات تجلی ہوئی ہو اس لیے ریسٹ کرنے دے رہا ہوں ورنہ میرے جذبات سے تم واقف ہو۔۔۔"اس کا سکارف اتارتے یرمان ملک نے سائیڈ پہ رکھ دیا تھا عائلہ کے بالوں کو پونی سے آزاد اس نے اس کے بالوں کی مہک خوٗد میں انہیل کیا تھا۔

"یہ خوشبو مجھے پاگل کر دے گی۔۔۔"وہ اس کی گردن پہ زبان پھیرتے بہکا سا بولا تو عائلہ نے اس کے بازوؤں کو جکڑا تھا۔

"جائیں۔۔۔۔"اس کی زو معنی باتیں عائلہ کہاں برداشت کر سکتی تھی۔

یرمان نے اس کا چہرہ ہاتھوں میں تھاما اور اس کے ہونٹوں پہ اپنے ہونٹ رکھ دیے عائلہ نے آنکھیں میچ لی تھیں مقابل کے لمس میں شدت تھی وہ اس کے ہونٹوں چوستے اس کے لمس سے خود کو سیراب کر رہا تھا لمحے خاموشی کی نظر ہو رہے تھے وہ اس معنی خیز خاموشی میں عائلہ کی تیز تر ہوتی دھڑکنوں کا شور سنتا مذید جنونی ہو رہا تھا۔

وہ یہ بھی نہیں دیکھ رہا تھا کہ ان کے روم کا دروازہ بند نہیں تھا اور کوئی اپنی بھوری آنکھوں میں حسد اور رقابت لیے ان دونوں کو شعلہ برساتی نگاہوں سے گھور رہا تھا۔

"بہت نازک مزاج ہو۔۔۔!؛"یہ وہ جملہ تھا جو یرمان عائلہ سے اتنی بار کہہ چکا تھا کہ خود عائلہ کو بھی یاد نہیں تھا۔

"چلو سو جاؤ۔۔۔" وہ اس کی پیشانی چومتے کمرے سے نکل گیا تو عائلہ نے اپنے سینے پہ ہاتھ رکھا کتنا بے باک لمس تھا مقابل کا۔

ایک بار اس کے ہونٹوں سے لپٹتے وہ پلٹنا ہی بھول جاتا تھا اور عائلہ کی نازک جان مشکل میں آتی تھی عائلہ مزید کرتی تو وہ مذید جنونی ہوتا تھا عائلہ کو اتنے وقت میں یہ تو اچھے سے اندازہ ہو گیا تھا کہ یرمان ملک کو اس کا مزاحمت کرنا پسند نہیں تھا۔

••••••

"ڈیڈ آپ بتائیں کیا بات ہے؟ بہت اپ سٹ لگ رہیں گے آپ سب ٹھیک ہے ناں مام اور آپ کے درمیان کوئی بات ہوئی ہے کیا؟" یرمان سٹڈی روم میں انٹر ہوا تو ڈیڈ رولنگ چیئر پہ بیٹھے آنکھوں پہ گلاسز لگائے گہری سوچ میں ڈوبے ہوئے تھے۔

"یرمان او بیٹا۔۔۔!؛" وہ یرمان کی آواز سنتے سیدھے ہوئے تھے یرمان کو پریشانی ہوئی ایسی بھی کیا بات تھی جو ڈیڈ اس قدر تمہید باندھ رہے تھے۔

"ڈیڈ آپ پریشان کر رہے ہیں مُجھے۔۔۔؟" انہیں خاموش دیکھتا وہ دوبارہ بولا تھا۔

"یرمان بیٹا جو بات میں کرنے جا رہا ہوں وہ غور سے سننا مُجھے امید ہے کہ تم میری بات کو سمجھ جاؤ گے اور میری پوزیشن بھی سمجھ جاؤ گے۔۔۔" وہ کہہ نہیں پا رہے تھے بیٹے کے باپ بننے کی عمر میں وہ خود باپ بنا رہے تھے بتاتے ہوئے جھجھک سی محسوس ہوئی اس سب میں انہیں عفت ملک کی غلطی لگ رہی تھی اگر انہیں گھر سے بیوی کا وہ سکھ ملتا تو وہ باہر اس سکھ کے لیے کیوں کوشش کرتے جو آج عفت ملک گھر پہ توجہ دے رہی تھیں وہ آگر پہلے

دے دیتی تو آج حالات اس دہرائے پہ نہیں ہوتے اور نہ ہی قیوم ملک اس وقتِ اتنے ڈیپر سڈ ہوتے۔۔۔

"ڈیڈ ایسا بھی کیا ہے آخر۔۔۔" یرمان ملک اب جتنا سوچ رہا تھا اتنا ہی الجھ رہا تھا آخر ایسا کیا تھا جو ڈیڈ کو بتانے کے لیے اتنا ٹائم لگ رہا تھا۔

"میں نے دوسری شادی کر رکھی ہے یرمان۔۔۔ یہ سب کبھی نہیں ہوتا اگر عفت شروع سے گھر پہ مجھ پہ اوَر بچّوں پہ توجہ دیتی تو لیکن ان کے لیے ہمیشہ سے آپنا کم اہم تھا۔۔ تمھیں پتہ ہے یرمان وہ بچوں کے حق میں نہیں تھیں نہ ہی وہ میرے ساتھ یہ تعلق بنانا چاہتی تھیں انہیں آزاد رہنا پسند تھا جب جب میں نے کوشش کی ان کے قریب جانے کی انہوں نے انکار کیا پھر ایک دن میں نے ڈرنک کی اوَر ان کے قریب چلا گیا اس کے بعد وہ پریگنٹ ہوئی تھی اتنا واویلا مچایا کہ وہ اس بچے کو پیدا کرنے کے حق میں نہیں ہیں میں

نے بہت مشکل سے ان کو راضی کیا تھا کہ بچہ ان کے کام میں روکاوٹ نہیں بنے گا میں خود بچے کو پال لونگا ابرش کے وقت بھی ایسا ہی ہوا پھر جب ابرش پیدا ہوئی وہ مکمل طور پر تم دونوں سے غافل ہوئی گئی تھیں جیسے بس پیدا کرنا ہی کام تھا آگے ان کی کوئی زمہداری نہیں تھی۔۔۔!؛"وہ سانس لینے کو رکے تھے یرمان ان کو سن رہا تھا خاموشی سے چہرے پہ پھیلے تاثرات سے قیوم ملک کچھ اندازہ نہیں لگا سکے تھے۔

"ابرش کی پیدائش کے بعد میڈ اوئر میں ہی تم دونوں کی دیکھ بھال کرتے تھے میں جوان تھا کچھ جذبات تھے یرمان تم سمجھ سکتے ہو بیٹا خود جوان ہو مجھے بچے اپنی جان سے زیادہ عزیز تھے لیکن وہ سکھ جو ایک شوہر کو بیوی کے وجود سے ملتا ہے وہ مجھے نہیں مل سکا۔۔۔ پھر میں نے باہر تلاش شروع کر دی جھوٹ نہیں بولوں گا یرمان۔۔۔ تم میرے بیٹے ہو اوئر میں چاھتا ہوں

تمھیں ساری باتیں معلوم ہوں۔۔۔یرمان میں نے عفت سے بہت مان سے شادی کی تھی لیکِن مَیں غلط تھا جب عفت نے مجھ سے بے عتنائی برسی تو میں نے اپنے آفس میں موجود اسسٹنٹ سے نکاحِ کر لیا۔۔۔ناجائز تعق بنانے سے بہتر سمجھا اسے اپنے نکاح میں لے لوں وہ میری بیوی ہے پچھلے کئی سالوں سے۔۔۔"وہ خاموش ہوئے اوَر یرمان نے نفی میں سر ہلایا تھا جیسے یقین نہیں کر پا رہا ہوں کہ ڈیڈ کو کچھ کہہ رہے ہیں وہ سچ ہے۔۔۔

"یرمان مجھے غلط نہیں سمجھنا بیٹا میں کیا کرتا راتیں نہیں کٹتی تھیں ساری بے چینی سے کروٹیں بدلتا تھا پھر اریبہ سے نکاح کے بعد مجھے وہ سب ملا ایک شوہر کو بیوی سے چاہیئے ہوتا ہے میں نے اُس نکاح کو راز رکھا اریبہ کو بھی کوئی مسلہ نہیں تھا وہ حالات سے واقف تھی خاموش رہی۔۔۔۔لیکن اب۔۔۔وہ ماں بننے والی ہے یرمان اوَر مُجھے لگتا ہے کہ اب بھی میں نے

اریبہ کے لیے سٹینڈ نہیں لیا تو یہ اس کے ساتھ زیادتی ہو گی میرے بچے کے ساتھ زیادتی ہو گی۔۔۔"وہ اس وقت بہت مجبور تھے ان کے چہرے سے یرمان ان کے اندر چل رہی الجھنوں کو دیکھ سکتا تھا۔

"ڈیڈ جب آپ نے نکاحِ کر لیا تھا تو پھر چھپایا کیوں آپ کو بتا دینا چاہئے تھا مام کو۔۔۔اوُر اگر انہیں معلوم ہوتا تو شاید وہ وقت پہ سدھر جاتی لیکن اب آپ نے بہت اچھا فیصلہ کیا ہے۔۔۔"اس نے ڈیڈ کے ہاتھ پہ اپنا ہاتھ رکھا تو وہ بے یقینی ڈے بیٹے کو دیکھنے لگے جیسے یقین نہیں آیا کہ ان کا بیٹا ان کے ساتھ ہے۔۔۔۔۔

"یرمان جانتے ہو میں نے عائلہ سے نکاح کیوں کروایا تمھارا۔۔۔کونسی ایسی مجبوری تھی حالانکہ اُس دن جو ہال میں ہم نے دیکھا ویسا کچھ بھی نہیں تھا وہ لڑکا ایسا کچھ کر ہی نہیں سکتا وہاں غلطی ہماری ابرش کی تھی بیٹا۔۔۔"

"واٹ ڈیڈ آپ کو کیسے۔۔۔؟" یرمان بوکھلا گیا تھا ضامن سے نفرت کی بڑی وجہ تو یہی تھی کہ وہ سمجھتا تھا کہ ضامن نے ابرش کی عزت پہ ہاتھ ڈالنے کی کوشش کی تھی۔

وہ یہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ابرش نے اُس دن جھوٹ بولا تھا اور اب ڈیڈ کے سچ بتانے پہ وہ شاکڈ ہو گیا تھا۔

"میں جانتا ہوں بیٹا ابرش نے جان بوجھ کر وہ حرکت کی تھی لیکِن وہ ویسا نہیں چاہتی تھی جیسا ہو گیا عائلہ سے میں مل چکا تھا یرمان۔۔۔!؛" وہ بیٹے کے چہرے کے بدلتے رنگ دیکھ رہا تھا۔

"ڈیڈ کیوں شاک پہ شاک دے رہے ہیں آپ۔۔۔؟" یرمان کو حیرانگی ہو رہی تھی اب وہ یہ تو ڈیڈ کو بتانے سے رہا کہ عائلہ سے تو وہ خود بھی پہلے مل چکا تھا۔

"ہاں بیٹا ایک دفعہ یونی گیا تھا تو ملاقات ہوئی تھی عائلہ سے لیکن مُجھے نہیں لگا تھا کہ جو میں سوچ رہا ہوں وہ کبھی سچ بھی ہو سکتا ہے وہ بہت اچھی لگی مجھے۔۔۔پہلے ہی پل دل میں یہ خیال آیا کہ اگر یہ لڑکی تمھاری زندگی میں آئے تو کتنا اچھا ہو جائے میں مایا کو ناپسند نہیں کرتا تھا یرمان لیکِن بس میں یہ نہیں چاہتا تھا کہ تم مایا سے شادی کرو اور پھِر تم دونوں کے ساتھ بھی ویسا ہی ہو جیسا عفت اور میرے رشتے میں ہوُا۔۔۔عائلہ سے تمھارا نکاح کرواتے مُجھے یہ نہیں لگا تھا کہ تم اتنی جلدی جلدی عائلہ کو قبول کر لو گے لیکن وہ ہے ہی اتنی اچھی۔۔۔۔کہ تمھارے دل میں اپنی جگہ بنالی۔۔۔وہ اپنے بھائی سے بہت اٹیچ تھی میں نے ان کے بارے میں ساری انفارمیشن نکلوائی تھی۔۔۔وہ دونوں پہلے حیدرآباد میں ہی مقیم تھے ان کا باپ وکیل تھا اور

قتل ہو گیا۔۔۔"وہ آہستہ آہستہ ہر راز سے پردہ اٹھا رہے تھے یرمان ملک شاکڈ ہی تو تھا۔

اتنا شاک ڈیڈ کی دوسری شادی کا سن کر نہیں لگا جتنا عائلہ کے بارے میں سن کر وہ شاکڈ تھا۔

"ڈیڈ آپ سب جانتے تھے تو مُجھے کیوں نہیں بتایا۔۔۔ویسے جب آپ نے ہال میں میرے اور عائلہ کے نکاح کی بات کی تھی میں سمجھ گیا تھا کہ آپ صرف اُس واقعے کو وجہ بنا رہے ہیں ارادے آپ کے کچھ اور ہیں۔۔۔"وہ بہم سا ہنسا تھا عائلہ کو سوچتے لبوں پہ یوں ہی مسکراہٹ آجاتی تھی۔

"ہاں میں چاہتا تھا تمھاری زندگی میں وہ لڑکی آئے جو سچ میں میری بہو بننے کے لائق ہو مُجھے مایا سے کوئی زاتی دشمنی نہیں ہے بیٹا۔۔۔لیکن نجانے کیوں جب جب اُسے دیکھتا عفت کا عکس دکھائی دیتا تھا عائلہ بہت اچھی لڑکی ہے

ضامن بھی بہت اچھا ہے ابرش کے لیے بہت اچّھا لائف پارٹنر ثابت ہو گا میں اب یہ چاہتا ہوں کہ تم خود ضامن سے ملو اور اس سے ایکسکیوز کرو بھلے جو ہوا سو ہوا لیکن ہماری غلطی تھی یرمان بیٹا ضامن کے کردار پہ سوالیہ نشان لگ گیا اور یہ کوئی معمولی بات نہیں تھی جسے بھلایا جا سکے انسان سب بھول سکتا ہے لیکن خود کی طرف اٹھنے والی وہ نظریں نہیں۔۔۔" قیوم ملک کو خود سے زیادہ یرمان اور ابرش کی فکر تھی۔۔۔

"ڈیڈ میں بھی یہی سوچ رہا ہوں عائلہ اب جسمانی طور پر بالکل ٹھیک ہے لیکن جب تک ضامن اور اس کے درمیان پہلے جیسا سب کچھ ٹھیک نہیں ہو گا وہ خوش نہیں ہو گی میں پہلے بھی ضامن سے ملنے گیا تھا عائلہ کو لیکر لیکِن تب مجھے یہ سچائی نہیں معلوم تھی پر اب جب ملوں گا تو سالے صاحب سے با قائدہ ایکسکیوز کرونگا آپ پریشان مت ہوں آور یہ بتائیں اپنی وائف کو

کب لائیں گے یہاں۔۔۔!؛"وہ ڈیڈ سے ان کے مسلے پہ بات کرنے لگا جس کے لیے ڈیڈ نے اسے بلایا تھا۔

"وہ ایکسپکٹ کر رہی ہے یرمان۔۔۔!؛"وہ سر جھکا گئے بیٹے سے جھجک سی محسوس یوئی۔

"واؤڈیڈ بے بی۔۔۔ آپ اُنہیں کل ہی لے آئیں ناں گھر۔۔۔مام تھوڑا بہت واویلا مچا کر خاموش ہو جائیں گی ویسے بھی وہ آپ کی بیوی ہے تو اصولاً انہیں ادھر رہنا چاہیئے آپ بس یہ سوچیں کہ آپ نے اگلے جہان میں اپنی دونوں بیوی کے بارے میں رب کو جواب دینا ہے دُنیا کیا سوچتی ہے آپ چھوڑ دیں۔۔۔"وہ ایک آچھا زمہ دار بیٹا بن چکا تھا۔

قیوم ملک کے دل میں میں کہیں نہ کہیں یہ ڈر تھا وہ اس بات کو انا کا مسلہ نہ بنا لے کہ دادا بننے کے عمر میں وہ خود باپ بننے جا رہے تھے۔

"یہی سوچ رہا ہوں کل پارٹی میں اسے سب کے سامنے انٹرڈیوس کرواؤں لیکن لوگ۔۔۔!؛"

"ڈیڈ آپ بس مام اور بے بی کے بارے میں سوچیں اور کچھ سوچنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔۔ انہیں لے آئیں یہاں پھر آگے جو ہو گا دیکھا جائے گا اب آپ ریسٹ کریں پریشان نہیں ہونا آپ نے۔۔۔" وہ ان کے ہاتھوں تھامے محبت سے بولا تو قیوم ملک مسکرائے تھے۔۔۔۔

"یہ میرا بیٹا آتنا زمہ دار کیسے ہو گیا۔۔۔!؛" وہ اسے چھیڑ رہے تھے وہ مسکرایا تھا۔

"آپ کی فیورٹ بہو کا کمال ہے۔۔۔"

"مُجھے اب بس دادا بننے کی خوشخبری سنا دو یرمان یقین مانو مجھے بہت خوشی ہو گی۔۔۔"وہ یرمان کو شرارت سے چھیڑتے مسکرائے تھے پچھلے کچھ دن ان کے جتنے ٹینشن میں گزرے تھے یرمان سے بات کرتے وہ بہت ہلکا پھلکا محسوس کر رہے تھے خود کو۔

"وہ بھی مل جائے گی ڈیڈ پہلے آپ کی بہو سے معاملات توسٹ ہو جائیں میرے قریب جانے پہ وہ کانپے لگ جاتی ہے اور آپ کو دادا بننے کی خوشخبری چاہیے۔۔۔"یرمان نے ہونٹوں کو دانتوں تلے دبایا تو قیوم ملک کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔۔

"کچھ تنگ کرتے ہو میری بیٹی کو۔۔۔؟"انہوں نے آنکھیں دکھائی تو وہ کسک کر رہ گیا۔

"وہ مجھے تنگ کرتی ہے۔۔۔!؛" یرمان نے حساب چکتا کیا۔ قیوم ملک نے نفی میں سر ہلایا.

"اتنی معصوم ہے بچی وہ بھلا کہاں تنگ کرتی ہو گی تمھیں تم ہی اس بچاری کو تنگ کرتے ہو گے یرمان۔۔۔" قیوم ملک نے بہو کی سائیڈ لی۔

"آپ کو مجھ سے زیادہ بہو پہ یقین ہے۔۔۔!؛" وہ سنجیدہ ہوا لیکن آنکھوں میں شوخی تھی۔

"کیوں کہ مجھے پتہ ہے بچی ایسا کچھ نہیں کر سکتی ہے وہ بچاری تو تمھارے سامنے بولتی ہی نہیں ہو گی تنگ کرنا تو بہت دور کی بات۔۔۔" وہ یقین سے بولے تو یرمان نے سر ہلایا۔

"آپ بالکل ٹھیک کہہ رہیں گے ڈیڈ میں چلتا ہوں عائلہ سے بول آیا تھا کہ سو جاؤ میرا انتظار نہیں کرنا لیکِن مجھے لگتا ہے وہ جاگ رہی ہو گی۔۔۔" اسے عائلہ کا خیال آیا تو وہ بولا تھا جس پہ ڈیڈ نے اسے جانے دیا تھا اچانک سے یرمان پلٹا۔

"ڈیڈ ابرش آئے گی کل پارٹی میں۔۔۔؟" وہ قیوم ملک سے ابرش کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔

"بات ہوئی تھی کچھ دن پہلے اس نے کچھ کہا تو نہیں اب دیکھتے ہیں وہ آتی ہے یا نہیں۔۔" قیوم ملک کی بات سن کر یرمان نے سر ہلایا اور ڈیڈ کو گڈ نائٹ وش کرتے وہ ان کے کمرے سے نکلتے سیڑھیاں چڑھتے اپنے کمرے کی طرف بڑھا۔

لیکن سیڑھیاں چڑھتے جیسے ہی وہ اوپر آیا نظریں رینک سے ٹیک لگائے کھڑی مایا پہ گئی تھیں جو بلیو ہاف سلیوز شرٹ میں ملبوس تھی جبکہ یرمان کو دیکھتے وہ اس کی طرف آئی اور یرمان سے کچھ بولے بغیر وہ یرمان ملک کے گلے لگ گئی تھی۔

یہ پہلی بار نہیں تھا مایا یرمان کے گلے لگی تھی پہلے اس سے زیادہ کچھ ہو چکا تھا ان کے درمیان لیکِن آج یرمان کو مایا کا یہ ایکٹ بالکل پسند نہیں آیا تھا۔ وہ مایا کو ایک ہی جھٹکے میں خوُد سے دور کر چکا تھا مایا کا چہرہ سرخ ہوا تھا اسے یرمان سے اس قدر سنگ دلی کی امید نہیں تھی۔۔

یرمان نے تو صاف صاف کہہ دیا تھا اسے ترکی میں لیکن مایا ہی یرمان کے پیچھے پڑی ہوئی تھی اور نجانے کب اس کی جان چھوڑنے والی تھی یرمان کو اندر جانا تھا دل بے چین تھا یا نہیں بے قرار تھیں عائلہ کو شود میں بھینچنے کے لیے

ڈیڈ سے اس نے پندرہ بیس منٹس بات کی تھی اور یہ چند منٹس اس کے لیے بہت بھاری تھے۔۔

"یرمان تم کیوں کر رہے ہو میرے ساتھ۔۔۔ایسا میں تمھیں بتا چکی ہوں اپنی فیلنگز۔۔۔مُجھے تُمھاری دوسری بیوی بننے پہ بھی کوئی اعتراض نہیں ہے آگر تم عائلہ کو ساتھ رکھنا چاہتے ہو تو ٹھیک ہے رکھو لیکِن مُجھے بھی اپنی زندگی میں شامل کر لو میری محبت تمھیں میری طرف کھینچ لے گی مُجھے یقین ہے بس ایک موقع دے دو۔۔۔"وہ یرمان کے قریب ہوئی اوُر اس کے رخساروں پہ ہونٹ رکھنے چاہے۔

یرمان شادی شدہ تھا ایک عدد بیوی تھی اس کی لیکن مایا یہ بات سمجھ نہیں رہی تھی اسے بس یرمان ملک چاہیے تھا یہ مینشن قیوم ملک کی ساری جائیداد

اور یہ سب اسے اس صورت میں ہی مل سکتا تھا جب وہ یرمان ملک کی بیوی بنتی۔

"محبت مایا یہ محبت نہیں ہے۔۔۔!؛" وہ طنزیہ بولا مایا کو وہ شائد پہلے بھی بتا چکا تھا کہ اسے مایا میں دلچسپی نہیں ہے وہ اپنی بیوی کے ساتھ مخلص ہے لیکِن مایا بھی شائد اس کے معاملے میں ڈھیٹ ثابت ہو رہی تھی جو اب تک اس کی طرف سے امید لگائے بیٹھی تھی جبکہ ایسا کچھ ہونے والا ہی نہیں تھا۔

"یرمان ہم اتنا ٹائم ساتھ رہے ہیں تمھیں میرے لیے کچھ فیل ہوا جبکہ میں تمھارے اتنے قریب آئی ہوں پھر بھی تمھیں کچھ محسوس نہیں ہوُا۔۔۔!؛" وہ یرمان کے سینے پہ اپنی نیل پینٹ سے سجے ناخن رکھتے متامل سی بولی تھی۔

"مایا میں نے از ادوست ٹریٹ کیا اب تمھارے دل میں اس کو لیکر تم جو سوچتی ہوں یہ تمھاری غلطی ہے میری نہیں مجھے لگتا ہے اب تمھیں یہاں رہ کر کچھ حاصلِ نہیں ہو گا مام اور تم میری بیوی سے دور رہنا۔۔۔ورنہ رزلٹ کی زمہ دار آپ لوگ خوُد ہونگے۔۔۔عائلہ کو ایک خروش بھی آئی تو میں بہت برا کرونگا مایا اور یہ وارننگ ہے۔۔۔"وہ مایا کا یہاں رہنا مام کا مایا کی فیور کرنا سب سمجھ آرہا تھا۔

"یرمان تم کتنا نیگٹو کیوں سوچتے ہو۔۔۔!؛"وہ بس بات لمبی کر رہی تھی تا کہ یرمان ملک آندر لیٹ جائے۔

تھوڑی دیر پہلے اس نے عائلہ کو بے چینی سے کمرے میں چل کاٹتے دیکھا تھا اوُر سوچتی رہی کہ وہ یرمان کے آنے سے پہلے عائلہ سے بات کرے لیکن

پھر یہ سوچ کر آندر نہیں گئی کہ کہیں یرمان ملک وآپس آجائے تو پھر اس کی عائلہ سے باتیں نہ سن لے۔۔

"نیگیٹو نہیں سوچ رہا ہوں مایا بس وران کر رہا ہوں آور یہ وارننگ صرف وارننگ نہیں ہو گی مایا۔۔۔!؛" مایا جتنی کوشش کر رہی تھی اس کو باتوں میں الجھانے کی اتنا ہی ناکام ہو رہی تھی۔

"کیا مطلب ہے یرمان۔۔۔مام ڈیڈ نہیں تھے تو میں یہاں آگئی رہنے کے لیے نیکسٹ سمسٹر سٹارٹ ہونے والا منڈے سے تو میں مام ڈیڈ کے ساتھ نہیں جا سکتی تھی ورنہ آگر مُجھے اندازہ ہوتا کہ قیوم انکل اور تمھیں اتنا برا لگے گا میں کبھی نہیں رکتی یہاں۔۔۔!؛" وہ اپنی آنکھوں میں نہ نظر آنے والے صاف کر رہی تھی مقصد بس یرمان کو بلیک میل کرنا تھا۔

"مایا تم خود سے جو سمجھنا چاہتی ہو سمجھو لیکِن عائلہ سے دور رہنا ویسے یہاں جتنے دن بھی رہو مُجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔ آفٹر آل ہم دوست تھے۔۔۔"اس کے سابقہ دوستی کا حوالہ دیا تھا۔

"ہم اب بھی دوست رہ سکتے ہیں یرمان اگر تم چاہو تو۔۔۔ لیکِن شاید تم نہیں چاہتے ہو کہ ہماری دوستی برقرار رہے۔۔۔!!"وہ افسردہ ہوئی تھی یرمان نے لب بھینچ لیے کچھ کہا نہیں۔۔۔

"یرمان۔۔۔!!"وہ کمرے میں جاتا کہ پیچھے سے مایا نے پکارا تھا۔

"مایا رات بہت زیادہ ہو گئی ہے مجھے لگتا ہے تمھیں سو جانا چاہیے کوئی بات کرنی ہوئی تو صبح کر لیں۔۔"وہ پینٹ کی جیب میں ہاتھ پھنسائے کمرے میں چلا گیا تو مایا پاؤں پٹختے واپس کمرے میں چلی آئی عفت آنٹی نے کہا تھا ایک

کوشش کرو یرمان ملک کو خود کی طرف مائل کرنے کی وہ مرد ہے ضرور تمھاری طرف مائل ہو گا اوٗر مایا نے اپنی طرف سے کوشش کی بھی لیکِن ناکامی ملی یرمان تو عائلہ کی محبت میں پور پور ڈوب چکا تھا۔

وہ تو شاید ہی اب اس کی طرف مائل ہو تا جب تک عائلہ ان کے درمیان میں تھی شاید یہ نہیں ہونے والا تھا اسے عائلہ کا کچھ کرنا تھا کچھ ایسا کہ سانپ بھی مر جائے اوٗر لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔

وہ بہت سارے پلانز بنا رہی تھی۔

"بہت نیک پارسا بنتی ہو نہ تمھیں یرمان کی نظروں میں گرا نہ دیا تو میرا نام مایا نہیں ہے دیکھنا وہ خوٗد تمھیں دھکے مار کر اس مینشن سے باہر نکالے گا اوٗر پھِر اس سب کی مالکن میں بنوں گی۔۔۔!؛" وہ اپنے بالوں کی لٹ کو انگلیوں

سے رول کرتے قہقہہ لگا گئی تھی یرمان کو حاصل کرنے کے لیے وہ بہت گھناؤنا منصوبہ بنا چکی تھی۔

••••••

یرمان عائلہ کو روم میں چھوڑ گیا تو عائلہ بے چینی سے یرمان کی واپسی کی منتظر تھی شاید اسے زیادہ فکر مایا کی وجہ سے تھی جو یہاں موجود تھی اگر مایا یہاں نہ ہوتی تو اسے فکر نہیں ہونی تھی یرمان کے لیے مایا کے دل میں جو جذبات تھے وہ عائلہ سے ڈھکے چھپے نہیں تھے اس کے سامنے تھے یرمان ملک اس کا شوہر تھا بھلے حالات ناساز گار تھے ان کے درمیان لیکِن یرمان نے آپنی کیئر اوُر محبت سے اس کے دل میں جگہ بنالی تھی صرف ضامن ہی وجہ تھا عائلہ کا یرمان سے دور ہونی کی۔

"کل بھائی بھی آئیں شاید۔۔؟" اسے پتہ تھا کہ گھر میں بہت بڑی پارٹی ہو گی یقیناً ابرش بھی آنے والی تھی تو عائلہ دعا کر رہی تھی کہ اس کا بھائی بھی آئے پارٹی میں لیکن وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ اسے کل بہت بڑا سرپرائز ملنے والا تھا

۔

ریڈرز آپ کے لئے بھی سرپرائز۔۔۔ 😅

میں کیوں اتنا سوچ رہی ہوں مجھے کیوں برا لگ رہا ہے مایا کو " سوچتے۔۔۔ یرمان اب میرے سے اگر مخلص ہو کر یہ رشتہ نبھانا چاہتے ہیں تو وہ خود ہی مایا کو خود سے دور رکھیں گے۔"..عائلہ ناخون کو دانتوں سے کتر رہی تھی اور مسلسل سوچے جا رہی تھی یرمان نے سونے کا کہا تھا لیکِن اس کی آنکھوں سے نیند کوسوں دور رہی تھی بے چینی سے بار بار وہ دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی۔

آ کیوں نہیں رہے ہیں۔۔۔"صرف پندرہ منٹس گزرے تھے لیکن " اسے تو لگ رہا تھا نجانے کتنے گھنٹے ہو گئے ہیں یرمان کو کمرے سے نکلے وہ اپنے لب کاٹتے صوفے پہ بیٹھ گئی ۔

یرمان کے پیچھے نہیں جاسکتی تھی اگر جاتی تو کیا جواز پیش کرتی وہ اپنے جانے کا اسے تو یرمان کا نمبر بھی نہیں پتہ تھا ورنہ لینڈ لائن سے کال کر لیتی وہ۔۔۔۔ اسے یرمان نے جو سیل فون دلایا اس کو ابھی تک عائلہ نے یوز نہیں کیا تھا ویسے ہی پڑا تھا اسے ضرورت ہی نہیں پڑی برلن میں یرمان نے اس کے ساتھ بہت ساری تصویریں بنائی تھی اتنے پوز میں کہ عائلہ کو معلوم ہی نہیں تھا۔

یرمان کا سیل فون ان کی تصویروں سے بھر چکا تھا پر اس کا دل نہیں بھرا تھا عائلہ کے ایک ایک مومونٹ کو وہ کیپچر کرنا چاہتا تھا اپنے پاس سیو کرنا

چاہتا تھا عائلہ کے زہن میں خیال آیا کہ وہ فون نکالتے ضامن بھائی کو کال کرے ان کی آواز سنے کتنے دن ہو گئے تھے بھائی سے بات کیے اب تو ان کی شدت سے یاد آ رہی تھی۔

وہ یہاں رہ تو رہی تھی لیکِن عادی نہیں تھی ان سب کی اسے بس ضامن کے ساتھ رہتے خوشی ملتی تھی اس نے دیکھا تھا یرمان اسے خوش رکھنے کی کوشش کرتا تھا لیکن ضامن کے بارے میں سوچتے اس کا دل اس قدر اداس ہوتا کہ جذبات پہ کنٹرول نہیں رہتا تھا یرمان نے تو شاید اُس وَقت جذبات میں آتے ایسا کر دیا تھا لیکن عائلہ نہیں بھول پا رہی تھی۔

عائلہ صوفے سے اٹھتے کمرے میں ٹہلنے لگی ہر گذرتے سیکنڈ کے ساتھ اس کی بے چینی میں بھی اضافہ ہو رہا تھا وہ بمشکل چل رہی تھی نیند بھی آ رہی تھی لیکِن جب تک یرمان کمرے میں نہیں آ جاتا وہ کیسے سو سکتی تھی۔

اچانک اس کی نظر کمرے کے کھلے دروازے سے نظر آتے باہر کے منظر پہ گئی وہاں کوئی تھا اور وہ کوئی اور نہیں بلکے مایا تھی اسے کب سے محسوس ہو رہا تھا جیسے کوئی اسے دیکھ رہا ہے۔

اس نے سنجیدگی سے دروازے کی ہرف قدم بڑھائے لیکن سیڑھیاں چڑھتے اوپر آتے یرمان پہ نظر پڑی تو وہ دروازے کی اوٹ میں چھپ گئی تھی مایا کے پاس یرمان رکا تھا عائلہ کے دل کو کچھ ہوا۔۔اسکا زخمی ہاتھ اس نے دیوار پہ رکھا تو شدید درد ہوا لیکن عائلہ کا کہاں دھیان تھا ادھر وہ تو یرمان اور مایا کو دیکھ رہی تھی۔

نہ ہی مایا جانتی تھی کہ عائلہ اسے دیکھ رہی ہے اور نہ ہی یرمان عائلہ نے دیوار کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی لیکن کان لگانے کی وجہ سے اسے یرمان اور مایا کی آواز صاف صاف سنائی دی تھیں۔۔

یرمان کی بات سن کر وہ کتنی ہی دیر ایسے سن کھڑی رہی یرمان کے لیے مایا کے اگینسٹ کھڑا تھا اس کی ہر بات میں عائلہ کا حوالہ ضرور تھا اور جب مایا نے یرمان سے شادی کی بات کی تو یہاں عائلہ کی بس ہوئی وہ سننا چاہتی تھی یرمان مایا کو کیا جواب دیتا ہے لیکن ہمت نہیں ہو رہی تھی مایا بار بار یرمان ملک کو ماضی کا حوالہ دے رہی تھی عائلہ کی بلیک آنکھیں بھیگنے لگی تھیں وہ بیڈ پہ لیٹ گئی۔

اتنی تکلیف ہو رہی تھی کہ وہ لفظوں میں شاید بتا نہیں سکتی تھی اسے غصہ بھی آ رہا تھا دکھ بھی ہو رہا تھا رونا بھی آ رہا تھا نجانے اس کے پورے وجود میں بے چینی سے شعلے بھڑکنے لگے تھے وہ یرمان کو مایا کے ساتھ باتیں کرتے دیکھ کر ہزار بار مری تھی۔

وہ خود کی حالت پہ غور کرتی تو بہت کچھ سمجھ جاتی کہ جس انسان سے نفرت کا اظہار کرتی ہے اس وقت اس کو کسی دوسری لڑکی سے باتیں کرتے دیکھ کر کیسے بے چین ہو رہی ہے۔

اسے قدموں کی چھاپ سنائی دی تو اس نے مٹھیوں میں کمفٹر جکڑتے آنکھیں میچ لی تھیں وہ یرمان کو یہ شو کرنا چاہتی تھی کہ وہ سو رہی ہے اوُر اس نے یرمان کا انتظار نہیں کیا ہے لیکن اس کی لمبی گھنی پلکیں لرز رہی تھیں۔

اے سی کی کولنگ کے باوجود اس کا پورا وجود پسینے میں شرابور تھا۔

یرمان کا موڈ خراب تھا مایا سے بات کرتے جیسے اس کے غصے کی رمک بڑھی تھی لیکن سامنے جب اس کی نظروں نے اپنی من پسند عورت کو دیکھا تو اس کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیلی تھیں عائلہ کو سوچتے ہی اس کے عنابی ہونٹ مسکراتے تھے۔

"عائلہ تو سو چکی ہے۔۔۔"وہ عائلہ کو کمفرٹر تانے دیکھ کر سوچنے لگا اچھا تھا عائلہ نے نیند خراب نہیں کی تھی ورنہ اسے لگا تھا کہ وہ سونے کے بجائے اس کا انتظار کر رہی ہو گی۔

کل رات اس نے سوچ لیا تھا وہ عائلہ سے دوریاں ختم کرتے اسے خود میں سمیٹ لے گا عائلہ اب اس کے نرم جذبات رکھتی تھی یہ تو یرمان ملک کو معلوم تھا کیونکہ اب اسے عائلہ کی کالی آنکھوں میں خوُد کے لیے اجنبیت اوُر سرد مہری نظر نہیں آتی تھی وہ اس کے قریب نہیں جا رہا تھا خود کی حالت تو خراب تھی ہی لیکن عائلہ بھی تو یہی چاہتی تھی اس کے لیے عائلہ کی مرضی زیادہ اہمیت رکھتی تھی۔

"عائلہ میری کیوٹ وائفی۔۔۔!؛"وہ بیڈ پہ دھم سے گرتے عائلہ کو اپنے چوڑے سینے پہ شفٹ کرتے اس کے بالوں میں منہ چھپا گیا عائلہ کو اپنی

ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ سی ہوئی اسے نیند تو آنہیں رہی تھی یرمان کو سوچتے اب جب یرمان اس کے قریب تھا تو پھر بھی اس کی حالت غیر ہو رہی تھی۔

"ہمم کل نہیں سونے دوں گا۔۔۔" وہ عائلہ کو سویا ہوا سمجھ کر نجانے کیا کیا بے باک سرگوشیاں کر رہا تھا جن کو سوچتے عائلہ کو مزید پسینہ آیا تھا۔

وہ اس کے اتنے قریب تھا کہ عائلہ اگر زرا سا ہلتی تو یرمان ملک کو پتہ چل جانا تھا وہ جاگ رہی ہے اور عائلہ آیسا نہیں چاہتی تھی نجانے یرمان نے مایا کو کیا جواب دیا تھا کتنی بے شرم لڑکی تھی کیسے دھڑلے سے یرمان کو شادی کی آفر کر رہی تھی۔

عائلہ نے سوچ لیا کہ یرمان کو وہ اس کا حق دے گی اخر کے تک یرمان ملک برداشت کرے گا اگر اس کے علاوہ کسی اور لڑکی کے قریب چلا گیا تو پھر۔

"نہیں۔۔۔"اس کے ہونٹوں سے بے ساختہ نہیں پھسلا تھا۔۔۔۔۔۔

•••••••

عائلہ یہ بھول چکی تھی کہ وہ سونے کا ناٹک کر رہی تھی یرمان کے آنے سے پہلے۔عائلہ کے ہونٹوں کو ہلتے دیکھ کر یرمان چونک گیا پھر لگا شاید وہ خو آب میں ڈری ہے اس لیے لبوں سے یہ لفظ نکلا ہے۔

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔؟"یرمان نے اس کو بیڈ پہ لٹایا اور اس کے رخساروں کو تھپکتے نرمی سے پوچھا جو سختی مایا سے بات کرتے اس کے لہجے میں تھی وہ اب غائب تھی عائلہ پہ وہ غصہ نہیں کرتا تھا۔

"آپ۔۔۔"وہ بنا سوچے سمجھے یرمان کے گلے لگ گئی تھی یرمان کو جھٹکا لگا تھا وہ بھی چار سو چالیس والٹ کا عائلہ کبھی خود سے اس کے قریب آئے گی وہ

کہاں جانتا تھا عائلہ تو شاید مایا کی وجہ سے اپنے حواس میں نہیں تھی اس نے یرمان کی شرٹ کو کس کے پکڑا تھا جیسے یہ خطرہ ہو کہ وہ چھوڑ جائے گا اسے اوٗر یرمان نے نرمی سے عائلہ کی پیٹھ سہلائی تھی جو سسک رہی تھی یرمان کہاں دیکھ سکتا تھا عائلہ کو ایسی حالت میں نرمی سے اس نے عائلہ کے بالوں کو سہلایا تھا۔

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔؟ تم نے کوئی برا خواب دیکھا ہے۔۔۔ جو ڈر گئی ہو میں ہوں اب روم میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔" وہ اس کو کندھوں سے تھامے اپنے سامنے کرتے اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا عائلہ نے پلکیں نہیں چھپکائی تھیں وہ ہنوز یرمان ملک کو دیکھ رہی تھی۔

"آپ جا۔۔۔!؛" وہ خوف کے زر اثر تھی کیا بول رہی تھی خود بھی نہیں جانتی تھی۔

"میں نے کہاں جانا ہے عائلہ۔۔۔ میرا ہر رشتہ اب عائلہ یرمان ملک تک آتا ہے صرف تمھارا ہوں۔۔۔ ہمممم "اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے وہ ہلکا سا مسکرائی تھی یہ بھی پہلی بار تھا کہ یرمان کے لمس پہ وہ مسکرائی تھی۔۔

"طعیبت ٹھیک ہے عائلہ۔۔۔۔؟" یرمان کو شبہ ہوا کیا سچ میں وہ اپنے حواسوں میں تھی عائلہ کے انداز نے اُسے چونکا دیا تھا یرمان کی آواز سن کر عائلہ ہڑبڑاتے پیچھے ہوتی کہ یرمان نے کس کر پکڑا تھا اسے۔

"چھوڑیں۔۔۔" اسے اپنی نادانی کا احساس ہوا وہ کیسے بے اختیار ہوئی اور یرمان کے گلے لگ گئی وہ کیا سوچ رہا ہو گا عائلہ نے خفت سے لب چبائے۔

"ان ہونٹوں پہ تشدد مجھے پسند نہیں ہے عائلہ جانتی ہو تم ان پہ صرف میری شدتوں کے رنگ اچھے لگتے ہیں۔۔۔ ان پہ ظلم نہ کیا کرو ورنہ مُجھے غصہ آنے میں دیر نہیں لگتی ہے اوُر تم جانتی ہو میرا غصہ تم برداشت نہیں کر پاتی

ہو۔۔۔"یرمان کے لہجے میں سختی کا عنصر تھا اتنی دفعہ تو وہ عائلہ کو منع کر چکا تھا لیکِن وہ سنتی پھر کیا ہی بات تھی۔

"مُجھے نیند۔۔۔!؛"وہ شدید پچھتا رہی تھی کیوں لگی وہ یرمان کے گلے اب شرمندگی الگ سے ہو رہی تھی اور یرمان کے جزبات سے الگ وہ پریشان تھی خود ہی تو آ کر لگی تھی اس کے گلے اب اس کے جزبات تو بھڑکنے ہی تھے وہ مرد تھا کب تک خود پہ ضبط کے پہرے لگاتا عائلہ جو خود سوچنا چاہئے تھا یرمان کے قریب آنے سے پہلے کہ وہ کر کیا رہی ہے۔۔

"کیوں پہلے نیند کہاں تھی اب اگر میں نہ سونے دوں تو پھر کیا کرو گی وائفی۔۔۔"اپنی بھاری کھردری انگلیاں اس کے نرم و ملائم رخساروں پہ پھیرتے وہ جذبات سے بوجھل لہجے میں بولا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا

اس کو اپنی بیک بون میں سنسناہٹ سی محسوس ہوئی بہت غلط کر چکی تھی وہ مقابل کے گلے لگ کر اس کے جزبات بھڑکا کر۔

"سونا ہے عائلہ کو۔۔۔؟"

"ہاں۔۔۔" عائلہ نے جلدی سے سر ہلایا تو یرمان ملک اس کی پھرتی دیکھتے مسکرایا تھا۔

"تو پھر مُجھے کس کرو۔۔۔(لپ کس)" اس کے ہونٹوں کو سہلاتے اپنی شرط پیش کی وہ اس وقتِ اپنے جوان جذبات کو نہ تو تھپکی دے کر سہلانے کی پوزیشن میں تھا بانہوں بھرا نازک وجودِ ایک ہی جھٹکے میں اس کو گرم کرنے کا کام کر چکا تھا جس کے بعد یرمان کو بس اس وجود کی طلب تھی۔۔

"ک۔۔۔ی۔۔۔۔۔ی۔۔۔ا۔۔۔"عائلہ کی آنکھیں پوری کی پوری پھیلی تھیں حیرت کی زیادتی سے۔

"اونلی ون کس۔۔۔اور پھر تم سو سکتی ہو۔۔۔!؛"اسے اچھے سے معلوم تھا کہ عائلہ مر کر بھی اس کو کس نہیں کرنے والی تھی اتنی شرمیلی تھی۔

"نہیں۔۔۔"وہ ساتھ ساتھ وہ زور بھی لگا رہی تھی کہ یرمان کی گرفت سے نکل سکے جس میں وہ آج خود پھنسی تھی وہ بھی بری طرح سے۔

"تو پھر سوچ لو عائلہ میں نے کس کی تو بہت مشکل ہو جائے گی تمھارے لیے کیونکہ میں تو صرف ایک کس نہیں کروں گا بلکے۔۔۔"اس نے جملہ ادھورا چھوڑا لیکِن اس کی باتیں سن کر عائلہ رونا شروع کر چکی تھی یہ آنسو ہی تو اس کا ہتھیار تھے جن کو وہ استعمال کر سکتی تھی۔

"عائلہ اٹس ناٹ گڈ تم رونا کیوں شروع ہو گئی ہو یاد ایک کس پہ یہ حال اوکے سو جاؤ۔۔۔"وہ اس کو بیڈ پہ شفٹ کرتا خود بیڈ سے اُترتے ڈریسنگ روم میں گم ہؤا کمرے میں رہتا تو عائلہ کے قریب جانے کی کوشش کرتا لیکن عائلہ کی حالت ایسی نہیں تھی کہ یرمان کی قربت برداشت کر پاتی وہ خود پہ ہی تاؤ کھا کر رہ گیا۔۔ابھی تک عائلہ اس سے اتنی اٹیچ نہیں ہوئی تھی کہ وہ اس کی یہ بے باک فرمائشیں پوری کرتی یرمان کو صبر سے کام لینا تھا۔۔

دوسری طرف عائلہ اپنے ہونٹوں کو کاٹے جا رہی تھی اس کے ہونٹ سرخی چھلکا رہے تھے وہ بمشکل اپنے آنسوؤں پہ بند باندھے ہوئے تھی جو بہنے کو بے تاب تھے کیا اسے یرمان کی خواہش پوری کرنی چاہیے تھی دل کے کسی کونے سے یہ سوال اٹھا تھا۔

وہ جانتے ہیں میں کتنی شرمیلی ہوں پھر انھیں کیا ضرورت تھی ایسی ڈیمانڈ رکھنے کی جو میں مر کر بھی پوری نہیں کر سکتی ہوں۔۔۔!؛"اس نے چھت کو گھورتے دل میں سوچا یرمان ایک گھنٹے بعد روم میں آیا تھا شرٹ لیس عائلہ کو دیکھے بغیر وہ دوسری سائیڈ پہ لیٹ گیا حالانکہ جس طرف عائلہ لیٹی تھی وہ اس کی سائیڈ تھی اور اپنی سائیڈ کے علاوہ اسے کسی کہیں پہ بھی نیند نہیں آتی تھی خیر نیند تو عائلہ کو بانہوں میں بھرے بغیر بھی نہیں آتی تھی اس نے کروٹ بدلتے تکیے میں چہرہ چھپا لیا وہ سونے کی کوشش کر رہا تھا کافی دنوں کا تھکا ہوا تھا اپنے بیڈ پہ اپنے روم میں اسے نیند آگئی تھی لیکن عائلہ جاگ رہی تھی اور اس کی پیٹھ کو گھور رہی تھی۔۔۔۔ جس کی وجہ سے وہ بے چین تھی وہ خود سکون کی نیند سو گیا تھا لیکِن عائلہ کو اس کی ناراضگی بے چینی کر چکی تھی اسے تو نیند بھی نہیں آ رہی تھی آنکھیں بند کرتی تو اگلے ہی پل بے چینی

سے آنکھیں کھول دیتی تھی یرمان ملک کو دیکھتے وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔

.....

ملک مینشن میں صبح صبح ملازمین تیز تیز ہاتھ چلاتے ناشتے کی تیاریوں میں مگن تھے عفت ملک اور قیوم ملک ابھی تک اپنے روم سے نہیں نکلے تھے۔ عائلہ جس کی ساری رات ہی جاگتے گزری تھی اب اس کا سر درد سے پھٹ رہا تھا عائلہ پہ بناز خم شاید کچھ بہتر تھا اس نے بینڈج تبدیل نہیں کروائی تھی۔۔ عائلہ نے شاور لیتے خود ہی چینج کر لیا کیونکہ اب ہاتھ قدرے بہتر تھا۔

اس نے قیوم ملک کے لیے ناشتہ بنانے کا سوچا اُن کا بر تھڈے تھا وہ کچھ سپیشل بنانا چاہتی تھی انکل کے لئے۔۔۔ یرمان ملک جاگ جاتا تو اسے کچن

میں نہیں جانے دیتا تو اس کے سوتے میں ہی وہ اٹھتے کمرے سے باہر نکل آئی تھی۔

ملک مینشن میں عائلہ بہت کم تہی تھی لہذا اس نے ابھی مینشن گھوم پھر کر دیکھا نہیں تھا کہ کیسا ہے کچن بہت خوبصورت تھا یہاں تقریبا تین چار ملازمین ناشتہ بنانے میں مگن تھے۔

"ہیلو میم آپ کو کچھ چاہیے۔۔۔؟" عائلہ کچن میں چلی آئی اسے دیکھتے میڈ اس کی طرف متوجہ ہوئی اور اس سے پوچھا عفت ملک اور ابرش کبھی ایسے کچن میں نہیں آتی تھیں جب ناشتہ بن جاتا تو ملازم انہیں اطلاع دیتا پھر سب ڈائننگ ہال میں آجاتے۔

"نہیں مجھے۔۔۔بنانا ہے کچھ۔۔۔بنا سکتی ہوں۔۔۔؟"عائلہ نے جھجکتے پوچھا اس وقت وہ جس لہجے میں بات کر رہی تھی عائلہ ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ ملازمہ ہے اور مالکن سے بات کر رہی ہے۔

"یس میم آپ کا اپنا گھر ہے بٹ یرمان سر غصہ ہونگے آپ کو کچن میں دیکھ کر آپ کو کچھ خاص بنوانا ہے تو بتائیں میں بنواتی ہوں۔۔۔!؛"میڈ کام چھوڑتے عائلہ سے بات کر رہی تھی۔

"کس نے کہا یہ گھر اس لڑکی کا ہے۔۔۔؟ یہ میرا گھر کے عفت ملک کا گھر۔۔۔یہاں فیصلہ بھی میرا یہ مانا جائے گا اور میں یہ نہیں چاہتی ہوں کہ یہ لڑکی کچن میں جائے یہ یرمان کی بیوی ضرور ہے لیکن اس کی حیثیت تم لوگوں جتنی ہی ہے۔۔۔جھونپڑی سے اٹھ کر محل میں آجاتے انسان کی حیثیت نہیں بدل جاتی ہے وہ ہی رہتی ہے لڑکی یہ بات سمجھ لو

تم۔۔۔"عفت ملک تو ملازموں کا لحاظ تک نہیں کر رہی تھیں وہیں شروع ہو گئی تھیں آور عائلہ کا سر جھک گیا آنکھوں سے آنسو اس کے رخساروں کو بھگوتے چلے گئے تھے۔۔

"تم خود کو دیکھو ایک نظر کیا تم یرمان کی بیوی لگتی ہو۔۔۔بی بی تم نے میرے بیٹے کو اپنی معصومیت کے جال میں تو پھنس لیا ہے لیکِن یہ تمھاری بھول ہے کہ تم یہاں زیادہ دن رہ سکو گی۔۔۔!؛"عفت ملک کے لہجے میں نفرت کی آمیزش تھی عائلہ کے لیے اپنے قدموں پہ کھڑا رہنا مشکل ہوُا۔

تمام ملازمین خاموشی سے کھڑے تھے کسی میں بولنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی عفت ملک کے سامنے بولنا مطلب آ بیل مجھے مار کے مترادف تھا۔

"جاؤ کمرے میں اوُر شوہر کو ادائیں دکھاؤ جو تم کر سکتی ہو بس۔۔۔"عفت ملک جلتے لہجے میں اس کو اس کی نظروں میں ہی گرا رہی تھیں بنا یہ سوچے

سمجھے کہ آگر قیوم ملک اوٗر یرمان ملک کو اس متعلق کچھ معلوم ہوا تو کیا ہو گا

۔

"عائلہ۔۔۔تم اتنی صبحِ صبح نیچے کیوں آگئی ہو۔۔۔؟"یرمان جو عائلہ سے رات کو تو بھرپور ناراضگی جتاتے سویا تھا مگر اٹھنے پہ عائلہ کو اپنے برابر میں نہ پاتے وہ شرٹ لیس بنا فریش ہوئے نیچے آچکا تھا یرمان کی آواز سن کر عفت ملک اوٗر ان کے ساتھ کھڑی مایا دونوں نے پلٹ کر یرمان کو دیکھا تھا ۔۔جب کہ عائلہ میں اتنی ہمت نہیں بچی تھی کہ وہ پیچھے مڑ کر دیکھتی اس میں اتنی ہمّت نہیں بچی تھی کہ وہ ملازمین سے نظریں ملا پاتی۔

اس کے لیے اس قدر زلت اوٗر شرمندگی کا مقام تھا یرمان ملک عائلہ کی حالت دیکھتا ملازمین کی پرواہ کیے بغیر تیزی سے آگے بڑھا اور اسے اپنے گلے سے لگا لیا عائلہ کے لیے اپنے حواس برقرار رکھنا بہت مشکل ہوٗا تھا

یرمان سب کے سامنے ایسی حرکت کرے گا وہ نہیں جانتی تھی پہلے کیا کم بیزتی ہوئی تھی جو اب یرمان یہاں شروع ہو گیا تھا۔

عفت ملک کی وجہ سے عائلہ یرمان سے بھی بدگمان سی نظر آئی حالانکہ اس کی ساری رات یرمان کی ناراضگی کا سوچتے بے چینی سے گزری تھی۔

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔؟روم سے باہر کیوں آئی ابھی تو بینڈج بھی کرنی ہے ہاتھ پہ۔۔۔!؛"وہ اس کے بالوں کو سہلاتے نرمی سے بول رہا تھا ملازمین جو کچھ دیر پہلے عائلہ کو ملامتی نظروں سے دیکھ رہے تھے یرمان کے گلے سے لڑکی کی حیثیت اس پل سب پہ واضح ہو چکی تھی۔

"وہ۔۔۔!؛"یرمان ملک کے گلے لگی شاید حواس کھو رہی تھی یرمان کو کسی گڑبڑ کا احساس ہوا تھا عفت ملک دانت پیستے یہ منظر دیکھ رہی تھیں یرمان کے

آنے سے پہلے وہ کیا بول رہی تھیں اور اب ان کے سامنے کیا منظر تھا جس کو دیکھنا ان کے لئے مشکل ہو رہا تھا عائلہ سسک رہی تھی۔

"تم ٹھیک نہیں لگ رہی ہو کیا ہوا ہے۔۔؟" عفت ملک اؤر مایا کی کچن میں موجو گی اس پہ کجا عائلہ کی حالت یرمان کے لیے پریشانی کا باعث بنی تھی۔

"کچھ۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔!؛" اس کے ہونٹوں سے لفظ نکلنے سے انکاری تھے پورا وجود کپکپا رہا تھا۔

"مام آپ بتائیں کیا ہوا ہے؟ آپ نے عائلہ سے کچھ کہا ہے؟ یہ بالکل ٹھیک تھی اؤر اب۔۔۔؟" یرمان جو بہت کم عائلہ کے سامنے غصہ کرتا تھا اس پل وہ بولا نہیں دھاڑا تھا ملازمین تک ڈر گئے اس کی آواز سن کر وہ کب اتنے غصے میں ہوتا تھا۔

"یرمان بیٹا کچھ نہیں ہوا ہے۔۔۔" آگر یرمان کو معلوم ہو جاتا کہ وہ اس کے آنے سے پہلے اس کی بیوی کے متعلق کیا کیا بول رہی تھیں تو یرمان نے ان کا لحاظ نہیں کرنا تھا وہ آیسا ہی تھا۔

"عائلہ کی حالتِ دیکھ کر آپ کو لگتا ہے کہ کچھ نہیں ہوا ہے سیر سیلی مام مُجھے بے وقوف سمجھ رکھا ہے آپ نے۔۔۔ تم بتاؤ کیا ہوا ہے میرے آنے سے پہلے۔۔؟" اب کی یرمان نے ملازمہ سے پوچھا جس سے عائلہ نے بات کی تھی آتے۔

"کچھ۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔ سر۔۔۔۔" اس نے تھوک نگلتے بمشکل جواب دیا جبکہ روم روم کانپ رہا تھا یرمان ملک کے غصے کے ڈر سے اور اگر عفت ملک کے بارے میں کچھ بولتی تو الگ پھسنا تھا اس نے۔

"مجھ سے جھوٹ بولو گی تم۔۔۔!؛" یرمان نے عائلہ کو سائیڈ پہ کیا اور میڈ کی طرف قدم بڑھائے وہ شرٹ لیس تھا مایا کی نظریں تو اس پہ جمی ہوئی تھیں جو اتنا خوبصورت تھا کہ کسی کا بھی کرش ہو سکتا تھا اور مایا تو پھر پیار کرتی تھی اس سے۔

"سر نہیں۔۔۔عائلہ۔۔۔ میم۔۔۔۔ کھانا۔۔۔۔بنانا چاہتی۔۔۔ تھیں۔۔۔ بٹ میں نے منع۔۔۔۔" وہ ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں بولی تھی عفت ملک کا نام اس نے غلطی سے بھی نہیں لیا تھا اگر لیتی تو یرمان کے بعد عفت ملک کی ڈانٹ بھی سننے کو ملتی۔

"تمھاری ہمت کیسے ہوئی میری بیوی کو روکنے کی۔۔۔ یہ گھر کس کا ہے بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔ عائلہ تم کیوں آئی کچن میں تُمھارے ہاتھ پہ زخم

ہے وایفی۔۔"اس کے لہجے میں گھلتی مٹھاس وہاں موجود سبھی لوگوں نے دیکھا۔

کچھ دیر پہلے یہاں عفت ملک عائلہ کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہی تھی وہیں اب یرمان نے اپنے لفظوں سے عائلہ کی حیثیت واضح کر دی تھی۔

"وہ۔۔۔انکل۔۔۔کے لئے۔۔۔ سپیشل۔۔۔"وہ یرمان کی وجہ سے کچھ سنبھلی تھی ورنہ اب تک بے ہوش ہو چکی ہوتی وہ سب کی موجودگی کی وجہ سے۔

"جب ہاتھ ٹھیک ہو جائے گا تو سارے شوق پورے کر لینا لیکن فحال تمھیں اپنا خیال رکھنا ہو گا عائلہ میں تمھاری صحت کے معاملے کوئی لاپرواہی برداشت نہیں کرونگا۔۔۔ آؤ چلیں روم میں۔۔۔"وہ کسی کے لیے اتنا

سوفٹ ہو سکتا تھا عفت ملک کے لیے یقین کرنا مشکل تھا بیٹا تو اس لڑکی کے قدموں کی بچھا جا رہا تھا۔

میڈز کے سامنے اتنی شرمندگی محسوس ہوئی کیسے یرمان کے آنے سے پہلے وہ دھڑلے سے کہہ رہی تھیں کہ یہ گھر ان کا ہے لیکِن یرمان نے اپنی بیوی کی حیثیت سب پہ واضح کر دی تھی۔

اس کے لہجے میں اس لڑکی کے لیے محبت توجہ پیار چاہت اپنایت سب کچھ تھی جو کبھی عفت ملک کو قیوم ملک کی آنکھوں میں خود کے لیے نظر آتی تھی لیکِن اب قیوم ملک جیسے ان سے اکتا گئے تھے۔

"نہیں۔۔۔" عائلہ اس وقت کوئی تنہا کونا چاہتی تھی یہاں بیٹھ کر وہ رو سکے لیکن یرمان ملک اسے کمرے میں لے جانا چاہتا تھا عائلہ کو یرمان کا خوُد کے لیے بولنا اچھا لگا تھا یرمان نے مام کے بجائے اس کی سائیڈ لی۔۔۔

عائلہ چاہتی تو یرمان کو عفت ملک کے بارے میں بتا سکتی تھی لیکِن وہ ماں بیٹے میں غلط فہمی نہیں پیدا کرنا چاہتی تھی اسے برا تو حد سے زیادہ لگا تھا یرمان ملک کی مام نے ملازمین کے سامنے بیعزت کیا تھا لیکِن کسر تو یرمان نے بھی کم نہیں چھوڑی تھی۔

"کیوں چاہتی ہو میں اٹھا کر لے جاؤں عائلہ۔۔۔؟" عائلہ کے کان میں جھکتے سرگوشی کی تو وہ یکدم سے پیچھے ہٹی تھی یرمان ملک مسکرایا تھا۔

"یرمان تم کچھ زیادہ ہی نہیں آوورری ایکٹ کر رہے ہو؟ ایسا ویسا کچھ نہیں ہوا ہے ویسے بھی یہ لڑکی اتنی معصوم نہیں ہے جتنی تمھارے سامنے بنتی ہے۔۔" مایارات کی باتوں کے زر اثر تھے اوَر پھِر اس نے رات کو یرمان کو یرمان کے قریب جاتے بھی دیکھا تھا جس بے قراری سے وہ عائلہ کے

چہرے کے نقوش پہ اپنے عنابی ہونٹوں کا لمس چھوڑ رہا تھا مایا کے لیے یہ سمجھنا کافی تھا کہ یرمان کو کیوں اس کی محبت نظر نہیں آتی ہے۔۔۔

"میری بیوی کے بارے میں کچھ کہنے سے پہلے سوچ لینا تو بات کس کے بارے میں کر رہی ہو مایا میں برداشت نہیں کرونگا کوئی عائلہ سے کچھ بولے۔۔۔" وہ مایا پہ پہلے ہی غصہ تھا جو اس نے رات دوسری شادی کی بات کی۔

اب جبکہ یرمان ملک کے سامنے ضامن کا سچ بھی آچکا تھا اور ساتھ سچائی سے بھی یرمان واقف تھا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا کہ وہ مایا یا پھر کسی دوسرے انسان کے لبوں سے کچھ سنے عائلہ کے متعلق غلط۔۔۔

عائلہ دانت کچکچا گئی مایا کی نظریں آپنے شوہر پہ دیکھتے اس کا وجود دہک سا گیا تھا یرمان کو کیا ضرورت تھی صبح صبح اپنی باڈی کی نمائش کرنے کی وہ تپ

گئی اوٗر ساتھ ہی یرمان کے ساتھ کمرے میں جانے کا سوچا جب تک یرمان یہاں کھڑا رہتا مایا نے اس پر سے نظریں نہیں ہٹانی تھیں تو بہتر تھا کہ وہ دونوں کمرے میں چلے جاتے عائلہ کو اتنا یقین تھا کہ اگر وہ چلی جائے کمرے میں تو رہے گا یرمان بھی نہیں وہ بھی اس کے پیچھے پیچھے کمرے میں ضرور آئے گا۔۔

عائلہ یرمان سے تھوڑے سے فاصلے پہ کھڑی تھی لہذا یرمان کی طرف دیکھتے وہ واپس مڑتے سیڑھیاں پھلانگتے کمرے میں چلی گئی اسے دیکھتے یرمان ملک بھلا کہاں روک سکتا تھا خود کو وہ بھی عائلہ کے پیچھے ہی کمرے میں چلا گیا

۔

عفت ملک اور مایا دونوں کچن سے نکلتے لاونج میں چلی آئی تھیں یہاں کوئی نہیں تھا دونوں کے دماغوں میں بس عائلہ اور یرمان کا ہی خیال تھا یرمان کیوں آیا عین ٹائم پہ۔

"آنٹی مجھے تو نہیں لگتا ہے کہ یرمان کی نظروں میں ہم عائلہ کو ڈی گریڈ کر سکیں گے میں نے رات کو ایک پلان بنایا تھا لیکن اس وقت مجھے لگتا ہے کہ یرمان جتنا عائلہ کے کلوز ہو چکا ہے میرا کوئی پلان کام کرے گا ہی نہیں ناکام ہو جائے گا۔۔"رات تو مایا نے بڑی خوشی خوشی پلان بنایا تھا اور اسے یقین بھی تھا کہ اس کا پلان کامیاب جائے گا لیکن جو صبح یرمان نے عائلہ کے کیے کیا اس کے بعد تو اس کی امیدِ ہی جیسے ختم ہو چکی تھی۔

"ابھی سے ہار مان لی مایا۔۔۔؟"وہ ایبرو آچکاتے استفسار کر رہی تھیں مایا انہیں کیا بتاتی کچن والا منظر وہ بھول نہیں پا رہی تھی ساری رات یرمان کا

عائلہ کا قریب جانا نہیں بھول پائی تھی اوَر اب کچن کا واقعہ اس نے تو سوچا تھا کہ یہاں آکر وہ یرمان کے قریب ہونے کی کوشش کرے گا لیکن تو اسے مذید تکلیفیں مل رہی تھیں یرمان اور عائلہ کو ساتھ دیکھی تو سینے پہ سانپ ڈورتا محسوس ہوتا جو اس کا تھا وہ اب اس مڈل کلاس کے عشق میں ڈوبا تھا۔

"انٹی سارا کچھ آپ کے سامنے ہے۔۔۔!؛ ہم کچھ بھی کر لیں کوئی اثر نہیں ہو گا۔۔۔ یرمان کسی بات پہ بھروسہ نہیں کرے گا کیسے اس لڑکی نے یرمان کو اپنی باتوں میں الجھایا ہوا ہے کچن میں یرمان نے تو آپ کا لحاظ بھی نہیں کیا اگر اسے معلوم ہو جاتا کہ آپ عائلہ کو کیا کچھ کہہ رہی تھیں تو مجھے پورا یقین ہے وہ بہت برا کرتا۔۔۔" مایا صوفے پہ بیٹھتے اپنے دہکتے سر کو دبا رہی تھی ساری رات تو آنکھوں میں جاگتے کٹی تھی۔

"شروع میں ایسا ہی ہوتا ہے مایا۔۔۔!وہ لڑکی خوبصورت ہے خوبصورت وجود مرد کو بہت اٹریکٹ کرتا ہے یقینا یرمان اس لڑکی کے بدن کا ذائقہ چکھ چکا ہے اب کچھ عرصہ تو وہ اس کی زلفوں میں ڈوبا کچھ نہیں سنے گا لیکن پتہ ہے محبت کی سب سے بڑی کمزروی کیا ہوتی ہے انسان محبت میں چھوٹی چھوٹی باتوں کو بہت اہمیت دیتا ہے یرمان کے سامنے ہم عائلہ تھوڑا سا ویک پوائنٹ رکھیں گے تو سب بدلتا نظر آئے گا لیکن بہت احتیاط کرنی ہو گی۔۔۔۔"وہ مایا کا ہاتھ تھامے اسے سمجھا رہی تھیں۔۔

"آنٹی یرمان عائلہ کے ساتھ ریلیشن شپ بنا چکا ہے مطلب ان کا رشتہ اب بہت مضبوط ہے ہم کیسے۔۔۔"یرمان اور عائلہ کے اس پوائنٹ کے بارے میں سنتے وہ آپنا ضبط کھو رہی تھی خود پہ۔

"مظبوط ہے تو کیا ہؤا مایا۔۔۔گھر بھی کتنا مظبوط ہو تا ہے انسان اپنی طرف سے پکا کام کر تا ہے لیکن گھر گر جاتا ہے ناں ہم بھی اب آیسا وار کریں گے کہ یرمان اؤر اس کی بیوی سمجھ ہی نہیں سکیں گے۔۔۔بس صبر اؤر احتیاط سے کام لینا ہو گا جلد گا شی میں ہمیں ہی نقصان ہو گا۔۔۔"وہ مایا یرمان کے مسلے میں پڑتے قیوم ملک اؤر اُس لڑکی کو بھول چکی تھیں اور ان کی یہ غلطی ان کے حق میں کتنی بری ثابت ہونے والی تھی عفت ملک کو ہر گز اندازہ نہیں تھا۔

"آنٹی ہم تو مجھے لگتا ہے کچھ بھی کر لیں ناکامی ہی ہو گی یرمان اس لڑکی کے خلاف کچھ بر داشت نہیں کرے گا۔۔۔"مایا کا دماغ ایک ہی نقطے پہ الجھا ہوا تھا عفت بیگم نے مذید کچھ کہنے کے بجائے خاموش رہنا بہتر سمجھا ہاں دل میں وہ بہت کچھ سوچ رہی تھیں۔

••••••

یرمان عائلہ کے پیچھے روم میں آیا تھا یہاں وہ اپنے ہاتھ سے پٹی اتار رہی تھی لیکِن لبوں پہ دھیمی سی مسکراہٹ تھی کچن میں یرمان کا خوُد کے لیے بولنا اس کے دل کو لگا تھا وہ بہت خوش ہوئی تھی لیکِن یرمان کے سامنے اپنی خوشی کا اظہار کیسے کرتی سو خاموش رہی لیکن سچ تو یہ تھا کہ یرمان کی قدر اس کے دل میں ہر گذرتے دن بڑھتی جا رہی تھی وہ خود کو روک نہیں پاتی تھی یرمان کو سوچنے سے دل چاہتا تھا کہ بار بار وہ بس اسے سوچے۔

اپنے جذبات اس کی آنچ سے وہ خوُد بھی الجھ جاتی تھی پر جب ضامن کا خیال آتا تو دل ہر چیز سے چاٹ ہو جاتا اپنے بھائی کے بارے میں سوچتے اس کی آنکھیں بھیگنے لگی تھیں۔

"عائلہ روکو۔۔۔میں کرتا ہوں۔۔۔!؛"وہ عائلہ کی کلائی تھامے اس کے زخم کو دیکھ رہا تھا جو اب کچھ ٹھیک تھا لیکن سٹچز ریمو کروانے انہیں ہاسپٹل جانا پڑنا تھا شام میں تو بر تھڈے پارٹی تھی اس لیے یرمان نے کل عائلہ کو ہاسپٹل لے جانے کا سوچا تھا۔

"ٹھیک ہوں۔۔۔!؛"عائلہ کے ہونٹوں سے خوُد ہی یہ لفظ پھسل گئے تھے شاید وہ یرمان کو خود کے کیے مزید پریشان نہیں دیکھ سکتی تھی۔

"ہمم گڈ نیچے کیوں گئی تھی۔۔۔ تمھیں اندازہ ہے صبح تمھیں اپنے برابر میں نہ پاتے میری کیس حالت ہوئی عائلہ۔۔۔میں مُجھے لگا تم مجھے چھوڑ کر چلی گئی ہو آئیندہ یہ مذاق مت کرنا۔۔۔"وہ سنجیدہ ہوا تھا اس چہرے پہ تشو تش بھرے تاثرات دیکھ کر عائلہ نے ہونٹوں کو دانتوں سے کترا تھا۔

"وہ میں۔۔۔مُجھے۔۔۔"

"کچھ مت بولو۔۔۔بس مُجھے دیکھو۔۔۔!؛"عائلہ کو اب جا کر اندازہ ہوا تھا کہ موصوف تو شرٹ لیس تھے اور اسی حیلے میں نیچے بھی گئے تھے کتنی ملازمون نے اسے دیکھا تھا جلن کی شدید لہر اس کے وجود میں سرایت کر گئی تھی۔۔

"آپ۔۔۔آیسے۔۔۔کیوں۔۔۔۔آئے۔۔۔۔نیچے۔۔۔۔!؛"لبوں سے شکوہ پھسل گیا تھا۔

"کیا مطلب عائلہ۔۔۔!؛"یرمان عائلہ کی بات سمجھ نہیں سکا اور وہ دانت پیستے اپنے تاثرات نارمل کرنے کی کوشش کر رہی تھی جس میں وہ بری طرح سے ناکام ہوئی تھی۔

"شرٹ۔۔۔۔لیس۔۔۔۔!؛"

"آوو عائلہ یہ تو اتنی بڑی بات نہیں ہے میں نے صرف شرٹ نہیں پہنی تھی۔۔۔یار اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔!؛"وہ پیشانی سہلا رہا تھا۔

"پڑتا ہے۔۔۔فرق۔۔۔جیسے ایک عورت مرد۔۔۔۔۔۔سے پردا کرنا ضروری۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے تو۔۔۔۔۔مرد کے لیے۔۔۔۔۔۔ضروری نہیں ہے۔۔۔۔۔۔کیا۔۔۔آپ۔۔۔۔کو۔۔۔۔کتنی ملازموں نے۔۔۔۔دیکھا۔۔۔۔جبکہ۔۔۔۔یہ۔۔۔۔صرف۔۔۔۔۔میرا۔۔۔۔حق۔۔۔۔ہے۔۔۔۔۔!؛"وہ جذبات میں خود بھی نہیں جانتی تھی کہ کیا بول رہی ہے۔

"تمھیں برا لگا عائلہ۔۔۔!؟میرا یوں شرٹ لیس کسی عورت کے سامنے جانا تمھیں اچھا نہیں لگا۔۔۔!؛"وہ عائلہ کے ہاتھ پہ بینڈج کر چکا تھا اب کی کلائی

تھامے اسے اپنی گود میں بیٹھایا تھا اس کا حلیہ اسے شرٹ لیس دیکھتے عائلہ کے رخسار دہکنے لگے لیکن مقابل کو کہاں فرق پڑا تھا۔

وہ تو بس اس کے چہرے پہ رنگوں کو بغور دیکھ رہا تھا پہلی بار ہوا تھا یرمان شرٹ کمرے سے نکلا تھا عائلہ کو کمرے میں نہ پاتے وہ بوکھلا سا گیا تھا عائلہ سے ایک لمحے کی دوری بھی وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا ڈیڈ کی پلاننگ تھی عائلہ کا اور اس کا نکاح کروایا۔۔۔وہ پہلے عائلہ سے مل چکے تھے یرمان کے لب مسکرائے تھے۔۔۔

"کیا۔۔۔کر۔۔۔"

"چپ رہو۔۔۔" وہ اس کی گردن پہ اپنی انگلیوں رب کرتے اس کے بالوں سے اٹھتی مہک خود میں انہل کر رہا تھا عائلہ نے صبح صبح شاور لیا تھا اس کے بال گیلے تھے جن کو اس نے جوڑے میں لپیٹا ہوا تھا۔

"پر۔۔۔"

"عائلہ وایفی۔۔اپنے ہسبنڈ کی بانہوں میں خاموش رہتے ہیں ہمممم۔۔۔۔ سوری اگر تمھیں میرا یوں شرٹ لیس باہر آنا برا لگا تو آئندہ میں پوری کوشش کرونگا ایسا کچھ نہ ہو تمھارے وجود پہ میرا حق ہے اوُر میرے وجود پہ صرف تُمھارا۔۔۔"وہ اس کی ناک سے ناک سہلاتے کھوئے سے لہجے میں بولا تھا۔

سچ تو یہ تھا کہ عائلہ کا نازک سراپا اسے خود کی طرف مائل کر رہا تھا رات ڈیڈ نے اسے اتنی سیریس بات بتائی تھی اس کے مائنڈ سے وہ بھی نکل چکی تھی بس یاد تھی تو عائلہ۔

"برا لگا۔۔۔مُجھے بہت۔۔۔زیادہ۔۔۔"اس نے روٹھے لہجے میں خفگی سے جواب دیا یہ سچ تھا مایا کی نظریں یرمان پہ دیکھتے وہ بہت طرح کسک کر رہ گئی تھی۔....

"سوری ناں۔۔۔ آج رات کیا تم خود کو سجاؤ گی میرے لیے اپنے لڈو ہر کے لیے۔۔۔!؛"اس کی سیاہ آنکھوں میں جھانکتے یرمان کے اس غیر متوقع سوال پہ عائلہ گھبرا گئی تھی پہلی بار جب وہ اس کے قریب آیا تھا وہ لمحات عائلہ بھولا نہیں پا رہی تھی۔

"درد۔۔۔ہوتا۔۔۔۔!؛"اس نے ہونٹ لٹکائے تھے یہ تو وہ خود بھی سوچ چکی تھی کہ اسے اب یرمان ملک کی بیوی کا فرض نبھاتے اس کو اس کا حق دینا تھا بھلے عائلہ کی حالت وہ نازک لمحات سوچتے عیجب سی ہو جاتی تھی لیکن پھر بھی اسے یرمان کو یہ حق دینا ہی تھا۔۔۔

"وہ پہلی بار ہوا تھاناں۔۔۔اب نہیں ہو گا۔۔۔!؛"وہ عائلہ کی باتوں سے سمجھ گیاوہ کیوں جھجھک رہی تھی۔۔۔۔

"ڈریس کونسا پہننا ہے پارٹی کے لیے۔۔۔۔؟"یرمان کے لئے رات کا انتظار بہت مشکل تھا آج وہ اپنی ساری بے قراریاں اور بے چینیاں اس نازک وجود میں انڈیلتے اسے خود میں قید کرنے والا تھا۔۔

"نہیں پتہ۔۔۔!؛"یہ ڈریس سلیکٹ کرنا تو ہمیشہ سے ہی اس کے لیے بہت مشکل ٹاسک رہا تھا اسے کئیں جانا ہوتا کوئی فنکشن ہوتا وہ کنفیوز ہو جاتی کہ کیا پہنے اوٗر پھر ضامن ہی اس کے لیے ڈریس نکالتا کہ عائلہ آپ یہ پہن لو۔

"میں نکالتا ہوں۔۔۔ چینج بھی خوٗد کرواؤں گا۔۔۔"ساتھ بے باک فرمائش بھی آگئی تھی عائلہ نے فوری انکار کیا چینج کرواتے کتنا بے باک ہو جاتا تھا وہ عائلہ اچھے سے جانتی تھی پہلے ہی انکار کیا۔

"میں تو کرواؤں گا۔۔۔پہلے ناشتہ کرتے ہیں میں جب تک فریش نہ ہو جاؤں عائلہ تم روم سے نہیں نکلوں گی سمجھی ہم ساتھ جائیں گے۔۔۔ میرے لیے کوئی ڈریس نکال دوں کیجول سا۔۔۔"اس کے رخساروں کو سہلاتے وہ باتھ روم میں جابند ہوا۔

عائلہ نے اپنی دھڑکنوں پہ ہاتھ رکھتے خود کو کمپوز کیا اس کا دل اتنی تیزی سے دھڑک رہا تھا جیسے سینے کی حدودیں توڑتے باہر نکل آئے گا۔

عائلہ نے یرمان کے لیے ڈریس نکالا اوٗر خود بیڈ کو رٹھیک کرتے بیڈ کے کنارے بیٹھ گئی تھی۔

یرمان کے بغیر اب وہ خود بھی روم ہر گز نہیں نکلنے والی تھی پہلے جو ہو چکا تھا وہ بھول نہیں سکتی تھی وہ تو یرمان کے آنے سے بچت ہو گئی تھی ورنہ عفت بیگم کے تیور اسے بہت خطرناک لگ رہے تھے۔

یرمان باتھ لیتے روم میں آیا تو وائٹ ٹاول میں ملبوس تھا چہرے اور گردن پہ پانی کی بوندیں تھیں جن کو اس نے صاف کرنے کی زحمت ہر گز نہیں کی تھی عائلہ کی نظر یرمان پہ پڑی تو اس نے سٹپٹا کر چہرہ جھکا لیا تھا یرمان کی بے باکی پہ وہ بس دانت کچکچا کر رہ گئی تھی جو اس معاملے میں کچھ زیادہ ہی بے شرم واقع ہوا تھا۔

عائلہ کے چہرے کے اتار چڑھاؤ دیکھتے یرمان ملک کے لیے آپنا قہقہہ روکنا محال ہوا تھا وہ اتنی کیوٹ لگ رہی تھی کہ یرمان کہ دھڑکنیں بے قابو ہوئی تھیں بہت مشکل تھا رات کا انتظار۔

"ریلکس مسز یرمان۔۔۔ یہ شرمانا سنبھال کر رکھیں آپ کے کام آئے گا۔ رات جب آپ میری بانہوں میں لونگی تو جی بھر کر شرمایئے گا۔۔۔" وہ بے باکی سے بولتا اپنا ڈریس اٹھاتے چینج کرنے لگا۔

"آپ جہاں۔۔۔۔کیوں چینج۔۔۔؟"وہ ہڑبڑا گئی یرمان تو اس کے سامنے چینج کرنے والا تھا۔

"ہاں تو کیا کمرے سے باہر نکل جاؤں۔۔۔؟"یرمان نے اپنی جینز ہاتھ میں پکڑی تھی۔

"اندر۔۔۔جائیں۔۔۔!؛"عائلہ نے چینجنگ روم کی طرف اِشارہ کیا تو سر خم کرتے آندر گھس گیا عائلہ نے اس کی چوڑی پیٹھ کو گھورا۔

"بے شرم۔۔!؛"زرلب بڑبڑاتے وہ یرمان کو سلوتوں سے نوازتے بیڈ کور پہ انگلیوں سے لیکر کھینچنے لگی۔۔

کچھ دیر بعد یرمان روم میں واپس آیا تو وائٹ جینز پہ وائٹ ٹی شرٹ میں ملبوس تھا اب ماتھے پہ چپکے اڈے مزید خوبصورت بنا رہے تھے۔

یرمان نے بالوں میں برش کرتے عائلہ کو دیکھا جس کی نظریں اس پہ ہی تھیں خیر وہ لگ بھی خاصا ہنڈسیم رہا تھا۔۔

یرمان تیار ہوتے عائلہ کو اپنے حصارِ میں لیتے اس کے شولڈر پہ اپنی ٹھوڑی ٹکائے اس کے گرد بازوؤں کا حصار بنا گیا عائلہ کی پشت اس کے سینے سے لگی ہوئی تھی اور وہ پوری طرح سے یرمان کے حصار میں قید ہو گئی وہ جو یرمان کو دیکھنے میں اس قدر مگن تھی کہ اس کا قریب آنا بھی نوٹ نہیں کر سکی اب اس کا حصار خود کے گرد دیکھا تو وہ ہڑبڑاتے ہوش میں آئی تھی لیکن اب دیر ہو چکی تھی۔

یرمان کے کولون کی مہک اس وقت پورے کمرے میں پھیلی ہوئی تھی۔۔

"آپ کا ہی ہوں جیسے مرضی چاہیں دیکھ سکتی ہیں اور یہ حق بس مسز یرمان کو ہی حاصل ہے تو چوری چُھپے دیکھنے کے بجائے آپ جی بھر کر دیکھ سکتی ہیں

اپنے ہسبنڈ کو۔۔۔!؛"یرمان نے جیسے عائلہ کی چوری پکڑلی تھی وہ سر جھکائے لب کاٹنے لگی۔

"نو عائلہ تمھیں پتہ بھی ہے مجھے نہیں پسند۔۔۔پھر بھی کرتی ہو یہ۔۔۔ان پنکھڑیوں پہ بس میرا حق ہے جن کی مجھے لت لگ چکی ہے۔۔۔!؛"وہ اس کی ٹھوڑی نرمی سے چومتے بوجھل لہجے میں بولا۔

ہے یہ نشہ یا ہے زہر

اس پیار کو ہم کیا نام دیں

کب سے ادھوری ہے اک داستان

آجا آج اسے انجام دے

میں تمھیں بھولوں کیسے

میری خوش نما صبح تم ہو

میں جو جی رہا ہوں وجہ تم ہو۔۔

وہ اس کے کان میں دھیرے دھیرے گنگنا رہا تھا اس کی آواز بہت پیاری تھی عائلہ تو لفظوں کے سحر میں جکڑ گئی تھی۔

کیا جانے تو میرے ارادے

لے جاؤں گا سانسیں چرا کے

دل کہہ رہا ہے گنگار بن جا

بڑا چین ہے ان گناہوں سے آگے

میں تمھیں بھولوں کیسے

میری خوش نما صبح تم ہو

میں جو جی رہا ہوں وجہ تم ہو۔

"پلیز۔۔۔" وہ اس کی گردن سے بال ہٹاتے جا بجا اس کی گردن کو اپنے ہونٹوں سے جا منی کر رہا تھا عائلہ کے لیے یرمان کے حصار میں کھڑا رہنا مشکل ہوا تھا۔

وہ اس کے قریب آتے سب بھول جاتا تھا اس وقت عائلہ کی قربت کا نشہ اس کے سر پہ چڑھ کر بول رہا تھا خود پہ تو جیسے اختیار ہی نہیں رہا اس کا۔

"چلو ناشتے کے لئے سب ویٹ کر رہے ہونگے۔۔۔" یرمان نے خود کے منہ زور جذبات پہ ضبط کرتے اسے اپنے حصار سے آزاد کیا تھا۔

وہ اسے لیے باہر آیا اور ناشتہ سب کے ساتھ کیا ناشتے کے دوران بھی یرمان نے عائلہ کو بہت سپیشل ٹریٹ کیا تھا مایا اور عفت ملک تو کسلتی رہی تھیں جبکہ یرمان کو کہاں فرق پڑتا تھا۔

قیوم ملک مسکراتے بیٹے کو خوش دیکھ رہے تھے جو بیوی کے ساتھ بہت خوبصورت لگ رہا تھا انہوں نے دل سے دعا کی کہ ان کا بیٹا ہمیشہ خوش رہے

۔

شام کے قریب پارٹی تھی تو یرمان کو تیاری بھی کروانی تھی عائلہ کو اپنا خیال رکھنے کا کہتے وہ باہر چلا گیا تھا۔

••••••

ابرش اور ضامن یونیورسٹی میں موجود تھے ابرش ان یونی آنا تو نہیں چاہتی تھی لیکِن اسے ضامن سے معافی مانگنی تھی اسے پوری یورنیورسٹی کے سامنے ضامن سے معافی مانگنی تھی اوُر ضامن کو یہ بتانا تھا کہ وہ غلط تھی پر اب اسے اپنی غلطی کا احساس تھا ضامن اس کے قریب پھر نہیں آیا تھا اُس رات کے بعد یہ بات ابرش سے برداشت نہیں ہو رہی تھی بیوی تھی ضامن کی کیسے برداشت کرتی اس کے آندر بھی طلب جاگتی تھی اپنے شوہر کی۔۔

ضامن اسے چھوڑ کر سٹاف روم میں بیٹھا تھا جب مائیک پہ کچھ اعلان ہوا مائیک ہال میں لگا ہوُا تھا جب ساری یورنیورسٹی کے سٹوڈنٹس کو ہال میں اکھٹا کر کے کوئی ضروری بات بتانی ہوتی پھر ہی مائیک کا استعمال کیا تھا۔۔ اواز سن کر تقریباً سارے لوگ ہی ہال میں جمع ہو چکے تھے۔۔

ابرش جانتی تھی اس کے یہ سب کرنے کے بعد شاید وہ ضامن کی نظروں میں اپنی اہمیت کھو دے لیکن دل سے وہ یہ بوجھ ہٹانا چاہتی تھی.

"آپ سب کے یہاں آنے کا بہت بہت شکریہ۔۔۔" ایک سٹوڈنٹ نے مائیک آٹھایا اوٗر بولی اس کے ساتھ ابرش کھڑی تھی آگر ابرش خوٗد انوسمنٹ کرتی تو شاید ضامن آتا ہی نہیں اس لیے اس لڑکی سے ہیلپ لی تھی ابرش نے۔

"ابرش بیٹا آپ یہاں کیا کر رہی ہیں۔۔۔؟" پرنسپل صاحب ابرش کو دیکھتے اس کیطرف چلے آئے تھے۔

"انکل مُجھے کچھ کہنا ہے۔۔۔!؛" ابرش نے ضامن کو دیکھا جواب شائد واپس پلٹنے والا تھا ابرش کو دیکھ کر اسے اندازہ ہو رہا تھا کہ ابرش ہی کچھ کہنے والی ہے لیکِن کیا یہ وہ ہر گز نہیں جانتا تھا۔

"بیٹا آساری یورنیورسٹی کے سامنے کیا بات کرنی ہے آپ نے؟ اگر کوئی مسلہ ہے تو مجھ سے شئیر کریں آپ۔۔۔ یہ آپ مائیک کیوں تھامے کھڑی ہیں۔۔۔" پرنسپل صاحب نے اپنی پیشانی سہلائی ابرش آئے دن ہی کوئی نہ کوئی حرکت کرتی رہتی تھی لیکن جب سے ضامن کے ساتھ ابرش کا نکاح ہوا تھا ابرش بہت بدل گئی تھی اب پہلے جیسی نہیں رہی تھی۔

"آنکل مُجھے سب کے سامنے کچھ کنفیس کرنا ہے۔۔۔!؛" ضامن کے دماغ میں کچھ کلک ہوا اگر تو جو وہ سوچ رہا تھا آیسا تھا تو یہ غلط تھا ایک بار ابرش نے یوں ہی بھرے مجمعے میں اس کی عزت پہ کیچڑ اچھالا تھا اب دوبارہ یہ سب کرنے کا مطلب کیا تھا وہ دوبارہ کوئی ایسی ویسی حرکت کرنے والی تھی۔

سٹوڈنٹس اور سٹاف ممبرز تو ابرش کے بولنے کے منتظر تھے لیکن ضامن نہیں چاھتا تھا کہ ابرش کچھ بھی بولے وہ ابرش سے مائیک چھین لینا چاہتا تھا لیکن ابرش آج ہر حال میں سب کچھ کلئیر کرنا چاہتی تھی۔

"میں نے اُس دن جو کچھ بھی کہا وہ سب جھوٹ تھا ایسا کچھ نہیں ہوا تھا اور۔۔۔" وہ اپنی آنکھیں رگڑتے ایک نظر ضامن پہ ڈالنا نہیں بھولی جس کا سر بے ساختہ نفی میں ہلا تھا ابرش کیونکر دوبارہ وہ واقعہ یاد کر رہی تھی جس کی وجہ سے اتنا کچھ ہو گیا اس کی زندگی میں۔

"کیا مطلب ہے آپ ابرش ملک؟ آپ کہنا کیا چاہتی ہیں؟ کھل کر بتائیں اُس دن آپ نے کہا تھا۔۔۔!؛"

"جھوٹ بولا تھا میں نے آیسا کچھ بھی نہیں تھا۔۔۔" ابرش کے ہاتھ سے مائیک چھوٹ گیا تھا اس کے چہرے پہ آنسو پھسلتے چلے جا رہے تھے۔

"مس ملک اٹس انیف۔۔۔پلیز۔۔۔!!"ضامن تیر کی تیزی سے ابرش کے قریب پہنچا تھا جو اپنے گالوں پہ پھسلتے آنسوؤں کو صاف کرتے نیچے سے مائیک اٹھانے والی تھی یعنی اسے ابھی کچھ اور بولنا تھا۔

ضامن نہیں چاہتا تھا اب اس واقعے کے بارے میں مزید بولے کیونکہ اس کو اچھے سے معلوم ہو چکا تھا یہ سب ابرش کیوں کر رہی تھی یقیناً ابرش ضامن کا دل صاف کرنا چاہتی تھی اپنی طرف سے۔

ہاں ابرش کی حرکت پہ ضامن کے دل میں جو کچھ تھا وہ سب جھاگ کی مانند بہہ نکلا تھا ابرش مزید خود پہ کوئی بات لائے ضامن کو گوارہ نہیں تھا۔

"نہیں سر مُجھے سچ بولنا ہے سب کو بتانا ہے اُس دن میری غلطی تھی۔۔میں نے آپ۔۔۔۔"

"مس ملک میں آپ سے کچھ کہہ رہا ہوں سنائی نہیں دے رہا ہے آپ کو اپنی ہی کہے جا رہی ہیں آپ جب میں کہہ رہا ہوں آپ مذید کچھ نہیں بولیں گی پھر سمجھ میں کیوں نہیں آ رہا ہے آپ کے۔۔۔!؛"ضامن دھاڑا تھا اس کے غصے کا اثر ہی ہوتا تھا ابرش ملک پہ۔

"پروفیسر ضامن آپ کو تو خوش ہونا چاہیے یہ بات مس ملک نے خوُد ہی کلئیر کر دی آپ کا کردار جو سب کے سامنے مشکوک ہوا تھا اب پوری بات سامنے آ چکی ہے اوُر یہ بھی کہ مس ملک نے یہ سب جان بوجھ کر کیا تھا آپ کو تو مس ملک کو چھوڑ دینا چاہیے اصولاً۔۔۔ کیونکہ نکاح جس وجہ سے ہوا تھا وہ وجہ ہی اب ختم ہو چکی ہے تو پھر یہ نکاح برقرار رکھنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔۔!؛"میم انعم سب سے زیادہ خوش ہوئی تھیں پروفیسر ضامن ابرش کو چھوڑ دے یہ تو ان کی خواہش تھی۔

"مس النعم یہ ہمارا پرسنل معاملہ ہے ہم خود دیکھیں گے آپ کو ہمیں مشورے دینے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔ایوری ون معذرت آپ کا ٹائم ضائع ہوا آپ سب لوگ جاسکتے ہیں معذرت۔۔۔!؛"ابرش کی حالت دیکھتا ضامن پریشان سا اس کے قریب ہوا تھا سب لوگ ہال سے نکل گئی تھے سوائے میم النعم کے وہ ڈھیٹ بنتے وہیں کھڑی رہی تھیں۔۔

"مس ملک۔۔۔یہ کیا تھا۔۔۔؟"ضامن کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ ابرش ایسی کوئی حرکت کرے گی ورنہ وہ ابرش کو روک لیتا یونیورسٹی میں یہ واقعہ سب بھول چکے تھے لیکن ابرش نے پھر یاد کروادیا اؤر وہ جانتا تھا اب مذید کتنے ہی دن اس ٹاپک میں گوسپس چلتی رہے گی۔

"آپ کے بارے میں سب کو بتانا تھا کہ جو میں نے کہا وہ سب جھوٹ تھا آپ کی پوزیشن کلیئر کرنی تھی سب کے سامنے میری وجہ سے آپ کی عزت

پہ داغ ہو اوہ تو نہیں مٹ سکتا لیکن میں اتنا تو کر سکتی تھی ناں۔۔۔"وہ ضامن کی شرٹ مٹھیوں میں جکڑتے سسکی تھی ضامن نے لب بھینچ لیے۔۔۔ابرش ملک ضدی تھی لیکِن اس کی محبت میں اتنا کرے گی یہ ضامن کو یقین نہیں ہو رہا تھا ضامن نے کئی بار اشاروں میں ابرش کو بتایا تھا کہ ابرش کی وجہ سے اس کے ساتھ اتنا کچھ ہوا اور ابرش یوں بھرے مجمعے میں اپنی غلطی تسلیم کر چکی تھی۔

"مس ملک آپ کو نہیں لگتا آپ سے بیوقوف اوَر کوئی نہیں ہے پہلے آپ نے سر عام پروفیسر ضامن کی عزت اچھالی اور اب یوں معصوم بن کر شاید اپنی غلطی چھپانا چاہا رہی ہیں لیکن آپ جانتی ہیں عزت بہت نازک شے۔۔۔"

"مس انعم آپ جائیں یہاں سے ہم بات کر رہے ہیں آپ کو بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔!؛"ضامن کو قطعی اچھا نہیں لگا تھا انعم ابرش کو برا بھلا کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

"پروفیسر ضامن لگتا ہے آپ پر ابرش کی اس حرکت کا اثر ہو گیا ہے یقین مانیں یہ اس لڑکی کی چالاک ہے آپ کو سمجھ جانا چاہیے۔۔۔!؛"انعم کے تو سر پہ لگے تلوے پہ بجھی ضامن اسے جانے کا کہہ رہا تھا۔

"میری بیوی ہیں َجیسی بھی ہیں آپ کو کیا مسلہ ہے انعم آپ جا سکتی ہیں۔۔۔!؛"آج کی ابرش کی کوشش ان کے رشتے کے درمیان حائل اجنبیت گرانے کی خاصی کامیابی ہوئی تھی ضامن پہ اچھا خاصا اثر پڑا تھا ابرش کی اس حرکت کا۔

اتنی بیزتی کے بعد وہ رکی نہیں تھیں ہال سے باہر چلی گئی ہال میں ابرش اور ضامن رہ گئے تھے ابرش ضامن کی طرف دیکھ تک نہیں رہی تھی جب کہ ضامن کی نظریں ابرش پر سے ہٹ نہیں رہی تھیں۔

"گھر چلنا ہے یا یہیں کھڑے رہنے کا ارادہ ہے۔۔؟" ضامن کے لب و لہجے سے ابرش کو کہیں سے بھی میسر نہیں ہوا کہ ضامن پہ اس کی بات نے کوئی اثر کیا ہے وہ سسکتے اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھ چکی تھی۔۔

"مس ملک چلیں۔۔۔" ضامن اپنی جیکٹ کندھے پہ ٹکائے ہال سے نکلتے پارکنگ کی طرف بڑھ گیا مطلب صاف تھا کہ وہ مذید انتظار کرنے والا نہیں تھا۔

ابرش کے ہونٹوں سے سسکیاں نکلتا ہال میں ہی کہیں گم ہو رہی تھیں ضامن اس کو کم سے کم تھوڑا بہت تو سر اسکتا تھا۔

"کیا سر مجھے چھوڑ دیں گے۔۔۔؟" بے ساختہ اس کے زہن میں یہ سوچ آئی اگر ایسا ہوا تو ابرش کیسے جی سکے گی ضامن عباس کے بغیر جس کے بغیر رہنے کا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی جس کی محبت اب اس کے وجود میں بس چکی تھی۔۔

جس کی چند لمحے کی دوری ابرش سہن نہیں کر سکتی تھی زندگی بھر کے لیے کیسے برداشت کرتی ضامن اسے پارکنگ میں آنے کا بول گیا تھا لیکِن ابرش کے پاؤں میں جیسے جان ہی نہیں بچی تھی بمشکل خود کے ٹھنڈے پڑتے وجود کو گھسٹتے وہ پارکنگ میں آئی ضامن اس کے انتظار میں ہی بیٹھا تھا دونوں کے درمیان آپس میں کوئی بات نہیں ہوئی۔۔۔

•••••

گھر پہنچتے وہ دونوں خاموش تھے ابرش اوَر ضامن کے درمیان کوئی بات نہیں ہوئی تھی ابرش کو ڈیڈ کے برتھڈے پہ جانا تھا رات بھی وہ ڈیڈ کو وش نہیں کر سکی تھی اور اب ضامن کیا اس کے ساتھ جانے والا تھا ہال میں جو اس نے کہا سب سے اسکو کوئی پچھتاوا نہیں تھا جو بھی تھا اس نے اپنے آندر موجود بوجھ کو ختم کر دیا تھا اب وہ مطمئن تھی ضامن کا کردار سب کی نظروں میں مشکوک تھا وہ اب نہیں رہا تھا اور اس سے زیادہ ابرش کچھ چاہتی بھی نہیں تھی۔۔

وہ تیار تھی اس نے بلیک کلر کی میکسی پہنی تھی بالوں کو کرل کرتے اس نے پشت پہ چھوڑ دیا تھا اور ہلکی سے لپسٹک لگائی تھی تیاری تو اس نے آدھے گھنٹے میں کر لی تھی لیکِن اب مسلہ یہ تھا کہ ضامن سے کیسے بات کرتی اور کیا ضامن اس کے ساتھ جاتا وہاں اس کے ساتھ۔۔

ضامن باہر لاونج میں موجود تھا اور ابرش تیار تھی کنفیوز سی وہ اپنی انگلیاں چٹخا رہی تھی شاید ہی وہ کسی سے بات کرتے اتنے نروس ہوتی تھی جتنی ضامن سے بات کرتے وہ بچاری ہو جاتی ضامن کا سرد انداز اس سے سہن نہیں ہوتا تھا۔

"بات تو کرنی پڑے گی وہاں پارٹی شروع ہو چکی ہو گی ڈیڈ اور باقی سب ویٹ کر رہے ہوں گے۔۔۔" ابرش نے بیڈ پہ پڑی اپنی شال اُٹھاتے اپنے شانے کے گرد پھیلائی تھی کوئی اور موقع ہوتا تو شائد ابرش اتنی کنفیوز نہیں ہوتی لیکن ہال میں جو کچھ بول آئی تھی اُس کے بعد سے بہت نروس ہو رہی تھی۔۔۔

ضامن جو اپنی پیشانی سہلا رہا تھا اندر ایک وبال سا آٹھا تھا آخر کیا ضرورت تھی ابرش کو سب کچھ بتانے کی اب تو ضامن بھول رہا تھا اُس واقعے کو۔

"کہیں جانا ہے آپ نے۔۔۔؟" ضامن کی نظر یکدم سے ابرش پہ گئی جو تیار تھی جانے کے لیے ضامن نے اپنے ذہن پہ زور ڈالا تو اسے کچھ یاد نہیں آیا اوَر نہ ہی اس نے ابرش سے ایسی کوئی کمیٹمنٹ کی ہوئی تھی ابرش نے لب چبائے۔

"وہ ضامن سر آج ڈیڈ کا برتھڈے ہے۔۔۔ آپ مجھے لے جائیں پلیز پارٹی شروع ہو چکی ہو گی۔۔۔؟" ابرش نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں سختی سے پیوست کیا تھا ضامن جھٹکے سے صوفے سے اٹھا تھا وہ تو موقعے کی تلاش میں تھا اسے عائلہ سے ملنا تھا اپنی بہن کو دیکھنے کے لئے وہ ترس گیا تھا آنکھیں بے ساختہ سرخ ہوئی تھی۔

"آپ کو کیوں لگتا ہے کہ میں آپ کو وہاں لے جاؤنگا اُس گھر سے میری بہت بری یادیں جوڑی ہیں۔۔!" ضامن نے جانا تو تھا ہی لیکن ابرش کو تنگ

کرنے کا بھی آپنا ہی مزا تھا ابرش کے چہرے پہ زردیاں سی گھل گئی ضامن کی بات سن کر۔

"سر میں مانتی ہوں جو پاسٹ۔۔۔۔"

"مس ملک آپ کو آچھا لگتا ہے بار بار اس سب کو ڈسکس کرنا میں کتنی بار کہہ چکا ہوں آپ سے لیکن شائد آپ پہ کسی بات کا اثر ہی نہیں ہوتا ہے انتہائی ڈھیٹ ہیں آپ۔۔۔!؛"ضامن کا موڈ سخت خراب ہوا اسے وہ سب یاد آرہا تھا جب عائلہ نے ضامن کو چھوڑ کر یرمان کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا تھا۔

"نہیں سر میں بس ائم سوری آپ کو برا لگا تو۔۔۔!؛"ابرش نے ضامن کی کلائی تھامی یہ سب اچانک سے ہوا تھا ابرش کو خوُد بھی احساس نہیں ہوا اس بات کا کہ وہ ضامن کی کلائی تھام چکی ہے جب ہوا تو اس نے ضامن کا ہاتھ چھوڑ دیا۔

"مس ملک آپ شاید جان بُوجھ کر کرتی ہیں یہ سب۔۔"ضامن بھی پھر ضامن تھا اس نے خوب جلایا تھا ابرش کو ابرش نے آنکھیں سکیڑتے بمشکل خود پہ ضبط کیا وہ کچھ ایسا ویسا بول کر ضامن کو مزید ناراض نہیں کر سکتی تھی۔

"سر آپ کچھ زیادہ ہی نیگٹو سوچتے ہیں ایسا کچھ نہیں ہے میرے لبوں سے پھسل گیا آپ لے کر جا رہے ہیں مُجھے مینشن یا پھر میں ڈرائیور کو کال کروں۔۔۔!؛"ابرش مزید وقت نہیں ضائع کر سکتی تھی پہلے ہی بہت دیر ہو چکی تھی۔

اسے جلد از جلد گھر پہنچنا تھا یہ ہی نہ ہو کہ اس کے جانے تک کیک ہی کٹ ہو چکا ہو۔

"واٹ؟ڈرائیور۔۔۔؟"ضامن کا دماغ گھوما تھا ابرش کے ہونٹوں سے ڈرائیور کا نام سن کر۔

"ہاں تو آپ نہیں لے کر گئے تو مجبوراً مجھے ڈرائیور کو کال کرنی پڑے گی۔۔۔!؛" ابرش ضامن کے چہرے کے تاثرات کو بغور دیکھ رہی تھی آیا کہ وہ مان رہا ہے یا نہیں لیکن وہ کچھ اندازہ نہیں لگا پائی۔

"آپ کی ہمت کیسے ہوئی ڈرائیور کا نام بھی لینے کی مس ملک؟ آپ میری بیوی ہیں َ آپ کے ساتھ ہر جگہ میں جاؤں گا کوئی اور کیسے جا سکتا ہے۔۔۔!؛" وہ دھاڑا ابرش نے سہمتے دیوار کے ساتھ لگتے اپنے سینے پہ ہاتھ رکھا تھا نجانے غصہ کیوں آیا تھا ضامن کو اس قدر حالانکہ اس نے جنرل بات کی تھی اگر ضامن نہیں جا رہا ہے تو وہ ڈرائیوروں کے ساتھ چلی جائے گی۔

"آپ مان نہیں۔۔!؛"

"میں انکار کرونگا تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ آپ کی بھی ایرے غیرے کے ساتھ منہ اٹھا کر چل پڑیں گی آئندہ ایسا کچھ بولنے سے پہلے سوچ لیجیے گا ویٹ کریں آرہا ہوں میں۔۔۔!؛" وہ جو ابرش کو زچ کرنے کا ارادہ رکھتا تھا ابرش کی باتوں سے اس کا خوُد کا خون جل رہا تھا۔

"آپ ساتھ میں میرے ساتھ جائیں گے۔۔۔؟" ابرش کو یقین نہیں ہوا تو کنفرم کرنا چاہا لیکن ضامن کی آنکھوں میں چھلکتی سرخی سے نظریں چرا کر وہ پیچھے ہو گئی ضامن کمرے میں چلا گیا۔

وآپس آیا تو بلیک کلر کی جینز پہ وائٹ ٹی شرٹ پہنے ہاتھ میں فون تھامے تیار تھا ابرش کی نظر اس پہ پڑی تو پلٹنا ہی بھول گئے وہ خوبصورت لگ رہا تھا ابرش تو پہلے ہی اس کی دیوانی تھی۔

اس پر سے نظریں ہٹانا مشکل ہو گیا تھا ضامن اس کی بے خودی نوٹ کر چکا تھا۔۔۔

ابرش اس پر سے نظریں نہیں ہٹاتی تھی اسے کتنے ہی لمحے دیکھتی رہتی تھی اور ضامن اس لڑکی کی دیوانگیٔ خود کے لیے دیکھتا یقین نہیں کر پاتا تھا کہ کوئی انسان اس کو اتنا پیار بھی کر سکتا ہے ابرش نے بھلے آج ماضی کے زخم ادھیڑ دیئے تھے لیکن جو اس نے ہال میں کہا وہ کہیں نہ کہیں ضامن کے دل پہ لگا تھا وہ جانتا تھا ابرش اس کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑے گی۔۔۔

شاید ضامن بھی نہیں چھوڑتا لیکن عائلہ۔۔۔؟ عائلہ کو سوچتے ضامن مجبور ہو جاتا تھا عائلہ اس کی بہن یرمان جیسے انسان کے ساتھ رہے یہ ضامن کو کہاں گوارہ تھا ضامن ابرش کے ساتھ جا رہا تھا لیکِن دل میں بس یہ تھا کہ وہ صرف عائلہ سے ملے گا۔

"مس ملک آپ کا معائنہ ہو گیا ہو تو چلیں۔۔۔؟!" ضامن نے اپنی گھنی بیرڈ پہ انگلیاں سہلاتے ابرش کو دیکھا جو اب شال سر پہ بھی اوڑھ چکی تھی۔

ابرش میں جو تبدیلیاں آ رہی تھیں وہ کافی خوش آئند تھیں ضامن ایسی ہی لائف پارٹنر تو چاہتا تھا۔

ضامن اور ابرش کے درمیان مذید راستے میں کوئی بات نہیں ہوئی اب تو شام ہونے والی تھی ابرش اور ضامن جب ملک مینشن پہنچے تو پورا مینشن برقی قمقموں سے سجا ایک الگ ہی منظر پیش کر رہا تھا۔

پارٹی عروج پہ تھی ضامن کے ساتھ آندر آتے ابرش کے ہونٹوں پہ بے ساختہ مسکراہٹ آئی ضامن اس کے ساتھ تھا اور کیا چاہیئے تھا ابرش کو۔

پارٹی کے لئے ارنجمنٹ باہر لان میں کروا گیا تھا ضامن کی نظریں عائلہ کو ڈھونڈ رہی تھی سب سے بڑا جھٹکا تو ضامن کو اس وقت لگا جبکہ یرمان ملک اس کے سامنے آ کر رہا اور اس کے سامنے اپنا ہاتھ کیا آج یرمان کے چہرے کے تاثرات ہی مختلف تھے۔

ضامن کے لیے یرمان کا یہ رویہ برداشت کرنا مشکل ہو ا یرمان بدل گیا تھا یا پھر بدلنے کا ناٹک کر رہا تھا لیکن اس انسان پہ ضامن اتنی جلدی بھروسہ نہیں کر سکتا تھا یرمان خصوصی کھڑا تھا ابرش اور ضامن کو ریسیو کرنے کے لیے۔

عائلہ اندر ڈیڈ اور مام کے ساتھ تھی ڈیڈ نے اُسے روک لیا کہ اُن کی بیٹی اُن کی تیاری میں ہیلپ کرے گی باہر چونکے مہمان آنے شروع ہو گئے تھے یرمان باہر آ گیا تھا یہاں پہلا ٹکراؤ ہی یرمان کا مایا سے ہؤا تھا جو سیلوز لیس

میکسی پہنے میک اپ میں خاصی پیاری لگ رہی تھی لیکِن یرمان کی نظروں کے آگے سے تو عائلہ کا حسین روپ نہیں جاتا تھا وہ کسی اور کی طرف دیکھتا کیسے۔

"ولیکم ضامن۔۔۔ آبی کیسی ہو میرا بچہ۔۔۔۔؟" ضامن سے کہتے یرمان نے ابرش کو اپنے گلے سے لگایا جس کو پہلی بار یرمان نے شال اوڑھے دیکھا تھا۔

اسے ابرش کے اندر آتی یہ تبدیلیاں بہت پسند آئی تھیں یقیناً یہ ضامن کے ساتھ کا اثر تھا ابرش بہت بدل گئی تھی۔

پہلے ایسی ڈریسنگ نہیں ہوتی تھی نہ ہی ابرش نے کبھی دوپٹے کے بارے میں سوچا اپر کلاس سے تھی یہ چیزیں شروع سے سیکھائی جاتی تو پھر اس کے آندر یہ خوُد ہی خیال پیدا ہونا تھا۔

"بھائی آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟"ضامن کے ساتھ یرمان کا اتنا آچھا توجہ ابرش سے برداشت نہیں ہوا تو پلٹتے یرمان سے پوچھا جس نے مصنوعی آنکھیں دکھائی تو ابرش کھل کھلائی تھی۔

"عائلہ کہاں ہے بھائی۔۔۔؟"ابرش نے ضامن کو یہاں وہاں دیکھتے پایا تو خوُد ہی یرمان سے عائلہ کے متعلق پوچھا جس پہ یرمان نے ایک نظر ضامن پہ ڈالی تھی۔

"وہ آندر ہے مام ڈیڈ کے ساتھ آپ جاؤ مل لو۔۔۔"یرمان کو ضامن سے بات کرنی تھی ابرش کو آندر بھیج دیا۔۔

"ضامن مُجھے بات کرنی ہے تم سے۔۔۔!؛"ضامن کے ساتھ کھڑے ہوتے یرمان نے اپنے سینے پہ بازو باندھے تھے۔۔

"مجھ سے سالے صاحب کیا بات کرنی ہے تم نے۔۔۔!" ضامن نے حیرت کا اظہار کیا۔

"بہنوئی بھی لگتا ہوں ضامن۔۔۔" یرمان نے جتایا اور اس رشتے کا حوالہ ہی تو ضامن کو پسند نہیں تھا وہ اپنی بہن سے بات کرنے کو ترس گیا تھا۔

"تو پھر۔۔!؛" ضامن نے اپنی سائیڈ گردن رب کی یہ وہ تبھی کرتا جب اس نے اپنی گھبراہٹ اور اکتاہٹ پہ ضبط کرنا ہوتا تھا۔

"ائم سوری ضامن جو کچھ ہوا اس کے لیے معذرت۔۔۔۔یقین مانو مجھے زرا بھی اندازہ نہیں تھا کہ ابرش وہ سب۔۔۔!!"

"مسٹر یرمان یہ ہمارا پرسنل معاملہ ہے میں اسے کسی کے ساتھ ڈسکس نہیں کرنا چاہتا ہوں اُمید ہے آپ سمجھ گئے ہونگے۔۔۔!؛" کسی اور کے ہونٹوں

سے وہ سب سنتے ضامن کو شعلے سے اپنے وجود میں دہکتے محسوس ہوئے تھے آنکھیں سرخ ہوئی تھیں۔

"مجھے عائلہ کے بارے میں بھی کچھ بتانا ہے مُجھے پتہ ہے تم عائلہ کو غلط سمجھتے ہو کیونکہ عائلہ نے میڈے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا تھا لیکِن میں نے اُسے بلیک میل کیا تھا۔۔۔اگر نہیں کرتا تو شاید وہ میرے ساتھ رہنے کے لیے کبھی راضی نہیں ہوتی کبھی لیکن مُجھے وہ اپنے ساتھ چاہیے تھی تم جو بھی سمجھو لیکِن میں عائلہ سے بہت محبت کرتا ہوں مانتا ہوں جو ہوا بہت غلط ہوا لیکن اب کیا ہو سکتا ہے۔۔!؛" اسے ضامن کی غلط فہمی عائلہ کے لیے جو ضامن کو تھی اسے دور کرنا تھا۔

"تمھیں اب احساس ہو رہا ہے شرم نہیں آتی تمھیں یہ سب بتاتے ہوئے عائلہ کی حالت کے بارے میں شاید تم نہیں جانتے ہو وہ چھوٹی سی بات کی

ٹینشن لے تو اُس کی طعیبت شدید بگڑ جاتی ہے لیکن تم نے جو کیا اُس پہ اب افسوس ہو رہا ہے کیا فایدہ۔۔۔؟"ضامن نے آگے جگمگاتی لائٹس کو دیکھا۔

"میں جانتا ہوں آور یقین مانو بہت افسوس بھی ہے لیکِن اب عائلہ ٹھیک ہے اوُر ایک اوُر بات ہم ہنی مون پہ نہیں گئے تھے بلکے۔۔۔!؛"وہ مذید کچھ بولتا کہ مایا وہاں آگئ تھی اس لڑکی کو دیکھ کر ضامن نے لب بھینچ لیے۔

"مایا میں بیزی ہوں۔۔"درمیان میں ڈسٹرب کیے جانے پہ یرمان بمشکل خود کے غصے کو کنٹرول کر سکا تھا۔

"یرمان مُجھے بات کرنی ہے ان سے تم بعد میں بھی بات کر سکتے ہو ویسے بھی یہ اتنے خاص تو نہیں ہیں تمھارے لیے جو یہ تھوڑی دیر انتظار نہیں کر سکتے ہیں۔۔۔!؛"مایا صبح سے جل بھن چکی تھی پہلے یرمان کا عائلہ کو امپورٹنٹس

دینا اوٗر جب مایا نے عفت ملک سے کہہ کر عائلہ کو ان کے ساتھ بھجوایا تو پھر بھی یرمان اس کے ہاتھ نہیں لگ رہا تھا۔

"مایا جاؤ میں بیزی ہوں۔۔۔!؛" اب کی لہجے میں کچھ آیسا تھا کہ مایا مذید وہاں کھڑی نہیں رہ سکی اور ضامن پہ ایک نفرت بھری نظر ڈالی اوٗر وآپس چلی گئی پہلے اس کی نفرت کی لسٹ میں صرف عائلہ تھی لیکِن اس لسٹ میں ضامن عباس کا بھی اضافہ ہو گیا تھا مایا کے ہاتھ سے سب پھسل رہا تھا کچھ نہ کچھ تو کرنا تھا ورنہ اس کے لئے بہت مشکلات پیدا ہونے والی تھیں۔۔۔

"کہاں تھے ہم۔۔۔؟" مایا کے چکر میں یرمان اپنی بات بھول چکا تھا دوسری طرف ضامن کا دل جیسے کسی نے مٹھیوں میں بھینچ لیا عائلہ کی بیماری کے بارے میں سن کر وہ اتنی تکلیف میں رہی اور ضامن۔ اپنی انا کے مارے اس کے بارے میں معلوم ہی نہیں کر سکا کہ وہ کس حال میں ہے۔

۔

"عائلہ۔۔۔!؛"ضامن نے یرمان کی بات کہاں سنی تھی اس کی نظریں تو سامنے سے آتی عائلہ پہ تھیں جو بمشکل قیوم ملک سے اجازت لیتے باہر آئی تھی جب ابرش آندر گئی تو اسے یقین ہو گیا کہ ضامن بھائی بھی آئے ہونگے ورنہ ابرش اکیلی کیسے آسکتی تھی تو قیوم ملک سے اجازت لیتے وہ یہاں آئی تھی۔

ضامن کو دیکھتے اس نے اپنا سینہ مسلا تھا ضامن نے اسے آواز دی تھی وہ بے یقین تھی آگے بڑھنے کی سکت ہی جیسے خود میں ختم ہو گئی تھی ضامن نے آگے بڑھتے اسے اپنے گلے لگایا اور اس کے بالوں پہ نرمی سے بوسہ دیا عائلہ کی کالی آنکھیں نم تھیں۔

"بھیا۔۔۔!؛"وہ ضامن کی شرٹ تھامے سسکی تھی اس کا ہر آنسو یرمان ملک کو اپنے دل پہ گرتا محسوس ہو رہا تھا اس نے مٹھیاں بند کی تھیں کوئی اور موقع ہوتا تو شائد وہ عائلہ کو ضامن کے گلے نہیں لگنے دیتا لیکن اس وقت جس قدر عائلہ پریشان تھی جتنا وہ ضامن کو یاد کرتی تھی یرمان ملک یہ نہیں کر سکا تھا وہ بس عائلہ کے آنسو پونچھ لینا چاہتا تھا۔

لیکن عائلہ اپنے بھائی کے گلے لگتے کچھ زیادہ ہی ایموشنل ہو رہی تھی ضامن نے نرمی سے اسے خود سے الگ کیا کتنی تکلیف سی گزری ہو گی وہ سرجری کے دروان اور ضامن کیا کیا فضول باتیں سوچتا رہا خیر اس میں قصور بھی تو یرمان ملک کا تھا کیا ضرورت تھی اسے ضامن سے جھوٹ بولنے کی۔

"گڑیا بس رونا نہیں ہے مزید۔۔۔"ضامن اس کے آنسوؤں کو انگوٹھے سے پونچھ رہا تھا لیکن عائلہ اپنے آنسوؤں پہ پل باندھ ہی نہیں پا رہی تھی اتنے

عرصے بعد ضامن کا نرم رؤیہ دیکھتے وہ فل میں موجود سارا غبار ان آنسوؤں کی صورت میں باہر نکال دینا چاہتی تھی اپنے بھائی کے سینے سے لگتے وہ سب بھول جانا چاہتی تھی۔۔۔

"بھیا مُجھے معاف۔۔۔۔!؛"

"عائلہ اس بارے میں کچھ نہیں کہنا جو ہو گیا ہے بھول جاؤ میر ا بچہ آپ ٹھیک ہو ناں۔۔۔!؛" عائلہ سمپل سی سادگی میں بھی یرمان کے دل میں اتر رہی تھی عفت ملک اؤر مایا کو تیار کرنے کے لیے یرمان نے عائلہ کو بہت کہا کہ تم بھی تیار ہو جاؤ لیکن عائلہ نے منع کر دیا اسے عادت بھی نہیں تھی تیار ہونے کی۔

اس نے بس ڈریس بدلا تھا وہ بھی یرمان نے ہی آرڈر کیا تھا اور ساتھ باقی سامان عائلہ نے پنک کلر کا سکارف کیا ہوا تھا جس میں وہ یرمان کو بہت پیاری لگی تھی۔

"بھیا آپ مجھے۔۔۔"

"عائلہ سٹاپ کرائینگ۔۔۔!؛"یہی تک تھی یرمان ملک کی برداشت وہ کب سے روتے اس کا ضبط آزما رہی تھی یرمان نے عائلہ کو کھینچ کر سینے سے لگایا تو یرمان کی اس حرکت پہ ضامن دانت کچھکا کر رہ گیا ہاں ضامن کے دل میں موجود گلٹ بھی بڑھ گیا تھا عائلہ سے رکھا آپنا سلوک یاد آیا یرمان پہ جی بھر کر غصہ بھی آیا جس نے اپنی رخصتی کروانے کے لیے اس کی معصوم بہن کا استعمال کیا ورنہ ضامن کو معلوم تھا کہ جس قدر نکاح سے عائلہ خوفزدہ تھی

سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا کہ وہ یرمان کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کرے اس فیصلے کے پیچھے چھپی وجہ تو اب ضامن کے سامنے آئی تھی۔۔

آج کے دن اس کو دو شاکنگ نیوز ملی تھیں پہلی ابرش نے ہال میں سب کے سامنے اس کو بے قصور کہہ دیا اور اب یرمان نے اس کی غلط فہمی دور کر دی عائلہ کی حوالے سے۔

"عائلہ تمھارا بھائی سب بھول چکا ہے اب تم بھی بھول جاؤ ویسے بھی ماضی کو یاد رکھنے سے کچھ حاصلِ نہیں ہوتا ہے یار۔۔۔"ضامن کی طرف دیکھتے یرمان نے عائلہ کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے تھے یہ حرکت یرمان ملک نے جان بوجھ کر کی تھی اور اس کی یہ حرکت ضامن عباس کو سلگا گئی تھی۔۔

"بھیا آپ کو۔۔۔کیسے۔۔۔"عائلہ بے یقینی سے ضامن کو دیکھ رہی تھی یعنی اس کے بھائی کے سامنے ساری سچائی آچکی تھی اب آگے کیا ہونے والا تھا۔

"گڑیا آپ کو ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ اپنی مرضی سے جو بھی فیصلہ کرو گی وہ سب کو قبول کرنا پڑے گا ورنہ ہم دوسرا راستہ اپنائیں گے۔۔۔!؛"وہ عائلہ کو بازو سے تھامے اپنی طرف کھینچ چکا تھا یرمان ملک سالے کی یہ حرکت بمشکل برداشت کر سکا تھا کیونکہ جو انسان اس کے اوئر عائلہ کے درمیان آئے وہ انسان یرمان ملک کو کہاں پسند تھا۔

"کیا مطلب ہے تمھارا اضامن؟ عائلہ میری بیوی ہے اوئر یہی رائٹلی ہے اب کیا فیصلہ کرے گی عائلہ۔۔۔!"یرمان نے کسکتے پوچھا تھا اپنے منہ سے ساری سچائی کا اعتراف تو کر چکا تھا لیکِن عائلہ کی دوری کے خیال سے جان ہوا ہوئی تھی۔

"تم نے خود بتایا عائلہ کو تم نے بلیک میل کیا تھا تو پھر اب عائلہ ہی فیصلہ کرے گی کہ اسے تُمھارے ساتھ رہنا ہے یا نہیں۔۔۔تم زبردستی میری

بہن کے سر پہ مسلط نہیں ہو سکتے ہو یرمان۔۔۔"ضامن کی باتوں کو سن کر یرمان کے تو سر پہ لگے تلوے پہ بجھی تھی۔۔۔۔عائلہ کی دوری کے خیال نے دل میں شدت پکڑی تھی۔

وہ عائلہ کو کسی قیمت پہ خوُد سے دور نہیں کر سکتا تھا یہ بہت مشکل تھا ضامن کو سمجھنی پڑے گی یہ بات کہ میں کبھی عائلہ کو خود سے الگ نہیں کرونگا۔۔۔۔!؛"

عائلہ کو وقت چاہیے تھا اگر تو وہ وقت دینے کے لیے تیار تھا لیکن دوری برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

ضامن عائلہ کی مرضی کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا تھا ہاں اِسے ساری سچائی معلوم ہو چکی تھی لیکن وہ عائلہ کی مرضی جاننا چاہتا تھا کہ وہ کیا چاہتی ہے۔۔۔

"وہ تو اب ماضی کا حصّہ بن گیا ہے یہاں غلطیاں ہوئی ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ عائلہ مجھے چھوڑ دے۔۔۔میں یہ نہیں ہونے دوں گا عائلہ۔۔"یرمان کا غصہ بڑھ رہا تھا عائلہ کی دوری ہمیشہ ہی اس کے اعصابوں کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتی تھی۔

"بھیا نہیں مجھے۔۔۔نہیں رہنا۔۔۔ان کے ساتھ۔۔۔"عائلہ پل بھر میں ہی ضامن کے سامنے یرمان کے ساتھ رہنے سے انکار کر چکی تھی یرمان کی اتنی محبتوں کا صلہ اِسے اِس صورت میں مل رہا تھا عائلہ سے اتنی بے حسی کی توقع نہیں تھی اُسے۔

"نہیں عائلہ خبر دار جو ایسا کچھ بھی دوبارہ اپنے ہونٹوں سے نکالا تو میں برداشت نہیں کر سکوں گا۔۔۔!؛"وہ بھڑکا تھا آس پاس موجود مہمان بھی ان کی طرف متوجہ ہوئے تھے۔

یرمان نے اپنی بیرڈ پہ ہاتھ پھیرتے مٹھیاں بھینچ لی تھیں لیکن شعلہ برساتی نظریں عائلہ پہ تھیں جو اپنے بھائی کے ملتے ہی شیرنی بن رہی تھی۔

"بھیا۔۔۔"عائلہ کو اِس وقت کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا اِسے بس یرمان سے دور رہنا تھا جتنا کچھ ہو چکا تھا ہاں بھلے اس کے دل میں یرمان کے لئے نرم گوشہ پیدا ہو چکا تھا لیکن پھر بھی اِسے تھوڑا وقت چاہیے تھا۔

"یرمان سر آپ کو قیوم سر بلا رہے ہیں۔۔!؛"یرمان کو میڈ نے قیوم ملک کا پیغام دیا تو وہ عائلہ کی کلائی تھامنے کی کوشش کرتے اِسے اپنے ساتھ لے جانے لگا مانو یہ خدشہ ہو کہ وہ اندر جائے گا تو عائلہ اس کی نظروں سے اوجھل ہو جائے گی۔

"بھیا۔۔۔"عائلہ نے پھرتی دکھاتے خود کو ضامن کے پیچھے چھپایا تھا وہ جانتی تھی کہ مہمانوں کے سامنے یرمان زیادہ ایشو نہیں بنائے گا۔

یہی ہوا بھی تھا وہ عائلہ پہ ایک کٹیلی نگاہ ڈالتے آندر چلا گیا۔

"گڑیا یہاں آؤ۔۔۔!؛"ضامن نے عائلہ کو چیئر پہ بیٹھایا اور خوُد بھی اس کے ساتھ بیٹھ گیا اسے عائلہ سے بات کرنی تھی۔

"میرا بچہ بس رونا بند کرو کچھ نہیں ہو گا آپنے بھائی پہ بھروسہ ہے ناں میری گڑیا کو۔۔۔!؛"ضامن سے عائلہ کا رونا برادشت نہیں ہو رہا تھا۔

"بھیا مجھے آپ کے ساتھ جانا ہے۔۔۔ آپ واپسی پہ مجھے ساتھ لے کر جائیں گے ناں۔۔؟"وہ سہمی سی اس پل ضامن کو وہ عائلہ نہیں لگ رہی تھی جو

ضامن کے سامنے اپنی ہر پریشانی چھپاتی تھی لیکن اج عائلہ کا یوں رونا ضامن کی برداشت آزما رہا تھا۔

"کیا یرمان کا رؤیہ آپ کے ساتھ نہیں ہے؟ وہ شاوٹ کرتا ہے آپ پہ؟ یا پھر کوئی پرابلم ہے بتاؤ مجھے گڑیا۔۔۔؟"

"بھیا وہ بہت اچھے ہیں بہت خیال رکھتے ہیں میرا پر مجھے آپ کے ساتھ جانا ہے۔۔۔!؛" وہ ضامن کو یہ نہیں بتا سکتی تھی کہ اتنے عرصے بعد اِسے بھائی ملا تھا پہلے والا ضامن ملا تھا وہ ضامن کو کھونا نہیں چاہتی تھی کسی قیمت پہ بھی

۔

وہ یہ تک بھول چکی تھی اِس مینشن میں مایا بھی رہ رہی تھی جس کی نظریں اس کے شوہر پہ تھیں۔

"گڑیا پاسٹ میں جو ہؤا وہ بالکل بھی اچھا نہیں ہؤا لیکن جو انسان کی تقدیر میں لکھا ہوتا ہے وہ ہو کر ہی رہتا ہے آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو ساتھ لے کر جاؤں گا آنسو نہیں دیکھ سکتا ہوں آپ کی آنکھوں میں جانتی ہو ناں۔۔۔"ضامن نے اپنے انگوٹھے سے اس کے رخساروں پہ بہتے آنسوؤں کو صاف کیا تو وہ نم آنکھوں سے مسکرائی تھی۔۔

"گڈ گرل پریشان نہیں ہونا ہے۔۔۔"ضامن نے اسکے رخساروں کو سہلایا دونوں اندر نہیں گئے تھے حالانکہ ابرش نے میڈ کو بھیجا بھی تھا کہ ضامن کو آندر بلا کر لاؤ لیکن ضامن نے انکار کر دیا۔

•••••

"ڈیڈ ریلکس کچھ نہیں ہو گا۔۔۔!؛"پارٹی اپنے عروج پہ تھی کیک کٹ کیا جا چکا تھا اریبہ پہنچ چکی تھی مینشن کے قریب قیوم ملک کو ڈرائیور نے بتایا تھا

یرمان اِن کے ساتھ تھا ہاں پر نظریں اِس کی عائلہ پہ تھیں جو ضامن کے ساتھ بیٹھی تھی کیک کٹ کرتے ٹائم بھی وہ سٹیج پہ نہیں آئی تھی حالانکہ اسے بلایا بھی تھا یرمان اور ابرش نے۔

ضامن اوُر عائلہ دونوں نے انکار کر دیا تھا یرمان ڈیڈ کی وجہ سے اپ سٹ تھا اُس کی طعیبت نہ خراب ہو جائے اِس لئے وہ اُنہیں اکیلا نہیں چھوڑ رہا تھا۔

جانتا تھا مام اتنی آسانی سے یہ سب قبول نہیں کریں گی اور پھر بات اگر دوسری بیوی تک ہوتی تو پھر بھی ٹھیک تھا لیکِن ڈیڈ کی دوسری بیوی پریگنٹ تھی وہ ماں بننے والی تھی جانتا تھا یہ سب ہینڈل کرنا مشکل ہو گا لیکن اب یہی حقیقت تھی۔

عفت ملک شوہر کو پورا پورا وقت دے رہی تھی سکن کلر کی ساڑھی میں ملبوس بالوں کا جوڑہ بنائے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھیں۔

پہلی بار تھا وہ پوری پارٹی میں قیوم ملک کے ساتھ رہی تھیں ورنہ پہلے تو ہر بس چند لمحوں کے لیے پارٹی میں آتی تھیں اور پھر واپس چلی جاتی تھیں لیکن اب تو وہ بدل چکی تھیں۔

پر وہ یہ نہیں جانتی تھیں کہ اب اُنہیں اس بدلنے کا کوئی فایدہ نہیں تھا کیونکہ قسمت ان کے حصے میں خسارہ لکھ چکی تھی۔

"قیوم آپ پریشان لگ رہے ہیں۔۔۔!؛" وہ کب سے شوہر کو پریشان دیکھ رہی تھیں لیکن اب ان کی بس ہوئی تھیں وہ قیوم ملک کے قریب ہوتے پوچھ رہی تھیں مایا ان کے اوُر قیوم ملک کے ساتھ تھی۔

عائلہ کو تو اِنہوں نے کسی مہمان سے نہیں ملوایا تھا وہ اسے اپنی بہو ہی نہیں مانتی تھیں تو پھر ملوانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

"آپ کا مسئلہ نہیں ہے۔۔۔!؛" قیوم ملک آگے ہی پریشان تھے مذید عفت ملک کے سوال پوچھنے پہ انہیں مزید غصہ آیا جب کہ ان کے اتنے خشک لہجے پہ عفت ملک نے آس پاس دیکھا کوئی بھی مہمان ان کی طرف متوجہ نہیں تھا انہوں نے شکر ادا کیا۔

"قیوم کیا ہو گیا ہے آپ کو؟ ہم پارٹی میں کھڑے ہیں اِس بات کا لحاظ ہی کر لیں۔۔ کم سے کم مہمان کیا سوچیں گے ہمارے بارے میں۔۔۔!" وہ افسوس سے بولی تھی۔۔ تو قیوم ملک طنزیہ ہنسے۔

"خود پہ آئی تو کتنی فکر ہو رہی ہے آپ کو۔۔ کبھی یہ سوچا ایسی کتنی ہی پارٹیز میں نے اکیلے اٹینڈ کی وہاں بھی اتنی ہی باتیں بنی میری بیوی کی غیر موجودگی پہ۔۔۔ آپ کو کبھی احساس ہوا۔۔؟" وہ ملامت زدہ سے ہوئے آگر عفت ملک اپنی زمہ داریاں پوری کرتی تو آج ان کی زندگی میں شاید اریبہ ہوتی ہی

نہیں لیکن اب وہ یوں ایسے مقام پہ آکر اریبہ کو چھوڑ نہیں سکتے تھے وہ ان کے بچے کو جنم دینے والی تھی ان کے بچے کی ماں بننے والی تھی۔

"قیوم میں شرمندہ ہوں میں ایک اچھی بیوی نہیں بن سکی ہوں لیکن آپ بار بار یہ احساس دلا کر مجھے شرمندہ کیوں کرتے ہیں۔۔۔!؛"ان کی آنکھیں بھیگنے لگی تھیں وہ قیوم ملک کی بے رخی نہیں سہ سکتی تھیں۔۔

-

"آپ کاش پہلے سمجھ جاتی تو آج یہ سب نہیں ہوتا میں شرمندہ ہوں آپ سے معاف کر دیجیے گا۔۔۔!؛"اریبہ اب مینشن کے آندر داخل ہو چکی تھی گارڈز انہیں منٹ منٹ کی خبر دے رہا تھا وہ عفت ملک کا مجرم سمجھ رہے تھے خود کو کاش کہ ماضی میں جو ہؤا وہ نہ ہوتا آج جیسے عفت ملک ان کی

بچوں کی فکر کر رہی ہیں ماضی میں بھی کرتی ایک بیوی ہونے کا فرض نبھاتی تو ان کی لائف صرف عفت ملک ہوتی کوئی دوسری عورت نہیں۔

"کیا مطلب ہے آپ کا قیوم۔۔۔!؛" ان کے معافی مانگنے پہ وہ الجھ چکی تھیں قیوم ملک کا رؤیہ ان کی سمجھ سے باہر تھا عفت ملک کی نظر جیسے ہی سامنے کی اٹھی اریبہ کو دیکھ کر ان کی نظروں میں حیرت ابھری تھی وہ کون تھی شائد کوئی مہمان۔۔۔!؛

لیکن وہ سٹیج کی طرف کیوں آ رہی تھی اُس لڑکی کی نظریں اِن کے شوہر پہ کیوں تھیں۔

اریبہ نے ایک بہت ہی خوبصورت شال سے اپنا بھرا بھرا وجود چھپایا ہوا تھا وہ ڈھیلی ڈھالی سی وائٹ کلر کی فراک میں ملبوس تھی۔۔۔

"لڑکی کون ہو تم۔۔۔؟" اریبہ قیوم ملک کے سامنے آکر رکی تھی وہ تو حیران تھی اِسے جب ملازمہ نے بتایا کہ قیوم سر نے آپ کو مینشن میں بلایا ہے کئی لمحے تو وہ یقین نہیں کر پائی تھی۔

اِس نے خوابوں میں بھی کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ کبھی ملک مینشن جائے گی وہ بھی قیوم ملک کی بیوی کی حیثیت سے۔

ہاں قیوم ملک کی اسسٹنٹ کے طور پہ اِس نے بہت سی پارٹیز اٹینڈ کی تھیں لیکن آج یہاں وہ پہلی بار آئی تھی یرمان نے بھی اریبہ کو دیکھ لیا تھا۔

ابرش ضامن اور عائلہ کے ساتھ بیٹھی تھی کیک کٹ کرتے وہ نیچے چلی آئی تھی یرمان البتہ وہیں موجود تھا۔۔ وہ مائیک اٹھائے قیوم ملک کی طرف بڑھا تھا ہاں یہ انوسمنٹ وہ بھی کر سکتا تھا لیکِن وہ چاہتا تھا کہ ڈیڈ خوُد سب کو بتائیں اپنی بیوی کے بارے میں۔۔

یرمان نے کوشش کی تھی کہ وہ ابرش سے اِس بارے میں بات کر لے پارٹی سے پہلے لیکن نہیں کر سکا۔

"یرمان تم جانتے ہو اِس لڑکی کو؟ کون ہے یہ؟ قیوم انکل کے قریب۔۔۔؟" مایا اریبہ کو قیوم ملک کے سامنے دیکھتے پوچھنے لگی تھی یرمان نے دانت کچکچائے تھے وہ مایا کے کسی فضول سوال کا جواب نہیں دینا چاہتا تھا اسے ڈیڈ کی فکر ہو رہی تھی۔

"یرمان خاموش کیوں ہو؟" مایا نے پھر پوچھا قیوم ملک کے ہاتھ میں مائیک تھا اریبہ نہیں جانتی تھی کہ وہ کیا بولنے والے ہیں یرمان کو وہ جانتی تھی آفس میں جاتا تو دیکھتی تھی وہ اُسے۔

"لیڈیز اینڈ جینٹلمنٹس۔۔۔ اٹینشن پلیز۔۔۔!؛" قیوم ملک کی چنگارتی آواز نے پارٹی میں موجود تمام افراد کو ان کی طرف متوجہ کیا تھا۔

سٹیج پہ عفت ملک یرمان ملک اوُر مایا کے ساتھ کسی انجان لڑکی کو دیکھ کر تقریباً سبھی لوگوں کی آنکھوں میں حیرت ابھری تھی۔

"قیوم یہ سب کیا۔۔۔؟"

"مام خاموش رہیں آپ۔۔۔!؛"عفت بیگم کو یرمان نے خاموش کروادیا تھا ڈیڈ کی طعیبت کے پیشِ نظر وہ نہیں چاہتا تھا کہ کچھ الٹا سیدھا ہو۔

"بھائی یہ سب کیا ہے۔۔۔؟"ابرش سٹیج پہ آگئی تھی اُسے بھی لگ رہا تھا کہ کچھ ہے جو وہ مس کر رہی ہے اوُر ضامن کی موجودگی آگر کچھ آیسا ویسا ہو گیا تو کیا ہو گا۔

"میٹ مائی وایف اریبہ قیوم ملک۔۔۔!؛" قیوم ملک نے گہرا سانس بھرتے اریبہ کی کلائی تھامے اریبہ کو اپنے قریب کیا عفت ملک کے پاؤں سے زمین

کسکی تھی یہ محض ایک فقرہ نہیں تھا اُن کی پوری دنیا اجڑ چکی تھی قیوم ملک کسی اوٗر کے ساتھ۔

ابرش بھی پیچھے کو لڑکھڑائی تھی شرمندگی ہوئی اسے بھرے مجمعے میں ڈیڈ کی عمر تھی بھلا دوسری شادی کرنے کی اوٗر تو اوٗر اُس لڑکی سے تو شدید نفرت محسوس ہوئی جو اس کے ڈیڈ کے اتنے قریب کھڑی تھی۔۔

ضامن اور عائلہ کی حالتِ بھی ابرش سے مختلف نہیں تھی ضامن کو شدید حیرت ہوئی یہ پورا خاندان ہی اس قسم کا تھا عائلہ کو اب تو یہاں چھوڑنے کا رسک وہ لے ہی نہیں سکتا تھا....

اس کو یقین نہیں ہو رہا تھا کہ اس عمر میں آکر اس کا سسر دوسری شادی کر چکا ہے مہمانوں میں چغل مگوئیاں شروع ہو گئی تھیں یرمان نے بے ساختہ قیوم ملک کو سہارا دیا تھا۔

جانتا تھا یہ مشکل وقت تھا ڈیڈ سب کچھ فیس نہیں کر سکتے تھے ہاں اسے بھی برا لگا تھا لیکِن وہ ٹیپکل بیٹے کی طرح اپنے ڈیڈ کے خلاف نہیں جا سکتا تھا نہ ہی وہ یہ چاہتا تھا کہ ڈیڈ کو فیل ہو کہ وہ اکیلے ہیں۔

"ڈیڈ آپ کی طعیبت ٹھیک ہے۔۔۔!؛" اریبہ کا ہاتھ قیوم ملک کے ہاتھ میں تھا لیکن قیوم ملک کی بگڑتی طعیبت کے پیشِ نظر یرمان نے ڈیڈ کو روم میں بھیجنے کا سوچا۔

"یہ آپ کیسے کر سکتے ہیں قیوم۔۔۔؟" عفت ملک صدمے میں تھی پہلے تو کتنی ہی دیر خاموش رہی لیکن اب ہوش میں آتے وہ قیوم ملک کا گریبان جکڑ چکی تھیں کہاں سوچا تھا یوں بھرے مجمعے میں اتنی زلت کا سامنا کرنا پڑے گا انہیں یہ تو شکر تھا کہ میڈیا پارٹی میں انوائیٹڈ نہیں تھا ورنہ سچویشن مزید گھمبیر ہو جاتی۔

"مام ڈیڈ کی طعیبت کا تو لحاظ کر لیں آپ۔۔۔!؛" یرمان کی سپورٹ اس وقت قیوم ملک کو حاصل تھی۔

"تم بھی اپنے ڈیڈ کے ساتھ ملے ہوئے ہو یرمان تمھیں ایک بار بھی اپنی مام کا خیال نہیں آیا کیوں کیا آپ نے ایسا۔۔۔ میرے سر پہ سوتن جیسا عذاب مسلط کر دیا قیوم میں مانتی ہوں میں اپنی زمہ داریاں نہیں نبھا سکی لیکن آپ۔۔۔" وہ منہ پہ ہاتھ رکھتے سسکی تھیں قیوم ملک طنزیہ ہنسے اب جا کر احساس ہو رہا تھا عفت ملک کو جبکہ اب کوئی فایدہ نہیں تھا۔

مہمان آہستہ آہستہ جا چکے تھے اب فیملی کے لوگ ہی بچے تھے۔

مہمانوں میں ہی عائلہ اؤر ضامن بھی نکل گئے تھے یرمان جو ڈیڈ کے ساتھ تھا اُس نے شائد دیکھا نہیں وہ تو اب نظر پڑی تھی اؤر عائلہ ضامن غائب

تھے وہ تیزی سے سٹیج سے اترتے نیچے آیا ویٹر سے معلوم کیا تو ویٹر نے بتایا سب لوگ جا چکے ہیں۔

ابرش کو ضامن کا ہوش بھی نہیں رہا تھا وہ ایک طرف کھڑی خالی خالی نظروں سے اپنے ڈیڈ کو دیکھ رہی تھی اتنی سبکی فیل ہو رہی تھی سب کے سامنے۔۔۔۔۔۔وہ ڈیڈ سے خفا ہو چکی تھی پوری طرح سے اوٗر اب اس نے سوچ لیا تھا کہ وہ ملک مینشن واپس نہیں آئے گی۔۔۔

"ابرش۔۔۔!؛" قیوم ملک کو عفت ملک کی فکر نہیں تھی اُنہیں بس اپنے بچوں کی فکر تھی اریبہ بیوی تھی تو ابرش بیٹی۔۔ان کے بچوں کے ساتھ پہلے ہی بہت برا ہو چکا تھا۔

"پاڈمت آئیں آپ میرے۔۔۔!؛" وہ پیچھے ہوئی تھی اریبہ نے پہلی بار ابرش کو دیکھا تھا لیکن اس کی آنکھوں میں خوٗد کے لئے نفرت دیکھ کر اس

کے دل کو کچھ ہوا ابھی تو فکر عفت ملک کی طرف سے ہو رہی تھی یہ عورت اتنی آسانی سے خاموش بیٹھنے والوں میں سے نہیں تھی کچھ نہ کچھ تو کرنے والی تھیں۔

"آبی میری جان۔۔۔میری پوزیشن۔۔۔ سمجھے کی کوشش۔۔۔"

"کیا پوزیشن سمجھنے کی کوشش کروں ڈیڈ۔۔۔نانا دادا بننے کی عمر میں آپ باپ بن رہے ہیں۔۔۔مام کا خیال بھی نہیں آیا آپ کو۔۔۔ہاں مام نے بہت سی غلطیاں کی ہیں لیکن اس کا یہ مطلب تو ہر گز نہیں تھا کہ آپ ان کے سر پہ سوتن ہی مسلط کر دیں۔۔۔" ابرش چلائی تھی اس کا گلہ خشک ہو گیا تھا۔

ایک عورت تھی اپنی مام کا درد سمجھ سکتی تھی جب وہ ضامن کے قریب کسی دوسری لڑکی کو برداشت نہیں کر سکتی تھی تو پھر مام کیسے ڈیڈ کے آس پاس کسی دوسری عورت کو برداشت کر سکتی تھیں۔

"ابرش آپ لوگوں کے سامنے ہے سب کچھ۔۔۔" قیوم ملک کو افسوس ہوا تھا ابرش ان کو سمجھ ہی نہیں رہی تھی حالانکہ انہیں لگا تھا یرمان کو سمجھانا مشکل ہو گا پر یہاں تو ابرش ان کے خلاف ہو گئی تھی.

"میں جا رہی ہوں کبھی نہیں آؤں گی یہاں۔۔۔!؛" وہ ڈیڈ سے ناراض ہی وہاں سے نکل آئی تھی۔

ضامن اور عائلہ نہیں تھے یعنی وہ جا چکے تھے اسے ضامن سے اتنی بے حسی کی توقع نہیں تھی وہ نہیں جانتی تھی کہ ایسی صورتحال میں ضامن اسے اکیلا چھوڑ دے گا۔

وہ اپنے آنسو ضبط کرتے ایک شکوے بھری نظر ڈیڈ پہ ڈالتے آگے بڑھ گئی تھی۔۔۔

"آپ کا یہ دھوکا میں بھولوں گی نہیں۔۔۔"عفت ملک سسکتے ان کی شرٹ کا کالر مٹھیوں میں جکڑ چکی تھیں مایا کا منہ ابھی تک کھلا ہوا تھا وہ عفت ملک کی وجہ سے یہاں موجود تھی اسے لگا تھا کہ عفت آنٹی اس کی ہیلپ کریں گی لیکن عفت ملک خود اتنی مشکلات میں پھنس چکی تھی۔

یہ لڑکی اریبہ مایا کو دیکھی دیکھی لگ رہی تھی لیکِن ذہن پہ بہت زیادہ زور دیتے بھی اسے یاد نہیں آرہا تھا کہ اس نے کہاں دیکھا ہے اسے۔

"بیگم آپ نے بہت سی غلطیاں کی۔۔۔شاید یہ سب آپ کی غلطیوں کا نتیجہ ہے۔۔۔"قیوم ملک کیسے بتاتے کس سچویشن میں اُنہوں نے فیصلہ کیا تھا اریبہ سے نکاحِ کرنے کا.

"میری غلطیوں کا یا آپ کی عیاشیوں کا۔۔۔ایک بیوی کے ہوتے دل نہیں بھرا آپ کا۔۔۔جو ایک جوان لڑکی کے پہلو میں ڈھے گئے آپ۔۔۔!؛"وہ

سسکی تھیں ہاں وہ اپنے فرائض ادا نہیں کر پائی تھیں لیکن انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ قیوم یہ سب کریں گے۔۔

"بیوی۔۔۔!؛بیوی مجھے میسر ہی کب تھی۔۔۔کب دیا آپ نے مجھے میرا حق۔۔۔کب آنے دیا مُجھے آپنے قریب۔۔۔ آپ کی قربت کے لیے راتوں کو ترستا تھا کیا کرتا ایک مرد تھا جس کے کچھ جزبات ہوتے ہیں آپ تو نکل جاتی تھیں پارٹیز میں کبھی یہ سوچنے کی کوشش کی کہ شوہر کی بھی کچھ ضروریات ہیں جن کو پورا کرنا آپ کا فرض ہے۔۔۔" قیوم ملک نے ہمیشہ عفت ملک رویئے کو نظر انداز کیا۔

لیکن اج وہ عفت ملک کو یہ بتانا چاہتے تھے کہ آگر آج ان کے درمیان کوئی تیسرا وجود آیا تھا تو اُس سب میں اکیلے قصوروار وہ نہیں تھے عفت ملک بھی برابر کی شریک تھیں۔

اگر عفت ملک ان کے حق پورے کرتی تو شاید یہ نوبت ہی نہیں آتی۔

"یوں کہے ناں اپنے بھڑکتے جذبات نہیں قابو میں آرہے تھے آپ سے۔۔" وہ اپنے بال جھنجوڑ چکے تھے پارٹی شروع ہونے پہ وہ جتنی خوش اور مطمئن لگ رہی تھیں اب ان کا حلیہ اتنا ہی بکھر چکا تھا۔

"ہاں کیا غلط ہے اس میں نکاح کیا اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے۔۔۔" قیوم ملک کو کوئی ملال یا افسوس نہیں تھا کہ انہوں نے کچھ غلط کیا ہے۔

"میرے ساتھ کیوں کیا آپ نے یہ سب۔۔۔!؛" وہ اپنے آنسوؤں کو رخساروں پہ رگڑتے غمگین ہوئی تھیں۔

"آپ نے کبھی سوچا جو آپ کرتی آئی آج تک۔۔۔ابرش اور یرمان پہ کب آپ نے دھیان دیا۔۔۔بلکے بچے تو آپ شروع سے چاہتی ہی نہیں تھیں۔۔۔عفت میں مانتا ہوں میں نے آپ پہ شادی کے بعد پریشر ڈالا لیکن آج ہم جس سٹیج پہ کھڑے ہیں وجہ کہیں نہ کہیں آپ ہی ہیں۔۔۔!؛"وہ تھکے سے بوجھل لہجے میں گویا ہوئے۔

"میں وجہ ہوں ناں اس سب کی۔۔۔تو ٹھیک ہے یہ وجہ ہی میں ختم کر دیتی ہوں قیوم ملک۔۔۔۔کیونکہ کسی اور کے ساتھ آپ کو بانٹنا بہت مشکل ہے میرے لیے لیکن آپ تو کسی اور کے ساتھ تعلق بنا چکے ہیں۔۔۔"وہ اریبہ کے بھرے بھرے وجود کو دیکھتے سلگ گئی تھیں۔

ٹیبل پہ پڑی نائف جس سے تھوڑی دیر پہلے کیک کٹ کیا گیا تھا وہ اٹھاتے اپنی کلائی پہ رکھ چکی تھیں۔

یرمان جو کب سے کھڑا عائلہ کے متعلق سوچ رہا تھا اُس کی نظر عفت ملک پہ پڑی تو تیزی سے عفت ملک کی طرف بڑھا تھا جو بھی تھا ماں تھیں کیسے دیکھ سکتا تھا وہ انہیں تکلیف۔

"مام چھوٹیں یہ کیا کر رہی ہیں آپ۔۔۔؟" قیوم ملک یرمان کی آواز سنتے ہوش میں لوٹے تھے ان کے قدم جیسے زمین میں جکڑے تھے عفت ملک سے کبھی انہیں دھوما دھار محبت تھی ہاں من پسند عورت تھی ان کی لیکں آج زندگی میں اتنی الجھنیں آچکی تھیں اتنے فاصلے پیدا ہو چکے تھے جو شاید کبھی ختم نہیں ہو سکتے تھے۔

اب تو قیوم ملک کو عفت ملک کی حالت دیکھ کر پل بھر کے لیے برا لگا تھا لیکِن پھر جب اپنا راتوں کو بے چینی سے کروٹیں بدلنا رات رات بھر اپنے جذبات سے لڑنا یاد آیا تو وہ خوُد پہ بے حسی کا خول چڑھا گئے تھے جانتے تھے کہ اگر وہ

عفت ملک کے قریب گئے تو انہوں نے مذید بھڑک جانا تھا تو بہتر تھا کہ انہیں یرمان ہی ہینڈل کرتا۔

"میں جان لے لوں گی اپنی۔۔۔بہت بری ہوں میں۔۔۔!؛" وہ سسکتے اپنی کلائی پہ گرفت مضبوط کر چکی کر تھیں مایا نے آگے بڑھتے انہیں روکنا چاہا لیکن وہ کسی کی سن ہی کہاں رہی تھیں۔

ان کی نظریں تو قیوم ملک پہ تھیں درد کی لہریں پورے وجود میں سرایت کر رہی تھیں یہ سوچتے کہ قیوم ملک نے اس لڑکی کے ساٹھ تعلق بنایا اس کے قریب گئے۔

وہ ایک ان دیکھی آگ میں جلتا محسوس کر رہی تھیں خوُد کو ایسی آگ جو سب کچھ جلا کر راکھ کر دیتی ہے وہ نہیں دیکھ سکتی تھیں مزید یہ سب کچھ بہت مشکل تھا قیوم ملک نے سب کے سامنے اعلان کیا تھا اس کا مطلب یہ

ہی تھا کہ یہ لڑکی اب یہیں رہنے والی تھی اس مینشن میں وہ بھی ان کی سوتن کے روپ میں۔

یہ ان کے لیے بہت کرنا بہت مشکل تھا ان کے شوہر نے ان کے برابر کسی اور کو لا کھڑا کیا تھا ان کا تو پورا وجودِ ہی سلگ رہا تھا۔

"نہیں مام یہ کیا پاگل پن ہے یہ مجھے دیں۔۔۔" قیوم ملک خاموش تھے یرمان اپنے طور پوری کوشش کر رہا تھا کہ وہ مام سے چھڑی لے سکے لیکن وہ اس قدر جذباتی ہو رہی تھیں کہ کوئی بعید نہیں تھی وہ کلائی ہی کاٹ دیتی۔

"ہاں ہو چکی ہوں میں پاگل۔۔۔یرمان تمھارے باپ نے مجھے پاگل کر دیا ہے میں مار ڈالوں گی خود کو۔۔" وہ یرمان سے سنبھالی نہیں جا رہی تھیں۔

قیوم ملک نے آگے بڑھتے اُنہیں اپنے حصار میں لیا تو ان کا مزاحمت کرتا ہلتا وجود ساکت ہوا تھا۔

"آپ میرے ہیں۔۔۔!!" وہ ایک پل کے لیے جیسے سب بھولتے ان کی گردن میں منہ دیتے ان کے گرد حصار بنا چکی تھیں۔

جیسے یہ ڈر ہو کہ اریبہ قیوم ملک کو چھین لے گی ان سے۔

قیوم ملک کا وجود آندھیوں کی زد میں آیا تھا کہاں دیکھا تھا اتنا جزباتی پن عفت ملک کا اؤر اریبہ وہ سلگ گئی تھی عفت ملک اور قیوم ملک کو ایک دوسرے کے قریب دیکھ کر۔

اس کا شوہر تھا وہ بھی بیوی تھی کیسے برداشت کر سکتی تھی کہ قیوم عفت ملک کو بانہوں میں بھرے اس کی نظریں یرمان پہ تھیں وہ چاہتی تھی کہ یرمان کی

سپورٹ جیسے اب تک قیوم ملک کو حاصل ہے آگے بھی قیوم ملک کو ہی حاصل رہے عفت ملک کو اگر بیٹے کی سپورٹ مل جاتی تو عفت ملک کے قدم ملک مینشن میں مزید مظبوط ہو جانے تھے۔

وہ قیوم ملک کو پا نہیں کھونا چاہتی تھی قیوم ملک کو پانے کے لیے بہت کچھ کھویا تھا قیوم ملک کو کسی قیمت پہ نہیں کھو سکتی تھی۔

فحال تو یہ ہی کافی تھا کہ وہ ملک مینشن میں آچکی تھی لیکِن اس کے پاس پلان بی ہمیشہ سے موجود تھا ضرورت پڑنے پہ وہ پلان بی ہی استعمال کرنے والی تھی۔۔۔

وہ اپنی گردن سہلاتے اپنے آندر اٹھتے لاوے کو دبانے کی کوشش کر رہی تھی قیوم ملک واقف تھے کہ اریبہ ان کے لیے پوز سیو ہے پھر وہ کیوں عفت ملک کو اپنے قریب کیے ہوئے تھے۔۔۔

اریبہ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے وہ رونا چاہتی تھی ہاں خوشی ملی تھی کہ قیوم ملک نے پوری دنیا کے سامنے اپنی بیوی تسلیم کیا تھا لیکن اب۔۔۔

••••••

"عفت آنٹی پلیز یہ چھڑی پھینک دیں۔۔!؛" مایا نے اپنی طرف سے کوشش کی لیکن عفت ملک کہاں سن رہی تھیں وہ تو اس وقت قیوم ملک کو اتنی مضبوطی سے جکڑے ہوئے تھیں کہ جیسے انھیں خطرہ تھا کہ یہ لڑکی ان کے شوہر کو چھین لے گی۔۔

"عفت اندر جائیں۔۔۔!؛" قیوم ملک نے خود کو سنبھالا وہ نہیں چاہتے تھے کہ اریبہ کو ٹینشن لے جس کا اثر ان کے بچے پہ پڑے۔

"آپ اس لڑکی کے لیے مُجھے بھیج رہے ہیں نہیں۔۔۔ نہیں میں۔۔۔ نہیں جاؤں گی۔۔!؛"وہ مزید قیوم ملک کے قریب ہو گئی تھیں۔

"مام پلیز سبھنالیں خوُد کو اب آپ اکیلی نہیں ہیں ڈیڈ کی وائف کوئی اور بھی ہے آپ کو اس بات کو تسلیم کرنا ہو گا مام ورنہ ہم سب کے لیے بہت مشکل ہو جائے گا یہاں ایک ساتھ رہنا۔۔!؛"اریبہ کی حالت دیکھتے یرمان نے بھی عفت ملک کو سمجھانے کی کوشش کی تھیٔ۔۔

"یرمان تم میرے بیٹے ہو۔۔۔ لیکِن طرف داری اس لڑکی کی کر رہے ہو تمھیں میرا ساتھ دینا چاہیے۔۔۔ میرے ساتھ ذیادتی ہوئی ہے تمھارا باپ میرے سر پہ سوتن مسلط کر چکا ہے اوُر تم۔۔۔!؛"بیٹے کے رویئے نے عفت ملک کو مزید توڑ دیا تھا۔

"آپ اپنی حرکتوں پہ بھی تو غور کریں مام۔۔۔کاش کہ جو کنسرن آپ آج شو کر رہی ہیں وہ پہلے کرتی تو آج ہماری زندگی نارمل ہوتی ڈیڈ غلط نہیں ہیں غلط آپ تھیں ہمیشہ سے۔۔۔!؛" وہ جزباتی ہو اڈیڈ کی زبانی سن چکا تھا کہ مام نے کیسے ماضی میں اپنے کام کو شوہر اوٗر اولاد سے زیادہ اہم سمجھا۔

"تم میرے بیٹے نہیں ہو یرمان۔۔" وہ چیخی تھیں اریبہ اور مایا خاموش کھڑی تھیں یہ الگ بات تھی کہ اریبہ کے دل میں وبال اٹھ رہا تھا قیوم ملک کی بانہوں میں عفت ملک کو دیکھ کر۔

"مام آپ نے کبھی اولاد کو وقت دیا۔۔۔؟" وہ عفت ملک کو آئینہ دکھا رہا تھا تلخ حقیقت بتا رہا تھا عفت ملک نے بے ساختہ قیوم ملک کے حصار سے نکلتے بیٹے اوٗر شوہر کو دیکھا یرمان کی باتوں سے وہ شرمندگی میں گڑ رہی تھیں۔

"آپ نے میرے بیٹے کو میرے خلاف کیا ہے ناں قیوم۔۔ تا کہ آپ کی یہ دوسری اس مینشن میں رہ سکے۔۔۔ لیکن آپ کی بھول ہے یہ میرا گھر ہے عفت ملک کا میرے گھر میں وہی رہے گا جسے میں دکھوں گی سمجھے آپ۔۔۔ نکال باہر کروں گی میں اس لڑکی کو۔۔!؛" وہ جارحانہ تیور لیے اریبہ کی طرف بڑھی تھیں لیکن ان کے اریبہ کے قریب جانے سے پہلے ہی قیوم ملک اریبہ کو اپنے حصار میں لے چکے تھے اریبہ ان کے سینے سے لگتے سسکی تھی۔

"آپ صرف میرے ہیں اسے دور کریں خود سے۔۔" عفت ملک کے پورے وجودِ میں شعلے سے بھڑکے تھے قیوم ملک کے معاملے وہ ہمیشہ سے جذباتی رہی تھیں اور ان کو غلط فہمی تھی کہ قیوم ملک ان کے علاوہ کبھی کسی دوسری عورت کی طرف دیکھیں گے بھی۔

"اریبہ میری بیوی ہے عفت آپ بھی میری بیوی ہیں َمیں دونوں بیویوں کے حقوق ادا کرنے کی کوشش کرونگا لیکن اس گھر میں کوئی بدمزگی نہیں ہو گی میں پہلے بتارہا ہوں آپ کو اریبہ کو قبول کرنا ہو گا۔۔" قیوم ملک نے اپنی بیرڈ سہلائی معاملہ مزید گھمبیر ہوتا جارہا تھا اُنہیں کچھ نہ کچھ کرنا تھا۔

"کتنی آسانی سے آپ نے کہہ دیا کہ آپ کی بیوی ہے یہ لیکن میں برداشت نہیں کر سکتی ہوں نہ ہی برداشت کروں گی یہ لڑکی یہاں نہیں رہے گی۔۔!؛" وہ اریبہ کو کسی صورت ملک مینشن میں رکھنے کے لئے راضی نہیں تھیں۔

"مام یہ یہیں رہی گی آپ کو یہ بات قبول کرنی ہو گی ڈیڈ آپ انہیں آندر لے جائیں ان کی طعیبت ٹھیک نہیں لگ رہی ہے اتنی دیر کھڑا رہنا ان کے لیے ٹھیک نہیں ہے مام کو میں سنبھال لونگا۔۔۔!؛" قیوم ملک کو اریبہ کو آندر

لے جانے کا کہتے یرمان عفت ملک کو اپنے حضور میں لے چکا تھا جو تیزی سے اریبہ اوَر قیوم ملک کی طرف بڑھ رہی تھی۔

کوشش جیسے انہیں آندر جانے سے روکنی کی تھی۔

"میں نہیں برداشت کر سکتی ہوں۔۔یرمان بہت مشکل ہے یہ تم سمجھاؤناں اپنے ڈیڈ کو۔۔۔۔"عفت بیگم نے اپنا ماتھا مسلا تھا۔

"مام اب یہی حقیقت ہے آپ کو قبول کرنی پڑے گی آپ چاہتی ہیں ناں آپ کا بیٹا آپ کے ساتھ رہے۔۔؟"اس نے سوالیہ انداز میں پوچھا تو عفت ملک نے سر ہلایا تھا وہ یرمان کو نہیں کھو سکی تھی شوہر تو پہلے ہی کھو چکی تھی اب بیٹا بھی ان کے خلاف ہو جاتا تو پھر ان کا یہاں رہنا مشکل ہو جانا تھا۔

"تو پھر آپ کو میری بات ماننی ہو گی مام۔۔۔ آپ بس یہ سوچیں کہ آپ کا بیٹا آپ کے ساتھ ہے وہ لڑکی ڈیڈ کی بیوی ہے اسے بھی اس کا حق ملنا چاہیے۔۔" وہ سنجیدگی سے بولا تو عفت ملک نے نفی میں سر ہلایا تھا یہی تو برداشت نہیں کر سکتی تھیں۔

"بہت مشکل ہے یرمان۔۔۔" وہ سسکی تھیں۔

"آپ کوشش کریں گے کہ ڈیڈ کو مزید پریشان نہیں کریں آپ کو ماننا پڑے گا کہ ڈیڈ آپ سے دور ہوئے کسی اور لڑکی میں انوالو ہوئے تو آپ کی وجہ سے اگر آپ ڈیڈ کی ضرورتوں کا خیال رکھتی تو آج یہ سب نہیں ہوتا آپ ڈیڈ کی محبتوں کی اکیلی وارث ہوتی لیکن آپ نے تو اپنی اولاد کو نظر انداز کیا۔۔۔" شکوہ وہ پھر بھی کر گیا تھا عفت ملک نے آپنے ہونٹوں پہ یا تھ رکھتے اپنی سسکی روکی تھی۔۔

"مانتی ہوں بہت غلط کیا میں نے ماضی میں لیکن تمھارے ڈیڈ جو کر رہے ہیں وہ ٹھیک ہے کیا۔۔۔؟" وہ رونے لگی تھیں۔

"آپ ڈیڈ کو آگر کھونا نہیں چاہتی ہیں تو جو ہو رہا ہے اسے قبول کر لیں ڈیڈ آپ کے اس ایکٹ سے شاید متاثر ہوں۔۔۔مام اب یہی رئٹلی ہے آپ جتنا مرضی واویلا مچالیں بدل نہیں جائے گی حقیقت۔۔۔" وہ عفت ملک کو مزید کچھ کرنے سے روک رہا تھا۔

وہ نہیں چاہتا تھا کہ عفت ملک کچھ غلط کریں اور پھر ڈیڈ اور مام کے درمیان کے فاصلے مزید بڑھ جائیں آیسے میں مام اور ڈیڈ کا ساتھ رہنا بہت مشکل ہو جانا تھا۔

"میں نہیں بانٹ سکتی ہوں اُنہیں کسی کے ساتھ بہت مشکل ہے کیوں نہیں سمجھ رہے ہیں وہ میری حالت دیکھتے بھی اُس لڑکی کے ساتھ چلے

گئے۔۔۔"یہ دکھ ہی تو سب زیادہ کھائے جا رہا تھا کہ وہ لڑکی ان کے شوہر کو اپنی مٹھی میں کر چکی تھی اور تو اوَر بچہ بھی پیدا کرنے والی تھی۔

"مام آپ کو کچھ سمجھانا فضول ہے۔۔"یرمان کی بس ہوئی ابرش بھی ناراض ہو کر چلی گئی تھی عائلہ بھی غائب تھی۔

"ابرش عائلہ اور ضامن کے ساتھ گئی ہو گی۔۔"وہ بات تو عفت ملک سے کر رہا تھا لیکن سوچو میں بس عائلہ تھی اسے عائلہ سے ملنا تھا عائلہ سے دوری بہت مشکل تھی وہ آج رات عائلہ کو یہ واضح کرنے والا تھا کہ دوری وہ برداشت نہیں کر سکتا ہے۔

"میرا بیٹا میرا نہ رہا میرا شوہر میرا نہ رہا میں تو خالی ہاتھ ہوں جس کے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔۔۔"وہ آندر چلی گئی تھیں اپنا شوہر تو اُنہیں واپس حاصل

کرنا ہی تھا اس لڑکی کا کوئی نہ کوئی بندوبست کر کے قیوم ملک صرف ان کے تھے کسی اور کے ساتھ بانٹ نہیں سکتی تھیں۔

•••••

قیوم ملک اریبہ کو روم میں لے آئے یہ روم بھی انھوں نے میڈ سے کہہ کر ریڈی کروایا تھا جس روم میں وہ خود رہتے تھے وہاں تو عفت ملک رہ رہی تھیں اور وہاں وہ اریبہ کو رکھ بھی نہیں سکتے تھے نجانے کیوں عفت ملک کی حالت دیکھ کر ان کو ترس سا آیا تھا عفت ملک پہ لیکن پھر کے لگے گھاؤ بھی تو گہرے تھے وہ اریبہ کو بیڈ پہ لٹائے خوُد پیچھے ہوتے کہ اریبہ نے ان کی کلائی پکڑی۔

"آپ کہاں جا رہے ہیں۔۔۔؟" وہ عفت ملک کی وجہ سے شاید خوفزدہ تھی نہیں چاہتی تھی کہ قیوم ملک اس کو چھوڑ کر جائیں۔

"میں یہاں ہوں کہیں نہیں جارہا ہوں تم پریشان مت ہو پہلے ہی طعیبت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔" وہ اس کے ساتھ ہی بیٹھ گئے تو اریبہ نے ان کے کندھے پہ سر رکھ دیا تھا وہ اس کی پیٹھ سہلانے لگے۔

"آپ کو نہیں لگتا عفت ہمارے رشتے کو کبھی قبول نہیں کریں گی۔۔۔ وہ آپ کے لیے جنونی ہو رہی تھیں خوُد کے لئے اُن کی آنکھوں میں نفرت دیکھی قیوم ہمارا بچہ۔۔۔ مُجھے بہت ڈر لگ رہا ہے آپ مجھے واپس بھیج دیں۔۔۔ میں یہاں نہیں رہنا چاہتی ہوں۔۔۔!؛" وہ اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھتے سسکتے بولی تھیں۔

"وہ کچھ نہیں کریں گی بس وقتی غصہ ہے وہ بھی اتر جائے گا اریبہ تم پریشان مت ہو یہ بتاؤ کچھ کھاؤ گی کیا منگواں تُمھارے لیے۔۔۔" وہ اس کو ٹینشن میں مبتلا نہیں دیکھ سکتے تھے اس کا اثر ان کے بچے پہ بھی پڑتا۔

"نہیں آپ نہیں جانتے ہیں میں نے دیکھی ہے نفرت۔۔وہ نہیں چھوڑیں گی مُجھے قیوم۔۔۔!؛"اریبہ کی حالت دیکھ کر قیوم ملک کا دل ٹوٹا تھا تھی تو اریبہ بھی ان کی بیوی عفت ملک کے لئے دل میں پنپتے رقابت کے جزبات مزید شدت اختیار کر گئے تھے۔

"اریبہ بس مزید مجھے اپنے درمیان عفت کا نام نہیں پسند تمھیں پتہ ہے ناں جب ہم دونوں ہوں تو مطلب صرف ہم دونوں کوئی تیسرا نہیں۔۔۔"قیوم ملک نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے یہ لفظ ادا کیے تھے۔

"عفت ہمارے درمیان موجود ہے قیوم۔۔۔آپ کی بیوی ہے آپ بھلے یہ بھول سکتے ہیں لیکن میں نہیں۔۔۔مجھے بہت ڈر رہا ہے آگر ہمارے بچے کو کچھ ہو گیا تو پھر میں کیا کروں گی۔۔۔"وہ رونے لگی تھی۔

"اریبہ تم کچھ زیادہ ہی سوچ رہی ہو آیسا کچھ نہیں ہو گا فریش ہو جاؤ میں کھانا بھیجواتا ہوں۔۔۔"وہ اریبہ کو خود سے الگ کرتے کمرے سے نکل گئے تھے۔

اریبہ ان کی پشت دیکھ رہی تھی وہ جلدی میں باہر کیوں نکلے وہ جانتی تھی عفت ملک کے پیچھے گئے ہوں گے تھی تو وہ قیوم ملک کی محبت بھلے وہ قیوم ملک کو اپنی مٹھی میں کر چکی تھی لیکِن پھر بھی دل کو یہ ہی خطرہ لگا رہتا کہ کئیں عفت ملک اسے قیوم ملک کی زندگی سے نکال باہر نہ کریں وہ اتنی سٹرونگ تھیں کہ وہ ایسا کر سکتی تھیں۔

وہ بیڈ سے اٹھتے فریش ہونے چلی گئی کھانا کھانے کا دل نہیں تھا لیکن آگر قیوم خوُد ملازمہ کے ساتھ کھانا لے کر آتے تو پھر اسے کھانا پڑنا تھا۔

وہ فریش بیڈ کے کنارے ٹک گئی جب آدھے گھنٹے بعد میڈ کھانے کی ٹرے لیے کمرے میں داخل ہوئی تھی۔

"میم یہ آپ کا کھانا قیوم سر نے بھیجوایا ہے۔۔۔" میڈ نے کھانا کمرے میں رکھے ٹیبل پہ رکھ دیا اور وآپس جاتی کہ اریبہ نے اُسے روکا۔

"قیوم کہاں ہیں۔۔۔؟" دھڑکتے دل پہ ہاتھ رکھتے پوچھا ورنہ جانتی تو تھی کہ وہ عفت ملک کے ساتھ ہونگے اتنی عجلت میں کمرے سے نکلے ہی عفت ملک کی وجہ سے تھے۔

"وہ عفت میم کے روم میں ہیں۔۔۔!؛" میڈ نے مختصر سا جواب دیا اور کمرے سے نکل گئی جبکہ اریبہ نے مٹھیاں بھینچ لی تھیں وہ عفت کے کمرے میں کیوں گئے یقیناً عفت کی پرانی محبت جاگ گئی ہو گی۔

"عفت اتنی بدل چکی ہے مُجھے لگا تھا پہلے والی عفت ہو گی جسے اپنے شوہر اوُر اولاد سے زیادہ اپنی این جی او میں دلچسپی ہو گی لیکن یہاں تو معاملہ ہی الگ ہے۔۔۔" نظروں کے سامنے بات بار وہ منظر آ رہا تھا جب عفت ملک قیوم ملک کے گلے لگی تھیں۔

"میں کیا کروں۔۔۔؟ وہ بھی تو قیوم کی بیوی ہے اُن کے بچوں کی ماں۔۔۔!؛ اُن محبت۔۔۔" وہ جھجنھا سی گئی تھیں دل و دماغ میں بھڑ پھڑے سے بھرے تھے قیوم کو عفت کے ساتھ سوچتے۔

وہ آپنی آنکھیں رگڑتے کچھ دیر تو کمرے کی دیواروں کو گھورتی رہی پھر کچھ سوچ کر اٹھتے وہ کمرے سے نکلی تھی۔

••••••

قیوم ملک اریبہ کے کمرے سے نکلتے میڈ کو اریبہ کے لیے کھانے کا کہتے وہ عفت کے کمرے میں چلے آئے دل بے چین تھا حالانکہ اریبہ قریب ہوتی تھی تو وہ سب بھول جاتے تھے انہیں کچھ یاد نہیں رہتا تھا لیکن آج ان کا دل بے چین تھا بار بار عفت کا خیال آرہا تھا وہ نہیں جانتے تھے کہ کیوں آج دل عفت کی طرف کھینچا چلا جارہا تھا۔

وہ کمرے میں داخل ہوئے تو عفت ملک بیڈ پہ اوندھے منہ لیٹے سسکی رہی تھیں۔

ساڑھی ان کے وجود پہ بے ترتیب ہو چکی تھی بلاؤز بیک لیس تھا جسے محض ڈوریوں سے باندھا گیا تھا عفت ملک کو ساڑھیاں پسند تھیں میری بھی بہت اچھے سے کرتی تھیں پوری پارٹی میں وہ اور قیوم ملک لوگوں کی نظروں کا مرکز بنے رہے تھے۔

عفت ملک جو پوری طرح سے رونے میں مشغول تھیں ان کو قیوم ملک کی آمد کا پتہ ہی نہیں چل سکا جبکہ قیوم ملک کی نظریں ان کی دودھیا پشت پہ تھیں جو عیاں ہو رہی تھیں وہ آگے بڑھتے بیڈ کے کنارے گھٹنہ ٹکائے عفت ملک پہ جھکے تھے۔۔

"کیوں آئے ہیں یہاں۔۔؟ رہیں اُسی کے پاس۔۔۔!؛" قیوم ملک کے کولون کی مہک نتھوں سے ٹکرائی تو وہ ہنوز آنکھیں بند کیے بولی تھیں۔۔

"یہ کیا طریقہ ہے عفت۔۔؟ آپ ٹین ایجر جیسا بیہو کیوں کر رہی ہیں ساری صورتحال آپ کے سامنے ہے پھر بھی آپ کا رویہ۔۔۔؟" وہ غرائے تھا۔

"مُجھے یقین تھا عفت ملک کو پوری دنیا دھوکا دے سکتی ہے لیکن قیوم ملک نہیں۔۔۔ مُجھے لگتا تھا میں بہت خوش قسمت ہوں مجھے قیوم ملک جیسا چاہنے والا انسان ملا لیکن اب لگتا ہے میں سب سے بد قسمت عورت ہوں۔۔۔" وہ

اپنی آنکھیں رو رو کر سرخ کر چکی تھیں آنکھوں سے آنسو نکلتے ان کی کنپٹیوں میں جذب ہو رہے تھے۔

"آپ کے بارے میں میرا ابھی یہی گمان تھا لیکِن عفت آپ نے کبھی غور کیا آپ کے شوہر کو آپ کی ضرورت ہوتی تھی یرمان کی دفعہ تو میں حواسوں میں ہی نہیں تھا جب ہمارے درمیان کے فاصلے سمٹے تھے میری ضرورتیں تھیں جزبات تھے جو مجھے بے چین کیے رکھتے تھے۔۔۔ میں نے بہت کوشش کی لیکن کیا کرتا مرد تھا نہیں رکھ سکا یار خوُد پہ کنٹرول کر لیا اریبہ سے نکاح۔۔۔ آپ اپنی جگہ پہ ٹھیک ہیں لیکن جو غلطیاں آپ نے کی یہ اُن کی ہی سزا ہے۔۔۔!؛" وہ اپنی آستین سے اپنی آنکھیں رگڑتے عفت ملک کو بازوؤں سے تھامے سیدھا کر چکے تھے۔

"ہاں مانتی ہوں میں نے بہت کچھ ایسا کیا جو مُجھے نہیں کرنا چاہیے تھا آپ نے بھی تو اچھا نہیں کیا آپ جانتے ہیں آپ کو کسی کے ساتھ شئیر نہیں کر سکتی ہوں آور آپ اریبہ کے قریب گئے اتنے قریب کہ درمیان میں کوئی پردہ نہیں رہا ہو گا سچ بتائیں مجھے سے زیادہ خوبصورت ہے وہ۔۔۔"عفت ملک نے ساڑھی کا پلو کندھے سے سرکا دیا وہ شائد حواسوں میں نہیں لگ رہی تھیں۔۔۔ قیوم ملک کی نظریں ڈیپ بلاؤز نیگ پہ تھیں یہاں ابھاروں کی لکیر واضح ہو رہی تھیں۔

ان کے وجود سے اٹھتی مہک وہ پل بھر کے لیے خود پہ ضبط کھوتے ان کی جبین چومتے کہ عفت ملک نے چہرہ بے رُخی سے پھیر لیا تھا۔

"میری کیا ضرورت آپ کو۔۔۔ مل تو چکی ہے وہ لڑکی جو بچہ بھی پیدا کرنے جا رہی ہے۔۔۔!؛" وہ ان کے پاس آئے تھے اریبہ کو چھوڑ کر عفت ملک کے دل میں مٹھا سا درد آ ٹھا تھا۔

دل کو کچھ ہؤا یہ سوچتے کہ آج بھی وہ قیوم ملک کے لیے اہم تھیں اتنی اہم کہ وہ اریبہ کو چھوڑ کر ان کے پاس آئے تھے لیکن لڑکی تھی ہی کیوں ان کے درمیان یہ وہ برداشت نہیں کر سکتی تھیں۔

"بیوی ہیں َمیری آپ۔۔۔ ویسے بھی آپ نے میری ضرورتوں کا خیال رکھ ہی کب۔۔۔ جو آپ کے آپ آؤں گا اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے۔۔۔" وہ تلخی سے بولے تو عفت ملک نے لب کاٹے۔۔

"آگر میں آپ کو آپ کا حق دوں تو پھر۔۔۔!؛"وہ نہیں جانتی تھیں کہ وہ کیا بول رہی ہیں ان کو تو بس آج کی رات اپنے شوہر کو اپنے آپس روکنا تھا تا کہ وہ اریبہ کے پاس نہ جا سکیں۔

"اب کیا فایدہ۔۔۔!؛"

"مجھ سے زیادہ خوبصورت جوان لڑکی مل چکی ہے جو یقینا مجھ سے زیادہ آپ کو ادائیں اوٗر جلوے دکھا چکی ہے تو پھر میرا وجود اب آپ کے کسی کام کا نہیں ہے ناں۔۔۔"وہ سوالیہ لہجے میں پوچھتے اب کی بار کمرے میں کچھ تلاش کر رہی تھیں۔

"عفت دوبارہ ایسی کوئی حرکت مت کیجیے گا آپ میری بچوں کی ماں ہیں میرے لیے اہم ہیں اس حوالے سے۔۔۔!؛"

"صرف اس حوالے سے۔۔۔میں صرف بچوں کی ماں کے حوالے سے اہم ہوں اور بیوی۔۔۔؟"وہ انگلی قیوم ملک کی دھڑکنوں پہ رگڑتے چیخی تھی۔

"بیوی کے حقوق پورے کرنے کی کوشش کرونگا۔۔۔میں کوشش کرونگا کہ آپ میں اوراریبہ کے درمیان بیلنس رکھ سکوں۔۔۔"وہ عفت ملک کے رخساروں کو انگلیوں سے سہلاتے بس انہیں اتنی ہی تسلی دے سکے تھے۔

"قیوم اگر میں آپ کی لائف سے دور۔۔۔!؟"

"ایسا سوچیئے گا بھی مت۔۔"وہ ان کی بات درمیان میں ہی کاٹ گئے تھے۔

"میں یہاں رہ کر پل پل نہیں مر سکتی ہوں نہ ہی آپ کو کسی دوسری عورت کے ساتھ دیکھنے کا ظرف ہے مجھ میں قیوم میں بھی ایک عورت ہوں مشکل

ہے میرے لیے آپ کو اریبہ کے قریب نہیں دیکھ سکتی ہوں۔۔۔ہمارے درمیان کوئی تیسرا کیسے آگیا۔۔۔"وہ خوُد کو کوس رہی تھیں غلطی تو ان کی اپنی تھی کہ شوہر کو خود سے دور رکھا تو اس نے باہر ہی دوسری عورت ڈھونڈ لی۔

"عفت آپ کو ماننا پڑے گا حالات سے سمجھوتا کرنا پڑے گا کیونکہ آپ کے بار بار انکار کرنے پہ سچائی نہیں بدل جائے گی آپ میری بیوی ہیں اور اریبہ بھی میری بیوی۔۔۔"

"بس کریں میرا دل پھٹ جائے گا میں نہیں برداشت کرتی ہوں یہ زہریلے لفظ آپ صرف میرے شوہر ہیں کسی اور کے نہیں ہوسکتے ہیں سمجھے آپ۔۔"وہ تو جنونی ہو رہی تھیں۔

"کسی اور کے تو ہو چکے ہیں کسی کے ساتھ تعلق بھی بنا چکے ہیں قیوم آپ نے مجھے جیتے جی مار دیا میں اندر سے مر چکی ہوں۔۔۔" وہ اپنے لفظوں سے اپنی اندرونی ازیت بیان کر رہی تھیں قیوم ملک نے لب بھینچتے مدھم سانس بھری تھی۔

"عفت آپ کیوں بار بار خود کو ازیت دے رہی ہیں جو ہونا تھا وہ ہو چکا ہے مان لیں قسمت میں لکھا تھا۔۔" وہ انھیں کندھوں سے تھامے اپنے قریب کر گئے تھے نجانے کیا تھا وہ آج ان کے چہرے سے نظریں نہیں ہٹا پا رہے تھے دل عیجب سی بے چینی کا شکار ہوا تھا وہ انھیں اس ازیت میں نہیں دیکھ سکتے تھے کہاں اندازہ تھا ایسا کچھ بھی ہو گا۔

"آپ کے لیے کہنا بہت آسان ہے۔۔" وہ ان کے سینے پہ مکے مارتے چیخی تھیں ان کی چیخیں اور سسکیاں اس کمرے ہی دب رہی تھیں۔

"ہاں جانتا ہوں بہت مشکل ہے لیکن میں جانتا ہوں آپ کو یہ بات ایکسپٹ کرنے میں وقت لگے گا لیکن پھر آپ کو خوُد ہی احساس ہو جائے گا کہ آپ کو اب آیسے ہی جینا ہے۔۔" وہ بیڈ سے اٹھتے کہ عفت ملک نے ان کی گردن میں بانہیں ڈالتے اُنہیں اٹھنے نہیں دیا تھا عفت ملک دروازے سے تھوڑا سا پیچھے کھڑی اریبہ کو دیکھ چکی تھیں یقیناً وہ قیوم ملک کے ایسے ان کے پاس آنے پہ بے چینی ہوتی چلی آئی تھی دیکھنے۔

"قیوم مجھے ضرورت ہے آپ کی۔۔۔" انھوں نے اتنے مدھم لہجے میں کہا کہ قیوم ملک بمشکل سن سکے تھے وہ جو عفت کے سونے کے بعد کمرے سے جانے کا ارادہ رکھتے تھے ان کی آواز سنتے چھبن زدہ نظروں سے انہیں دیکھنے لگے۔

"کیا ہوُا۔۔؟"عفت ملک نے ان کی بیرڈ پہ انگلیاں سہلائی وہ حیران تھے اچانک سے عفت ملک کو ہوا کیا تھا وہ کیوں ایسے بیہو کر رہی تھیں۔

"مُجھے آپ کی ضرورت ہے آج کی رات مجھے چھوڑ کر نہ جائیں میرے پاس رہیں میرا حق تو کسی اوُر پہ لوٹا ہی چکے ہیں کم سے کم آج کی رات میرے پاس رہیں۔۔۔"وہ ان کی گردن پہ اپنی سانسوں کا لمس چھوڑتے آہستگی سے بولی تھیں بس وہ یہ چاہتی تھیں کہ قیوم ملک کی نظر اریبہ پہ نہ پڑے۔

اور یہی ہوا تھا قیوم ملک اور عفت کو اتنے قریب دیکھ کر اریبہ کا تن بدن جیسے شعلوں کی لپیٹ میں آیا تھا قیوم ملک کو وہ پوری سے اپنی خوبصورتی کے جال میں پھنس چکی تھی پھر کیوں وہ اپنی پہلی بیوی کے قریب بیٹھے تھے۔

وہ واپس کمرے میں چلی آئی مذید کچھ نہیں دیکھ سکتی تھی عفت ملک نے اُسے جاتے دیکھا تو مسکرائی تھیں۔

"تُمھیں میں ایسے قیوم کی زندگی سے نکال باہر کروں گی کہ تُو بس دیکھتی رہے گی اریبہ یہ میرے ہیں۔۔"وہ دل ہی دل میں سوچ رہی تھیں۔

"عفت آپ فریش ہوتے سو جائیں۔۔۔بہتر فیل کریں گی مُجھے۔۔۔!؛"

"آپ کو اریبہ کے پاس جانا ہے رائٹ۔۔؟"عفت ملک نے ان کی بات درمیان میں ہی کاٹ دی۔

"ہاں تو اُس کا پہلا دن ہے یہاں عفت وہ بہت ڈری ہوئی تھی پلیز کچھ ایسا مت کیجئے گا کہ آپ میری نظروں میں گر جائیں۔۔."عفت ملک کچھ بہتر فیل کر رہی تھیں تو قیوم ملک نے سنجیدگی سے ان کو وارن کیا تھا اریبہ کی حالت ایسی نہیں تھی کہ وہ کوئی ٹینشن برداشت کر پاتی۔

"میں کیا کروں گی بس آپ میرے ساتھ رہیں میں کچھ بھی نہیں کرو نگی قیوم۔۔۔ مجھ سے برداشت نہیں ہوتا آپ اریبہ کے قریب بھی جائیں۔۔۔"وہ آپنا گلہ جکڑ چکی تھیں۔

"عفت آپ کو شیئرنگ کی عادت ڈالنی پڑے گی اور اب آپ بہتر ہیں تو سو جائیں۔۔۔"

"میں نے آپ سے کچھ کہا ہے قیوم آج رات آپ یہیں رہیں گے میرے پاس۔۔۔!؛"ان کو مزید زور سے پکڑا معاوہ روم سے ہی نہ چلیں کئیں۔

"پہلے بھی تو اکیلی رہتی تھیں آپ۔۔۔ آج کیوں روک رہی ہیں مجھے۔۔۔؟"قیوم ملک اُنھیں خود سے الگ کرتے بیڈ سے اٹھتے کھڑے ہوئے تھے۔

"پہلے مجھے یہ ڈر نہیں تھا کہ میرا شوہر دوسری بیوی کے پاس جائے گا لیکن مُجھے کیا معلوم تھا کہ میرا شوہر تو دوسری بیوی کے پہلو میں ہوتا تھا۔۔" وہ بیڈ سے اٹھتے قیوم ملک کے سامنے آئی تھیں بکھری ساڑھی میں ان کا حسین سراپا دھمک رہا تھا۔

"ہاں۔۔۔ جاتا تھا اریبہ کے پاس لیکن کیوں یہ سوچنے کی ضرورت محسوس کی آپ نے عفت۔۔۔!" وہ طنزیہ بولتے باتھ روم چلے گئے وہیں کھڑے رہتے تو ان کے درمیان تلخ کلامی مزید بڑھ جاتی۔

"نہیں جانے دوں گی آپ کو اُس کے پاس قیوم آپ یہیں رہیں گے میرے پاس۔۔۔" وہ ڈریس چینج کرنے چلی گئی تھیں لیکن دل و دماغ میں صرف اور صرف اریبہ تھی جسے کچھ بھی کر انہوں نے اس مینشن سے نکالنا تھا بیٹا

اوُر شوہر دونوں ہی انکے خلاف تھے یہ تھا تو بہت مشکل لیکن وہ بھی عفت ملک تھیں اتنی آسانی سے ہار ماننا نہیں سیکھا تھا.

.....

ضامن اوُر عائلہ گھر وآپس آ چکے تھے دونوں ہی اپنی جگہ خاموش تھے سوچو میں قیوم ملک تھے وہ دوسری شادی کر چکے تھے عائلہ کے لئے یقین کرنا مشکل تھا ضامن سارے راستے ابرش کے بارے میں سوچتا آیا دل نہیں مان رہا تھا اُسے اکیلا چھوڑنے کے لیے وہ اپ سٹ تھی اپنے ڈیڈ کے اس ایکٹ نے یقینا ابرش کو ہرٹ کیا تھا۔

ضامن عائلہ کو حصار میں لاؤنج میں صوفے پہ بیٹھا تھا سامنے ایل سی ڈی چل رہی تھی اوُر عائلہ خاموشی سی ایل سی ڈی کی سکرین کو دیکھ رہی تھی وہ اُس

وَقت جب واپس آ رہے تھے چاہتی تھی کہ ضامن ابرش کو بھی ساتھ لے آئے۔

ابرش کے لیے اس کے دل میں نرم گوشہ ابھر چکا تھا ہاں وہ سب بھولنے لگی تھی ضامن کے سامنے تو یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ اسے ضامن کے ساتھ جانا ہے لیکن یرمان کی فکر ہو رہی تھی وہ کہاں رہتا تھا اس کے بغیر پہلے نکاح کے بعد وہ چوری آیا تھا اس سے ملنے آج آگر پھر چلا آیا تو کیا کرے گی عائلہ۔

کہیں نہ کہیں عائلہ چاہتی تھی کہ وہ نہ آئے۔

"عائلہ گڑیا آپ زیادہ مت سوچو طعیبت خراب ہو جائے گی۔۔۔میں جانتا ہوں آپ یرمان کے ساتھ خوش نہیں تھی تبھی میرے ساتھ آنے کا فیصلہ کیا اب اگر آپ چاہو تو یرمان سے طلاق۔۔۔!؛"

"نہیں بھائی میں ایسا نہیں چاہتی۔۔۔!؛"اس کے لبوں سے اچانک سے پھسلا کہاں رہ سکتی تھی یرمان ملک سے دور یہ ممکن ہی نہیں تھا اس کے لیے۔

"تو گڑیا پھر میرے ساتھ کیوں آئی آپ۔۔؟"ضامن سنجیدہ تھا وہ عائلہ سے بات کر لے اس معاملے کو کلیئر کرنا چاہتا تھا۔

ابرش کو تو ضامن کسی قیمت پہ نہیں چھوڑ سکتا تھا اب جبکہ ابرش نے پوری یورنیورسٹی کے سامنے قبول بھی کر لیا تھا کہ اُس دن غلطی ابرش کی تھی ضامن نے کچھ نہیں کیا تھا۔

"بھیا مجھے اُن کے ساتھ ہی رہنا ہے وہ بہت اچھے ہیں میرا بہت خیال رکھتے ہیں اور آپ کو پتہ ہے اتنی مہنگی سرجری تھی جو میری ہوئی جرمنی میں۔۔۔ وہ ہر پل ہر لمحہ میرے ساتھ رہے۔۔۔ یہاں تک کہ جتنے دن ہم ہاسپٹل میں رہے اُنہوں آرام بھی نہیں کیا بھیا وہ بہت اچھے ہیں میرا بہت خیال رکھتے

ہیں اُن کا ماضی جیسا بھی تھا مجھے اس بات سے فرق نہیں پڑتا ہے لیکِن وہ میرے ساتھ مخلص ہیں آپ کو پتہ صبحِ میرے لئے اپنی مام سے بھی الجھ پڑے۔۔۔ بھیا یہ میری رائے ہے بٹ میرے لئے سب سے اہم آپ ہو جو آپ بولو گے وہ ہی کروں گی آگر آپ کو یہ رشتہ نہیں پسند تو ٹھیک ہے میں۔۔۔"

"نہیں گڑیا مجھے کوئی مسلہ نہیں ہے ہاں مجھے خوشی ہے یرمان ملک آپ کی وجہ سے خود کو کافی بدل چکا ہے وہ پہلے والا یرمان ملک نہیں رہا ہے بہت بدل گیا ہے اوُر جیسا کہ آپ بتا رہی ہو وہ آپ کا اتنا خیال رکھتا ہے تو پھر میں کیسے آپ کو یہ رشتہ ختم کرنے کا کہہ سکتا ہوں۔۔۔ آپ خوش ہو تو میں بھی خوش ہوں گڑیا۔۔۔"ضامن نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا تو وہ مسکرائی تھی

"بھیاوہ بہت خیال رکھتے ہیں بالکل آپ کی طرح۔۔۔!؛"عائلہ کے چہرے پہ یرمان کو یاد کرتے کئی رنگ پھیلے تھے جنھیں ضامن نے بغور دیکھا تھاوہ خوش تھی یہ اس کی باتوں سے صاف پتہ چل رہا تھااور جب وہ خوش تھی تو ضامن بھی خوش تھا۔

"مطلب آپ کو یرمان ملک کا ساتھ قبول ہے۔۔ آپ کو اُس کے ساتھ ہی رہنا ہے رائٹ۔۔۔؟"ضامن نے کنفرم پوچھاتو عائلہ نے سر ہلایا۔

"پھر چھوڑ آؤں آپ کو۔۔؟"

"نہیں نہیں بھیامجھے کچھ دن آپ کے ساتھ رہنا ہے آپ کے پاس پھر چلی جاؤں گی آپ تو شادی کے بعد مجھے پرایا ہی کر چکے ہیں واپس بھیجنے کی بڑی جلدی ہے آپ کو۔۔۔؟"عائلہ نے مصنوعی ناراضگی دکھائی تھی ضامن عائلہ کو دیکھے گیاشادی کے بعد بہت بدل گئی تھی وہ۔

"نہیں گڑیا یہ آپ کا آپنا گھر ہے آپ جب تک چاہے یہاں رہو مُجھے بھلا کیا پرابلم ہو گی بلکے مجھے تو خوشی ہو گی میرے گڑیا یہاں ہو گی میرے پاس۔۔۔"ضامن کے لہجے میں محبت ہی محبت تھی۔

"بھیا میں آپ کے کھانا بناؤں پلیز منع مت کیجئے گا یرمان مُجھے کچن میں نہیں جانے دیتے نہ ہی کچھ کرنے دیتے ہیں میں بور ہو جاتی ہوں آپ کے لیے ڈنر بناؤں پلیز پلیز بھیا۔۔۔"وہ ضامن کا بازو تھامے منت کر رہی تھی ملک مینشن میں تو نوکروں کی فوج تھی وہاں اسے کام کرنے ہی نہیں دیا جاتا تھا۔

"آپ مہمان ہو کھانا میں بناتا ہوں۔۔۔!؛"ضامن کو اب عائلہ سے کام کروانا اچھا نہیں لگا تھا ہاں پہلے کی بات اور تھی لیکن عائلہ مہمان تھی جتنے دن بھی رہتی و آپس تو اس نے جانا ہی تھا۔

"نہیں یہ میرا گھر ہے اوُر آپ کے لئے کھانا بنا کر مُجھے خوشی ہو گی بھیا پلیز۔۔۔ میں نے ناراض ہو جانا آپ سے آگر آپ نے انکار کیا تو۔۔۔" وہ دوسری طرف منہ کر کے باقاعدگی ناراضگی ظاہر بھی کر رہی تھی ضامن مسکرایا تھا ایسے ہی نخرے دکھاتی تھی وہ بچپن سے جانتی تھی کہ ضامن اس کے نخرے اٹھائے گا بھی ضامن نے اس کے بالوں پہ بوسہ دیا۔

"زیادہ کچھ بنانے کی ضرورت نہیں ہے عائلہ بس لائٹ سا کچھ بنا دو اتنا دل بھی نہیں ہے کچھ کھانے کا۔۔۔ میں تو کہتا ہوں فوڈ پینڈا سے آرڈر کر لیتے ہیں جو آپ نے کھانا ہے۔۔۔!؛" ضامن عائلہ کو کچن میں نہیں جانے دینا چاہتا تھا عائلہ نے ضامن کو آنکھیں دکھائی تھیں۔

"آپ کو ابرش کی یاد آ رہی ہے ناں۔۔بھائی آپ سے کچھ پوچھوں۔۔۔؟"وہ نروس ہوئی لیکن وہ معلوم کرنا چاہتی تھی کہ ضامن ابرش کے لیے کیسا فیل کرتا ہے۔

"پوچھو گڑیا۔۔۔!؛"ضامن نے عائلہ سے نظریں چرائی تھیں ہاں یہ سچ تھا اسے ابرش کی بات شدت سے آ رہی تھی دل چاہا رہا تھا وہ پاس ہو اور اسے بانہوں میں بھرتے اس کے آنسو اپنے لبوں سے چن لے۔

"آپ ابرش کے ساتھ خوش ہیں میں جانتی ہوں بھیا ابرش جیسی لڑکی آپ کی آئیڈیل نہیں رہی کبھی لیکن بھیا مجھے لگتا ہے۔ہم نے ابرش کو جاننے میں غلطی کی ہے وہ ویسی نہیں ہے جیسی ہم سمجھتے ہیں آپ کو ابرش پسند ہے بیوی کے روپ میں یا پھر آپ ابھی تک کمپرومائز کر رہے ہیں مجھے سچ سچ

بتائیں۔۔۔"وہ چپ ہوئی تو ضامن کے چہرے کی طرف دیکھا جو سرخ ہوا تھا۔

یعنی وہ ابرش کے بارے میں بات ہی نہیں کرنا چاہتا تھا پر عائلہ کو کرنی تھی اسے ضامن سے جاننا تھا ابرش کے بارے میں وہ ابرش کے بارے میں کیا محسوس کرتا ہے کیا وہ ابرش کے ساتھ اس رشتے کو آگے بڑھانا چاہتا ہے یا نہیں۔

"آئی لائک ہر۔۔۔!؛"عائلہ کی آنکھیں حیرت سے پھیلی تھیں ضامن ابرش کو پسند کرتا تھا یہ یقین کرنا اس کے لیے بہت مشکل تھا لیکِن خوشی بھی ہوئی کہ آچھا کے ابرش اور ضامن دونوں ساتھ رہیں گے۔

"بھیا۔۔۔ آپ سچ کہہ رہے ہیں پھر آپ ساتھ کیوں نہیں لیکر آئے ابرش کو سوری بھابھی میں آج کے بعد بھابھی بولوں گی ابرش کو۔۔"وہ مسکرائی تو ضامن کے ہونٹوں کو بھی ہلکی سی مسکراہٹ نے چھوا تھا۔

"وہ آپ کی اتیج کی۔۔۔"ضامن کے ہونٹوں کو بریک لگی جب نظر سامنے کھڑی ابرش پہ گئی تھیں وہ واپس آچکی تھی کب سے کھڑی تھی ضامن نہیں جانتا تھا۔

ضامن کے اچانک سے خاموش ہونے پہ عائلہ نے بھی مڑتے پیچھے دیکھا تھا اوٗر ابرش کو دیکھ کر وہ صوفے سے اٹھتے ابرش کی طرف بڑھی۔

"ابرش آپ ٹھیک ہیں۔۔۔!؛"وہ پریشان ہوئی پارٹی میں جو کچھ ہوا یقیناً وہ ابرش کے لئے برداشت کرنا آسان نہیں تھا وہ پریشان تھی شکل سے ہی لگ

رہی تھی اوٗر ضامن کو بھی تشویش ہوئی کہ آخر کیوں وہ ابرش کو چھوڑ کر آ گئے تھے اسے ابرش کو ساتھ لانا چاہیئے تھا۔

"ٹھیک ہوں۔۔!؛" ابرش کے حلق میں آنسوؤں کا گولا سا اٹکا تھا وہ بمشکل اپنے آنسوؤں پہ ضبط کیے کھڑی تھی ڈیڈ سے بالکل بھی توقع نہیں تھی کہ وہ ایسا ویسا کچھ کریں گے۔۔

"بھائی آپ ابرش کو روم میں لے جائیں ان کی طعیبت ٹھیک نہیں لگ رہی ہے میں چائے بناتی ہوں آپ لوگوں کے لئے۔۔۔" عائلہ کو لفظ نہیں ملے کہ وہ کیسے ابرش کو تسلی دے تو یہ کام ضامن کو سونپ دیا۔

دوسری طرف کو پریشانی اس بات کی تھی کہ کہیں ابرش نے اس کی اوٗر عائلہ باتیں تو نہیں سن لی خیر ابرش کے چہرے سے وہ کچھ اندازہ نہیں لگا سکا کہ آیا ابرش اس بارے میں کچھ جان چکی ہے یا نہیں۔

"ابرش آجائیں۔۔۔پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔۔"وہ ابرش سے کہنا چاہتا تھا کہ اس کے ڈیڈ نے یقیناً کچھ سوچ کر ہی یہ سٹیپ لیا ہو گا آسے اپنے ڈیڈ سے کم سے کم ایک بات تو بات کرنی چاہیے تھی۔۔لیکن ابرش کی خاموشی اسے پریشان کر رہی تھی۔

ضامن کا نرم رویہ ابرش دیکھ کر ابرش تیزی سے اس کے سینے سے آگئی تھیں آنسو بے اختیار رخساروں پہ پھسلتے بہنے لگے تھے وہ بوکھلا گیا عائلہ ان دونوں کو چھوڑتے کچن میں چلی گئی تھی۔

"مس ملک۔۔۔"ضامن کو سمجھ نہیں آئی وہ کیسے تسلی دے ابرش کو جتنی وہ اپ سٹ لگ رہی تھی یقیناً ابرش کے لئے یہ معمولی بات نہیں تھی۔

"سر میرا دل پھٹ جائے گا۔۔۔"وہ ضامن کی شرٹ مٹھیوں میں جکڑتے سسکی تھی اس نے وہیں ڈریس پہنا ہوا تھا جو ضامن کے ساتھ جاتے وقت پہنا تھا شال بھی لی ہوئی تھی۔

"ریلیکس زیادہ زور نہیں ڈالیں زہن پہ۔۔۔."وہ نرمی سے اس کی پشت سہلا رہا تھا ابرش نے اپنی ہتھیلی سے آنسو صاف کیے اسے چکر سا آیا بھوک اور خالی پیٹ ہونے کی وجہ سے اس کو شدید نقاہت محسوس ہوئی۔

"آپ ٹھیک ہیں۔۔۔ مس ملک دیکھیں جو ہونا تھا وہ ہو چکا ہے آپ پریشان نہیں ہوں آور ایک بار اپنے فادر سے بات کریں کیا پتہ وہ آپ سے کچھ شئیر کریں۔۔۔"وہ اسے لیے کمرے میں چلا آیا ابرش کی حالت ایسی نہیں تھی کہ وہ زیادہ دیر تک کھڑی رہتی۔

"مجھے اُن سے بات نہیں کرنی ہے بہت غلط کیا ہے اُنھوں نے میرے ساتھ کم سے کم میرے بارے میں تو سوچ لیتے میں تو آپ کو فیس نہیں کر پا رہی ہوں آپ بھی کیا سوچتے ہونگے کس قسم کا خاندان ہے۔۔۔"وہ ضامن کا ہاتھ تھام گئی اوٗر حیرت کی بات تھی کہ آج ضامن نے اس کے ہاتھ سے اپنی ہاتھ کھینچا نہیں تھا بلکے وہ خاموشی سے ابرش کو دیکھ رہا تھا جس کی آنکھیں نم تھیں۔

اس کی نیلی آنکھیں جن میں ہمیشہ ضامن اپنا عکس دیکھتا تھا وہ آنسوؤں سے بھری ہوئی تھیں۔

"میں کچھ نہیں سوچتا ہوں آپ کو بھی زیادہ سوچنے کی ضرورت نہیں ہے فریش ہو جائیں۔۔۔اور ایک بار اپنے ڈیڈ سے بات کر لیں آپ۔۔۔!؛"وہ

اُسے بار بار یہی مشورہ دے رہا تھا کہ وہ اپنے ڈیڈ سے بات کر لے کم سے کم سچائی تو معلوم ہو گی.

"نہیں مجھے اُن سے بات نہیں کرنی ہے اور پلیز دوبارہ مُجھے فورس مت کیجئے گا۔۔۔"وہ اپنے بال جھنجوڑ رہی تھی ضامن سے ابرش کی یہ حالت دیکھی نہیں جا رہی تھی وہ کہاں دیکھ سکتا تھا ابرش کو ایسے روتا اب تو فیلنگز بھی بدل چکی تھیں۔

"نہیں کروں گا فورس۔۔۔۔میں بس یہ چاہتا تھا کہ آپ اپنے ڈیڈ سے بات کریں کم سے کم آپ کو کچھ پتہ تو چلے کہ وہ یہ سب کر کیوں رہے ہیں۔۔۔"ضامن ابرش کے قدموں میں بیٹھا ہوا تھا اس کے ہاتھ ابرش کے نازک ہاتھوں میں قید تھے۔

انہیں دیکھ کر کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ کل تک ضامن ابرش ملک سے شدید نفرت کرتا تھا اس پل تو وہ ابرش کی فکر کرتا نظر آ رہا تھا۔

"آپ یہ ٹاپک بند کریں۔۔۔" ابرش نے اپنے کانوں پہ ہاتھ رکھا جیسے کوئی انجانی آواز اس کی سماعتوں سے ٹکراتے جا رہی تھی۔

"اچھا نہیں کرتا اس بارے میں بات آپ فریش ہو جائیں۔۔۔ پھر کھانا کھاتے ہیں۔۔۔" ضامن نے بات ہی ختم کر دی جب ابرش اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتی تھی تو پھر ضامن نے بھی ٹاپک کو مذید کریدا نہیں ویسے بھی کچھ حاصل تو ہونے والا نہیں تھا۔

"مجھے بھوک نہیں ہے۔۔۔!؛" ابرش کے حلق سے ایک نوالہ نہیں اترنا تھا وہ کیسے کچھ کھاتی۔

یرمان پہ اسے حیرت ہو رہی تھی وہ ڈیڈ کو فیور کر رہا تھا اوُر مام...!!

ہاں مام نے اپنی زمہ داری کبھی نہیں نبھائی یرمان اور وہ بھی تو نوکروں کے ہاتھوں میں پلے بڑھے تھے لیکن جیسی بھی تھیں ڈیڈ کی بیوی تھیں پھر اُنھیں بھلا کیا ضرورت تھی شادی کرنے کی۔

اور اگر کرنی ہی تھی تو کم سے کم ان سے بات تو کرتے پہلے چھپ کر نکاح کر لیا اور پھر یوں سب کے سامنے اعلان بھی کر دیا۔

ابرش کو مینشن سے نکلتے مام کا خیال نہیں تھا جانتی تھی وہ برداشت نہیں کر سکیں گے یہ دھوکا۔

"کھانا تو کھانا پڑے گا آپ کو وہ بھی عائلہ کے ہاتھ کا بنا وہ بہت مزے کا کھانا بناتی ہے آپ ریسٹورنٹ کا کھانا بھول جائیں گی۔۔۔"وہ مسکرایا تھا۔۔

"آپ خوش ہیں عائلہ کو ساتھ لے آئے ہیں۔۔۔؟"ابرش کو ضامن خوش لگ رہا تھا۔۔۔

"بھیا آجائیں میں نے جلدی میں کھانا بنالیا ہے کافی لیٹ ہو گئی تھی اس لئے کچھ خاص نہیں بنا سکی ورنہ بھابھی کے لیے تو سپیشل بناتی میں آجائیں میں نے ٹیبل پہ لگا دیا ہے کھانا۔۔۔"عائلہ نوک کرتے آندر آئی ابرش اور ضامن سے کھانے کا کہا۔

"بھابھی۔۔"ابرش ریرِ لب بڑبڑائی تھی۔

"آرہے ہیں گڑیا۔۔۔"ضامن نے مسکراتے جواب دیا تو عائلہ واپس چلی گئی۔

ضامن اور ابرش تقریباً دس منٹس بعد روم سے نکلے اور کچن میں آئے یہاں عائلہ ان دونوں کے انتظار میں تھی کھانے میں اس نے چکن کو بیک کیا تھا ساتھ پلاؤ اور پیسٹری جو وہ بہت جلدی بیک کر لیتی تھی سلاد اسے تو یہ کم ہی لگ رہا تھا لیکن اگر بناتی تو ضامن سے ڈانٹ پکی تھی۔

"عائلہ اتنے کم ٹائم میں نے اتنا کچھ بنالیا۔۔" ابرش عائلہ کی کوکنگ سے امپریس ہوئی تھی۔

"یہ تو بہت کم ہے ورنہ میں نے آپنی بھابھی کے لئے بہت کچھ سوچا ہوا تھا کہ فرسٹ ٹائم جب اُن کے لیے کھانا بناؤں گی تو بہت ساری ڈشز ریڈی کرونگی بٹ ارجنٹ یہی بنا سکی ہوں۔۔۔" عائلہ نے اپنے پلاؤ پلیٹ میں نکالتے مسکراتے کہا تو ابرش کے ہونٹوں سے آوو نکلا۔

"بہت ٹیلنٹڈ ہو تم۔۔۔ میرے بھائی کی تو موجیں ہیں بھئی وہ تو بہت لکی ہوئے پھر۔۔۔" ابرش کا موڈ اچھا ہو رہا تھا ضامن اور عائلہ سے باتیں کر کے۔۔

یرمان کے نام پہ عائلہ کے دن نے بیٹ مس کی تھی وہ ستمگر شدت سے یاد آ رہا تھا۔

" تھینکس۔۔۔ آپ لیں ناں۔۔۔" عائلہ اور ابرش باتیں کر رہی تھیں آور ضامن خاموشی سے ان دونوں کو سن رہا تھا ساتھ ساتھ عائلہ کے ہاتھ کا بنا کھانا انجوائے کر رہا تھا جو کتنے عرصے بعد اس نے کھایا تھا۔

"بھائی میرا ہو گیا میں روم میں جا رہی ہوں آپ پھر مُجھے بتا دیجئے گا کوفی بنا لونگی سب کے لیے۔۔۔" عائلہ کا ارادہ ضامن اور ابرش کے ساتھ کوفی پینے

کا تھا ابرش کے ساتھ اسے اجنیت محسوس نہیں ہو رہی تھی شائد یرمان ملک کی وجہ سے۔

"ہمیں کمپنی دوناں عائلہ۔۔۔"ابرش نہیں چاہتی تھی کہ عائلہ جائے آندر

۔

اور عائلہ ضامن ابرش کو تھوڑی سی سپیس دینا چاہا رہی تھی کہ دونوں آرام سے کھانا کھالیں اس کا ویسے بھی کچھ کھانے کا دل نہیں کر رہا تھا یرمان کی یاد ستا رہی تھی اُس کی شدتیں یاد کرتے سرد لہر جیسے اپنے وجود میں سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی وہ یقیناً آیسے ضامن کے ساتھ آنے پہ خفا ہوا ہو گا آ لیکن ضامن کے آگے عائلہ کو کہاں کوئی نظر آتا تھا۔۔۔وہ اپنے بھائی کے لئے کچھ بھی کر سکتی تھی۔

"نہیں مجھے فریش ہونا ہے یہ ڈریس بھی چینج کرنا ہے تھوڑا ٹائم لگ جائے گا آپ لوگ کھائیں۔۔۔"وہ رکی نہیں بلکے کمرے میں چلی گئی اور پیچھے ضامن ابرش اکیلے رہ گئے تھے دونوں خاموش تھے کوئی بھی نہیں بول رہا تھا۔

ابرش چاہتی تھی ضامن بات کرے وہ سننا چاہتی تھی اسے اس کی آواز کے سحر میں جکڑنا چاہتی تھی ضامن نے جیسے اسے سبھنالا وہ یاد کرتے اس کے دل میں گدگدی ہوئی تھی۔

"کھانا اچھا بنا ہے۔.."کچھ دیر تو درمیان میں خاموشی حائل رہی نہیں لیکن پھر اس خاموشی سے اکتائے ابرش نے بات کا آغاز کیا۔

"ہمم عائلہ کی کوکنگ کا میں فین ہوں۔۔۔"وہ مسکرایا عائلہ کے نام پہ وہ ایسے ہی مسکراتا تھا ابرش نے کتنی بار نوٹ کیا تھا۔

"اوچ۔۔۔۔"ابرش بے دھیانی میں کھا رہی تھی ہونٹوں پہ دانت لگ گیا تھا وہ سلگی تھی۔۔۔

"کیا کرتی ہیں دھیان کہاں تھا۔۔۔"اس کے ہونٹوں پہ زخم بن گیا تھا شاید کٹ لگ گیا وہ کہاں خود پہ دھیان دے رہی تھی اس کی نظریں ضامن پہ تھیں وہ ضامن کو دیکھ رہی تھی ضامن کے چہرے پہ پھیلی مسکراہٹ کو دیکھ رہی تھی۔

"پلیز رہنے دیں۔۔۔!؛"ضامن ابرش کے قریب ہوتے اس کے ہونٹوں کو ٹیشو سے صاف کرنے لگا اس کی بھاری انگلیاں ابرش کے رخساروں کو چھو رہی تھیں وہ گھبرا گئی جبکہ ضامن نے اسے آنکھیں دکھائی تھیں۔

"آرام سے۔۔۔"ضامن نے نرمی سے اس کے ہونٹوں کو صاف کیا تھا ضامن کا رویہ بدل رہا تھا کیا ضامن یہ سب ہمدردی میں کر رہا تھا یا ابرش کے لئے ضامن کے دل میں جذبات بیدار ہو رہے تھے۔

"سس۔۔۔"ابرش کو شدید جلن ہو رہی تھی کٹ لگنے سے اب ہونٹوں پہ وہ کوئی ٹیوب وغیرہ بھی نہیں لگا سکتے تھے سنسٹو پارٹ تھا۔

"میری طرف دیکھنے کے بجائے آگر آپ کھانے پہ توجہ دیتیں تو زخم نہیں لگتا۔۔۔"آہ ضامن اپنی ازلی روپ میں وآپس آیا تھا اس نے طنز کیا ابرش کب سے یہی سوچ رہی تھی وہ کب اپنے ازلی انداز میں لوٹے گا۔

"نہیں میں تو نہیں۔۔۔"ابرش گھبرا گئی یعنی ضامن اس کی نظریں خوٗد پہ نوٹ کر چکا تھا اسے شدید سبکی ہوئی تھی لیکن ضامن اس کا شوہر تھا۔

وہ دیکھ سکتی تھی بھرے مجمے میں بھی ضامن کو دیکھنے کا حق صرف ابرش ملک کے پاس تھا۔

"کیا آپ مجھے نہیں دیکھ رہی تھیں۔۔۔"ضامن نے جیسے اس کی چوری پکڑی تو وہ خود میں سمٹ گئی اسے سبکی بھی فیل ہوئی تھی۔

"آپ کو نہیں دیکھ سکتی ہوں کیا۔۔۔؟"ابرش نے الٹا سوال کیا تو ضامن نے ابرش کو گھورا جیسے پہلے ابرش کے سوالوں کو ضامن اگنور کرتا تھا ابرش اب یہ کام کر رہی تھی اس کے سوالوں پہ اسے ہی سوال کر دیتی تھی جس پہ وہ لب بھینچ کر رہ جاتا تھا۔

"دیکھنے سے بہتر تھا کہ کھانے پہ فوکس کرتی آپ۔۔"ضامن کھانا ختم کر چکا تھا مزید بیٹھنے کے بجائے وہ کمرے میں چلا گیا تھا۔

•••••

عائلہ اپنے کمرے میں موجود تھی ضامن اور ابرش کے ساتھ کوفی پیتے تھوڑا ٹائم سپینڈ کرتے وہ واپس کمرے میں آئی تھی اس نے روم کے دروازے کو نوک کیا اور اپنا نائٹ ڈریس نکالتے باتھ روم چلی گئی دل بے چین تھا ہاں ضامن کے ساتھ تو چلی آئی تھی لیکِن اب دل کر رہا تھا کہ یرمان کے پاس چلی جائے اُس کی جیسے عادت سی ہو گئی تھی۔

وہ باتھ لیتے فریش ہو کر اپنا پنک کلر کا نائٹ ڈریس پہنتے باتھ روم سے نکلی تو ٹھٹھک کر رکی یرمان ملک اس کے بیڈ پہ براجمان اپنے سر کے نیچے بازو رکھے شعلہ برساتی نظروں سے عائلہ کو گھور رہا تھا عائلہ کی رنگت میں زردیاں سی گھلنے لگی تھیں۔

یرمان کی آمد کی توقع نہیں تھی اسے کہاں سوچا تھا جسے سوچتے دل بے چین تھا وہ یوں سامنے ہو گا۔

وہ گیلے بالوں کو ٹاول میں لپیٹے دیوار سے ٹیک لگائے کھڑی تھی آگے بڑھنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی پاؤں جیسے زمین میں جکڑے تھے۔

یرمان کی نظریں اس کے نازک وجود کا طوافِ کر رہی تھیں پنک کلر میں وہ کوئی نکھرا سا گلاب لگ رہی تھی لب بے چین ہوئے مقابل کی گہرائیوں میں سمائے کو وہ عائلہ کو انگلی کے اشارے سے اپنے پاس بلانے لگا تھا عائلہ نے انکار کیا وہ کیسے جا سکتی تھی شیر کے گچھے میں۔

"ڈارلنگ کم آ گر میں آیا تمھارے پاس تو بہت مشکل ہو جائے گی میری وایفی کے لئے۔۔۔!؛" وہ پاؤں جھولا رہا تھا جب کہ چہرے پہ پھیلی سنجیدگی عائلہ کے لیے برداشت کرنی بہت مشکل تھی۔

"نہیں۔۔۔جائیں۔۔۔۔پلیز۔۔۔"آگر غلطی سے ضامن آجاتا اس کے روم میں پھر کیا ہوتا یہ انسان تو بنا انجام کی پرواہ کیے ہی چلا آیا تھا اُس دن جب یرمان عائلہ سے ملنے آیا تھا وہ ملاقات ہی عائلہ نہیں بھولی تھی کجا کہ وہ دوبارہ سامنے موجود تھا۔

"عائلہ لگتا ہے تم خوُد مس کر رہی ہو میرے جنونی رومانس کو۔۔۔خود چاہتی ہو کہ میں تمھارے قریب آؤں اوُر تمھیں خوُد میں سمولو رائٹ۔۔۔"اس کی بے باک باتوں پہ عائلہ کو اپنے کانوں سے دھواں سا اٹھتا محسوس ہوا ہاں لیکن قدم آگے بڑھانے مشکل تھے۔

"نہیں۔۔"عائلہ نے لبوں پہ ہاتھ رکھا بالوں سے گرتا پانی اس کی گردن سے ہوتے گہرائیوں میں جذب ہو رہا تھا اس کی بھیگی گہرائیاں یرمان ملک کے لیے ضبط کرنا مشکل ہو رہا تھا وہ عائلہ کو ہرٹ نہیں کر سکتا تھا.

"میں نہیں چاہتا تمھیں ہرٹ کروں۔۔۔بے بی آؤ میری بانہوں میں۔۔۔ مُجھے اوَر مت تڑپاو۔۔۔"وہ بانہیں پھیلائے نظریں اس پہ گاڑ چکا تھا۔

عائلہ بھولی نہیں تھی وہ رات جب یرمان نے اسے اپنے بدن کا حصہ بنایا تھا کتنی شدت تھی اُس دن یرمان ملک کے ہر ایکٹ میں۔

"بال بال۔۔۔۔بنانے ہیں۔۔۔۔!؛"عائلہ نے بالوں کی طرف اِشارہ کیا تو یرمان نے اُسے گھورا اوَر بیڈ سے اٹھتے سیدھا ہو کر بیٹھ کر اس کے اٹھنے کا یہ نتیجہ ہوا کہ عائلہ بھاگتے اس کی بانہوں میں سمائی تھی۔

یرمان نے قیمتی متاعِ کی طرف اسے خوَد میں سمٹا تھا وہ تڑپتے سسکی تھی یرمان کے ہاتھ اس کی پشت کو سہلا رہے تھے اس کے سینے سے لگتے وہ یرمان کو اپنی ناز کی کا احساس دلا گئی تھی۔

اس کی مخملی گہرائیاں اس کے بدن سے اٹھتی کستوری مہک یرمان کے حواس جیسے سن ہوئے تھے وہ عائلہ کے کو سختی سے خوُد میں بھینچتے اس کے نائٹ ڈریس کے آندر ہاتھ لے جاتے اس کی بل کھاتی کمر کو سہلانے لگا تھا۔

عائلہ کو یرمان کی انگلیاں اپنے بیلی بٹن میں سرسراتی محسوس ہوئی تو تڑپ کر رہ گئی یرمان نے اس کے انر کے ہک پہ ہاتھ رکھتے اسے کھولتے عائلہ کی گہرایوں پہ حق جتایا تھا.

"کیوں آئی مینشن سے۔۔۔" بہت سے حساب کتاب باقی تھے جو عائلہ سے کرنے تھے وہ عائلہ کی شرٹ کے فرنٹ پہ لگے بٹنوں کو کھوتے اسے شرٹ کی قید سے آزاد کرتے اس کی گردن کو اپنے ہونٹوں سے جامنی کرنے لگا ان کچھ ہی گھنٹوں میں پل پل مرا تھا لیکِن مقابل کو کہاں احساس اس کی حالت کا۔

"وہ۔۔۔وہ میں۔۔۔۔بھائی۔۔۔۔" عائلہ کے ہونٹوں سے لفظ نہیں نکل گئے تھے یرمان کی اس قدر نزدیکی پہ اس کا پورا وجود پسینے میں بھیگ چکا تھا آنکھوں سے آنسو نکلتے کنپٹی میں جذب ہو رہے تھے۔

"بھائی کے ساتھ آنا تھا تو مُجھے تو بتاتی۔۔۔جانتی ہو مجھے تمھاری کتنی ضرورت تھی اوئر تم مجھے اکیلا چھوڑ کر چلی آئی بہت غلط کیا تم نے عائلہ جانم۔۔۔" وہ اس کے کان کی لو کو دانتوں سے دباتے اس کے کان میں سرگوشی کر رہا تھا عائلہ نے سہمتے اسے دیکھا عائلہ کے سیاہ نین کٹوروں میں یرمان کو اپنا آپ ڈوبتا محسوس ہوا وہ اس کی بھیگتی آنکھوں پہ ہؤلے سے لب رکھ چکا تھا وہ سسکی تھی۔

"مُجھے۔۔۔ چھوڑیں۔۔۔" وہ یرمان کے حصار میں سانس بھی نہیں لے پا رہی تھی یرمان کی گرفت اس کے گرد بہت سخت تھی جیسے وہ کچھ گھنٹوں کی دوری کے بعد عائلہ کو کھونے سے ڈر چکا تھا۔

"نہیں چھوڑ سکتا ہوں عائلہ نہیں چھوڑ سکتا ہوں اگر دوبارہ مُجھ سے دور جانے کی یا پھر مُجھے چھوڑنے کی بات کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا سمجھی میں نرمی سے ڈیل کر رہا ہوں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ تم مجھے اٹیٹیوڈ دکھاؤ۔۔۔" وہ اس کو گدی سے پکڑتے اس کا چہرہ اوپر اٹھائے اس کے ہونٹوں پہ جھکتے انہیں اپنے ہونٹوں میں قید کر چکا تھا۔

لمس میں شدت تھی جنونیت تھی ایک ان چاہی تپش تھی عائلہ کی آنکھیں بے ساختہ بھیگنے لگی وہ یرمان سے اتنی شدت کی توقع نہیں کر رہی تھی وہ

کہاں اسے ہرٹ کرتا تھا بہت نرمی سے اس کے لبوں سے لپٹتے اپنی ضرورت پوری کرتا تھا۔

یرمان جس کے پچھلے چند گھنٹے جس اذیت میں گزرے میں تھے وہ بس وہی جانتا تھا ایسا لگ رہا تھا جیسے اس کے وجود سے کوئی سانسیں کھینچ رہا ہو عائلہ کو معلوم ہی نہیں تھا یرمان ملک اسے لیکر کتنا پوزسیو اور جنونی ہو چکا تھا۔

وہ اس کی ذرا سی دوری نہیں برداشت کر سکتا تھا عائلہ تو اتنے گھنٹے اس سے دور رہتے اس کے اندر کے جنونی انسان کو جاگا چکی تھی یرمان کتنا پوزسیو تھا یہ عائلہ جانتی ہی نہیں تھی ورنہ اب تک وہ یرمان کی نیچر کو جان جاتی تو کبھی ضامن کے ساتھ آنے کی غلطی نہیں کرتی۔

یرمان نے عائلہ کی سٹرپ میں انگلیاں پھنساتے اس کی نازکی کو مسلا تو یرمان کی شدت پہ عائلہ سسکی تھی وہ عائلہ کے ہونٹوں پہ کٹس لگاتے اس کی گہرائیوں کو اپنے ہاتھوں سے سہلاتے جیسے عائلہ کو خود میں قید کر رہا تھا۔

عائلہ کی سانسوں کو پیتے وہ جیسے بھولتا جا رہا تھا وہ نازک جان اس کی اتنی شدتیں برداشت نہیں کر پاتی ہے ہمیشہ ہی سہم جاتی تھی۔

یرمان نے کتنے ہی لمحے اس کی سانسوں کو قید کیے رکھا اور پھر اس کے بھیگے ہونٹوں کو آزاد کیا تو اپنے ہونٹوں کی پیاس جیسے مزید بڑھ گئی تھی وہ ایک بار پھر سے اس کے ہونٹوں کو قید کرتا کہ عائلہ نے اس کے عنابی ہونٹوں پہ اپنی انگلی رکھ دی وہ مسکرایا تھا یہ مسکراہٹ بھی پراسرار تھی۔

"آئیندہ مجھ سے دور جانے کی غلطی مت کرنا مسسز ملک میں سہن نہیں کر سکتا ہوں۔۔۔" وہ اس کے بالوں سے ٹاول نکالتے دور اچھالتا اس کے بالوں

میں چہرہ چھپائے اسے سختی سے خوُد میں بھینچ گیا جبکہ یرمان کی اتنی شدت پہ عائلہ کو اس کی انگلیاں اپنے گوشت میں پیوست ہوتی محسوس ہوئی تھیں۔

"نہیں۔۔۔پلیز۔۔۔۔"یرمان کی قربت میں ہمیشہ ہی عائلہ کے ہونٹوں سے لفظ غائب ہو جاتے تھے وہ شدت ہی اتنی دکھاتا تھا کہ عائلہ کے لیے برداشت کرنی مشکل ہوتی تھی وہ اسے اپنے قریب کرتے اس کی موجودگی کا احساس دلا رہا تھا خوُد کو کہ عائلہ اس کے پاس ہے جبکہ اس کی گرم سانسوں سے عائلہ کو اپنی گردن جھلستی محسوس ہوئی تھی۔

"کتنی دفعہ کہہ چکا ہوں میری پناہوں میں یہ لفظ نہیں بولا کرو تمھارے ان ہونٹوں سے یہ لفظ زہر لگتا ہے مُجھے عائلہ۔۔۔میری بیوی میری پناہوں سے بھاگتی ہے رائٹ۔۔۔اسے میرا لمس نہیں پسند۔۔۔!؛"اس نے عائلہ کا چہرہ اپنے سامنے کیا جبکہ اس کے گیلے بالوں میں انگلیاں پھنساتے وہ اس کا چہرہ

اپنے قریب کر چکا تھا عائلہ نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا تھا ایسا تو نہیں تھا ہاں گھبرا جاتی تھی یرمان ملک کی شدتوں پہ لیکن یہ تھا کہ اسے یرمان کا لمس آچھا نہیں لگتا تھا۔۔۔۔۔

"تو پھر کیوں دور بھاگتی ہو عائلہ۔۔۔!؟" یہ سوال تو وہ نجانے کتنی بار کر چکا تھا عائلہ سے لیکن جواب نہیں مل پایا تھا عائلہ کی گھبراہٹ اس کی جھجھک کو وہ عائلہ کی گریز سمجھتا تھا جیسے اسے لگتا ہو عائلہ کو اس کا قریب آنا پسند نہیں ہے۔

"مُجھے ڈر۔۔۔"

"مجھ سے ڈر لگتا ہے۔۔۔ شوہر سے ڈر لگتا ہے۔۔۔" وہ جیسے یقین نہیں کر پایا عائلہ کا محرم تھا کوئی غیر نہیں جس سے وہ ڈر رہی تھی۔

"آپ بہت۔۔۔بے باک۔۔۔"عائلہ سے بولا نہیں گیا کیسے بتاتی اسے یرمان ملک کی شدتوں سے ڈر لگتا تھا وہ ڈر جاتی تھی جب یرمان ملک سب بھولتے اسے خود میں قید کر لیتا تھا وہ اس کے حصار میں قید اس کی شدتوں کو سہتی تھی۔

"ہاہاہا۔۔۔تو بیوی کے ساتھ ہی تو بے باکیاں کی جاتی ہیں ناں جانان۔۔۔۔ میری بیوی ہو تم اب اتنا شریف نہیں ہوں کہ بیوی بانہوں میں ہو اور میں خود پہ ضبط کر لوں یہ بہت مشکل ہے میرے لئے۔۔۔"وہ عائلہ کی سٹرپ کندھے سے سرکاتے اس کو پیچھے تکیے پہ لٹائے خود پہ جھکا تھا۔

"مُجھے بال۔۔۔بنانے ہیں۔۔۔"اسے نم بالوں سے الجھن ہوئی تھی ہمیشہ بال جلدی خشک کرنے کی عادت تھی۔

"اکھٹے خشک کر لینا۔۔۔"اِشارہ جس طرف تھا عائلہ نے سمجھتے آنکھیں بند کر لی تھیں۔

"ہم آپنے۔۔۔کمرے میں نہیں ہیں۔۔۔"احساس دلایا کہ یہاں اپنی فیلنگز پہ قابو رکھو لیکِن یرمان کہاں سننے والا تھا وہ کمرے میں تھے چاہے پھر کمرہ عائلہ کا ہو یا پھر یرمان ملک کا۔

"سو واٹ۔۔۔؟"اس کے اعتراض کو سرے سے نظر انداز کر دیا عائلہ نے آنکھیں چھوٹی کیے اسے دیکھا تو یرمان نے عائلہ کی آنکھوں پہ آپنے ہونٹ رکھے تھے۔

"وہ آپ کے ڈیڈ۔۔۔دوسری بیوی۔۔۔"عائلہ کو سمجھ نہیں آئی وہ یرمان سے یہ سوال کیسے کرے وہ یرمان سے پوچھنا چاہتی تھی لیکِن عجیب بھی لگا تھا آ

"کیا جاننا چاہتی ہو عائلہ۔۔۔؟" یرمان کے چہرے پہ جو شرارت شوخی تھی وہ غائب ہوئی اب اس کی جگہ سنجیدگی نے لے لی تھی۔

"آپ کو برا۔۔۔ نہیں لگا۔۔۔ مطلب آپ۔۔۔ کی مام۔۔۔!؛" عائلہ نے انگلیاں چٹخاتے پوچھا۔

"برا بہت برا لگا لیکن عائلہ مجھے لگتا ہے ڈیڈ ٹھیک ہیں اُنھوں نے بہت کچھ فیس کیا مام کبھی اپنی ذمہداریاں نہیں نبھا سکی نہ بیوی کے طور پہ نہ ماں کے طور پر ڈیڈ بہت اکیلے پڑ گئے تھے اوَر جب مرد کی ضرورت بیوی سے پوری نہ ہو تو وہ دوسرے طریقے ڈھونڈتا ہے ڈیڈ نے بھی یہی کیا۔..." عائلہ وہ واحد انسان تھی جس سے یرمان سب کچھ ڈسکس کر سکتا تھا ورنہ اس موضوع پہ یرمان کسی سے بات نہیں کرنے والا تھا۔

"کیا مطلب۔۔۔؟" عائلہ کو کچھ سمجھ نہیں آئی تھی یرمان کی باتوں پہ وہ الجھی تھی عفت ملک کا رویہ تو اسے عجیب لگتا ہی تھا لیکن پھر بھی اسے لگا نہیں تھا کہ قیوم انکل دوسری شادی کر لیں گے۔

"مام ڈیڈ سے زیادہ اپنی این جی او پہ توجہ دیتی تھی ڈیڈ سے میری بارے میں بات ہوئی ہے اُنھوں نے مجھ سے سب ڈسکس کیا ہے اور اُنسے بات کرنے کے بعد مجھے لگتا ہے کہ وہ حق پہ ہیں ویسے بھی دوسری شادی کرنے کا حق اُن کے پاس تھا تو اُنھوں نے استعمال کر لیا۔۔۔" یرمان کی باتوں پہ عائلہ حیران ہوئے جا رہی تھی یعنی یرمان اپنی ماں سے زیادہ اپنے باپ کو سپورٹ کر رہا تھا۔

"آپ آپ کو آپنی۔۔۔مام کی فکر نہیں۔۔۔" عائلہ سے رہا نہیں گیا تو پوچھ لیا یرمان کے چہرے پہ کرب سا چھایا مام نے کب ان کو وقت دیا۔

"میری مام نے نہ کبھی ہماری فکر کی نہ ڈیڈ کی۔۔۔ڈیڈ کو جب جب اُن کی ضرورت محسوس ہوئی وہ اُن کے پاس نہیں تھیں تو پھر وہ کیا کرتے۔۔۔!؛"یرمان نے عائلہ سے سوال کیا۔

"تو اس کا یہ مطلب۔۔۔ نہیں تھا کہ آپ۔۔۔کے ڈیڈ دوسری۔۔۔شادی کر لیتے۔۔۔"عائلہ کے ساتھ عفت ملک کا رویہ بالکل بھی اچھا نہیں تھا کب پیار سے بات کی تھی عفت ملک نے اس کے ساتھ لیکن پھر بھی ایک عورت ہونے کے ناتے عائلہ محسوس کر سکتی تھی اُن کا درد کہ دوسری عورت کا غم کیا ہوتا ہے۔

"کیوں نہیں کرتے مام نے کبھی بیوی ہونے کا فرض نبھایا ہی نہیں اُنہیں کام ہی ہمیشہ سے اہم لگتا تھا تو اب مُجھے لگتا ہے ڈیڈ نے اُنہیں خود ہی سیپس دے دی ہے وہ جو چاہیں کریں۔۔۔"وہ اتنا بے حس کیسے ہو سکتا تھا وہ اپنی مام کا

ساتھ کیوں نہیں دے رہا تھا اگر عائلہ اوُر یرمان کے درمیان کبھی فاصلے بڑھتے تو کیا یرمان بھی اس کے ساتھ یہ سب کرے گا۔۔

"یعنی آپ کے نزدیک۔۔۔ آپ کے ڈیڈ نے کچھ غلط نہیں کیا۔۔۔؟" عائلہ کی آنکھیں بھیگ رہی تھیں۔

"عائلہ مجھے اس بارے میں بات نہیں کرنی ہے تم پلیز اس ٹاپک کو کلوز کر دو۔۔۔" وہ جھنجھنایا تھا۔

"آگر کبھی ہمارے درمیان۔۔۔ بھی اختلافات آگئے۔۔۔ یا پھر میں آپ سے۔۔۔ ناراض ہوئی تو۔۔۔ کیا آپ بھی۔۔۔۔ دوسری شادی۔۔۔"

"عائلہ۔۔۔!؛" یرمان کا ہاتھ اٹھا تھا لیکِن وہ عائلہ کو تھپڑ نہیں مار سکا تھا اس کا چہرہ سرخ ہوا تھا عائلہ ایسی بکواس بھی کیسے کر سکتی تھی۔

"آج کے بعد ایسی بکواس کی تو تم مجھ سے برا کوئی نہیں سمجھی تم۔۔۔!؛" وہ دھاڑا تھا ان کی آوازیں اب کچھ زیادہ ہی بلند ہو رہی تھیں۔

"عائلہ رونا بند کرو اپنی باتوں پہ بھی تو غور کرو۔۔۔ کیا بکواس کر رہی تھی تم۔۔۔ میں تمھیں کبھی نہیں چھوڑوں گا نہ ہی کسی اور کے بارے میں سوچو گا سمجھی تم۔۔۔" وہ اُسے کندھوں سے پکڑے جھنجوڑ چکا تھا عائلہ کی آنکھیں بھیگتی جا رہی تھیں۔

"سوچا تو پہلے تھا آپ نے کسی کو۔۔۔!؛" اِشارہ مایا کی طرف تھا شادی سے پہلے مایا کے قریب تو تھا وہ۔

"تمھیں ماضی یاد ہے اور حال کیوں نہیں سوچ رہی ہو جو کچھ پاسٹ میں تھا وہ بدل چکا ہے تمھارا شوہر ہوں میں اور ہمیشہ تمھارا رہوں گا۔۔۔" وہ اس

کے ماتھے سے ماتھا جوڑ گیا صد اشکر کہ اس نے عائلہ پہ ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا ورنہ کیسے سامنے کرتا عائلہ کا۔

"مجھے ڈر لگ رہا۔۔۔ہے آپ سے۔۔۔"عائلہ نے بیڈ سے اترنا چاہا لیکن جیسے ہی نظر اپنے حلیے پہ گئی اس کے چہرے کا رنگ بدلا تھا اس کے وجود پہ موجود نازک پردہ بے ترتیب تھا جبکہ شرٹ۔

وہ خود میں سمٹی تھی یرمان کر ہونٹوں پہ مسکراہٹ بکھری تھی جتنا ٹنس وہ یہاں آنے سے پہلے تھا عائلہ کی قربت میں وہ سب بھولتا جا رہا تھا۔

"مجھ سے ڈر کیوں لگ رہا ہے۔۔۔؟"یرمان نے کھینچ کر اسے بانہوں میں بھرا۔

"آنکل اتنے۔۔۔۔اچھے تھے۔۔۔۔پھر بھی۔۔۔۔۔اُنھوں۔۔۔۔۔نے شادی۔۔۔۔۔۔کرلی۔۔۔۔۔آگر۔۔۔اپ۔۔۔"یہ ڈر جیسے اس کی رگ رگ میں سرایت کر رہا تھا یرمان کو کھونے کا سوچتے اس کا دل بند ہونے لگا تھا وہ اب ماننے لگی تھی اسے یرمان ملک سے محبت ہو چکی تھی یرمان جیسے اس کا خیال رکھتا تھا وہ سب عائلہ کے دل میں موجود نفرت کو جھاگ کی طرح بہا لے گیا تھا۔

"عائلہ تم کیوں انسکیورٹی فیل کر رہی ہو میں بہت محبت کرتا ہوں تم سے۔۔۔ہمارے درمیان آگر کوئی آیا تو وہ ہماری اولاد ہو گی یقین کرو میں تمھارا ہوں اور تمھارا ہی رہوں گا خود کو پریشان مت کرو فضول کی باتوں کو سوچتے۔۔۔بس میرے بارے میں سوچو۔۔۔"وہ اس کی شرٹ کے بٹنس بند کر رہا تھا۔۔

"اتنا کچھ بول دیا میں نے کچھ تم بھی بولو۔۔۔" یرمان نے بیڈ کروان سے ٹیک لگاتے عائلہ کو اپنے حصار میں لیتے اس کا سر اپنے کندھے پہ رکھا تھا عائلہ نے نم بال قدرے خشک ہو چکے تھے۔

ان سے اٹھتی شمپو کی مہک یرمان نے سانسوں کے راستے خود میں اتاری تھی

۔

"کیا بولو۔۔۔!؟" عائلہ نے منہ بنایا حالانکہ یرمان کے اظہارِ محبت پہ اس کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ بکھری تھی جسے وہ چھپا گئی۔

"کچھ بھی جو تمھارے دل میں ہے۔۔۔!؟" اس کے ہاتھ عائلہ کے پیٹ پہ تھے وہ عائلہ کی دھڑکنوں پہ اپنا حق جتاتے اسے خود میں بھینچ گیا تھا۔

"سونا ہے۔۔۔مجھے۔۔۔"وہ منمنائی تھی یرمان کی نظروں میں چھپی طلب اوٗر اس کے ارادوں سے نظریں چراتے اس نے نیند کا بہانہ بنایا تھا۔

"میں جاگ رہا ہوں تمھیں بھی میرے ساتھ جاگنا ہو گا ڈئیر وایفی۔۔۔اوٗر میں تو تمھیں ساتھ لیکر جاؤں گا یہاں نہیں رہنے دے سکتا ہوں میرا تمھارے بغیر گزرا نہیں ہوتا ہے۔۔۔"وہ اس کو یہاں نہیں رہنے دے سکتا تھا اسے عائلہ کو وآپس اپنے ساتھ لے کر جانا تھا۔

"نہیں مجھے یہاں رہنا ہے۔۔"عائلہ ایک ہفتہ تو اپنے بھائی کے پاس رکنا چاہتی تھی یہاں سے جانا نہیں چاہتی تھی لیکن یرمان جس قدر سنجیدہ تھا عائلہ کو بے ساختہ لگا جیسے یرمان اسے ساتھ لیکر ہی جائے گا یہاں چھوڑے گا نہیں

۔

"واٹ ایک ہفتہ ؟"

"بھیا سے اتنے ٹائم بعد۔۔۔۔ ملی ہوں تو اتنی۔۔۔۔۔ جلدی واپس نہیں آؤں گی۔۔۔ آپ کو اعتراض نہیں کرنا۔۔۔۔ چاہیے میرے یہاں رہنے پہ۔۔۔۔" عائلہ نے اس کی شرٹ کے بٹن پہ انگلیاں گھماتے منہ بنایا تھا۔

"نووے تم میرے ساتھ جاؤں گی آگر بولو گی تو روز صبح چھوڑ جاؤں گا لیکن رات تمھیں میرے ساتھ ہی رہنا ہو گا عائلہ میں تمھیں یہاں نہیں رہنے دے سکتا ہوں تم ایک لمحے کے لیے مجھ سے الگ ہو میری سانس رکنے لگ جاتی ہے اوُر تم یہاں ایک ہفتہ رہنے والی ہو نہیں یہ نہیں ہو سکتا ہے عائلہ۔۔۔" یرمان نے صاف صاف انکار دیا عائلہ نے غصے میں یرمان کی بیرڈ کے بال کھینچے تو وہ کڑایا تھا۔

"افففففف لڑکی۔۔۔" وہ اُسے گھورنے لگا عائلہ کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ در آئی یہ پہلی بار تھا وہ یرمان ملک کے سامنے یوں مسکرائی تھی یرمان نے

پھرتی سے اس کے ہونٹوں کو قید کیا تو عائلہ کی مسکراہٹ تھم گئی تھی لیکن ہونٹوں پہ یرمان کی گرفت بڑھتی جا رہی تھی وہ اس کے ہونٹوں کو قید کرتے کرتے اس کی انگلیوں کو اپنی انگلیوں میں الجھاتے انہیں پیچھے لاک کرتے شدت سے اس کی سانسوں کو پینے لگا تھا۔۔۔

عائلہ کو اگر زرا سا بھی اندازہ ہوتا کہ اس کے ہلکا سا مسکرانے پہ مقابل اتنا جنونی ہو جائے گا تو وہ مسکرانے کا رسک کبھی نہیں لیتی۔

وہ اس کے لبوں کو چومتے مدہوشی سے اس کے لبوں کا جام پی رہا تھا

دروازے پہ دستک ہوئی عائلہ کرنٹ کھاتے پیچھے ہوتی کہ یرمان نے اس کی یہ کوشش ناکام بنا دیتی اگر وہ عائلہ کے ہونٹوں کو آزاد کرتا تو عائلہ بولتی جو وہ ہرگز نہیں چاہتا تھا۔۔

دروازے پہ مسلسل دستک ہو رہی تھی لیکن یرمان ملک عائلہ کے ہونٹوں کو قید کیے ہنوز اسے اپنے حصارِ میں لیے ہؤا تھا جبکہ دروازے پہ ضامن یا ابرش میں جو کوئی بھی تھا وہ شاید عائلہ کو سویا سمجھ کر واپس چلے گئے تھے۔۔۔

جب دروازے پہ دستک بند ہوئی تو یرمان پیچھے ہٹا تھا عائلہ کے ہونٹ خون کی طرح سرخ ہو رہے تھے جیسے خون رس رہا ہوں عائلہ نے دانت پیستے یرمان کو دیکھا جو اپنے ہونٹوں کو سہلا رہا تھا.

"بھیا کیا سوچ رہے ہونگے۔۔۔!" اسے ضامن کی فکر ہوئی یقیناً ضامن ہی آیا تھا اس کے کمرے میں لیکن یرمان نے اسے کچھ دیکھنے ہی کہاں دیا وہ تو اسے خود میں قید کرتا چلا گیا تھا۔

"وہ کیوں آئے گا۔۔۔ تُمھارے روم میں وہ تو اپنے روم میں ہو گا۔۔۔ اپنی بیوی کے ساتھ۔۔۔" یرمان کو معلوم ہو چکا تھا کہ ابرش یہیں آئی تھی ڈیڈ سے ناراض ہو کر وہ ابرش سے بات کرنا چاہتا تھا ڈیڈ ابرش کی وجہ سے پریشان تھے وہ چاہتا تھا کہ ابرش ڈیڈ کی پوزیشن کو سمجھنے کی کوشش کرے۔

"آپ کی طرح نہیں ہیں وہ۔۔۔" عائلہ یرمان کے حصار سے نکلنا چاہتی تھی پر وہ تھا کہ گرفت سخت کر رہا تھا کہ عائلہ چاہا کر بھی اس کے حصار سے نکل نہیں پا رہی تھی۔

"میری طرح نہیں ہے کیا مطلب؟"

"ہر وقت۔۔ یہ سب نہیں کرتے۔۔۔"

"کیا نہیں کرتا وہ۔۔۔؟" یرمان اس کی باتوں کو سمجھ نہیں پا رہا تھا وہ کہنا چاہتی تھی۔

"رومانس نہیں کرتے ہر وقت۔۔۔" دانت پیستے جواب دیا تو یرمان کا قہقہہ بے ساختہ تھا عائلہ نے تیزی سے یرمان کے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا تھا اس کے ساتھ ہی ضامن کا روم تھا اگر وہ یہ آواز سن لیتا تو پھر۔

"کیا کرتے ہیں آپ۔۔۔؟" عائلہ نے آنکھیں دکھائی تو یرمان کی آنکھوں کی چمک بڑھی تھی آج عائلہ اسے اپنے بہت قریب لگی تھی۔

"عائلہ تم کیا پڑھتی ہو وہ۔۔۔ جن کے بارے میں تم نے مجھے بتایا تھا۔۔۔؟" یرمان کو لفظ ٹھیک سے یاد نہیں تھا لیکِن عائلہ نے اسے بتایا تھا وہ کوئی کتابیں پڑھتی ہے جن سے اسے کافی انفارمیشن ملتی ہے۔

"ناولز۔۔۔"عائلہ نے سائیڈ ٹیبل پہ پڑا جنونیت ناول دیکھا جو اس نے شادی سے پہلے شروع کیا تھا لیکِن پھر درمیان میں اتنا کچھ ہو گیا کہ اسے پڑھنے کا موقع ہی نہیں مل سکا۔

"ہاں آج میرے ساتھ پڑھو۔۔۔"ایسے ہی لیٹے ہوئے یرمان نے سائیڈ سے ناول اُٹھاتے عائلہ کے ہاتھ میں دیا تھا عائلہ اس کے کندھوں پہ ہاتھ رکھتے اٹھنے لگی یرمان کے ساتھ کم سے کم وہ رومانٹک ناول تو ہر گز نہیں پڑھنے والی تھی کیا سوچتا وہ اس کے بارے میں کہ کس قسم کے ناولز پڑھتی ہے عائلہ۔

"نہیں نہیں۔۔۔مجھے نیند آ۔۔۔رہی ہے۔۔۔"عائلہ نے پٹ سے آنکھیں بند کر لی تھیں۔

"تو میں اپنے طریقے سے تُمھاری نیند کا علاج کروں یا پھر تم خوُد ہی مجھے پڑھ کر سناؤ گی۔۔۔"یرمان بھی اپنے نام کا ایک اسے بہت مزا آرہا تھا عائلہ کو تنگ کر کے۔

"یہ بہت وہ۔۔۔"وہ یرمان کو کیسے بتاتی یہ ناول آیسا نہیں تھا کہ وہ یرمان کے سامنے پڑھتی اگر کوئی دُوسرا ناول ہوتا تو پھر بھی عائلہ پڑھ لیتی لیکن یہ ناول بہت رومانٹک تھا۔

"لگتا ہے تم چاہتی ہو میں تمھارے ساتھ رومانس کروں تو جانم ٹھیک ہے میری بھی یہی خواہش ہے قسم سے۔۔."عائلہ کے ہونٹوں کو سہلاتے وہ ایک بار پھر سے عائلہ پہ سایہ سا بنا گیا تھا عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"میری طعیبت نہیں ٹھیک ہے آپ۔۔۔۔ نہیں کر سکتے ہیں یہ پلیز۔۔۔ مُجھے سونے دیں۔۔۔!؛"وہ روہانسی ہوئی یرمان تو آیسے ریلیکس ہو کر لیٹا تھا جیسے یہ اس کا اپنا بیڈ روم ہو اوُر رات اس نے ادھر ہی رہنا ہو۔

"جانم فضول کے بہانے بنانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے تمھاری طعیبت بالکل ہے میں جانتا ہوں۔۔۔"یرمان نے جیسے اس کی چوری پکڑی تھی۔

"بٹ یہ سب نہیں۔۔۔!؛"وہ شاید کمٹیبل نہیں تھی۔

"کیا تم یہ سب نہیں چاہتی ہو کیا تم نہیں چاہتی ہو میں تمھارے قریب آؤں بتاؤ عائلہ۔۔۔"وہ عائلہ کو شانوں سے تھامے اپنے سامنے بیٹھائے اس کی آنکھوں میں جھانک رہا تھا عائلہ نے سہم کر اسے دیکھا تھا۔

"نہیں۔۔۔!؛" سر جھکاتے جواب دیا حالانکہ مقابل کے وجود کی حدت سے صاف معلوم ہو رہا تھا وہ اس پل اپنے جوان جذبات سے لڑ رہا ہے مقابل کے پہلو میں اس کی بیوی تھی صبر تو پھر بہت مشکل تھا۔

"کیوں میرا قریب آنا اچھا نہیں لگتا ہے۔۔۔؟" وہ سنجیدہ تھا عائلہ کی مرضی کے بغیر وہ اس کے قریب نہیں جا سکتا تھا یہ بات عائلہ سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کر رہی تھی اگر سمجھ جاتی تو پھر سب آچھا ہوتا۔۔

"نہیں وہ میں۔۔۔"

"عائلہ پلیز اٹکے بغیر جواب دو۔۔۔ اگر تمھیں میرا لمس میرا قریب آنا پسند نہیں ہے تو ٹھیک ہے میں آج کے بعد تمھارے قریب نہیں آؤں گا۔۔۔ تم بیوی ہو کر جب میری طلب کو ہی نہیں سمجھ رہی ہو تو تمھارے وجود کی طلب نہیں ہے مُجھے۔۔۔ جانتی ہو اس رشتے کی خوبصورتی کیا ہے۔۔۔؟" وہ

عائلہ کا روٗیہ سمجھ سکتا تھا یقیناً یرمان کی قربت سہن کرنا اس نازک جان کے لیے مشکل تھا لیکن وہ یہ کیوں نہیں سمجھتی تھی کہ یرمان مرد تھا اوٗر پھر جب اس کے پاس اس کی بیوی تھی تو کیسے وہ خود کو روکتا بیوی کے قریب آنے سے۔

"پلیز خفا نہیں ہوں۔۔۔" وہ سسکتے اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپا گئی تھی یرمان کی ناراضگی بھی برداشت نہیں کر سکتی تھی اوٗر یرمان کی نزدیکی بھی نہیں سہن ہوتی تھی وہ تو خوٗد ہی اپنی حالت پہ جھجھنا گئی تھی کسی اوٗر سے کیا کہتی کچھ۔

"عائلہ میں خفا نہیں ہوں تم سے بس تم بتاؤ تم کیا چاہتی ہوں کیا میرا قریب آنا اچھا نہیں لگتا ہے تمھیں۔۔۔ یا پھر تمھیں پسند نہیں ہے یا تم یہ سب چاہتی ہی نہیں ہو۔۔۔ دیکھو جو بھی تمھارے دل میں شئیر کرو میں بہت اپ سٹ ہوں تمھاری قربت میں سب بھولنا چاہتا ہوں کہ مجھے کچھ بھی یاد نہ

رہے۔۔"یرمان کی حالت دیکھ کر عائلہ نے لب کاٹے تھے وہ جانتی تھی یرمان کا مطالبہ غلط نہیں تھا وہ بالکل ٹھیک تھا اپنی جگہ پہ۔

"عائلہ کیا چاہتی ہو آخر۔۔۔"وہ عائلہ کو کندھوں سے تھامے جھنجھوڑتے غرایا تھا وہ خاموش کیوں تھی کچھ بولتی کچھ تو بتاتی اسے۔

"مُجھے خوُد نہیں۔۔۔پتہ میں کیا چاہتی ہوں۔۔۔۔آپ میرے پاس رہیں۔۔۔مُجھے نہیں پتہ یہ کیا ہے۔۔۔لیکن آپ۔۔۔کے ساتھ۔۔۔"وہ یرمان کے گلے لگ گئی تھی شاید وہ اظہار کے معاملے میں کمزور تھی اسے اظہار کرنا نہیں آتا تھا۔

"میں پاس رہوں تو کیسا لگتا ہے۔۔۔."عائلہ نے چند جملوں میں ہی بتا دیا تھا کہ یرمان اس کے لیے کیا ہے وہ تو جیسے ہواؤں میں اڑ رہا تھا۔

"آچھا لگتا ہے۔۔۔جب آپ۔۔۔مایا سے۔۔۔۔بات کرتے۔۔۔ہیں تو۔۔۔دل کو۔۔۔کچھ ہوتا۔۔۔ہے۔۔۔"وہ اپنی آنکھیں رگڑتے جذبات کی رو میں بہتے آج یرمان کو بتا چکی تھی کہ وہ اس کے بارے میں کیا جذبات رکھتی ہے۔

"میں صرف عائلہ یرمان ملک کا ہوں یہ کبھی مت بھولنا عائلہ۔۔۔میری بیوی تم ہو مایا کے ساتھ جو کچھ تھا وہ اب ماضی کا حصّہ بن چکا ہے۔۔۔"وہ عائلہ کے ماتھے پہ ہونٹ رکھتے جذبات کے عالم میں بولا تھا۔

"بھائی آپ لوگوں کا مسلہ حل ہو گیا۔۔۔"ابرش آندر آئی تھی ضامن بھی دروازے میں کھڑا تھا اوُر عائلہ نے یرمان کو دیکھا۔

"ہاں میرا بچہ آپ کی بھابھی میرے ساتھ جا رہی ہے اوُر آپ اپنے ہسبنڈ کے ساتھ جاؤ گی۔۔۔"یرمان سنجیدہ تھا ورنہ دل روخوشی سے جھوم رہا تھا لیکِن وہ اپنی خوشی کا اظہار نہیں کر سکتا فخال تو سنجیدگی کا لبادہ اوڑھ لیا اس نے۔

"عائلہ گڑیا آپ کا فیصلہ ہے یہ۔۔۔!؛"ضامن نے عائلہ سے کنفرم کرنا ضروری سمجھا جبکہ یرمان نے اپنے سالے کی اس حرکت پہ دانت پیس لیے یعنی ضامن کو اس کی بات پہ یقین نہیں تھا جو وہ عائلہ سے کنفرم کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"جی بھائی یہ میرا فیصلہ ہے۔۔۔!؛"وہ ضامن کو یہ بتانے سے رہی کہ یرمان نے خود کو جان سے جوڑنے کی دھمکی دی ہے اور جتنا سر پھرا وہ تھا۔

اسے یرمان سے کسی بھی حد تک کہ پاگل پن کی امید تھی وہ اس کے انکار میں کچھ بھی کر سکتا تھا۔۔۔۔

"بہت اچّھا فیصلہ ہے یہ عائلہ مجھے امید ہے تمھیں پچھتاوا نہیں ہو گا اپنے فیصلے پہ اور ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے نہ ہی انسے دبنے کی ضرورت ہے

آپ کا اپنا گھر ہے وہ آپ جب چاہے آسکتی ہو کوئی مسلہ نہیں ہے۔۔۔"ابرش نے عائلہ گلے لگایا۔

"گڑیا اپنا خیال رکھنا ہے فضول کی کوئی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے میرا بچہ بس خود کا بہت زیادہ خیال رکھنا ہے آپ نے۔۔۔اور جب چاہے آپ ہم سے ملنے آسکتی ہو۔۔۔"ضامن نے عائلہ کو حصار میں لیتے ماتھے پہ بوسہ دیا تو وہ سر ہلا گئی۔

تقریباً دن کے بارہ بج چکے تھے ڈسچارج بھی مل چکا تھا ضامن اور ابرش چلے گئے یرمان نے عائلہ کو بیڈ پہ بیٹھایا اور خود اس کے لئے ضروری سامان آرڈر کیا اور پھر چیزیں سمیٹتے وہ عائلہ کو چینج کروا چکا تھا عائلہ سر جھکائے بیٹھی اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہی تھی وہ پریگنٹ تھی لیکِن ابھی تک اس نے خود کی

رپورٹس نہیں دیکھی تھیں نہ ہی وہ اپنی پریگنینسی کے بارے میں جانتی تھی

۔

یہ بہت بڑی گڈ نیوز تھی یرمان بہت اچھے سے منانا تھا عائلہ کو بھی وہ بہت اچھے سے رومانٹک انداز میں یہ نیوز دینا چاھتا تھا اگر عائلہ کو پہلے معلوم نہیں ہوا تو۔

"عائلہ جاناں ٹھیک ہوناں چکر تو نہیں آرہے ہیں اگر طعیبت ٹھیک نہیں ہے تو رک۔۔۔"

"نہیں نہیں میں بلکل ٹھیک ہو آپ لے چلیں مُجھے۔۔"وہ تیزی سے بیڈ سے اٹھی تھی اس کی پھرتی دیکھتے یرمان نے تیزی دے اسے بانہوں میں بھر ااس کے ایسے اٹھنے پہ اس کا اثر بچے پہ بھی پڑ سکتا تھا۔۔۔۔

"عائلہ آرام سے۔۔۔"یرمان نے ٹوکا ورنہ عائلہ بار بار ایسی بے احتیاطی کرتی جو ان کے بچے کے لیے نقصان دہ ہو سکتی تھی یرمان کے ہاتھ عائلہ کے پیٹ پہ تھے وہ اپنے بچے کے احساس کو محسوس کرنا چاہتا تھا عائلہ کو بانہوں میں بھرتے اپنی خوشی کا اظہار کرنا چاھتا تھا۔

"میں ٹھیک۔۔۔!؛"یرمان بچے کے لیے اسے منع کر رہا تھا ورنہ عائلہ کو کبھی نہیں ڈانٹتا وہ۔۔

"چلو۔۔۔"پچھلی بار کی طرح اس بار بھی یرمان نے عائلہ کو بانہوں میں اٹھایا تھا عائلہ نے احتجاج کیا وہ اسے باہر بھی ایسے ہی لے کر جانے والا تھا عائلہ کے انکار پہ یرمان نے اسے گھورا وہ منہ بنا گئی۔۔۔۔

"اگر نہیں چاہتی ہو کہ میں تمھیں کس کرتے ہی پارکینگ تک لے جاؤں تو خاموش رہو۔۔۔"دھمکی کافی کارآمد ثابت ہوئی تھی عائلہ کی خاموشی پہ وہ

مسکراتے اسے ہاسپٹل سے لے کر نکلا تھا عائلہ نے ہونٹوں کو سختی سے ایک دوسرے میں پیوست کیا یرمان کی یہ حالت اس کو بلش کرنے پہ مجبور کر چکی تھی وہ جانتی تھی کہ اگر کچھ بولنے کی کوشش کرے گی تو یرمان اس کے ہونٹوں کو قید کر لے گا اور پھر چھوڑے گا بھی نہیں۔

یرمان عائلہ کو خاموشی سکون سے چلتے گاڑی تک آیا تھا عائلہ کے لیے پریشان اس کی ڈیڈ سے بات نہیں ہو سکی تھی عائلہ کو گھر چھوڑ کر ڈیڈ سے بات کرنے کے بعد یرمان کا ارادہ اپنے فارم ہاؤس میں جانے کا تھا تاکہ مایا سے پوچھ گچھ کر سکے۔

••••••

اریبہ کو آج ڈسچارج کیا جانا تھا قیوم ملک اس کے ساتھ تھے وہ خاموش تھی جیسے کچھ بولنا ہی اس کے لئے مشکل ہو وہ قیوم ملک سے شکوہ کرتی تو کس منہ

سے وہ تو اسے منع کر کے گئے تھے کہ روم سے نکلنا مت لیکن اریبہ نہ صرف باہر نکلی بلکے عفت سے بات بھی کی جس کی وجہ سے یہ سب ہوا اریبہ نہیں جانتی تھی کہ ضامن اور ابرش وہاں جب آئے اُنہوں نے کون کون سی باتیں سنی ہیں ان کی۔

"اریبہ میں آگر اتنی دیر سے خاموش ہوں تو اسکا مطلب یہ ہے کہ مُجھے تمھارے بولنے کا انتظار ہے بتاؤ مجھے یہ سب کیا ہے۔۔۔؟" وہ جو کب سے خاموش بیٹھے تھے اب ان کی ہمت جواب دے گئی تھی۔

وہ کب تک برداشت کرتے انہیں اریبہ سے ساری بات پوچھنی تھی کہیں نہ کہیں ان کو لگتا تھا اس سب کے پیچھے عفت ملک کا ہاتھ ہے اپنی بیوی کے مزاج سے اچھے سے واقف تھے جانتے تھے وہ ان کو کسی دوسری عورت کے ساتھ نہیں دیکھ سکتی تھیں۔

"قیوم میری حالت دیکھ رہے ہیں آپ؟ اوَر آپ مجھ پہ غصہ کر دیے ہیں۔۔۔ میں نے اپنا بچہ کھویا ہے اوَر آپ مجھے تسلی دینے کے بجائے سوال و جواب کر رہے ہیں سوچیں اگر میرے بچے کے ساتھ مُجھے کچھ ہو جاتا تو کس سے سوال وجواب کرتے آپ۔۔۔" وہ ان کے سوالوں کی نوعیت جانتی تھی وہ کیا پوچھنا چاہتے تھے۔۔۔

"مجھے بس یہ جاننا ہے کیا ہوا تھا تم کمرے میں تھی جب میں گھر سے نکلا تھا میرے پیچھے کیا ہوَا تھا سب بتاؤ مجھے کیا عفت ائی تھی تم سے ملنے یا پھر عفت نے کچھ کہا تم کیسے گری سب بتاؤ مجھے۔۔۔" وہ اس کا ہاتھ تھام گئے اریبہ نے لب کاٹے تھے یہ بہت مشکل تھا لیکن وہ آگر خاموش ہو جاتی تو اس کی پوزیشن کمزور ہو جانی تھی۔

بچے کے لئے قیوم ملک نے اسے مینشن میں رکھنے کا فیصلہ کیا پوری دنیا کے سامنے اسے اپنی بیوی تسلیم کیا اب اریبہ خالی ہاتھ تھی بچہ نہیں رہا تھا اس کا ۔۔۔۔عفت ملک سے بات ہی نہیں کرتی تو یہ ہوتا ہی نہیں وہ قیوم ملک کے کندھے سے لگتے اپنا غم ہلکا کرنا چاہتی تھی۔

"مُجھے عفت نے بلایا وہ مجھ سے بات کرنا چاہتی تھیں مُجھے کیا پتہ تھا وہ مجھے سیڑھیوں سے دھکا دے دیں گی قیوم میرا یقین کریں مُجھے زرا بھی اندازہ ہوتا میں اُن کی بات ہی نہیں سنتی آپ مجھے بول آئے تھے کہ میں کمرے سے نہ نکلوں لیکِن مُجھے لگا کہ اگر میں نے اُن سے بات نہیں کی تو اُن کو غصہ آئے گا لیکن یہ اندازہ نہیں تھا کہ اُنسے بات کرنے کا یہ نتیجہ نکلے گا۔۔۔"اریبہ نے اپنی طرف سے جھوٹ بول دیا تھا قیوم ملک کیا کرتے ہیں

وہ دیکھنا چاہتی تھی وہ چاھتی تھی کہ غصے میں آکر قیوم ملک عفت ملک کو اس گھر سے ہی نکال دیں۔

"یہ سب عفت نے جان بوجھ کر کیا؟" وہ جو پہلے ہی شک میں تھے اب ان کا شک یقین میں بدل گیا تھا کہ اس سب کے پیچھے عفت ملک کا ہی تھا ویسے بھی وہ عفت ملک کو دیکھ تو چکے تھے۔

جانتے تھے وہ اریبہ سے کتنی نفرت کرتی ہے اوُر اسی نفرت میں اُنھوں نے ان کے بچے کی جان لی۔

"آپ کو لگتا ہے میری محبت میں کیا ہے یہ سب؟ سارے حالاتِ آپ کے سامنے ہیں قیوم وہ مجھے کیسے برداشت کر سکتی ہیں میں اُن کی سوتن ہوں وہ تو یہ کبھی نہیں چاہیں گی کہ میرا بچہ اس دُنیا میں آئے اور ان کے بچوں کی

طرح جائیداد کا وارث بنے۔۔۔"جس بات کا سب سے زیادہ دکھ تھا وہی بات ہونٹوں پہ آچکی تھی وہ دولت ہی تو حاصل کرنا چاہتی تھیں۔

"لیکن عفت اتنی کیسے گر سکتی ہیں۔۔۔؟"وہ شاید اریبہ کی بتائی گئی بات پہ یقین نہیں کر پائے اگر ایسا ویسا کچھ ہوتا تو ابرش نے ان کو ضرور کچھ نہ کچھ بتانا تھا کہ اُس نے وہاں کیا دیکھا۔

"آپ بس یہی سوچتے رہیں کہ عفت اتنا کیسے گر گئی کل کو وہ مجھے جان سے مار دیں گی تو پھر بھی یہی سوچتے رہیے گا آپ کہ عفت تو ایسا کچھ نہیں کر سکتی ہیں۔۔۔!؛"وہ چیخی تھی قیوم کیوں عفت کے خلاف کچھ بول نہیں رہے تھے وہ ابھی تک شاید الجھے ہوئے تھے۔

"اریبہ بیہویور سیلف عفت سے بات کرنے کا وقت آگیا ہے اب میں مزید خاموش رہا تو دیر ہو جائے گی یہاں معاملہ تمھارا نہیں بلکے میرے بچے کا ہے

جس کی جان لی ہے عفت نے میں اُنہیں کبھی معاف نہیں کرونگا

اریبہ۔۔۔"وہ مٹھیاں سختی سے آپس میں پیوست کر گئے تھے اریبہ کو بے ساختہ ڈر سا لگا اگر ساری سچائی کھل کر سامنے آگئی تو پھر وہ کیا کرے گی۔

حالانکہ سچ تو یہی تھا کہ اریبہ خود سیڑھیاں چڑھتے اوپر آئی تھی عفت ملک سے بات کرنے ورنہ اسے کسی نے کہا تو نہیں اور سب سے بڑھ کر اس کا پاؤں پھسلا تھا اسے کسی نے دھکا نہیں دیا تھا جو وہ گری بلکے اپنی غلطی کی وجہ سے گری لیکن قیوم کے سامنے اپنی غلطی کیسے ماننا سکتی تھی۔

"مجھے بچے کا دکھ ہو رہا ہے عفت کو مسلہ مجھ سے تھا تو مجھ تک کی محدود رکھتی اس معصوم کے ساتھ اتنا بڑا ظلم کیسے کیا۔۔۔"قیوم ملک کے غصے کو ہوا دینے کے لئے جو اس کے منہ میں آرہا تھا وہ بولتی چلی جارہی تھی قیوم ملک کا بس چلتا تو پہلی فرصت میں پہنچ جاتا گھر اور عفت ملک سے دوٹوک بات کرتا

لیکن اریبہ کو وہ اکیلا نہیں چھوڑ سکتے تھے یرمان سے ان کا رابطہ نہیں ہو سکا ورنہ اگر وہ یہاں ہوتا تو پھر قیوم ملک کئیں بھی جا سکتے تھے۔۔۔ لیکِن اریبہ کو یوں ہاسپٹل میں چھوڑ کر وہ کہیں نہیں جا سکتے تھے تو خاموشی سے اریبہ کو دیکھنے لگے جو بہت گھبرائی ہوئی تھی۔

قیوم ملک سے اتنا بڑا جھوٹ بولا تھا اس نے آگر سچائی قیوم ملک کے سامنے آ جاتی تو بہت برا ہونا تھا اس کے ساتھ۔

ایک تسلی اریبہ کو یہ تھی کہ یرمان قیوم ملک کی سائیڈ پہ تھا وہ اپنی مام کے ساتھ نہیں ڈیڈ کے ساتھ کھڑا تھا اور اب تو معاملہ بھی ایسا تھا جس میں وہ اپنے ڈیڈ کا ہی ساتھ دینے والا تھا۔

"آہ۔۔۔" اریبہ اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھتے کراہی اسے شدید درد محسوس ہوا تھا سٹچز پہ قیوم ملک جو اریبہ سے بات نہیں کر رہے تھے خاموشی سے بیٹھے

تھے اسے روتے دیکھ کر وہ بے چین ہو گئے تھے وہ درد سے سسکی لے رہی تھی۔

بیوی تھی ان کی کیسے سخت دل ہو سکتے تھے وہ تو عفت ملک کی اتنی غلطیوں کو نظر انداز کر جاتے تھے انہیں بس اریبہ پہ غصہ اس بات کا تھا کہ اسے کمرے سے نہیں نکلنا چاہیے تھا ان کی غیر موجودگی میں۔۔

"ڈاکٹر کو بلاؤں میں۔۔۔؟" قیوم ملک اس کے قریب آئے وہ ان کی توجہ ہی تو چاہتی تھی وہ جانتی تھی کہ وہ صوفے پہ بیٹھے عفت ملک کے بارے میں سوچ رہے تھے اریبہ چاہتی تھی کہ قیوم ملک کے آس پاس ان کے دل و دماغ میں بس وہ رہے عفت ملک کہیں بھی نہ ہو قیوم ملک کی زندگی میں۔

اس کے لیے ضروری تھا کہ عفت ملک "ملک مینشن" چھوڑ کر جاتی اگر ان کا بچہ پیدا ہوتا تو پھر حالات مختلف ہو جانے تھے عفت ملک کو نکالنا اس کے لیے بہت آسان ہو جانا تھا۔

"نہیں۔۔۔گھر چلیں۔۔۔!؛" وہ جلد از جلد گھر پہنچ کر عفت ملک اور قیوم ملک کے بات کرنے کی منتظر تھی وہ جاننا چاہتی تھی عفت ملک کے ساتھ کیا ہوتا ہے کتنی اہمیت تھی ان کے بچے کی قیوم ملک کے نزدیک۔۔۔۔۔۔

"جا رہے ہیں ڈرائیور بس پہنچنے والا ہے۔۔!؛" قیوم ملک واپس صوفے پہ بیٹھ گئے اریبہ نے دانتوں کو پیستے ان کو گھورا کیا ہی آچھا ہوتا کہ قیوم ملک اس کے ساتھ بیٹھ جاتے اُس رات عفت ملک کے تو اتنے قریب بیٹھے تھے اس کے قریب کیوں نہیں آتے تھے۔

"مجھے بہت گھبراہٹ ہو رہی ہے قیوم کوئی بات کریں مجھے وحشت سی ہو رہی ہے میرا سر پھٹ جائے گا ہمارا بچہ کتنے خوش تھے ہم ہمارا رشتہ مکمل ہونے جا رہا تھا لیکِن سب ختم ہو گیا صرف عفت کی وجہ سے آپ کی بیوی کی وجہ سے۔۔۔!؛"عفت ملک کا زکر تو ان کے درمیان سے جا ہی نہیں رہا تھا وہ جتنی کوشش کرتی کہ عفت کو قیوم ملک سے دور رکھنے کی اس کی باتوں میں اتنا ہی عفت ملک کا ذکر ہوتا تھا۔

"اریبہ بار بار اس بات کو دہرانے سے تکلیف کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہو گا پلیز ریلیکس رکھو خوُد کو تُمھاری طعیبت خراب ہو جائے گی۔۔۔" قیوم ملک کیا بات کرتے آیسا لگ رہا تھا ان کے پاس لفظ نہیں ہیں کچھ بولنے کے لئے۔

"ریلیکس۔۔۔سیر سیلی۔۔۔اتنا سب ہو جانے کے بعد میں ریلیکس کیسے وہ سکسی ہوں میرے آندر وبال اٹھ رہے ہیں قیوم میرا دل بھاری ہو رہا ہے مجھے سانس نہیں آ رہی ہے مجھے ایسا لگتا ہے میری سانس رک جائے گی اوَر میں جان سے چلی جاؤں گی۔۔۔"وہ اپنا گلہ جکڑے چیخی تھی اس کی سسکیوں کی آواز پورے کمرے میں سنائی دے رہی تھی۔

قیوم ملک اس کے قریب ہوئے اوَر نرمی سے اسے شانوں سے تھاما وہ بھیگی آنکھیں ان کے چہرے پہ گاڑ گئی تھی۔

"میں جانتا ہوں یہ غم چھوٹا نہیں ہے اریبہ لیکن تمھیں خوَد کو سبھالنا ہو گا آ اریبہ۔۔۔"وہ اس کے چہرے کو دیکھتے بولے تو وہ محض سر ہلا سکی کتنی آسانی سے وہ کہہ چکے تھے صحیح کہا ہے کسی نے جس پہ بیتتی ہے وہ ہی جانتا ہے۔۔۔"

"میں کیسے سنبھالوں خود کو میرے اختیار میں نہیں ہے کچھ بھی بس میرے دل پہ بھاری بوجھ ہے آیسا بوجھ جس کے نیچے میرا دل بند ہو جائے گا میں مر جاؤں گی قیوم میں مر جاؤں گی۔۔۔" وہ ہزیائی ہوتے چیخی تھی اور قیوم ملک نے اس کا سر اپنے سینے پہ رکھا وہ ان کے کندھے سے لگتے سسکنے لگی بھلے خود کو محفوظ بنایا تھا لیکن قیوم ملک کا سہارا ملتے ہی وہ جیسے ٹوٹ کر بکھری تھی۔

"اریبہ رونا بند کرو۔۔۔" وہ اسے روتے نہیں دیکھ سکتے تھے اس کی پیٹھ سہلاتے اسے خاموش کروایا لیکن وہ کہاں چپ کر رہی تھی اس کی ہچکیوں اور سسکیوں میں اضافہ ہو رہا تھا۔

"اریبہ۔۔" اب کی آواز خاصی سخت تھی وہ جانتے تھے جتنا نرمی سے وہ اسے ٹریٹ کرتے اس نے اتنے ہی نخرے دکھانے تھے۔

"میں مر رہی ہوں اور آپ کا غصہ ہی نہیں کم ہو رہا ہے قیوم۔۔۔ کیا وہ صرف میرا بچہ تھا۔۔۔ آپ کا اُس بچے سے کوئی رشتہ نہیں تھا آپ کیسے اتنے مطمئین ہو سکتے ہیں قیوم کیسے۔۔۔" وہ ان کی شرٹ کا کالر جکڑ چکی تھی

۔

"اریبہ میں کیا کروں یہاں ہاسپٹل میں شور مچانا شروع کر دوں یا تمھاری طرح رونے بیٹھ جاؤں میں پتہ لگا رہا ہوں ناں گھر جا کر ساری بات معلوم ہو جائے گی تم کیوں مجھے بار بار طنز کر رہی ہو۔۔۔" قیوم ملک نے جھٹکے سے اسے خود سے الگ کیا وہ بھیگی آنکھوں سے اُنہیں دیکھ رہی تھی۔

"آپ کو کیا افسوس۔۔۔ آپ کے پاس تو پہلے بھی دو بچے ہیں بیٹا ہے جو آپ کے اس بزنس امپائر کا مالک ہے غریب تو میں ہوئی ہوں اولاد تو میں نے

کھوئی ہے اپنی قیوم۔۔۔" وہ اپنا چہرہ سے رگڑ رہی تھی قیوم ملک کو اس پل جیسے اریبہ پہ ترس سا آیا ہاں وہ ماں تھی اپنی فیلنگز پہ کیسے کنٹرول کرتی۔

وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ یہ گلٹ تھا اریبہ کا جو اپنی ہی اولاد کو کھونے کا تھا آپنی غلطی کی وجہ سے اور ایک خوف اندر تھا کہ قیوم ملک کو معلوم ہو گیا تو کیا ہو گا عفت ملک آیسے ہی تو نہیں جانے دینے والی تھیں اپنے اوپر لگے الزام کو وہ جسٹیفائی تو وہ ضرور کرنے والی تھیں۔

"ہاں ہے میرے پاس بیٹا اور کافی ہے میرے لیے وہ بیٹی بھی ہے تو مُجھے کیا ضرورت تھی اوُر اولاد کی۔۔ تم ٹھیک کہہ رہی ہو اریبہ۔۔۔" اسے اریبہ کی سوچ پہ افسوس ہوُا وہ اتنا کچھ کر رہے تھے اوُر اریبہ بدلے میں یہ صلہ دے رہی تھی انہیں۔

"قیوم۔۔۔" ان کے اعتراف پہ وہ کتنی ہی دیر کچھ بول نہیں سکی تھی۔

"اریبہ چلو اٹھو چینج کر کے ڈریس پہنو ڈرائیور آ گیا ہے ہم نے گھر جانا ہے۔۔۔"ان ک گھر جانے والی بات سن کر اریبہ نے حلق تر کیا یہاں دل میں یہ امید تھی کہ عفت ملک کو گھر سے نکال دیا جائے گا وہیں دل میں یہ ڈر بیٹھا ہوا تھا کہ کہیں قیوم ملک کو سچائی نہ معلوم ہو جائے اس کی۔

"آرام سے اترو۔۔۔"وہ اٹھنے لگی تو اس کے سٹچز پہ کھنچاؤ پڑا تھا قیوم ملک نے آگے بڑھتے اسے سہارا دیا تھا اور خود باتھ روم لے گئے کہ وہ چینج کر سکے وہ اس وقت ہاسپٹل کے ڈریس میں موجود تھی۔

قیوم ملک اسے نظر انداز نہیں کر پا رہے تھے وہ تکلیف میں تھی جو اس کے چہرے سے عیاں تھی وہ قیوم ملک کی توجہ چاہتی تھی وہ چاہتی تھی کہ قیوم ملک اس کے علاوہ کسی اور کو نہ سوچیں لیکن وہ الجھے ہوئے تھے سوچ میں عفت ملک تھی ہاں وہ جتنی کوشش کر رہے تھے کہ عفت ملک کو نہ سوچیں

وہ اتنا ہی اُنہیں سوچ رہے تھے پاس تو اریبہ کے تھے لیکن دل و دماغ میں اریبہ نہیں تھی۔۔

"آپ کو احساس ہے میری تکلیف کا۔۔؟" وہ تلخی سے بولی تھی قیوم ملک اس کے ساتھ ہو کر بھی اس کے ساتھ نہیں تھے جانتی تھی وہ کیا سوچ رہے ہونگے اوُر اریبہ خود بھی تو ان سوچوں سے پیچھا نہیں چھڑا پا رہی تھی وہ خوُد بھی تو الجھی ہوئی تھی۔

جو آگے ہونے والا تھا اس میں انہیں سو فیصد گارنٹی نہیں تھی کہ وہ ہی یعنی والا ہے جو وہ چاہتی ہے۔

اس نے باتھ روم جاتے بمشکل ڈریس چینج کیا اور اپنے پہلو میں اٹھتے درد پہ ضبط کیا قیوم ملک اسے لیے گاڑی میں بیٹھ چکے تھے ڈرائیور گاڑی چلا رہا تھا

قیوم ملک خاموش تھے خاموش تو اریبہ بھی تھی دونوں میں کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔

"آپ مجھ سے ناراض ہیں۔۔۔؟" اتنی دیر درمیان میں خاموشی حائل رہی لیکن پھر اریبہ اس خاموشی سے اکتا گئی تھی وہ قیوم ملک کے ہاتھ پہ نرمی سے آپنا ہاتھ رکھ چکی تھی۔

وہ آہستگی سے اس کا ہاتھ تھام گئے وہ تکلیف میں تھی قیوم ملک کو اندازہ تھا لیکِن اریبہ کی باتوں سے وہ دکھی ہوئی تھی کہاں اریبہ نے کبھی ان سے مس بیہو کیا وہ تو ہمیشہ بہت سوفٹلی نرمی سے بات کرتی تھی لیکِن اب اریبہ کی شخصیت کے بہت سے پہلو ان کے سامنے آرہے تھے۔

"آرام سے سیٹ کی پشت سے ٹیک لگالو اریبہ تھک جاؤ گی اتنی دیر بیٹھے رہنا تمھارے لیے ٹھیک نہیں ہے۔۔۔"انہوں نے یہ نہیں کہا کہ میرے کندھے پہ سر رکھ لو یہ بات اریبہ کو چبھی تھی۔

"اگر میرے بجائے عفت ہوتی یہاں تو آپ اُن سے بھی یہی کہتے کہ سیٹ سے ٹیک لگالیں یا اُنہیں اپنے حصار میں لیتے۔۔۔"اریبہ کی آنکھوں کے سامنے رات کا منظر آیا یہاں قیوم ملک عفت ملک کو اپنے حصار میں لیے ہوئے تھے۔

"یہ کس قسم کا سوال ہے؟"وہ حیرانگی سے بولے شاید اریبہ سے ایسے سوال کی توقع نہیں تھی اُنہیں۔

"سادہ سا سوال ہے قیوم۔۔۔ آپ کا رویہ بدل رہا ہے ایسا لگتا ہے میرا خیال صرف بچے کے لئے رکھتے تھے وہ ہی اب نہیں رہا ہے تو میں اہم نہیں رہی

ہوں۔۔ورنہ تو پلکوں پہ بٹھائے رکھتے تھے آپ مجھے۔۔"اریبہ کی آنکھیں پانیوں سے بھری تھیں۔

"گرنے کا اثر تمھارے دماغ پہ ہو گیا ہے اریبہ ایسا ویسا کچھ نہیں ہے تم میری بیوی ہو اور میرے لیے بہت اہم ہو یہ بات تمھاری سمجھ میں نہیں آتی ہے اور مُجھے لگتا ہے تمھاری شخصیت کے جو پہلے اب میرے سامنے آرہے ہیں َ حقیقتا تم یہی ہو پہلے جو ظاہر ہوتا تھا وہ سچ نہیں تھا۔۔۔"وہ طنز نہیں کر دیے تھے نہ ہی غصہ کر رہے تھے ہاں ان کے لہجے میں کچھ ایسا تھا کہ اریبہ پہلو بدل کر رہ گئی تھی۔

"قیوم آپ مجھ سے بیزار ہو رہے ہیں بہانے بنانا بند کریں آپ کو آگر مجھ سے بات نہیں کرنی ہے تو ٹھیک ہے نہ کریں لیکن کم سے کم اس معاملے میں قصوروار ٹھہرانے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔"وہ اپنے چہرے کو

ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی گاڑی روڈ پہ رواں دواں تھی
اریبہ کی باتوں پہ قیوم ملک نے ایک سلگتی نگاہ اس کے روتے بلکتے وجود پہ ڈالی وہ اپنی خامی چھپانے کے لیے ان پہ الزام لگا رہی تھی وہ جانتے تھے لیکن انہوں نے اس کے سوال کا جواب ہی نہیں دیا وہ خاموش ہو گئے۔

کچھ کہتے تو بات مزید بڑھ جاتی جو وہ نہیں چاہتے تھے لہذا خاموشی ہی بہتر تھی اریبہ ان کے جواب نہ دینے پہ اپنی بھیگی آنکھیں صاف کرتے سیٹ سے پشت ٹکائے خاموشی سے اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہی تھی نجانے ان لکیروں میں کیا لکھا تھا کل تک اریبہ کو لگ رہا تھا کہ اس نے سب کچھ پا لیا ہے لیکن آج۔۔

آج وہ خالی ہاتھ تھی بچے کھو دیا تھا تو لگ رہا تھا جیسے سب کچھ ان کے ہاتھ سے پھسل گیا ہے وہ بس خالی نظروں سے روڈ پہ چلتی گاڑیوں کو دیکھ رہی تھی گاڑی جب ملک مینشن کے کار پورچ میں آ کر رکی تو وہ چونکتے سیدھی ہوئی۔

قیوم ملک کے چہرے کے تاثرات بدلے تھے وہ پتھریلے تاثرات لیے گاڑی سے اترے تھے اور اریبہ کا ہاتھ تھاما اس میں اتنی ہمّت نہیں بچی تھی کہ وہ ان کا ہاتھ جھٹک دیتی۔

شام کا وقت تھا جانتی تھی لاونج میں عفت ملک تو ضرور موجود ہو گئیں اس نے اپنی پیشانی پہ چمکتے پسینے کے قطرے اپنی ہتھیلی سے صاف کیے.

قیوم ملک اور اریبہ جیسے ہی ہال میں داخل ہوئے عفت ملک ان دونوں کو ساتھ دیکھ کر صوفے سے اٹھی تھیں اریبہ کا ہاتھ قیوم ملک کے ہاتھ میں

دیکھتے وہ سر تا پا جلی تھیں کل سے وہ مینشن میں اکیلی تھی ابرش بھی تھوڑی دیر کے لیے آئی تھی اور پھر چلی گئی۔

.....

عفت ملک کے لئے یہ منظر نا قابلِ برداشت تھا جس انسان پہ ہمیشہ اپنا حق جتایا اس کے ہاتھ میں کسی اوَر کا ہاتھ دیکھ کر ان کا پورا وجود بھڑ پھڑوں کی زد میں آیا تھا ان کا بس چلتا تو اس لڑکی کو جان سے مار دیتی۔

عفت ملک کل سے تنہا تھیں مایا جا چکی تھیں انہیں امید نہیں تھی کہ ایسے مشکل وقت میں وہ اُنہیں چھوڑ کر جائے گی یرمان بھی کل کا نکلا ہوا تھا ابرش نے انہیں بتایا تھا کہ یرمان کی بیوی کو کسی نے کڈنیپ کر لیا ہے۔

عفت ملک کو ہمیشہ سے یرمان کی زندگی میں اُس لڑکی کو برداشت نہیں کرتی آئی تھیں یہ خبر سن کر ان کو نجانے کیوں اچھا نہیں لگا تھا ان کا بیٹا پریشان تھا اُس لڑکی کے لیے۔

انہوں نے کافی کالز بھی کی یرمان کو لیکن اس نے ان کی کال ریسیو نہیں کی وہ ابرش کو بھی ملاتی رہی لیکن وہ بھی شاید مصروف تھی جو انہیں کال بیک نہیں کیا یرمان ان کا نہیں قیوم ملک کا سپوٹر تھا وہ ان کی سائیڈ لیتا تھا لیکن عفت کو لگ رہا تھا کہ یرمان کو یہاں ہونا چاہیے کم سے کم وہ اپنی مام کے حق میں کچھ تو بولے گا۔

"آپ نے کب تک اس لڑکی کا ہاتھ پکڑے رکھنا ہے۔۔!" عفت ملک کی برداشت نے جواب دیا تو وہ قیوم ملک کے مقابل آ کھڑی ہوئی تھیں جن

کے ہاتھ میں ابھی تک اریبہ کا ہاتھ قید تھا جسے وہ شاید چھوڑنا نہیں چاہا رہے تھے۔

"ساری زندگی پکڑے رکھنا ہے میں نے یہ ہاتھ!؛ لیکن آپ نے ایسا کیوں کیا؟" وہ اب مدعے پہ آئے تو عفت ملک چونک سی گئی وہ آخر کس بارے میں بات کر رہے تھے کیا کیا تھا عفت ملک نے ایسا۔

"کیوں کیا بتائیں مُجھے۔۔۔؟" وہ اریبہ کو چھوڑتے عفت ملک کے سامنے آئے تھے جو ان کو چھبن بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی ان کے سوالوں کی نوعیت وہ سمجھ نہیں پا رہی تھیں۔

"کیا کیا ہے میں نے؟" وہ اپنی طرف انگلی سے اشارہ کر رہی تھی قیوم ملک نے تاسف سے سر ہلایا یعنی ایک تو چوری اوپر سے سینہ زوری وہ ماننے کے لیے بھی تیار نہیں تھیں کہ انہوں نے یہ سب کیا کیا ہے اریبہ کے پورے

وجود میں درد کی ٹھیس اٹھ رہی تھی اس سے کھڑا رہنا مشکل ہؤا تو صوفے پہ بیٹھ گئی آندر نہیں جا سکتی تھی اسے یہیں رہنا تھا اگر آندر جاتی تو پیچھے کچھ بھی ہو سکتا تھا کچھ بھی ایسا جو وہ برداشت نہیں کر پاتی۔

"آپ کتنی بے حس عورت ہیں ایک بار بھی دل نہیں کانپا آپ کا۔۔۔ آپ نے ایک معصوم کی جان لی ہے اور یوں بننے کا ناٹک کر رہی ہیں جیسے کچھ ہوا ہی نہیں ہے یہ بہت آسان ہے آپ کے لئے۔۔۔!؛" وہ اُنہیں کندھوں سے تھام چکے تھے عفت ملک کے حواسوں جیسے گم سے ہوئے وہ بے یقینی سے قیوم ملک کے ہونٹوں سے نکلے لفظوں کو سن رہی تھی۔

"آپ کو لگتا ہے یہ سب میں نے کیا ہے۔۔۔!؟" ابرش نے انہیں بتایا تھا اریبہ کے بارے میں کہ اس کا بچہ دنیا میں آنے سے پہلے ہی مر گیا ہے۔

غلطی اریبہ کی تھی اسے اس ایسی حالت میں سیڑھیاں چڑھنے کی کیا ضرورت تھی لیکن افسوس عفت ملک کو اپنے شوہر کی سوچ پہ ہو رہا تھا۔

وہ انہیں اتنا گرا ہوا سمجھ رہے تھے ہاں انہیں اریبہ نہیں پسند تھی سوتن تھی کیسے پسند آتی وہ اور اس کا بچہ بھی انہیں کہاں پسند آنا تھا لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں تھا کہ وہ اس حد تک گر جاتی کہ ایک معصوم کی جان لے لیتی

۔

"ہاں یہ سب آپ نے کیا کیا ہے آپ نے اریبہ کو سیڑھیوں سے دھکا دیا اور اس کی حالت اتنی خراب ہوئی افسوس ہو رہا ہو گا آپ کو کہ اریبہ کیسے زندہ بچ گئی۔۔۔" وہ بولتے ہوئے نجانے کیا کیا بول چکے تھے خود احساس نہیں تھا

۔

"میں نے دھکا دیا۔۔۔؟" ان کی آنکھوں میں واضح حیرت پھیلی تھی یعنی اس لڑکی نے قیوم ملک کو یہ بتایا تھا کہ وہ سیڑھیوں سے گری نہیں اسے گرایا گیا ہے اور گرانے والی کوئی اور نہیں بلکے عفت ملک ہیں۔

"آپ کیوں انجان بن رہی ہیں عفت آپ نے ہی مجھے بلایا شاید آپ کا پلان تھا میں سمجھ نہیں سکی اور اپنے بچے کو کھو دیا آپ نے بہت غلط کیا دشمنی مجھ سے تھی آپ کی۔۔۔ لیکن آپ نے بدلہ کس سے لیا اپنے شوہر کے بچے سے۔۔۔ آپ نے ایک بار بھی نہیں سوچا اس کا قیوم پہ کیا اثر پڑے گا آپ بہت خود غرض ہیں نہ کل آپ کو قیوم کا احساس تھا اور نہ اج۔۔۔ آپ کبھی نہیں بدل سکتی ہیں۔۔" اریبہ جان بُوجھ کر ماضی درمیان میں لے آئی تاکہ قیوم ملک کے زخموں پہ نمک چھڑک سکے۔

"تم چپ رہو میں اپنے شوہر سے بات کر رہی ہوں اور یہ ہمارا آپسی معاملہ ہے تمھیں درمیان میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے اس سب میں۔۔۔۔"وہ بھڑکی تھیں اریبہ کا درمیان میں بولنا انہیں ایک آنکھ نہیں بھایا تھا وہ کیا سوچ کر درمیان میں بولی۔

"عفت آپ حد سے بڑھ رہی ہیں اریبہ کا نقصان ہوا ہے اور آپ نے یہ جو حرکت کی ہے اس کے بعد میں آپ کو اس گھر میں نہیں رکھ سکتا ہوں آپ پہ اب بھروسہ کرنا بہت مشکل ہے۔۔۔"وہ ہارے سے لگ رہے تھے جیسے صدیوں کا کھٹن سفر کیا ہو اور اب بھی منزل کا کچھ معلوم نہیں ہے کہ کہاں ہے۔

"گھر میں نہیں رہ سکتی کیا مطلب ہے آپ کا؟" وہ چلائی تھیں ملازمین اپنے کاموں میں لگے ہوئے تھے کسی کو درمیان میں بولنے کی بات کرنے یہاں تک کہ اس طرف دیکھنے کی بھی اجازت نہیں تھی۔

"مطلب بہت صاف ہے آپ کو مینشن چھوڑ کر بنگلے میں شفٹ ہونا پڑے گا یہاں اب سے اریبہ رہے گی آپ کی غلطی کی یہ سزا ہے آپ اکیلی رہیں۔۔۔" وہ عفت ملک کو دوسرے بنگلے میں شفٹ کروا رہے تھے وہ بنگلہ قیوم ملک نے عفت ملک کے لیے بنوایا تھا وہ بہت خوبصورت تھا۔

لیکِن عفت ملک بہت کم وہاں گئی تھیں انہیں مینشن سے سب سے زیادہ لگاؤ تھا جب سے شادی ہوئی تھی یہیں رہتی تھیں قیوم ملک کے فیصلے کو وہ کسی صورت نہیں مان سکتی تھیں ان کو اگر لگ رہا تھا کہ یہ سزا دے کر وہ بات ختم کر دیں گے تو ایسا کچھ نہیں ہونے والا تھا۔

"آپ نے خود سے ہی سوچ لیا سب کچھ مجھ سے پوچھا آپ نے کہ سچ کیا ہے آپ کو اس نے بتایا کہ میں نے اسے دھکا دیا اور آپ نے مان بھی لیا لیکن سچ کیا ہے یہ جاننے کی کوشش آپ نے خود کیوں نہیں کی ہے قیوم۔۔۔ آپ نے میرے ساتھ زندگی کے اتنے سال گزار دیئے ہیں اور اب تک آپ مجھے جان نہیں سکے ہیں۔" لہجے میں افسوس تھا بے بسی تھی کیا یہ کم تھا کہ قیوم ملک نے ان کی جگہ کسی اور کو دی اب تو حد ہی ہو گئی وہ انہیں اس مینشن سے نکالنے کے لیے بضد تھے۔

"ہاں تو سچ سامنے ہے اس مینشن میں آپ کے علاوہ کوئی نہیں تھا آپ ہی واحد دشمن ہیں اریبہ کی یہ بھی آپ اچھے سے جانتی ہیں تو پھر اب کیا سچ جاننا باقی رہ گیا ہے۔۔۔" قیوم ملک نے شرٹ کے اوپری بٹن کھولتے گہرا سانس خارج کیا وہ بہت تھک چکے تھے زندگی کی اس بھاگ دوڑ سے۔

"آپ نے تو پہلے ہی سوچا ہوا ہے کہ یہ سب میرا کیا دھرا ہے تو پھر تو آپ پہ میری کوئی دلیل اثر نہیں کرے گی کوئی وضاحت اثر نہیں کرے گی اب فضول ہے۔۔۔ قیوم آج پہلی بار مُجھے احساس ہو رہا ہے کہ میں آپ پہ بھروسہ کر کے زندگی کی سب سے بڑی غلطیٔ کی ہے ہاں مجھ سے بہت سی غلطیاں ہوئی ہیں مَانتی ہوں اگر مجھے ماضی میں واپس جا کر اپنی غلطیوں کو درست کرنے کا موقع ملے تو آپ کے ساتھ کے علاوہ میں اپنی ہر غلطی کو سدھارنے کی کوشش کروں گی۔۔۔"ان کی سمجھو میں نمی سی آگئی تھی پہلی بار ایسا ہوا تھا انہیں محسوس ہو رہا تھا کہ قیوم ملک کے ساتھ شادی ان کا اچھا فیصلہ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

"آپ کو قیوم سے شادی کا پچھتاوا ہے۔۔۔؟!" اریبہ کہاں خاموش رہ سکتی تھی اتنی مشکل سے موقع ملا تھا وہ عفت کا پتہ کٹ ہی کر دینا چاہتی تھی۔

"اریبہ پلیز خاموش رہو تم یہ ہمارا آپسی معاملہ ہے۔۔!؛" قیوم ملک کے لہجے میں سرد مہری کا عنصر نمایاں تھا وہ اریبہ کو ڈانٹ چکے تھے۔

اریبہ کے لئے یقین کرنا مشکل ہوا قیوم ملک عفت ملک کے لیے اسے ڈانٹ رہے تھے اتنی مشکل سے اس نے قیوم ملک کو قائل کیا تھا عفت ملک کے خلاف کیا تھا اور عفت ملک کے چند آنسوؤں نے اسے یہ احساس بخوبی دلایا تھا کہ عفت ملک قیوم ملک کے لیے کیا ہیں ہاں قیوم ملک عفت ملک کے آنسوؤں سے پگھل گئے تھے۔

"آپ پچھتا رہی ہیں مجھ سے رشتہ جوڑ کر۔۔۔؟" یہ ایسی کاری ضرب تھی جو ان کے اعصابوں پہ لگی تھی عفت ملک نے قیوم ملک کی آنکھوں میں دیکھا دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔

عفت ملک کی نظروں میں کچھ تھا ہاں آج تک قیوم ملک کو شکوے رہے تھے عفت ملک سے لیکن عفت ملک کی نظروں میں کچھ تھا جو وہ نظریں چرانے پہ مجبور ہو گئے تھے۔

وہ جذبات کے عالم میں عفت ملک کے رخساروں کو اپنی انگلیوں سے سہلاتے کہ عفت ملک دو قدم پیچھے ہوئی تھیں کیسے بھول گئی وہ کہ قیوم ملک نے اُنہیں مینشن سے نکال دیا ہے۔

"مام ڈیڈ یہ کیا ہو رہا ہے۔۔۔؟" یرمان عائلہ کو لیے اسی وقت اندر آیا تھا وہ ہاسپٹل سے تو جلدی نکل آئے تھے لیکن راستے میں انہیں دیر ہو گئی عائلہ یرمان کی بانہوں میں تھی اوَر عفت ملک قیوم ملک کے سامنے عائلہ کو اچھی خاصی سبکی محسوس ہو رہی تھی وہ قیوم ملک کے سامنے یرمان سے ایسی حرکت کی توقع نہیں کر رہی تھی۔

"نیچے اتاریں۔۔۔مجھے۔۔۔"عائلہ نے یرمان سے کہا تھاوہ مینشن اس کے ساتھ جاتورہی ہے لیکن وہ اس سے دور رہے گا لیکن یرمان تو یہ شرط پوری نہیں کر رہا تھا اسے بانہوں میں بھرتے وہ آندر لایا تھا۔

عائلہ ویک تھی دوسرا اس کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی وہ سمجھ سکتا تھا اس لیے وہ کوئی رسک نہیں لے سکتا تھا اس کا ارادہ عائلہ سے ساری باتیں کلئیر کرنے کا تھا لیکن اس سے پہلے مایا سے بات کرنی بہت ضروری تھی جو نجانے کیا کیا بکواس کر چکی تھی عائلہ سے۔

"عائلہ۔۔۔کیسی طعیبت ہے۔۔۔؟"اریبہ پہلی بار مل رہی تھی عائلہ سے لیکن ایسا لگ کہیں سے بھی نہیں رہا تھا جتنی محبت اس کے لہجے میں عائلہ کے لیے تھی وہ وہاں موجود سبھی افراد کو چوکنا گئی تھی عائلہ سے عفت ملک کا رؤیہ کتنا روڈ تھا یہ بات تو ہر کوئی جانتا تھا اور کسی سے ڈھکی چھپی نہیں تھی

لیکن اریبہ کا اچھا رویہ دیکھ کر یرمان کو خوشی ہوئی ایک شکوے سے بھری نگاہ اپنی مام کی طرف ڈالی کہ دیکھیں کتنا فرق ہے آپ دونوں میں ایسے ہی تو نہیں ڈیڈ نے دوسری شادی کی ہے۔

"میں ٹھیک۔۔۔" یرمان عائلہ کی حالت دیکھتا نرمی سے اسے اپنی بانہوں سے اتارتے زمین پہ کھڑا کر دیا تھا جتنی نروس وہ ہو رہی تھی کوئی بعید نہیں تھی کہ وہ کچھ دیر اسے بانہوں میں بھرے رکھتا تو وہ بے ہوش ہو جاتی۔

"عائلہ کو روم میں چھوڑ آؤ یرمان اس کی طعیبت ٹھیک نہیں ہے پھر بات کرتے ہیں۔۔۔!؛" قیوم ملک نہیں چاہتے تھے کہ عائلہ کو کچھ معلوم ہو اس بارے میں عفت ملک بہت غلط کر چکی تھیں۔

"کیا بات کریں گے آپ مزید۔۔۔؟ میری بات آپ اپنے ذہن میں بیٹھا لیں میں کہیں نہیں جاؤں گی اگر کسی کو اعتراض ہے تو وہ جا سکتا ہے اس

مینشن سے۔۔۔" آگر ایک بار وہ اس مینشن سے نکل جاتی تو دوبارہ یہاں وآپس آنا ان کے لیے بہت مشکل ہو جانا تھا۔

"مام ڈیڈ اب یہ کیا سین ہے آپ لوگ کبھی نارمل بیہیو نہیں کر سکتے ہیں بچپن سے آپ دونوں کی یہ لڑائی دیکھتے میں اوُر ابرش بڑے ہوئے ہیں کیا کبھی آپ دونوں نے یہ سوچا کہ آپ کی اس لڑائی روز روز کی بحث کا ہم دونوں پہ کیا اثر پڑتا ہے ہمیں کتنا برا لگتا ہے لیکن آپ دونوں نے کبھی نہیں سوچا اب جو اپنا دل کرتا ہے وہیں کرتے ہیں دونوں۔۔۔" یرمان پھٹ پڑا ایک تو عائلہ کی وجہ سے ٹینشن میں تھا اوپر سے گھر کا ماحول۔

"یرمان تم نہیں جانتے ہو تمھاری مام نے کیا کیا ہے انہوں نے مُجھے سیڑھیوں سے دھکا دیا۔۔۔!؛" اریبہ نے یرمان کی ہمدردی سمیٹنے کی کوشش کی۔

"نہیں مام آیسا نہیں کر سکتی ہیں۔۔" ابرش نے یرمان کو اریبہ کے بارے میں بتایا تھا لیکن ایسا کچھ نہیں بتایا تھا جو اریبہ بتا رہی تھی۔۔

"تمھیں لگتا ہے یرمان اریبہ جھوٹ بول رہی ہے تمھاری مام کی نفرت سامنے ہے پھر بھی تمھیں لگتا ہے کہ ایسا نہیں ہوا ہے یعنی تمھارے کہنے کا مطلب ہے اریبہ خود جان بُوجھ کر گری ہے اوَر اس کی غلطی کی وجہ سے بچے کی جان چلی گئی۔۔۔؟" قیوم ملک کو بیٹے کی باتوں سے دکھ ہوا اریبہ کی طرف وہ دیکھ نہیں پا رہے تھے جو رو رہی تھی۔

"ڈیڈ مام کی نفرت اپنی جگہ لیکن وہ اتنا نہیں گر سکتی ہیں َ آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ مام نے دھکا دیا تھا ان کو۔۔۔ کوئی ثبوت ہے تو سامنے لائیں۔۔ ورنہ مام پہ الزام نہیں لگا سکتے ہیں آپ۔۔۔" اریبہ کی باری تھی گھبرانے کی

قیوم ملک کو تو جیسے تیسے کر کے اس نے یہ یقیں دلایا تھا کہ یہ سب کچھ عفت ملک نے کیا ہے لیکِن یرمان وہ ثبوت مانگ رہا تھا۔۔

اریبہ کو تو یہ بھی نہیں معلوم تھا کہ ابرش نے کیا دیکھا تھا وہ ابرش کو یہاں بلانے کا رسک نہیں لے سکتی تھی کہیں لینے کے دینے نہ پڑ جاتے۔

"ثبوت! کہاں سے آئے گا بھلا۔۔؟" یہ بات قیوم ملک کو بھی کھٹکی تھی ثبوت تو ان کے پاس بھی نہیں تھے۔

"کسی نے تو دیکھا ہو گا آبرش اور ضامن یہاں آئے تھے وہ یقیناً جانتے ہوں گے اس بارے میں۔۔۔ میں ابرش کو بلا رہا ہوں ابرش کیا کہتی ہے پھر ہی کوئی فیصلہ ہو گا۔۔۔۔" عفت ملک کی آنکھیں نم ہوئی تھیں شوہر کے سامنے وہ اپنی پوزیشن کلئیر نہیں کر پائی تھیں لیکن بیٹا یہ کام بخوبی کر رہا تھا۔

ہاں وہ قصوروار تھیں ابرش اور یرمان کی انہوں نے لاپرواہی برتی ان کے بچوں کو ان کی ضرورت تھی اوُر انہوں نے وہ وقت اپنے کام کو دیا۔

آج ان کے بچے ان سے بہت دور ہو چکے تھے اتنے دور کہ یہ فاصلے شاید کبھی ختم نہیں ہونے والے تھے۔

"ابرش اور ضامن آئے تھے اُسی وقت یہ گری تھی ابرش تو جھوٹ نہیں بولے گی آپ لوگوں سے بلالیں ابرش کو۔۔۔یہ خود آئی تھی مجھ سے بات کرنے میں نے دعوت نامہ نہیں بھیجا تھا اسے کہ آکر مجھ سے بات کرو۔۔۔ آگر اپنی طعیبت کا احساس کر لیتی تو آج اتنا بڑا نقصان نہ ہو چکا ہوتا اس کا۔۔"عفت ملک طنزیہ بولی اریبہ پہلو بدل گئی تھی۔

ابرش ویسے بھی اُس دن اسے دیکھ کر قیوم ملک سے ناراض ہو کر چلی گئی تھی یقیناوہ اپنی مام کا ساتھ دیتی تو پھر وہ کیا کرتی اس کی پیشانی پسینے سے بھیگنے لگی تھی۔۔

"آپ نے بات کی تھی مجھ سے۔۔۔!؛"اریبہ نے بے ضرڈی دلیل دی تھی

۔

"تو۔۔۔"

"مام پلیز خاموش رہیں آپ۔۔۔"وہ دونوں ایک بار پھر سے بحث کرتی کہ یرمان نے روک دیاوہ اس مسلے میں الجھایہ تک بھول چکا تھا کہ عائلہ کے لیے اتنی دیر کھڑے رہنا ٹھیک نہیں تھااس کی طعیبت خراب تھی وہ بھی خاموشی سے کھڑی تھی۔

عفت ملک سے ڈرتی تھی وہ عفت ملک اسے پسند نہیں کرتی تھی مگر اسے یقین تھا کہ عفت ملک ایسی کوئی حرکت نہیں کر سکتی ہیں کوئی اتنا نہیں گر سکتا ہے کہ کسی دوسرے کے بچے کو جان سے مارنے کی کوشش کرے۔

"ابرش کال نہیں اٹھا رہی ہے۔۔۔" وہ بار بار ابرش کا نمبر ملا رہا تھا لیکن جواب نہیں مل رہا تھا۔

"اس مسلے کو حل کرنا ضروری ہے تاکہ یہ تو پتہ چلے کہ غلطی کس کی ہے۔۔۔۔" قیوم ملک وہیں صوفے پہ بیٹھ گئے یرمان کی نظر عائلہ پہ پڑی تو خود کو سادہ بمشکل کھڑی تھی۔

"عائلہ چلو روم میں۔۔۔" یرمان نے اس کے ہاتھ پہ ہلکا سا دباؤ دیا تو وہ یرمان کی طرف دیکھنے لگی یرمان کا دل چاہا وہ سب کو بتائے کہ وہ باپ بننے والا ہے

ان کا بچہ دنیا میں آنے والا ہے لیکن ابھی تک عائلہ اس بارے میں نہیں جانتی تھی اور عائلہ کو بتائے بنا وہ کسی اور کو کیسے بتا سکتا تھا۔

"لیکن یہ مسلہ۔۔!؛"

"یہ تمھارا مسلہ نہیں ہے عائلہ۔۔!؛ڈاکٹر نے تمھیں آرام کرنے کا کہا تھا کوئی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے پہلے ہی طعیبت خراب ہے اور اب تو ایکسٹرا کیئر کی ضرورت ہے تمھیں۔۔۔ چلو آؤ ریسٹ کرو یہ معاملہ ہم دیکھ لیں گے تمھیں اس بارے میں سوچنے کی ضرورت نہیں ہے

زیادہ۔۔۔"یرمان اسے بازوؤں کے حلقے میں لیے کمرے میں چلا گیا۔

"تمھیں بھی آرام کرنا چاہیے اریبہ تمھاری طعیبت ٹھیک نہیں ہے

اریبہ۔۔۔"قیوم ملک نے اریبہ کو بھی اس کے کمرے میں بھیجنا چاہا اریبہ

نے جانے دے انکار کر دیا سچویشن ہی اتنی مشکل بن چکی تھی اس کے لئے اس نے جیسا سوچا تھا سب الٹ ہو رہا تھا۔

وہ تو اچھا تھا کہ ابرش نے یرمان کا فون نہیں اُٹھایا ورنہ آگر ابرش یہاں آ جاتی تو قیوم ملک کو سب پتہ چل جانا تھا اور اریبہ کا جھوٹ بھی ان کے سامنے آجاتا پھر صورتحال نجانے کون سا رخ اختیار کرتی۔

"اریبہ کب تک یہاں بیٹھی رہو گی ابرش کو بلاؤں گا میں جیسے ہی وہ کال اٹھاتی ہے پھر سب کلیئر ہو جائے گا تم پریشان مت ہو۔۔۔" وہ تو یہیں سمجھ رہے تھے کہ اریبہ بارے میں سوچتے ہی پریشان ہے اور یہ سچ ہی تھا کہ وہ پریشان تو اس واقعے کی وجہ سے ہی تھی لیکن اپنے جھوٹ کے پکڑنے جانے پہ۔

"آپ میرے ساتھ چلیں مُجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔" وہ سہمتے عفت ملک کو دیکھتے قیوم ملک کے بازو کے ساتھ چپک گئی جیسے آگر زرا سا بھی الگ ہوئی تو قیوم ملک اسے چھوڑ دیں گے۔

"ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے اریبہ یہ گھر تمھارا بھی ہے جتنا ان کا ہے تم بھی میری بیوی ہو۔۔" وہ اس کی پیشانی پہ بوسہ دے گئے۔

"میرا گھر ہے یہ صرف میرا۔۔!؛" عفت ملک کے تو مانو سر پہ لگی تلوے پہ بجھی تھی۔

"خاموش رہیں آپ۔۔۔" قیوم ملک اریبہ کے ساتھ آندر چلے گئے وہ مزید رکتے تو ضرور عفت ملک اوُر ان کے درمیان تلخ کلامی بڑھ جاتی۔

"انہہ جب یہ معلوم ہو گا کہ غلطی کس کی تھی تو پھر یہ لڑکی آپ کے قریب نہیں رہے گی قیوم۔۔۔ لیکن تب تک آپ مجھے کھو چکے ہونگے۔۔" وہ وہیں صوفے پہ بیٹھتے سر ہاتھوں میں گرا چکی تھیں.

انہوں نے فون اٹھاتے ابرش کا نمبر ملایا لیکن اس نے کال نہیں اٹھائی شاید کہیں مصروف تھی ورنہ یرمان کی کام تو وہ اٹھاتی تھی۔

وہ ابرش کو یہاں بلانا چاہتی تھیں وہ چاہتی تھیں کہ قیوم ملک کو سچائی پتہ چلے اُنہیں معلوم ہو کہ ہر بار غلط عفت ملک ہی نہیں ہوتی تھیں اس بار غلط یہ لڑکی تھی آخر یہ لڑکی چاہتی کیا تھی۔

وہ اس سوچ میں پڑ گئی تھیں غلطی تو اریبہ کی تھی وہ خوُد گری تھی پھِر قیوم ملک کے سامنے عفت ملک کو گہنگار بنا کر وہ کیا ثابت کرنا چاہتی تھی۔

"کہیں اس لڑکی کی کوئی پلاننگ تو نہیں ہے ورنہ وہ کیوں اپنے سے بڑی عمر کے مرد سے شادی کرتی بھلا۔۔"عفت ملک جتنا سوچ رہی تھیں اتنا ہی الجھ رہی تھیں اریبہ کے دماغ میں کچھ نہ کچھ تو چل رہا تھا کچھ ایسا جو ان کی فیملی کے لیے ٹھیک نہیں تھا۔۔۔

عائلہ ان کے دل و دماغ سے نکل چکی تھی کل تک ان کا مین مقصد عائلہ کو اس گھر سے نکلوانا تھا مگر آج ان کو خود یہ فکر ستائے جا رہی تھی کہ وہ کیسے اس لڑکی کے بارے میں معلوم کریں۔

ٹھیک ہی کہتے ہیں لوگ جو دوسروں کے لیے گڑھا کھودتے ہیں خوُد اس گڑھے میں گرتے ہیں۔۔۔"

••••••

ابرش اور ضامن ہاسپٹل سے نکلتے گھر جانے کے بجائے ایک ریسٹورنٹ میں چلے آئے عائلہ کی پریشانی میں انہوں نے کچھ بھی نہیں کھایا تھا ابرش چاہتی تھی کہ وہ دونوں گھر جائیں اور وہ خوُد کھانا بنالے گی لیکن ضامن نے کہہ دیا کہ وہ لوگ لنچ کر کے جاتے ہیں ساتھ گروسری اوُر شاپنگ بھی کر لیں گے ویسے یورنیورسٹی دوبارہ سے اوپن ہوتی اس سے پہلے ہی وہ ہنی مون پلان کرنا چاھتا تھا۔

عائلہ کی حالت کے پیشِ نظر وہ آوُٹ آف کنٹری نہیں جاسکتے تھے لیکن سوات اوُر کالام جاسکتے تھے ایک ہفتے کے لیے۔

فحال یہ پلاننگ وہ اپنے تک محدود رکھے ہوئے تھا ارادہ ابرش کو سرپرائز دینے کا تھا تاکہ وہ ابرش کے تاثرات دیکھ سکے کہ وہ کیساری ایکشن دیتی ہے ابرش کی محبت میں دن بادن اضافہ ہو رہا تھا ہاں ضامن کو بھی ابرش سے

محبت تھی لیکن ابرش کی محبت کا مقابلہ وہ نہیں کر سکتا تھا ابرش تو دیوانہ کی طرح چاہتی تھی ضامن کو۔

"کیا سوچ رہے ہیں آپ۔۔۔؟" ابرش ضامن کے ساتھ ہی بیٹھی تھی کھانے کا مینو دیکھتے وہ آرڈر دے چکے تھے ویٹر کو۔

"کچھ نہیں آپ بتائیں کیا کہہ رہی تھیں۔۔!؛" ضامن ابرش کی بات نہیں سن سکا وہ کیا بول رہی تھی ضامن نہیں جانتا تھا تو دوبارہ پوچھا۔

"نہیں آپ بتائیں کونسی سوچیں چل رہی ہیں آپ کے دماغ میں۔۔؟ میرے علاوہ کسے سوچ رہے ہیں آپ۔۔" وہ ضامن کا بازو تھام گئی باتوں ہی باتوں میں وہ اکثر ضامن کا بازو تھام لیتی تھی.

"آپ کے علاوہ کسے سوچ سکتا ہوں بھلا۔۔۔؟" اس کی ٹھوڑی اپنی انگلی اور انگوٹھے میں جکڑے اوپر اٹھاتے اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔

"آپنی گرل فرینڈ کو۔۔۔!؛" ابرش کبھی کبھی جان بوجھ کر درمیان میں ضامن کی گرل فرینڈ کا زکر ضرور کرتی تھی ضامن بس مسکرا دیتا۔

"ہمممم آئیڈیا برا نہیں ہے اُسے بھی سوچا جا سکتا ہے آپ کو سوچنے کے بجائے میں اسے بھی سوچا جا سکتا ہے مس ملک۔۔۔۔" ضامن نے اُسے چڑایا تھا وہ آنکھیں چھوٹی کیے ضامن کو دیکھ رہی تھی۔

"آپ میرے علاوہ کسی اور کے بارے میں سوچ کر تو دکھائیں بھلا۔۔" وہ ضامن کا ہاتھ پرے جھٹکا ضامن نے لب بھینچے اس کو ابرش کی یہ حرکت بالکل پسند نہیں آئی تھی۔

"اتنی پوزسیونس اچھی نہیں ہوتی ہے مس ملک۔۔اور انسکیورٹی بھی۔۔۔ جب محبت کی ہے تو بھروسہ کرنا بھی سیکھیں آپ۔۔۔کل کو اگر مجھے کسی دوسری لڑکی سے بات کرنے کی ضرورت پڑی تو آپ تو نجانے کیا کریں گی۔۔۔۔"ضامن سنجیدہ ہؤا ابرش کے چہرے پہ تشوتش پھیلی تھی ضامن کیوں پریشان کر رہا تھا اسے۔۔۔۔

"آپ کو لگتا ہے مُجھے آپ پہ ٹرسٹ نہیں ہے۔۔۔؟"اس کی نیلی آنکھیں ضامن کی سیاہ آنکھوں سے ٹکرائی تھیں نظروں کا تصادم ہوا تھا۔

"میں نے یہ نہیں کہا ہے کسی بھی رشتے کی مظبوطی کے لیے اس رشتے میں بھروسہ اؤر اعتبار کا ہونا ضروری ہوتا ہے یہاں آپ کو اپنے پارٹنر پہ پورا بھروسہ ہو کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے یہ انسان آپ کا بھروسہ نہیں توڑے

گا کچھ بھی ہو کیسے بھی حالات ہوں آپ کا بھروسہ برقرار

رہے۔۔۔"ضامن ابرش کو دیکھنے کے بجائے سامنے ٹیبل کو دیکھ رہا تھا۔

"مم۔۔۔میں کرتی ہوں۔۔۔"ابرش کی زبان لڑکھڑائی تھی یہ لفظ ادا

کرتے بھروسہ وہ کرتی تھی ضامن پہ جب اس کے اور ضامن کے درمیان

کچھ ٹھیک نہیں تھا تب ضامن نے اس کے علاوہ کسی دوسری لڑکی کی طرف

دیکھا تک نہیں اور سب تو ابرش کی محبت میں وہ گوڈے گوڈے ڈوبا ہوا تھا۔

ابرش کو جب سے ڈیڈ کی شادی کے بارے میں پتہ چلا تھا وہ خاصی ٹچی ہو گئی

تھی ضامن کے بارے میں تو کچھ زیادہ ہی انسکیور تھی جیسے یہ خطرہ ہو کہ

ضامن اسے چھوڑ دے گا۔

"کتنا کرتی ہیں بھروسہ آپ مجھ پہ۔۔۔!؛"ضامن نے دلچسپی سے یہ سوال کیا ابرش نے آنکھیں پھیلائے ضامن کو دیکھا وہ کتنا بھروسہ کرتی تھی ضامن عباس پہ وہ یہ لفظوں میں تو نہیں بتا سکتی تھی۔

"سر یہ کیسا سوال ہے۔۔۔؟" نظریں چراتے سوال کیا ضامن کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ پھیلی اسے نظریں چرائے دیکھ کر یقیناً وہ اس سوال کا جواب نہیں سکتی تھی۔

"سوال ہے سادہ سا بتائیں کتنا ٹرسٹ کرتی ہیں آپ مجھ پر۔۔۔؟"ضامن نے دوبارہ اپنا سوال دہرایا تھا ابرش خاموش وہ کیا بولتی بھلا۔

"میں خود سے زیادہ آپ پہ بھروسہ کرتی ہوں ضامن سر مجھے لفظوں میں اظہار کرنا نہیں آتا ہے لیکن آپ میری زندگی میں آنے والے وہ پہلے مرد ہیں جس پہ ابرش ملک کو خود سے زیادہ بھروسہ ہے بس ڈر لگتا ہے آپ کو کھو

نہ دوں میں نہیں رہ پاؤں گی آپ کے بغیر۔۔ آپ سے دوری میری جان لے لے گی۔۔۔"کہاں وہ کچھ بول نہیں رہی تھی اوٗر جب بولنے پہ آئی تو بولتی ہی چلی گئی ضامن پلکیں چھپکائے اسے دیکھ رہا تھا جس کے لفظوں کے سحر سے وہ نکل نہیں پا رہا تھا۔

مزید دونوں میں کوئی بات نہیں ہوئی کیونکہ ویٹر کھانا ٹیبل پہ رکھ چکا تھا۔

ابرش کو خود پہ حیرت ہو رہی تھی یہ ساری باتیں اس نے بولی ہیں ضامن کو جب سمجھ آئی تو وہ مسکرائی تھی۔

"کھانا کھائیں۔۔!؛"ابرش جو ضامن کے ہونٹوں سے کچھ اور ہی سننے کی منتظر تھے اسا کا کھانے سے متعلق کہنا ابرش کا دہکا گیا اس نے پلیٹ دور کسکائی تھی۔

"کھانا بعد میں پہلے مجھے بتائیں جو اتنی لمبی بات میں نے کی آپ کو کیا سمجھ آیا آپ بھی کچھ بولیں بتائیں آپ نے مجھ سے تو پوچھا اب ذرا مُجھے بتائیں آپ مجھ پہ کتنا بھروسہ کرتے ہیں۔۔۔"ابرش اتنی آسانی سے تو ضامن کو ٹاپک چینج نہیں کرنے دینے والی تھی اسے ضامن کا جواب تو اچھے سے معلوم تھا لیکِن وہ پھر بھی ان عنابی ہونٹوں سے جواب سننا چاہتی تھی۔۔۔۔۔

"جلدی کھانا ختم کریں پھر بیچ پہ چلتے ہیں تفصیل سے بات وہیں پہ کریں گے۔۔۔"ابرش کے ساتھ ضامن پہلی بار بیچ پہ جانے والا تھا۔

"بیچ کی طرف کیوں۔۔۔؟"ابرش فیمیلی کے ساتھ تو بیچ پہ کبھی نہیں گئی ہاں دوستوں کے ساتھ جاتی رہتی تھی ضامن کا اچانک سے بیچ پہ جانے کی بات کرنا اسے عجیب لگا تھا۔

"کیوں ہر بات پہ بحث کرنے کی عادت پڑتی جارہی ہے آپ کو مس ملک۔۔۔مُجھے سوالوں جوابوں سے بہت الجھن ہوتی ہے۔۔"وہ جھنجھنایا ابرش کے فضول سوالوں پہ ابرش کو ضامن کا یہ اندازہ پسند نہیں آیا تو گھورتے وہ کھانے کی پلیٹ اپنے سامنے کر گئی تھی اب ناراضگی اس کی کھانے سے تو ہر گز نہیں ہو سکتی تھی۔

"میں نے صرف پوچھا ہے مجھے تو ایسا لگتا ہے میری یہاں موجودگی ہی آپ سے برداشت نہیں ہو رہی ہے ضامن آپ مجھ سے اکتا گئے ہیں ناں۔۔"وہ کبھی کبھی بچوں جیسا بیہو کرتی تھی اور ضامن نہیں جانتا تھا کہ اسے ابرش کے موڈ سونگز برداشت کرنے ہونگے۔

"مس ملک کیا مطلب ہے آپ کی بات کا۔۔؟ایسا کچھ نہیں کہا ہے میں نے آپ سے۔۔۔"ضامن کے لب ولہجہ پہ ابرش نے اپنے آنسوؤں کو بمشکل

واپس اندر دھکیلا وہ لوگ پبلک پلیس پہ تھے یہاں وہ کوئی تماشہ نہیں لگانا چاہتی تھی۔

کھانا اس نے تھوڑا بہت ہی کھایا تھا وہ دونوں اٹھتے کہ اچانک سے پیچھے سے کسی کی آواز نے ابرش اور ضامن کو پیچھے دیکھنے پہ مجبور کر دیا وہ آواز تھی دیدم کی۔

ابرش کو اس لڑکی سے ہوئی ملاقات اچھے سے یاد تھی اور ضامن تو دیدم سے پیچ پہ بھی مل چکا تھا لہذا دونوں ہی اسے پہنچ گئے تھے۔۔

"ضامن سر کیسے ہیں آپ۔۔؟" اتنے دنوں بعد ضامن کو دیکھ کر اس کی تو عید ہو گئی تھی جیسے۔

"ایکسکیوزمی مس۔۔۔!؛"ضامن نے بے ساختہ ابرش کو دیکھا یہ لڑکی کتنی چپکو تھی ضامن کو اچھے سے اندازہ تھا ابرش چپ نہیں رہ سکتی تھی ضامن کو جلد از جلد ابرش کے ساتھ یہاں سے نکلنا تھا۔

"سر میں دیدم آپ مجھے بھول نہیں سکتے ہیں۔۔ بھلے ہماری پچھلی ملاقات کوئی زیادہ خوشگوار نہیں رہی لیکن پھر بھی مجھے امید ہے آپ کو میں یاد ہوں گی اُس دن۔۔۔"

"مس دیدم میرے کافی سٹوڈنٹس ہیں میں ہر کسی کو یاد نہیں رکھ سکتا ہوں اور نہ ہی رکھنا چاہتا ہوں آپ کنٹینو کریں ایکسکیوزمی۔۔۔"ابرش اور دیدم کے درمیان بحث چھڑتی اس سے پہلے ہی ضامن نے بات کرنا مناسب سمجھا وہ ابرش کے ساتھ تھوڑا ٹائم سپینڈ کرنا چاہتا تھا ویسے بھی عائلہ کے حوالے

سے اب کہیں جا کر ضامن کی پریشانی ختم ہوئی تھی یرمان سے امید تھی کہ عائلہ کا خیال وہ اب خوُد سے بڑھ کر رکھنے والا تھا۔

"سر آپ اتنی جلدی کیسے جاسکتے ہیں جوائن کریں ہمیں ہم یہاں لنچ کے لئے آئے تھے آپ ہمارے ساتھ لنچ کریں گے تو ہمیں بہت خوشی ہو گی بیوی کے ساتھ تو روز ہی کرتے ہیں اج زرا اپنے سٹوڈنٹس کے ساتھ بھی کر لیں۔۔ ہم آپ کو بور نہیں ہونے دیں گے۔۔۔۔" دیدم کی دوستوں میں سے ایک لڑکی کی آواز آئی تھی۔

"سوری ڈیئر سٹوڈنٹس ہم پہلے ہی لنچ کر چکے ہیں ورنہ آپ کو جوائن کرتے آپ کنٹینو کریں۔۔۔" ضامن ان کی سنے بغیر ابرش کا ہاتھ پکڑ کر وہاں سے نکلتا چلا گیا ابرش اس کے ساتھ کھینچتی چلی جا رہی تھی۔

ضامن کا صرف دیدم سے چند لمحے بات کرنا ہی ابرش کو سلگا گیا تھا وہ ابرش ملک جسے ایسی باتوں سے فرق نہیں پڑتا تھا اب ضامن کو لیکر وہ اس قدر جنونی ہو چکی تھی کہ وہ کسی سے بات کرے یہ پسند نہیں تھا ابرش کو۔

حالانکہ ضامن اور اس کی بحث بھی تو اسی بات پہ ہو رہی تھی ابرش کا موڈ خراب ہوا وہ ضامن کو گھورتے سیٹ کی پشت سے ٹیک لگا گئی مطلب صاف تھا وہ ضامن سے ناراض ہو چکی تھی ضامن نے بھی بات کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

ہاں محبت اپنی جگہ پہ لیکن وہ بار بار ابرش کو یہ صفائیاں پیش نہیں کر سکتا تھا۔

ابرش کو ضامن کے پروفیشن کا بھی تو خیال رکھنا چاہیے کہ ضامن کو آئے اپنی سٹوڈنٹس کو ڈیل کرنا تھا پر ابرش سمجھ پاتی پھر کیا ہی بات تھی اب یہاں غلطی ضامن کی تو نہیں تھی جو وہ منہ بنا کر بیٹھ گئی تھی۔

"مجھے گھر جانا ہے بس۔۔۔"ضامن نے گاڑی دوسرے راستے کی طرف موڑی تو ابرش نے احتجاج کیا لیکن ضامن نے اس کی بات نظر انداز کر دی وہ ویسے ہی دیدم کی وجہ سے خاصے غصے میں تھا مزید ابرش کا بیچ پہ جانے سے انکار کرنا اسے بلکل بھی آچھا نہیں لگا تھا۔۔۔

"کچھ کہا ہے میں نے آپ سے ضامن سر۔۔۔"ابرش نے ضامن کے بازو پہ مکا مارا شاید وہ ضامن کی توجہ چاہتی تھی لیکِن ضامن نے گاڑی کی سپیڈ کم کرتے ابرش کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنی گود میں شفٹ کیا ابرش تو ضامن کی بے باکی پہ سرخ ہوئی کہاں امید تھی ضامن سے ایسی بے باکی کیٔ۔

"یہ کیا کر رہے ہیں مُجھے واپس سیٹ۔۔"

"اگر نہیں چاہتی ہیں آپ کہ میں کچھ ایسا کروں جس کا نقصان صرف آپ کو ہو تو مجھ سے باتوں میں ٹائم ویسٹ کرنے کے بجائے سکون سے بیٹھ جائیں۔۔"ابرش نے ضامن کے سینے پہ سر رکھ دیا۔۔۔

وہ غصے میں تھا ایک ضامن کا غصہ ہی تھا جو ابرش برداشت نہیں کر سکتی تھی ضامن زرا سا سختی سے بات کرتا تو وہ سہم جاتی تھی ویسے تو بڑی بولتی تھی لیکن یہ سچ تھا کہ ضامن کا غصہ اس پہ بڑا جلدی اثر کر جاتا تھا۔

"ہم گھر جاتے تو اچھا تھا۔۔!؛"ابرش کا موڈ خراب تھا اس نے کیا خاک انجوائے کرنا تھا بیچ پہ تو اس کے گھر جانا ہی بہتر سمجھا تھا لیکن ضامن اسے گھر لے کر جاتا تو پھر کیا بات تھی وہ انکار کیا کر چکا تھا۔۔۔اب انہیں بیچ پہ ہی جانا تھا۔

"مس ملک پلیز مجھے آپ کی بولتی بند کرتے بالکل بھی برا نہیں لگے گا کیونکہ وہ میں اپنے انداز میں بند کروں گا۔۔۔لہذا اگر نہیں چاہتی ہیں کہ میں آپ کو ڈیپ کس کروں تو خاموش رہیں آپ۔۔"ضامن کی یہ دھمکی کارآمد ثابت ہوئی تھی ابرش نے مزید بولنے کی غلطی نہیں کی تھی وہ خاموشی سے ضامن کی دھڑکنوں کو سن رہی تھی۔

ضامن سکون سے ڈرائیور کر رہا تھا ابرش اُس لڑکی کے بارے میں بات کرنا چاہتی تھی آخر وہ کیسے ضامن کے بارے میں اتنا کچھ جانتی تھی اور تو اور اُس کی دوستیں بھی جانتی تھیں یہاں تک کہ ضامن کو اُس کا نام بھی پتہ تھا اب یہ ساری باتیں تو اتفاق نہیں ہو سکتی تھیں۔

ضامن کا سکون ابرش سے ہضم نہیں ہوا تو اس نے ضامن کی شرٹ کا بٹن کھولتے اس کی شہ رگ پہ ہونٹ رکھ دیئے ضامن نے ایک جھٹکے سے گاڑی

روکی تھی ابرش کے نوکیلے دانت اس کی گردن پہ اپنی مہر لگا چکے تھے لیکن ضامن کی رومانٹک رگ پھڑ پھڑا چکی تھی برا نہیں تھا کہ وہ کار رومانس کرتے

۔

"لگتا ہے آپ مس کر رہی ہیں ہمارے رومانس کو۔۔" اس کے گلابی ہونٹوں پہ اپنی انگلی مسلتے وہ ابرش کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا ابرش نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا جذبات میں پنگا تو لے لیا تھا لیکن اب لگ رہا تھا کہ اس نے بہت بڑی غلطی کی ہے۔

"نہیں نہیں سر آپ نے گاڑی کیوں روک دی۔۔۔" ابرش ضامن کے بازوؤں میں مچلی تھی لیکن گرفت سے رہائی ممکن نہیں تھی وہ اس کے پھڑ پھڑاتے وجودِ کو خوُد میں قید کر چکا تھا۔

"میں گاڑی جس کام کے لئے روکی ہے آپ کو بخوبی معلوم ہو جائے تو ابھی تھوری دیر تک وایفی۔۔۔"وہ اس کے ہونٹوں کو قید کر گیا ان کی گاڑی سائیڈ پہ کھڑی تھی پاس ہی سڑک پہ ٹریفک کی روانی جاری تھی ضامن کی گاڑی کے شیشے بلیک تھے باہر سے ہوئی انہیں نہیں دیکھ سکتا تھا مگر ضامن کی یہ حرکت وہ بھی گاڑی میں ابرش سے سہن نہیں ہوئی تھی وہ کیوں بھول رہا تھا کہ وہ دونوں اپنے بیڈ روم میں نہیں بلکے گاری میں بیٹھے تھے۔

اسے اپنے ہونٹوں پہ شدید جلن محسوس ہوئی جب جب ضامن غصے میں ہوتا وہ آیسے ہی ابرش کے ہونٹوں پہ شدت دکھاتا تھا ابرش چاہنے کے باوجود بھی روک نہیں پاتی اسے بس اس کا لمس سہن کرتی جس میں گزرتے لمحے کے ساتھ شدت بڑھتی ہی جاتی تھی۔۔۔۔

"یہ ہونٹ کچھ زیادہ ہی گستاخیاں کرنے لگے ہیں۔۔۔"ضامن ابرش کے ہونٹوں کو اپنے انگوٹھے سے سہلا رہا تھا ابرش نے ضامن سے دور ہونا چاہا لیکن ضامن نے اُسے ایسا کرنے نہیں دیا تھا وہ اسے اپنے سینے سے لگاتے اس کی گردن پہ ہونٹ رکھ چکا تھا۔

"ہم جا رہے تھے سر۔۔۔"ابرش نے احساس دلایا مگر یہاں پرواہ کسے تھی وہ تو مدہوشی سے اس کی دودھیا گردن پہ اپنے جنون کی مہر لگاتے اس کے بالوں کو اپنی مٹھیوں میں جکڑتے اس کے چہرے پہ اپنی سلگتی گرم سانسیں چھوڑتے اس کی شہ رگ پہ دانت گاڑ گیا ابرش کے ہونٹوں سے سسکی نکلی تھی۔

ابرش کے ہونٹوں سے نکلتی سسکیاں ضامن کو مزید بھڑکا رہی تھیں وہ اس کے قریب آتا تو بے بس ہو جاتا خود پہ ضبط کرنا مشکل ہی نہیں ممکن رہتا تھا

اس وقت بھی وہ ہر چیز لحاظ بھولے اس کے نازک وجود کی گہرائیوں میں سمانے کو بے تاب تھا۔

"کیا ضرورت ہے کچھ بھی کرنے کی۔۔۔" جزبات کے عالم میں وہ بولا اور ابرش کو اپنی گود میں سیدھا کرتے وہ گاڑی و آپس گھر کی طرف موڑ چکا تھا اب درمیان یہ جو وقت تھا اس کے لئے گزارنا بہت مشکل تھا اس کے جوان جذبات اس پل جیسے اس کے پورے وجود کو اپنی لپیٹ میں لے چکے تھے۔

سکون مقابل کی قربت میں ہی ملنا تھا گاڑی کی رفتار وہ خاصی تیز کر چکا تھا تقریباً آدھے گھنٹے بعد ہی وہ دونوں گھر پہنچ چکے تھے۔

ضامن نے ابرش کو اپنی بانہوں میں اٹھالیا اور روم کی طرف قدم بڑھائے ابرش کو اگر اندازہ نہیں تھا ضامن اس کے ایک چھوٹے سے ایکٹ سے اتنا

بے قرار ہو جائے گا کہ کہیں بھی جانے کا ارادہ کینسل کرتے وہ اسے بیڈ رُوم میں لے آئے گا۔

ضامن اس کو سینے سے لگائے آندر آیا ابرش کی ناز کی اسے اپنے سینے پہ محسوس ہوئی تو جذبات مذید بھڑ کے تھے۔

"سر ہم نے شاپنگ۔۔۔!" ضامن نے اس کے ہونٹوں پہ انگلی رکھ دی اس پل وہ کوئی بحث نہیں کرنا چاہتا تھا اس پل بس اسے ابرش اپنے قریب چاہیے تھی اوُر وہ بس اس کا ہو کر رہ جانا چاہتا تھا۔

ابرش نے جھر جھری سی اس پل ضامن کے بے لگام ہوتے جذبات دیکھتے اس کو اپنے پورے وجود میں سر دلہر سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی ضامن نے اس کے نازک وجود کو نرمی سے بیڈ پہ لٹایا اور خوُد اس کے قدموں میں بیٹھ گیا ابرش سانس روک گئی ضامن ابرش کے قدموں میں بیٹھا اُس کے

پاؤں میں موجود سینڈل کو نرمی سے اتارتے اس کی پنڈلیوں پہ اپنا لمس چھوڑتا کہ ابرش نے آپنا پاؤں کھینچ لیا وہ یہ تو کبھی نہیں چاہتی تھی کہ ضامن اس کے پاؤں کے قریب بیٹھے۔

"کیا کر رہے ہیں۔۔۔!؛" ضامن کے لمس سے ابرش کو گدگدی ہوئی جبکہ ضامن اٹھتے ڈریسنگ ٹیبل سے ایک باکس اٹھاتے ابرش کے قریب بیٹھا جو اب خود بھی اٹھتے بیٹھ چکی تھی۔

"آپ کا گفٹ۔۔۔!؛" اس نے خوبصورت سی نفیس سی پائل نکالتے ابرش کے سامنے کی جیسے پوچھنا چاہا رہا ہو اجازت ہے آپ کو پہنا دوں۔

ابرش کو ضامن سے ایسے کسی گفٹ کی توقع نہیں تھی وہ بھی پائل جو بہت خوبصورت تھی اس کے لیے تحفہ اس لیے بھی خاص تھا کہ یہ گفٹ ابرش کو ضامن دے رہا تھا ضامن نے ابرش کا پاؤں پکڑتے اپنی گود میں رکھا اور

ابرش کو پائل پہنائی جو اس کے دودھیا سفید پاؤں میں خوب پھچ رہی تھی کہ جھکتے ضامن نے اس پائل پہ اپنا سلگتا لمس چھوڑا۔

ابرش بیڈ شیٹ مٹھیوں میں جکڑ گئی ضامن اسے پیچھے لٹائے اس پہ گھٹا بنتے چھایا تھا باہر موسم بہت سہانا تھا آسمان پہ یکدم سے بادلوں نے ڈھیرے جمائے جولائی اوَر اگست مون سون کے مہینوں میں کبھی بھی بادل برسنے شروع ہو جاتے تھے۔

اور آج تو ضامن کا بھی بن بادل برسات کی طرح برسنے کا اِرادہ تھا وہ ابرش کی کلائیوں کو نرمی سے سہلا رہا تھا۔

ابرش ضامن کے لمس کے سحر میں جکڑ رہی تھی جو اس کے ڈریس کے فرنٹ بٹنس کھولتے اس کی گردن پہ اپنے ہونٹوں کی مہریں ثبت کر رہا تھا

ابرش اس کی سلگتی سانسوں کو اپنی دھڑکنوں پہ محسوس کرتے خوُد میں سمٹی تھی۔

"یور آر ویری بیوٹیفل۔۔۔" وہ جذبات کی رو میں بولتا ابرش کی شرٹ کندھوں سے سرکاتے اپنے جنون کی مہریں اس کے دودھیا کندھوں پہ لگا رہا تھا ابرش اب تو اعتراض بھی نہیں کر سکتی تھی۔

اس وقت وہ ہاسپٹل روم میں نہیں بلکے بیڈ روم میں تھے پہلے بھی تو ابرش نے یہ سوال اُٹھایا کہ وہ لوگ اپنے بیڈ روم کی نہیں ہیں۔

"سر مجھے۔۔۔ چینج کرنا ہے۔۔۔!؛" ابرش کے ہونٹوں سے لفظ ٹوٹ پھوٹ کر ادا ہوئے ضامن اس کی شرٹ سرکاتے اس کی دھڑکنوں کو نازک پردے کی قید سے بھی آزاد کر چکا تھا ابرش نے سرخ پڑتے کروٹ بدل لی

اس پل ضامن سے اتنی جھجک سی ہوئی تھی لیکن ضامن تو جیسے سب بھولے دیوانوں کی طرح اس کو خود میں قید کرنا چاہتا تھا۔

"ٹائم ضائع کرنے کی ضرورت نہیں ہے جانم۔۔یہ کام میں خوُد بھی کر سکتا ہوں جانتی ہیں اوُر آدھے سے زیادہ تو کر چکا ہوں سو مُجھے تنگ مت کریں آپ۔۔۔"یرمان اس کے کالر بون پہ جھکتے ہونٹوں کی جنون خیزیاں رقم کرتے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا جو اس پل خود میں سمٹ سے گئی تھی۔

"آپ آپ تنگ کر رہے ہیں۔۔۔"ابرش نے احتجاج کیا ضامن کے عنابی ہونٹوں کو مسکراہٹ نے چھوا وہ اس کے ہونٹوں کو قید کر گیا۔

ضامن اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں دباتے نرمی سے ابرش کی سانسوں کو قطرہ قطرہ خوُد میں انڈھیل رہا تھا ابرش نے ضامن کی شرٹ کے

کالر کو مٹھیوں میں دبوچا اس کی سانس رکنے لگی تھی لیکِن ضامن کو کہاں فرق پڑ رہا تھا وہ تو بس ان سانسوں کو پی رہا تھا جو اس کی طلب تھی۔

جن کا وہ عادی ہو تا جا رہا تھا ابرش کی عادت ہو چکی تھی اسے لگ رہا تھا کہ آگر ابرش ایک پل کے لئے بھی اس سے دور ہوئی تو اس کی سانسیں رک جائیں گی۔

"اہہہہ۔۔۔"ضامن کی بڑھتی شدت پہ ابرش کے ہونٹوں سے سسکیاں نکل رہی تھی جتنا وہ ضامن کو خود سے دور کرنے کی کوشش کر رہی تھی وہ جنونی ہو تا جا رہا تھا ابرش کی سانسیں رکتی محسوس کی تو وہ پیچھے ہوٗا ابرش نے کھانستے اپنے سینے پہ ہاتھ رکھا ضامن سے اتنی شدت کی توقع نہیں تھی اُسے

۔

وہ کہاں اس کی مزاحمت کو کسی کھاتے میں لایا تھا بس اپنی کرتا اس کی ہر آتی جاتی سانس کو جیسے پی جانا چاہتا تھا ضامن ابرش کی حالت دیکھتا تھوڑا ملامت کرنے لگا خود کو کہ آخر کیوں دکھائی اس نے اتنی شدت۔

"جانم۔۔۔"اس کا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے نرمی سے اس کے رخساروں کو سہلایا ابرش نے غصیلی نگاہ اس پہ ڈالی وہ مسکرایا تھا۔۔۔

•••••

مایا کو یرمان کے فارم ہاؤس میں ایک کمرے میں بند کیا گیا تھا باہر بس ایک ملازمہ تھی جو اس کی نگرانی کے لیے رکھی گئی تھی ورنہ یہاں سارا ملازمین کا سٹاف میل تھا یرمان کبھی کبھار فارم ہاؤس کا چکر لگاتا تھا۔

مایانے بھرپور کوشش کی یہاں سے فرار ہونے کی لیکن ناکام رہی دروازہ باہر سے لاکڈ تھا یرمان کا سوچتے اسے ٹھنڈے پسینے آرہے تھے کاش کہ یرمان کو دیکھتے ہی وہ وہاں سے ہٹ جاتی تو یرمان کے سامنے نہیں آتی یرمان کے غصے سے بخوبی واقف تھی اب نجانے کیا ہونے والا تھا اس کے ساتھ۔

جزبات میں عائلہ کو کڈنیپ کروانے کا قدم تو اٹھالیا تھا اب شدید پریشانی سے آن گھیرا تھا وہ کمرے میں ادھر اُدھر چکر کاٹ رہی تھی دو دن سے وہ یہاں تھی یہ تو آچھا تھا کہ مام ڈیڈ نہیں تھے ورنہ بہت پرابلم بن جاتی۔

آہل سے بھی ناراضگی چل رہی تھی پچھلی بار کی ہوئی تلخ کلامی کے بعد وہ مایا سے ملا ہی نہیں ہاں معافی مایا مانگ چکی تھی اور وہ معاف بھی کر چکا تھا لیکن پہلے جیسا کچھ نہیں رہا تھا ان کے درمیان۔

"یا اللہ یرمان بیوی میں اتنا الجھا رہے کہ اُسے یہاں آنے کا ٹائم ہی نہیں ملے۔۔۔"مایا دل ہی دل میں دعا گو تھی وہ نہیں چاہتی تھی کہ یرمان اس کے ساتھ کچھ برا کرے۔

"یرمان کیوں میرا نہیں ہو سکا۔۔"یہ شکوہ بے ساختہ ہونٹوں سے پھسلا تھا اُس یرمان کی دیوانگی بے چین فکر مندی سب اُس عائلہ کے لیے تھا وہ کتنا پریشان ہوا عائلہ کے لیے کبھی مایا سوچتی تھی کہ یرمان اس سے محبت کرتا ہے لیکن ایسا نہیں تھا یہ مایا کی خوش فہمی تھی وہ تو صرف دوستی نبھا رہا تھا حد سے آگے تو مایا بڑھی تھی جس نے اُسے اپنا سب کچھ مان لیا اور آج خالی ہاتھ تھی۔۔

وہ دروازے کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھی تھی ملگجے سے حلیے میں ڈریس وہ ہی دونوں والا پرانا ہی تھا جو پہن کر فارم ہاؤس گئی تھی اور آنکھیں بھی رونے کی وجہ سے سوجھ چکی تھیں۔

فون پاس ہوتا تو کسی سے رابطہ کر لیتی یرمان سے بات کر لیتی لیکن یہاں تو وہ قید ہو چکی تھی۔

"مجھے یہاں بیٹھے رہنے سے کچھ حاصل نہیں ہو گا کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی ہو گا۔۔"مایا دل میں سوچنے لگی یرمان اگر ایک مہینے تک بھی نہیں آیا تو کیا وہ یرمان کے انتظار میں ادھر بیٹھی رہے گی نہیں یہ تو نہیں کر سکتی تھی وہ۔۔

اس نے سوچ لیا اب جب وہ عورت اسے کھانا دینے آئے گی اس کے ساتھ ہی بات کرے گی کیا پتہ وہ عورت ہو کر اس کی بات سمجھ جائے۔

دوسری طرف یرمان ملک کی گاڑی فارم ہاؤس میں انٹر ہوئی تو چہرے کے تنے نقوش مذید تن گئے مایا کی وجہ سے عائلہ اس کی شکل دیکھنے کی بھی روادار نہیں تھی وہ یرمان سے دور رہنا چاہتی تھی کل تک کیسے ان کے درمیان سب کچھ آچھا تھا لیکِن آج۔

آج مایا کی وجہ سے عائلہ یرمان سے بد گمان ہو چکی تھی ایسی کیا بکواس کی تھی مایا نے عائلہ سے یرمان جتنا سوچتا اتنا الجھتا ڈیڈ نے کہا بھی کہ وہ مسلہ سلجھنا ہے عفت ملک کے بارے میں پتہ کرنا ہے کہ اریبہ واقعی میں سچ بول رہی ہے یا پھر معاملہ کچھ آور ہے لیکن یرمان اُن سے ایکسکیوز کر کے فارم ہاؤس آیا تھا صرف اور صرف عائلہ کے لیے۔

عائلہ کو اس کنڈیشن میں وہ کسی قسم کی ٹینشن نہیں دے سکتا تھا جانتا تھا مایا کو سوچتے وہ اپنی طعیبت خراب کر لے گی مایا سے بات کرنا بہت ضروری تھا۔

مایا کو آج وہ بخشنے کے موڈ میں نہیں تھا تقریباً ایک گھنٹہ لگا تھا اسے فارم ہاؤس میں پہنچے میں ملازمین نے اسے سلام کیا وہ سیدھا اندر آیا۔

"ایوری تھنگ اوکے۔۔۔؟" اس نے ملازمہ سے پوچھا جو مایا کے لیے ہائیر کی ہوئی تھی۔

"یس سر وہ بالکل ٹھیک ہیں۔۔۔" یرمان آگے بڑھ گیا اس وقت وہ بلیو جینز پہ وائٹ ٹی شرٹ میں ملبوس ہاتھوں کو جینز کی جیبوں میں پھنسائے سنجیدہ سا آگے بڑھا تھا دروازے کو فنگر سے ان لاک کیا اور اندر آیا مایا تیزی سے کھڑی ہوئی یرمان ملک کو دیکھ کر اس کے دل کو کچھ ہوا یرمان کا غصہ عائلہ کی حالت سب اس کے سامنے تھی۔

یرمان اب اسے بخشنے کے موڈ میں نہیں تھا وہ یرمان کے جارحانہ تیوروں سے گھبراتے پیچھے دیوار میں سمانے لگی جب یرمان نے ایک ہی جسارت میں اسے اپنے سامنے کیا اور مایا نے آنکھیں بند کر لی تھیں۔

"یوں آنکھیں بند کر کے تمھیں لگتا ہے تم بچ جاؤ گی تو یہ تمھاری بہت بڑی غلط فہمی ہے مایا مجھے سب سچ سچ بتاؤ کیا بکواس کی ہے تم عائلہ سے ورنہ تمھیں شوٹ کرتے مجھے ایک سکینڈ نہیں لگے گا۔۔" وہ دھاڑا مایا کو اپنے کانوں کے پردے پھٹتے محسوس ہوئے اس نے بے یقینی سے یرمان ملک کو دیکھا۔

جیسے اسے یقین نہیں آیا کہ یرمان اتنی سی بات پہ اسے شوٹ کرنے کی بات کر سکتا ہے یرمان نے مایا کے بالوں کو اپنی مٹھیوں میں جکڑا تھا وہ سسکتے اس کی گرفت سے نکلنے کے لیے مچلنے لگی مگر یرمان ملک کی گرفت تھی اتنی ہلکی

کیسے ہو سکتی تھی یرمان نے جھٹکے سے اسے زمین پہ پھینکا وہ اوندھے منہ فرش پہ گری تھی۔۔

اس کی خاموشی یرمان کے طیش میں اضافہ کر رہی تھی اور مایا جو پہلے یرمان کے آنے کی دعا مانگتی تھی اُسے سامنے دیکھ کر اس نے خود کے یہاں سے غائب ہونے کی دعا کی تھی۔

اتنی شرمندگی ہو رہی تھی یرمان کا رویہ اور سب سے بڑھ کر وہ یہ سب کچھ عائلہ کے لئے کر رہا تھا یہ بات برداشت کرنی اس کے مشکل تھی۔

"جواب دو مجھے۔۔۔" یرمان ملک اس پہ جھکا تھا اور مایا کو سمجھ نہیں آئی وہ کیا بتائے اور کیا نہیں بتائے جو اس نے سوچا تھا ویسا تو کچھ ہوا ہی نہیں۔۔۔۔۔

"میں نے کچھ۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔ کیا۔۔۔۔ یرمان۔۔۔۔" وہ مکر گئی یرمان کے سامنے آیسا کوئی اعتراف وہ نہیں کرنا چاہتی تھی جس سے یرمان کے دل میں عائلہ کی محبت بڑھے۔

"واٹ بکواس کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں سب جانتا ہوں اُس لڑکے کو پیسے تم نے دیئے عائلہ کو کڈنیپ کروانے کے اُس کے ساتھ تو جو ہونا تھا وہ ہو چکا ہے تمھارے ساتھ جو ہو گا آوہ تم ہمیشہ یاد رکھو گی مجھے بس یہ بتاؤ کہ عائلہ سے تم نے کیا کہا ہے جو وہ میری شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی ہے کیا بکواس کی ہے تم نے عائلہ سے۔۔۔ مایا مُجھے غصہ دلانے کی کوشش مت کرو تمھارا فرار یہاں سے ناممکن ہے جب تک میں خوُد تمھیں یہاں سے نکلنے کا نہ کہہ دوں۔۔۔ تو فضول میں وقت ضائع کرنے کے بجائے مجھے میرے

سوال کا جواب دو۔۔۔!؛" وہ غرایا مایا کی نوٹنکی وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا سر پہلے ہی درد سے پھٹ رہا تھا۔

عائلہ کا روئیہ جیسے اس کے آندر بھڑ پھڑے سے بھر گیا تھا وہ عائلہ کی آنکھوں میں خود کے لیے اجنبیت نہیں دیکھ سکتا تھا عائلہ کو روم میں چھوڑتے وہ اُسے ریسٹ کرنے کا کہتے خود چلا آیا یہاں۔

حالانکہ جانتا تھا کہ ایسے نازک وقت میں عائلہ کو اس کی ضرورت تھی اوُر وہ یہاں بیٹھا اس لڑکی سے الجھ رہا تھا جس سے الجھنے کا اسے کوئی فایدہ نہیں تھا لیکن عائلہ کے بارے میں معلوم کرنے کے لئے یرمان کچھ بھی کر سکتا تھا۔

"میں نے کچھ نہیں کہا۔۔۔ایون میری تو بات بھی نہیں۔۔۔ہوئی عائلہ سے۔۔۔میں نے بس۔۔۔عائلہ کو اُس لڑکے ساتھ۔۔۔دیکھا تو اُن کا پیچھا

کیا۔۔۔کیونکہ میں سچ معلوم کرنا چاہتی تھی کہ کہیں عائلہ تمھیں دھوکا تو نہیں دے رہی۔۔۔اور یہ سچ تھا یرمان۔۔۔وہ اُس لڑکے۔۔۔"

"چٹاخ!!"اس کے لفظ حلق میں ہی آٹک گئے جب ایک زور دار تھپڑ اس کے رخساروں پہ پڑا جس کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ عائلہ کو اپنے رخسار تپتے محسوس ہوئے یرمان ملک کو اچھے سے اندازہ ہو گیا تھا مایا یہ سب کیوں کہہ رہی تھی یقیناً اس نے عائلہ سے بھی ایسی ہی بکواس کی ہوئی تھی۔

"یرمان تم نے مجھ پہ ہاتھ آٹھایا۔۔۔"وہ اپنے رخساروں پہ ہاتھ رکھتے بے یقینی سے بولی اس کے رخساروں پہ بہتے آنسو اس کی ٹھوڑی سے نیچے گر رہے تھے لیکن جو تھپڑ یرمان سے کھا چکی تھی اس کا دل جیسے پھٹنے کو تھا۔

کہاں تھا کہ کبھی زندگی میں ایسا موقع بھی آئے گا کہ یرمان ملک اس پہ ہاتھ اٹھائے گا وہ بھی عائلہ کے لیے۔۔۔جو مایا کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں تھی۔۔

"ہاں میں نے مارا تمھیں تھپڑ۔۔۔اور ایسے کئی تھپڑ تمھیں ماروں گا جب تک تم مجھے سوالوں کے جواب نہیں دو گی وہ بھی بالکل سچ۔۔۔جیسے مجھے عائلہ سے بدگمان کرنے کی کوشش کر رہی تھی ویسے ہی عائلہ کو بھی مجھ سے بدگمان کرنے کے لیے بکواس کی ہو گی تم نے یقیناً۔۔۔"وہ مایا کی طرف دیکھتا غرایا تھا مایا نے نفی میں سر ہلایا۔

"وہ آپ سے بدگمان اس لیے ہے کہ وہ اپنے پلان میں کامیاب نہیں ہو سکی۔۔۔وہ اپنے عاشق۔۔۔"

"مایا۔۔!؛" یرمان نے دوبارہ ہاتھ اٹھایا تھا لیکِن اس بار وہ مایا کو تھپڑ نہیں مار سکا تھا.

"یہی سچ ہے۔۔۔" وہ اتنی کریٹیکل حالت میں بھی اپنی زبان کھولنے کے لئے تیار نہیں تھی اسے بس اتنا پتہ تھا کہ یرمان آگر اس کا نہیں تو عائلہ کا بھی نہیں ہو سکتا ہے۔۔

"بکواس کر رہی ہو تم۔۔اب تم دیکھو میں کیا کرتا ہوں تمھارے ساتھ تم نرمی کے قابل ہی نہیں ہو۔۔۔" یرمان نے اُسے بازوؤں سے پکڑتے گھسٹا تو مایا کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں وہ کیا کرنے والا تھا۔

"ہاں پہنچ جاؤ تم یہاں۔۔اور جو انتظامات میں نے کرنے کا کہا تھا وہ گئے ہیں ناں۔۔۔!؛" وہ کسی سے فون پہ بات کر رہا تھا آگے سے نجانے کیا جواب ملا کہ اس نے فون ہی کاٹ دیا اور شعلہ بار سلگتی نظروں سے مایا کو گھورنے لگا وہ

اس کی سرد نظروں سے اوجھل ہو جانا چاہتی تھی کیا کرنے والا تھا یرمان ملک وہ بالکل بھی نہیں جانتی تھی لیکن یرمان کے ارادے اسے بالکل نیک نیک نہیں لگ رہے تھے۔

"تم نے میری بیوی کے ساتھ یہ سب کر کے بہت بڑی غلطی کی ہے مایا۔۔۔ میں سب کچھ برداشت کر سکتا ہوں لیکن یہ نہیں۔۔" یرمان نے ایک جھٹکے سے اسے پیچھے پھینکا وہ کسک کر رہ گئی۔

اتنی تکلیف وجود میں اٹھتے درد سے نہیں ہوئی تھی جتنی تکلیف یرمان ملک کے لفظوں سے ہوئی تھی۔

"میں نے کچھ نہیں کیا۔۔۔" وہ اپنے مؤقف پہ قائم تھی وہ ماننے کے لئے تیار ہی نہیں تھی کہ جو کچھ ہؤا وہ اس کی پلاننگ تھی بلکے وہ تو اس واقعے کو

کوئی اور ہی رنگ دینا چاہتی تھی۔ مگر یہ نہیں جانتی تھی یرمان ملک کو خود سے زیادہ عائلہ پہ بھروسہ تھا مایا کی کسی چال کا شکار وہ نہیں بننے والا تھا۔

"تم نے یہ سب کیا ہے اور کتنی ڈھیٹ ہو اتنا سب کر کے بھی مکر رہی ہو کہ میں نے کچھ نہیں کیا ہے شکر کرو کہ عائلہ ٹھیک ہے ورنہ اگر عائلہ جو کچھ ہو جاتا تو پھر تم سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ میں تمھارے ساتھ کیا کرتا۔۔۔وہ میری زندگی ہے میری محبت میری چاہت میری بیوی۔۔۔" یرمان کے لہجے میں محبت سمٹ آئی عائلہ کا نام لیتے۔

مایا نے آنکھیں رگڑی تھیں وہ خواہش مند تھی ان ہونٹوں سے کبھی اتنی محبت سے اس کا نام بھی ادا ہو لیکن خواہش کہاں پوری ہوتی ہیں ہمیشہ ادھوری رہتی ہیں اور ادھوری خواہشوں کا بوجھ اٹھاتے انسان تھک جاتا ہے

۔

"مُجھے کیوں بتا رہے ہیں۔۔۔!؛"مایا نے نظریں چرا لی وہ طنزیہ ہنسا جانتا تھا وہ برداشت نہیں کر سکے گی اس کی باتیں۔۔۔

"تاکہ تمھارے دل جو غلط فہمیاں ہیں وہ تم نکال دو۔۔۔تم میری محبت کبھی نہیں رہی ہو مایا۔۔۔"وہ کچھ لمحے کے لیے خاموش ہوا۔

"محبت نہیں رہی ہوں تو جو میرے قریب آتے تھے وہ کیا تھا تم نے مُجھے کبھی یہ احساس کیوں نہیں دلایا کہ تم مجھے صرف دوست سمجھتے ہو اس سے زیادہ کچھ نہیں مجھے بتاتے میں اپنے قدم روک لیتی۔۔۔لیکن نہیں تب تو مجھ سے دل بہلاتے۔۔"

"مایا بکواس بند کرو۔۔۔"وہ بلبلایا تھا مایا کی باتیں جیسے دل میں خنجر کی طرح پیوست ہوئی تھیں دل میں۔

"بکواس نہیں ہے یہ سچ ہے یرمان۔۔۔ تم جب جب مجھے سیپشل فیل کرواتے مجھے لگتا تمھارے دل میں میرے لیے کچھ ہے میں سوچتی تھی ہماری شادی ہو گی میں تمھاری بیوی بنوں گی۔۔۔" وہ تلخی سے اپنے آنسوؤں کو اندر دھکیل چکی تھی۔۔۔

"تاکہ تم میری بیوی بن کر ملک مینشن اوئر پورے بزنس امپائر کی اونر بن سکو یہ سوچیں تُمھارے دماغ میں تھیں مایا تمھیں مجھ سے محبّت کبھی نہیں ہوئی یہ تو میری دولت تھی جس تمھیں میری طرف کھینچتی تھی ورنہ سچی محبت کیا ہوتی ہے تم اس لفظ سے بھی آشنا نہیں ہو۔۔۔ محبتیں قربانیاں مانگتی ہیں محبت میں اپنی خوشی سے زیادہ دوسرے کی خوشی کو ترجیح دی جاتی ہے لیکن تم نے کیا کیا۔۔۔" وہ مایا سے فاصلے پہ کھڑا تھا مایا اس کی طرف دیکھ رہی تھی لیکن یرمان مایا کی طرف دیکھنے کے بجائے سامنے دیوار کو گھور رہا تھا۔

"تمھیں لگتا ہے میں تمھاری دولت کے پیچھے تھی۔۔۔!؛" وہ یرمان کے اتنے ٹھیک سے اندازہ لگانے پہ پل بھر کو گھبرا گئی تھی مام ڈیڈ بھی تو یہی چاہتے تھے قیوم ملک کی بہو بنے ان کی بیٹی تاکہ قیوم ملک کے ساتھ اُن کے بزنس روابط مذید مضبوط ہو جائیں یرمان یہ سب جانتا تھا۔

"ہاں یہ دولت کی کشش تھی محبت نہیں۔۔۔اور تمھیں پتہ ہے سچی محبت روح سے کی جاتی ہے جو میں نے کی ہے عائلہ یرمان ملک سے۔۔۔" وہ عائلہ کو سوچتے مسکرایا تھا جب جب عائلہ کے بارے میں سوچتا لبوں میں مسکراہٹ آتی تھی۔۔۔

"سر باہر کوئی آہل صاحب آئے ہیں آپ کا پوچھ رہے ہیں اُنہیں کیا کہوں۔۔۔" میڈ اندر آئی اور یرمان سے کہنے لگی جبکہ آہل کی آمد کا سنتے مایا نے بے ساختہ یرمان کو دیکھا بھلا آہل یہاں کیا کر رہا تھا۔

"اسے اندر بلاؤ۔۔۔" یرمان نے اپنی بیرڈ پہ ہاتھ پھیرا جو وہ کرنے والا تھا نجانے اس کا کیا رزلٹ نکلتا لیکِن اسے یہی سب سے بیسٹ سلویشن لگا تھا۔

"آپ نے آہل کو یہاں بلایا؟؟" مایا باہر جانے لگی اسے آہل سے ملنا تھا لیکِن یرمان نے اسے روک دیا۔

"پانچ منٹس بعد تمھارا نکاح ہے آہل کے ساتھ۔۔ اوَر خبر دار جو کوئی ہوشیاری دکھائی تو نتائج کی زمہ دار تم خود ہو گی سمجھی۔۔" یہ الفاظ تھے یا کوئی دھماکا مایا اوَر آہل کا نکاح نہیں وہ یہ کیسے کر سکتی تھی مام کو پتہ چلتا تو پھر کیا ہوتا مام تو شدید نفرت کرتی تھیں آہل سے۔

"آپ حواسوں میں تو ہیں یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ ایسا نہیں ہو سکتا ہے آہل اور میں۔۔ ہمارا نکاح۔۔۔ نہیں نہیں یہ نہیں ہو سکتا ہے۔۔۔" مایا نے اپنے

بال جھنجھوڑ ڈالے وہ نہیں کر سکتی تھی یہ نکاح یرمان کو سوچا یرمان ملک کو چاہا تھا کیسے یرمان کی جگہ کسی اور کو دے سکتی تھی یہ ممکن ہی نہیں تھا۔

"ہو گا یہ نکاح مایا اور پانچ منٹس بعد ہو گا یہ نکاح تم انکار کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہو۔۔یاد رکھو تم اس وقت میری مجرم بن کر کھڑی ہو۔۔"مایا سے اسے ایسے ہی جواب کی توقع تھی وہ جانتا تھا اتنی آسانی سے یہ لڑکی کبھی نہیں ماننے گی اس نکاح کے لئے۔۔۔

"نہیں میں نہیں کروں گی تم جو مرضی کر لو یرمان میں آہل سے نکاح نہیں کروں گی یہ میرا آخری فیصلہ ہے۔۔۔"مایا کے یہ الفاظ آندر آتے آہل نے بھی سنے تھے وہ مٹھیاں بھینچ گیا اگر یرمان ملک نے اسے دھمکی نہیں دی ہوتی تو وہ شاید کبھی نہیں آتا مایا سے نکاح کرنے کے لیے۔

"تم نہیں جانتی ہو تمھاری بچت ہو رہی ہے اس نکاح کی وجہ سے ورنہ اب تک تم یہاں نہیں بلکے کہیں اوٗر ہوتی اوٗر ساری زندگی وہیں پڑی رہتی۔۔"یرمان ملک اپنے مجرموں کو آسانی سے معاف نہیں کرتا تھا اوٗر یہاں تو سامنے کھڑی لڑکی نے اس کی بیوی کو تکلیف پہنچانے کی کوشش کی تھی۔

"کیا مطلب ہے تمھارا یرمان۔۔۔"وہ گھبرائی یرمان کے تیور دیکھ کر اسے کچھ ہوا تھا وہ مسلسل انکار تو کر رہی تھی لیکن دل میں جو وبال اٹھ رہے تھے وہ ہی جانتی تھی۔

"مولوی صاحب آچکے ہیں چپ چاپ خاموشی سے تین بار قبول ہے قبول بول دینا ورنہ بہت برا ہو گا۔۔۔"وہ باہر نکل گیا مایا نے اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپایا اوٗر پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔

آہل بھی باہر نکل گیا تھا کچھ ہی دیر میں مولوی صاحب اس کے سامنے بیٹھے تھے یرمان کی دی گئی دھمکی کا اثر تھا وہ خوُد پہ ضبط کرتے اپنی رضامندی دے چکی تھی کچھ ہی لمحوں کا کھیل تھا وہ مایا آہل زمان بن چکی تھی۔۔

آہل کے دل میں اس کے لئے جذبات تھے یا نہیں وہ ہر گز نہیں جانتی تھی ہاں لیکن اس کے دل میں آہل کے لیے کچھ نہیں تھا وہ یہاں آیا ہی کیوں یہ سوَال اس کے دل میں مچل رہا تھا لیکن جواب نہیں مل رہا تھا وہ وہیں بیٹھی تھی یرمان اوَر آہل میں کوئی ابھی تک آندر نہیں آیا تھا۔

یرمان کبھی ملا ہی نہیں آہل سے نہ وہ آہل کے بارے میں جانتا تھا تھا کچھ پھر یرمان نے اُسے یہاں کیسے بلایا اور آہل تو جیسے پہلے تیار بیٹھا تھا نکاح کے لیے ۔۔۔وہ سوچتے سوچتے الجھی تھی اپنے ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھنے لگی جن میں یرمان ملک کا ساتھ شاید لکھا ہی نہیں ہوا تھا۔

"نہیں رہوں گی میں آہل کے ساتھ۔۔۔" وہ اپنے آنسو صاف کرتے دل ہی دل میں پکا ارادہ کر چکی تھی وہ آہل سے یہ نکاح ختم کرنے کی بات کرے گی۔

••••••

آہل اوَر یرمان دونوں باہر لاؤنج میں بیٹھے تھے مولوی اور باقی لوگ جا چکے تھے وہ دونوں خاموش تھے آہل یرمان کی طرف سے دی گئی دھمکی کی وجہ سے یہاں آیا تھا ورنہ یہ بات تو وہ اچھے سے جانتا تھا کہ مایا کے دل میں اس کے لیے کوئی فیلنگز نہیں تھیں وہ یرمان ملک سے محبّت کرتی تھی اس نے بھی تو کبھی مایا کو بتانے کی کوشش نہیں کی ہاں جب بھی کرتا مایا اس کی باتوں کو سمجھ ہی نہیں پاتی وہ خود کسی اور کی محبت میں مبتلا تھی اسکے جذبات کیسے سمجھ پاتی۔

"مُجھے لگتا ہے تمھیں میرے اور مایا کے نکاح کا فیصلہ نہیں لینا چاہئے تھا تم نے جلد بازی کا مظاہرہ کیا یرمان۔۔مایا کے دل میں تُمھارے لیے جذبات ہیں یہ تم آچھے سے جانتے ہو۔۔۔" آہل کو بار بار مایا کا بولا گیا جملہ جو اس نے انڈر داخل ہوتے سنا تھا یاد آرہا تھا۔۔

"میں نے تمھارے سامنے دو آپشن رکھے تھے تم چاہتے تو انکار کر سکتے تھے نکاح کی حامی تم نے خود بھری تھی آہل شاید مایا کی نفرت کے باوجود بھی تم اپنی محبت سے دستبردار نہیں ہو سکے کبھی۔۔۔" یرمان نے آہل کے بارے میں انفارمیشن نکلوائی تھی اور پھر آہل لے افس پہنچ گیا وہ مایا کو آزاد نہیں چھوڑ سکتا تھا جانتا تھا کہ اگر مایا کو آزاد چھوڑ دیا تو پھر سے دوبارہ وہ ایسی حرکت کرے گی۔

آہل کے سامنے جان بوجھ کر یرمان نے دو آپشن رکھے تھے کہ یا تو مایا کو بچالو اس سے نکاح کر لو یا پھر مایا کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بھول جاؤ کیونکہ جو کچھ وہ کر چکی ہے میں اسے کبھی آزاد نہیں کروں گا ہمیشہ وہیں پڑی رہے گی اور اگر یرمان کو لگا کہ اس کی یہ سزا بھی کم ہے تو میں مایا کو پولیس کے حوالے بھی کر سکتا ہوں الزام تو ویسے بھی مایا پہ ہی تھا عائلہ کی کڈنیپنگ کا۔۔

آہل ڈر گیا تھا جو بھی تھا وہ مایا سے محبت کرتا تھا جانتا تھا کہ آگر یرمان نے مایا کو پولیس کے حوالے کر دیا تو پھر مایا کی سزا پکی تھی اور آہل کی غیرت یہ گوارہ نہیں کر سکتی تھی کہ اس کی کزن اس کی محبت جیل میں رہے یہیں پہ وہ کمزور ہوا اور نکاح کے لئے راضی ہو گیا تھا۔

مایا کی نفرت اس کا کا نکاح سے انکار کرنا اب اسے پچھتاوے میں ڈال رہا تھا۔

"تمھیں لگتا ہے کہ میں مایا کو جیل میں جاتا دیکھتا اور خاموش رہتا میری محبت مجھے یہ سب کرنے کی اجازت نہیں دیتی ہے یرمان۔۔۔"وہ بے بس ہوا تھا یرمان تلخی سے مسکرایا تھا اس کی محبت کے ساتھ بھی اتنا برا کیا مایا نے۔

"تو پھر کیا مسلہ ہے بچ گئی ہے وہ اور چاہو تو اُسے ساتھ بھی لے کر جا سکتے ہو لیکن یہ یاد رکھنا کی اگر مایا نے دوبارہ میری بیوی کو تکلیف پہنچانے کی کوشش کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔ تم محبت کرتے ہو مایا سے اس کے ساتھ رہو گے تو اُس کے دل میں بھی تمھارے لیے محبت پیدا ہو ہی جائے گی۔۔"یرمان کو معلوم تھا کہ یہ بہت مشکل تھا لیکِن نکاح کے بعد ساتھ رہتے محبت تو ہو ہی جاتی ہے۔

اس نے بھی تو عائلہ کی محبت پانے کے لیے اتنا کچھ کیا اور پھر بھی ابھی تک عائلہ مکمل بھروسہ نہیں کر پاتی تھی اس پہ ہاں لیکن پہلے کی طرح اب ان کے رشتے میں وہ اجنبیت نہیں تھی۔

"مایا شاید ہی کبھی خود کو بدلے وہ جان بوجھ کر اب مجھ سے دور بھاگے گی محبتیں بھولنا آسان نہیں ہوتا ہے یرمان انسان کی عمریں کٹ جاتی ہیں چند روز کی محبت کو بھولنے میں۔۔۔!؛" آہل مایا کو ساتھ تو لے جانے والا تھا لیکن نجانے کیا ہونے والا تھا۔

"ہاں لیکِن وہ مایا محبت نہیں کرتی تھی مجھ سے محبت میں انسان خود کا کہاں سوچتا ہے وہ مجھ سے نہیں میری دولت سے محبت کرتی تھی اور وہ مانے یا نہ مانے لیکن یہی سچ ہے کہ وہ ایک سیراب کے پیچھے بھاگ رہی تھی اب تک۔۔۔" یرمان مایا کے بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا تھا مایا کی وجہ سے

اس کے ساتھ اتنا کچھ ہو رہا تھا لیکن ان دونوں کی باتیں مایا سے شروع ہو کر مایا پہ ہی ختم ہو جاتی تھیں۔

"کاش کہ یہ بات وہ بھی سمجھ سکے۔۔۔" وہ گہرا سانس بھرتا اپنا سینہ مسلنے لگا

۔

"تم محبت اور توجہ دو گے تو وہ مجھے بھول جائے گی اسے محبت کے معنی بھی تبھی معلوم ہونگے جب تم اسے اپنی محبت کے بارے میں بتاؤ گے۔۔۔" یرمان کا سیل بجا تو اس نے سائیڈ پہ پڑا اپنا فون اٹھایا کال ڈیڈ کی تھی اب تو فجر ہونے والی تھی یقیناً ڈیڈ نے ساری رات اس کا انتظار کیا ہو گا اوُر اب اسے کال کر رہے ہیں شاید اس کی خیریت معلوم کرنا چاہتے تھے یرمان نکلا بھی کافی حجلت میں تھا گھر سے۔۔

"ڈیڈ کیسے ہیں آپ۔۔؟" یرمان آہل سے معذرت کرتے سائیڈ پہ ہؤا اوٗر ڈیڈ سے بات کرنے لگا۔۔

"کب تک آنے کا ارادہ ہے بیٹا عائلہ اکیلی ہے اور پھر عفت والا معاملہ بھی تم جلدی واپس آؤ بیٹا۔۔۔" وہ ساری رات یرمان کا انتظار کرتے رہے اوٗر اب تھوڑی دیر بعد فجر کی اذان ہونے والی تھی اب انہیں زیادہ پریشانی ہوئی تو یرمان کا نمبر ملایا تا کہ بات کر سکیں معلوم کر سکیں کہ وہ کہاں ہے۔

"ڈیڈ مجھے ایک گھنٹہ لگ جائے گا۔۔۔ آپ ریسٹ کریں عائلہ سو رہی ہو گی ڈاکٹر نے جو میڈیسن دی تھی اُسے نیند زیادہ آنی تھی میرے آنے تک وہ سو رہی ہو گی آپ بھی آرام کریں میں جلدی آنے کی کوشش کرتا ہوں۔۔۔" وہ ڈیڈ کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا نہ ہی اُنہیں یہ بتا سکتا تھا کہ اس وقت کہاں پہ ہے وہ۔

"بیٹا آیسا بھی کیا ضروری کام کہ تمھاری پوری رات لگ گئی اب تو فجر ہونے والی ہے جلدی واپس آؤ۔۔۔"وہ اب دبی دبی آواز میں دھمکی دے رہے تھے ڈیڈ کی فکر مندی وہ سمجھ چکا تھا وہ اریبہ والے مسلے کے لیے الجھے ہوئے تھے۔

"ڈیڈ میں کہہ چکا ہوں ایک گھنٹے تک آجاؤں گا اور ویسے بھی آپ ابرش سے بات کریں وہ جو کچھ بتائے گی اُس پہ ہی ڈیپینڈ کرتا ہے آگے کیا کرنا ہے۔۔۔"یرمان زیادہ لمبی بات نہیں کر سکتا تھا وہ آہل سے بات کر رہا تھا اگر کسی اور کی کال ہوتی تو وہ شاید اگنور کر دیتا لیکن ڈیڈ کی کال وہ اگنور نہیں کر سکا اور ریسو کر لی۔۔

"یرمان بیٹا مُجھے تُمھاری پریشان ہو رہی ہے یہ معاملہ تو بعد میں بھی حل ہو سکتا ہے بیٹا عائلہ کی طعیبت رات کو ہی ٹھیک نہیں نہیں لگ رہی تھی اس

لیے آپ کو بلا رہا ہوں۔۔۔!؛" قیوم ملک یرمان کی باتوں میں چھپا طنز سمجھتے بولے۔

"ڈیڈ جلدی پہنچنے کی کوشش کرتا ہوں۔۔۔" یرمان نے کال کٹ کر دی اور آہل کی طرف بڑھا جو اس کے انتظار میں بیٹھا تھا۔

جب یرمان نے مایا کے حوالے سے بات کی تب تو وہ انکار نہیں کر سکا لیکن اب اسے لگ رہا تھا کہ اُس وَقت اسے جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے تھا مایا کا ردِعمل اسے ہرٹ کر رہا تھا۔

"وہ بھول گی نہیں بلکے مجھ سے چھٹکارہ پانے کی کوشش کرے گی اور جب اس کے مام ڈیڈ کو معلوم ہو گا تو مزید پرابلم بڑھے گی یرمان۔۔۔" وہ خاصا نا امید ہو چکا تھا مایا کا ردِعمل دیکھ کر۔

"تو یہ تو تم پہ ہے کہ تم کیسے اسے اپنی طرف مائل کرتے ہو آہل محبت کرتے ہو تو ثابت بھی کرو یہ کیسی محبت ہے تمھاری پہلے ہی امتحان میں تُمھارے قدم لڑکھڑا گئے ہیں آیسا تو نہیں چلے گا۔۔۔" یرمان نے طنز کیا وہ خاموش رہا

۔

"یکطرفہ محبت میں سکون نصیب نہیں ہوتا ہے بس خواری ہوتی ہے مُجھے لگتا ہے میں اپنا بیسٹ بھی دے دوں تو پھر بھی مایا کے دل میں میرے لیے محبت پیدا نہیں ہو گی اس کا رویہ دیکھ چکے ہو تم۔۔۔" آہل نے پیشانی مسلی تھی۔

"یکطرفہ محبت کو دو طرفہ محبت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے آہل میں بھی تو محبت کرتا ہوں اپنی بیوی سے جو پہلے میری شکل دینے کی روادار نہیں تھی لیکِن اب وہ مجھ سے محبت کرتی ہے میں بہت خوش ہوں تمھیں۔ معلوم ہے

اگر مایا کی جگہ کوئی اور ہوتی تو اب تک بچ نہ چکی ہوتی۔۔۔"یرمان کی باتوں پہ آہل نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"تمھاری بیوی کے دل میں پہلے سے کوئی نہیں تھا تو تمھاری محبت نے اُس کے دل میں گھر کر لیا مایا اپنے حصے کی محبت دے چکی ہے تمھیں وہ مجھ سے دور ہی بھاگے گی یرمان۔۔"وہ اپنی بات پہ قائم تھا یرمان نے دانت پیستے اسے دیکھا اور آپنا فون جیب میں ڈالا عائلہ کو دیکھنے کے لیے من مچل رہا تھا وہ مذید تاخیر نہیں کر سکتا تھا اسے اگلے کچھ ہی منٹوں میں واپس مینشن پہنچنا تھا۔

"یہ تمھارا مسلہ ہے جسے مرضی حل کرو لیکن ایک بات میں بتا رہا ہوں عائلہ کو مزید مایا نقصان نہ پہنچائے یہ یاد رکھنا۔۔۔"یرمان نے انگلی اٹھ کر وران کیا تو وہ محض سر ہلا سکا۔

آہل آندر مایا کے پاس آیا وہ جیسے ہی آندر داخل ہوا اس کا استقبال کشن نے کیا تھا جو سیدھا اس کے ماتھے پہ جا لگا تھا وہ اپنا ماتھا سہلاتے مایا کو دیکھ رہا تھا جس کے چہرے کے پتھریلے اور تنے نقوش اسے پریشان کر گئے تھے یرمان جا چکا تھا آگر یہاں ہوتا تو شاید مایا کو سنبھال لیتا لیکن اب مایا کا غصہ آہل بچارے نے برداشت کرنا تھا۔

"کیوں آئے یہاں؟ مجھ سے نکاح کرنے کے لیے؟ میں مر بھی جاتی میرے پیچھے نہیں آنا چاہیے تھا آہل تمھیں۔۔۔ میں تم سے محبّت نہیں کرتی ہوں میں یرمان سے محبت کرتی ہوں سنا تم نے۔۔۔" وہ جان بوجھ کر آیسے لفظ لبوں سے نکال رہی تھی تا کہ آہل کو خوُد سے متنفر کر سکے۔

"مایا تمھارا ماضی جو بھی تھا مُجھے اس سے کوئی سروکار نہیں ہے لیکن اب تم میری بیوی ہو اور تمھارے ہونٹوں سے میں مزید کسی کا نام نہ سنوں یرمان

ملک کا تو بلکل بھی نہیں ورنہ تم نہیں جانتی ہو میں کیا کرونگا مایا۔۔۔"مایا کے ہونٹوں سے نفرت بھرا اظہار سن کر وہ تلملا اٹھا مایا اب اس کی بیوی تھی کیسے برداشت کرتا وہ مایا کے ہونٹوں سے کسی اؤر کا نام وہ بھی اس یرمان ملک کا تو ہرگز نہیں۔

"کیا کروگے تم میں نے تمھاری منت سماجت نہیں کی کہ آؤ مجھ سے نکاح کرو تم نے خود کیا ہے مجھ سے نکاح سنا تم نے۔۔۔اب اسے ختم۔۔۔!؛"باقی کے لفظوں کو آہل نے ہونٹوں میں دبالیا وہ شدت سے مایا کے ہونٹوں پہ اپنی گرفت مضبوط کرتا اس کی سانسوں کو قطرہ قطرہ خود میں انڈھیلنے لگا مایا اس کی گرفت میں تڑپ اٹھی تھی وہ اس کے سینے پہ مکے مارتے اسے خؤد سے الگ کرنے لگی لیکِن مقابل کی گرفت میں بلا کی سختی تھی وہ پوری شدت سے اس کی سانسوں سے اپنی سانسیں الجھا چکا تھا۔

کیا جانے تُو میرے ارادے

لے جاؤں گا سانسیں چرا کہ۔

دل کہہ رہا ہے گنہگار بن جا

بڑا چین ہے ان گناہوں سے آگے

میں گمشدہ سی رات ہوں

میری خوش نما صبح تم ہو۔۔۔

وہ اس کے ہونٹوں کو آزاد کرنے کے موڈ میں نہیں تھا مایا کی کوئی مزاحمت کام نہیں کر رہی تھی وہ اس کی سانسوں کو پیتے اسے پیچھے دیوار کے ساتھ پن کرتے اس کی کلائیوں کو اپنی گرفت میں لیتا اس کے نچلے ہونٹ پہ دانت گاڑ چکا تھا۔

مایاماہی بے آب کی طرح تڑپی تھی ہونٹوں پہ پھیلتی جلن کا احساس اب جیسے رگ وروپ میں سرایت کر چکی تھی وہ آہل کی گرفت سے اپنی کلائیاں آزاد کروانا چاہتی تھی پوری کوشش بھی کر رہی تھی لیکن مقابل پہ کہاں اس کی کوششوں کا اثر ہونا تھا وہ اس کی طرف سے ہوتی مزاحمت دیکھ کر مزید جنونی ہوتا اس کی سانسوں کو شدت سے پی رہا تھا۔

مایا کا ٹھنڈا پڑتا وجود دیکھ کر وہ بمشکل آپنے جزبات پہ بن باندھتے پیچھے ہوا تھا اور مایا اس کی گرفت سے ایک جھٹکے میں پیچھے ہوتی کہ آہل نے اُسے ایک بار پھر سے اپنے حصار میں لے لیا۔

"تم تم۔۔۔" مایا کے پاس جیسے لفظ ہی نہیں بچے تھے پہلی بار آہل سے اتنی جھجھک محسوس ہو رہی تھی ورنہ تو دونوں دوست تھے کوئی بھی بات کر لیتے

لیکن درمیان میں رشتہ بدل گیا تھا تو مقابل کے انداز بھی بدل چکے تھے اب۔

"میں بہت کچھ کر سکتا ہوں مایا اس کا اندازہ تو تمھیں ہو ہی گیا ہو گا لہذا چپ چاپ میرے ساتھ چلو میرے گھر کیونکہ تمھارے نام ڈیڈ تو ہیں نہیں اور کسی دوسری جگہ میں تمھیں جانے نہیں دوں گا۔۔۔" وہ مایا کی کلائی تھامے اسے وہاں سے لے جانے لگا لیکن مایا کی مزاحمت بڑھتی ہی گئی۔

"میں نہیں جاؤں گی آپ کے گھر میں اپنے گھر جاؤں گی یہ بھول ہے تمھاری کہ نکاح ہو گیا اور اب تم مجھ پہ حق جتاو گے یہ میں کبھی نہیں ہونے دوں گی۔۔" وہ تو غرائی پہلے مقابل کی کی گئی حرکت اور اب اس کا یوں گھر جانے کی بات کرنا مایا کے لئے برداشت کرنا بہت مشکل تھا۔

"تمھیں میرے ساتھ جانا پڑے گا مایا ورنہ انکار کی صورت میں نقصان تُمھارا ہو گا۔۔" وہ بہت پیار سے نرمی سے اسے ٹریٹ کر رہا تھا لیکِن اس لڑکی پہ اس کے محبت بھرے انداز کا کوئی اثر ہوتا پھر کیا ہی بات تھی وہ تو الٹا ضد پہ آڑ چکی تھی۔

"کیا کرو گے آہل۔۔۔ میں اپنی مرضی کی مالک ہوں نہیں جاؤں گی تمھارے گھر ویسے بھی تم نے میری مجبوری کا فایدہ اٹھایا ہے مجھے پورا یقین ہے یہ نکاح کرنے کا آئیڈیا تمھارا ہو گا۔۔۔" وہ اپنے آنسو صاف کرتے تاسف سے بولی یرمان بھلا کیوں نکاح کروائے گا اس کا آہل کے ساتھ۔

"آگر میں تم سے نکاح نہیں کرتا تو یرمان ملک تمھیں پولیس کے حوالے کر دیتا اور الزام تھا کہ تم نے یرمان ملک کی بیوی کو کڈنیپ کروایا اور یرمان کی پوزیشن سے تو تم واقف ہو وہ تمھیں چھوڑتا نہیں۔۔۔" آہل مایا کی باتوں پہ

جیسے اندر سے ٹوٹ چکا تھا مایا کو کیوں اس کی محبت نظر نہیں آتی تھی مایا کا بیہو ہر ٹھیک ہوتا تو پھر کوئی مسلہ نہیں تھا بھلے وہ محبت نہ کرتی لیکن جو اس کا یہ بد تمیزی بھلا رویہ تھا وہ ہی برداشت کرنا آہل کے لیے بہت مشکل تھا۔

"نہیں یرمان نہیں کر سکتا آیسا۔۔۔"مایا بے یقینی سے آہل کو دیکھ رہی تھی جیسے یقین کرنا مشکل ہو جو آہل کہہ رہا ہے وہ سچ ہے یا جھوٹ۔

یقیناً سچ ہی تھا یرمان جیسے عائلہ کے پیچھے پاگل ہوا ہؤا تھا اسے تو یہ سب سچ ہی لگ رہا تھا۔

"یرمان نے مجھے بلیک میل کیا ورنہ مُجھے اپنی عزت نفس بہت پیاری تھی تمھاری مرضی کے بغیر میں تم سے کبھی نکاح نہیں کرتا کیا ہوتا آگر میں تم سے نکاح نہیں کرتا اؤر یرمان ملک تمھیں جیل بھیجوا دیتا پھر ساری زندگی

جیل میں سڑتی رہتی تم۔۔۔ چلو میرے ساتھ وقت نہیں ہے میرے پاس جو ضائع کروں۔۔۔" وہ دھاڑا تھا۔

مایا خوف سے کپکپاتے دیوار میں سمائی پہلی بار اسے آہل سے خوف محسوس ہوا تھا رشتہ بدل گیا تھا وہ بھلے نہیں مانتی لیکن یہ سچ تھا آہل اس کا شوہر تھا وہ نفی میں سر ہلانے لگی اسے آہل کے ساتھ نہیں جانا تھا کسی قیمت پہ بھی نہیں آہل کے ساتھ جانے سے بہتر تھا وہ ادھر ہی قید رہتی اس نے اس قید سے رہائی تو چاہی تھی لیکِن آہل کے ساتھ نہیں رہنا تھا اسے۔

"تم کیوں وقت ضائع کر رہی ہو مایا۔۔۔؟" غصہ پیار نرمی وہ اپنی سائیس شو کر چکا تھا لیکِن مایا نہیں مان رہی تھی وہ بے بس ہوا اتنا تو سمجھ گیا تھا کہ یہ لڑکی اسے کافی ٹف ٹائم دے گی۔

محبت میں ہمیشہ سامنے والی کی مانی جاتی تھی ہاں وہ ماننے کے لیے تیار بھی تھا لیکِن بد تمیزی وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

"مجھے نہیں جانا ہے تمھیں سمجھ نہیں آرہی ہے میری بات زبردستی مسلط ہونے کی کوشش کر رہے ہو تم آہل اور یقین جانو یہ سب کر کے تم میرے دل میں اپنی نفرت میں اضافہ کر رہے ہو اوُر کچھ حاصل نہیں ہو گا تمھیں۔۔۔"وہ رو رہی تھی اپنے بالوں کو نوچتے وہ اس پل اپنے حواسوں میں نہیں لگ رہی تھی۔۔۔۔

"تم جا مرضی بولو مُجھے فرق نہیں پڑتا ہے مایا میری بیوی ہو تم میرے ساتھ ہی رہنا پڑے گا ورنہ میں۔۔"

"ورنہ کیا۔۔۔"

"یہ کیا کر رہے ہو تم آہل۔۔۔"ان کی بحث لمبی ہوتی کہ آہل نے آگے بڑھتے مایا کو اپنی بانہوں میں اٹھالیا وہ احتجاج کر رہی تھی لیکِن مقابل پہ اس کے احتجاج کا کیا ہی اثر ہونا تھا وہ تو ایک بار پھر سے اس کے ہونٹوں پہ جھکنے والا تھا لیکِن مایا نے چہرہ پھیر لیا تھا۔

مایا کی اس حرکت پہ آہل کو جی بھر کر غصہ آیا وہ نظر انداز کرتی تو شاید وہ برداشت کر لیتا لیکن مایا کا یہ رویہ اس کے تن بدن میں چنگاریاں سی دہکنے لگی بیوی تھی وہ آہل کی آخر مایا اس بات کو تسلیم کیوں نہیں کر رہی تھی وہ لب بھینچتے مایا کو اپنے قریب کر لیا روم سے وہ لوگ نکل آئے تھے آہل کا رخ اپنی گاڑی کی طرف تھا وہ اب زبردستی ہی سہی لیکن اسے ساتھ لے کر جانے والا تھا۔

مایا مزاحمت کر رہی تھی تھوڑی دیر پہلے جو آہل نے اسے ڈیپ کس کی وہ بھولی نہیں تھی ہونٹوں پہ ابھی تک اس کے سلگتے لبوں کا لمس محسوس ہو رہا تھا وہ یکدم سے جھکتے آہل لے کی گردن پہ زور سے دانٹ گاڑ چکی تھی اس کی گرفت جیسے ہی مایا کے گرد ہلکی ہوئی مایا بھاگنے لگی۔

آہل تلملایا مایا یہ سب کر کے کیا ثابت کرنا چاہتی تھی کہ وہ بچ جائے گی یہ بہت بڑی غلط فہمی تھی مایا کی وہ مایا کے پیچھے بھاگا جو لان کی طرف چلی گئی اور پودوں کے درمیان میں چھپنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

آہل کو اس طرف آتے دیکھ کر وہ سانس روک چکی تھی ایک بار آہل کی نظروں سے اوجھل ہو جاتی پھر اسے مسلہ نہیں تھا آگے تو سب سٹ ہو ہی جانا تھا وہ آہل کے قدموں کی چھاپ محسوس کر رہی تھی۔

وہ نہیں چاہتی تھی کہ آہل کو معلوم ہو وہ یہاں ہے اور آہل اسے ڈھونڈ لے لہذا وہ خاموش تھی اور آہل آس پاس ہر جگہ اسے دیکھ رہا تھا اور چہرے پہ چھائے پتھریلے تاثرات یہ بتا رہے تھے کہ اس وقت وہ بہت غصے میں تھا مایا کو چھوڑنے والا ہرگز نہیں تھا وہ مایا کے بالکل قریب جا کر کھڑا ہو گیا وہ جو آگے دیکھ رہی تھی اگر اپنے پیچھے دیکھ لیتی تو معلوم پڑ جاتا کہ جس سے بچنے کی کوشش کر رہی ہے وہ اس کے بالکل قریب آن کھڑا ہوا ہے۔

"آہل بہت جلد مام ڈیڈ یہ نکاح ختم کروا دیں گے جو تم ہواؤں میں اڑ رہے ہو پٹخ سے زمین پہ آ گرو گے بس دیکھتے جاؤ تمھارے ارادے اچھے سے سمجھ رہی ہوں میں تمھیں کیا چاہیے لیکن یہ تمھاری بھول ہے کہ میں آیسا کچھ ہونے دوں گی۔۔۔"وہ اپنے ہونٹوں کو رگڑتے جیسے اس کا لمس مٹانے کی کوشش کر رہی تھی مقابل اس کی حرکتیں دیکھ رہا تھا۔

مایا کے ساتھ نکاح تو ہو چکا تھا لیکِن رشتہ ابھی تک اتنا مضبوط نہیں تھا۔

اسے مایا کے ساتھ اپنے رشتے کو مکمل کرنا تھا ہاں پہلے تو شاید اس نے تسلیم کر لیا تھا کہ مایا اس کی نہیں ہے لیکن اب جب دوبارہ قسمت نے ملا دیا تو اب وہ یہ موقع ضائع نہیں کرنا چاہتا تھا۔

مایا کا دماغ تبھی درست ہو سکتا تھا جب ان کے درمیان رشتہ مکمل ہوتا وہ دیکھنا چاہتا تھا کہ مایا کیا کرتی ہے لہذا خاموشی سے وہ مایا کے پیچھے کھڑا رہا تقریباً کوئی پانچ دس منٹس تو درمیان سے گزر ہی گئے لیکن آہل کو نہ آتے پا کر وہ کچھ ریلیکس ہوئی اوٗر اپنے بالوں کو پیچھے کرتے وہ اٹھی جیسے ہی وہ زمیں سے اٹھی اسکی پشت کسی کے چوڑے سینے سے ٹکرائی اس کے ہونٹوں سے بے ساختہ چیخ نکلی جیسے ہی پیچھے مڑ کر دیکھا وہ کوئی اوٗر نہیں بلکے آہل زمان کھڑا تھا۔

اس کی آنکھوں میں بے یقینی سی ابھری وہ کیا سمجھ رہی تھی کہ آہل چلا گیا ہو گا لیکن آہل تو اس کے پیچھے کھڑا تھا نجانے کب سے اور اس کی باتیں بھی شائد اس نے سن لی تھی کیونکہ مایا کی عادت تھی جو وہ سوچ رہی ہوتی اس کے ہونٹوں سے بھی وہ لفظ نکلتے تھے۔

"تم تم گئے نہیں۔۔۔!؛" وہ گھبرائی تھی ماتھے پہ پسینے پے پسینے کے قطرے بھی ابھرے تھے۔

"تمھیں لیے بغیر تو ہرگز نہیں جاؤں گا۔۔۔" آہل نے مایا کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے قریب کیا کہ کہیں وہ دوبارہ سے بھاگنے کی کوشش ہی نہ کرے۔

"نہیں جانا ہے مجھے آہل تُمھارے ساتھ تمھیں کیوں میری بات سمجھ نہیں آ رہی ہے پلیز۔۔۔ میں نہیں رہ سکتی ہوں تمھارے ساتھ۔۔۔ دیکھو تم نے میری ہیلپ کے لیے یہ نکاح کیا تھا لیکِن اب آگے۔۔۔"

"مایا مزید بکواس کی تو میں برداشت نہیں کرونگا۔۔۔"وہ غرایا مایا کتنی آسانی سے ان کے رشتے کو ختم کرنے کی بات کر دیتی تھی کیا یہ بہت آسان تھا مایا کے لیے۔۔۔

"مُجھے نہیں رہنا ہے تمھارے ساتھ۔۔۔"وہ آہل کے سینے پہ مکے مارتے رونے لگی آہل نے ایک بار پھر سے مایا کے ہونٹوں کو اپنی گرفت میں قید کرتے اس کی سانسوں کو اپنی سانسوں سے الجھایا مایا کی آنکھوں کی پتلیاں حیرت کی ذیادتی سے پھیلی تھیں۔

لان میں آہل سے اس قدر بے باکی کی توقع نہیں تھی بھلے لان میں کوئی بھی نہیں تھا لیکن پھر بھی یرمان کی بے قراریاں سہنے کا حوصلہ نہیں تھا مایا کے آندر وہ اس کے ہونٹوں کا لمس اپنے ہونٹوں پہ بمشکل سہن کر پا رہی تھی۔۔

یہ کس کا دورانیہ بڑھنے لگا اور مایا کی برادشت سے باہر ہوا آہل کا یہ عمل برداشت کرنا تو اس نے آہل کے ہونٹوں پہ اپنے دانتوں سے کٹ لگایا جو اچھا خاصا گہرا لگ گیا کہ آہل کے ہونٹوں سے خون رسنے لگا وہ مایا سے ایسی حرکت کی توقع نہیں کر رہا تھا اپنے ہونٹوں پہ شدید جلن محسوس ہوئی لیکن مایا کے لبوں کو آزاد کرنے کے بجائے وہ مزید شدت دکھانے لگا۔مایا کو اپنے حلق مین عجیب سا ذائقہ محسوس ہؤا تو وہ آہل کی شرٹ کا کالر پکڑتے جھنجھوڑنے لگی۔

وہ پیچھے ہوتے اپنے زخمی ہونٹوں کو اپنی آستین سے سہلانے لگا مایا نے رخ پھیر لیا وہ جتنی نفرت کا اظہار کر رہی تھی مقابل پہ تو جیسے کوئی فرق ہی نہیں پڑ رہا تھا وہ اس کے ہونٹوں سے لپٹے اپنی ضرورت پوری کر رہا تھا۔

"یہ نکاح تو بس فرضی کاروائی تھی تمھیں تو میرا وجودِ چاہیئے تاکہ تم اپنی جسمانی خواہشات پوری کر سکو میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی آہل تم آیسے نکلو گے جب جانتے ہو کہ میری مرضی شامل نہیں ہے اس سب میں پھر بھی تم میرے قریب آرہے ہو۔۔۔"وہ سسکی آہل کے ارادے جانتے اب صحیح معنوں میں اس کے پسینے چھوٹ گئے تھے۔

آگر آہل کو غصہ آجاتا تو پھر وہ دونوں اس فارم ہاؤس میں اکیلے تھے جیسے وہ اس کے ہونٹوں سے لپٹا ایسے ہی اگر وہ اپنا حقِ لینے لگ گیا تو مایا کہاں تک مزاحمت کر سکتی تھی۔

"بیوی ہو میری اور ایسے تو ایسے ہی سہی اب یہیں اسی جگہ پہ تم میری بیوی ہونے کا حق ادا کرو گی مُجھے روک نہیں سکو گی تم۔۔۔"وہ اس کی کلائیوں کو پکڑتے اس پہ حاوی ہونے لگا۔

"نہیں آہل گھر چلتے ہیں۔۔۔" وہ جو پہلے آہل کے ساتھ جانے سے انکار کر رہی تھی اب خوُد ہی اسے جانے کا کہہ رہی تھی آہل کے گھر سے پھر بھی اس کے لئے بھاگنا آسان ہوتا یہ فارم ہاؤس تو آبادی سے الگ تھلگ تھا یہاں سے تو وہ بھاگ بھی نہیں سکتی تھی۔

"کونسے میرے گھر جانے سے تو تم صاف صاف انکار کر چکی ہو مایا۔۔" آہل اسے لائن پہ آتے دیکھ کر بہت خوش ہوا مسکراتے اس کی ناک سے ناک سہلائی تو وہ بمشکل اپنے آندر اٹھتے طیش پہ ضبط کر سکی۔

اسے آہل کو کسی بھی طرح یہاں سے نکلنے کے لئے راضی کرنا تھا ورنہ یہاں تو آہل کچھ بھی کر سکتا تھا جو وہ شائد برداشت نہیں کر پاتی۔

"مُجھے یہاں سے نکلنا ہے آہل۔۔۔" آنکھوں میں آنسو آ گئے جھوٹ موٹ کے اور اور یہ آنسو ہی تو آہل کی کمزوری تھے وہ ساری دُنیا سے لڑ لیتا لیکن ان آنسوؤں کے آگے بے بس ہو جاتا۔۔

"میرے گھر جائیں گے ہم جب تک تمھارے مام ڈیڈ نہیں آ جاتے۔۔ آؤ اب تو دوپہر ہونے والی ہے۔۔" بحث میں انہیں آچھا خاصا وقت لگ گیا تھا مایا نے مذید انکار نہیں کیا نہ ہی مزاحمت کی وہ انکار کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھی آگے کنواں تھا تو پیچھے کھائی یہاں جاتی گرنا ہی تھا۔

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھے اور مایا نے ایک نظر اس بڑے سے فارم ہاؤس کی عمارت پہ ڈالی تھی وہ جو کل تک یرمان ملک سے شادی کے سپنے سجائے بیٹھی تھی آج آہل کی بیوی بن چکی تھی۔۔

"یرمان تم نے میرے ساتھ آچھا نہیں کیا۔۔" آہل کوشش کر رہا تھا مایا سے بات کرے لیکن وہ آنکھیں موند خاموشی سے بیٹھی تھی جانتا تھا وہ کیا سوچ رہی ہو گی لیکن وہ مجبور تھا۔۔

مایا کو خود ہی سوچنا چاہیے تھا یرمان کے پیچھے بھاگنے سے اسے کچھ حاصل نہیں ہونے والا تھا وہ اپنی بیوی سے بہت محبت کرنا تھا۔

کیا کبھی مایا اس سے محبت کر پائے گی کیا کبھی ان کے درمیان سب ٹھیک ہو پائے گا۔۔۔!؛

اس سوال نے اس کے دل میں جنم لیا تھا لیکن اس سوال کا جواب شاید اس کے پاس نہیں تھا وہ بار بار ڈرائیو کرتے مایا کو دیکھ رہا تھا جو اس کی نظروں کی تپش محسوس کرتے بھی انجان بن رہی تھی۔

وہ آہل کی خوش فہمی دور کر دینا چاہتی تھی وہ اسے بتا دینا چاہتی تھی کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا آہل کو دینے کے لیے ہاں بس خالی وجود تھا جسے وہ حاصل کر بھی لیتا تو کیا فایدہ ہوتا اسے جب مایا کے دل سے ہی وہ سارے احساسات ختم ہو چکے تھے یرمان کی محبت بھی شاید ختم ہو چکی تھی جو آج یرمان نے کیا اس کے بعد وہ کیسے یرمان سے محبت کر سکتی تھی۔

"مایا تم ٹھیک ہو۔۔؟" وہ دل کے ہاتھوں مجبور ہوا مایا کی حالت دیکھ کر وہ آندر سے پریشان ہو چکا تھا نکاح تو ہو گیا تھا لیکن مایا کی حالت تھیک نہیں تھی مایا نے بس سر ہلایا اس پل اسے تنہائی چاہیے تھی خاموشی چاہیئے تھی وہ بس تنہا رہنا چاہتی تھی لیکن آہل اسے اب کبھی اکیلا نہیں چھوڑنے والا تھا۔

ہمیشہ اس کے ساتھ رہنے والا تھا کہ مایا کے دل میں خود ہی آہل کے لئے نرم گوشہ پیدا ہو جائے وہ آہل کے جذبات کو سمجھنے لگ جائے۔

••••••

عائلہ تقریباً ساری رات سوتی رہی یرمان اسے سلا کر گیا تھا اس کی میڈیسن میں نیند کی گولیاں تھیں جن کی وجہ سے اس کی نیند ہی ختم نہیں ہو رہی تھی اب تو فجر کی اذان بھی ہو چکی تھی لیکن اس کی آنکھ نہیں کھل رہی تھی۔۔

یرمان ملک واپس آ چکا تھا ڈیڈ سے ملتے وہ سیدھا کمرے میں آیا تھا دو بار اگین اس نے ابرش کا نمبر ٹرائے کیا لیکن سیل فون آف تھا اب تو یرمان کی پریشانی بڑھ گئی ابرش کہیں کسی مشکل میں تو نہیں جو اس کا سیل فون آف ہے یرمان نے سوچا اور پھر ضامن کے نمبر پہ کال ملائی جو دوسری بیل پہ اٹھائی گئی تھی ضامن بھی شاید ریسیو نہیں کرتا لیکن عائلہ کی وجہ سے اس نے اٹھائی کہ کیا پتہ عائلہ کی طعیبت ٹھیک نہ ہو۔

"ضامن ابرش کہاں ہے وہ ٹھیک ہے؟" یرمان نے بے چینی سے ابرش کے بارے میں پوچھا اس کی بے چینی ابرش کے لیے دیکھ کر یرمان مسکرایا تھا۔

"وہ سو رہی ہیں کوئی کام ہے۔۔۔؟" ضامن کی نظریں ابرش کے حسین سراپے سے الجھ رہی تھی وہ کمفٹر کندھوں تک اوڑھے سو رہی تھی اور اس کے دودھیا کندھے ضامن کو اپنی طرف اٹریکٹ کر رہے تھے۔

وہ جھکتے ابرش کے گردن پہ ہونٹ رکھ گیا ابرش نے نیند میں برا سا منہ بنایا جیسے آپنی نیند میں یہ خلل پسند نہ آیا ہو۔۔

"ابرش کو تم صبح مینشن لے آؤ گے پلیز۔۔۔" یہ سب لگ تو بہت عجیب رہا تھا لیکِن یہ ضروری تھا تاکہ معلوم تو ہو تاکہ اریبہ کے ساتھ وہ حادثہ کس کی وجہ سے ہؤا کیا اُس میں عفت ملک کا ہاتھ تھا۔

"کیا ہوا سب خیریت ہے؟"ضامن کو پریشانی نے آن گھیرا اچانک سے ابرش کا مینشن بلوایا جانا کسی اچھے اشارے کی امید نہیں تھی ضامن کو۔

"ہاں سب ٹھیک ہے بس کچھ ڈسکس کرنا ہے اوَر معذرت میں نے ڈسٹرب کیا تمھیں۔۔۔"ضامن کی آواز سے لگ رہا تھا جیسے وہ سویا ہوا تھا۔

"نہیں اس میں ڈسٹرب کرنے والی کیا۔۔۔عائلہ کیسی ہے تمھاری بات ہو گئی عائلہ سے۔۔!؟"ضامن کو اپنی بہن کی فکر ستانے لگی۔

"ہاں بالکل ٹھیک ہے سو رہی ہے میں فون رکھتا ہوں ابرش کو لازمی لے کر آنا یہ بہت ضروری ہے فون پہ نہیں بتا سکتا ہوں جب ابرش یہاں آئے گی تو معلوم ہو جائے گا کہ کیا معاملہ ہے۔۔۔"یرمان کی نظریں عائلہ پہ تھیں جو ہلکا ہلکا کسمکا رہی تھی یعنی اسے ہوش آ رہا تھا۔

ضامن سے مزید چند باتیں کرتے اس نے سیل فون آف کرتے سائیڈ پہ رکھا اپنی شرٹ کے بٹن کھولتے اسے دور پھینکتے وہ بیڈ پہ چڑھتے عائلہ کے ساتھ لیٹ گیا اس کے کولون کی مہک اپنے ارد گرد محسوس کرتے عائلہ کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ پھیلی تھی۔

"اووو تو میری وایفی نیند میں بھی پہچانتی ہے مجھے۔۔۔ناٹ بیڈ آپ تو مجھ سے محبت کرنے لگی ہو وایفی۔۔بس ذرا سا اظہار بھی کر دو۔۔۔"

مکمل عشق ہو میرا

زرا سا پیار تو دے

فلک قدموں پہ آ جھکے

حسین لمحات وہ دے دے۔

وہ عائلہ کے ہونٹوں کو سہلانے لگا یکدم سے دماغ میں مایا کی باتیں گونجنے لگی کتنی بے شرم لڑکی تھی کیسے اس نے پلان بنایا پھر عائلہ کو کڈنیپ کرواتے اس کے دل میں یرمان کے لیے بدگمانی پیدا کرنے کی کوشش کی جس میں وہ کامیاب ہو چکی تھی عائلہ کا ہاسٹپل والا رویہ یرمان کے سامنے تھا۔۔

"عائلہ واک اپ صبح ہو چکی ہے۔۔۔" یرمان نے اس کے رخساروں کو تھپتھپایا لیکِن وہ نیند کی اتنی پکی آنکھیں کھولتے پھر کروٹ بدل گئی۔

"عائلہ اٹھ رہی ہو یا میں اپنا طریقہ استعمال کروں جس کے بعد تم ایک سیکنڈ نہیں لگاؤ گی اٹھنے میں۔۔" وہ اُسے دھمکی دے رہا تھا مگر عائلہ بھی نیند کی پکی نکلی وہ پہلی بار اتنی آوازیں دینے پہ بھی نہیں اٹھ رہی تھی ورنہ تو اس کی نیند اتنی گہری نہیں ہو گی تھی وہ تو اپنے ٹائم پہ اٹھ جاتی تھی۔

یرمان نے دوبار ہی آواز دی اور پھر اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں قید کیا۔

اس نے بعد عائلہ کو واقعی ایک سکینڈ لگا تھا اٹھنے میں اس کی نیند تو یوں دور بھاگی جیسے کبھی تھی ہی نہیں لیکن تب تک یرمان اس کی سانسوں پہ قبضہ جما چکا تھا وہ عائلہ کی سانسوں کو پی رہا تھا لمحے معنی خیز خاموشی کی نظر ہو رہے تھے یرمان کے ہاتھ عائلہ کی نائٹ شرٹ کی ڈوری پہ تھے۔

عائلہ کے زہن میں مایا کی باتیں گونج رہی تھیں یرمان آج بھی مایا کا تھا وہ آج بھی مایا سے محبت کرتا تھا وہ تصویریں مایا کتنے حق سے کہہ رہی تھی کہ یرمان اس کو صرف بیوقوف بنا رہا ہے۔

عائلہ کی آنکھیں بھیگنے لگی وہ ساری باتیں یاد کرتے اس نے یرمان کے شرٹ لیس سینے پہ زور زور سے مکے مارے یرمان یکدم سے پیچھے ہوا جب یاد آیا کہ وہ اب پریگنٹ تھی یرمان ڈیپ کس نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔

عائلہ یرمان سے نظریں چرا گئی وہ اپنے چہرے کو ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی یرمان نے اسے روتے دیکھا تو بوکھلا گیا تھا وہ آخر کیوں رو رہی تھی کہیں اسے درد تو نہیں ہو رہا تھا اس کی بھیگی آنکھوں میں یرمان کو اپنا آپ ڈوبتا محسوس ہوا آگے بڑھتے اس نے عائلہ کی بھیگی آنکھوں پہ ہونٹ رکھنے چاہے لیکن عائلہ نے اسے یہ کرنے نہیں دیا تھا وہ عائلہ کی حرکتوں کو بخوبی جانتا تھا یہ سب مایا کے بولے گئے لفظوں کا اثر تھا۔

"عائلہ ایک بات پوچھوں تم سے۔۔۔؟" وہ سنجیدہ تھا اس کی یہ سنجیدگی عائلہ کو پریشان کر گئی عائلہ نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا وہ یرمان سے بات ہی نہیں کرنا چاہتی تھی.

"نہیں مجھے فریش ہونا ہے۔۔۔" وہ بیڈ سے اٹھتی کہ یرمان نے احتیاط سے اسے اپنی گود میں بیٹھایا اس کے ماتھے پہ محبت سے بوسہ دیا۔

عائلہ خؤد میں سمٹ گئی اور یرمان کے سینے پہ ہاتھ رکھنا چاہا لیکن وہ شرٹ لیس تھا۔۔

"چھوڑیں پلیز۔۔۔" عائلہ یرمان کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی وہ سامنے دیکھ رہی تھی۔

"کیوں چھوڑ دوں میرا بس چلے تو زندگی بھر کے لیے قید کر لوں تمھیں خوُد میں کہ تم سانس بھرو تو ہر سانس سے تمھیں میری خوشبو محسوس ہو۔۔۔"وہ اس کے کندھے پہ ٹھوڑی ٹکائے سرگوشی کرتے اس کی گردن پہ سلگتی سانسوں کا لمس بکھیر رہا تھا۔

"پلیز۔۔۔"عائلہ کے لئے مذید وہاں بیٹھنا دوبھر ہو گیا تھا یرمان کے حصار میں اس کا نازک سا وجود ہلکا ہلکا کانپ رہا تھا۔

"کیوں دور کر رہی ہو مجھے خود سے عائلہ۔۔؟ جانتی ہو ناں میں تمھارے بغیر نہیں رہ سکتا ہوں بہت محبت کرتا ہوں تم سے۔۔۔"یرمان چاہتا تھا عائلہ اس پہ بھروسہ کرے اسے سب کچھ بتائے جو اسے مایا نے کہا لیکن عائلہ کا روّیہ دیکھ کر اسے پریشانی ہوئی عائلہ اسے ہی غلط سمجھ رہی تھی۔

"رہ سکتے ہیں آپ۔۔۔میں نہ ہوئی۔۔۔۔تو وہ۔۔۔"عائلہ نے آنکھیں رگڑی وہ دل کو چیر دینے والی باتیں پھر سے زہن میں گونج رہی تھیں وہ فوٹوز۔۔۔

وہ یاد کرتے عائلہ کی آنکھیں بھیگ گئی تھیں کتنی بڑی بیوقوف تھی وہ جو یرمان ملک کی پلاننگ کو کبھی سمجھ ہی نہیں سکی کہ وہ تو اسے استعمال کر رہا تھا شاید کچھ ہی عرصے بعد اس کا دل بھر جاتا اؤر پھر سب ختم ہو جاتا یرمان کے لیے کونسا مشکل تھا اسے بھلا کونسا لڑکیوں کی کمی تھی۔

"عائلہ!؛اپنے حواسوں میں ہو؟جانتی ہو کیا کہہ رہی ہو تم۔۔تمھاری اس بکواس پہ میں تمھیں کیا کہوں؟تمھیں لگتا ہے میں تمھیں دھوکا دے رہا تھا۔۔"یرمان کو خود ہی بولنا پڑا اور نہ عائلہ تو بدگمانی کا شکار کچھ بھی کہہ سکتی تھی۔

"ہاں دے رہے تھے۔۔۔مایا کے ساتھ۔۔!؛" وہ سسکی۔

"مایا کے ساتھ میرا ایسا کوئی ریلیشن نہیں تھا یہ بکواس تم سے مایا نے کی ہے ناں اسے تو اچھا خاصا سبق سیکھا چکا ہوں لیکن اب تمھاری باری ہے۔۔۔" وہ عائلہ کو پیچھے کرتے اس پہ جھکا تھا۔

"کیا مطلب؟ کیا غلط کہا میں نے؟ آپ اس سے ملتے ہیں آپ دونوں۔۔ ایک دوسرے کو پسند کرتے۔۔۔ہیں درمیان میں تو میں آئی ہوں۔۔" وہ جیسے تلخی سے خود پہ ہنسی ہو۔

"عائلہ تم اپنے حواسوں میں نہیں ہو۔۔ تمھیں معلوم ہی نہیں ہے کہ تم کیا بول رہی ہو۔۔۔" وہ عائلہ کی پیشانی سے پیشانی جوڑتے سے بولا عائلہ نے سر جھٹک دیا وہ جانتا تھا عائلہ کو معلوم ہو چکا ہے اب دوبارہ عائلہ کو بیوقوف بنانے کے لیے وہ یہ سارا ناٹک کر رہا تھا عائلہ مزید اس انسان کی باتوں میں

آنے والی ہر گز نہیں تھی نہ ہی اس انسان پہ اسے بھروسہ تھا وہ تو انکار ہی کرنے والی تھی۔

"مُجھے اب سمجھ میں۔۔۔ آرہا ہے۔۔۔ ہمارا رشتہ۔۔۔ زیادہ دن تک۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔ چلے گا۔۔۔" عائلہ ان لفظوں نے یرمان ملک کا غصہ خطرناک حد تک بڑھا دیا تھا وہ جارحانہ تیور لیے عائلہ پہ جھکا تھا۔۔

لیکن جب یاد آیا وہ دونوں مام ڈیڈ بننے والے ہیں اس کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ پھیلی تھی اوٗر اس نے نرمی سے اپنے دہکتے ہونٹ عائلہ کی بیلی پہ رکھے وہ خوٗد میں سمٹ گیی۔

"یہ۔۔ نہیں۔۔۔۔" یرمان کے ہونٹ اس کی دھڑکنوں پہ آئے تو وہ بولی مزید سہن نہیں کر سکتی تھی اور سب سچ اس کے سامنے تھا تو اس کے لیے بے حدّ مشکل تھا یرمان ملک کے قریب جانا جبکہ وہ اُس کا تھا اس کا نہیں۔

"کیا مطلب ہے نہیں میری بیوی ہو اور اب تو ہمارے درمیان ایک تیسرا وجود بھی آنے والا ہے۔۔"اِشارہ اپنے بچے کی طرف تھا لیکن عائلہ نے کچھ اور ہی سمجھ لیا تیسرے وجود کا سوچتے جیسے پل پل مر رہی تھی ہاں وہ خود سے یہ اعتراف کر چکی تھی کہ اسے یرمان ملک سے محبت ہے لیکن جو کچھ ہوا اس کے بعد اس کی محبت جو پہلے ہی بہت مشکل سے اس کے دل میں جنم لے رہی تھی ختم ہو گئی تھی۔

"ہمارے درمیان تیسرا وجود آنے والا نہیں ہے بلکے آ چکا ہے آپ لے آئے ہیں ہمارے درمیان تیسرے انسان کو۔۔۔

"ہاں میں ہی لے کر آیا ہوں میری ہی محنت ہے ورنہ تم مجھے کہاں موقع دیتی تھی۔۔۔"یرمان عائلہ کی باتوں کا مطلب سمجھے بغیر بولتا چلا جا رہا تھا بنا یہ

سوچے کہ اِس کی ان باتوں کو عائلہ کیا رنگ دے رہی تھی اور کتنا نیگٹو سوچ رہی تھی۔

"آپ کو لگتا ہے مجھے خود آپ کے ساتھ نکلنا چاہیے تھا اپنی سوتن کو ڈھونڈنے کے لئے اتنا حوصلہ نہیں ہے مجھ میں۔۔"

"کیا سوتن۔؟" یرمان کو شاک لگا پھر یاد آیا عائلہ تو اِس بارے میں کچھ جانتی ہی نہیں تھی۔۔

"ہاں اُس کی ہی بات کر رہی ہوں میں آپ سے۔۔۔" عائلہ چیخی گلہ جیسے خشک ہو رہا تھا اسے شدید پیاس لگی ہوئی تھی دل میں جیسے دل درد کی ٹھیس اٹھتے پورے وجود کو اپنی لیپٹ میں لے چکی تھی۔۔

"عائلہ میں تم سے کس بارے میں بات کر رہا ہوں آور تم بات کو کدھر لے جا رہی ہو خیر چھوڑو جاؤ چینج کرو تم۔۔۔ٹائم نہیں ہے ناشتہ بھی کرنا ہے رات کو تم نے کچھ نہیں کھایا تھا بھوک لگی ہو گی۔۔۔"یرمان اتنے آرام سے عائلہ کو یہ گڈ نیوز نہیں دے سکتا تھا لہذا اپنے ایموشنز پہ ضبط کیا۔

"آپ بہت برے ہیں۔۔۔."عائلہ بیڈ سے اٹھتے باتھ روم میں جا بند ہوئی اسے یرمان پہ شدید غصہ آ رہا تھا جو اس کی باتوں کا جواب دینے کے بجائے اسے مزید الجھا رہا تھا۔

"تم بہت اچھی ہو وائفی سویٹ سی ہاٹ۔۔۔میری جانم۔۔"یرمان نے پیچھے سے ہانک لگائی عائلہ جو دروازے سے ٹیک لگائے کھڑی رو رہی تھی یرمان کی بات سنتے اس کے چہرے پہ حیرت ابھری۔

یرمان اتنا خوش کیوں تھا کیا رات وہ مایا کے ساتھ تھا عائلہ تو ابھی اٹھی تھی کسی سے پوچھا بھی نہیں تھا یرمان کے بارے میں اور اب یرمان کا رویہ اسے الجھن می ڈال رہا تھا مایا کی وجہ سے مسکرا رہے تھے ورنہ میری کہاں فکر ان کو۔۔۔!؛"اس کے دل ہی دل میں سوچا۔

وہ ٹینشن لے رہی تھی تو دل میں درد کی ٹھیس اٹھتی پورے وجودِ میں سرایت کر رہی تھی یرمان سے ڈاکٹر نے کہا تھا آگر چاہتے ہیں کہ آپ کی وائف اوَر بے بی ٹھیک رہیں تو آپ کو بہت احتیاط کرنی ہو گی عائلہ کو ہر قسم کی ٹینشن سے پریشانی سے دور رکھتے اسے خوش رکھنا ہے مگر حالت عائلہ کی بگڑتی ہی جا رہی تھی۔

عائلہ کتنی ہی دیر دروازے کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑی رہی نہ تو فریش ہونے کا دل چاہا رہا تھا نہ ہی کسی سے بات کرنے کا آنکھیں پانیوں سے بھری ہوئی تھیں وہ ٹینشن لیتے خوُد کو بیمار کر رہی تھی۔

تقریباً بیس منٹس گذر چکے تھے لیکِن عائلہ باہر نہیں آئی یرمان بیڈ سے اٹھتے باتھ روم کی طرف بڑھا دروازہ کھولتے وہ اندر آیا تو عائلہ اسے دروازے کے ساتھ بیٹھی روتی ہوئی ملی تھی۔

"عائلہ کیا ہوا ہے رو کیوں رہی ہو۔۔۔؟" یرمان اپنی جینز گھٹنوں سے فولڈ کرتے نیچے بیٹھتے عائلہ کو اپنے حصار میں لے چکا تھا۔۔

"بات نہیں کرنی ہے مجھے آپ سے۔۔۔" عائلہ نے خود کو چھڑوانا چاہا یرمان آگر خودکشی کی دھمکی نہیں دیتا تو وہ شاید اس وقت اپنے گھر پہ ہوتی یہاں نہیں۔،

"عائلہ تم کیوں خود کو پریشان کر رہی ہو تمھارے لیے ٹینشن لینا ٹھیک نہیں ہے تمھیں مجھ سے بات نہیں کرنی ہے ٹھیک ہے نہ کرو۔۔۔ لیکن خود کو تو ریلیکس رکھو تم۔۔۔ اور رات میں تمھارے لیے سرپرائز ہے۔۔" وہ عائلہ کے چہرے کو ہاتھوں میں تھامے بولا تھا۔

"کونسا سرپرائز۔۔۔؟" یرمان کے لبوں سے سرپرائز کا سنتے وہ تیزی سے بولی سرپرائزز اسے بہت کم ملے تھے لیکن جو ملے تھے وہ بہت خوبصورت لگے تھے۔

"وہ تو رات کو بتاؤں گا ویسے وہ بات جا کر تم مجھ سے شرماؤ گی ویسے ہی تم اتنی شرمیلی ہو۔۔" وہ ہنسنے لگا عائلہ کو کہیں سے بھی نہیں لگا کہ وہ اس کی کڈنیپنگ کے بارے میں سوچتے پریشان ہے۔

"ایسی کون سی بات ہے۔۔۔؟"عائلہ الجھی تھی کچھ تھا جو وہ نہیں جانتی تھی

۔

"جانم یہی تو سرپرائز ہے۔۔۔!؛"وہ عائلہ کو گود میں اٹھائے باتھ ٹب کی طرف بڑھا ارادہ عائلہ کے ساتھ باتھ لینے کا تھا عائلہ کے ساتھ باتھ روم رومانس کرنے کا اسے بہت شوق تھا لیکن اب تو نو مہینے اسے عائلہ کا خیال رکھنا تھا اس کی اوَر بے بی کی کیئر کرنی تھی عائلہ پریشان تھی اسی لیے یرمان اس کے پاس بیٹھا تھا تا کہ عائلہ مذید کچھ الٹا سیدھا سوچ ہی نہیں سکے اسے موقع نہیں ملے۔

"مجھے نماز پڑھنی ہے چھوڑیں مُجھے۔۔۔"یرمان کے ساتھ باتھ لینے کا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی دونوں ایک دوسرے کے قریب ہونے تھے اوَر یرمان کہاں اس کو آسانی سے چھوڑتا تھا۔

"جاؤ پندرہ منٹس ہیں تمھارے پاس نماز پڑھ کے واپس آؤ اگر نہیں آئی تو میں آؤں گا اور پھِر تم نہیں چاہو گی کہ وہ ہو جو میں چاہتا ہوں۔۔۔"اس کے ہونٹوں کو ہلکے سے اپنے ہونٹوں سے مس کیا تو وہ بھاگتے باہر نکلی تھی۔۔۔

وضو بھی اس نے ساتھ والے روم میں جا کر کیا تھا اور نماز ادا کرتے وہ اب فری بیٹھی تھی پندرہ کے بجائے بیس منٹس ہو چکے تھے لیکن اس کے لئے باتھ روم جانا مشکل مرحلہ تھا یرمان کی بے قراریاں اس کی بے باکیوں کو سوچتے عائلہ کے چہرے پہ سرخی آ رہی تھی اگر باتھ روم جاتی تو یرمان نے اسے اپنی بانہوں سے آزاد نہیں کرنا تھا اور اگر نہ جاتی تو وہ یہاں آ جاتا دونوں طرف سے پھنسی ہوئی عائلہ ہی تھی۔۔

وہ اپنے ہونٹوں کو چباتے بار بار باتھ روم کے دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی جبکہ یرمان ملک باتھ ٹب میں لیٹا باتھ روم کے دروازے کو دیکھ رہا تھا

عائلہ کو انتظار کر رہا تھا وہ نہیں آ رہی تھی یرمان کو امید تھی اس کی دھمکی اثر کرے گی عائلہ ضرور آئے گی لیکن اس کا یہ اندازہ غلط ثابت ہوا تھا وہ نہیں آئی یرمان کی بس ہوئی تھی وہ شاور لیتے وائٹ ٹاول خود کے گرد لپٹتے باہر آیا یہاں عائلہ بیڈ کے کنارے بیٹھی اپنی ٹانگوں کو جھولا رہی تھی۔

"عائلہ تمھیں اچھا لگتا ہے میں تم ہی غصہ کروں کیا بکواس کی تھی میں نے کہ واپس آنا کیوں نہیں آئی تم کیا تم چاہتی ہو ہم یہاں روم میں تو ٹھیک ہے مُجھے کوئی اعتراض نہیں ہے جاناں۔۔۔"وہ عائلہ کے ساتھ بیٹھتے اپنی پیشانی پہ چپکے بھیگے بالوں کو پیچھے کرتے اپنی بیرڈ پہ انگلیاں سہلاتے بولا۔

عائلہ نے نفی میں سر ہلایا ایک دفعہ تو عائلہ نے سوچا کہ وہ باہر نکل جائے یرمان کے آنے سے پہلے لیکِن ایک کام وہ کر چکی تھی آندر نہیں گئی تھی اب

اگر کمرے سے باہر چلی جاتی تو یرمان نے اسے مزید تنگ کرنا تھا اور اُس کے تنگ کرنے کا اندازہ بھی اپنا ہی تھا۔

"مُجھے ڈر۔۔۔"عائلہ نے ہونٹوں کو دانتوں تلے دبایا جب کہ یرمان ملک کو ہمیشہ کی طرح عائلہ کی یہ حرکت بالکل ٹھیک نہیں لگی تھی وہ بہت بار عائلہ کو منع کر چکا تھا کہ وہ ایسا نہیں کیا کرے لیکن مجال ہے جو عائلہ پہ اس کی کسی بات کا اثر ہو وہ ہمیشہ اپنی ہی کرتی تھی۔

"کس سے ڈر لگ رہا تھا مجھ سے یا پھر میرے رومانس سے۔۔۔عائلہ تم میری بیوی ہو تم سے دوری برداشت نہیں کر سکتا ہوں کسی بھی قیمت پہ نہیں تم جو مرضی کرو مُجھے فرق نہیں پڑتا ہے لیکن بس مُجھے خود سے دور نہ جھٹکا کرو یہ برداشت نہیں ہوتا ہے مجھ سے۔۔۔اور پھر میں ناچاہتے بھی تمھیں ہرٹ

کر دیتا ہے جس کا مجھے بعد میں گلٹ ہوتا ہے۔۔۔"وہ عائلہ کو قریب کرتے بولا لیکن عائلہ اس کا حلیہ دیکھ کر سرخ ہوئی تھی.

"نہیں وہ میں۔۔۔"

"تمھارے یہ ہونٹ مجھے بری طرح سے اٹریکٹ کر رہے ہیں جانتی ہو ناں مجھے کتنے پسند ہیں یہ ہونٹ تم بہت خوبصورت ہو۔۔۔جاناں میری لائف۔۔۔"وہ اچانک سے جذبات سے لبریز لہجے میں بولا عائلہ نے حیرانگی سے اسے دیکھا تھا۔

تُو اتنی خوبصورت ہے

فدا دیدار پہ تیرے

مکمل عشق ہو میرا

زرا سا پیار تو دے دے۔

"چھوڑیں آپ کا یہ ڈائیلاگ نجانے کتنوں نے سن رکھا ہے اور اب آپ مجھے یہ بول کر شاید یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ مجھ سے پہلے آپ نے کسی سے محبت نہیں کی ہے۔۔"وہ نفرت آمیز لہجے میں بولی یرمان کے ہونٹوں سے یہ لفظ سن کر وہ سر تا پا سلگی تھی مایا نے جو لفظ بولے وہ شاید کبھی نہیں بھولنے والی تھی۔

"عائلہ تم اب حد سے بڑھ رہی ہو اگر میں تمھاری یہ بکواس سن رہا ہوں تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ تم جو دل میں آئے بولتی جاؤ۔۔"وہ عائلہ کی باتوں سے بھڑکا تھا۔

"کیا غلط ہے اس میں۔۔۔!؛"وہ بیڈ سے اٹھتی کہ یرمان نے اس کی کلائی تھامی تھی اور اُسے آپنے قریب کیا تھا وہ مذید جھنجھنا گئی۔

"کیا ٹھیک ہے اس میں تم ٹون دیکھ رہی ہو مت بھولو اپنے شوہر سے بات کر رہی ہو یہ بات سنجیدہ ہے مُجھے تُمھاری ٹون پہ کوئی اعتراض نہیں ہے تم مجھ سے کوئی بھی بات کر سکتی ہوں بنا کسی جھجھک کے لیکن عائلہ تم جو یہ بات کر رہی ہو مجھے بالکل پسند نہیں آیا ہے تمھارا لہجہ۔۔باخدا میری زندگی آنے والی وہ پہلی لڑکی ہو تم جسے میں نے دل سے چاہا ویسے تو بہت سی لڑکیاں آئی میری زندگی دوستی بھی بہت سی لڑکیوں سے ہوئی جھوٹ کیوں بولوں یہ سچ ہے ہماری کلاس میں لڑکے لڑکی کی دوستی کا نارمل لیا جاتا ہے۔۔۔مُجھے نہیں معلوم تم کیا سوچتی ہو لیکن یہ سچ ہے میں نے تم سے محبت کی ہے مگر محبت کے معاملے میں شاید میں بہت بدنصیب ہوں کہ جسے میں چاہتا ہوں وہ مجھے نہیں چاہتی ہے اب تمھیں یہ یقین بھی نہیں دلاؤں گا میں کہ تم سے کتنی محبت کرتا ہوں تم سے کیونکہ مُجھے لگتا ہے کہ رویئے بہتر احساس دلاتے

ہیں۔۔ آپ کی زندگی میں کسی کی کتنی اہمیت ہے لفظوں میں اظہار کیا جائے تو لفظ ضائع ہو جاتے ہیں۔۔۔"وہ بولتے بولتے رکا اس کی سانس پھولنے لگی تھی وہ اپنی گردن رب کرنے لگا عائلہ خاموشی سے اسے سن رہی تھی۔

"ضامن نے ابرش کو قبول کر لیا ہے ابرش نے جو کیا تھا وہ ٹھیک نہیں تھا لیکن تمھارے بھائی کے پیار میں ابرش بدل گئی ہے تو تمھارا بھائی بھی اسے قبول کر چکا ہے لیکن عائلہ ہمارا رشتہ مجھے لگتا ہے آج بھی اُسی پوائنٹ پہ سٹک ہے یہاں سے ہم نے شروع کیا تھا میں تم سے محبت کرونگا لیکِن تمھیں نہیں بتاؤں گا اوُر اگر تم چاہو گی تو روم میں بھی نہیں آؤں گا تمھارے قریب آنا تو بہت دور کی بات ہے لیکن تم یہیں رہو گی عائلہ یہ بات تمھیں قبول کرنی ہو گی۔۔۔میری بیوی ہو تو میرے گھر میں رہو گی اب سوچو گی ذبردستی تمھیں اپنے ساتھ باندھ رہا ہوں تو یہ ضروری ہے عائلہ۔۔۔

تُمھاری سیفٹی کے لئے تمھاری سیکیورٹی کے لیے میں دوبارہ اُن تکلیف دہ لمحات سے نہیں گزرنا چاہتا جن میں مجھے لگا تھا میں تمھیں کھو دوں گا عائلہ۔۔۔!؛" وہ عائلہ کو سائیڈ پہ کرتا آپنا ڈریس نکالتے چینجنگ روم میں چلا گیا وہ عائلہ کی بات سنے بغیر ہی چلا گیا عائلہ سے پوچھا ہی نہیں کہ عائلہ کیا چاہتی ہے۔

عائلہ اس کے جانے کے بعد پھوٹ پھوٹ کر رو دی وہ بتانا چاہتی تھی یرمان کو۔

یرمان کی باتیں اس کے دل میں پیوست ہوئی تھیں یرمان کی محبت اس کے سامنے تھی اسے کوئی کھوٹ نہیں نظر آتی تھی یرمان کی محبت میں۔ مگر دل و دماغ میں پھر وہ تصویریں گردش کرتی تو وہ بدگمان ہونے سے خوُد کو روک نہیں پاتی تھی۔

"کیسے بتاؤں میں آپ کو۔۔ میں بھی آپ کو کھونے سے ڈرتی ہوں لیکن آپ کونسے میرے ہیں جو میں آپ کو کھو دوں گی آپ تو اُس کے ہیں جن کے ساتھ آپ کی اتنی تصویریں ہیں میرے ساتھ ایک بھی تصویر نہیں ہے آپ کی۔۔۔"اس کے ذہن میں فحال تصویرین ہی گھوم رہی تھیں.

یرمان ڈریس اپ ہوتے تقریباً پانچ منٹس بعد بالوں کو انگلیوں سے سمجھاتے واپس کمرے میں آیا تھا یہاں عائلہ وہیں بیٹھی تھی اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں پیوست کیے وہ گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھی دوپٹہ اس کے شانوں پہ پھیلا ہوا تھا وہ افسردہ نظر آئی اسے۔

"جاؤ عائلہ ڈریس چینج کرو ہم نیچے جا رہے ہیں ناشتہ کرنے کے لئے پھر مُجھے ایک کام ہے تم ریسٹ کرنا فضول کی سوچو کو دماغ سے نکال دو۔۔ تمھاری

طعیبت ٹھیک نہیں ہے پہلے ہی۔۔۔"وہ چاہا کر بھی خوُد کو عائلہ سے بات کرنے سے روک نہیں پارہا تھا وہ بیمار تھی اوپر سے پریگنٹ بھی۔

"کیا مجھے عائلہ کو پریگنینسی کے بارے میں بتادینا چاہیے آگر ضامن یا ابرش میں سے کسی نے بتادیا تو پھر کیا ہو گا۔۔۔

لیکن وہ اس گڈ نیوز کو بہت اچھے سے سلیبریٹ کرنا چاہتا تھا ان کا بے بی آرہا تھا تھوڑا سیپشل تو اسے عائلہ کو فیل کروانا ہی تھا۔

اس نے کچھ سوچتے فحال عائلہ کو کچھ نہ بتانے کا سوچا اور اپنے بالوں میں برش کرنے لگا عائلہ کی پیٹھ کو دیکھ رہی تھی وہ خوبصورت تھا کسی بھی لڑکی کا آئیڈیل پہلے وہ جیسا بھی تھا لیکن عائلہ نے اس میں ایسی کوئی برائی نہیں دیکھی تھی۔

"عائلہ کچھ کہا ہے میں نے۔۔۔" وہ برس ڈریسنگ ٹیبل پہ رکھتا عائلہ کی طرف بڑھا جو اس کی باتوں کو سنتے بھی ڈریس چینج کرنے کے لیے نہیں اٹھی تھی وہیں بیٹھی رہی۔

"عائلہ آر یو او کے۔۔۔؟" یرمان کو پریشانی نے آن گھیرا کہ کہیں اسے درد تو نہیں ہو رہا جو وہ اتنی چپ بیٹھی ہے وہ عائلہ کی کلائی تھامے اس کے ماتھے پہ ہاتھ رکھ چکا تھا عائلہ کا باڈی ٹمپریچر نارمل تھا۔

"کیا ہوا۔۔۔؟" عائلہ جو یرمان کی پشت کو دیکھتے نجانے کن سوچوں میں کھو گئی تھی اب یکدم سے سیدھی ہوئی تھی یرمان نے اسے کلائی سے تھامتے اپنے سامنے کیا اس کا دوپٹہ شانوں سے اتارتے بیڈ پہ رکھا۔

وہ آنکھیں پھیلائے یرمان کو دیکھ رہی تھی جو تھوڑی دیر پہلے کتنی سنجیدگی سے گیا تھا لیکِن اب وہ عائلہ کی فکر کرتا ایک کیئرنگ ہسبنڈ لگ رہا تھا۔

"کوئی آچھاساڈریس پہننا عائلہ پہلے کی بات اوُر تھی اب اس گھر میں ڈیڈ کی دوسری بیوی بھی ہے میں چاہتاہوں میری بیوی سب سے خوبصورت لگے۔۔"وہ خوُدہی عائلہ کے لئے ڈریس ڈھونڈنے لگا۔

"یہ آنٹی(عفت ملک)کے ساتھ زیادتی ہے۔۔۔"یہاں یرمان اریبہ اوُر قیوم ملک کا ساتھ دے رہا تھاوہیں عائلہ کو عفت ملک سے ہمدردی ہو رہی تھی وہ بیوی تھیں قیوم ملک کی کیسے اپنے شوہر کو کسی دوسری لڑکی سے بانٹ سکتی تھیں۔

"واٹ تم مام کی سائیڈ لے رہی ہو؟"عفت ملک کا روُیہ عائلہ کے ساتھ اچھا نہیں تھاوہ کبھی پیار سے بات بھی نہیں کرتی تھیں عائلہ سے لیکن وہ پھر بھی اُن کی حمایت میں بول رہی تھی۔

"مُجھے اُن کے لیے بہت برا فیل ہوتا ہے وہ ایک بیوی ہیں کیسے اپنے شوہر کو دوسری عورت کے ساتھ بانٹ سکتی ہیں آپ کو اپنی مام کا ساتھ دینا چاہیے نا کہ اریبہ کا۔۔۔ ہو سکتا ہے وہ اپنی جگہ پہ ٹھیک ہو لیکن یہاں آپ کی مام کا معاملہ ہے وہ آپ سے کم سے کم یہ ایکسپکٹ نہیں کر سکتی کہ آپ اُن کے خلاف ہو جاہیں گے آپ کو اُن کا ساتھ دینا چاہیے تھا۔۔۔" وہ یرمان سے اب تفصیل سے اس موضوع پہ بات کرنا چاہتی تھی۔

وہ عفت ملک کے حق میں نہیں بلکے ایک بیوی بن کر یرمان سے سوال کرنا چاہتی تھی۔۔۔

بھلے پہلے بھی یرمان سے وہ اس موضوع پہ بات کر چکی تھی لیکِن رات جو اس نے دیکھا وہ بہت عجیب تھا قیوم ملک شاید اریبہ کی اداؤں کے جال میں

پھنس چکے تھے لیکن یرمان تو بیٹا تھا عفت ملک کا اسے تو کم سے کم اپنی مام کو سپورٹ کرنا چاہیے تھا۔۔۔۔

"رات کے حوالے سے بات کر رہی ہو؟" وہ عائلہ کا ڈریس ہاتھ میں تھامے عائلہ کی طرف بڑھا تھا عائلہ نے سر ہلایا وہ جانتی تھی عفت ملک بری ہو سکتی تھیں لیکن اتنی نہیں کہ اریبہ کو سیڑھیوں سے ہی دھکا دے دیں۔

"ہاں آپ کو اپنی مام پہ ٹرسٹ کرنا چاہیے تھا۔۔۔!؛" وہ اپنا ڈریس یرمان کے ہاتھ سے لیتے بولی تو وہ مزید کچھ کہتا کہ دروازے پہ دستک پہ ہوئی یرمان دروازے کی طرف چلا گیا تو عائلہ ڈریس چینج کرنے دروازے پہ میڈ تھی جو بریک فاسٹ کے لئے عائلہ اور یرمان کو بلانے آئی تھی یرمان نے اُسے بھیجا اور خود عائلہ کا انتظار کرنے لگا۔

عائلہ جب روم میں آئی تو یرمان کی نظریں اس پر سے ہٹنے سے انکاری تھیں وہ اتنی وہ پیاری لگ رہی تھی بلیو کلر کے ٹروزار پہ بلیو کلر کی شارٹ فراک جس کے بازو نیٹ کے تھے عائلہ نے شانوں پہ دوپٹہ اچھے سے پھیلایا ہوا تھا بالوں کو پونی لگاتے وہ بالکل تیار تھی میک اپ کی اسے عادت نہیں تھی وہ سادہ ہی رہتی تھی یرمان نے اس کا ہاتھ تھاما اور آئینے کے سامنے لے جاتے اس نے عائلہ کے ہونٹوں پہ ہلکی سی پنک لپسٹک لگانی چاہی عائلہ نے انکار کر دیا وہ لپسٹک نہیں لگا سکتی تھی۔

"نہیں رہنے دیں پلیز۔۔۔!؛" وہ ہونٹوں کو ایک دوسرے میں سختی سے پیوست کر گئی تھی یرمان نے اسے گھورا لیکِن زیادہ فورس نہیں کیا کہ اگر وہ خوُد ہی نہیں لگانا چاہتی تھی تو وہ زبردستی نہیں کر سکتا تھا عائلہ نے سکون کا

سانس بھرا اور اپنے دوپٹے کو ٹھیک کیا دونوں مکمل تیار تھے یرمان نے آہستگی سے عائلہ کی طرف جھکتے اس کے گالوں پہ آپنا لمس بکھیرا تھا۔

.....

ابرش اور ضامن صبح ہی صبح ملک مینشن پہنچ گئے تھے ضامن شاید ویسے تو نہیں آتا لیکن اسے عائلہ سے ملنا تھا عائلہ سے بات کرنے کے لیے وہ چلا آیا ملک مینشن میں سب لوگ ناشتہ کرنے میں مصروف تھے انہیں دیکھتے سب سے زیادہ خوشی عفت ملک اور عائلہ کو ہوئی تھی۔

اور اگر کوئی پریشان ہوا تو وہ اریبہ تھی جس کی ساری رات ہی ٹینشن میں گزری تھی نجانے ابرش کیا کہنے والی تھی اور اگر قیوم ملک کے سامنے سچ آ جاتا تو آج کا دن اریبہ کا اس گھر میں آخری دن ہوتا۔۔۔وہ ناشتہ کہاں کر رہی تھی ہاتھ روک چکی تھی پہلے تو لگا تھا کہ شاید ابرش نہ آئے لیکن وہ یہ

نہیں جانتی تھی کہ یرمان صبح صبح ضامن کو فون کر رہا تھا اور ضامن یرمان کے کہنے پہ ہی ابرش کو یہاں لے آیا تھا۔

"گڈ مارننگ بھائی۔۔۔!؛" عائلہ تیزی سے چیئر سے اٹھی تھی ابرش نے دہکتے دل پہ ہاتھ رکھا وہ پریگنٹ تھی اور اتنی بے احتیاطی۔

یرمان نے آنکھوں ہی آنکھوں میں اشارہ کیا اسے کہ کسی بھی حال میں عائلہ کو یہ نیوز نہیں دینی ہے۔۔۔ عائلہ کو یہ خبر میں خود دونگا۔

"گڑیا آرام سے بیٹا میں یہیں ہوں آپ اتنی تیزی سے کیوں اٹھی آگر آپ کو کچھ ہو جاتا تو پھر۔۔۔" ضامن نے مصنوعی آنکھیں دکھائی تھیں جس پہ وہ مسکرائی تھی اور ضامن کے سینے پہ سر رکھ دیا۔

ضامن نے اپنے رب کا شکر ادا کیا آج اس کی بہن اتنی خوش تھی اس نے دل سے دعا کی کہ ہمیشہ ایسے ہی اس کی خوش رہے۔

"بھائی میں بلکل ٹھیک ہوں آپ پریشان مت ہوں آپ لوگ صبح صبح آ گئے ناشتہ نہیں کیا ہو گا ناشتہ کر لیں آ جائیں گے بھابھی آپ بھی آئیں۔۔۔"عائلہ کی اب تو عادت بن چکی تھی ابرش کو بھابھی کہنے کی۔

"میرے خیال میں جس کام کے لیے ہم نے ابرش کو بلایا ہے وہ پہلے کر لیں پھر ناشتہ بھی ہو جائے گا۔۔!؛"یرمان جسے عائلہ کو ضامن کے قریب دیکھ کر غصہ ارہا تھا اس نے اپنا غصہ سب پہ نکالا۔

ضامن یرمان کی ٹون پہ حیران تھا وہ کس لہجے میں بات کر رہا تھا پھر احساس ہوا کہ یرمان ملک تو جیلس ہو رہے تھے اپنی بیوی کو اپنے سالے کے گلے دیکھ کر۔۔۔

وہ یرمان کو مذید جلاتے ہاتھ کی ہتھیلیاں پکڑتے چوم چکا تھا جب چھوٹے ہوتے تھے جب عائلہ ناراض ہوتی تو ضامن یہ ہی کرتا تھا وہ مان جاتی تھی۔

"ابرش بیٹا آپ بتاؤ کیا ہوا تھا اُس دن۔۔۔؟" اریبہ کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر صورت کا اندازہ تو پہلے ہی ہو چکا تھا کی اریبہ نے جو کہا وہ جھوٹ ہے لیکن پھر بھی قیوم ملک ابرش سے پوچھنا چاہتے تھے۔

"کس بارے میں ڈیڈ..؟" ابرش جانتے بوجھتے بھی انجان بنی تھی اسے رات کو مام کی اتنی ساری کالز آئی ہوئی تھی ابرش کو کسی سے بات کرنے کا ٹائم نہیں ملا تھا۔

ضامن نے رات اسے کچھ یاد رکھنے ہی کہاں دیا تھا وہ تو ضامن کی شدتوں پہ گلابی ہوتی تھی اس نے کہاں سوچا تھا اتنا رومانٹک ہو گا ضامن لیکن وہ رومانس کے معاملے جیسے عمران ہاشمی کو بھی مات دے چکا تھا ابرش نے فل سیلوز ڈریس پہن رکھا تھا گلے میں بھی دوپٹہ اچھے سے سٹ کیا ہوا تھا کہ کہیں اس کی شدتوں کے نشان کو دیکھ نہ لے۔

آتے ہوئے بھی ضامن اسے اتنا تنگ کر رہا تھا بہت مشکل سے ضامن کو ابرش نے رات انتظار کرنے کے لئے راضی کیا تھا۔

"ڈیڈ مُجھے زیادہ نہیں پتہ کیا ہوا تھا لیکن ہم جب آئے مام اوَر یہ آپس میں بات کر رہے تھے لیکن جب میں نے مام کو آواز دی تو اریبہ نے بھی پیچھے دیکھا شاید اس کا پاؤں پھسلا تھا جو یہ گر گئی اوَر اس کے ساتھ یہ سب ہوا پر آپ لوگ کیوں پوچھ رہے ہیں اس بارے میں یہ تو بس یہ ایک حادثہ تھا اور

حادثات تو زندگی کا حصہ ہیں ڈیڈ۔۔۔"ابرش مام کی طرف بڑھی تھی جو خاموشی سے اپنے شوہر کو دیکھ رہی تھیں اریبہ بھی خاموش تھی وہ کیا بولتی سب کے سامنے کلئیر تو ہو چکا تھا کہ عفت ملک نے اسے دھکا نہیں دیا بلکے وہ خوُد ہی گری تھی۔

"ہو گئی آپ لوگوں کو تسلی یا ابھی کوئی الزام رہتا ہے جو آپ لوگوں نے مجھ پہ لگانا ہے آگر کوئی رہتا ہے تو لگا دیں میں سننے کے لیے تیار ہو لیکن ایک بات یاد رکھیے گا میں اس مینشن کو چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گی جس کو جانا ہے وہ خود جائے۔۔"عفت ملک اب پر سکون ہوئی تھی شوہر کے چہرے کے تاثرات بدلتے دیکھے تھے وہ خوش ہوئی تھیں چلو اچھا ہوا کہ قیوم ملک کو معلوم ہو گیا ورنہ یہاں تو ہر کوئی انہیں ہی مجرم سمجھ رہا تھا۔

"مام یہ الزام نہیں تھا بس ایک بات تھی جو کلئیر کرنی تھی شاید انہیں کوئی غلط فہمی ہو گئی تھی آپ بات کو ختم کریں مذید کچھ بولنے کی ضرورت نہیں ہے لیو اٹ۔۔۔"یرمان کو اب شرمندگی ہو رہی تھی جو بھی تھا عفت ملک اس کی مام تھیں اسے اپنی مام کا ساتھ دینا چاہیے تھا۔۔

"مام کو کس نے مینشن سے نکلنے کا؟ یہ گھر آپ کا ہے آپ کیسے مینشن سے جا سکدی ہیں۔۔"ابرش عفت ملک کا ہاتھ تھامے پوچھنے لگی عفت ملک کو اک پہلی اتنی شرمندگی محسوس ہو رہی تھی اگر بچوں کو وقت دیا ہوتا تو آج شاید بچے ان سے اتنے دور نہیں ہوتے ابرش نے تو ان کا ساتھ دیا تھا لیکن یرمان وہ بھی اپنی جگہ پہ غلط نہیں تھا بالکل ٹھیک تھا۔

"تمھارے ڈیڈ نے انہوں نے مجھے بنگلے میں شفٹ کروانے کا کہہ دیا تھا آگر تم آکر یہ نہیں بتاتی کہ میں نے اس لڑکی کو دھکا نہیں دیا بلکے یہ خود گری ہے

تو شاید اب تک تمھارے ڈیڈ مُجھے پولیس کے حوالے کر چکے ہوتے۔۔۔یا پھر شاید اس گھر سے نکال چکے ہوتے۔۔۔!؛"وہ ایموشنل ہوئی ماں بیٹی کا رشتہ ہوتا ہی ایسا ہے۔۔

"ڈیڈ آپ ایسا کیسے کر سکتے ہیں۔۔۔؟"اریبہ خاموشی سے بیٹھی تھی عائلہ ضامن کے ساتھ ہی کھڑی تھی باقی ابرش عفت ملک سے بات کر رہی تھی۔

"ابرش بیٹا میں نے غصے میں کہہ دیا تھا تبھی ہمیں یہی لگا تھا کہ شاید عفت نے اریبہ کو جانے سے مارنے کی کوشش کی ہے۔۔۔"وہ عفت ملک کے شکوے پہ اتنے نہیں پریشان ہوئے جتنے ابرش کی باتوں سے ہو گئے تھے وہ ان سے سوال کر رہی تھی اپنی مام کے لئے۔۔

"آپ سوچ بھی کیسے سکتے ہیں ڈیڈ۔۔مام آپ یہاں نہیں رہیں گی آپ میرے ساتھ چلیں ضامن سر کیا میں مام کو ساتھ لا سکتی ہوں کوئی اعتراض تو نہیں ہے آپ کو۔۔۔"وہ ڈیڈ سے کہتے آخر میں ضامن سے پوچھ رہی تھی کہ یہ نہ ہو وہ مام کو لے کر جانا چاہے اور ضامن انکار کر دے۔

"وہ آپ کا گھر ہے آپ جسے چاہے رکھ سکتی ہیں َمجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ابرش۔۔"وہ سب کے سامنے ابرش کو مان دے رہا تھا شادی کے شروعاتی دنوں میں وہ جتنا غصیلہ اور اکڑو تھا ابرش کے لیے اب وہ اتنا ہی کیئر نگ اوَر لونگ ہسبنڈ بن چکا تھا۔

"مام آپ کہیں نہیں جا سکتی ہیں یہ آپ کا گھر ہے ڈیڈ نے غصے میں کہا تھا اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ آج اس گھر سے جانے کی بات کریں آپ کہیں نہیں جائیں گی یہیں رہیں گی ویسے بھی بہت سے لوگ دو دو شادیاں

کرتے ہیں دونوں بیویاں ساتھ رہتی ہیں ایک پرابلم تھی وہ حل ہو گئی ہے مزید کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔"یرمان کو ابرش کا یہ فیصلہ پسند نہیں آیا وہ مام کو اس گھر سے کہیں نہیں جانے دینے والا تھا۔

"بھائی کل کو کچھ اور ہو گیا تو پھر ڈیڈ مام کو گھر سے نکلنے کا بول دیں گے اب یہاں مام کا اؤر اس کا گزارہ بہت مشکل ہے بہتر ہے میں مام کو ساتھ لے جاؤں۔۔۔"ابرش انہیں یہاں چھوڑنے پہ راضی نہیں تھی۔۔۔ڈیڈ کے اس فیصلے نے اس کا دل دکھایا تھا بھائی سے بھی یہ توقع نہیں تھی کہ وہ مام کے ساتھ آیسا کرے گا ہاں مام نے کبھی ان کے لئے کنسرن شو نہیں کی ہمیشہ اپنے کام کو وقت دیا لیکن یہ ماں باپ بچوں کی غلطیوں کو معاف کر سکتے ہیں تو بچے ماں باپ کی غلطیوں کو کیوں معاف نہیں کر سکتے ہیں ابرش کے دل میں

مام کے لئے ملال نہیں تھا وہ اب آگے بڑھ چکی تھی ضامن کے سنگ زندگی بہت خوبصورت ہو چکی تھی۔

"ابرش بیٹا دوبارہ ایسا کچھ نہیں ہو گا تسلی رکھو میں بلکل ٹھیک ہوں آپ پریشان مت ہو۔۔۔"عفت ملک نے خود ہی انکار کر دیا وہ خود یہاں رہنا چاہتی تھی اپنی جگہ کسی کو دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے اور اس لڑکی کو تو وہ بلکل نہیں دینے والی تھیں جس کی آنکھوں میں انہیں لالچ نظر آیا تھا

۔۔

"مام آپ جانتی ہیں کل پھر کچھ نہ کچھ ہو جائے گا آج الزام لگ رہا ہے کل بھی لگ سکتا ہے بھائی بھی آپ کے ساتھ نہیں بلکے اس کے ساتھ ہیں آپ اکیلے کیسے مُجھے آپ کو ساتھ لے جانا ہے۔۔۔"ابرش اپنی ضد پہ قائم تھی یرمان نے ابرش کو گھورا وہ کچھ زیادہ ہی ایموشنل ہو رہی تھی۔۔

"بھابھی آپ یہ معاملہ درگذر کر دیں آگے آیسا کچھ نہیں ہو گا اگر ہؤا تو آپ پھر بے شک لے جایئے گا اپنی مام کو۔۔۔" عائلہ درمیان میں بولی پہلے تو خاموش تھی اب اس نے ابرش کو روکنا چاہا۔

"عائلہ تم بھی بچ کر رہ رہنا۔۔۔" ابرش کا اشارہ کس طرف تھا یہ تو کوئی نہیں سمجھ سکا لیکن اریبہ بہت مشکل سے برداشت کر رہی تھی یہ فیملی ڈرامہ جس سے وہ اب تنگ پڑ چکی تھی۔

"میں کمرے میں جا رہی ہوں۔۔۔" قیوم ملک سخت خفا تھے اس سے جو اس نے جھوٹ بولا کمرے میں جاتے اسے سوچنا تھا کہ کیسے اسے قیوم ملک کو راضی کرنا ہے اور اپنی مٹھی میں کرنا ہے۔

ابرش ویسے بھی اس سے سخت نفرت کرتی تھی یہ وجہ وہ استعمال کر سکتی تھی لیکِن کتنا اچھا ہوتا اگر ابرش لے جاتی اس عفت ملک کو۔

عائلہ سے اسے کوئی پرابلم نہیں تھی وہ بہت معصوم اور سیدھی سادھی تھی اُس نے اسے زیادہ تنگ بھی نہیں کرنا تھا یہ عفت ملک چالاک تھیں۔

ان سے نمٹنا اس کے لیے آسان نہیں تھا وہ کمرے میں چلی آئی رہ رہ کے خود پہ غصہ آرہا تھا ہر پلان فیل ہو رہا تھا جس بچے سے اس نے اتنی اُمیدیں باندھی ہوئی تھیں وہ ساری امیدیں ٹوٹ گئی تھیں وہ بری طرح سے گھبرائی ہوئی تھی۔

یقیناً قیوم ملک سوال وجواب کرتے وہ انتظار کر رہی تھی کہ کب قیوم ملک اس کے پیچھے آئیں وہ لوگ باہر اکھٹے تھے قیوم ملک کے بچے اُن کی بیوی اُن سب میں اُنہیں اریبہ کہاں یاد رہنی تھی وہ کھڑکی کی طرف چلی آئی اس کی طعیبت ابھی تک سنبھلی نہیں تھی وہ بیمار تھی لیکن دل جتنا افسردہ تھا اسے لگ رہا تھا وہ اس کا دل بند ہو جائے گا قیوم ملک کو وہ کھو نہیں سکتی تھی۔

وہ اپنی دھڑکنوں پہ ہاتھ رکھتے گہرے سانس لیتے باہر لان میں رکھے گملوں کو دیکھنے لگی تھی اور پھر جب اسے اپنے پیچھے آہٹ محسوس ہوئی تو اس نے مڑ کر نہیں دیکھا کہ کون ہے اسے پتہ تھا اس کے کمرے میں ایک ہی انسان آ سکتا ہے اور وہ تھا قیوم ملک یعنی قیوم ملک اپنی فیملی کو چھوڑ کر اس کے پاس آیا اس سے بات کرنے کے لئے اس کا دل خوش فہم سا ہوا۔

وہ اس کی کیئر کرتے تھے تبھی تو اُن سب کے درمیان سے اٹھ کر اس کے پاس چلے آئے۔

"آپ کو اپنی فیملی کو ٹائم دینا چاہیے تھا۔۔" وہ آ گئے تھے وہ خوش ہوئی لیکن لبوں سے الفاظ شکوے کی صورت میں پھسلے تھے۔

"جھوٹ کیوں بولا مجھ سے اریبہ۔۔؟" وہ سیدھا مدعے کی بات پہ آئے تھے اریبہ نے ہڑبڑا کر انہیں دیکھا یعنی سب کے درمیان سے اٹھ کر آنے کی وجہ یہ تھی وہ تفتیش کرنا چاہتے تھے۔۔

"آپ کو لگتا ہے میں آپ سے جھوٹ سکتی ہو؟" اس نے ان کے سوال کے بدلے سوال کیا وہ جانتی تھی قیوم ملک اب اس کی باتوں پہ مشکل سے یقین کریں گے لیکن ٹرائے کرنے میں کوئی حرج نہیں تھا.

"تُمھارے سامنے ہے ساری صورتحال۔۔۔!؛ ابرش بھلا کیسے جھوٹ بول سکتی ہے اُس نے دیکھا تھا اوَر ویسے بھی مجھے پہلے ہی ڈاوٹ تھا کہ عفت اس حد تک نہیں گر سکتی ہیں َاب بتاؤ مجھے کیوں عفت سے بدگمان کیا آگے سچائی میرے سامنے نہیں آتی تو مجھے تو یہی لگتا کہ یہ سب عفت نے کیا ہے۔۔" وہ

اس کے ساتھ کھڑے ہوئے لیکن ناراض سے آنکھوں میں شکوہ تھا جیسے انہیں اریبہ سے ایسی حرکت کی توقع نہیں تھی۔۔۔

"آپ کی بیٹی مجھ سے نفرت کرتی ہے جیسے آپ کی پہلی بیوی نفرت کرتی ہے وہ بھلا اپنی مام کے خلاف کہاں کچھ بولے گی سب لوگوں کو لگتا ہے کہ میری غلطی ہے لیکِن مُجھے پتہ ہے کہ سچائی کیا ہے کوک میری اجڑی ہے بچہ میں نے کھویا ہے قیوم اور الزام بھی مجھ پہ ہی لگ رہا ہے کہ میری غلطی کی وجہ سے میرے بچے کی جان چلی گئی آپ کے تفتیش کرنے کے انداز سے تو لگ رہا ہے کہ آپ کو بھی وہی سب سچ لگ رہا ہے قیوم مُجھے باقیوں کے رویئے سے فرق نہیں پڑتا ہے بہت تلخ رویئے سہ چکی ہوں اب اثر نہیں ہوتا ہے لیکن آپ کے یوں پوچھنے پہ میں آندر ہی اندر گھٹ رہی ہوں مجھے لگ رہا

ہے میں آپ کو کھو چکی ہوں۔۔۔ آپ اب میرے نہیں رہے ہیں۔۔۔" وہ اپنی آنکھیں رگڑتے بھیگے لہجے میں بولی تھی۔

"اریبہ میں نے ایک سادہ سا سوال پوچھا ہے اتنا ایموشنل ہونے کی ضرورت نہیں ہے بس یہ بتاؤ کہ جب غلطی تمھاری تبھی تو عفت پہ الزام کیوں لگایا ہاں حادثات ہوتے رہتے ہیں َتمھیں مُجھے سچ بتانا چاہیے تھا لیکن تم نے الٹا عفت کو ہی مجرم ثابت کرنے کی کوشش کی۔۔۔" قیوم ملک کا دماغ اس پوائنٹ پہ اٹکا ہوا تھا۔

"آپ یہاں مجھ سے بات کرنے آئے ہیں یا عفت کے بارے میں بتانے آئے ہیں مجھ سے زیادہ اہم ہے ناں وہ آپ کے لیے میں کہاں ہوں اس سب میں قیوم۔۔۔" وہ قیوم ملک کے مذید سوالوں سے بچنے کے لیے رونے لگی تھی جانتی تھی ان کے سوالوں کا جواب نہیں دے سکتی ہے۔

"اریبہ تم بلاوجہ بات کو بڑھا رہی ہو یہ سب کر کے آگر تمھیں لگتا ہے اب تم مجھے عفت کے خلاف کرنے میں کامیاب ہو جاؤ گی تو یہ تمھاری بہت بڑی غلط فہمی ہے میں جان گیا ہوں وہ اس معاملے میں بے قصور ہیں اوُر غلطی تمھاری ہے تو بہتر یہی ہو گا کہ تم اپنی غلطی تسلیم کر لو۔۔۔"وہ سنجیدہ ہوئے اریبہ سے ایسی حرکتوں کی توقع نہیں تھی انہیں۔۔

"میں اپنی بات پہ قائم ہوں قیوم آپ چاہے تو بھول جائیں مجھے عفت نے ہی گرایا تھا لیکِن آپ اپنی بیوی کو اس معاملے سے الگ کرنا چاہتے ہیں ظاہر ہے وہ آپ کی محبت جسے آپ برسوں سے چاہتے ہیں اور میں تو کہیں بھی نہیں ہوں شاید اتنے سال آپ نے مجھ سے بس ضرورت پوری کی اور اب تو لگتا ہے کہ اس کی ضرورت آپ کو دوبارہ پیش نہیں آئے گی کیونکہ بیوی جواب

پاس ہے۔۔۔"وہ پوری کوشش کر رہی تھی قیوم ملک کو ایموشنلی بلیک میل کرنے کی۔

"اریبہ تم شائد اس وقت اپنے حواس میں نہیں ہو وہ میری بیوی ہیں اور تم بھی میری بیوی ہو دنیا کا پہلا انسان تو نہیں ہوں جس نے دوسری شادی کی ہے بہت سے لوگ کرتے ہیں لیکن تم مجھے پریشان کر رہی ہو یہ سب کر کے مجھے لگتا ہے تمھیں ریسٹ کرنا چاہیے تا کہ تم جلدی ٹھیک ہو سکو۔۔۔"وہ مزید اس موضوع پہ بات نہیں کرنا چاہتے تھے اریبہ عفت ملک کو لا رہی تھی درمیان میں اور قیوم ملک کو ان کے بارے میں ہی بات نہیں کرنی تھی۔

اریبہ وہ سمجھانا چاہتے تھے کہ پہلے جو ہوا سو ہوا لیکن آئیندہ ایسا کچھ نہیں ہونا چاہیے وہ تو اپنی دونوں بیویوں کے درمیان میں پھنس چکے تھے۔

"آپ مجھ سے اکتا گئے ہیں قیوم۔۔۔!؛" وہ ان کے تھوڑے قریب ہوئی تھی۔

"میں تم سے نہیں تمھاری باتوں سے اکتا گیا ہوں اریبہ میں تم سے کیا بات کرنا چاہا رہا ہوں تمھیں سمجھ ہی نہیں ارہی ہے تم اپنی کیے جا رہی ہو بنا میری سنے جو کہ غلط ہے۔۔۔" وہ اریبہ کا ہاتھ تھام گئے وہ بہت نازک وقت سے گزر رہی تھی جو بھی تھا اریبہ نے اپنا بچہ کھویا تھا وہ پریشان تھی بھلے غلطی اس کی اپنی تھی۔

"ہاں اب میں آپ کو غلط ہی لگوں گی وہ جو ٹھیک لگتی ہیں آپ کو۔۔۔ اور اب تو پچھتا رہے ہونگے کہ میں نے اریبہ سے شادی کیوں کی۔۔۔" وہ ناراض سی چلتے بستر پہ لیٹ گئی وہ چاہتی تھی کہ قیوم ملک اس کے پاس رہے باہر نہیں جائے لیکن اس کی باتیں ایسی نہیں تھیں کہ وہ یہاں رک پاتے۔

وہ اریبہ کو سپیس دینا چاہتے تھے اوٗر اس کے لیے ضروری تھا کہ وہ اکیلی رہتی اوٗر ان دونوں کے بارے میں سوچتی۔۔۔

••••••

یرمان اریبہ اور قیوم ملک کے جانے کے بعد تھوڑی دیر ہی مام کے ساتھ بیٹھ سکا آج اس کی میٹنگ تھی بہت بیزی شیڈول تھا لیکِن اس نے سب کچھ کینسل کر دیا عائلہ کے ساتھ بیچ پہ ایک خوبصورت سا دن گزارنے کا پلان کیا اپنے مینیجر کو ساری ہدایات دیتے وہ خود عائلہ کو وہاں لے جانے والا تھا اس وقت وہ دونوں کمرے میں موجود تھے۔

عائلہ کا منہ بنا ہوا تھا وجہ تھی کہ یرمان اسے سب کے درمیان سے بانہوں میں بھرتے آندر لے آیا ضامن کے سامنے یرمان کی بے باکی پہ عائلہ کا منہ حیرت سے کھلے کا کھلا رہ گیا تھا وہ کتنے ہی لمحے کچھ بول نہیں سکی تھی۔

"عائلہ کب تک بیٹھ کا سوگ منانے کا ارادہ ہے جاؤ چینج کرو ہم نے کہیں جانا ہے۔۔۔!؛"وہ خود تیار کھڑا تھا لیکن عائلہ جیسے اس کی کوئی بات سننے کے لیے تیار ہی نہیں تھی وہ منہ بنائے جیسے اس کی کسی بات کو سننے میں انٹرسٹڈ نہیں تھی۔

"مُجھے آپ کے ساتھ نہیں جانا ہے آپ کو شائد میری شرطیں یاد نہیں ہیں تو یاد کروادیتی ہوں میں آپ کو۔۔۔کہ آپ سے میں نے کہا تھا آپ مجھے تنگ نہیں کریں گے ناں ہی میرے قریب آئیں گے اور آپ کیا یہ فالو کر رہیں ہیں میری شرطوں کو۔۔کیا چاہتے ہیں میں بھائی کے ساتھ واپس چلی جاؤں۔۔۔"عائلہ آپنا دوپٹہ اتارتے بیڈ پہ رکھتے بیڈ پہ لیٹ گئی یرمان کے ساتھ تو وہ بھی کہیں نہیں جانے والی تھی۔

"عائلہ یہ کیابد تمیزی ہے۔۔۔!؛"وہ اسے گھورتے بیڈ کے قریب آیااور اس کو کندھوں سے تھامتے اس کارخ اپنی طرف کرتے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔

"کیاہے سونے دیں مجھے۔۔۔"وہ ساری رات بھی سوتی رہی اور پھر سے اسے نیند آرہی تھی لیکِن یرمان جیسے پکاارادہ کر چکا تھا کہ کچھ بھی ہو جائے وہ اسے سونے نہیں دینے والا۔

"نہیں سونا یہ کونساٹائم ہے سونے کا۔۔۔؟"وہ اُسے بانہوں میں بھرتے اس کے ماتھے پہ اپنا لمس چھوڑ چکا تھاعائلہ کو اس کو اس کی باتیں اس طریقے والی ہی سمجھ آتی تھیں۔

"سونے کا بھی ٹائم ہوتا ہے کیا؟ اتاریں مُجھے نیچے۔۔۔میں شور مچادوں گی اب آپ مجھے تنگ کر رہے ہیں ایسے کون کرتا ہے بھلا۔۔۔"عائلہ نے اپنے

بازوؤں کو اوپر اٹھاتے یرمان کے بالوں کو اپنی مٹھیوں میں بھرا تھا وہ سسک کر رہ گیا۔

"عائلہ میں نے صبح سرپرائز کی بات کی تھی ناں بے بی آپ کو اپنے سرپرائز کے بارے میں نہیں جاننا ہے کیا....؟" یرمان کو یکدم سے یاد آیا اس نے عائلہ سے سرپرائز کی بات کی تھی اور عائلہ شائد بھول چکی تھی۔

"کیا سرپرائز ہے آپ بتادیں۔۔۔!؛" وہ اب تھوڑی ریلکس ہوئی مزاحمت بھی چھوڑ دی۔

"یہاں نہیں ہم یہاں جارہے ہیں وہاں آپ کے لیے بہت بڑا سرپرائز ہو گا جانم جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔۔ ہم پہلے ہی کافی لیٹ ہو چکے ہیں۔۔۔" وہ اس کی نازک سے ناک سہلانے لگا۔

وہ کچھ دیر تو سوچتی رہی ویسے تو شاید یرمان کے ساتھ جانے کے لئے راضی نہیں ہوتی لیکن سرپرائز کے لئے تیار ہو گئی مگر پھر یہ یاد آیا کہ باہر ضامن اور ابرش بیٹھے تھے وہ کیا سوچتے ان کی موجودگی میں عائلہ اور یرمان کہاں جا رہے ہیں ہائے معصوم سی عائلہ بہت کچھ سوچتی تھی بچاری۔

"لیکن مُجھے ابھی بھائی سے باتیں کرنی۔۔۔؟" جیسے بہت اہم مسئلہ بتایا ہو اسے.

"بعد میں کر لینا۔۔۔ میں خود چھوڑ آؤں گا تمھیں تمھارے بھائی کے گھر پھر جتنی مرضی باتیں کرنی ہوں کر لینا مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ابھی تمھیں میرے ساتھ جانا ہو گا۔۔" وہ عائلہ کو قائل کرنے لگا تھا جس پہ وہ مان گئی۔

"مُجھے چینج نہیں کرنا یہ ڈریس ٹھیک ہے پلیز۔۔۔" وہ دوپٹہ گلے میں ڈالتے اپنی شال اوڑھ چکی تھی لیکِن ڈریس چینج نہیں کرنے والی تھی ڈریس چینج کرنے سے اسے سخت الجھن ہوتی تھی۔

یرمان نے زیادہ زور نہیں دیا کیونکہ ویسے بھی تھوڑی دیر بعد عائلہ کو دوبارہ ڈریس چینج کرنا تھا تو آچھا تھا ابھی وہ اسی ڈریس میں اس کے ساتھ چلی جاتی وہ باہر جارہی تھی اوُر تیاری صرف اتنی سی کی کہ شال اوڑھ لی۔۔عائلہ تیاری میں بالکل وقت نہیں لیتی تھی اور یرمان کو عائلہ کی یہ عادت پسند تھی ورنہ لڑکیاں تو کہاں تیاری کے نام پہ دو تو گھنٹے لگا دیتی تھیں۔۔۔

وہ دونوں نیچے ائے تو عفت ملک لاونج میں اکیلی بیٹھی تھیں ابرش اور ضامن نہیں تھے۔

"مام ابرش کہاں ہے۔۔۔!" عائلہ عفت ملک سے اپنے بھائی کے متعلق پوچھنا چاہتی تھی لیکن ان کے رویئے کءے کے پیشِ نظر وہ ان سے بات کرنے سے کترا رہی تھی پھر یرمان نے خوُد ہی یہ سوال کر دیا۔

"اُنہیں کوئی کام تھا تو چلے گئے دونوں۔۔۔" عفت ملک نے کوفی کا مگ سائیڈ پہ رکھا۔

"اتنی جلدی چلے گئے وہ دونوں۔۔؟" عائلہ کو حیرت کے ساتھ پریشانی بھی ہوئی۔

"یہ تم اپنے بھائی سے پوچھنا۔۔" ان کا لہجہ نارمل تھا لیکن عائلہ کو طنز لگا وہ خاموش ہو گئی یرمان کا ہاتھ تھامے باہر نکل گیا جو ابھی تک اس سوچ میں الجھی ہوئی تھی کہ اس کا بھائی اتنی جلدی واپس کیوں چلا گیا۔

"عائلہ ریلیکس یار تم چھوٹی چھوٹی باتوں کی ٹینشن لیتی ہو۔۔۔ ہو سکتا ہے ابرش اور ضامن کو کوئی کام یاد آ گیا ہو گا تم پریشان مت ہو۔۔" یرمان نے اس کی کلائی تھامے اپنی تھائز پہ رکھی تو وہ ہلکا سا مسکرائی یرمان کے ہونٹوں کو بے ساختہ اپنے بے بی کا سوچتے مسکرایا نے چھوا تھا وہ دونوں مام ڈیڈ بننے والے تھے جتنا خوش گوار احساس تھا یہ وہ عائلہ کاری ایکشن دیکھنا چاہتا تھا وہ یہ سب جان کر کیسے ریسپانس دیتی ہے۔۔

سب سے پہلے یرمان اسے بیوٹیشن کے پاس لے گیا یہاں ڈریس اور باقی سب کچھ وہ ہی بھیجوا چکا تھا عائلہ سرپرائز کے چکر میں تھی لیکِن یہاں تو اسے آیسا ویسا کچھ نہیں ملا جسے وہ سرپرائز کہہ سکتی وہ آنکھیں پھاڑے اس سیلون کو دیکھ رہی تھی یہاں بھلا اس کے لیے کیا سرپرائز ہو سکتا تھا وہ یرمان

سے کچھ پوچھتی کہ اس کی کال آنے لگی وہ ایک لڑکی کو اشارہ کرتا خود باہر نکل آیا۔

"ہائے میم میں یرمان سر کی اسسٹنٹ ہوں۔۔۔ آیئے آپ کا ڈریس ریڈی ہے سر نے آپ کو تیار کرنے کا کہا تھا اور پھر آپ کو کاٹیج بھی بھیجنا ہے وہ تو شاید اب ادھر نہیں آسکیں۔۔۔" وہ بہت فرینڈلی عائلہ سے بات کر رہی تھی تاکہ عائلہ اس کے ساتھ کمٹیبل فیل کرے۔

"لیکن تیار کیوں۔۔۔!؛" عائلہ کو اتنی تیاری کی وجہ سمجھ نہیں آئی تھی۔

"میم سر کا آرڈر ہے۔۔۔" وہ مزید کچھ نہیں بتا سکتی تھی جتنا اسے بتانے کا کہا گیا تھا اُس سے زیادہ بتاتی تو یرمان سے ڈانٹ پکی تھی۔

عائلہ کے ہاتھ میں ڈریس پکڑاتے اسے چینجنگ روم میں بھیج دیا عائلہ تو اس میرون کلر کے لہنگے چولی کو دیکھ کر حیران رہ گئی لیکن ساتھ لگی چٹ پڑھی جو شاید یرمان نے لکھی ہوئی تھی۔

"عائلہ بے بی آرام سے تیار ہو جانا میں جلدی ملتا ہوں پریشان نہیں ہونا۔۔۔یور ہسبنڈ یرمان ملک۔۔۔"وہ چٹ کو ہاتھوں میں دبوچ چکی تھی تیار نہ ہوتی تو یرمان زبردستی کر لیتا اس انسان سے کیسی اچھے پن کی امید نہیں رکھ سکتی تھی وہ۔

لہذا لہنگا پہنتے وہ باہر آئی تو اسسٹنٹ نے خوب تعریف کی وہ بنا میک اپ کے بھی بہت پیاری لگ رہی تھی یرمان سر تو بہت لکی ہیں ان کی وائف کتنی پیاری ہے۔۔۔!؛"وہ دل میں سوچتے عائلہ کو چیئر پہ بیٹھاتے بیوٹیشن کو اشارے سے میک اپ کا کہہ چکی تھی عائلہ نے احتجاج کرنا چاہا لیکن اس کی

ایک نہیں چلی وہ کچھ ہی دیر میں برائیڈل ڈریس میں برائیڈل میک اپ کیے بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔

آئینے میں خود کو دیکھا تو کئی لمحے دیکھتی ہی رہی وہ یقین نہیں کر پائی یہ وہ خود ہی کے یا کوئی اور۔۔۔

"میم آپ بہت خوبصورت لگ رہی ہیں سر کی آج خیر نہیں ہے۔۔۔" وہ میریڈ تھی یرمان کے ساتھ کام کرتے زیادہ وقت نہیں ہوا تھا لیکِن یرمان اس کے کام سے کافی امپریس ہوا تھا۔۔

وہ عائلہ کو بیچ پہ ایک طرف بنے کاٹیج میں لے آئی زیادہ فاصلہ نہیں تھا یرمان کو وہ میسج کر چکی تھی وہ خوُد بھی وائٹ ڈنر سوٹ میں ملبوس خوشبوؤں میں رچا بسا بہت خوبصورت لگ رہا تھا عائلہ کے انتظار میں کھڑا وہ بار بار اپنی کلائی میں بندھی گھڑی میں سے وقت دیکھ رہا تھا۔

اور پھر کچھ ہی لمحوں بعد اس کا انتظار ختم ہؤا جب سامنے سے عائلہ اسسٹنٹ کے ساتھ چلتی نظر آئی جس کی پلکیں جھکی ہوئی تھی۔

یرمان کے مقابلے میں عائلہ کی ہائٹ چھوٹی تھی وہ پریگنٹ تھی یرمان نے اس کے لئے سینڈل منگوائی تھی مگر ہیلز کے بغیر والی وہ عائلہ کو لے کر خاصا ٹچی ہو رہا تھا اسسٹنٹ تو یرمان کو دیکھتے وہیں سے پلٹ گئی اور یرمان عائلہ کی طرف بڑھا کیونکہ عائلہ تو ایک جگہ پہ سٹک کھڑی تھی آگے بڑھ ہی نہیں رہی تھی یرمان نے اس کے اور اپنے درمیان حائل فاصلے کو عبور کرتے اس کے قریب آتے اس کے خوبصورت چہرے پہ نظریں گاڑی۔

اتنی خوبصورت لگ رہی تھی وہ جیسے آج پہلی بار دلہن بنی یرمان نظروں کے راستے اس کی خوبصورتی کو نہار رہا تھا جس پہ بس یرمان ملک کا حق تھا میرون کلر سے سجے وہ ہونٹ اس کے ضبط کا امتحان لے رہے تھے وہ اس کے

چہرے کو ہاتھوں میں بھرتے اس کے پنک ہونٹوں پہ جھکتا کہ اس کی تیاری کا خیال کرتے وہ اپنے جذبات پہ بند باندھ گیا اور عائلہ کو بانہوں میں اٹھاتے وہ کاٹیج کے آندر چلا آیا یہ قدرت الگ جگہ پہ بنا کاٹیج اندر سے بہت خوبصورت تھا اور اس کو بہت اچھے سے ڈیکوریٹ کیا گیا تھا ہال میں انٹر ہوئے تو سامنے ہی ٹیبل پہ ایک بہت بڑا کیک نظر آیا۔۔

آج ان کی شادی کی سالگرہ نہیں تھی ان کے نکاح کو ایک سال ہونے والا تھا لیکِن یرمان پہلے کیوں سلیبریٹ کر رہا تھا۔۔

"یہ تیاری کس کے لیے۔۔۔؟" عائلہ نے خود کو الجھن میں ڈالنے سے بہتر سمجھا کہ وہ یرمان ملک سے ہی پوچھ کہ یہ تیاریاں آخر کس خوشی میں کی ہیں آپ نے۔

"ہمارا رینک بڑھ گیا ہے جانم اور دوسری بات میں اپنی وائف کو اس خوبصورت ڈریس میں دیکھنا چاہتا تھا شادی تو جن حالات میں ہوئی اُس وَقت حالات ایسے ہی نہیں تھے۔۔۔ ہمارا فوٹو شوٹ بھی نہیں ہوا اگر تم چاہو تو آج ہم اپنی ویڈنگ نائٹ منا سکتے ہیں۔۔ عائلہ انکار نہیں کرو گی تم۔۔۔" وہ اسے پہلے ہی وران کرنے لگا کہ انکار نہیں کر سکتی ہے۔۔

"یہ سرپرائز تھا؟" عائلہ کا دل چاہا وآپس بھاگ جائے یہ انسان اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے اسے سرپرائز کے نام پہ بیوقوف بنا چکا تھا۔

"نہیں اصل سرپرائز تو باقی ہیں لیکن مجھے تم سے کچھ کہنا ہے سوری جو میں نے صبح باتیں کی مجھے غصہ آگیا تھا تمھیں شاید خود نہیں معلوم کہ تم نے کیا کہا مجھ سے۔۔۔ لیکن ہم پرانی باتوں کو یاد نہیں کریں گے آج کے دن ہم سب بھول جائیں گے پرانی تلخیاں جیسے ماضی کا حصہ بن جائیں گی آج ہم بس

ان موومینٹس جو انجوائے کریں گے۔۔۔عائلہ ایک بات بتاؤ تمھیں خود میں کوئی چینجنگ محسوس نہیں ہو رہی ہیں۔۔۔"وہ ماں بننے والی ایسا تو نہیں ہو سکتا تھا کہ اسے کچھ فیل نہ ہو۔

"کیسی چینجنگ۔۔۔؟مجھے آپ سے کچھ کہنا ہے۔۔"وہ اس بات کو لیکر اب اپ سٹ تھی پہلے تو نظر انداز کر دیا لیکن اب اسے لگ رہا تھا کہ اسے یہ سب ضامن سے شئیر کرنا چاہیے۔

"ہاں بولو جانم آج ہم دونوں ایک دوسرے کو سنیں گے ہمارے درمیان کسی اور کی بات نہیں ہو گی لیکن پہلے کچھ کلیئر کرنا ہے عائلہ۔۔۔"وہ عائلہ کا چہرہ ہاتھوں میں تھامے اس کی آنکھوں دیکھ رہا تھا۔

"وہ میں مجھے سمجھ۔۔۔"اسے شدید جھجھک محسوس ہو رہی تھی یرمان کو بتاتے ہوئے اگر ایسا کچھ نہ ہوتا تو پھر یہی سوچ کر وہ خاموش تھی۔

"تمھیں مجھ سے کچھ بھی شئیر کرنے سے پہلے اتنا سوچنے کی ضرورت نہیں ہے عائلہ میں شوہر ہوں تمھارا۔۔۔ ہمارے درمیان اتنی انڈر سٹینڈنگ تو ہونی چاہیے کہ میری بیوی بنا کسی ہچکچاہٹ کے مجھ سے سب کچھ شئیر کریں عائلہ میں کل سے خاموش ہوں کہ شاید تم مجھ سے خود بات کرو لیکن اب مجھے لگتا ہے کہ مجھے خود ہی یہ بات کلئیر کر دینی چاہیے تم سے یہی بہتر ہو گا ہمارے لیے۔۔۔" وہ عائلہ کی غلط فہمی بلکے بد گمانی جو وہ مایا کی وجہ سے قائم کر چکی تھی اسے ختم کر دینا چاہتا تھا تا کہ عائلہ کسی قسم کی ٹینشن نہ لے۔

"کونسی بات۔۔۔؟" عائلہ نے نا سمجھی سے اسے دیکھا جو اب صوفے پہ بیٹھتے اسے اپنی تھائز پہ بیٹھا چکا تھا وہ دلہن بنی اس کے اتنے قریب تھی کہ یرمان چاہتا تو یہ فاصلہ سمیٹتے اسے خؤد میں قید کر لیتا لیکن وہ پہلے عائلہ سے بات کرنا چاھتا تھا۔

"مایا نے تم سے جو کچھ بھی کہا وہ سب جھوٹ تھا عائلہ میں چاھتا تھا تم خوُد اس بارے میں مجھ سے بات کرو تا کہ میں تمھیں بتاؤں کہ ایسا کچھ نہیں ہے وہ جھوٹ بول رہی تھی اُس نے جو بھی بکواس کی وہ سب جھوٹ تھا وہ شاید یہ چاہتی تھی کہ ہمارے درمیان سب ٹھیک نہ ہو۔۔۔اُس نے تمھیں کڈنیپ کیا عائلہ وہ جان بوجھ کر تمھیں تکلیف پہنچانا چاہتی تھیں اُس کی پلاننگ اوُر تھی لیکِن وہ پکڑی گئی۔۔۔"عائلہ خاموشی سے یرمان ملک کو سن رہی تھی۔۔۔...

"اُس لڑکے نے میرے ساتھ۔۔۔"وہ آگے بول نہیں پائی ان لمحوں سے ہی تو بچنا چاہتی تھی وہ اب اس سے سوال کرنے والا تھا عائلہ کیا جواب دیتی اسے۔

"عائلہ تم کیا فضول باتیں سوچتی رہتی ہو ایسا کچھ نہیں ہے خبر دار جو تم نے ایسا ویسا کچھ سوچنے کی کوشش کی تو وہ لڑکا اب ہاسپٹل میں پڑا ہوا ہے تمھیں اُس کے بارے میں سوچنے کی ضرورت نہیں ہے وہ بس ایک حادثہ تھا۔۔۔"وہ ابھی تک نہیں سمجھ پایا کہ عائلہ کہنا چاہتی تھی اس کے دماغ میں کون سی خود ساختہ سوچیں جنم لے رہی تھیں۔

"اُس نے میرا دوپٹہ کھینچا تھا مُجھے آگے کچھ یاد نہیں ہے مایا نے کہا تھا وہ مُجھے آپ کی نظروں میں گرا دے گی لیکن میں تو خود سے ہی نظریں نہیں ملا پا رہی ہوں دل جیسے بند ہو جائے گا میں آپ کے قابل نہیں رہی اب۔۔۔"یرمان ملک پہ حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹے تھے عائلہ اس سے دوری بنائے ہوئے تھی اس وجہ سے وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ عائلہ ایسا سوچ رہی ہے۔

"عائلہ شٹ اپ مذید کچھ مت بولنا۔۔۔"وہ غصے میں آیا تھا عائلہ کے لبوں سے ایسی بات سن کر۔

"یہ سچ۔۔۔"

"عائلہ۔۔۔"وہ دھاڑا یرمان غصہ نہیں کرنا چاہتا تھا عائلہ کو نرمی سے ٹریٹ کرنا چاہتا تھا لیکن عائلہ کی باتوں نے اسے جیسے زمین پہ لا پٹخا تھا۔

"اُس نے۔۔۔"

"وہ جھوٹ تھا جیسے ہی اُسنے تمھارا ڈوپٹہ کھینچا میں پہنچ گیا تھا وہاں کچھ نہیں ہوا تھا تمھارے ساتھ میں گواہ ہوں تمھاری پاکیزہ کا۔۔۔میری بیوی میرے لیے پہلے جیسی ہے جیسے پہلے تھی اب بھی ویسی ہوں عائلہ مایا نے تم نے جھوٹ بولا تھا جو تصویریں اُسنے تمھیں دکھائی تھیں وہ بھی فیک تھیں وہ

مایا نے ایڈیٹ کی ہوئی تھیں وہ تُمھاری معصومیت سے واقف تھی جانتی تھی آسانی سے تمھیں بیوقوف بنالے گی تبھی اُسنے یہ سب پلان کیا آور تم اُس کی باتوں میں آ بھی گئی عائلہ مجھ سے پوچھتی میری بیوی ہو جیسے میں تم سے سوالوں وجواب کرنے کا حق رکھتا ہوں تم بھی رکھتی ہو تمھارے دل میں کوئی بھی سوال ہو کچھ بھی جو تمھیں پریشان کرتا ہے تم مجھ سے پوچھا کرو۔۔۔"وہ اس کے چہرے کو ہاتھوں میں بھرتے بولا۔

"نہیں وہ اُس نے میری تصویریں۔۔۔"یرمان کی وضاحت کا عائلہ پہ اثر نہیں ہو رہا تھا مایا نے کہا تھا کہ وہ تصویریں وہ یرمان کو دکھادے گی تو پھر کیا یرمان عائلہ پہ ویسے ہی بھروسہ کرتا جیسے ابھی کرتا تھا۔

"وہ سب کچھ جھوٹ تھا تمھیں بس استمال کیا گیا تمھارا برئن واش کیا گیا عائلہ پلیز سمجھنے کی کوشش کرو۔۔۔میں تم پہ بھروسہ کرتا ہوں تمھیں بھی

مجھ پہ ٹرسٹ کرنا ہو گا تبھی ہمارا رشتہ مضبوط ہو گا ایسے نہیں چلے گا تم بہت معصوم ہو عائلہ کل کو کوئی تمھیں دوبارہ یہ سب بولے گا تم پھر یقین کر لو گی اوَر پھِر سے میرے بارے میں نیگٹو سوچنے لگو گی پھر ہمارا رشتہ بے اعتباری کی نظر ہو جایے گا۔۔۔۔"وہ ملامت بھری نظروں سے عائلہ کو دیکھ رہا تھا

۔

اب عائلہ اسے یہ نہیں بتا سکتی تھی کہ وہ کوئی اوَر نہیں بلکے مایا تھا جو یرمان کی گرل فرینڈ تھی مایا نے جتنے بھی ثبوت دکھائے وہ سب اسے اور یجنل لگے تھے وہ فیک کیسے ہو سکتے تھے۔

"لیکن میں۔۔کیا کرتی۔۔۔مُجھے لگا۔۔۔۔آپ

مجھے۔۔۔دھوکا۔۔۔۔دے۔۔۔۔رہے۔۔۔۔ہیں۔۔۔۔اور۔۔۔۔پھر۔

۔۔۔وہ۔۔۔۔سب۔۔۔۔مجھے لگا میرا۔۔۔ آپ سے دور۔۔۔ہو جانا ہی۔۔۔"

"تمھاری دوری میری جان نکال لیتی ہے عائلہ۔۔۔ آئیندہ حالات جیسے بھی ہوں مجھ سے دور جانے کی بات مت کرنا یہ ہی برداشت نہیں کر سکتا ہوں تمھیں معلوم ہے مجھے کیسا لگتا ہے جب جب تم مجھ سے دور جاتی ہو۔۔۔" وہ عائلہ کے رخساروں کو اپنے انگوٹھے سے رگڑ رہا تھا عائلہ کے ہونٹوں سے سسکی نکلی یرمان کا ہاتھ عائلہ کی برہنہ پشت پہ تھا جس پہ بس بلاؤز کی نازک سی ڈوری بندھی ہوئی تھی۔

"مجھے ڈر لگا۔۔۔ وہاں جو ہوا۔۔۔ آپ مجھے چھوڑ۔۔۔ دیتے جب آپ کو معلوم ہوتا کہ میں پہلے جیسی نہیں رہی میرے ساتھ۔۔۔" یرمان کی طرف

سے ملنے والا اعتماد تھا کہ اس کے دل میں جو باتیں دبی ہوئی تھیں وہ لفظوں کے ذریعے اظہار کرنے لگی تھی۔۔

"میں مر بھی جاؤں تو تمھیں کبھی نہ چھوڑوں عائلہ خود سے زیادہ بھروسہ کرتا ہوں تم پر۔۔۔یاد رکھنا ہمیشہ مُجھے اپنی زندگی کا ایک ہر لمحہ ہر پل تمھارے ساتھ بیتانا ہے۔۔"وہ اس کے ہونٹوں کو ہولے سے اپنے ہونٹوں سے مس کر گیا۔

"آپ کو فرق نہیں پڑتا میرے ساتھ۔۔۔؟"عائلہ کا دماغ وہیں پہ اٹکا ہوا تھا یرمان ملک ایک مرد تھا اور مرد کی غیرت بھلا یہ کیسے گوارہ کر سکتی تھی۔

"تم پہلے جیسی ہو جب کچھ ہوا ہی نہیں ہے تو تم کیوں اُن لمحوں کو یاد کرتے خوُد کو ازیت دیتی ہوں عائلہ تمھاری کنڈیشن ایسی نہیں ہے کہ تم ٹینشن لو یہ

تمھارے لیے ٹھیک نہیں ہے عائلہ۔۔۔"وہ عائلہ کی کھنیری پلکوں کو اپنی انگلیوں سے سہلانے لگا جن پہ مسکارا لگایا گیا تھا۔

"مُجھے کچھ یاد نہیں آتا ہے۔۔۔."وہ جتنا سوچتی اتنا ہی الجھتی تھی آخر اسے کیوں کچھ یاد نہیں آرہا تھا کیوں وہ زہن پہ زور دے رہی تھی لیکن بے ہوشی کے بعد جب اس کی آنکھ کھلی تو وہ ہاسپٹل بیڈ پہ تھی۔

"عائلہ اب میں اپنے انداز میں سمجھاؤں گا تم نے دوبارہ ایسی کوئی بات کی تو۔۔۔"وہ اُسے بانہوں میں بھرے صوفے سے اٹھتے ٹبیل کی طرف آیا یہاں لارج سائز کیک سجایا گیا تھا خوبصورتی سے۔

"ویسے تو یہ نیوز تمھیں مُجھے دینی چاہیے تھی لیکِن میں تمھیں دے رہا ہوں بہت بہت مبارک ہو۔۔۔ہم مام ڈیڈ بننے ہیں۔۔۔"عائلہ کی پشت اپنے سینے

سے لگائے وہ عائلہ کے پیٹ پہ نرمی سے ہاتھوں کا حصار بنائے کیک کو دیکھتے بولا تھا۔

"یہ یہ سب۔۔۔"اس نے بے ساختہ اپنی بیلی پہ ہاتھ رکھا وہ پریگنٹ تھی لیکن اسے پتہ ہی نہیں تھا یعنی وہ جو سوچ رہی تھی جو وہ یرمان سے ڈسکس کرنا چاہتی تھی یرمان پہلے سے جانتا تھا۔

"ہاں جانان کیا یقین نہیں ہو رہا ہے میری محنت رنگ لے آئی ہے ویسے یہ میری محنت ہی ہے ورنہ آپ کو تو بس شرمانے کے علاوہ اور کچھ نہیں آتا۔۔۔"وہ اس کے شولڈر پہ ٹھوڑی ٹکائے اس کی گردن پہ اپنی سلگتی سانسوں کا لمس بکھر رہا تھا۔

"آپ چھوڑیں مُجھے۔۔۔"عائلہ کو یرمان سے اس پل اتنی جھجک محسوس ہوئی کہ دل چاہا کہیں چھپ جائے اگر یہ نیوز عائلہ کو یرمان کو بتانی پڑتی تو

شاید عائلہ کبھی نہیں بتا پاتی لیکِن عائلہ کو یہ سمجھ نہیں آئی کہ یرمان آخر اس بارے میں کب سے جانتا ہے۔۔

کیا وہ پہلے سے جانتا تھا اگر جانتا تھا تو وہ اسے پہلے بھی بتا سکتا تھا اتنی دیر سے کیوں بتایا اسے.

"میں پہلے بھی بتا سکتا تھا صبح بھی ایک بار دل چاہا کہ تمھیں بتا دوں لیکن میں تھورا سپیشل وے میں یہ سب سلیبریٹ کرنا چاہتا تھا۔۔ یہ ہماری فرسٹ خوشی ہے میں چاہتا تھا کہ ہم اسے دھوم دھام سے سیلبریت کریں۔۔۔" وہ اس کی گردن کو نرمی سے چومتے اسے خود میں بھینچتے ان لمحوں کی خوبصورتی میں کھو رہا تھا۔

"مُجھے بہت خوشی ہو رہی ہے۔۔" اس کی خوشی اس لمحے دیدنی تھی وہ مسکرایا تھا دونوں ہی خوش ہوئے تھے۔

"اوَر مجھے جتنی خوشی ہو رہی ہے وہ میں لفظوں میں نہیں بتا سکتا ہوں عائلہ تم نے مجھے بہت بڑی گڈ نیوز دی ہے میں چاہتا ہوں ان خاص لمحوں میں ہم ماضی کو بھول جائیں کچھ بھی یاد نہ رکھیں۔۔۔" وہ اس کو اپنے سامنے کرتا اس کے ماتھے پہ پہنے ٹیکے پہ ہونٹ رکھ گیا جو اسے بہت پیارا لگ رہا تھا آعائلہ کو فرسٹ ایسے جیولری اوَر میک اپ کیے دیکھا تھا دل بے قرار ہو رہا تھا۔

"مُجھے ڈر لگتا ہے۔۔۔ آگر پھر سے کچھ غلط ہو گیا ہمارا بے بی۔۔۔" وہ ابھی میچور نہیں تھی یرمان اس کے دل میں پینتے خدشات کو سمجھ سکتا تھا۔

ابھی اریبہ کے ساتھ جو حادثہ ہوا یرمان پریشان تھا مام عائلہ کو پسند نہیں کرتی تھیں۔

"میں ہوں ناں ساتھ مجھ پہ بھروسہ کرتی ہوں ناں عائلہ۔۔۔" وہ اس کی سیاہ آنکھوں میں ابھرتے اپنے عکس کو دیکھ رہا تھا۔

"تھوڑا تھوڑا۔۔" اس نے انگوٹھے اوٗر انگلی کو ملایا تھا یرمان مسکرایا اس کے لئے اتنا ہی کافی تھا وہ تھوڑا بہت ٹرسٹ تو کرنے لگی تھی اس پہ۔

"اور یہ تھوڑا تھوڑا زیادہ سارا کب ہو گا۔۔۔؟"

"جب مجھے یہ احساس ہو جائے گا کہ آپ صرف میرے ہیں۔۔" وہ کیک کو دیکھتے ایکسائٹیڈ ہوئی اسے میٹھا کرنے کی کریونگ ہو رہی تھی۔

"میں صرف تمھارا ہوں۔۔۔ یہ یقین تمھیں جلدی ہو جائے گا یرمان ملک نے صرف ایک لڑکی سے محبت کی۔۔ وہ تم ہو پہلے بھی بتا چکا ہوں عائلہ میری زندگی تم ہو میری سانسوں میں تم بستی ہوں۔۔۔" وہ اس کے چہرے کے دل کش نقوش کو اپنے ہونٹوں سے چوم رہا تھا۔

دل نے عبادت کی ہے

تیری ہی بس چاہت کی ہے

لکھ آیا ہوں عرضیوں میں

نہیں جینا تیرے بن

"ہم کیک کٹ کریں پلیز۔۔۔" عائلہ کو بھوک لگ رہی تھی ناشتہ بھی تھوڑا سا کیا تھا آب دل چاہا سارا کیک کھا جائے۔

"کاٹتے ہیں جانم لیکِن اس سے پہلے میری ایک فرمائش پوری کر دو۔۔۔" وہ اس کو پشت سے تھامے قریب کر گیا کہ ان درمیان فاصلہ بہت کم بچا تھا۔

"کونسی فرمائش۔۔۔؟" عائلہ نے حلق تر کیا اس بندے کی فرمائش بھی الٹی سیدھی ہوتی تھی۔

"مجھے ایک ہگ دو۔۔۔" وہ بانہیں پھیلائے ہونٹوں پہ مچلتی مسکراہٹ ضبط کرتے بولا عائلہ نے اسے گھورا۔

کم سے کم یرمان ملک کی ایسی فرمائشیں وہ پوری نہیں کرنے والی تھی۔۔

"نہیں۔۔۔" عائلہ نے صاف انکار کر دیا ہاسپٹل سے آنے کے بعد وہ جتنی اپ سٹ رہی یرمان کے بات کرنے پہ وہ خود کو بہت ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی مایا پہ شدید غصہ آیا اور خود پہ بھی کہ کیوں بیوقوف بنی وہ مایا کے ہاتھوں

۔

لیکن دل کو کچھ ہونے لگتا یہ سوچتے کہ اگر یرمان ٹائم پہ نہیں ہوتا تو کیا ہوتا۔

عائلہ کیسے بتاتی اس کو مایا نے تو عورت ہونے کا بھی لحاظ نہیں کیا نفرت اور دشمنی میں اس قدر آندھی ہو گئی وہ کہ یہ بھی سوچا عائلہ بھی ایک لڑکی ہے

اوُر یرمان سے محبت کے تو دعوے کر رہی تھی لیکِن اس کی ہی عزت کو مٹی میں ملانے کی کوشش کر رہی تھی۔

"آگر نہیں دیا تو پھر میں خوُد لونگا۔۔۔"وہ اس کو اپنے قریب کرتے اس کے گال پہ بوسہ دے گیا جس پہ وہ خوُد میں سمٹ گئی تھی۔

"نہیں نہیں آپ۔۔۔"اس کو اپنے رخساروں پہ یرمان کے ہونٹوں کا لمس چھبا تھا وہ اس کے ہونٹوں پہ نظریں جمائے ہوئے تھا جیسے اگلا نشانہ یہ ہونٹ ہی ہوں لیکن عائلہ نے اپنے ہونٹوں پہ ہاتھ رکھا۔

"حفاظتی تدابیر۔۔۔ ممممم ناٹ بیڈ جاناں۔۔۔"وہ اس کی طرف سے ہگ کا منتظر تھا۔

عائلہ اس کے پاس نہیں آ رہی تھی وہ بانہیں پھیلائے ہوئے تھا لیکن عائلہ میڈم بھی اس کے ارادے بھانپ چکی تھی اسے کیک کھانا تھا لیکِن یرمان کی باتیں ہی ختم نہیں ہو رہی تھی۔

"مُجھے بھوک لگ رہی ہے۔۔۔!؛" یرمان کے ساتھ رہ رہ کر تھوڑی بہت چالاکیاں وہ بھی سیکھ گئی تھی ہاں بھوک تو اسے واقعی میں لگ رہی تھی کچھ میٹھا کھانے کا دل بھی کر رہا تھا.

"بے بی کو بھی لگی ہو گی بھوک۔۔" یرمان آگے بڑھتے اس کی بیلی پہ ہاتھ رکھتے نرمی سے پوچھ رہا تھا عائلہ شرما گئی تھی۔

"مجھے کیک کھانا ہے پلیز۔۔" وہ جب بار بار بے بی کا نام لیتا تھا عائلہ کو اتنی جھجھک محسوس ہوتی تھی کہ اس نے بات بدل دی تا کہ وہ اس کی طرف توجہ دے۔

"کیک ہی کھانا ہے یا کچھ اور کھانا بھی کھائیں گے ہم عائلہ ڈونٹ وری زیادہ بھوک لگے گی ناں تمھیں اس کنڈیشن میں۔۔۔" وہ اس کو حصار میں لیتے اس کے بالوں پہ ہولے سے بوسہ دے گیا۔

"بس کیک کھانا ہے مُجھے۔۔۔" وہ بس کیک ہی کھانا چاہتی تھی اور کسی چیز کی طلب نہیں ہو رہی تھی اس وقتِ بس سامنے کیک پڑا تھا تو وہ ہی چاہیے تھا۔۔۔ اسے کیک کو دیکھ کر بس کیک کو کھانے کا دل کر رہا تھا۔

"چلو کٹ کرتے ہیں پھر جتنا مرضی کھالینا اوکے مُجھے پتہ ہوتا کہ تمھیں میٹھا اتنا پسند ہے تو تمھیں یہ ہی کھلاتا ویسے تم خود بھی بہت سویٹ ہو۔۔۔" نظریں ابھی تک عائلہ کے ہونٹوں پہ تھیں وہ خود میں سمٹ رہی تھی۔

"نہیں یہ ابھی بس دل کر رہا ہے۔۔۔" وہ منمنائی تھی۔

"اووو تو اس کا مطلب ہے کہ ہمارے بے بی کو مٹھیا پسند ہے اپنے ڈیڈ کی طرح۔۔۔"وہ عائلہ کے ہونٹوں کو سہلاتے بولا تو وہ اب یرمان کو گھورنے لگی بہت برداشت کر چکی تھی لیکِن یرمان پھیل رہا تھا اب۔

"مُجھے نہیں کھانا۔۔۔."اس نے پاؤں پٹخے تھے۔

"نہ کھاؤ پھر بھی میٹھی ہی رہو گی۔۔۔"وہ بھی اپنے نام کا ایک اسے کچھ زیادہ ہی تنگ کر رہا تھا وہ اب روہانسی ہوئی اوٗر یرمان نے ہاتھ کھڑے کیے کہ بس میں اب مزید تنگ نہیں کرونگا۔۔

پھر دونوں نے مل کر کیک کٹ کیا تھا اوٗر ساتھ اپنے آنے والے بے بی کی حفاظت کی دعا مانگی تھی۔

یرمان نے ایک بڑا سا پیس پلیٹ میں نکالتے عائلہ کو دیا وہ ایسے کھانے لگی جیسے برسوں بعد کھانا نصیب ہوا ہو یرمان کی طرف تو دیکھ تک نہیں رہی تھی کہ کیا بھی رہا ہے یا نہیں اسے اپنے کھانے سے مطلب تھا۔

جب آدھے سے زیادہ پیس کھا لیا تب اس نے یرمان کی طرف دیکھا جو ہاتھوں پہ ٹھوڑی ٹکائے مسکراتے اسے دیکھ رہا تھا عائلہ کو سں بکی فیل ہوئی تھی وہ اس کو بھی تو کہہ سکتی تھی کہ وہ بھی اس کے ساتھ کھالے۔

"آپ بھی کھائیں۔۔۔"اس نے چمچ بھرتے یرمان کے ہونٹوں کے قریب کیا۔

"تم اپنا پیٹ بھر لو میں بعد میں کھاؤں گا اپنے طریقے سے اور پھر تم مزید کھا نہیں سکو گی تو پہلے آپنا پیٹ بھر لو۔۔۔"وہ عائلہ کے ڈیپ نیگ پہ جھکتے

ہونٹ رکھ گیا عائلہ کے ہاتھوں سے پلیٹ گرتے گرتے بچی تھی وہ آگے نگل نہیں سکی جو اس کے منہ میں تھا۔

"نہیں۔۔۔"اس کو بھوک لگی تھی مزید کھانے کا دل بھی کر رہا تھا لیکِن یرمان کی باتوں سے اس کے پورے وجود میں سنسنی سی ڈور گئی۔

"عائلہ میں نے یہ نہیں کہا کہ تم کھانا ہی چھوڑ دو جانم کھاؤ تم۔۔۔ جتنی طلب ہے اتنا کھاؤ کوئی مسلہ نہیں ہے جانم لیکِن میں اپنے انداز میں کھاؤں گا ویسے پہلی بار ہو رہا ہے تم میرے سامنے ایسے کھا رہی ہو اور یقین جانو مُجھے بہت اچھا لگ رہا ہے میرے ساتھ کمٹیبل رہا کرو عائلہ میاں بیوی ایک دوسرے کے شریکِ حیات راز دار ہوتے ہیں تم نے پڑھا ہو گا میاں بیوی کو ایک دوسرے کا لباس کہا گیا ہے۔۔۔"وہ اس کو خود کھلانے لگا۔

خود کو ملامت بھی کیا کہ پہلے کیوں تنگ کرنے لگا عائلہ پہلے اسے کھانے تو دیتا وہ کھا بھی کہاں رہی تھی اب اس کے سامنے جب اپنے دھیان میں تھی تو سکون سے کھا رہی تھی لیکن اب وہ کیک کو بس دیکھ رہی تھی شاید وہ ڈسٹرب ہو چکی تھی۔.

"نہیں نہیں کھانا۔۔۔"وہ کنفیوز سی اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو آپس میں مروڑنے لگی یرمان نے نرمی سے اس کی کلائیوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتے سہلایا تھا۔

"میں کھلاؤں اپنی وائفی کو۔۔۔؟"وہ پلیٹ ہاتھ میں پکڑے عائلہ کو اپنے قریب کرتے اس کو خود کھلانے لگا خود کھلا رہا تھا تبھی وہ تھوڑا بہت کھا رہی تھی ورنہ نہیں کھاتی ہی نہیں۔

"عائلہ پلیز ریلیکس ہو جاؤ بہت ان رومانٹک ہو تم مجھے تو یقین نہیں ہو رہا ہے میری اکیلے کی محنت سے ہمارا بے بی آ رہا ہے اس دنیا میں۔۔۔"اس کی بات پہ عائلہ کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملی وہ اس کی گردن میں ہی منہ چھپا گئی وہ کتنا بے باک تھا عائلہ کو اب اچھے سے اندازہ تھا۔

"بہت بہت بے شرم ہیں آپ۔۔۔!؛"عائلہ نے اس کے رخساروں پہ دانت گاڑے وہ عائلہ کا چہرہ اپنی گردن سے نکالتے سامنے کرتے اس کی ہونٹوں کو فوکس کر چکا تھا۔

"جانم بیوی کے ساتھ بے شرمی کی جا سکتی ہے۔۔."اسے آنکھ مارتے وہ اس کے ہونٹوں پہ جھک چکا تھا عائلہ نے مزاحمت نہیں کی کرتی بھی تو مقابل پہ کوئی اثر نہیں ہونا تھا وہ اس کے ہونٹوں کو قید کیے اس کی سانسوں کو پی رہا تھا لمحے خاموشی کی نظر ہوئے تھے وہ اس کے ہونٹوں کو دباتے اس کے لبوں

کی مٹھاس چرا رہا تھا عائلہ کو اس پل یرمان سے اتنی جھجھک محسوس ہو رہی تھی کہ دل چاہا وہ غائب ہو جائے یرمان کے ہونٹوں کا لمس اس کے بدن میں سنسنی سی دوڑ گئی تھی۔

"مُجھے لگتا ہے یہ نشہ آگر مجھے نہ ملا تو میں پاگل ہو جاؤں گا عائلہ آئی سوئر میرے لیے تمھارے بغیر رہنا بہت مشکل ہے میں سانس نہیں لے پاؤں شاید تمھارے بغیر۔۔۔۔" وہ اس کے بھیگے ہونٹوں کو انگوٹھے سے رگڑ رہا تھا عائلہ اس کی باتوں پہ شرماتے اس کے سینے میں چھپ گئی وہ اسے کسی قیمتی نگینے کی مانند خود میں بھینچ لینا چاہتا تھا۔

"آپ بس کریں۔۔۔" وہ اس کے عنابی ہونٹوں پہ اپنی انگلی رکھ چکی تھی مزید اس کی بے باک باتیں سہنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی وہ اس کی انگلی کو

اپنے ہونٹوں سے چوم چکا تھا جس پہ عائلہ نے اسے گھورا اس کی سیاہ آنکھوں میں وہ جھکتے وہ عائلہ کی خوشی کا لیول دیکھ سکتا تھا۔۔

وہ خوش تھی یرمان کے ساتھ مطمین تھی وہ اس کو ہمیشہ خوش رکھنا چاہتا تھا۔

"اگر باتیں نہیں کروں تو پھر کیا کروں۔۔۔؟" یرمان نے سوالیہ انداز اپنایا یعنی باتیں کرنے میں اسے بھی انٹرسٹ نہیں تھا وہ بھی عمل میں دلچسپی رکھتا تھا۔۔۔۔۔۔

"کچھ نہ کریں چپ رہیں۔۔۔" وہ اس کی باتوں کا مطلب سمجھے بغیر بولی تھی

۔

"پر مجھے تو کچھ اور ہی کرنا ہے۔۔۔" یرمان اسے بانہوں میں بھرتے کھڑکی طرف لایا تھا یہاں تھوڑے سے فاصلے پہ بیڈ رکھا ہوا تھا جس کے چاروں اطراف وائٹ کلر کے پردے تھے اوٗر بیڈ پہ پھولوں کی چادر بچھی ہوئی تھی آس پاس کینڈل جل رہی تھیں جن سے ماحول بہت رومانوی بن چکا تھا۔

"آج کی رات میں چاھتا ہوں تم شروعات کرو عائلہ ہمیشہ جب بھی تمھارے قریب آیا میں آیا لیکن آج مُجھے یہ احساس دلاؤ کہ تم بھی یہ سب چاہتی ہو عائلہ تمھیں بھی میرا ساتھ اچھا لگتا ہے وہ سب کچھ بتاؤ جو تمھارے دل میں میرے لیے ہے یا جو تم مجھ سے کہنا چاہتی ہو جو بھی تمھارے دل میں ہے۔۔۔" وہ اس کو بیڈ پہ لٹائے سائیڈ پہ ہوتے اپنا کوٹ اتارتے ٹیبل پہ پھینکتے اپنی شرٹ کی سلیوز کو فولڈ کرتے شرٹ کے فرنٹ بٹن کھول چکا تھا۔

بیچ کے ساتھ ہونے کی وجہ سے موسم بہت اچھا تھا کھڑکی سے آتا لہروں کا شور ماحول کو مزید خوبصورت بنا رہا تھا۔

"مُجھے نہیں کرنا یہ سب۔۔۔" تکیے میں منہ چھپائے یرمان کی تمام امیدوں پہ پانی پھیر چکی تھی وہ جو یہ توقع کر رہا تھا کہ عائلہ اس کی طرف قدم بڑھائے گی ایسا کچھ نہیں ہوا تھا بلکے عائلہ نے تو صاف صاف انکار کر دیا تھا کہ وہ ایسا کچھ نہیں چاہتی ہے یعنی آج کی رات بھی یرمان کو وہ اپنے قریب نہیں آنے دینے والی تھی۔

"اوکے ایزیووش۔۔۔" وہ پلٹ گیا عائلہ بے یقینی سے اسے دیکھ رہی تھی یرمان اس کے قریب نہیں آیا حالانکہ اس کا یہ سجا سنوار روپ تو وہ کب سے خوُد پہ ضبط کے پہرے لگائے ہوئے تھا مگر اب وہ اس کے قریب آنے کے بجائے شرٹ اتارتے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگا کچھ دیر تو عائلہ نے برداشت

کیا لیکن پھر جب اس کی ہمت جواب دے گئی تو وہ بیڈ سے جھٹکے سے اٹھی تھی اور یرمان کو دیکھنے لگی جو سینے پہ دونوں بازوؤں باندھے باہر دیکھ رہا تھا۔

یعنی عائلہ کے انکار سے اس پہ کوئی خاص فرق نہیں پڑا تھا وہ اس کو منانے کے بجائے باہر پانی کو دیکھ رہا تھا عائلہ کی آنکھیں پانیوں سے بھری تھیں۔

یرمان اس سے اتنی بولڈ نس کی توقع کیسے کر سکتا تھا وہ کیسے کہہ سکتا تھا کہ آج عائلہ شروعات کرے گی جب کہ اس کی نیچر سے وہ بخوبی واقف تھا۔

"کیا کروں ان کے پاس جاؤں۔۔۔؟" وہ ناخنوں کو دانتوں سے کترتے سوچنے لگی یرمان اب تک تک شائد اس کے قریب نہیں آتا جب تک عائلہ خود نہیں کہتی اسے۔

عائلہ کو بہت جھجک محسوس ہو رہی تھی یرمان کو عائلہ کی نظریں اپنی پشت پہ محسوس ہو رہی تھیں لیکن وہ انجان بن رہا تھا وہ چاہتا تھا عائلہ سمجھے ان کے رشتے کو۔

کب تک دونوں کے درمیان یہ اجنبیت کی دیوار برقرار رہتی عائلہ جب تک خؤد اس کی طرف قدم نہیں بڑھاتی ان کے درمیان کچھ ٹھیک نہیں ہونے والا تھا بھلے عائلہ کو برا لگتا لیکن اب اسے ہی کچھ کرنا تھا اور وہ سوچ چکا تھا کہ وہ کیا کرے گا۔

عائلہ کتنی ہی دیر امید بھری نظروں سے اسے دیکھتی رہی کہ شاید وہ پلٹتے اس کا حال پوچھے لیکن وہ وہیں کھڑا رہا اس کی پوزیشن میں کوئی فرق نہیں آیا تھا عائلہ نے خود میں ہمت جمع کی وہ شوہر تھا کوئی غیر تو نہیں جسے وہ ایک ہگ

یا کس نہیں دے پاتی وہ بیڈ سے اٹھتے آپنا لہنگا صحیح کرتے یرمان کے قریب آئی جو لہروں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

"پلیز۔۔۔ناراض نہیں ہوں۔۔۔"بولتے ساتھ ہی وہ رونے لگی تھی یرمان کی ناراضگی اس کی جان لبوں پہ لے آئی تھی لیکن یہ بھی سچ تھا کہ وہ یرمان کی بے باکیاں سہن نہیں کر سکتی تھی۔

"نہیں ہوں ناراض عائلہ ویسے بھی مجھے نہیں لگتا ہے کہ مجھے ناراض ہونے کا حق حاصل ہے عائلہ۔۔۔تم ہی سارے حق محفوظ رکھتی ہو۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولا عائلہ کو رونا آیا اب تو لگ رہا تھا کہ یرمان کی بات مان لینی چاہیے تھی اگر نہ بھی مانتی تو کم سے کم ایک کس ہی دے دیتی۔

"آپ میری طرف کیوں۔۔۔نہیں۔۔۔۔دیکھ۔۔۔۔رہے ہیں۔۔۔"وہ یرمان کی پشت پہ ہاتھ رکھتے بولی تو یرمان نے پلٹتے اسے دیکھا نہیں تھا وہ ویسی

ہی پوزیشن میں کھڑا رہا عائلہ نے ہمت کرتے اس کی پشت پہ سر ٹکایا اور جیسے یرمان اسے ہگ کرتا تھا ویسے ہی اس نے بھی یرمان کو ہگ کیا تھا۔

"کیا کروں گا تمھاری طرف دیکھ کر عائلہ۔۔۔؟ پھر تمھیں پرابلم ہو گی ویسے بھی تمھیں آگر لگتا ہے تم سے دور رہنا میرے لیے آسان ہے تو یہ تمھاری غلط فہمی ہے جبکہ میں کیسے تم سے دور رہ رہا ہوں یہ بس مجھے معلوم ہے لیکن میں تمھیں ہرٹ نہیں کرنا چاہتا ہوں میں چاہتا ہوں تم اپنی مرضی سے میری قریب آؤ۔۔۔" وہ پلٹا پھر بھی نہیں تھا ہاں عائلہ کو خود سے دور نہیں جھٹکا جو وہ چاہتی تھی اُسے کرنے دیا وہ اس کی پشت پہ پیشانی ٹکائے رونے لگی اور یہاں ہی یرمان بے بس ہوا ان آنکھوں میں آنسو نہیں دیکھ سکتا تھا۔

"عائلہ یار کیامسلہ ہے تم نہیں چاہتی تو نہیں آرہاہوں تمھارے قریب اب توخوش ہو جاؤ۔۔۔اور جاؤ سو جاؤاب تورات ہو چکی ہے ہمیں صبح ہی وائس جاناہے تم آرام سے نیند پوری کرو اپنی۔۔۔"وہ عائلہ کے ہاتھوں کو تھامے ہونٹوں سے لگاتے بولا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"میرے ساتھ چلیں اوُر سو جائیں مُجھے آپ کے بغیر نیند نہیں آتی ہے آپ جانتے ہیں ناں یہ بات۔۔۔۔"وہ ایڑیاں اوپر کرتے اپنی پوری طاقت لگاتے بھی یرمان کے ماتھے پہ نہیں پہنچ سکی تھی یرمان نے بھی ہیلپ نہیں کی کیونکہ وہ جو کرناچاہتی تھی یرمان کو پتہ تھالیکن صرف پیشانی پہ کس کرنے سے کیاہو جاتاعائلہ کم سے کم کچھ تو کہہ ہی سکتی تھی اسے۔.

"مُجھے نہیں سوناہے آج کی رات کون سوناچاہے گاہماری اتنی سپیشل نائٹ ہے لیکِن تمھیں احساس نہیں ہے تو کیا کہہ سکتاہوں میں یہیں ٹھیک ہوں تم

سو جاؤ عائلہ۔۔"یرمان اسے پریشان نہیں کرنا چاھتا تھا وہ چاہتا تھا کہ عائلہ سکون سے سو جائے۔

"مجھے آپ کے ساتھ۔۔۔ایم سوری بہت بری بیوی ہوں ناں میں آپ کی۔۔۔ آپ کو جو چاہیے ہوتا ہے وہ میں نہیں دے سکتی ہوں۔۔۔"وہ یرمان کا ہاتھ تھامے بولی تو یرمان نے سر ہلایا یعنی عائلہ کو احساس تھا خود بھی یہ اچھا تھا کہ وہ خود ایسا سوچ رہی تھی۔

"عائلہ تم جانتی ہو ناں اس رشتے میں ہمارا ایک دوسرے کے احساسات کو سمجھنا بہت ضروری ہے میں چاہتا ہوں تم میرے ساتھ پر سکون رہو میری قربت میں تمھارے چہرے پہ گھبراہٹ نہ ہو ہاں فطری حیاء ایک الگ بات ہے میں جانتا ہوں تم بہت شائے سی ہو اور یقین جانو مجھے تمھاری یہ ادا بہت بھاتی تھی لیکِن جب تم مجھے سے گریز برتتی ہو تو مجھے بہت غصہ آتا ہے تم نے

تھوڑی پہلے خود کہا کہ تم نہیں چاہتی ہو یہ سب اور اب تم میرے سامنے کھڑی ہوں۔۔۔"عائلہ نے آنکھیں میچتے اسے دیکھا۔

"میں نے یہ نہیں کہا آپ میرے قریب نہ آئیں میں نے بس یہ کہا کہ مجھ سے یہ سب نہیں ہو گا آپ نے کہا کہ میں کروں یہ سب۔۔۔اوٗر آپ سے میں بھی دور نہیں رہ سکتی ہوں سچ پوچھیں تو آپ کی عادت ہو چکی ہے اوٗر عادتیں محبت سے زیادہ جان لیوا ہوتی ہیں آپ مجھے کبھی نہیں سمجھ سکتے ہیں شاید میں ہی بہت بری ہوں جو آپ کو مجھ سے اتنی شکایتیں ہیں۔۔۔"وہ روتے شکوہ کرتے بہت معصوم لگ رہی تھی اس نے اپنے بہتے آنسو صاف کیے جو اس کے رخساروں کو بھگو رہے تھے.

"کیوں نہیں کر سکتی ہو میری بیوی ہو تم۔.."عائلہ کی کنفرمیشن کے بعد اس کا غصہ بہت حد تک ٹھنڈا ہو چکا تھا وہ جو عائلہ سے بات نہ کرنے کا سوچ رہا تھا

اب اس کا ارادہ بدل گیا تھا وہ روئے یرمان کی وجہ سے یرمان کو کہاں برداشت تھی یہ بات۔

"آپ جانتے۔۔۔"اب تو عائلہ کی ہچکی بندھ گئی تھی روتے ہوئے یرمان نے سارا غصہ ساری انا بھاڑ میں جھونک دی تھی اوٗر آگے ہوتے اسے خود میں بھیچنا جو رو رو کر خوٗد کی حالت خراب کر چکی تھی اس کی آنکھیں بھی سوج چکی تھیں.

"میں جانتا ہوں لیکن میں چاہتا ہوں عائلہ تم میرے ساتھی اپیٹ ہو جاؤ مجھ سے کوئی بھی بات کرنے سے پہلے تمھیں مجھ سے ہچکچانا نہیں پڑے۔۔۔"وہ اس کے دوپٹے پہ لگی پنز کو ایک ایک کر کے نکالتے سائیڈ پہ رکھ رکھتے اس کے وجود سے اس بھاری دوپٹے کو اتارتے سائیڈ پہ کر چکا تھا۔

عائلہ اب شارٹ سی چولی اور لہنگے میں اس کے سامنے کھڑی تھی عائلہ کے لہنگے کی چولی کا بلاؤز ڈیپ تھا اس کی گہرائیوں کو دیکھتے یرمان کا خود پہ اتنی دیر سے کیا ہوا ضبط جیسے ٹوٹنے لگا وہ عائلہ کی گہرائیوں پہ اپنے ہونٹ کی مہر ثبت کر چکا تھا عائلہ خود میں سمٹ گئی وہ شرٹ لیس تھا وائٹ کلر کی جینز پہنے چہرے پہ سنجیدگی سجائے وہ بہت خوبصورت لگا تھا عائلہ کو۔۔

ایک پل کے لیے دل میں میٹھی سی گدگدی ہوئی کہ یہ خوبصورت انسان اللہ تعالیٰ نے اس کے نصیب میں لکھا تھا ہاں مشکلات آئی تھیں لیکن اب ان کی زندگی نارمل تھی شاید ایک دوسرے کے ساتھ خوشیاں سمٹتے ہی گزرنی تھی۔۔۔

"یرمان۔۔۔" آج پہلی بار عائلہ کے ہونٹوں سے پلیز چھوڑیں کے بجائے یرمان کا نام نکلا تھا یرمان نے حیرانگی سے عائلہ کو دیکھا جیسے یقین نہیں کر پایا

ہو کہ عائلہ نے اس کا نام لیا ہے پھر بے ساختہ مسکرایا اس کے ہونٹوں سے اپنا نام کتنا اچھا لگا تھا یہ وہ لفظوں میں بتا نہیں سکتا تھا۔

"دوبارہ بولو عائلہ۔۔۔" وہ عائلہ کا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے فرمائش کر رہا تھا عائلہ کو خود بھی یقین نہیں ہوا کہ وہ یرمان کو اس کے نام سے بلا رہی ہے حالانکہ ہمیشہ اس نے آپ اُن وہ کہہ کر بلایا تھا کبھی نام نہیں لیا یرمان ملک کا۔

"مجھے نہیں پتہ کیسے یہ لفظ ادا ہو گیا میرے ہونٹوں سے آپ کو برا لگا۔۔۔؟" وہ تھوڑا سا ہچکچائی تھی اور یرمان نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"برا نہیں مجھے بہت اچھا لگا ہے جانم بس ایک بار دوبارہ بولوں تم۔۔۔" وہ اُسے بیڈ پہ لٹائے اس پہ جھکے اس کی مسکارے سے سجی آنکھوں پہ ہونٹ رکھ

چکا تھا عائلہ نے پہلے پتہ نہیں کیسے اس کا نام لے لیا تھا دوبارہ تو شاید ہی کبھی لیتی۔

ویسے بھی شوہر کو اس کے نام سے بلانا عائلہ کو اچھا نہیں لگتا تھا آپ اُن تھورا صحیح لگتا تھا اُسے۔

"نہیں پھر کبھی۔۔۔"اس کی فرمائش پہ بھی دوبارہ اس کا نام نہیں لینے والی تھی۔

"پر مجھے ابھی سننا ہے جاناں۔۔۔"وہ اس کے ہونٹوں کو قید کر گیا عائلہ اس کی بار بار کی گستاخیوں پہ سنبھل نہیں پا رہی تھی وہ اس کے ہونٹوں سے لپٹ جاتا تو پھر آزاد کرنا ہی بھول جاتا تھا۔

عائلہ کی طعیبت کے پیشِ نظر اس بار یرمان نے لانگ کس نہیں کی تھی۔

"پلیز۔۔۔" وہ یرمان کی باتوں پہ روہانسی ہوئی تو اس کا قہقہہ بے ساختہ تھا اس کے رخساروں پہ بوسہ دیتے وہ رکا تھوڑا ٹائم گذرا تو وہ عائلہ کی طرف دیکھتا جیسے اجازت طلب کرنے لگا یہاں تک صبر کر لیا تھا آگے بہت مشکل تھا اس کے لیے صبر کرنا۔

"نہیں عائلہ اس بار تم خود آئی ہو میرے قریب آگر تمھیں یہ سب نہیں کرنا تھا تو پھر کیوں آئی میرے پیچھے انکار کر دیتی۔۔۔" وہ تھوڑا سنجیدہ ہوا عائلہ سہم سی گئی اس کی ناراضگی پہ۔

"ڈر لگ رہا ہے۔۔۔!"

"کیوں ڈر لگ رہا ہے میری وائفی کو۔۔۔؟" وہ دونوں بیچ کے قریب تھے پانی کی لہروں کا شور اسے لگا شاید وہ اس جگہ کی وجہ سے ڈر رہی ہے۔

"آپ کی شدتوں سے۔۔۔"وہ اتنی آہستہ آواز میں بولی کہ وہ بمشکل سن پایا لیکن پھر جب سمجھ آیا تو آسکے ہونٹوں سے قہقہہ نکلا تھا۔

"تو جاناں یہ آپ نے ہی برداشت کرنی ہیں دیکھیں ان شدتوں کا اثر ہے کہ ہم سالے صاحب سے پہلے مام ڈیڈ بننے والے ہیں بھئی ہم نے نمبر لے لیا۔۔۔"یرمان کے ہونٹ پھسلتے عائلہ کی گہرائیوں پہ آئے تھے ہاتھ پیچھے لے جاتے اس نے عائلہ کے بلاؤز کا ہک کھول دیا اور عائلہ کو اس کے بوجھ سے آزاد کروایا عائلہ تو خود میں سمٹ گئی تھی یرمان کی بے باکیاں سہتے اس سے نظریں نہیں ملا پا رہی تھی۔

"آپ بہت۔۔۔"اسے لفظ نہیں ملے حالانکہ جانتا تو وہ خود بھی تھا کہ عائلہ کیا کہنا چاہتی تھی۔

"آپ کے ساتھ۔۔"اس کے ریڈ پردے کو دیکھتے دانت پیستے اسے گھورا۔

"اور کتنے ہونگے جو مجھے ریمو کرنے پڑیں گے۔۔۔۔" وہ عائلہ کی ریڈ سٹرپ کو اپنی انگلیوں میں الجھاتے پوچھنے لگا عائلہ اب کی بار ہلکا سا ہنسی تھی۔

یعنی وہ بھی تنگ پڑ رہا تھا اچھا تھا جتنا اسے تنگ کر رہا تھا تھوڑا بہت خود بھی ہو جاتا تنگ۔

"اووو ہوووو ایفی خیریت مسکرایا جا رہا ہے۔۔؟" وہ مشکوک نظروں سے عائلہ کو دیکھتے پوچھنے لگا۔

"کیا میں مسکرا نہیں سکتی؟" عائلہ نے بھی جواب دینے کے بجائے سوال داغا وہ نفی میں سر ہلاتے اس کے آخری پردے کو بھی ریمو کر گیا۔

کمفٹر اوپر کھینچے عائلہ پہ گرپ مظبوط کی تو وہ سسکی تھی یرمان ملک کے ہونٹوں کا لمس اسے اپنی بیلی پہ محسوس ہو رہا تھا۔

"جاناں تمھیں پتہ ہے مجھے سب سے زیادہ آپنا رقیب کون لگتا ہے جسے دیکھ کر مجھے سب سے زیادہ جلن محسوس ہوتی ہے۔۔۔؟" یرمان نے اچانک سے سوال کیا کمفرٹر میں سے دونوں کے بس چہرے باہر تھے۔

"کیا۔۔۔!؛" کچھ حد تک عائلہ بھی نارمل بیہیو کر رہی تھی شاید یہ یرمان کی طرف سے دیئے اعتماد کا اثر تھا لیکن زہن میں ابھی تک ایک سوال تھا۔

کیا یرمان نے مایا کو ایسے ہی چھوڑ دیا اُس کو کچھ کہا نہیں یا پھر یرمان کو مایا کے بارے میں پتہ نہیں کہ وہ بھی وہاں تھی۔

عائلہ نے جب حواس کھوئے اُس وقت اُس لڑکے کے ساتھ مایا موجود تھی۔

"تُمھاری بیوٹی بون پہ بنا یہ تل۔۔۔جو مُجھے رقیب لگتا ہے یہاں میرا حق ہونا چاہیے وہاں یہ حق جتاتے بیٹھا ہے مُجھے اس وجود پہ صرف اپنے نام کی مہر لگانی ہے۔۔۔"

"ہاں تو۔۔۔۔ آپ کا۔۔۔۔ حق۔۔۔۔ آپ۔۔۔۔ چھوڑتے کہاں۔۔۔۔ہیں۔۔۔۔"کسکتے جواب دیا یرمان کو ہنسی آئی.

"اپنی چیزوں پہ حق جتانا ہی تو آچھا لگتا ہے جانم تم سر تا پا میری ہو تم پہ اپنا حق جتاوں گا نہ بھی جتاوں تو یہ بات تو واضح ہے کہ تم میری ہو اور اب مُجھے آواز نہ آئے ورنہ میں تمھارے ہونٹوں کو قید کروں گا جو تم ہر گز نہیں چاہو گی۔۔۔"آخر میں دھمکی لگائی عائلہ تو چپ ہو گئی لیکن یرمان کی بڑھتی شدتوں پہ عائلہ کے لبوں سے نکلتی سسکیاں مقابل کے جوش کو بڑھا رہی تھیں۔

عائلہ اس کی شدتیں سہتے پسینے میں بھیگ چکی تھی یرمان نے بیڈ پہ گرتے اسے اپنے حصار میں لیتے اس کا سر اپنے سینے پہ رکھا۔

عائلہ کی آنکھوں میں حیرانگی تھی وہ اسے اتنی جلدی چھوڑ دے گا اس نے کہاں سوچا تھا اس کی ٹائمنگ زیادہ ہوتی تھی اتنی سی قربت سے مقابل کا دل نہیں بھرتا تھا.

"عائلہ یہ بے بی کی وجہ سے مارجن مل رہا ہے ایک بار بے بی کو آنے دو پھر دیکھنا میری شدتیں سہتے تم مجھ میں ہی چھپنے کی کوشش کرو گی۔۔۔"اس کے شولڈر پہ ہونٹ رکھے تو عائلہ نے آنکھیں بند کر لی وہ یرمان سے نظریں چرا گئی جس پہ اس کے ناخنوں کے نشان بہت گہرے بنے ہوئے تھے وہ جب اسے اور خود کو بے حد قریب کیے اس کے وجودِ کی گہرائیوں سے خود کو سیراب کر رہا تھا عائلہ نے اس کے سینے پہ ناخن گاڑ دیئے تھے۔

یرمان کی شدتیں سہتے وہ اپنے ناخنوں سے یرمان کو آیسے ہی زخمی کر دیتی تھی۔

"سو جاؤ عائلہ۔۔۔!؛" یرمان نے اس کے بالوں پہ نرمی سے بوسہ دیا عائلہ آنکھیں موند گئی آج وہ سکون سے اپنے شوہر کی نرم گرم پناہوں میں موجود اس کے لمس کی حدت سے پگھل رہی تھی۔

••••••

ابرش اس وقت گھر پہ اکیلی تھی ضامن کہیں باہر چلا گیا تھا کل سے اس نے واپس یورنیورسٹی جوائن کرنی تھی ان کا نیو سمسٹر شروع ہو چکا تھا ابرش نے ضامن کو منایا تھا کہ وہ اس سمسٹر میں ان کے ایک سے زیادہ پریڈز لے گا جس پہ پہلے تو وہ راضی نہیں تھا لیکن ابرش کے پرزور اسرار پہ وہ راضی ہو گیا تھا ابرش بہت خوش تھی۔

وہ کب سے اکیلی بیٹھی بور ہو رہی تھی ضامن کو بار بار میسج کرنے پہ بھی اس نے ریپلائی نہیں کیا نجانے کہاں بیزی تھا وہ۔

کم کچھ سوال تو دیکھ لے لیکن ضامن بھی شاید اس کے ارادے بھانپ گیا تھا آ

۔۔

ابرش کو ضامن کے لیپ ٹاپ کا پاس ورڈ نہیں معلوم تھا ورنہ وہ اب تک خود ہی کوئز دیکھ چکی تھی تو اس تیاری کی ایک وجہ یہ بھی لی جا سکتی تھی وہ ضامن کو لالچ دیتے کوئز کا پتہ لگانے کی کوشش کرنے والی تھی جس میں اس نے کامیاب ہونا تھا یا نہیں یہ تو وقت نہیں بتانا تھا۔

وہ کافی بار ٹرائے کر چکی تھی ضامن کے لیپ ٹاپ کا پاس ورڈ رونگ ہی جا رہا تھا اس نے جو اس کے مائنڈ میں آ رہے تھے پاس ورڈز ٹرائے کیے تھے لیکن ضامن نے خاصا سٹرونگ پاس ورڈ لگایا ہوا تھا تاکہ کوئی آسانی سے کھول نہ سکے۔۔

"یار سر یہ کیا مصیبت ہے۔۔۔"وہ جھنجھنا سی گئی اتنی تیاری نہیں کرنی پڑتی کم سے کم کوئز کے لیے تو نہیں آگر پہلے دماغ لڑتے وہ ضامن سے لیپ ٹاپ کا پاس ورڈ معلوم کر چکی ہوتی۔

"کیا کر رہی ہیں آپ۔۔۔؟"ضامن کب کمرے میں آیا اور کب سے اسے دیکھ رہا تھا وہ نہیں جانتی تھی لیکِن اس کی آواز سن کر ابرش ہڑبڑاتے سیدھی ہوئی تھی اس کی گود سے لیپ ٹاپ گرتے گرتے بچا تھا۔۔۔

چہرے پہ پھیلے گھبراہٹ کے آثار یہ بتانے کے لیے کافی تھے کہ وہ کچھ ایسا کر رہی تھی جس کی بابت ضامن کو معلوم نہیں تھا۔

"وہ میں وہ ہاں وہ میں۔۔ مووی دیکھنی تھی۔۔۔"ابرش کے جو مائنڈ میں آیا اس نے بول دیا ضامن نے ایک کٹیلی نگاہ اس کے ساتھ پڑے اپنے لیپ

ٹاپ پہ ڈالی تھی یقیناً محترمہ جو کرنا چاہار ہی تھی وہ ہوا نہیں تھا تبھی گھبرائی ہوئی تھی۔

"موووی تو آپ ایل سی ڈی پہ بھی دیکھ سکتی ہیں بلکے ہم پہلے موووی ایل سی ڈی پہ ہی دیکھتے ہیں اگر آپ کو یاد ہو تو یا پھر بھول گئی ہیں آپ۔۔۔" وہ لیپ ٹاپ اٹھاتے سائیڈ پہ رکھ چکا تھا وہ اب تک کلاس کو بس تین لیکچر دے سکا تھا اوُر ان تینوں لیکچرز میں سے ہی اس نے کوئز بنایا تھا اس نے ابرش کو کہا بھی تھا ساتھ ٹاپکس کور کر لینا بعد میں مشکل ہو جائے گی لیکن وہ ابرش ہی کیا جو ضامن کی بات سن لے اب جب کوئز کی تلوار سر پہ لٹک رہی تھی تب اس کو جلدی تھی کہ وہ اہم پوائنٹس ہی یاد کرے جن میں سے ایم سی کیوز ضامن نے دیا ہوا ہے پورے تینوں لیکچرز یاد کرنے بیٹھتی تو اس کو بہت وقت لگنا تھا۔

"ہاں ہاں وہ اج۔۔میر ادل کیا۔۔۔۔آپ کو برا لگا میں نے آپ کے لیپ ٹاپ کو ٹچ کیا یا پھر کچھ پر سنل تھا جو آپ کو ڈر ہو کہ میں آپ کا دیکھ نہ لوں۔۔۔"وہ الٹا ضامن پہ چڑھائی کر چکی تھی یعنی الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔

۔

"میں نے ایسا کچھ نہیں کہا اور لیپ ٹاپ میں بہت کچھ ایسا ہے جو آپ دیکھنا چاہتی ہیں۔۔۔"اس نے چونٹ کی ابرش نے شانے آچکائے کہ اچھا تھا ضامن زیادہ تفصیل پوچھنے نہیں بیٹھ گیا تھا۔

"یہ تیاری کس خوشی میں۔۔؟"ریڈ لپسٹک سے سجے ہونٹ ضامن کو بری طرح سے اپنی طرف متوجہ کر رہے تھے۔وہ بری طرح سے ایڈکٹ ہو چکا تھا اور آج تو ابرش اس کو چاروں شانے چت کروانے کی مکمل تیاری کیے ہوئے تھی۔

"بغیر کسی خوشی کے میں تیار نہیں ہو سکتی ہوں۔۔۔میرا گھر ہے میرا دل چاہا کہ اچھا سا تیار ہوں تو بس دل کی مان لی آپ کو کیوں مسلہ ہو رہا ہے۔۔"ابرش نے ناک چڑھائی تھی۔۔

"مجھے کیا مسلہ ہو گا بھلا۔۔۔لیکن یہ آپ کا دل۔۔۔"ضامن نے اس کے دل پہ انگلی رکھی ابرش کی دھڑکنیں تیز ہوئی تھیں۔

"کیا ہوا میرے دل کو؟"ابرش کی دھڑکنیں تیز ہو رہی تھیں وہ اس کے قریب آنے پہ ہمیشہ کی طرح بوکھلا گئی تھی لیکِن اپنے چہرے تاثرات نارمل ہی رکھے تاکہ ضامن کو شک نہ ہو۔

"آپ کے کنٹرول سے باہر ہو رہا ہے۔۔۔!؛"اس کے چہرے کا طواف کر رہی لٹوں کو نرمی سے کان کے پیچھے اڑستے وہ اس کی رخساروں کو سہلاتے بولا۔

"میرے کنٹرول میں تو یہ اُس دن سے نہیں ہے جس دن سے یہ آپ کو چاہنے لگا ہے ہمیشہ آپ کے بارے میں سوچتا ہے دل میرا نہیں رہا ہے آپ کا ہو چکا ہے سر جی۔۔۔"ابرش کی ایکٹنگ عروج پہ تھی وہ جان بوجھ کر ضامن کو زچ کر رہی تھی۔

"اسکا مطلب یہ میرا ہے۔۔۔"ضامن ابرش کو اپنے قریب کر چکا تھا ابرش کو فحال اس چیز پہ فوکس رکھنا تھا کہ ضامن سے کسی بھی طرح سے ٹاپکس پوچھنے تھے۔

"جی آپ کا ہے میرا دل۔۔۔"ابرش نے ہونٹوں کو ضامن کے ہونٹوں سے مس کیا ابرش کے لبوں پہ لگا سرخ رنگ ضامن کے ہونٹوں پہ لگ گیا لیکن اس سے پہلے کہ وہ آگے ہوتے ابرش کے ہونٹوں کو جکڑتا ابرش نے ہونٹ پیچھے کر لیے ضامن اس کی چالاکی پہ کسک کر رہ گیا۔

"جائیں بک لے کر آئیں آپ کوئز ریڈی کریں مُجھے کچھ نوٹس بنانے ہیں اچھا ہے ساتھ ہی کام ختم کر لیں گے پھر بعد میں ٹائم نہیں ملنا آپ کو۔۔۔"وہ ابرش کے سجے سنورے روپ کو ایسے ہی تو نہیں جانے دے سکتا تھا۔

"کوئز۔۔۔؟"ابرش نے کوئز لفظ کو بہت لمبا کھینچا تھا ضامن نے سر ہلایا ابرش پیچھے کو ہوتی کہ ضامن نے اس کی یہ کوشش ناکام بنادی۔

"کدھر۔۔۔؟"ضامن نے ابرو اچکائی یعنی وہ بچ نہیں سکتی تھی اسے کوئز تیار کرنا ہی تھا ہر قیمت پہ۔

"کلاس میں لیکچر تیار کر کے جاتی تو آج مشکل نہیں ہو رہی ہوتی آپ کو۔۔۔ لے آئیں بک کرواتا ہوں آپ کو سارے ٹاپکس یاد۔۔۔افف کتنی نالائق سٹوڈنٹ ملی ہے مُجھے جن کو کچھ بھی نہیں آتا ہے۔۔۔"ضامن نے تاسف سے سر ہلایا اور آپنا لیپ ٹاپ اٹھاتے وہ بالکونی میں چلا آیا وہاں لگے صوفے

پہ بیٹھتے وہ ایسے ہی یوٹیوب پہ ویڈوز دیکھتا رہا اس کا اپنا کام تو مکمل تھا لیکن ابرش کی وجہ سے وہ لیپ ٹاپ لے آیا تھا تاکہ وہ اپنا کام کر لے۔

ابرش بک کے ساتھ نوٹس بھی اٹھالائی تھی ڈھیرے سارے اس وقت اس نے تو کچھ اور سوچا ہوا تھا لیکِن ضامن سٹڈی کے معاملے میں کوئی کمپرومائز نہیں کرنے والا تھا یہ بات ابرش آگر سمجھ جاتی تو اسے بہت آسانی ہونی تھی

۔

"یہ کیا۔۔۔؟" ابرش چہرہ دھو آئی تھی سمپل ساڈریس بھی پہن لیا پہلے والا ڈریس چینج کر چکی تھی جب پلان کامیاب نہیں ہوا تو اُس گیٹ اپ میں رہنے کی بھلا کیا ضرورت تھی وہ بک میں سر دیئے پڑھنے لگی ضامن کے سوال کا جواب نہیں دیا۔

"کچھ پوچھا ہے آپ سے میں نے۔۔۔!؛"وہ غرایا تھا ضامن کی تیز آواز سنتے ابرش نے آنکھیں بند کر لی جبکہ نازک سراپا ہولے ہولے کپکپا رہا تھا۔

"کیا پرابلم ہے مس ملک۔۔۔؟"وہ جھنجھنایا تھا۔

"بہت روڈ ہو رہے ہیں آپ۔۔۔!؛"ہچکی لیتے شکایت کی۔

"اور آپ کیوں سٹڈی کو سیریس نہیں لے رہی ہیں پہلے تو میرے سبجیکٹ پہ خاصی محنت کی آپ نے لیکِن اس بار اس میں بھی انٹرسٹ نہیں ہے کیا ہوا ہے کوئی پریشانی ہے کلاس میں لیکچر سمجھ نہیں آتا ہے کچھ ہے ایسا تو بتائیں مُجھے۔۔۔"ضامن نے اس کی کلائی کھینچتے اسے اپنے قریب کیا لیپ ٹاپ اٹھاتے ٹیبل پہ رکھا اس وقت سب سے اہم ابرش تھی۔

"نہیں میرا دل ہی نہیں کرتا پڑھنے کو۔۔۔"وہ ہچکی لیتے بولی ضامن نے اسے تاسف سے دیکھا کچھ کچھ سمجھ آرہی تھی ابرش کس بات کو لیکر ٹچی ہو رہی تھی وہ پہلے بھی ابرش کو سمجھا چکا تھا لیکِن ابرش کی جذباتی طعیبت ہمیشہ ہی ابرش پہ غالب آجاتی تھی۔

"کیوں نہیں کرتا کوئی ریزن بتائیں۔۔۔"وہ ابرش کے منہ سے سننا چاہتا تھا لیکن ابرش نے بھی جیسے سوچا ہوا تھا وہ ضامن کو نہیں بتائے گی۔

"بس میرا دل کرتا ہے ہر وقت آپ صرف میرے سامنے بیٹھے رہیں میرے علاوہ اوَر کوئی بھی نہ دیکھ سکے آپ کو آپ پہ صرف میرا حق ہے۔۔۔مُجھے نہیں معلوم۔۔پر آپ کسی بھی گلاس میں لڑکیون کی طرف نہ دیکھا کریں۔۔۔"ضامن نے گہرا سانس بھرا متحرمہ کو پرابلم اس بات تھی

کہ ضامن لڑکیوں سے بات کرتا ہے کلاس میں اُن کی طرف دیکھتا ہے یہ تو پھر گھمبیر مسلہ تھا پھر۔۔

"جاب چھوڑ دوں۔۔۔؟"

"ایسا نہیں کہا میں نے لیکن لڑکیوں سے دور دور رہا کریں آپ مجھے بلکل اچھا نہیں لگتا ہے آپ نہیں معلوم آدھی سے زیادہ کلاس آپ کی فین ہے جب آپ نے گانا گایا تھا اُس کے بعد سے تو کچھ زیادہ ہی آپ کو ڈسکس کیا جاتا ہے جو مُجھے اچھا نہیں لگتا ہے آپ پہ ہو راٹرسٹ ہے لیکِن مجھے اپنی قسمت پہ بھروسہ نہیں ہے کب کہاں کیا ہو جائے میں نہیں جانتی لیکن آپ کے بغیر رہ نہیں سکتی ہوں۔۔۔" وہ ایک ہی سانس میں اپنی ساری فیلنگز اس تک پہنچا گئی تھی۔۔۔

"آپ کا یہ سوچنا جائز ہے آپ کا شوہر ہوں اور یقین رکھیے صرف آپ کا ہی رہوں گا یہ فضول کے وہم دل سے نکال دیں ہماری پہلے بھی اس معاملے پہ بحث ہو چکی ہے اب سے میں کلاس میں صرف آپ کو دیکھا کرونگا۔۔۔"ضامن کی باتوں سے دل پہ پڑا بوجھ جیسے کم ہو گیا تھا وہ مسکراتے ضامن کے کندھے پہ ٹھوڑی ٹکا چکی تھی۔

"پہلے کوئز ریڈی کریں پھر رومانس۔۔۔!؛"یعنی کوئز تو اسے کر حال میں ریڈی کرنا ہی کرنا تھا۔

"ارے یار رہنے دیں ناں سوتے ہیں مُجھے نیند آ رہی ہے کیا ضرورت ہے پڑھنے کی..."وہ منہ بنا گئی تھی پہلے تو پڑھتی تھی کہ ضامن کو امپریس کرنا مقصد تھا تاکہ وہ اس کی طرف مائل ہو لیکن اب ایسا ویسا کچھ نہیں تھا ضامن اس کا تھا اب کیا ضرورت تھی اسے رٹے لگانے کی۔۔عائشہ کے ساتھ کلاس

میں روز اسی بات پہ بحث ہوتی تھی وہ سمجھاتی بھی تھی لیکِن مجال جو ابرش کچھ سمجھ لے ہمیشہ اپنی کرتی تھی اور اس وقت وہ چاہتی تھی کہ ضامن اس کی ہاں میں ہاں ملائیں۔

"سونا کس نے ہے؟" ضامن نے پوچھا وہ تو کچھ اور ہی پلان کیے ہوئے تھا کہ پہلے ابرش سٹڈی کرے گی اور اس کے بعد دونوں موووی دیکھیں گے بہت ایکشن اور ایڈونچر سے بھرپور رومانٹک موووی تھی جو نیٹ فلیکس پہ نمبر ون پہ ٹرینڈ کر رہی تھی۔

"ہم نے بلکے میں نے اگر آپ نے نہیں سونا ہے تو آپ جاگتے رہیں مُجھے تو نیند آرہی ہے میں سو روم میں چلی جاؤں۔۔۔" وہ اٹھتے روم میں جاتی کہ ضامن نے اس کی کلائی تھامتے اسے اپنی طرف کھینچتے اپنے سینے پہ گرایا تھا آ ابرش اس کے اوپر جھکی تو بال ضامن کے چہرے سے ٹکرائے تھے۔

"یہ کیا تھا۔۔۔؟" ابرش نے دانت پہ دانت رکھتے اپنا غصہ دبایا تھا ورنہ ضامن کی آنکھوں میں پنپتے جذبات تو وہ دیکھ ہی چکی تھی جس کی سرخ آنکھیں واضح یہ بتا رہی تھیں کہ وہ آج ابرش کے قریب ضرور آئے گا۔۔

"کوئز تو کل کلاس میں ڈسکس ہو گا ابھی آپ میرے بارے میں سوچیں۔۔۔" ضامن ابرش کے بال سمٹتے اس کی گردن پہ ہونٹ رکھ گیا ابرش اپنی جگہ پہ سن سی ہوئی تھی ضامن کی پر شدت سانسوں کو اپنی گردن پہ محسوس کرتے۔۔

"تو کیا آپ مجھے کل کلاس میں پیش کریں گے ضامن سر۔۔؟" ابرش کو یقین نہیں ہوا کہ ضامن اس کے ساتھ ایسا کرے گا لیکن ضامن سے کسی بھی طرح کی توقع وہ رکھ سکتی تھی۔۔

"ہاں وہاں آپ مسز ضامن عباس تھوڑی ہو نگی وہاں تو آپ میرے ابرش ملک ہوں گی میری سٹوڈنٹ۔۔۔"وہ اس کو نیچے کرتے اوپر آتے اس کی ناک کو چومنے لگا۔

"اس کا مطلب مجھے کوئز ریڈی کرنا چاہیئے۔۔۔؟"ابرش صدمے کی وجہ سے بول بھی نہیں پا رہی تھی اس نے تو ساری یونی والوں کو بتایا تھا کہ مُجھے پڑھنے کی کیا ضرورت میرے ہسبنڈ ہیں یہاں جو مجھے ہر ٹیچر کی ڈانٹ سے بچالے گا۔

"یہ تو آپ کو پہلے سوچنا چاہیئے تھا اب تو میرا ٹائم اس دوران سٹڈی کی کوئی بات نہیں ہو گی بس ہم دونوں اپنی باتیں کریں گے۔۔۔"وہ ابرش کے لبوں سے کوئی لفظ نہیں سننا چاہتا تھا لہذا اس کے ہونٹوں کو ہی قید کر لیا وہ بولتی رہتی تو اس نے کوئز کے بارے میں ہی بولنا تھا۔

"آپ کے لبوں کو آزاد کیا ہے اس لیے نہیں کہ آپ دوبارہ کوئز کی بات کریں گی تو میں نے پھر رات بھر آپ کے ہونٹوں کو آزاد نہیں کرنا ہے۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بول رہا تھا ابرش جس کی نظر اپنی بک پہ تھیں اور اس کا مائنڈ بھی بن رہا تھا پڑھنے کا کیونکہ پوری کلاس کے سامنے اس کو ضامن کی ڈانٹ نہیں سننی تھی مگر اس پل ضامن اس کی کہاں سننے والا تھا۔ وہ رومانٹک موڈ میں آچکا تھا اب اس نے اپنی ہی کرنی تھی اور ہوا بھی یوں ہی تھا ابرش اس کی بانہوں میں قید ہو کر رہ گئی تھی ضامن کی شدتیں تھیں کہ بڑھتی جا رہی تھیں اب تو ضامن پہلے سے زیادہ شدت اس لیے بھی دکھاتا تھا کہ یرمان نمبر لے گیا تھا اس سے اُس کا بے بی آرہا تھا دنیا میں۔

"آپ میرا ساتھ دیں یار۔۔۔"وہ اسے اپنے بدن کا حصہ بنائے اس کے چہرے پہ آئے بالوں کو پیچھے کرتے جھکتے سرگوشی کر گیا تھا۔

"آپ کر تو رہے ہیں جو آپ چاہتے ہیں میں کیا ساتھ دوں آپ کا سر۔۔۔؟؛"ابرش ضامن کی شدتوں پہ ہونٹوں کو بھینچ گئی مجال ہے جو زرا نرمی دکھائے یہ بندہ۔

"تو کیا آپ ایسا نہیں چاہتی ہیں۔۔؟"وہ سوال کر رہا تھا ابرش نے نفی میں سر ہلایا۔

"پھر رسپانس دیں آپ ورنہ میں یہی سمجھوں گا آپ کی رضامندی شامل نہیں ہے۔۔۔"وہ اس کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں الجھاتے ہاتھوں کو پیچھے بیڈ کروَان پہ لا کڈ کر گیا تھا۔

ابرش نے اوپر ہوتے ضامن کے شرٹ لیس سینے پہ دانت گاڑ دیئے ضامن نے حیرت بھری سے اسے دیکھا جو اس کی دھڑکنوں پہ جا با جا ہونٹوں کے نشان چھوڑ رہی تھی۔

"اب اتنا ایگر سیو ہونے کے لیے بھی نہیں کہا تھا۔۔" ضامن کو اچھا لگا تھا اسے تو ایسا محسوس ہوا جیسے ابرش ناراض ہے شاید کوئز والی بات پہ لیکن ابرش کو نارمل دیکھتے وہ تھوڑا ریلیکس ہو گیا تھا۔

"برداشت کریں آپ کی خواہش تھی۔۔۔" وہ ضامن کے رخساروں پہ ہونٹ گاڑتی کہ ضامن نے روکا۔

"میں نے کل یونی بھی جانا ہے آپ کیا چاہتی ہیں مُجھے چہرے پہ ماسک لگانا پڑے ان نشانوں کو چھپانے کے لیے جو آپ اپنے موتیوں جیسے دانتوں سے دے رہی ہیں مجھے جانم۔۔۔" وہ ہولے سے مسکرایا۔

"ارے یہ تو بہت اچّھا آئیڈیا ہے یہ خیال مجھے پہلے کیوں نہیں آیا آیسے تو آپ کا فیس کور ہو جائے گا آپ کو کوئی نہیں دیکھ پائے گا۔۔۔" ابرش نے

اس کے رخساروں پہ اپنا نشان چھوڑا جو اتنا گہرا تھا کہ ابرش کو یقین تھا کل یونی جاتے ہوئے ضامن کو ماسک کی ضرورت پڑنے والی تھی۔

"آپ جان بوجھ کر رہی ہیں یہ۔۔۔"ضامن کو اپنے رخساروں پہ شدید جلن ہو رہی تھی ابرش کے ہونٹوں کے نشانوں سے۔

"ہاں تاکہ آپ کو کوئی اور نہ دیکھ سکے۔۔۔"وہ مزے سے اپنے ارادے اس پہ واضح کر رہی تھی۔

"مجھے دیکھنے کا صرف آپ کے پاس ہے۔۔۔"ضامن نے اس کے بالوں کو پیچھے کرتے اس کے کان کی لو کو اپنے ہونٹوں سے چوما ابرش نے ضامن کی گرفت سے اپنے ہاتھوں کو چھڑانا چاہا لیکن ضامن نے اسے ایک بار پھر سے خود میں کر لیا ابرش اس کی شدتوں میں اب کی بار اس کا ساتھ دے رہی تھی

•••••

"مام کل تک آپ کو آہل ناپسند تھا اوٗر آج آپ لوگ میری رخصتی کروا رہیں گے حیرت کی بات ہے یہ قایا کیسے پلٹ گئی آپ دونوں کی۔۔۔"مایا اس وقت دلہن بنی تیار بیٹھی تھی آج اس کی اوٗر آہل کی رخصتی تھی مایا کو آہل اپنے ساتھ گھر لے گیا تھا اس نے ساری سچویشن اپنی فیملی سے شئیر کی تو مام مایا کو اس کے گھر چھوڑ گئی تھیں اور بعد میں آہل کے ڈیڈ نے مایا کے مام ڈیڈ سے بات کر کے رخصتی کی ڈیٹ فائنل کر لی تھی۔

مایا نا چاہتے بھی آہل کے بارے میں سوچنے لگی تھی شاید کے ان تین لفظوں کا سحر تھا وہ اب یرمان کو چھوڑ کر آہل کے بارے میں سوچتی تھی اوٗر خود کو روک نہیں پاتی تھی وہ آہل کو سوچنے سے جو اب اس کا محرم تھا۔

آہل کا برنس بہت ترقی کر رہا تھا اس کی کمپنی کی ریٹنگ بڑھ رہی تھی مایا کے مام ڈیڈ نے بہت سوچتے سمجھتے یہ فیصلہ کیا تھا کہ وہ مایا کی شادی آہل سے ہی کروائیں گے جو انسان ان کی بیٹی کو چاہتا تھا اُس سے محبت کرتا تھا۔

یرمان کا ساتھ پا کر بھی مایا بے سکون ہی رہتی جب یرمان کے دل میں مایا کے لئے کوئی فیلنگز ہی نہیں تھیں اور پھر قیوم ملک کی دوسری شادی کی نیوز سن کر وہ خود بھی تھوڑا پیچھے ہو گئے تھے کہ اُن کے فیملی کرشز بہت زیادہ بڑھ چکے تھے آیسے میں ان کی بیٹی وہاں خوش کیسے رہ سکتی تھی۔۔

"اب ہمیں احساس ہو گیا ہے ملک خاندان کے پیچھے بھاگنا ایک بیوقوفی کا کام تھا جس سے کچھ حاصل نہیں ہو سکا بیٹا آہل کو سمجھنے کی کوشش کرنا وہ بہت آچھا انسان ہے۔۔ مُجھے پورا یقین ہے تمھیں خوش رکھے گا۔۔۔"ڈیڈ نے مایا کے سر پہ ہاتھ رکھا۔

"بٹ ڈیڈ میں اتنی جلدی موو آؤن نہیں کر سکتی ہوں آپ لوگوں کو یہ سب بہت آسان لگ رہا ہے ناں مگر میرے لئے بہت مشکل ہے میں کیسے آگے بڑھوں آپ نے ہمیشہ کہا یرمان سے شادی ہو گی تم قیوم ملک کی بہو گی اُن کے بزنس ایمپائر کی مالکن۔۔ لیکن اب آپ مجھے آہل کے ساتھ رخصت کر رہے ہیں مجھ سے پوچھے بغیر آپ لوگوں نے رخصتی کی ڈیٹ فکس کی کیا میری کوئی مرضی نہیں ہے میں بھی انسان ہوں میرے آندر بھی دل دھڑکتا ہے مجھے بھی درد محسوس ہوتا ہے آپ کو کیوں احساس نہیں ہوتا۔۔" مایا چیخ پڑی آج تو اس کی آواز حلق میں ہی دب گئی تھی پہلی بار آواز اونچی تھی ڈیڈ کے سامنے وہ انہیں بتانا چاہتی تھی کہ اس نے کیا کچھ فیس کیا ہے یرمان کو اپنی طرف مائل کرنے کے لیے اسے کیا کچھ کرنا پڑا لیکن آخر میں وہ خالی ہاتھ تھی اس کے پاس کچھ بھی نہیں تھا یرمان تو عائلہ کا ہو چکا تھا

لیکن مایا کے دل میں آہل کے لئے کوئی جذبات نہیں تھے۔۔۔وہ آہل کو اپنا شوہر تسلیم نہیں کر سکتی تھی کسی بھی حال میں نہیں۔

"مایا بچے ہمیں معاف کر دو ہماری غلطی ہے ہم نے ہمیشہ کہا تم سے لیکن ہم غلط تھے بیٹا۔۔۔"مام اچھی خاصی شرمندہ ہو چکی تھیں۔

"آپ کو تو غلطیوں کا احساس ہو گیا ہے لیکِن میں میں تو برباد ہو گئی مام۔۔میرا دل جیسے بند ہو جائے گا میں آہل کو کچھ نہیں دے سکوں گی آپ سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کر رہے ہیں مُجھے آہل کے ساتھ رخصت نہیں ہونا ہے مجھے یہ شادی نہیں کرنی ہے۔۔۔"وہ اپنی جیولری اتار کر پھینکنے لگی مام نے ڈیڈ کو باہر جانے کا اشارہ کیا کہ وہ سب سبنھال لیں گی آپ باہر جائیں۔

"مایا پاگل تو نہیں ہو گئی ہو باہر گھر مہمانوں سے بھرا پڑا ہے تھوڑی ہی دیر میں بھائی لوگ آنے والے ہیں اور تم عین موقع پہ انکار کر رہی ہو کیوں

ہماری عزت کا جنازہ نکالنے کے پیچھے پڑی ہو سمجھو اس بات کو آہل میں کوئی کمی نہیں ہے وہ یرمان کی ٹکر کا ہے اکلوتا ہے سب کچھ اُس کا تمھارا ہے اوُر سب سے بڑھ کر وہ تم سے محبت کرتا ہے بیٹا۔۔۔" آج مام کو احساس ہو چکا تھا کہ انہوں نے کتنی بڑی غلطی کی تھی مایا کو یرمان کے بارے میں بتا کر۔

"واؤ پہلے ایک کو یرمان بیسٹ لگتا تھا کیونکہ اُس کی بے تحاشہ دولت آپ کو نظر آتی تھی آہل میں تو برائیاں ہی برائیاں تھیں آہل سے دور رہنا ہے اس سے بات نہیں کرنی ہے فوکس یرمان پہ رکھو اوُر آج آپ کو آہل میں خوبیاں نظر آرہی ہیں پہلے خامیاں گنواتے نہیں تھکتی تھیں آپ اوُر آج آپ۔۔۔" مایا کے لیے مزید بولنا مشکل ہوا کیسے سمجھاتی وہ مام کو کہ اپنے حصے کی محبت وہ یرمان سے کر چکی تھی۔

آہل محبت کرتا تھا لیکِن مایا کے دل میں ایسے کوئی جذبات نہیں تھے آہل کے لیے۔

محبت ہمیشہ دو طرفہ تو نہیں ہوتی یکطرفہ بھی ہوتی ہے آہل کو یہ بات سمجھنی چاہیے تھی۔

ہاں نکاح کے بعد اس کے جزبات میں تبدیلی آئی تھی یرمان کو پانے کی خواہش نہیں رہی تھی لیکِن آہل کے ساتھ رخصت بھی نہیں ہونا چاہتی تھی آہل کو سوچتی ضرور تھی آہل کے بارے میں سوچنا ایک طرف اس کے ساتھ رخصت ہونے کا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی آہل کی وہ حرکت جو اس نے یرمان کے فارم ہاؤس میں کی تھی مایا کبھی نہیں بھول سکتی تھی۔

یرمان کے فارم ہاؤس پہ آہل نے اس کے ہونٹوں پہ بہت شدت بھرا لمس چھوڑا تھا مایا کی مرضی کے بغیر وہ اس کے قریب آیا تھا تو کیا رخصتی کے بعد وہ

مایا سے دوری رکھ پاتا نہیں مایا جانتی تھی ایسا کچھ نہیں ہونے والا تھا وہ شادی کے بعد بھلا کب تک انتظار کرتا اس کی محبت اس کے ساتھ ایک کمرے میں رہنے والی تھی دوری تو پھر اس کے لئے بنائے رکھنا مشکل تھا۔

"مایا وقت بدل چکا ہے ہاں میں نے آہل کو سمجھنے میں غلطی کی ہے وہ میرا اپنا تھا کوئی غیر نہیں لیکن میں یرمان کو سوچتی تھی تمھارے لیے مگر حالات مختلف ہیں بیٹا آ سمجھو اس بات کو۔۔۔" وہ اس پہ پریشر ڈال رہی تھیں کہ مایا کو رخصتی کرنی ہی ہو گی مایا اپنے مام ڈیڈ کی سیلفشنیس پہ تڑپ کر رہ گئی تھی مام ڈیڈ ایسے بھی ہوتے ہیں وہ تلخی سے مسکرا دی تھی۔

"رخصتی ہو بھی گئی تو میں آہل کو کبھی اپنے قریب نہیں آنے دوں گی مام یہ بتا دیجیے گا اُسے جس کی جزبات اُس کے قابو میں نہیں آ رہے ہیں ناں وہ ہمیشہ دور ہی رہنے والا ہے مجھ سے کچھ حاصل نہیں ہو گا اُسے خود چھوڑ دے

گاوہ مجھے۔۔۔"مایا نے آنکھیں صاف کی تھیں ڈیڈ اور مام کے لیے وہ رخصتی کروانے کے لیے تو تیار ہو چکی تھی لیکِن آگے کی پلاننگ بھی کر چکی تھی۔

وہ جو تھوڑا بہت پوزیٹو سوچتی تھی آہل کے بارے میں وہ تب نیگٹوٹی میں بدلا جب آہل نے مام ڈیڈ کو نکاح کے بارے میں سب سچ سچ بتایا کہ نکاح کس وجہ سے کرنا پڑا۔۔

"مایا تم اُسے جائز حق سے محروم رکھو گی۔۔۔؟"مام نے اس کا بازو پکڑا جسے وہ ایک ہی جھٹکے میں چھڑوا گئی تھی۔

"ہاں جو وہ چاھتا ہے وہ نہیں ہو گا مام۔۔۔"وہ چیئر پہ بیٹھ گئی مہمانوں میں سے کچھ خواتین آندر آئی تھیں کیونکہ مام کافی دیر سے ادھر مایا کے پاس موجود تھیں۔

"مایابیٹاجلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔۔میں آتی ہوں لینے۔۔۔"وہ یوں شو کر رہی تھیں جیسے ان کے اور ابرش کے درمیان کوئی بات ہی نہیں ہوئی ہو کیسے آرام سے وہ سب بھول جانے کی بات کر رہی تھیں کیا یہ مایا کے لئے بہت آسان تھا۔

"بہت پیاری لگ رہی ہو بیٹا آہل کے ساتھ تمھاری جوڑی بہت خوبصورت لگے گی وہ بھی بہت پیارا بچہ ہے تمھیں ہمشیہ خوش رکھے گا۔۔۔"وہ مہمانوں عورت اس کو دعا دیتے باہر نکل گئی تھیں مایا آہل کے نام پہ ہونٹوں کو سختی سے ایک دوسرے میں پیوست کر گئی ہر کوئی تعریف کر رہا تھا آہل کی لیکن مایا کو اس وقتِ وہ زہر سے بھی برا لگ رہا تھا۔

اس کی وجہ سے یہ سب ہو رہا تھا اسے کیا ضرورت تھی مایا سے نکاح کرنے کی اوٗر اگر نکاح مجبوری میں کیا تھا تو بعد میں طلاق دے دیتا بات ختم ہو جانی تھی لیکن وہ تو جیسے پہلے ہی اس انتظار میں بیٹھا تھا کہ کب شادی ہو۔

•••••

ابرش کلاس میں بیٹھی تھی تھوڑی دیر بعد ضامن کلاس میں آنے والا تھا ساری رات مجال ہے جو اس بندے نے ابرش کو سونے دیا ہو اوٗر ابرش اب یہ سوچ سوچ کر پریشان تھی کہ کوئز کا کیا کرے گی ضامن اسے کلاس میں اپنی بیوی نہیں بلکے اپنی سٹوڈنٹ کی طرح ٹریٹ کرے گا وہ اپنے لبوں کو کاٹتے تیزی سے نوٹس پہ جھکی ہوئی تھی کچھ ایک ٹاپک تو اس نے یاد کر لیا تھا

صبح اٹھتے اور پھر ناشتہ بھی اس نے تھوڑا بہت ہی کیا تھا لیکن اب آ گلے دو ٹاپکس کو لیکر پریشان تھی۔

باقی سٹوڈنٹس کی طرح وہ یہ دعا بھی نہیں مانگ سکتی تھی کہ آج سر آئیں ہیں ناں سر تو اس کے ساتھ آئے تھے اور وہ کلاس میں نہ آئیں یہ بھلا کیسے ممکن تھا۔

آج عائشہ چھٹی پہ تھی اس کا ابھی ابھی میسج ملا تھا ابرش کو ورنہ عائشہ ہو گی تو اسے ضرور تسلی دیتی اس کے ساتھ فزا بیٹھی تھی فزا سے ابرش کی اچھی خاصی دوستی ہو چکی تھی جب سے فزا کے نکاح کا معلوم ہوا تھا ابرش کو۔

ابرش بہت خوش تھی مطلب وہ جیسا ویسا سوچتی تھی ایسا کچھ نہیں تھا ضامن فزا کو سٹوڈنٹ سے بڑھ کر کچھ نہیں سمجھتا تھا فزا نے خود ہی ابرش کو اپنے

نکاح کے بارے میں بتایا تھا تا کہ ابرش اس کو لیکر جن بد گمانیوں کا شکار ہے وہ دور ہو جائیں۔

ابرش ضامن کا انتظار کر رہی تھی جب عائلہ کلاس میں داخل ہوئی وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی پیچھے جا کر بیٹھتی کہ ابرش نے اُسے اپنے ساتھ بیٹھا لیا۔

عائلہ تھوڑی سنجیدہ تھی ابرش نہیں جانتی تھی کہ کیا بات تھی لیکن وہ اپ سٹ لگ رہی تھی۔

"عائلہ بھائی کے ساتھ آئی ہو۔۔۔؟" ابرش نے نوٹس بند کرتے گود میں رکھتے عائلہ سے پوچھا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا وہ اپ سٹ بھی تو یرمان کی وجہ سے ہی تھی جو صبح اس کو سوتا چھوڑ کر چلا گیا۔

"وہ مانچسٹر چلے گئے۔۔۔"بولتے عائلہ کی آواز بھیگ رہی تھی یعنی اسے یرمان کا جانا بہت برا لگا تھا۔

"کب گئے تم پریشان کیوں ہو۔۔۔؟"ابرش نے عائلہ کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھتے ہلکا سا دبا تھا۔

"مجھے اُن کے بغیر کچھ اچھا نہیں لگ رہا۔۔۔"فزا ان دونوں کو باتیں کرتے دیکھ کر اپنی دھیان میں لگ گئی تھی اور ابرش عائلہ کے ہونٹوں سے اظہار سن کر مدھم سا مسکرائی اگر یہ اظہار یرمان ملک سنتا تو خوشی سے پاگل ہو جاتا

۔

"کب آئیں گے وہ کتنے دنوں کا ٹور ہے اُن کا اور تم پلیز پریشان مت ہو۔۔۔!؛"ابرش جانتی تھی کہ عائلہ کو اس کی پریگننسی کی نیوز مل چکی تھی

یرمان عائلہ کا خیال بھی رکھتا تھا اب ایسے میں عائلہ پریشان ہو گی تو اس کا اثر ان دونوں کے بچے پہ بھی پڑے گا جو کہ ٹھیک نہیں تھا۔

"تین دن لگ جائیں گے میں اُن سے ناراض ہوں۔۔۔" عائلہ نے منہ بنایا تھا ابرش کو ہنسی آئی لیکن ضبط کر گئی ابرش کے ساتھ فزا کا ریلیشن ٹھیک ہو چکا تھا لیکن عائلہ سے وہ کافی عرصے بعد مل رہی تھی تو درمیان کی سرد مہری یوز قایم تھی۔

"ارے وہ آئیں گے تو خوب تنگ کرنا اُن کو فحال تو موڈ ٹھیک کرو اپنا۔۔۔" ابرش نے اسے مشورہ دیا کہ بھلے تم اپنی ناراضگی برقراری رکھو لیکِن موڈ خراب کرنے کی ضرورت نہیں ہے خوش رہو۔

"فزا سے بات کر لو میں آتی ہوں۔۔" ابرش جان بوجھ کر فون کال کا بہانہ بنا کر کلاس سے باہر نکل آئی تھی تاکہ فزا اور عائلہ ایک دوسرے سے بات کر

سکیں اُن کے درمیان اختلاف بھی تو ابرش کی وجہ سے آیا تھا جس کا ابرش کو سخت افسوس تھا.

"فزا مجھے معاف کر دو دیکھو تم میری ایک اکلوتی دوست ہو میں اتنا عرصہ غائب رہی تم نے مجھ سے رابطہ ہی نہیں کیا ناراضگی اپنی جگہ لیکن تم ایک فون کال تو کر ہی سکتی تھی آفٹر آل میں تمھاری دوست تھی لیکِن ناراضگی میں تم سب بھول گئی۔۔۔" عائلہ کو شکوہ کرنے کی عادت نہیں تھی بہت کم لوگوں سے شکوہ کرتی تھی۔

فزا سے ناراض تھی تو اس کے دل میں جو تھا اس نے کہہ دیا اب اگر دوستوں سے بات کرتے انسان کو سوچنا پڑے تو زندگی تو پھر بہت کھٹن ہو جائے گی۔۔۔۔۔۔

"میری غلطی ہے عائلہ میں نے کافی بار کال کرنے کی کوشش کی بٹ پھر تُمھارے ہسبنڈ کا خیال آجاتا اور درمیان میں تمھارا نمبر بھی بند رہا ضامن سر سے بھی پوچھا تو اُنھوں نے بھی کچھ نہیں بتایا ہاں تم دعا میں شامل رہی ہو عائلہ میں ہمیشہ تمھارے لیے دعا کرتی تھی اور اب بہت خوشی ہو رہی ہے کہ تم یرمان ملک کے ساتھ خوش ہو سر اور تمھارے درمیان کی ساری غلط فہمیاں دور ہو گئی ہیں۔۔۔"فزا بھی اتنے دنوں بعد دوست کو سامنے دیکھتے ایموشنل ہو گئی تھی عائلہ کی آنکھوں میں بھی نمی آگئی۔

"کچھ عرصہ سیل فون بند رہا تھا میرا اب یرمان نے لے کر دیا ہے یہ نمبر آؤن ہوتا ہے رکھ لو میسیجز پہ بات کریں گے یہ بتاؤ ابرش سے تمھارے تعلقات اتنے آچھے کب سے ہو گئے۔۔۔"عائلہ کو جو بات پچھلے پندرہ

منٹس سے پریشان کر رہی تھی اس نے فزا سے پوچھ لی جس ہی وہ مسکرائی تھی۔

"جب سے اُن کو میرے نکاحِ سے متعلق معلوم ہوا ہے اُس وقت سے اُن کا بیہیویر چینج ہوا ہے۔۔۔"ابرش کی جذباتی طعیبت سے فزا اچھے سے واقف تھی لیکِن اسے اتنا زیادہ فیل نہیں ہؤا کہ ابرش اس کے ساتھ ایسا بیہیویر کیوں رکھتی تھی یقیناً وہ ضامن کو لیکر ٹچی تھی اُس کو کسی کے ساتھ بات کرتے بھی نہیں دیکھ سکتی تھی۔

"واٹ نکاح؟ کب ہؤا تمھارا نکاح؟"عائلہ کو حیرانگی ہوئی فزا کا نکاح بھی ہو گیا اوَر اسے کچھ معلوم ہی نہیں تھا اتنا کچھ ہو چکا تھا اوَر عائلہ کچھ بھی نہیں جانتی تھی۔۔

"بچپن میں ہو گیا تھا میں نے کسی کو نہیں بتایا اس بارے میں لیکن ابرش کو میں بتایا تا کہ وہ جو نیگٹو سوچتی ہیں ان کو سب معلوم ہو۔۔۔"فزا شاید عائلہ کو بھی نکاح سے متعلق نہیں بتاتی اگر ابرش کا ریفرنس نہیں آتا درمیان میں

۔

"مطلب تم نے مجھ سے بھی چھپایا فزا آیسا کون کرتا ہے دوستوں کے ساتھ تمھیں مجھ سے تو شئیر کرنی چاہیے تھی یہ بات۔۔۔"عائلہ نے ہلکی سی ناراضگی جتائی تھی۔

"میں نے کسی کو نہیں بتایا ہوا وہ یہاں نہیں ہوتے ہیں پنجاب میں رہتے ہیں اوَر میں تو اس بات کو یاد بھی رکھتی اس لیے تمھیں نہیں بتایا ویسے تم خوش ہوناں عائلہ یہ پوچھنے کی ضرورت تو نہیں ہے لیکن پھر بھی پوچھ رہی

ہوں۔۔۔"وہ عائلہ کی دوست تھی اور دوست بھی خدا کی بہت بڑی نعمت ہوتے ہیں۔

"پھر بھی مُجھے بتانا چاہیے تھا لیکن ہم اتنے عرصے بعد ملے ہیں تو پرانی باتوں کو لیکر ناراض ہونے کے بجائے ہم پرانی باتوں کو کریں گے ہی نہیں۔۔"وہ دونوں آپس میں باتیں کرنے لگ گئی ضامن کی کلاس کا ٹائم ہونے والا تھا تقریباً پانچ بعد ہی ضامن کلاس میں انٹر ہوا تھا اور سب سے پہلے نظر ابرش کی چیئر پہ گئی تھی وہ کلاس میں نہیں تھی۔۔

"مے آئی کم ان۔۔۔"یہ سچویشن سیم ویسی ہی تھی جیسے فرسٹ ڈے ابرش نے ضامن سے پرمیشن مانگی تھی کلاس میں انٹر ہونے کی اور ضامن نے انکار کر دیا تھا سب سٹوڈنٹس کی نظریں ان پہ تھیں کہ آج ضامن کیا کرتا

ہے کیا ابرش کو کلاس میں آنے دیتا ہے یا پھر اُس دن کی طرح کلاس سے باہر نکال دیتا ہے۔

"آجائیں کہاں تھیں آپ کلاس کا ٹائم نہیں آپ کو۔۔۔؟" وہ توفل جلاد پروفیسر کے روپ میں آچکا تھا اس کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر ابرش کو کہیں سے نہیں لگا تھا کہ ضامن عباس اس کا شوہر ہے وہ اس وقت ایک سخت گیر پروفیسر ضامن عباس تھا جس کے سامنے اس کی بیوی نہیں بلکے سٹوڈنٹ کھڑی تھی۔۔۔

وہ پرسنل لایف کو یہاں تو کم سے کم نہیں درمیان میں لانے والا تھا۔۔

"سر آپ کے پیچھے ہی آئی ہوں ضروری کال سننے گئی تھی ایک منٹ لیٹ آ گئی تو کیا ہو گیا۔۔۔" ابرش نے کندھے اچکائے آگر ضامن اس کو ڈانٹ دیتا تو اس نے پکا پکا ناراض ہو جانا تھا۔

"بٹ آپ کو کلاس میں ٹیچر سے پہلے آنا چاہیے تھا مس ملک تھوڑے سے رولز بھی فالو کر لیں آپ اوَر جائیں بیٹھیں۔۔۔"ابرش نے سارے سٹوڈنٹس سے نظر بچا کر ایک شرارت بھری نظر ضامن پہ ڈالی وہ ابرش سے اس قدر بے باکی کی توقع وہ بھی سٹوڈنٹس کی موجودگی میں توقع نہیں کر رہا تھا۔

ضامن ہر بار بھول جاتا تھا کہ ابرش ملک تھی وہ جس کو ہمیشہ سے ہی ضامن کو تنگ کرنے میں مزا آتا تھا اگر کلاس میں سٹوڈنٹس نہیں ہوتے تو ابرش کو پتہ چلتا کہ یہ حرکت آخر اس نے کیونکر کی ہے۔

"سر آپ رولز توڑ رہے ہیں۔ آپ نے فرسٹ ڈے کیا کہا تھا آپ کے آنے سے پہلے کلاس میں سارے سٹوڈنٹس پہلے سے موجود ہوں اور آج اپنی وائف کو فیور دے رہیں ہیں یہ تو بہت غلط ہے۔۔۔"یہ آواز دیدم کی تھی وہ

ضامن کی کلاس میں بھلا کیا کر رہی تھی وہ تو دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں پڑھتی تھی۔

مگر آج وہ سبجیکٹ چینج کروا چکی تھی صرف اس وجہ سے کہ ضامن کی کلاس میں آکر بیٹھے گی تو کم سے کم ضامن کو دیکھ تو سکے گی ورنہ ضامن کے پیچھے پورا دن خوار ہوتی اور پھر بھی بات نہیں ہو پاتی تھی ضامن سے۔

"سر آپ مجھ سے انٹرو مانگیں گے پہلے ہی بتا دیتی ہوں میں دیدم ہوں نیو جوائن کی ہے آپ کی کلاس۔۔اب سے آپ کی سٹوڈنٹ ہوں۔۔۔" وہ مسکراتے ضامن کو دیکھ رہی تھی جس کے چہرے پہ ماسک لگا ہوا تھا ابرش نے اپنا کہا سچ بھی کر دکھایا ضامن کو ماسک لگانا ہی پڑا کیونکہ اس کے چہرے پہ ابرش کے دانتوں کے نشان تھے جو چھپنے والے تھے نہیں۔

"آپ ڈفرنٹ سبجیکٹ سی تھیں پھر یہاں کیوں انرول ہوئی آپ۔۔؟ آپ تو آئی تھنگ میتھس ڈیپاٹمنٹ کی تھیں پچھلے سمسٹر میں۔۔۔!؛"فزا نے اپنا چشمہ ٹھیک کیا یہ لڑکی اس کو کچھ اچھی نہیں لگی کافی بار تو فزا نے اسے ضامن کے پیچھے دیکھا تھا اور اب کلاس روم میں نہیں آگئی تھی۔

"سو واٹ تمھیں کیا مسلہ ہے۔۔۔؟"فزا کے سوال پوچھنے پہ وہ کاٹ کھانے کو آئی تھی اس کا یہ بیہو ہر سب سٹوڈنٹس کے لیے عجیب تھا۔

"شٹ اپ مس دیدم۔۔یہ مت بھولیں آپ کلاس میں کھڑی ہیں اور سٹوڈنٹس کو رسپکٹ دینا آپ کا فرض ہے مجھے بد تمیز سٹوڈنٹس بلکل بھی پسند نہیں ہیں کوشش کیجئے گا کہ کوئی ایسا ویسا کام نہیں کریں جس سے آپ کو کلاس سے باہر جانا پڑے..."ضامن نے تمام سٹوڈنٹس سے کوئز کے حوالے سے پوچھا۔

"چلیں کوئز آپ لوگوں کا کل ہو گا آج ہم نیکسٹ لیکچر کریں گے۔۔۔!؛"ضامن کے لبوں سے یہ سن کر نجانے کتنے سٹوڈنٹس کے چہروں پہ مسکراہٹ آئی تھی لیکِن ابرش کے چہرے پہ غصے بھرے تاثرات تھے آگر ضامن کل اسے بتا دیتا تو وہ رات جو ضامن کی بانہوں میں آج کے کوئز کو سوچتی پریشان ہوتی رہی وہ نہ ہوتی۔

آج ضامن کو وہ بھی آیسے نہیں جانے دینے والی تھی ضامن کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس کی وایفی بھی اس کے چکر کی ہے۔۔۔

•••••

اریبہ اپنے کمرے میں بیٹھی کسی سے فون پہ بات کر رہی تھی گھر میں صرف عفت ملک موجود تھیں یرمان ویسے یہاں نہیں تھا عائلہ اوُر قیوم ملک صبح صبح نکل گئے تھے عائلہ کو چھوڑنے قیوم ملک خود گئے تھے یہ زمہداری بھی

انھیں یرمان نے سونپی تھی جسے وہ پورا کرنے والے تھے اتنے دنوں سے اریبہ ہاتھ مل رہی تھی لیکن کچھ آیسا زین میں نہیں آرہا تھا کہ عفت ملک کو راستے سے ہٹا دیتی۔۔

اس کی پلاننگ بھی فیل ہو چکی تھی اوَر قیوم ملک بھلے اب اس کی طرف تھوڑا بہت مائل ہو رہے تھے لیکن کب تک وہ کرتے یہ سب۔

اریبہ ابھی تک اپنی رپورٹس نہیں دیکھ سکی تھی نہ وہ یہ بات جانتی تھی کہ وہ اب ماں نہیں بن سکتی ہے اس نے تو دوبارہ سے قیوم ملک کو اپنی طرف مائل کرنے اوَر ان کے ساتھ تعلق بنانے کا سوچا۔

"بس ایک بچہ ہو جاتا میرا تو بہت ساری اُلجھنیں میری سلجھ جانی تھی۔۔۔" وہ دل ہی دل میں سوچ رہی تھی اس کی دوست اسے کچھ سمجھا رہی تھی لیکِن عفت ملک کو اس گھر سے نکالنا بہت مشکل ثابت ہو رہا تھا۔

"اب تو دونوں ساس بہو مل گئی ہیں سارا دن ایک دوسرے سے نجانے کون سی راز و نیاز کی باتیں ہوتی رہتی ہیں َدونوں کے درمیان مجھے تو لگتا ہے مجھے اس گھر سے نکالنے کی پلاننگ کرتی ہیں یہ دونوں۔۔ویسے عائلہ مجھے بیوقوف لگی تھی لگا تھا آسانی سے اُسے اپنے ساتھ ملالونگی لیکن وہ عفت ملک اسے پہلے ہی اپنے ساتھ ملا چکی ہیں اب میں یہاں اکیلی ہوں۔۔" وہ دانتوں سے ناخن کتر رہی تھی۔

"تُمھارے پاس ابھی بھی موقع ہے جو میں نے کہا ہے وہ کرو دیکھو گھر میں اتنے ملازمین ہیں کسی کا شک تم پہ نہیں جائے گا تم آسانی سے آپنا کام کرلو گی اس کے بعد زیادہ سے زیادہ کیا ہو گا کچھ دن قیوم سوگ میں رہے گا لیکن جب تم اسے جذباتی سہارا دو گی تو تمھارے تو ڈبل فائدے ہوں گے

اریبہ۔۔۔"وہ بہت خطرناک پلان تھا اگر اریبہ کا پلان کامیاب ہو جاتا تو اس کو پھر مینشن سے کوئی نہیں نکال سکتا تھا۔

بہت رسکی کام بھی تھا پہلے یہ سیڑھیوں سے گرنے والا حادثہ وہ بھولی نہیں تھی قیوم ملک کیسے بات کی تہہ تک پہنچ گئے حالانکہ اریبہ کو لگتا تھا وہ بنا سچ جانے عفت ملک کو قصوروار سمجھیں گے۔

لیکِن آیسا نہیں ہوا بلکے بات تو ابرش تک جا پہنچی اوُر ابرش تو ویسے ہی نفرت کرتی تھی اریبہ سے اُس نے سچ بتا دیا۔

"فائدے تو ہونگے لیکن تم نہیں جانتی ہو جو کچھ ہو چکا ہے اس کے بعد بھی قیوم کے دل میں کہیں نہ کہیں عفت کی محبت کی چنگاری موجود ہے وہ مرے گی تو قیوم کیا چپ بیٹھیں گے۔۔۔"وہ اپنے ماتھے پہ آیا پسینہ صاف

کر رہی تھی گھبراہٹ ہو رہی تھی حالانکہ کمرے میں تھی یہاں کونسا کوئی اس کی باتیں سن رہا تھا لیکن اندر سے جیسے ضمیر ملامت کر رہا تھا اسے۔

"اریبہ کب یہ چنگاری شدت پکڑ جائے تم نہیں جانتی ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ تمھارا کھیل ختم ہو جائے اس چکر میں میں بتاتی ہوں تمھیں کیا کرنا ہے۔۔۔بس دھیان سے میری بات سنو۔۔۔"وہ پھر اسے ایک نیا پلان بتا رہی تھی ہاں یہ وہ کر سکتی تھی۔

ویسے بھی قیوم ملک اسے بتاتے تھے کہ عائلہ عفت ملک کو پسند نہیں تھی اُنہیں مایا پسند تھی بہو کے روپ میں اور اب عائلہ اگر کچھ ایسا ویسا کر دیتی تو سارا شک عائلہ پہ ہی جا سکتا تھا۔

"یہ تو بہت زبردست پلان ہے یار میں کرتی ہوں کچھ تھینکس تم سے بات کر کے میرے دل کا بوجھ ہلکا ہو گیا ورنہ مجھے لگ رہا تھا میں یہاں رہ کر پاگل ہو

جاؤں گی نہ کوئی بات کرنے کے لیے ہوتا ہے اور اوپر سے میڈ سے کچھ بولوں تو وہ اتنی عجیب نظروں سے دیکھتے ہیں جیسے میں کوئی عجوبہ ہوں۔۔۔"شائد ملازموں کو بھی عفت ملک کے غصے کا ڈر تھا۔

"تمھارا جب بھی دل چاہے مجھے کال کر لینا اریبہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے قیوم تُمھارا ہو گا اور اُس گھر پہ تم راج کرو گی بس جیسا میں نے کہا ہے ویسا ہی کرنا دو دو فائدے ہونگے۔۔۔"مزید کچھ دیر بات کرتے اریبہ نے کال کٹ کر دی۔

وہ کمرے سے نکل کر باہر آئی تو عفت ملک لان میں چہل قدمی کر رہی تھیں ان کو نظر انداز کرتے وہ گارڈز کی طرف چلی آئی اسے میڈیسن منگوانی تھی

۔

اس نے پرچی پہ لکھتے وہ گارڈز کو دی اور ساتھ یہ بھی کہا کہ یہ عائلہ میڈم کی میڈیسن ہے جلدی لے کر آؤ۔۔۔یہ بھی اس کے پلان کا حصہ تھا شروع سے ہی چیزوں کو عائلہ سے منسلک کر دیتی تا کہ آگے چل کر کوئی مسلہ نہیں ہوتا۔

اریبہ عفت ملک سے بچتے واپس کمرے میں چلی آئی اسے آج سے ہی پلان پہ کام کرنا تھا آہستہ آہستہ کامیابی مل جاتی اور پھر سب اس کا ہو جاتا جس کے لئے اس نے اتنے سالوں سے انتظار کیا۔

•••••

درمیان میں کچھ دن گزر گئے یرمان نے اج واپس آجانا تھا عائلہ کی طعیبت کچھ خراب ہوئی تو عفت ملک نے ڈاکٹر کو گھر پہ ہی بلا لیا شاید عائلہ یرمان کے بغیر اداس تھی اس لیے بیمار بھی پڑ گئی ایک تو وہ پہلے ہی کمزور تھی اوپر سے

ٹینشن بھی لے رہی تھی جس کا اثر اس کے بچے پہ بھی پڑ رہا تھا یرمان کو آج تیسرا دن تھا۔

"دیکھیں عفت آپ کی بہو آپنا خیال نہیں رکھ رہی ہے اوُر یہ اس کی صحت کے لیے بلکل بھی اچھا نہیں ہے پہلے ہی اتنی ویک اور اب تو بچہ بھی ہے جو بہت کمزور ہے اوپر سے یہ اپنی ڈائیٹ کا خیال بھی نہیں رکھ رہی ہیں نا ہی میڈیسن ٹائم سے لے رہی ہیں آگر ایسا ہی چلتا رہا تو ان کے لیے سرائیو کرنا بہت مشکل ہو جائے گا یرمان کہاں ہے۔۔۔"ڈاکٹر عفت ملک کی دوست تھی تو وہ ساری باتیں عفت ملک کو بتا رہی تھی عفت ملک کے ساتھ قیوم ملک بھی موجود تھے جو عائلہ کی طعیبت خرابی کا سن کر آئے تھے عائلہ کی خیریت معلوم کرنے کے لیے۔

عائلہ کی پریگننسی کے بارے میں سن کر دونوں ہی کچھ لمحے تو کچھ بول ہی نہیں پائے۔

"آپ سچ کہہ رہی ہیں ڈاکٹر۔۔۔عائلہ ایکسپکٹ کر رہی ہے یہ سچ ہے۔۔۔؟" قیوم ملک کو یقین نہیں ہو رہا تھا کچھ عرصہ پہلے اپنا بچہ کھویا تھا اب عائلہ اور یرمان کے مام ڈیڈ بننے کی خبر نے جیسے زخموں پہ مرہم رکھا تھا۔

"جی بلکل آپ کی بہو کی یہ پرانی رپورٹس ہیں شاید یرمان بھی جانتا ہوں عائلہ کی پریگننسی کے بارے میں آپ لوگ خیال رکھیں ان کا ورنہ کافی مسائل آگے جنم لے سکتے ہیں ان کے لئے مشکل ہو جائے گا یہ بہت ینگ بھی ہیں تو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔۔۔"ڈاکٹر کچھ دیر بعد وآپس چلی گئی عفت ملک خوش تھیں بہت خوش تھیں یرمان کے باپ بننے کی خبر سن کر

ان کے چہرے سے ان کی خوشی کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا وہ عفت کے سرہانے بیٹھتے اس کے ہوش میں آنے کا انتظار کرنے لگی تھیں۔

"آنٹی آپ۔۔۔!؛"عائلہ تقریباً ایک گھنٹے بعد ہوش آیا تھا جب یورنیورسٹی سے آئی نماز پڑھتے وہ جائے نماز ٹیبل پہ رکھتے اٹھی ہی تھی کہ اسے زور کا چکر آیا اور اس کے ہونٹوں سے چیخ نکلی جسے باہر کام کرتی میڈ نے سنا وہ بھاگ کر عفت ملک کو بلا کر لائی تھی جو عائلہ کی حالت دیکھ کر بہت پریشان ہو گئی تھیں عائلہ ان کے پاس یرمان کی امانت تھی اس کی طعیبت بگڑتے دیکھ کر انھوں نے ڈاکٹر کو بلایا۔

"بلکل ٹھیک ہو۔۔۔اب بیٹا تم ریسٹ کرو۔۔۔"وہ حیران تھیں کہ عائلہ ان سے اتنی بڑی نیوز چھپائے ہوئے کیوں تھی کیا عائلہ کو یرمان نے منع کیا ہوا تھا۔

"ڈاکٹر نے کہا ہے کہ تم اپنا خیال نہیں رکھتی ہو جس کی وجہ آگے چل کر بہت پرابلمز ہو سکتے ہیں میڈیسن بھی نہیں لے رہی ہو۔۔۔"عائلہ نے جھٹکے سے انہیں دیکھا یعنی وہ جان چکی تھیں کہ عائلہ پریگنٹ تھی۔

"آنٹی وہ۔۔۔"وہ ہونٹوں کو کاٹنے لگی یہ اس کی عادت تھی جب بھی کبھی کنفیوژ ہوتی یہ ہی کرتی لیکن یرمان کو اس کا یہ ایکٹ پسند نہیں تھا۔

"کیوں چھپائی ہم سے یہ نیوز۔۔بیٹا یہ تو خوشی کی خبر تھی ہمیں بتاتی تو ہم بہت خوش ہوتے خیر کوئی بات نہیں اللہ تعالیٰ خیر کا وقت لائے۔۔۔"انہوں نے عائلہ کے ماتھے پہ بوسہ دیا عائلہ کی آنکھیں نم ہوئی تھیں ایسا نہیں تھا کہ آج تک کسی نے محبت نہیں کی تھی لیکن ماں کی کمی کوئی بھلا کیسے پوری کر سکتا ہے.

اس نے ماں کے لمس کو محسوس ہی نہیں کیا کبھی۔

"آنٹی میں ڈر گئی تھی وہ جو واقعہ ہوا۔۔۔" سر جھکائے اعتراف کیا ہاں غلطی تو بہر حال ان کی تھی انہیں کم سے کم عفت ملک سے تو یہ نیوز شیئر کرنی چاہیے تھی۔

"آئی کین انڈر سٹنڈ بیٹا کوئی بات نہیں لیکن اب سے آپ نے خیال رکھنا ہے میں ابرش کو بتاؤں وہ بہت خوش ہو گی یہ نیوز سن کر۔۔۔" انہوں نے سائیڈ سے اپنا فون اٹھایا تھا۔

"وہ جانتی ہیں پہلے سے اس بارے میں۔۔۔ جب میں ہاسپٹل میں تھی بھائی اور وہ میرے ساتھ تھی اُنھیں پہلے سے معلوم ہے سوری آپ کو نہیں بتایا۔۔۔" عائلہ ان کے ہاتھ تھامے محبت سے چوم چکی تھی ہمیشہ سے خواہش تھی کہ کاش اس کی بھی ماں ہوتی لیکن اب لگتا تھا کہ یہ خواہش پوری ہو گئی تھی۔

"ٹھیک ہے ابرش کو معلوم ہے تو پھر اسے نہیں بتاتے ہیں۔۔۔یرمان کے کان میں کھینچوں گی بھئی وہ تو بتا سکتا تھا مُجھے تم ریسٹ کرو کچھ کھاؤ گی بنوا دوں تمھارے لئے۔۔۔" وہ اس وقت ساس سے بڑھ کر ایک ماں بنی ہوئی تھیں جن کو اپنی بیٹی کی سب سے زیادہ فکر تھی۔۔۔

"نہیں میرا دل نہیں کر رہا ہے۔۔۔" عائلہ نے منہ بنایا۔

"بیٹا دل نہیں بھی ہے تو کھانا پڑے گا ڈاکٹر نے صاف صاف کہا ہے میں کچھ لائٹ سا بنواتی ہوں تم فریش ہو جاؤ آج تو یرمان بھی آ جائے گا تین دن تو ہو گئے ہیں بات ہوئی یرمان سے۔۔۔؟"

"نہیں میں اُن سے ناراض ہوں وہ جاتے ہوئے مجھ سے ملے بغیر چلے گئے مجھے جگایا تک نہیں۔۔۔" عائلہ کی ناراضگی پہ وہ ہنس دی تھیں اور اس کے گال تھپکتے کمرے سے نکل گئی تھیں۔۔

"آئیں تو سہی آپ۔۔۔بات نہیں کروں گی۔۔۔!؛"عائلہ نے پچھلے تین دنوں سے سیل فون پہ آتی یرمان کی کالز اس کے میسجز کو نظر انداز کیا تھا جب جاتے ہوئے مل کر نہیں گیا تو پھر وہاں سے کالز کرنے کی کیا ضرورت تھی بھلا۔

عائلہ فریش ہوتے ڈریس چینج کرتے باہر ہی آگئی کمرے میں عیجب سی گھٹن محسوس ہو رہی تھی قیوم ملک ہال میں بیٹھے ایل سی ڈی پہ نیوز سن رہے تھے عفت ملک شاید کچن میں تھیں۔۔

جو کام انہوں نے اپنے شوہر کے لیے کبھی نہیں کیا وہ اپنی بہو کے لیے کر رہی تھی شائد وہ اپنی ماضی میں کی گئی غلطیوں کا ازالہ کرنا چاہتی تھیں۔

"ارے بیٹا ادھر آؤ۔۔۔"قیوم ملک عائلہ کو دیکھتے اپنے پاس بلانے لگے اس کے سر پہ ہاتھ رکھتے پیار کیا تو وہ اب کے ساتھ ہی بیٹھ گئی اب فریش سی بہتر

لگ رہی تھی جب سے ان کو معلوم ہوا تھا وہ بہت خوش لگ رہے تھے ورنہ عموماً آفس سے آنے کے بعد وہ اریبہ کے پاس جاتے تھے مگر آج وہ یہاں ہال میں ہی بیٹھ گئے تھے یرمان بس کچھ ہی دیر میں پہنچنے والا تھا۔

قیوم ملک نے اسے کہا تھا کہ وہ اسے لینے آئیں گے لیکن اس نے منع کر دیا اور ساتھ یہ بھی کہا کہ کسی کو بتانا نہیں ہے آپ نے میں واپس آرہا ہوں۔۔

شاید وہ عائلہ کو سرپرائز دینا چاھتا تھا۔

"کیسی طعیبت ہے اب بیٹا۔۔۔؟" ان کے ساتھ عائلہ نارملی بات کر لیتی تھی جھجک اسے عفت ملک سے محسوس ہوتی تھی مگر اب عفت ملک کے ساتھ بھی اس کے تعلقات بہت اچھے ہو گئے تھے وہ بلکل بیٹی کی طرح پیار دیتی تھی شاید جو کوتاہی ان سے ابرش کے معاملے میں ہوئی وہ اب دہرانا نہیں چاہتی تھیں اس غلطی کو۔

"میں بلکل ٹھیک ہوں انکل۔۔۔" وہ ہلکا سا مسکرائی تھی قیوم ملک عفت ملک کو کچن میں جاتے دیکھ کر حیران ہوئے تھے مگر پھر جب یہ سوچا کہ وہ یقیناً عائلہ کے لیے کچھ بنوانے گئی ہیں تو انہیں بہت خوشی ہوئی تھی۔

"آپ کو پتہ ہے آپ بہت لکی ہیں۔۔۔؟" وہ اب کی بار عفت ملک کو کچن سے نکلتے دیکھ چکے تھے لہذا نظروں کا فاکس اُن پہ تھا۔

"وہ کیسے آنکل۔؟" عائلہ کو شاید ان کی باتوں کی سمجھ نہیں آئی تھی۔

"یہ آج تک ہمارے لیے کچھ بنوانے کے لیے کچن میں نہیں گئی ہیں مگر آج آپ کے لیے گئی ہیں تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ آپ بہت لکی ہیں۔۔۔" وہ اب کھل کر ہنسے تھے اپنے کمرے سے نکلتی اریبہ نے ان کو ہنستے دیکھا تو اندر تک جل گئی اس سے بات کرتے ہوئے تو ان کو مرچیں لگ جاتی تھیں اور اپنی بہو اور پہلی بیوی کے ساتھ کیسے قہقہے لگا رہے تھے۔

"یہ میری بیٹی ہے۔۔۔!؛" وہ قیوم ملک کو اتنے عرصے بعد خوش اور مسکراتے دیکھ کر مطمئن نظر آئی تھیں لیکن جب اریبہ کا خیال ذہن میں آیا تو ان کے چہرے پہ پھیلی خوشی جیسے ماند پڑ گئی تھی۔

"قیوم آپ یہاں بیٹھے ہیں میں کب سے آپ کا انتظار کر رہی ہوں پہلے تو آپ کمرے میں آتے تھے مگر آج۔۔۔" وہ بولتے بولتے رکی جیسے قیوم ملک کے سامنے یہ شو کرنا ہو کہ وہ عائلہ اب دیکھ رہی ہو۔

"یہاں بیٹھے اچھے نہیں لگ رہے ہیں تمھیں۔۔۔!؛" عفت ملک کے لہجے میں کڑواہٹ آجاتی تھی اریبہ سے بات کرتے ہوئے وہ کوشش کرتی تھیں کہ اریبہ کو نظر انداز کریں لیکن وہ یہ نہیں کر پاتی تھیں۔

"میں نے یہ نہیں کہا ہے کہ یہ یہاں کیوں بیٹھے ہیں آپ بات کو بلاوجہ بڑھا رہی ہیں عفت۔۔۔" اریبہ نے قیوم ملک کے سامنے کچھ بولنے سے خود کو

بازر کھا اگر قیوم ملک نہیں ہوتے سامنے تو عائلہ بھی اچھے سے جواب دیتی اریبہ کو لیکن وہ قیوم ملک کی وجہ سے چپ تھی کہ وہ کیا سوچیں گے۔۔

"میں بات کو بڑھا رہی ہوں یا تمھیں نظر نہیں آتا ہے ہم بات کر رہے ہیں تم چلی آئی۔۔۔" عائلہ نے عفت ملک کے ہاتھ پہ دباؤ ڈالا اور آنکھوں ہی آنکھوں میں اشارہ کیا کہ آپ چپ ہو جائیں۔

"عفت پلیز میں آپ سے پہلے بھی کتنی دفعہ کہہ چکا ہوں لیکن مجھے لگتا ہے آپ کی سمجھ میں میری بات آتی ہی نہیں ہے یا پھر آپ سمجھنا ہی نہیں چاہتی ہیں اریبہ سے آپ کو جو پرابلم ہے وہ آپ خود تک رکھیں گھر کا ماحول خراب کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔۔" قیوم ملک کا موڈ خراب ہو گیا تھا اریبہ اور عفت ملک کی بحث سے وہ اٹھتے اریبہ کے کمرے میں چلے گئے اریبہ بھی تو یہی چاہتی تھی۔

وہ بھی ان کے پیچھے ہی اٹھتے کمرے میں چلی گئی لیکن چہرے پہ مسکراہٹ تھی جو عفت ملک کو بہت کچھ سمجھا گئی وہ تلملا کر رہ گئی تھیں اپنی جذباتی طعیبت پہ پہلی بار ان کو اتنا غصہ آیا تھا کہ دل کیا اپنے بالوں کو نوچ لیں۔

قیوم ملک کتنے سکون سے بیٹھے تھے ان سے اور عائلہ سے باتیں کر رہے تھے آج اتنے عرصے بعد ان میں شادی سے پہلے والے قیوم ملک کی جھلک نظر آئی تھی لیکِن ان کی وجہ سے وہ اٹھتے اریبہ کے کمرے میں چلے گئے۔۔

"پریشان نہیں ہوں۔۔۔"عائلہ کو دکھ ہؤا وہ خود بیوی تھی سمجھ سکتی تھی کہ ایک بیوی کے لیے اپنے شوہر کو دوسری عورت کے ساتھ دیکھنا کتنا مشکل ہوتا ہے عائلہ تو مر جائے گی یرمان کو کسی اور کے ساتھ دیکھ کر۔

"میری غلطی ہے عائلہ مجھے اپنے غصے پہ قابو رکھنا چاہیے تھا نہ میں اریبہ سے بات کرتی نہ وہ اٹھ کر اندر جاتے مجھے تو لگتا ہے یہ لڑکی چاہتی ہی یہ تھی جان

بوجھ کر میرے بکواس کی۔۔۔۔"وہ دانت پیستے اریبہ کو دل ہی دل میں کئی سستی سلوتوں سے نواز چکی تھیں عائلہ بھی اریبہ کے چہرے پہ پھیلی مسکراہٹ دیکھ چکی تھی جانتی تھی اُس نے جان بوجھ کر یہ سب کیا لیکن عفت ملک کو وہ پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی تو خاموش رہی۔

"آنٹی چھوڑیں رات تو انکل آپ کے پاس ہونگے ٹینشن نہیں لیں آپ بس کوئی پروف مل جائے۔۔۔"عفت ملک نے عائلہ سے زیادہ بات نہیں کی اس بارے میں وہ پہلے ہی پریشان تھی اس کا ٹینشن لینا اس کے لیے ٹھیک نہیں تھا لہذا وہ خود کو کمپوز کر گئی تھیں میڈ نے کھانا جو وہ عائلہ کے لیے بنوا آئی تھی ان کے سامنے میز پہ رکھا عائلہ کا دل نہیں تھا لیکِن وہ عفت ملک کو ناراض نہیں کر سکتی تھی تو تھوڑا بہت کھا لیا تھا اور عفت ملک اس کے ساتھ

مصروف ہوتے ہوئے بھی اریبہ اور قیوم ملک کے بارے میں سوچ رہی تھیں جو دونوں کمرے میں تھے۔

.....

ابرش ضامن سے ناراض تھی ایک تو اس کا موڈ دیدم کی وجہ سے خراب تھا جواب ان کی کلاس میں آچکی تھی اوَر دوسرا کوئز کی وجہ سے وہ تپی ہوئی تھی ان کا کوئز کل ہونا تھا تو آج وہ اچھے سے تیاری کرنے والی تھی ضامن کو آج کی رات تو وہ اپنے قریب آنے بلکل بھی نہیں دینے والی تھی تھوڑا تو اسے بھی احساس ہونا چاہیے۔

ابرش نے تھوڑی دیر عائلہ سے فون پہ بات کی اوَر اب شاور لیتے ٹروزار شرٹ پہنے ٹاول سے چہرے کو صاف کرتے وہ واپس روم میں آئی ضامن مغرب کی نماز پڑھنے گیا ہوا تھا ابرش نے اُس کا کھانا لگا دیا تھا خود اسے

بھوک نہیں تھی یونی میں لنچ کیا تھا تو ابھی تک پیٹ فل تھا ویسے بھی اب اس کا ارادہ ڈائیٹ کرنے کا تھا۔

ضامن سے ناراضگی جتاتے وہ بکس اوئر نوٹس میں سر دیئے پڑھنے میں مصروف ہو گئی وہ واپس آیا تو ابرش کو کتابوں میں سر گھسائے دیکھ کر ہنس دیا

۔

"کھانا نہیں کھانا۔۔۔؟" ابرش کا موڈ خراب تھا وہ جانتا تھا لیکِن وجہ نہیں جانتا تھا اس نے صرف ابرش کی وجہ سے کوئز نہیں لیا وہ جو کہتا تھا کہ کلاس میں ابرش کو کوئی فیور نہیں دے گا آج اس نے دیا تھا ہاں دیدم کو دیکھ کر وہ خوُد بھی تپ گیا تھا اسے بھی یہ لڑکی زہر لگتی تھی جسے وہ وقت صاف لفظوں میں بتا بھی چکا تھا لیکن مجال ہے جو وہ کوئی بات سمجھے۔

"نہیں کھانا آپ کھالیں بس۔۔۔"وہ پھر سے کتابوں میں سر گھسایا مطلب صاف تھا کہ وہ ضامن سے بات کرنے کے موڈ میں نہیں تھی ضامن اس کی بے رخی پہ کسکتے اس کی بک گود سے اٹھاتے دور اچھال چکا تھا نہیں برداشت کر سکتا تھا ابرش اس کے ہوتے کسی اور چیز پہ توجہ دے۔

"کیوں نہیں کھانا اوَر یہ میں جب نہیں تھا اُس وقت کیوں نہیں سٹڈی کی اب مجھ سے بچنے کے لیے یہ سٹڈی کا بہانہ۔۔نے بٹ فضول ہے یہ مس ملک۔۔۔"وہ ابرش کی گود میں سر رکھ گیا جب اس نے پہلے بک رکھی ہوئی تھی۔

ابرش کو ضامن کی گرم سانسوں سے آپنا پیٹ جھلستا محسوس ہوَا تھا ضامن اس کے ہاتھوں کو تھامے اپنے سینے پہ رکھتے ہولے ہوَلے سہلانے لگا ابرش خاموشی سے اس کا یہ ایکٹ دیکھ رہی تھی۔

"مجھے کوئز ریڈی کرنا ہے۔۔۔!؛"ابرش نے سلگتے جواب دیا تھا کوئز کے چکر میں رات بھی وہ سو نہیں پائی اور ضامن نے کل پہ رکھ دیا۔

"آپ کے لیے میں نے ساری کلاس کو کل تک کا ٹائم دیا اور ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ میں نے آپنا شیڈول توڑا ہے صرف آپ کی وجہ سے۔۔۔!؛"وہ اس کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں الجھا چکا تھا ابرش کی سوفٹ سی انگلیاں اسے اٹریکٹ کرتی تھیں۔

"مُجھے یہ فیور کیوں دیا نہ دیتے میں نے کلاس میں تھوڑا بہت یاد کر لیا تھا میرا کوئز اچھا ہو جاتا لیکن آپ کو مُیرے لیے کم سے کم یہ کام کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔۔"وہ سنجیدہ تھی شاید ضامن سے ناراض تھی ضامن نے محسوس کر لیا۔

"آپ کو نہیں دے سکتا فیور؟" ضامن بھی سنجیدہ ہوا وہ پہلے ہی کوئز ریڈی کر چکی تھی آگر تو پھر ابھی کتابیں کیوں لے کر بیٹھی تھی بھلا۔

"نہیں دینا چاہیے تھا میں اتنی امپورٹنٹ نہیں ہوں آپ کے لیے۔۔۔ آئیندہ سے میرے لیے کچھ مت کیجیے گا۔۔۔" وہ جزباتی ہو رہی تھی نجانے کیوں وہ اپنے آنسوؤں کو روک نہیں سکی وہ خود بھی نہیں جانتی تھی کہ آخر اسے رونا آکیوں آرہا ہے۔

"ابرش۔۔۔ کیا بول رہی ہیں اندازہ ہے آپ کو۔۔۔؟" ضامن جھٹکے سے اٹھتے بیٹھ گیا ابرش کا رویہ اب پریشان کر رہا تھا ضامن کو۔

"ہاں ہے مُجھے اچھے سے اندازہ کہ میں کیا بول رہی ہوں لیکن آپ جو چاہتے ہیں وہ ابھی نہیں ہو گا کھانا کھالیں مجھے سٹڈی کرنی ہے۔۔۔" وہ بک اٹھاتے پھر سے کھولتی کہ ضامن نے اُسے دوبارہ پھینک دیا۔

"آپ کے بقول آپ کا کوئز ریڈی تھا پھِر آپ کو ابھی سٹڈی کرنے کی کیا ضرورت۔۔۔؟"ضامن نے آنکھیں چھوٹی کیے اسے دیکھا تھا۔

"ہاں تو آپ کے سبجیکٹ کے علاوہ میں کسی اوُر سبجیکٹ کو نہیں پڑھ سکتی ہوں کیا"ابرش اب سٹڈی کو لیکر سیریس ہو چکی تھی پچھلے سمسٹر میں جی پی اے اچھی بنی تھی اب وہ اس کو آگے بھی مینٹین کرنے والی تھی ضامن والے سبجیکٹس کے علاوہ وہ باقی سبجیکٹس کو بھی ٹائم دینا چاہتی تھی تا کہ سارے سبجیکٹس کی تیاری پہلے ہی ہو جائیں فائنل ٹرم پیپرز میں اسے زیادہ مشکل ہو ہی نہ.

"آپ نے ایک دفعہ مجھ سے کہا تھا کہ آپ کو بس صرف اُس سبجیکٹ میں انٹرسٹ ہے جو میں آپ کو پڑھتا ہوں ورنہ آپ کے لئے باقی کچھ پڑھنے میں انٹرسٹڈ نہ ہونے کے برابر ہے تو پھر اب اچانک سے یہ دوسری کتابوں کا

خیال کیسے آیا گیا آپ کو۔۔۔"ابرش کی باتیں ضامن کو حیران کر رہی تھی اگر تو ابرش نے واقعی سوچ لیا تھا کہ وہ ساری کتابوں کو سنجیدگی سے پڑھے گی تو اچھا تھا ورنہ اگر یہ صرف اس کے سبجیکٹ کے لئے تھا اوَر اب اس وقت اس سے بچنے کے لیے ابرش جان بوجھ کر بہانے بنا رہی تھی تو اس کے یہ بہانے نہیں چلنے والے تھے۔

"ہاں کہا تھا لیکن میں سارے سبجیکٹس میں اچھی جی پی اے لینے میں کامیاب ہو گئی اُس سبجیکٹ میں بھی جو مجھے سخت ناپسند تھا اور اب میں نے خود سے وعدہ کیا ہے میں سٹڈیز کو سیریسلی آگے لے کر بڑھوں گی کیا آپ ایسا نہیں چاہتے ہیں۔۔۔؟"ابرش نے سنجیدگی سے پوچھا غصہ ابھی تک کوئز والی بات کا ہی تھا اوَر کچھ جو وہ دیدم اس کی کلاس میٹ بن چکی تھی اس کا تھا

"مُجھے خوشی ہو رہی ہے آپ نے اتنا سیریس لیا سٹڈی کو لیکن آپ کے پاس یونی سے آنے کے بعد شام تک کا ٹائم ہوتا ہے آپ کو جو کرنا ہوتا ہے آپ کر لیا کریں یہ رات کا وقت میرے لیے میرے قریب جب آپ آئیں تو ہمارے درمیان صرف قربت بھرے لمحے ہوں۔۔۔" وہ ابرش کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑے سنجیدگی سے بولا۔

"آپ کو لگتا ہے یہ آسان ہے نہیں میرے لیے یہ سب مینج کرنا مشکل ہو جائے گا تو میں نے یہ ایک فیصلہ کیا ہے یقیناً آپ میری بات سن کر غصہ ہونگے لیکن ٹھنڈے دماغ سے سوچیے گا آپ کو ٹھیک لگے گی۔۔۔!؛" وہ ضامن کی طرف دیکھنے کے بجائے نیچے زمین کو دیکھ رہی تھی ضامن سے جو کہنے والی تھی اس کا غصہ تو یقینی تھا۔

"کیا کہنا چاہتی ہیں آپ۔۔۔؟"ضامن کو سمجھ نہیں آیا ابرش آخر چاہتی کیا تھی۔

میں نے سوچا ہے کہ جب تک میری سٹڈی چل رہی ہے ہم " دونوں ایک دوسرے کے قریب نہیں آئیں گے۔۔"ابرش کی بات سن کر ضامن کے چہرے کے تاثرات بدلے تھے وہ جو کہنا چاہتی تھی جو وہ کہہ نہیں پا رہی تھی ضامن سمجھ چکا تھا۔

تو آپ چاہتی ہیں میں دو سال آپ کے قریب نہ آؤں ہمارے " درمیان کوئی ریلیشن نہ بنے لائک سیریسلی آپ کو لگتا ہے یہ پاسبیل ہے میرے لئے تو یہ بہت مشکل ہے میں غصہ نہیں کروں گا آپ کا پوائینٹ میری سمجھ میں آ رہا ہے آپ کیوں بول رہی ہیں یہ سب

یہ بھی سمجھ میں آ گیا ہے لیکن یہ آپ کی غلط فہمی ہے مس ملک ایسا ویسا کچھ نہیں کچھ نہیں ہونے والا ہے آپ کی تھکن میں خوُد میں سمیٹ لونگا آپ کو اپنے قریب کرتے اتنی محبت سے آپ کو اپنے بدن کا حصہ بناؤں گا کہ آپ بس مجھے یاد رکھیں گی باقی سب بھول جائیں گی آپ۔۔۔"وہ ابرش کی آنکھوں پہ ہونٹ رکھ گیا لیکن ابرش نے اس کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اسے خوُد سے دور دھکیلا

۔

لیکن میں ایسا نہیں چاہتی ہوں سر مُجھے تھوڑی سپیس چاہیے آپ " میری بات کو سمجھ نہیں رہے ہیں۔۔۔"ابرش کی فضول سی ضد ابھی تک قائم تھی۔

رخصتی کروانے کا شوق کس کو تھا مُجھے ؟ نہیں ناں آپ نے اپنی " مرضی سے رخصتی کروائی اوَر اب آپ چاہتی ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے قریب نہ آئیں آخر یہ کیسے ممکن ہے۔۔۔؟"ابرش کی یہ لاجک وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا آخر ابرش کے دماغ میں یہ بات آئی کیسے ۔

"ہاں لیکن آپ۔۔"

کوئی پریشانی ہے۔۔۔؟"ضامن نے ٹھوڑی اوپر اٹھاتے اس کی نیلی " آنکھوں میں جھانکا ۔

مجھے بلکل اچھا نہیں لگا وہ دیدم ہماری کلاس میں آ گئی ہے آپ " نے اُسے کلاس سے باہر کیوں نہیں نکالا۔"ابرش نے گہرا سانس

بھرا یعنی ابرش کا یہ غصہ اس وجہ سے تھا وہ اتنی ایمو شنل بھی اس وجہ سے ہو رہی تھی۔

"آپ بات کو بدل رہی ہیں مس ملک!؛ اوَر یہاں تک بات ہے اُن کی تو وہ میری سٹوڈنٹ ہیں باقی سب کی طرح میں کیسے نکال سکتا تھا کلاس سے ویسے بھی کلاس میں بس ایک رہی لڑکی نہیں ہے باقی بھی بہت سی لڑکیاں ہیں اب کیا میں ہر لڑکی کو نکال دوں کلاس سے۔۔۔ کیا آپ ایسا چاہتی ہیںَ۔۔۔؟"ضامن کے سوال پہ ابرش نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"نہیں لیکن وہ لڑکی ٹھیک نہیں ہے ساری کلاس جب اپنے دھیان میں مگن تھی وہ آپ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔ اور۔۔۔"

میں کس کو دیکھ رہا تھا آ؟"ضامن نے درمیان میں ابرش کی بات " کاٹتے پوچھا۔

مجھے دیکھ رہے تھے آپ۔۔۔!؛"ابرش نے نوٹ کیا تھا کلاس میں " ضامن کی نظریں اسی پہ تھیں اس نے سارا وقت بس اس کو ہی دیکھا تھا۔

آپ کے سب سے زیادہ امپورٹنٹ کون ہے میں یا وہ " .لڑکی۔۔۔؟"ضامن کے سوالوں پہ ابرش الجھی تھی

ظاہر سی بات ہے میرے لیے سب سے اہم آپ ہیں آپ کے " علاوہ اور کون ہو سکتا ہے بھلا۔۔۔"ابرش نے وہ ہی جواب دیا جو ضامن توقع کر رہا تھا اس سے۔

جب آپ کے لئے اہم میں ہوں اور میں آپ کو ہی دیکھتا ہوں تو "
پھر وہ لڑکی درمیان میں کہاں سے آ گئی ابرش ہمیں ہزاروں لوگوں
سے ملنا پڑتا ہے ہر کسی کو ہم اپنے حواسوں پہ سوار نہیں کر سکتے
ہیں میرے لیے اہم آپ ہیں اوٗر آپ کے علاوٗہ میں کسی کو کبھی
نہیں دیکھا اس نظر سے میری محبتوں کی اکلوتی وارث آپ ہیں۔۔۔
کوئی دوسرا میرے بارے میں کیا سوچتا ہے یہ میرا مسئلہ نہیں ہے
آپ کو بھی بس یہ سوچنا چاہیے کہ میرے لیے امپورٹنٹ آپ
ہیں۔۔۔"ضامن نے اس کا چہرہ ہاتھوں کے پیالے میں بھرا لہجے
سے محبت پھوٹ رہی تھی ۔

"لیکن وہ لڑکی آپ کو۔۔۔"

مس ملک اتنا سمجھایا پھر بھی آپ کی سمجھ میں نہیں آ رہا ہے ناں "
آج وہ ہے کل کو کوئی اوٗر آ جائے گی تو کیا آپ اُن کو سوچتے خود
کو پریشان کرتی رہو گی میری باتوں پہ عمل نہیں کرو گی ناں
کبھی۔۔۔"ضامن کو اب تپ چڑھی وہ کب سے ابرش کو سمجھانے
کی کوشش کر رہا تھا لیکن مجال ہے جو ابرش کے پلے کوئی بات
پڑے۔

مُجھے آپ پہ ٹرسٹ ہے لیکن ڈر لگتا ہے مُجھے آپ مجھ سے چھین "
جائیں گے ضامن سر میں کیسے آپ کے بغیر رہوں گی یہ میرے
لئے ممکن نہیں ہے آپ سے محبت کرتی ہوں بہت مشکل ہے آپ
سے دور رہنا۔۔۔"ضامن اس کے چہرے کے نقوشِ کو اپنے لبوں
سے چومتے اسے اپنے سینے سے لگا گیا۔

اس لیے کہہ رہی ہیں ہم ایک دوسرے کے قریب نہ آئیں تاکہ " ہمارے درمیان کے فاصلے بڑھیں۔۔ اس طرح اگر مجھے خوُد سے دور کریں گی آپ تو نقصان آپ کا ہو گا مس ملک۔۔۔"ضامن بیڈ پہ بیٹھتے ابرش کو اپنی تھائز پہ بیٹھا چکا تھا وہ اس کی گردن میں بانہیں ڈالے بیٹھی تھی خاموش سی بول کچھ بھی نہیں رہی تھی بس خاموش تھی ۔

مُجھے نہیں سمجھ آ رہا ہے کچھ کیا کروں بٹ مجھے لگتا ہے کہ ہمارے" درمیان کچھ نہ کچھ ہو گا میں آپ سے دور ہو جاؤں گی نہیں کر سکتی میں یہ دوری برداشت۔۔۔"وہ سسک کر رہ گئی نجانے آج دیدم کو کلاس میں دیکھتے وہ آپے سے باہر ہو چکی تھی جیسے دل میں یہ ڈر بیٹھ گیا تھا کہ ضامن اس سے دور ہو جائے گا ۔

آپ خوامخواہ ان ساری باتوں کو خود کے زہن پہ سوار کر رہی ہیں " جس کی وجہ سے آپ کو ایسا لگتا ہے حالانکہ آیسا نہیں ہے میں اب آپ سے کچھ نہیں کہوں گا آپ کو جو سوچنا ہے سوچیے جو مرضی ہے کرنا کیجیے گا میری باتوں کی کوئی ویلیو ہی نہیں ہے آپ کے نزدیک۔۔"ضامن کا صبر جواب دے گیا تھا ابرش اس کے اتنا سمجھانے کے باوجود وہ ہی الٹی سیدھی باتیں کر رہی تھی ضامن نے اُسے بیڈ پہ بیٹھایا اوٗر خوٗد اٹھتے باتھ روم چلا گیا۔

ابرش اس کی پشت کو بھیگی نظروں سے دیکھ رہی تھی وہ اپنی جگہ پہ بلکل ٹھیک تھا ابرش ان باتوں کو کچھ زیادہ ہی خود پہ حاوی کر رہی تھی۔

"جب آپ کے لئے اہم میں ہوں اور میں آپ کو ہی دیکھتا ہوں تو پھر وہ لڑکی درمیان میں کہاں سے آگئی ابرش ہمیں ہزاروں لوگوں سے ملنا پڑتا

ہے ہر کسی کو ہم اپنے حواسوں پہ سوار نہیں کر سکتے ہیں میرے لیے اہم آپ ہیں اوٗر آپ کے علاوٗہ میں کسی کو کبھی نہیں دیکھا اس نظر سے میری محبتوں کی اکلوتی وارث آپ ہیں۔۔۔ کوئی دوسرا میرے بارے میں کیا سوچتا ہے یہ میرا مسئلہ نہیں ہے آپ کو بھی بس یہ سوچنا چاہیے کہ میرے لیے امپورٹنٹ آپ ہیں۔۔۔" بار بار زہن میں ضامن کا یہ فقرہ گونج رہا تھا ضامن نے کتنی بار کہا اس سے کہ وہ صرف ابرش کا ہے اس کے علاوٗہ کسی کا نہیں ہے لیکن ابرش اس کی بات سمجھتی پھر کیا ہی بات تھی۔

وہ وہیں بیٹھی رہی اتنا کچھ ہونے کے بعد اب اس کا کہاں سٹڈی میں دل لگنا تھا اس نے اپنے بالوں کو پیچھے کرتے آپنے آنسو صاف کیے۔

"وہ میرے لئے ہیں ابرش کنٹرول یور سیلف۔۔۔" ابرش نے اپنے سینے پہ ہاتھ رکھتے گہری سانس بھری۔

وہ ضامن کو شائد ناراض کر چکی تھی اسے خوُد پہ بہت غصہ آیا کیا ضرورت تھی ضامن کے سامنے دیدم کا نام لینے کی اسے نہیں پسند تھا ان دونوں کے درمیان کسی تیسرے کا زکر۔

ضامن کی ناراضگی پہ ابرش کا دل بے چین سا ہوا تھا وہ ضامن کو ناراض نہیں کر سکتی تھی وہ بے چینی سے ضامن کے واپس آنے کا انتظار کر رہی تھی ضامن فریش ہوتے شاور لیتا واپس آیا تو بلیو ٹروزار میں ملبوس سیلوز لیس شرٹ پہنے ہوئے تھا ابرش کی طرف دیکھا تک نہیں وہ اپنے بالوں کو ہاتھوں سے سنوارتے ابرش کو وہیں چھوڑتے روم سے نکلتے کچن میں ابرش ویسے بھی کہہ چکی تھی اُسے بھوک نہیں ہے اوُر دوبارہ ضامن نے مروت میں بھی نہیں پوچھا تھا خود ہی اپنے لیے کھانا نکالتے کھانے لگا شاید ابرش کو احساس دلانا چاہتا تھا کہ ابرش کی اس حرکت نے اسے کتنا ہرٹ کیا ہے۔

ابرش جو پہلے تو ضامن کے سامنے کہہ چکی تھی کہ اسے بھوک نہیں ہے ضامن کو روم سے نکلتے دیکھ کر وہ خود بھی باہر آئی ضامن کا ساتھ تو دینا تھا وہ اکیلا کھانا نہیں کھاتا تھا مگر شاید ناراضگی میں ابرش کو کہنا ضروری نہیں سمجھا۔

"آپ ناراض ہیں مجھ سے۔۔۔؟" ابرش کچن کے دروازے کے بیچ و بیچ کھڑی سوال کر رہی تھی ضامن نے ایک نظر اسے دیکھا اور پھر اپنا فاکس کھانے پہ کیا۔

"آپ کو کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔؟" وہ تلخ سا ہوا اپنی جگہ پہ بلکل ٹھیک تھا وہ ابرش کا رویہ تھا ہی ایسا ابرش کو خود بھی احساس ہو رہا تھا اُس وقت اسے اپنے جذبات پہ قابو رکھنا چاہیے تھا۔

"آپ کو لگتا ہے مجھے فرق نہیں پڑتا ہے۔۔؟"ابرش کو صدمہ ہوا ضامن کھانے کی طرف توجہ دے رہا تھا اس پہ نہیں اور یہ بات وہ برداشت نہیں کر پا رہی تھی کیا کھانا زیادہ ضامن کے لیے اس وقت زیادہ ضروری تھا۔

"ہاں کیوں کہ مس ملک آپ بار بار ایک ہی بات کرتی ہیں مجھے لگتا ہے میرے ساتھ ساتھ ریڈرز بھی اکتا گئے ہونگے ہم سے۔۔۔!؛"ضامن نے چمچ ٹیبل پہ پٹخا یہ اس کے غصے کا اظہار تھا۔

"میں ایک بات کرتی کیوں ہوں بار بار آپ کو یہ بھی تو سوچنا چاہیے سر مجھ سے برداشت نہیں ہوتا ہے آپ سمجھتے کیوں نہیں ہیں۔۔۔"ابرش ضامن کی تھائز پہ بیٹھتے اس کے گرد بازوؤں حائل کرتے رونے لگی ضامن اس کی نیلی آنکھوں میں کہاں آنسو دیکھ سکتا تھا یہ آنسو اس کی کمزوری تھے ابرش کو بھی اچھے سے معلوم تھا شاید اس لیے وہ کرتی تھی آیسا۔

"میں سب سمجھتا ہوں لیکن مجھے یہ لگتا ہے آپ کا یہ ڈر محض ایک وہم ہے آپ جتنا ان چیزوں کو سوچتی ہیں اتنا ہی الجھتی ہیں مت سوچا کریں آپ صرف میرے بارے میں سوچا کریں ہمارے خوبصورت رشتے کے بارے میں سوچا کریں اور میں صرف آپ کا ہوں یہ سوچا کریں۔۔"اس کے آنسوؤں کے سامنے ہر بار کی طرح ضامن تھوڑا کمزور پڑا تھا۔

"آپ کے لئے کہنا آسان ہے پہلے میم انعم تھیں اور اب یہ دیدم کل کو کوئی اور آجائے گی مُجھے لگتا ہے میں پاگل ہو جاؤں گی۔۔۔"وہ اس وقت فل بیوی کے روپ میں شکوے کر رہی تھی۔

"جیسے انعم چلی گئی ویسے یہ بھی چلی جائے گی آپ کو پھر ملال ہو گا کیوں میں نے اپنا ٹائم ایسے ہی فضول میں ضائع کیا۔۔۔"وہ اس کے آنسو پونچھتے بولا تو ابرش نے آنکھیں دکھائی۔

"آپ کو تو ویسے خوشی ہونی چاہیے اتنی لڑکیاں آپ پہ فدا ہیں آپ سے محبت کرتی ہیں۔۔۔"ضامن ابرش کی بات پہ مسکرایا تھا۔

"خوش تو میں ہوں کیونکہ مجھے جو لڑکی ملی ہے ناں وہ سب سے الگ ہے اُسے پا کر مُجھے کسی کی طلب نہیں رہی ہے صرف وہ کافی ہے میرے لیے۔۔۔"ضامن نے اس کی ناک کی ٹپ پہ ہونٹ رکھے۔

طلب ہے تو تُو ہے نشہ

غلام ہے تیرا دل یہ میرا

کھل کے جی لے زرا

وہ ابرش کو کئی بار اپنے جذبات سے آگاہ کر چکا تھا لیکن ابرش کے ساتھ رہتے وہ یہ سمجھ چکا تھا کہ ابرش اُن لوگوں میں سے تھی جسے اظہار پسند تھا وہ چاہتی تھی بار بار ضامن اسے بتائے کہ وہ اس سے کتنی محبت کرتا ہے۔

"مجھے آچھا لگتا ہے یہ آپ کہتے ہیں آپ صرف میرے ہیں اور میرے ہی رہیں گے۔۔۔"ابرش ضامن کے ہونٹوں پہ ہونٹ رکھ گئی ضامن نے ابرش کے ہونٹوں کو قید کیا اور سانسوں کو پینا شروع کر دیا۔

ابرش اسے خود سے دور رہنے کا کہہ تو چکی تھی لیکِن اس کے لئے بہت مشکل تھا ضامن سے دور رہنا جس کے بغیر وہ ایک پل بھی شاید مشکل سے رہ پاتی دو سال کا انتظار تو بہت مشکل تھا شاید وہ خوُد بھی نہیں کر سکتی تھی۔

"اوُر جب آپ میرے سامنے کسی دوسری لڑکی کا نام لیتی ہیں مُجھے بہت برا لگتا ہے ہم دونوں کے درمیان صرف ہماری باتیں ہونی چاہیے کسی تیسرے

کی نہیں یہ بات میں آپ کو لاکھ دفعہ سمجھا چکا ہوں لیکن آپ کی سمجھ میں نہیں آتی ہے میری بات۔۔۔"ضامن نے کھیرے کا ٹکڑا اس کے ہونٹوں کے درمیان میں رکھا جسے وہ چباتے کھا گئی ابرش کو کھیرے پسند تھے۔

دونوں کی پسند کافی حد تک ایک دُوسرے سے ملتی تھی۔۔۔

"مُجھے معاف کر دیں پتہ نہیں کیا ہو جاتا ہے مجھ سے برداشت نہیں ہوتا وہ۔۔۔میرا مطلب ہے کہ اب صرف ہماری باتیں ہوں گی آپ نے مجھ سے کھانے کا پوچھا ہی نہیں۔۔۔"اس نے بریانی دیکھی تو بھول چمکی تھی ضامن کی پلیٹ سے ہی چمچ بھرتے منہ میں ڈالا۔

"آپ نے کہا تھا آپ کو نہیں کھانا ہے۔۔۔"ضامن کے جتایا ابرش نے اس کے کندھے پہ چٹکی کھاتی۔۔

"آپ کہہ تو سکتے تھے ناں۔۔۔"اس نے ضامن کو اشارہ کیا کہ اسے کھلایا جائے وہ خود نہیں کھانے والی تھی اپنے ہاتھوں سے۔

ضامن نے اسے خود اپنے ہاتھوں سے کھلایا اوٗر روم میں لے آیا ابرش نے دوبارہ سٹڈی کا بہانہ نہیں بنایا آج تو وہ خود بھی ضامن کے رومانس کو بہت مس کر رہی تھی ضامن نے شرٹ اتارتے دور پھینکی اوٗر ابرش کو پیچھے بیڈ پہ گرائے اس پہ جھکتا چلا گیا۔۔

ابرش اس کے مظبوط وجود کے نیچے دب سی گئی تھی کمرے میں گونجتا ابرش کی سانسوں کا شور ہر لمحے شدت پکڑتا جا رہا تھا۔وہ اس کی بانہوں میں قید اس کی شدتوں کو اپنے پورے وجود پہ برداشت کر رہی تھی۔۔۔

••••••

وقت آگے بڑھ رہا تھا اپنی رفتار سے وقت بھلا کہاں کسی کے لیے رکتا ہے اریبہ اپنے پلان پہ آہستہ آہستہ کام کر رہی تھی کسی کو شک نہیں ہوا تھا فحال لیکن کب تک وہ رب ظالموں کی رسی دراز کرتا ہے مگر ایک وقت تک آج اس نے عفت ملک کی کوفی کچھ زیادہ ہی دوا ملادی تھی مزید وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی عفت ملک کے لئے کوفی آج عائلہ بنا رہی تھی اوٗر عائلہ یہ نہیں جانتی تھی کہ کوفی کو لیکر وہ کتنی بری طرح سے پھنسے والی ہے۔

عائلہ کوفی بنا رہی تھی جب اُسے یرمان کا میسج آیا وہ جواب دینے لگ گئی اور اریبہ نے موقعے کا فایدہ اٹھایا تھا اور اپنا کام کر دیا آج وہ خوش تھی آخر کار اسے عفت ملک سے چھٹکارہ ملنے والا تھا۔

عائلہ کوفی کا مگ اٹھاتے کچن سے نکلی یرمان باہر گیا تھا تبھی وہ کچن میں موجود تھی ورنہ یرمان اسے کہاں کچھ کرنے دیتا تھا پریگننسی کے تیسرے مہینے میں

ہی وہ اتنی بور ہو چکی تھی بیڈ سے اکتا چکی تھی یرمان کا بس چلتا نو مہینے اسے بستر سے اٹھنے ہی نہیں دیتا۔

"آپ کی کوفی۔۔۔"وہ کمرے میں تھیں ساتھ قیوم ملک بھی تھے عائلہ کو نہیں پتہ تھا تبھی وہ ایک ہی مگ بنا کر لائی تھی عفت ملک کے لیے۔

"یہ تو زیادتی ہے بھئی ہمارے لیے تو کوئی کوفی بناتا ہی نہیں ہے ہم کیا کسی کے لیے ایک اہم نہیں ہیں۔۔؟"قیوم ملک نے شکوہ کیا تو عفت ملک مسکرائی تھی جبکہ عائلہ گھبرا گئی۔

"آپ کے لیے بھی بنا کر لاؤں انکل۔۔۔؟"وہ کچن میں جانے لگی۔

"رہنے دو عائلہ بیٹا یہ کوفی ہم شئیر کر لیں گے یرمان آنے والا ہے تمھیں کچن میں دیکھ لیا تو خوامخواہ ڈانٹے گا جانتی تو ہو تم۔۔۔"گھر میں ہر فرد کو

معلوم تھی یہ بات کہ یرمان عائلہ کے لیے کتنا پوزسیو ہے عائلہ ان کی بات پہ اپنی شال کا کونا مٹھیوں میں جکڑتے واپس صوفے پہ بیٹھ گئی۔

عفت ملک نے ابھی تک کوفی کا گھونٹ نہیں بھرا تھا آج کل ان کی طعیبت ٹھیک نہیں رہتی تھی لیکِن وہ نظر انداز کرتی تھی مگر صبح سے ان کو اپنے سینے میں جیسے جلن سی محسوس ہو رہی تھی۔۔

"آپ ٹھیک ہیں۔۔؟" عائلہ پچھلے کئی دنوں سے نوٹ کر رہی تھی عفت ملک سے پوچھتی بھی تھی لیکن وہ ٹال دیتی مگر آج وہ اسے بہت ڈل ڈل لگ رہی تھیں جیسے اس وقت مشکل سے ان کے ساتھ بیٹھی ہوں۔

"ہاں بیٹا میں ٹھیک ہوں بس۔۔!؛" وہ کیا بتاتی وہ کس قدر خود کو کمزور سا محسوس کر رہی تھیں قیوم ملک کی نظریں بھی عفت ملک پہ تھیں جو بیزار سی لگ رہی تھیں کوفی کا مگ قیوم ملک کے ہاتھ میں تھا جس کو وہ اپنے ہونٹوں

سے لگاتے کہ اس سے پہلے ہی کسی نے ایک جھٹکے سے مگ ان کے ہاتھ سے گرا دیا تھا عائلہ جو ان سے کچھ فاصلے پہ بیٹھی تھی اوٗر اس کے ہاتھ گود میں رکھے ہوئے تھے کوفی اس کے ہاتھوں پہ گری تو وہ چیخی تھی۔۔

"یہ کیا بد تمیزی ہے۔۔۔؟"عفت ملک اپنی جگہ سے اٹھتے اریبہ کے سامنے آئی تھیں۔

یہ پہلی بار تھا کہ اریبہ ان کے کمرے میں آئی تھی اور اس کی اتنی ہمت کہ اس نے عائلہ پہ کوفی گرائی عفت ملک تو اسے تھپڑ ہی مار دیتی لیکن شائد قیوم ملک کا لحاظ کر گئی تھیں۔

"اریبہ تم یہاں کیوں آئی ہو؟اور یہ کیا تھا کوفی کیوں گرائی تم نے عائلہ پہ۔۔۔!؟"یہ منظر دروازے سے داخل ہوتے یرمان ملک نے بھی دیکھا تھا.

"عائلہ تم ٹھیک ہو۔۔۔؟"عفت ملک کو عائلہ کی فکر ہوئی وہ اس کے قریب آتے اس کے ہاتھوں کو دیکھنے لگی جن پہ چھالے بن چکے تھے شاید کوفی زیادہ گرم تھی جو اس کے ہاتھوں کو جلا گئی تھی کچھ زیادہ ہی چھالے بن گئے اس کے ہاتھوں پہ۔

"ٹھیک ہوں آنٹی۔۔۔!؛"بات زیادہ نہ بڑھے عائلہ نے سرسری سا جواب دیا لیکن یہ سچ تھا کہ اس کے ہاتھوں کی سکن جل گئی تھی کوفی گرم تھی اور اس کے کچھ چھنٹے اس کے پیٹ پہ بھی پڑ گئے تھے تکلیف تو ہو رہی تھی لیکن وہ ضبط کر گئی تھی۔

"عائلہ۔۔۔"یرمان نے اسے اپنے سینے سے لگایا اس کی تکلیف پہ وہ تڑپا تھا یہ تو طے تھا کہ اریبہ کی خیر نہیں تھی اب۔

"میں ٹھیک ہوں۔۔۔!؛"یرمان کی آنکھوں میں پھیلتی وحشت دیکھ کر عائلہ کو سرد لہر اپنے وجودِ میں سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی وہ یرمان کے غصے سے ہمیشہ ہی ڈر جاتی تھی۔

"میں وہ۔۔۔ قیوم اس کوفی میں زہر تھا۔۔۔؟"اریبہ بری طرح سے پھنس چکی تھی وہ تو یہ کوفی عفت ملک کے لیے بنا بھیج رہی تھی لیکن یہاں معاملہ الٹا ہو گیا تھا جس قدر اس کوفی میں زہر کی مقدار تھی اگر قیوم ملک ایک سپ بھی لے لیتے تو شاید جان سے جاتے اریبہ کیسے ایسا کوئی نقصان افورڈ کر سکتی تھی بنا سوچے سمجھے اس نے کوفی کا مگ گرایا تھا لیکن یرمان کے کڑے تیور اس کو یہ سمجھانے کو کافی تھے اس بار مقابل آسانی سے چھوڑے گا نہیں اسے۔۔۔

"کیا بکواس کر رہی ہو تم؟ کوفی عائلہ بنا کر لائی تھی وہ کیوں زہر ملائے گی کوفی میں۔۔ ہر کسی کو اپنے جیسا سمجھا ہوا ہے تم نے۔۔۔"عفت ملک کو تو مانو آج موقع مل رہا تھا ساری بھڑاس نکالنے کا۔

"میں بکواس نہیں کر رہی ہوں سچ ہے یہ آگر یقین نہیں آتا ہے تو کوفی پی کر دیکھ لیں میں بیوقوف نہیں ہوں جو یہ کوفی پینے دیتی اپنے شوہر کو جبکہ مجھے معلوم تھا کہ اس میں زہر ہے جو کسی بھی جان لے سکتا ہے۔۔۔"اریبہ کا لہجہ بے لچک تھا وہ اس سچویشن کے لیے ریڈی تھی اب سب کے سامنے اسے عائلہ پہ الزام لگانا تھا آگر عفت مر جاتی پھر عائلہ پہ الزام آتا یہ اور بھی آچھا ہوتا۔

"تم اپنے حواسوں میں نہیں ہوں اریبہ جاؤ اپنے کمرے میں ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا تم ڈیڈ کی بیوی ہو تو تُمھاری یہ بکواس سن رہا ہوں آگر تُمھاری

جگہ کوئی اوٗر انسان ہوتا تو اس وقت میرے سامنے کھڑا بکواس نہیں کر رہا ہوتا۔۔۔"یرمان غرایا تھا عائلہ نے اپنی آنکھیں رگڑی وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ اریبہ اس پہ اتنا بڑا الزام لگائے گی۔

وہ نہیں جانتی تھی کہ یرمان اس پہ بھروسہ کرے گا بھی نہیں یقیناً یہاں معاملہ قیوم ملک کی زندگی کا تھا وہ کیسے برداشت کر لیتا یہ بات آسانی سے۔

"میں بلکل ٹھیک کہہ رہی ہوں کچن سے وہ ریپر دیکھ کر آئی ہوں جو میڈیسن اس نے کوفی میں ملائی ہے تبھی بنا سوچے سمجھے میں نے یہ ایکٹ کیا مجھے اپنے شوہر کی زندگی بہت عزیز ہے آپ کو بھلے اپنے ڈیڈ سے زیادہ اپنی بیوی پیاری ہو لیکن مجھے اپنے شوہر کی فکر ہے کیسے کچھ ہونے دیتی انہیں۔۔۔"اریبہ اپنی بات پہ قائم تھی۔

"تو تمھارے کہنے کا مطلب ہے کہ عائلہ زہر دینے والی تھی ان کو۔۔۔ تم نے کچن میں دیکھا ریپر۔۔۔؟"عفت ملک اریبہ کے سامنے آچکی تھیں جبکہ قیوم ملک خاموش تھے وہ کبھی بھی نہیں مان سکتے تھے کہ عائلہ ایسا کچھ کر سکتی تھی وہ عائلہ کو اچھے سے جانتے تھے بہت معصوم تھی وہ لیکن اریبہ کیوں اتنا بڑا الزام لگا رہی تھی آخر کس بنیاد پہ۔

"ہاں میں نے جو دیکھا وہ بتا رہی ہوں عائلہ مارنا چاہتی تھی میرے شوہر کو۔۔۔"اریبہ ایک چور نگاہ قیوم ملک کے چہرے پہ بھی ڈال دیتی کہ وہ کیا سوچ رہے ہیں۔

"لیکن عائلہ تو میرے لیے کوفی لائی تھی تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ مجھے مارنا چاہتی تھی کیونکہ کوفی تو میں نے دی ان کو۔۔۔ عائلہ میرے لیے لائی تھی ان کے لئے نہیں۔۔۔!؛"عفت ملک کی بات پہ اریبہ کے چہرے پہ ایک

رنگ آیا اور ایک گیا یہ کیسے وہ بھول گئی خود ہی تو زہر ملایا گیا وہ بھی عفت ملک کے لیے اور خود ہی بھولتے قیوم ملک کا حوالہ دے رہی تھی۔

"ہاں تو ہو سکتا ہے آپ کے لئے ملایا ہو زہر میں نے تو جیسے ہی دیکھا آگئی یہاں آگے کوفی کا مگ ان کے ہاتھ میں تھا تو مُجھے لگا کہ شائد اس نے ان کے لیے یہ سب کیا لیکن اب لگتا۔۔۔"

"شٹ اپ۔۔۔" یرمان دھاڑا کہ کمرے کے در و دیوار بھی ہل گئے آگر وہ اریبہ کی بکواس برداشت کر رہا تھا تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں تھا کہ اس کے دل میں جو آرہا تھا وہ بولتی رہتی یرمان ملک اتنا بھی اچھا نہیں تھا کہ اس کی یہ بکواس برداشت کر لیتا۔

"یرمان تم بھول رہے ہو اریبہ میری بیوی ہے۔۔۔" قیوم ملک کو پسند نہیں آئی یرمان کی ٹون وہ جس لہجے میں بات کر رہا تھا اریبہ سے وہ مناسب نہیں تھا۔

"اوُر آپ کو اپنی بیوی کی بکواس نہیں سنائی دے رہی ہے آپ کو لگتا ہے عائلہ آپ کو یا مام کو زہر دے کر مارنے کی کوشش کر سکتی ہے۔۔۔" یرمان کو افسوس ہوا اس نے مام کے اگینسٹ جا کر ڈیڈ کا ساتھ دیا تھا مگر اس پل یہ احساس ہوا جیسے اس کے غلط کیا اپنی مام کے ساتھ۔

"یرمان کول ڈوان۔۔۔!؛"

"سیر سیلی ڈیڈ کول ڈوان مطلب آپ کو فرق نہیں پڑتا ہے اس نے میری بیوی پہ الزام لگایا ہے میں برداشت نہیں کر سکتا ہوں۔۔۔" یرمان اب کی بار قیوم ملک کے سامنے اپنا غصہ ضبط نہیں کر پایا اسے برا لگا تھا قیوم ملک کیسے

اریبہ کا ساتھ دے سکتے تھے یعنی انہیں بھی یہ لگ رہا تھا کہ اریبہ جو بکواس کر رہی ہے وہ بلکل سچ ہے۔

"یرمان بیٹا آعائلہ کی حالت دیکھو کنٹرول کرو خوُد پہ یہ لڑکی جھوٹ بول رہی ہے میں جانتی ہوں اور اب تو مجھے اس لڑکی کا پلان بھی سمجھ میں آگیا ہے بیٹا پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو جائے گا عائلہ کے لیے ٹینشن لینا ٹھیک نہیں ہے۔۔۔"عفت ملک کو عائلہ کی حالت دیکھ کر کسی گڑبڑ کا احساس ہوا اس کا لٹھے کی مانند ٹھنڈا پڑ تا رنگ دیکھتے اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ وہ کتنی مشکل سے کھڑی ہے یہاں اپنے حق میں وہ کچھ بول بھی نہیں پا رہی تھی۔

"میم یہ وہ ریپر ہے جو کچن میں پڑا تھا۔۔۔!؛"اریبہ کچھ بولتی کہ میڈ آندر آئی اور ایک ریپر عفت ملک کو دیا جو کہ مڑا ہوا تھا لیکِن پھر بھی اس کے اوپر لکھا نام وہ پڑھ چکی تھیں۔

وہ زہر ہی تھا لیکن عائلہ ایسا کیونکر کرے گی بھلا وہ عائلہ پہ شک نہیں کر سکتی تھی نہ ہی سوچ سکتی تھیں لیکن اریبہ کیسے جانتی تھی اس بارے میں یہ سوچ ان کو مسلسل پریشان کر رہی تھی کچھ تو تھا جو وہ مس کر رہی تھیں۔

"یہ جھوٹ۔۔۔ہے۔۔۔۔میں۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔"عائلہ یرمان کی گردن میں بانہیں ڈال گئی جیسے یہ ڈر ہو کہ یرمان کہیں چھوٹ ہی نہ دے اسے۔

"میں نے تم سے کچھ پوچھا عائلہ ؟ مُجھے تم پہ بھروسہ ہے تم ایسا کچھ نہیں کر سکتی ہو یہ کسی اور کی پلاننگ ہے۔۔۔"یرمان کی سرد نظریں اریبہ پہ تھیں جو لڑکی اپنے بچے کے قتل کا الزام کسی دوسرے پہ لگا سکتی تھی جھوٹ بول سکتی تھی وہ کچھ بھی کر سکتی تھی یرمان کو شروع دن سے ہی ڈیڈ کا ساتھ نہیں دینا چاہیے تھا۔

مام بدل چکی تھیں اتنی غلطیوں کے بعد شاید ان کو احساس ہو گیا تھا کہ وہ اب پوری کوشش کرتی تھیں کہ ڈیڈ گھر اور بچوں کو ٹائم دیں۔

"یرمان کوفی میں واقعی میں زہر تھا مُجھے عائلہ پہ شک نہیں ہے نہ ہی کروں گی کیونکہ عائلہ ایسا نہیں کر سکتی ہے لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ یہ سب کیا کس نے۔۔۔؟"عفت ملک پریشان تھیں۔

"کون کر سکتا ہے اس کے علاوہ۔۔۔؟"یرمان پوری طرح سے بدگمان ہو چکا تھا عائلہ پہ الزام لگا کر اریبہ نے بہت بڑی غلطی کی تھی اور اس غلطی کا کیا خمیازہ وہ بھگتنے والے تھی نہیں جانتی تھی۔

"میں کیوں کروں گی۔۔!؟"اریبہ نے قیوم ملک کو دیکھا وہ خاموش تھے یرمان کا بدلا رویہ ان کو یہ واضح کر چکا تھا کہ یہاں معاملہ اس کی بیوی کا ہو گا

وہ چپ نہیں رہے گا بلکے اگر اسے سب کے خلاف ہونا پڑا وہ ہو جائے گا لیکن اپنی بیوی کے اوپر کوئی الزام برداشت نہیں کرے گا۔

"تو مام کی دشمن تم ہی ہو۔۔۔؟"عفت ملک نے اپنا گلہ جکڑا اتنے دنوں سے وہ جو تھوڑا تھوڑا زہر پی رہی تھیں اُس نے بھی تو اثر دکھانا تھا۔

"مام آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟"وہ لڑکھڑائی تھی اس سے پہلے کہ گرتی یرمان نے ان کو تھامتے اپنے حصار میں لیا عائلہ پریشانی سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

"مُجھے ایسا لگ رہا ہے جیسے میرے اندر آگ دہک رہی ہے یرمان مجھے کچھ ہو رہا ہے۔۔۔"وہ اپنا سینہ مسل رہی تھیں اریبہ نے لب بھینچے ہوئے تھے بس آج کی ڈوز یہ عورت پی لیتی تو اس وقت دنیا سے کوچ کر چکی ہوتی اس کا تو عائلہ پہ الزام لگانا بھی اس کے حق میں اچھا ثابت نہیں ہو رہا تھا عائلہ کا شوہر اس کی ڈھال بن چکا تھا۔

"مام ریلیکس میں ڈاکٹر کو کام کرتا ہوں۔۔۔"طعیبت عفت بیگم کی بگڑ رہی تھی اوَر دل بوجھل قیوم ملک کا ہو رہا تھا ان کو ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے کوئی ان کے وجود سے جان کھینچ رہا ہو وہ تیزی سے آگے آئے اور عفت ملک کو بانہوں میں بھرت بیڈ پہ لٹایا۔

ان کے لہجے میں چھپی محبت بے قراری ہر ایکٹ سے واضح ہو رہا تھا وہ عفت ملک سے کتنی محبت کرتے تھے اریبہ کے لیے یہ سب برداشت کرنا مشکل ہوا لیکن فحال تو اسے پلان پہ کام کرنا تھا کسی طرح اس لڑکی کا پتہ صاف کرنا تھا۔

"یہ ٹھیک ہو جائیں گی۔۔۔!؛"عائلہ کی اپنی طعیبت بگڑ رہی تھیں لیکن وہ عفت ملک کو سوچتے پریشان تھی کہ ان کو کچھ نہ ہو جائے۔

"عائلہ پلیز تم پریشان مت ہو تمھاری اپنی طعیبت خراب ہو جائے گی۔۔۔"یرمان نے اس کو حصار میں لیا عفت ملک ہوش میں تو تھیں لیکن ان کی طعیبت بہت خراب تھی قیوم ملک ان کے ساتھ بیٹھے نرمی سے ان کی پیشانی سہلا رہے تھے.

"ڈاکٹر پلیز جلدی سے چیک کریں مام کو!ان کی طعیبت اچانک سے خراب ہو گئی یہ بلکل ٹھیک تھیں۔۔"ملازمہ ڈاکٹر کو اندر لے آئی تو یرمان ڈاکٹر سے بولا جو اپنا سامان نکال رہی تھی۔

"مُجھے چیک اپ کرنے دیں ان کا۔۔۔!؛"ڈاکٹر قیوم ملک سے بولی جو عفت ملک کے پاس سے اٹھنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے ڈآکٹر نے چیک اپ کیا

۔

"ان کو زہر دیا جا رہا تھا پچھلے کئی دنوں سے جو ان کی پوری باڈی میں پھیل چکا ہے ان کا ٹریٹمنٹ کرنا ہو گا ورنہ یہ زہر ان کو نقصان پہنچائے گا۔۔۔"ڈاکٹر کی بات پہ گویا سب کے سروں پہ دھماکا ہوا تھا عفت ملک کو پچھلے کئی دنوں سے زیر دیا جا رہا تھا اور وہ جانتے ہی نہیں تھے۔

"ڈاکٹر آپ کو کوئی غلط فہمی ہوئی ہو گی ایسا کیسے ہو سکتا ہے بھلا کون دے سکتا ہے ان کو زہر۔۔۔"وہ سبھی حیران کن تھے۔

"ڈیلی بہت تھوڑی مقدار میں دیا جاتا تھا تاکہ یہ آندر ہی اندر کمزور ہوتی رہیں اگر یہ سلسلہ چلتا رہا تو ان کے لیے سرائیو کرنا مشکل ہو جائے گا یہ زہر کوئی عام زہر نہیں ہے بہت خطرناک قسم کا زہر ہے اب اگر ان کی موت ہو جاتی اچانک سے۔۔تو یہ نیچرل ڈیتھ سمجھی جاتی کوئی نہیں جان پاتا

کہ ان کو زہر دیا جارہا تھا۔۔"ڈاکٹر سنجیدگی سے ساری صورتحال بتارہی تھی

۔

"یہ دیکھیں ڈاکٹر۔۔۔کیا یہ زہر ہی تو نہیں ہے۔۔۔؟"یرمان نے رپیر ڈاکٹر کو دکھایا تھا۔۔

"جی یہی زہر ان کو دی جارہی تھی اوَر یہ زہر ان کے لئے خطرہ ہے یہ پولیس کیس بھی بن سکتا ہے آپ کو جلد از جلد اس انسان کو ڈھونڈنا ہو گا اس سے پہلے کہ دیر ہو جائے اور آپ لوگوں کے پاس صرف پچھتاوارہ جائے۔۔۔"ڈاکٹر عفت ملک کا ٹریٹمنٹ مکمل کر چکی تھی وہ ہوش میں آچکی تھیں۔

وہ تو ہکا بکا تھیں جیسے یقین نہ آ رہا ہو کہ ان کو پچھلے اتنے دنوں سے زہر آلود کوفی پلائی جا رہی تھی عائلہ نے تو آج کوفی بنائی تھی پہلے میڈ بناتی تھی تو کیا میڈ بھی ان کو زہر دینے کے منصوبے میں شاملِ تھی۔

"یہ بہت گھمبیر صورتحال ہے جیسے معلوم کریں۔۔۔؟" قیوم ملک اپنی داڑھی پہ ہاتھ پھیرتے بولے تو یرمان نے اُنہیں دیکھا تھا.

"آپ کو ابھی تک نہیں معلوم کہ یہ سب کس نے کیا ہے یہ ہیں مام کی اس حالت کی زمہ دار۔۔۔" یرمان کا بس نہیں چل رہا تھا اس لڑکی کو جان سے مار دے۔

"یرمان میں نے پہلے بھی کہا ہے اپنی ٹون پہ کنٹرول کرو اریبہ ایسا نہیں کر سکتی ہے۔۔۔" عفت ملک نے اُس میڈ کو بلایا جو ان کو کوفی دیتی تھی ڈیلی۔

"میم میں تو ڈیلی کوفی بنا کر آپ کو دے جاتی تھی میں بھلا کیوں آپ کا زہر دینے کی کوشش کروں گی یہ الزام نہ لگائیں مجھ پہ۔۔۔"میڈ کے ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے یرمان کا غصہ ایک طرف عفت ملک کی حالت دیکھ کر وہ بہت پریشان تھی۔

"تو تمھارے علاوہ مُجھے اور کوئی کوفی بنا کر بھی نہیں دیتا پھر کون کرے گا یہ حرکت۔۔۔"اریبہ ہونٹوں کو کاٹ رہی تھی یہ میڈ آگر کچھ بول دیتی تو اس کے لیے بہت مشکل ہونے والی تھی۔

"تُمھارے کوفی بناتے کون کچن میں آتا جو تم سے بات کرتا تھا۔۔۔؟"یرمان نے استفسار کیا۔

"سر اریبہ میم ہی آتی تھیں کہ میرا یہ کام کر دیں وہ کام کر دیں لیکن میم کو کوفی دینے کے بعد میں وہ کام کرتی تھی اوٗر تو کوئی نہیں آتا تھا کچن

میں۔۔۔۔"میڈ اریبہ کی آنکھوں میں پھیلی وحشت سے نظریں چرا گئی فحال اپنی نوکری بچانی تھی جو سچ بول کر ہی بچائی جا سکتی تھی۔

"واٹ اریبہ ؟"پہلا جھٹکا تو قیوم ملک کو لگا تھا اریبہ آخر کیا کرنے جاتی تھی کچن میں یہ حرکت ابرش کی سب کے سامنے اسے مشکوک کر رہی تھی قیوم ملک جو اب تک اریبہ کے ساتھ تھے اب ان کو بھی تھوڑا سا شک ہونے لگا تھا۔

"مجھے نہیں ہوتا تھا پتہ کہ عفت کی کوفی بنا رہی ہوتی تھی مجھے جب بھی کوئی کام پڑتا میں کہہ دیتی تھی آپ اس بنیاد پہ مجھ پہ الزام نہیں لگا سکتے ہیں قیوم۔۔۔!؛"اریبہ نے اپنی گھبراہٹ پہ کنٹرول کرنے کی ناکام کوشش کی۔

"میم میں آپ کو بتاتی تھی کہ میں عفت میم کی کوفی بنا رہی ہوں اور آپ کو ٹائم کا بھی پتہ تھا آپ جان بوجھ کر آتی تھی اس وقت کچن میں جب میں میم

کے لیے کوفی بنا رہی ہوتی تھی شاید آپ ہی کوفی لے مگ میں ڈال دیتی ہوں گی زہر مجھے تو نہیں معلوم۔۔۔"میڈ کو ویسے بھی اریبہ پہ شک تھا اور آج موقع مل رہا تھا تو اس نے اپنے خدشات کا اظہار کر دیا آج بھی جب عائلہ کوفی بنا رہی تھی اور اپنے سیل فون میں بیزی تھی اس نے اریبہ کو کچن سے نکلتے دیکھا تھا لیکِن خاموش رہی۔

"تم مجھ پہ جھوٹا الزام لگا رہی ہو قیوم یہ جھوٹ بول رہی ہے میں کیوں کروں گی ایسا۔۔۔!؛"اریبہ کے تو ہاتھ پاؤں پھول گئے تھے جیسے اس ملازمہ سے کہاں توقع تھی کہ وہ یوں سب کے سامنے اس کے بارے میں بول دے گی۔۔

"میم میں آپ پہ جھوٹا الزام نہیں لگا رہی ہوں چلیں پہلے تو شاید میں غلط تھی لیکن آج آپ کچن سے نکل رہی تھیں جب عائلہ میم کوفی بنا رہی تھیں میں

نے خوُد دیکھا آپ کو وہاں سے نکلتے یہ بھی کہہ دیں کہ جھوٹ ہے۔۔۔" یہ وار زیادہ کڑا تھا۔

"اریبہ یہ کیا سن رہا ہوں میں۔۔۔؟" قیوم ملک اریبہ کی طرف بڑھے تھے اب شک کی کوئی گنجائش باری نہیں رہی تھی ملازمہ کی باتیں اریبہ کا اُسی ٹائم کچن میں جانا جب عفت کے لیے کوفی بن رہی ہوتی سب یہ ہی واضح کر رہے تھے کہ اریبہ نے ہی عفت ملک کو زہر دینے کی کوشش کی تھی۔

"نہیں قیوم ملک نہیں۔۔۔" قیوم ملک کے اریبہ کے قریب پہنچنے سے پہلے ہی یرمان اریبہ کے قریب آیا تھا اور بنا سوچے سمجھے ایک زوردار تھپڑ اسے دے مارا آندر اٹھتا طیش و اشتعال تو کسی صورت کم نہیں ہو رہا تھا وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ اریبہ اتنی گری ہوئی حرکت کرے گی۔۔

"یرمان یہ ہمارا آپسی معاملہ ہے میں خود دیکھ لونگا تمھیں یہ حق نہیں ہے کہ تم اریبہ پہ ہاتھ اٹھاؤ۔۔۔" قیوم جیسے آندر سے ٹوٹ چکے تھے پہلے عفت ملک کی وجہ سے ایک لمبا عرصہ انھوں نے بہت کچھ سہا اؤر اب اریبہ وہ تو واقف تھی قیوم ملک کی حالت سے سب کچھ جانتی تھی پھِر کیوں اریبہ نے یہ سب کیا اسے عفت ملک سے مسلہ تھا بول دیتی وہ اریبہ کو مینشن میں نہیں رکھتے لیکن اریبہ نے تو عفت ملک کو جان سے مارنے کی کوشش کی۔

"ڈیڈ یہ آپ کا آپسی معاملہ ہوتا تو میں درمیان میں کبھی نہیں بولتا یہ میری مام کا معاملہ ہے آپ کی بیوی نے میری مام کو زہر دے کر مارنے کی کوشش کی ہے میں اسے پولیس کے حوالے کرونگا اور میری بیوی پہ جھوٹا الزام لگایا اس کی سزا آلگ سے ہی ہو گی میں نے آپ کا ساتھ دیا مام کو ناراض کیا لیکن یہ صلہ ملا مجھے آگر مام کو کچھ ہو جاتا تو کون زمہ دار ہوتا۔۔۔" اس کا غصہ کسی

صورت کم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا وہ اریبہ کو معاف نہیں کرنے والے تھے لیکن جو بھی تھا اریبہ ان کی عزت تھی وہ اسے پولیس کے حوالے نہیں کر سکتے تھے۔

"پولیس کو اس معاملے میں انوالو کرنے کی ضرورت نہیں ہے یرمان اریبہ میری مجرم ہے اسے سزا بھی میں خود دوں گا تم عفت کا خیال رکھو۔۔۔" وہ اریبہ کو بازو سے پکڑتے گھسٹتے کمرے سے باہر لے جاتے کہ عفت ملک کے لفظوں نے ان کو جیسے جکڑا تھا۔

"آپ کو آگر اپنی بیوی سے اتنی ہی محبت ہے کہ آپ اسے پولیس کے حوالے نہیں کر سکتے ہیں تو اسے یہاں سے لے جائیں میں اس لڑکی کو اپنے گھر میں برداشت نہیں کر سکتی ہوں اس نے تو یہ لحاظ نہیں کیا کہ آپ کا کھا رہی ہے اسے یہ مینشن چاہیے یہ میری جگہ لینا چاہتی ہے خیر وہ تو لے چکی

ہے اور میری اپنی غلطیوں کی وجہ سے۔۔۔ لیکن آپ بھی میرے دل سے اُتر گئے ہیں قیوم میں مانتی ہوں بہت بری ہوں آپ سے دور رہی وقتِ نہیں دیا لیکن آگر آپ سے دور رہی تو کسی اور کے قریب جانے کا بھی نہیں سوچا پر آپ نے تو نئی رنگیاں ڈھونڈلی۔۔۔ "عفت ملک نے سوچا تھا وہ قیوم ملک سے شکوہ نہیں کریں گی غلطیاں بھی تو اپنی ہی تھیں جو وہ دور ہوئے مگر آج ہوئے واقعے کے بعد وہ جیسے آندر سے ٹوٹ گئی تھیں۔

"آپ کے دل سے اُتر گیا میں؟ آپ کے دل میں تھا ہی لگ جو اتر گیا میں۔۔۔!؛" وہ تلخ سے ہوئے اریبہ کی طرف سے ملنے والے دھوکے سے وہ جیسے ٹوٹ سے گئے تھے ایک سراغ سے دوبار ڈسا گیا ان کو پہلے عفت ملک اور پھر اریبہ ملک شاید اس معاملے میں وہ تھے ہی بدنصیب۔

"آپ کو اپنی غلطیاں بھی نہیں بھولنی چاہیے جو آپ نے کیا یہ سب اُسی کا نتیجہ ہے۔۔۔"اریبہ کی جان پہ بنی تھی پر پھر بھی وہ بولنے سے باز نہیں آ رہی تھی۔۔۔۔وہ چاہتی تھی قیوم ملک کو احساس ہو کہ اس نے جو کیا وہ غلط تھا لیکِن اریبہ اپنی جگہ پہ بلکل ٹھیک تھی۔

"اریبہ خاموش رہو تم یہ میرا اور عفت کا معاملہ ہے تمھیں درمیان میں بولنے کی ضرورت نہیں ہے پر جو تم نے کیا ہے اس کو میں آسانی سے بھولنے والا نہیں ہوں تمھیں حساب دینا ہو گا۔۔۔" قیوم ملک کا دل کسی نے جیسے مٹھیوں میں جکڑا تھا عفت ملک کی باتوں سے وہ ٹھیک ہی تو کہہ رہی تھیں غلط تو کہیں نہ کہیں وہ خود بھی تھے۔

"میں بھی آپ کی بیوی ہو جیسے یہ ہیں آگر آپ ان کے حقوقِ پورے کریں گے اور مجھ سے منہ موڑیں گے تو حساب تو آپ کو بھی دینا پڑے گا

قیوم۔۔۔بھلے آپ ان لوگوں کی باتوں میں آکر مجھ پہ الزام لگائیں مگر سچ یہی ہے کہ میں نے ایسا ویسا کچھ نہیں کیا ہے میں نے زہر نہیں دیا ہے ان کو۔۔۔بلکے میں نے عائلہ کو دیکھا تھا آیہ میڈیسن منگواتے ہوئے گارڈ سے یقین نہیں آتا تو بلالیں اسے۔۔۔"اریبہ کو اچھے سے یاد تھا اس نے گارڈ سے یہی کہا تھا کہ یہ میڈیسن عائلہ کے لیے لانی ہے وہ بچارا تو نہیں جانتا تھا کہ آگے کونسی میڈیسن ہے وہ تو لے کر آیا تھا اور دی اس نے اریبہ کو ہی تھی۔

"اب یہ کیا تم جان بُوجھ کر بہانے بنا رہی ہو میں نے پہلے بھی کہا ہے اس سب میں عائلہ کو شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے تمھارا معاملہ ہے یہ اور مام سے تمھاری نفرت بھی سب کے سامنے ہے پھر عائلہ کیوں کرے گی

ایسا۔۔۔"وہ اریبہ کو کینہ توڑ نظروں سے گھور رہا تھا اریبہ نے خود کو تسلی دی کہ آخری کوشش ہے کر کے دیکھ لو۔۔۔

"اریبہ چلو میرے ساتھ۔۔۔!؛" قیوم ملک بھی اریبہ کے ڈراموں سے تنگ پڑے تھے۔

"آپ کیوں نہیں بلوا رہے ہیں گارڈز کو کیا یہ ڈر ہے کہ کہیں عائلہ پہ لگا الزام سچ نہ ثابت ہو جائے۔۔۔!؛" اریبہ اپنی بات پہ قائم تھی وہ کسی طور بھی گارڈ کو یہاں بلانا چاہتی تھی۔

"میم آپ فضول کے بہانے بنانے سے بہتر ہے اپنا کیا تسلیم کر لیں عفت میم کو زہر دینے کی کوشش کرنے والا کوئی اور نہیں بلکے آپ تھیں۔۔۔"میڈ کو درمیان میں بولنا اچھا تو نہیں لگ رہا تھا لیکِن پھر بھی وہ خاموش نہیں رہی

اسے سب کو بتانا تھا کہ اریبہ ہی اصل مجرم ہے عائلہ بچاری تو بہت معصوم تھی وہ ملازموں سے بات کرتے اتنا جھجھکتی تھی۔

ابرش ایسی نہیں تھی وہ دانٹ لیتی تھی جب پسند کی چیز نہیں ملتی تو غصہ بھی کرتی تھی لیکِن اتنی روڈ نہیں تھی جب موڈ اچھا ہوتا تو بہت اچھے سے بات کرتی تھی۔

"یو شٹ اپ۔۔ جاؤ تم یہاں سے اوَر گارڈ کو بلاؤ۔۔۔" ملازمہ کا یوں سب کے سامنے بولنا اریبہ کو بلکل آچھا نہیں لگا تھا وہ غصے سے بولی تو ملازمہ باہر نکل گئی چند منٹس بعد گارڈ آگیا تھا.

"تم بتاؤ کیا عائلہ کچھ دن پہلے تم سے کوئی میڈیسن منگوائی تھی یا پھر تم سے کچھ لانے کو کہا۔۔؟" عفت ملک بیزاری سے یہ ڈرامہ دیکھ رہی تھیں وہ

جانتی تھیں کہ یہ سب اریبہ نے کیا ہے لیکن پھر بھی وہ یہ سب اس لیے کر رہی تھی تاکہ کم سے کم قیوم ملک کا غصہ تھوڑا سا ٹھنڈا ہو جائے۔

"سر میم عائلہ کے لیے میڈیسن میں لے کر آیا تھا۔۔۔" گارڈ کے بولنے پہ سبھی چونک گئے تھے سب کی نظریں عائلہ پہ تھیں قیوم ملک کو حیرت کا جھٹکا لگا وہ اریبہ کی ملامتی نظریں خوُد ہی واضع محسوس کر رہے تھے۔۔

"یرمان اب سچ سامنے آچکا ہے۔۔۔ وہ میڈیسن عائلہ نے منگوائی تھی اوُر الزام اریبہ پہ لگ چکا ہے۔۔۔!؛" قیوم ملک کو صورت حال کے بارے میں جان کو اریبہ کا ساتھ دینا تھا جو بھی تھا اریبہ ان کی بیوی تھی۔۔۔ وہ پہلے ہی شرمندہ تھے کہ اریبہ کا ساتھ کیوں نہیں دے سکے انہیں تو کم سے کم اپنی بیوی کا ساتھ دینا چاہیے تھا۔

"میں نہیں مان سکتی ہوں ایسا نہیں ہو سکتا ہے عائلہ نہیں کر سکتی ہے ایسا میرے ساتھ۔۔۔"عفت ملک اپنی بات پہ قائم تھا یرمان اوُر عفت ملک آنکھیں بند کر کے بھروسہ کر سکتے تھے وہ ایسا ویسا کچھ نہیں کر سکتی تھی۔

"میم مجھ سے میڈیسن میم اریبہ نے منگوائی تھی یہ بول کر کہ اس میڈیسن کی ضرورت عائلہ میم کو ہے آگے مُجھے کچھ معلوم نہیں ہے میں نے لا کر ان کو دے دی تھی اوُر یہی میڈیسن تھی جب خرید رہا تھا تو وہاں بیٹھا لڑکا مجھے عیجب نظروں سے دیکھ رہا تھا جیسے میں کوئی انوکھی چیز خرید رہا ہوں اور اب لگتا ہے کہ وہ کیوں مجھے گھور رہا تھا وجہ یہ تھی کہ میں زہر خرید رہا تھا۔۔۔"گارڈ کو یرمان نے واپس بھیج دیا اب سب کی نظریں اریبہ پہ تھیں کہ بناؤ کوئی نیا بہانہ۔

"ہاں میں نے دیا ان کو زہر اوئر پچھلے کافی دنوں سے دے رہی ہوں اور کیا کرتی میں۔۔۔ مجھ سے نہیں برداشت ہوا یہ سب میرے شوہر ہیں یہ عفت نے جو کیا یہ کہتے تھے کبھی نہیں بھول سکتے ہیں یہ زرا سا بدلی تو قیوم ملک تو ان کی ساری غلطیوں کو بھول گئے جیسے انہوں نے کبھی کچھ کیا ہی نہ ہو مجھے کیسے سہہ لیتی۔۔۔" وہ اپنی آنکھیں رگڑنے لگی۔۔۔

"ہاں تو اس کا یہ مطلب تو نہیں تھا کہ تم میری مام کو جان سے مارنے کی کوشش کرتی مانتا ہوں مام نے جو کیا وہ ٹھیک نہیں تھا مام کے رویئے سے ڈس ہرٹ ہو کر ڈیڈ تمھاری طرف متوجہ ہوئے تھے لیکن تم نے کیا کیا خود اپنی غلطی کی وجہ اپنا بچہ کھویا اور اب میری مام کے پیچھے پڑ گئی ہو۔۔۔" قیوم ملک تو خاموش تھے ان سے کچھ بولا ہی نہیں جا رہا تھا اتنی شرمندگی ہو رہی تھی۔

عفت ملک سے نظریں کیسے ملاتے جو کچھ ہو چکا تھا وہ تو نہیں بدل سکتا تھا لیکن ان کی حالت بہت خراب تھی وہ عفت ملک کا مجرم خود کو سمجھ رہے تھے اگر عفت کو کچھ ہو جاتا تو پھر کیسے نظریں ملاتے وہ ابرش اور یرمان سے

۔

کیسے تھوڑی دیر پہلے وہ بیٹے کے خلاف کھڑے ہوئے اریبہ کے لئے اور یہاں اریبہ انہیں اتنا بڑا دھوکا دے چکی تھی وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ اریبہ ان کے ساتھ آیسا کچھ کرے گی۔

"میں تھک چکی ہوں بہت سوچا کہ یہ زندگی میں نے خود چنی تھی اب مُجھے اس زندگی کو جینا ہے لیکِن کیا کروں دل نہیں مانتا ہے عورت ہوں ناں جب تک اس گھر میں نہیں تھی فرق نہیں پڑتا تھا مگر اب آیسا لگتا ہے جیسے جان سے جاؤں گی آگر مزید یہ سب سہا تو قیوم مجھے۔۔۔"

"مجھے چھونے کی کوشش مت کرنا اریبہ۔۔بہت برا ہو گا تمھارے ساتھ۔۔۔تم نے جو کیا ہے وہ میں بھول نہیں سکتا ہوں اپنی غلطی چھپانے کے لیے تم نے عائلہ پہ الزام لگایا کتنی مفاد پرست عورت ہو کاش میں سے نفرت کر پاتا میں کتنا بد نصیب ہوں اپنی دونوں سے نبھانے کی کوشش کی لیکن شائد دونوں کو ہی مجھ پہ ترس نہیں آتا ہے دونوں کو بس اپنے مفاد سے مطلب ہے اتنے سال عفت کے ساتھ رہا کبھی انہیں احساس نہیں ہوا ان کا شوہر کیا چاہتا ہے اُس کی ضرورتوں کو کبھی جاننے کی کوشش ہی نہیں جانتا ہوں اب شکوہ کرنے کا حق نہیں رکھتا ہوں لیکن میرے سینے میں بھی دل ہے میں بھی انسان ہوں تکلیف مجھے بھی ہوتی ہے یہ کیوں نہیں سمجھ سکیں آپ عفت اوَر نہ ہی اریبہ سمجھ سکی تم سے تو سب شئیر کرتا تھا اریبہ۔۔۔تمھارے ساتھ زبردستی نہیں کی تھی میں نے خوَد اپنی مرضی

سے نکاح کیا تھا تم نے۔۔۔ لیکن آج جو پہلو تمھارا میرے سامنے آیا ہے مُجھے نہیں لگتا ہے میں کبھی بھول پاؤں گا۔۔۔"وہ آج پھٹ پڑے تھے اتنے سالوں کا غبار دل میں جمع تھا آج وہ اپنے آندر کی بھڑاس باہر نکال دینا چاہتے تھے۔۔

"قیوم مجھے معاف۔۔۔!؛"ان کی باتوں سے اریبہ کو آپنا دل پھٹتا محسوس ہوا شدت سے احساس ہوا اسے اتنی بڑی غلطی نہیں کرنی چاہیے تھی قیوم ملک کی حالت دیکھتے حق خشک ہو رہا تھا۔

"قریب مت آنا میرے اریبہ تم نے مُجھے اتنا ہرٹ کیا ہے جتنا کبھی عفت کے رویئے نے بھی نہیں کیا میں خوُد کی نظروں میں گر گیا ہوں افسوس ہو رہا ہے میں نے یہ کس لڑکی کا انتخاب کیا۔۔"وہ تاسف سے بولے عفت ملک

نظریں جھکا گئی تھیں قیوم ملک کی تکلیف انہیں اپنی تکلیف محسوس ہو رہی تھی۔

"میں نے غلط کیا قیوم مُجھے احساس ہے پلیز معاف کر دیں جو سزا دینی ہے آپ نے دیں خدا یا خود کو ازیت مت دیں۔۔۔۔" قیوم ملک کو تکلیف میں دیکھنا اس کے لئے بہت مشکل ہو رہا تھا اپنا دل جیسے پھٹ رہا رہا تھا قیوم ملک اسے اپنے پاس تک نہیں آنے دے رہے تھے۔

"ڈیڈ پلیز کنٹرول یور سیلف۔۔۔۔" یرمان جو عائلہ کی وجہ سے ڈیڈ سے سخت خفا تھا ان کی حالت دیکھ کر اسے ترس سا آیا وہ کیسے بھول گیا ڈیڈ نے کیا کچھ برداشت کیا تھا کاش عفت ملک یہ جان پاتی۔

"کیسے کروں یرمان میرا دل پھٹنے کے قریب ہے عفت سے نظریں نہیں ملا پا رہا ہوں اس لئے نہیں کہ ان کے سامنے دوسری بیوی کو لایا بلکے اس وقت

سے کہ میں نے اریبہ کو کیا سمجھا اور یہ کیا نکلی۔۔۔میں پچھلے رویئے کی معافی ان سے مانگوں گا ہی نہیں کیونکہ یہی تو قصوروار ہیں اس صورت حال کی۔۔۔"وہ عفت ملک کی طرف دیکھ رہے تھے جن کی رنگت فق ہو رہی تھی وہ خود سے شرمندہ تھیں۔

"میں نہیں چاہتی ہوں آپ مجھ سے معافی مانگیں قیوم غلطیاں میری ہیں اور اج سچویشن ہے وہ بھی میری وجہ سے ہے کاش کہ میں مر ہی جاتی۔۔۔،"وہ رو دی ان کے ہونٹوں سے مرنے کی بات سنتے کمرے میں موجود تین نفوس بھاگتے ان کے قریب گئے تھے عائلہ جو پہلے تو شرمندگی سے ان کی طرف دیکھ تک نہیں پا رہی تھی وہ اب ان کے ساتھ بیٹھتے ان کے شانے پہ سر رکھ گئی تھی۔

ہاں ابرش اوُر یرمان کے لیے وہ بھلے ایک اچھی ماں ثابت نہیں ہوئی ہو نگی لیکن اس کے لئے وہ ایک بہت اچھی ماں ثابت ہوئی تھیں جو اس کا بیٹی سے زیادہ خیال رکھتی تھیں۔

"آپ جانتی ہیں یہ بات کر کے آپ نے میر اغصہ کتنا بڑھا دیا ہے عفت۔۔۔؟" اریبہ کو اپنا آپ ان سب میں مس فٹ لگ رہا تھا وہ خاموشی سے یہاں چاہتی تھی لیکِن قدم تھے کہ آگے بڑھ ہی نہیں پائے تھے۔

"تو اور کیا کروں قیوم میں دن رات اس پچھتاوے کی آگ میں جلتی ہوں کاش میں وقت پہ سنبھل جاتی تو آج حالات بہت مختف ہوتے۔۔۔" وہ قیوم ملک کا ہاتھ تھام چکی تھیں۔

"جو ہو چکا ہے مام ڈیڈ ہم اس پہ صرف افسوس ہی کر سکتے ہیں لیکن آنے والے کل کو بہتر بنانے کی کوشش ضرور کر سکتے ہیں۔۔۔ آپ دونوں آپسی

معاملات کو سلجھالیں۔۔۔باقی ڈیڈ یہ تو ہے کہ اب سے یہ لڑکی مینشن میں نہیں رہ سکتی ہے آگر یہ یہاں رہی تو میں یہاں سے چلا جاؤں گا عائلہ کو لیکر بنگلے میں پھر آپ ہی رہیں گے یہاں۔۔۔اس مینشن میں اپنی دونوں بیوی کے لئے۔۔۔"یرمان بنا کوئی لچک دکھائے بولا وہ اس وقت اریبہ کو یہاں کیسے برداشت کر رہا تھا وہی جانتا تھا مام اوَر ڈیڈ کا پیچ اپ ہو جاتا یہ اس کی خواہش تھی۔

"تمھیں کہیں جانے کی ضرورت نہیں ہے یرمان میں چلی جاؤں گی یہاں سے بہت دور آپ سب کی زندگیوں سے دور بس میری ایک ریکوسٹ ہے قیوم آپ سے میں نے بہت غلط کیا لیکن آپ سے محبت میں نے دل سے کی بہت سی رشتوں کو کھویا تو آپ کو پایا میں چاہتی ہوں آپ کا نام میرے نام کے ساتھ ہمیشہ رہیں میں نہیں چاہتی ہوں کہ آپ کا نام میرے نام سے ہٹ

جائے میں جی نہیں پاؤں گی۔۔۔"وہ مزید یہاں نہیں رہ سکتی تھی یہاں رہنا مطلب دیرای تکلیفوں سے گذرناوہ نہیں کر سکتی برداشت ہاں دور رہتی تو شاید خود کو سنبھال لیتی۔

"اریبہ تم پہلے والے گھر میں واپس جاؤ گی وہیں رہو گی اوٗر کہیں نہیں جانے دوں گا تمھیں سنا تم نے۔۔۔"قیوم ملک اسے وآپس اسی جگہ بھیج سکتے تھے اس سے زیادہ فیور نہیں دے سکتے تھے۔۔

"نہیں قیوم میں وہاں نہیں رہ سکتی ہوں میں پاکستان چھوڑ کر جارہی ہوں بس میری ریکوسٹ یادرکھیے گا مجھے بس آپ سے یہ ایک فیور

چاہیے۔۔۔"عفت ملک چاہتی تھیں کہ وہ یہاں سے جائے اب جب وہ جا رہی تھی ان کی حالت خراب ہورہی تھی وہ بیوی تھی قیوم ملک کی کیسے جا

سکتی تھی ان کو چھوڑ اس نے قیوم ملک کو تب وقت دیا عفت ملک اپنے کام میں مگن رہتی تھیں.

"یرمان مجھے معاف کر دو میں نے جزبات میں عائلہ کا نام لے لیا مجھے بہت افسوس ہو رہا ہے عائلہ بہت اچھی ہے معصوم سی تمھارا اس پہ ٹرسٹ دیکھ کر بہت اچھا لگ رہا ہے مُجھے۔۔۔"وہ عائلہ سے بھی معافی مانگنا چاہتی تھی ہرٹ تو اس نے عائلہ کو بھی کیا تھا اپنی باتوں سے۔

"آگر تم کرنے سے پہلے سوچ لیتی تو اس وقتِ شرمندہ نہ ہو رہی ہوتی لیکن میں نے تمھیں معاف کیا یہ نہیں کہوں گا کہ میں تمھیں معاف نہیں کر سکتا ہوں جو تم نے کیا ہے وہ معافی کے لائق نہیں ہے اریبہ اگر مام کو کچھ ہو جاتا میں تمھیں جان سے مار دیتا۔۔۔"یرمان کو بھولے سے بھی یہ بات نہیں بھول رہی تھی کہ اریبہ نے اس کی مام کو زہر دیا۔

"جانتی ہوں تمھارے لیے آسان نہیں ہے مُجھے معاف کرنا یرمان نے بہت غلط کیا لیکن تم نہیں سمجھ سکتے ہو میری تکلیف۔۔۔"یرمان نے سر جھٹکا عفت بیگم اور عائلہ خاموش تھیں عفت ملک گہری سوچوں میں ڈوبی ہوئی تھیں یہ فیصلہ ان کے لیے مشکل تھا لیکِن اپنے شوہر کے لیے اُنہیں کرنا ہی تھا۔

"میں نے تمھیں معاف کیا اریبہ۔۔۔"عفت ملک کا یہ جملہ سنتے کسی کو یقین نہیں آیا تھا کہ عفت ملک اریبہ کو معاف کر چکی تھیں۔

"مام یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں آپ اسے معاف کیسے کر سکتی ہیں یار۔۔۔ کہہ دیں آپ مذاق کر رہی ہیں۔۔۔"یرمان نے کٹیلی نگاہوں سے اریبہ کو گھورا تھا اریبہ اتنا سب کچھ کر کے کیسے اب انجان بنی بیٹھی تھی۔

"میں نے بہت سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا ہے یرمان اور اب تم لوگ جاؤ مُجھے قیوم سے کچھ بات کرتی ہے اکیلے میں۔۔۔۔" وہ اپنے دل میں اٹھتے درد پہ بمشکل ضبط کیے ہوئے تھیں ان کا کمپلیٹ ٹریٹمنٹ ہونا تھا اُس کے بعد ہی وہ ٹھیک ہو سکتی تھیں۔

ان کی بات سن کر عائلہ اوَر یرمان اپنے کمرے میں چلے گئے باتوں اوَر اریبہ کی سچائی سامنے پہ یرمان کو یہ احساس نہیں ہوا کہ عائلہ کے ہاتھ جلے ہوئے تھے اوَر اس کے پیٹ پہ بھی گرم کوفی کے قطرے گرے تھے عائلہ کتنی ہی دیر سے اپنی تکلیف ضبط کیے بیٹھی تھی اسنے یرمان سے یا کسی دوسرے سے یہ نہیں کہا کہ مجھے بینڈج ہی کر دیں۔

"کیابات کرنی ہے آپ نے۔۔۔؟" قیوم ملک کو اس پل تنہائی چاہیے تھی وہ عفت کا سامنا نہیں کرنا چاہتے تھے اور اریبہ کی شکل نہیں دیکھنا چاہتے تھے

۔

"مُجھے معاف کر دیں قیوم میں بہت بری ہوں ناں آپ کی محبت کی قدر نہیں کر سکی کاش آپ شادی کی پہلی رات میری بات مان کر مجھ سے دوری بنانے کے بجائے زبردستی ہی سہی مگر آپنا حق لے لیتے تو شاید آج ہمارے درمیان کوئی تیسرا نہیں ہوتا۔۔۔ کیوں ہیں اتنے اچھے کیوں مانتے تھے میری ہر بات۔۔۔" وہ قیوم ملک کے سینے پہ مکے مار رہی تھی جو وہ خاموشی سے سہ رہے تھے۔

"میں جانتی ہوں درمیان میں بہت کچھ ہو چکا ہے لیکن بہت کچھ ہونے سے روکا جا سکتا ہے۔۔۔!؛" وہ اپنے آنسو صاف کرتے بولی۔

"صاف صاف بتائیں آپ کیا کہنا چاہتی ہیں۔۔۔" وہ ان باتوں پہ الجھ سے گئے ساری دُنیا کے لیے وہ روڈ اوئر اکڑو تھے لیکن عفت ملک سے تو انھوں نے محبت کی تھی برداشت کر لیتے تھے لیکن پھر جب جو آن جزبات خود پہ غالب آتے محسوس ہوئے تو پھر اریبہ کی طرف مائل ہوئے تھے محبت تو شاید وہ آج تک عفت ملک سے کرتے آئے تھے۔

"میں چاہتی ہوں آپ اریبہ کو معاف کر دیں۔۔۔" وہ گہرا سانس بھرتے بولی تھیں۔

"یہ آپ کا مسلہ نہیں ہے عفت میں خود دیکھ لونگا مُجھے کیا کرنا ہے آپ بس ریسٹ کریں تھوڑی دیر تک ہاسپٹل چلیں گے فحال مُجھے اریبہ والا معاملہ کلئیر کرنا ہے لیکِن آپ مزید اس بارے میں کچھ نہیں بولیں گی سمجھی آپ۔۔۔" کتنی آسانی سے وہ اریبہ کو معاف کر چکی تھیں اور اب چاہتی

تھیں کہ قیوم بھی اریبہ کو معاف کر دیں پر قیوم ملک کے لیے یہ بہت مشکل تھا۔

"آپ نے جو مجھ سے کبھی محبت کی اُس کی قسم آپ کو قیوم آپ کیوں اپنی عاقبت خراب کر رہے ہیں َآپ سے سوال ہو گا روز محشرِ کیا جواب دیں گے آپ میں گنہگار ہوں آپ سے منہ موڑ کر رب کی نافرمانی کی میں نے مگر آپ بھی اب وہی کر رہے ہیں جو میں نے کیا اریبہ کے چہرے پہ میں نے ندامت کے اثرات دیکھتے ہیں وہ شرمندہ ہے معافی چاہتی تھی میں نے معاف کر دیا آپ بھی کر دیں اسے معاف۔۔۔"وہ قیوم ملک کو قائل کرنے کی کوشش میں تھیں۔

"آپ کو پتہ ہے عفت۔۔!؛جب سے آپ بدلی ہیں میرا دل چاہتا ہے میں آپ کو آپ کی پچھلی غلطیوں کے لیے معاف کر دوں لیکن آپ کی وجہ سے

میں نے بہت کچھ برداشت کیا ہے میں آپ کو معاف نہیں کر سکتا ہوں مگر آپ سے محبت کرنا بھی نہیں چھوڑ سکتا ہوں یہ میرے بس میں نہیں ہے جانتی ہیں جب اُس کے قریب ہوتا تھا دل میں آپ کا خیال آتا تو دل کرتا بھاگ جاؤں مَیں دور لیکِن اریبہ مُجھے اپنی طرف متوجہ کر لیتی تھی یہ سچ ہے اس دل میں جو آپ کی جگہ تھی وہ ہنوز برقرار ہے بھلے آپ سے ناراض ہوا غصہ کیا آپ سے دور رہا لیکن یہ محبت کم ہو گئی مگر ختم نہیں ہوئی کبھی اور اب ایک بار پھر سے یہ گرپ پکڑ رہی ہے۔۔۔"وہ ان کے درمیان سے اریبہ کو نکال دینا چاہتے تھے وہ چاہتے تھے بس وہ دونوں ہاں اتنے سالوں بعد عفت ملک کی توجہ محبت پا کر وہ خود ہو رہے تھے۔

"جانتی ہوں شاید میں مرنے۔۔۔"

"عفت خدایا ایسی باتیں مت کریں کیا چاہتی ہیں آپ میں اریبہ کو اسی گھر میں رکھوں برداشت کر لیں گی آپ اپنی نیچر کا پتہ ہے ناں آپ کو۔۔۔" وہ ان کے سامنے کھڑی تھی چہرے پہ تکلیف بھرے اثرات تھے یقیناً وہ بہت مشکل سے کھڑی تھیں قیوم ملک کو احساسِ ہوا تو فوری انہیں بانہوں میں بھرا تھا وہ ان کے کندھے پہ سر رکھتے رونے لگی تھیں۔

"پلیز طعیبت پہلے ہی خراب ہے۔۔۔" وہ ان کے بالوں کو سہلانے لگے وہ چاہتے تھے عفت ملک ریلکس رہے وہ بیمار تھیں پہلے سے ہی ٹینشن لیتی تو ان کی طعیبت زیادہ خراب ہو جانی تھی۔

"میری بات مان لیں اس گھر میں نہیں اس کے لیے الگ گھر لیں بلکے جو بنگلہ ہے اسے وہاں رکھیں یہاں بھی رہیں گے وہاں بھی چلے جایئے گا قیوم جو مجھ سے ہوا وہ آپ مت کریں جانتے ہیں ناں تکلیف ہوتی ہے وہ بھی ایک

انسان ہے کیسے برداشت کرنے گی وہ۔۔۔"وہ ان کا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے بولی تھیں عفت ملک اس اپنے شوہر کی فکر میں گھل رہی تھیں وہ جانتی تھیں کہ قیوم ملک جذبات میں آکر اریبہ کو خود سے دور کر رہے ہیں مگر یہ صحیح نہیں تھا۔

"عفت وہ خود چاہتی ہے یہاں سے دور جانا۔۔۔"ان نے دلیل دی وہ نفی میں سر ہلانے لگی تھیں۔

"وہ آپ کی وجہ سے کہہ رہی ہے ایسا آپ کی نفرت نہیں برداشت کر سکتی اس وجہ سے لیکن آپ جانتے ہیں وہ چاہتی ہے آپ کا نام اُس کے نام کے ساتھ جڑا لے اوٗر جب وہ آپ سے دور ہو گی تو آپ کی عزت ہو گی یعنی آپ کی زمہ داری جس کے بارے میں پوچھ گچھ آپ سے ہو گی کیا جواب دیں گے آپ۔۔۔"وہ جب دل کو مضبوط کر چکی تھیں اس کے لئے خود کو تیار کر

چکی تھیں تو قیوم ملک کیوں نہیں کر سکتا تھا ایسا وہ کیوں اریبہ کو ایک اور موقع نہیں دے پا رہا تھا آخر۔

"آپ ریسٹ کریں میں اریبہ سے بات کرتا ہوں پھر دیکھتا ہوں کیا کرنا ہے آپ پریشان مت ہوں سب ٹھیک ہو جائے گا ریسٹ کریں بلکے چینج کر لیں میں آتا ہوں تو آپ کو لے چلتا ہوں ہاسپٹل۔۔۔"وہ ان کے ماتھے پہ بوسہ دیتے کمرے سے نکل گئے ان کے جاتے ہی وہ بیڈ پہ لیٹ گئی تھیں۔

••••••

قیوم ملک سیدھا اریبہ کے کمرے میں آئے جو اپنا بیگ پیک کر رہی تھی یعنی وہ تو سنجیدگی سے سوچ چکی تھی یہاں سے جانے کا وہ اندر آ گئے اریبہ اپنے دھیان میں تھی ان کی آمد محسوس کی تو پیچھے مڑتے انہیں دیکھنے لگی جن سے نظریں ملانا اس کے بہت مشکل تھا۔

وہ بہت غلط کر چکی تھی پچھلے اتنے دنوں سے ضیمر نے کئی بار ملامت کیا تھا آ لیکن وہ اس آواز کو ہمیشہ دبا گئی مگر آج اس پل قیوم ملک کے سامنے وہ یہ ماننے کے لیے تیار تھی اس نے جو کیا غلط کیا۔

عفت ملک نے صرف قیوم ملک کو ان کا حق دینے سے انکار کیا اور اریبہ تو نفرت میں اتنی آندھی ہو گئی کہ کسی کی جان لینے کی کوشش کی۔

"میں جانتی ہوں آپ میری کوئی بات نہیں سننا چاہتے ہیں یہاں تک کہ آپ میرے شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتے ہیں میں نے جو کیا وہ معافی کے لائق نہیں ہے آپ کو مجھے معاف بھی نہیں کرنا چاہیے عفت نے معاف کر دیا ہے مجھے ابھی تک یقین نہیں ہو رہا ہے میں بنا سوچے سمجھے یہ ایکٹ سر انجام دے گی یقین مانیں قیوم مجھے ایسا لگ رہا تھا کیسے مزید آپ کے ساتھ عفت کو دیکھا تو میں برداشت نہیں کر سکوں گی وہ اس مینشن کی مالکن بن کر رہتی

تھیں حالانکہ وہ بھی آپ کی بیوی اور میں بھی آپ کی بیوی یہ سوچتی تو دل کٹا تھا پھر کچھ بچہ کھونے کا صدمہ تھا مجھے نہیں سمجھتے لگی میں کیا کر رہی ہوں۔۔۔۔ آپ بس مجھ سے یہ رشتہ ختم مت کیجئے گا میں بہت شرمندہ ہوں آپنی جگہ پہ آگر آپ نے یہ رشتہ ختم کیا میں جی نہیں سکوں گی قیوم بہت محبت کرتی ہوں آپ سے جانتی ہوں میری بات بھی آپ کو جھوٹ لگے گی میں اتنا ہی برا کر چکا ہوں مجھے خوُد سے نظریں ملاتے شرم آرہی ہے آپ سے کیسے ملاؤں بھلا۔۔۔"وہ رخساروں پہ بہتے آنسو رگڑتے قیوم ملک کے سامنے کھڑی ہوئی اس کی ہائٹ قیوم ملک کے سامنے کم تھی کہ ہیلز پہ آج کے کندھے تک بمشکل آتی تھی۔۔

قیوم ملک کو اس سے بات کرنے کے لئے چہرہ نیچے کرنا پڑتا تھا اور اریبہ کو سر اٹھانا پڑتا تھا۔

یہاں لوگ چھوٹے قد پہ چوٹ کرتے ہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہیں وہاں چھوٹے قد والوں کو یہ فایدہ ہوتا کہ انہیں کسی سے بات کرتے ہوئے سر اٹھانا پڑتا ہے اور سامنے والے کو بات کرنے کے لیے جھکانا پڑتا ہے۔

"میری بات سنو اریبہ تم اس مینشن سے جا رہی ہو اس ملک سے نہیں۔۔۔ آگر تم چاہتی ہو کہ میرا نام تمھارے نام کے ساتھ رہے تو تمھیں میری یہ بات ماننی ہو گی ورنہ اگر آوٹ آف کنٹری جانا ہے تو مجھ سے ہر تعلق توڑ کر جانا ہو گا تم سے نکاح کیا اُس وقت لگا نہیں کہ کبھی زندگی میں ایسے حالات کا سامنا بھی کرنا پڑے گا تم نے بہت اچھے سے اپنے فرائض نبھائے لیکن وہ کیا ہے ناں کب کون بدل جائے پتہ نہیں چلتا ہے خیر یہ میرا نصیب۔۔۔۔ مگر تم بنگلے میں شفٹ ہو رہی ہو وہیں رہو گی میں تمھارے پاس بھی رہوں گا اؤر یہاں بھی کوشش کرونگا کہ تم اور عفت کو برابر ٹریٹ کروں یہ اگر

تمھیں منظور ہے تو ٹھیک ہے ورنہ پھر تم یہاں جاؤ گی مجھ سے طلاق لے کر جانا پڑے گا۔۔۔"وہ دوسری کوئی بات نہیں سننا چاہتے تھے اریبہ کے سامنے آپشن رکھ دیا تھا وہ چوز کرتی تو ٹھیک ورنہ پھر ان کے درمیان ہمیشہ کے لئے فاصلے آجاتے ان کا رشتہ ختم ہو جاتا۔

"آپ ایسا سوچ بھی کیسے سکتے ہیں کہ میں آپ سے رشتہ ختم کر دوں گی میں یہاں سے اس لیے جا رہی تھی کہ کیونکہ مُجھے گلٹ ہے میں نے جو کیا وہ غلط تھا آپ سے کبھی نظریں ملا کر بات نہیں کر سکوں گی اس کا افسوس تھا مگر آپ۔۔۔ آپ تو جیسے یہ رشتہ ختم کرنے کے حق میں ہیں۔۔۔"وہ دل ہی دل میں خوش ہوئی تھی قیوم ملک نے جو کہا اسے پسند آیا وہ دونوں کو ایکول رکھتے پھر کیا مسلہ تھا بھلا۔

"میں نے کہا میں تمھیں الگ گھر میں رکھوں گا اریبہ تمھارے تمھارا حق دوں گا اور اگر تم یہاں سے گئی تو یہ رشتہ ختم ہو گا لیکن شاید تم اپنے مطلب کی بات کر رہی ہو کہ تم یہ چاہتی ہو میں یہ رشتہ ختم نہیں کرنا چاہتا اریبہ ہاں جو کچھ ہو چکا ہے وہ بدل نہیں سکتا ہے لیکن پھر بھی مجھے تمھاری عادت ہے۔۔۔"اس کی کلائی تھامے وہ سہلانے لگے اریبہ سسکتے اپنا دوسرا ہاتھ اپنے ہونٹوں پہ رکھ گئی کتنے اچھے تھے وہ اتنا سب کچھ ہو جانے کے بعد بھی اسے معاف کر چکے تھے۔

ورنہ ان کے غصے سے تو اریبہ ڈر گئی تھی۔

"مُجھے بھی آپ کی عادت ہے آپ سے محبت ہے آپ مہنیوں ملنے نہیں آتے تھے انتظار کرتی تھی مگر یہاں لا کر آپ نے غلطی کی۔۔۔"وہ ان کے

سینے پہ سر رکھ جتنی خواہش تھی کہ اس مینشن میں آکر رہے وہ اب مدھم پڑ چکی تھی اس مینشن نے بہت کچھ چھین لیا تھا اریبہ سے۔

"جو ہو گیا ہم بدل نہیں سکتے ہیں اریبہ لیکِن آنے والے وقت کو بہتر بنانے کی کوشش کر سکتے ہیں پیکنگ کرو تمھیں بنگلے میں پہنچا دیا جائے گا مجھے بہت ضروری کام ہے ورنہ خود لے جاتا تمھیں رات کو ٹائم لگا تو آؤں گا وہاں۔۔۔" وہ اس سے اپنی گرتے کمرے سے نکل آئے تھے انہیں عفت کی طعیبت کی فکر کھائے جا رہی تھی وہ ٹھیک نہیں تھیں۔

دل بڑا کر لیا تھا اریبہ کو معاف بھی کر دیا تھا لیکِن عفت کی حالت دیکھ کر ان کا غصہ بڑھ رہا تھا وہ عفت ملک کو ہاسپٹل خود لے کر جانے والے تھے عائلہ کی طعیبت بھی ٹھیک نہیں تھی ورنہ یرمان لے جاتا عفت کو۔

قیوم ملک نے یرمان کو بتایا ہی نہیں کہ وہ عفت کو لیکر جا رہے ہیں ورنہ وہ ان کے ساتھ آ جاتا اوُر عائلہ اکیلی ہو جاتی۔

وہ عفت ملک کو بازوؤں کے حصار میں لیے آہستہ آہستہ چلتے کار پورچ میں آئے اریبہ کی نظر ان پہ پڑ گئی تھی ان کا ضروری کام یہ تھا وہ نظریں پھیر گئی عورت تھی کچھ چیزیں اس کے لیے برداشت کرنی ہمیشہ ہی مشکل رہنی تھیں

۔

وہ تھوڑا سا دروازے کے ساتھ ہو گئی کہ عفت ملک اوُر قیوم ملک کی نظر اس پہ نہ پڑے اپنی آنکھوں سے گرتا آنسو اس نے انگھوٹھے سے صاف کیا اور ایک الوداعی نگاہ ملک مینشن پہ ڈالتے وہ آنکھیں موند گئی تھی۔

••••••

ابرش فری بیٹھی تھی ضامن اپنی کلاس لے رہا تھا اس کی ایکسٹرا کلاس تھی ضامن نے ابرش سے کہا تھا وہ اسے گھر چھوڑ آتا ہے کیونکہ تو تقریباً شام ہو جانی تھی یہاں لیکِن ابرش نے منع کر دیا کہ وہ ضامن کے ساتھ ہی جائے گی ضامن کو یورنیورسٹی میں وہ ایک پل کے لیے بھی اکیلا نہیں چھوڑ سکتی تھی خاص طور پر اُس دیدم کے ہوتے تو بلکل بھی نہیں چھوڑ سکتی تھی۔

ابرش ضامن کے کیبن میں بیٹھی اس کا لیپ ٹاپ یوز کر رہی تھی یہ لیپ ٹاپ اسے یورنیورسٹی کی طرف ملا تھا جو ادھر کیبن میں ہی پڑا رہتا تھا ابرش نے اسے آؤن کر لیا ویسے بھی بور ہو رہی تھی پھر ضامن بھی نہیں تھا اُس کی فرسٹ سمسٹر والوں کے ساتھ کلاس تھی۔

ابرش ضامن کو سوچتے مسکرائے جا رہی تھی پوری کلاس میں آج ضامن کی نظریں اس پر سے ہٹی نہیں تھی وہ مسلسل ابرش کو نظروں کے فوکس میں

رکھے ہوئے تھا کوئز لیتے ہوئے بھی وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا ابرش کا کوئز اچھا ہو گیا تھا۔۔

جب سے اس کا سمسٹر کمپلیٹ ہوا تھا میم انعم یہاں سے جا چکی تھیں وہ جانا تو نہیں چاہتی تھیں لیکن ان کی فیملی میں کوئی ایشو تھا جس کی وجہ سے وہ دوسرے شہر شفٹ ہو گئے اُن کے جانے کی خبر سن کر سب سے زیادہ خوش ابرش ہوئی تھی کہ اب اسے کوئی پریشانی نہیں تھی لیکن یہ اس کی خام خیالی تھی اب یہ دیدم ان کی زندگی میں آ چکی تھی جو شاید ابرش کی جگہ لینا چاہتی تھی۔

کیبن کا دروازہ نوک ہوا تو ابرش نے اپنی شال سنبھالتے لیپ ٹاپ سائیڈ پہ رکھا۔

اندر آنے والی کوئی اور نہیں بلکے دیدم تھی ابرش کو تو لگا تھا کہ وہ جا چکی ہو گی لیکن اس وقت وہ بھلا ضامن کے کیبن میں کیا کرنے آئی تھی ابرش جیسے جیسے سوچ رہی تھی اس کے اندر کا اشتعال بڑھتا جا رہا تھا۔

"کیا کرنے آئی ہو یہاں۔۔۔؟" ابرش جارحانہ انداز میں صوفے سے اٹھتے دیدم کے سامنے آئی۔ جو ابرش کو ضامن کے کیبن میں دیکھتے خاصی حیران ہو رہی تھی اس بچاری نے تو کچھ اور سوچا تھا۔

وہ تو گھر جانے والی تھی پھِر ضامن کی ایکسٹر اکلاس کا پتہ چلا تو رک گئی کہ اسی بہانے ضامن سے بات کرنے کا موقع مل جائے گا کلاس میں تو ضامن اسے اگنور کرتا تھا سوائے ابرش کے اور کسی کی طرف نہیں دیکھتا تھا۔

"کیا مطلب ہے ابرش ملک میں یہاں نہیں آسکتی ہوں؟ یہ کیبن آپ کی ذاتی ملکیت تو نہیں ہے۔۔۔!" ابرش کی بات پہ دیدم کو غصہ آیا پہلے ہی

ابرش کو دیکھ کر موڈ خراب ہوا تھا مزید کسر ابرش کے سوال نے پوری کر دی تھی۔

"میرے شوہر کا ہے تو میری ملکیت ہوا۔۔۔ تمھیں جو کام تھا وہ بتاؤ مجھے اور چلتی بنو یہاں سے۔۔۔" ابرش پھنکاری تھی ضامن کسی بھی لمحے آجاتا وہ نہیں چاہتی تھی کہ ضامن کا اور اس لڑکی کا آمنا سامنا ہو اس لڑکی کی نظروں میں کچھ آیسا ہوتا تھا وہ ہمیشہ ٹھٹھک جاتی تھی۔

"کیوں چلتی بناؤں میں۔۔؟ تم نے خرید تھوڑی لیا ہے اسے اور ویسے بھی زبردستی کے رشتے زیادہ پائیدار نہیں ہوتے ہیں کیا پتہ آج تم سر کے ساتھ ہو کل نہ ہو اتنے اونچے خواب انسان کو دیکھنے نہیں چاہیئے۔۔۔" دیدم اور کچھ نہیں کر سکتی تھی لیکِن اپنی باتوں سے ابرش کا دل تو جلا سکتی تھی اور یہ کام وہ کر بھی مہارت سے لیتی تھی۔

"اوووتو آپ تو خاصی خوش فہمیاں پالے ہوئے ہیں مس دیدم۔۔۔ لیکن میرا اوُر ضامن سر کا تعلق بہت مظبوط ہے یونو کس بارے میں بات کر رہی ہوں ہم دونوں ایک دوسرے کے بہت کلوز ہیں اُن کا تو دل ہی نہیں بھرتا ہر وقت۔۔۔ پر وہ کیا ہے کچھ لوگوں کو عادت ہوتی ہے طنز کرنے کی تم بھی ان میں سے ہی ایک ہو تمھاری یہ حسرت ہی رہے گی ویسے بھی تمھیں لگتا ہے کہ جو کچھ کر رہی ہو تم۔۔۔ اس کا فایدہ ہو گا تمھیں تو یہ تمھاری خوش فہمی ہے ایسا کچھ نہیں ہو گا الٹا تم خود کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہو۔۔۔" ابرش نے جان بوجھ کر اپنی شال تھوڑی سی سرکائی تو دیدم کی نظریں اس کی گردن پہ بنے نشانوں پہ گئی تھیں۔

ابرش مسکرائی وہ یہی تو چاہتی تھی کہ یہ دیدم جلے اس کے اور ضامن کے تعلق کو سوچتے۔

"کیا کر رہی ہوں میں ابرش ملک تم بہت زیادہ سوچتی ہو وہ میرے پروفیسر ہیں اوَر اس حوالے سے مُجھے اچھے لگتے ہیں تمھارے جیسا تو کچھ نہیں کیا ہے میں نے کہ اُن پہ الزام لگا دیا کم سے کم آپ سے تو کم ہی حرکتیں ہیں میری کبھی اپنی حرکتوں پہ غور کیا آپ نے۔۔۔ضامن سر کو تو اپنی مُٹھی میں کر لیا ہے لیکن یہ جانتی ہیں کہ اُن کے دل میں تمھارے لیے جذبات ہیں بھی یا نہیں۔۔۔"وہ بھی دیدم تھی ابرش ملک کو آسانی سے جیتنے نہیں دینے والی تھی۔

"ہاں ہیں وہ میری مٹھی میں کیا مسلہ ہے تمھیں ایک بات تمھیں زہن میں رکھنی چاہیے دیدم وہ مجھ سے محبّت کرتے ہیں اوَر یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے تمھاری یہ حرکتیں تمھیں اُن کی نظروں میں مذید گرا دیں گی۔۔۔"ابرش ضامن کے ساتھ گزرے لمحات کو سوچتے مسکرائی تھی۔

ابرش کی مسکراہٹ نے جلتی پہ تیل کا کام کیا وہ دو قدم آگے ہوئی۔۔

اس نے تو سوچا تھا کہ ضامن کے کیبن میں ضامن سے بات کرے گی لیکن یہاں اس کا ضامن کے بجائے ابرش سے سامنا ہو گیا اوٗر اس لڑکی سے اسے شدید کوفت ہو رہی تھی دل چاہا ایک تھپڑ اس کے گالوں پہ رسید کر دے۔

"محبت۔۔۔!؛ تمھیں لگتا ہے کہ وہ کسی لڑکی سے محبت کریں گے جس نے بھرے مجمعے میں ان کے کردار پہ انگلی اٹھائی وہ مجبوری میں تمھارے ساتھ رہ سکتے ہیں شاید تعلق بھی بنالیا ہو گا لیکن محبت نہیں کریں گے کیوں کہ اپنی عزت سبھی کو پیاری ہوتی ہے اور جو تم نے کیا اس کے بعد ضامن سرکار وہ سب کے سامنے تھا وہ تمھیں بیزت کرنے کا موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے اوٗر اب تم اس زعم میں ہو وہ تم سے محبّت کرتے ہیں تو یہ بیوقوفی

ہے۔۔۔"دیدم نے آپنے شولڈر کٹ بالوں کو پیچھے کرتے لبوں پہ دل جلانے والی مسکراہٹ سجائی تھی۔

ابرش کا پور پور جل گیا تھا دیدم کی ان باتوں کو سن کر لیکن وہ جانتی تھی یہ لڑکی جان بوجھ کر اس کے سامنے ایسی باتیں کر رہی ہے۔۔

"تمھیں تو مجھ سے بھی زیادہ علم ہے اس بارے میں کہ وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں یا نہیں۔۔۔؟"ابرش نے سلگتے پوچھا تو دیدم مسکرائی۔

"کیونکہ وہ مجھ سے بات کرتے ہیں۔۔۔!؛"اس نے شانے اچکائے جیسے لاپرواہی سے ایک بات بول دی ہو لیکن سامنے والے کی حالت پہ اس کو ہنسی آرہی تھی۔

"واٹ تم سے بات تم جھوٹ بول رہی ہو ایسا کیسے ہو سکتا ہے وہ سٹوڈنٹس سے کم ہی بات کرتے ہیں تمھیں لگتا ہے میں تمھاری بات پہ یقین کر لوں گی تو یہ تمھاری بھول ہے دیدم۔۔۔۔" ابرش نے اپنی پچھلی گردن سہلاتے خوُد کو ریلیکس کیا۔

"تم نہ مانو سچ تو یہی ہے ہماری بات ہوتی ہے اور ہم مل بھی چکے ہیں مجھے پورا یقین ہے سر نے تمھیں اس بارے میں نہیں بتایا ہو گا کیسے بتائیں گے تم اُن کے لئے اتنی اہم تھوڑی ہو کہ وہ تمھیں سب کچھ بتائیں وہ تو مجبوری میں تم سے تعلق نبھا رہے ہیں۔۔۔" ابرش کی حالت دیکھ کر دیدم کو پورا یقین تھا ابرش اس کی باتوں کو سچ سمجھ رہی ہے جتنی وہ ضامن کو لیکر پوزسیو تھی ضامن کا کسی اوُر سے بات کرنا اسے جلتے انگاروں پہ لوٹا گیا تھا۔

"شٹ اپ۔۔۔ آیسا کچھ نہیں ہے تم بیو قوف ہو اُن کی آنکھوں میں چھپی محبت نظر نہیں آتی ہے تمھیں۔۔؟ وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں اوُر تمھیں آگر لگتا ہے کہ یہ بکواس کر کے تم مجھے اُن کے خلاف کر دو گی تو یہ تمھاری بہت بڑی غلط فہمی ہے مجھے خود سے زیادہ ٹرسٹ ہے ضامن سر پہ۔۔۔"ابرش نے خود کو کمپوز کر لیا دیدم صرف باتیں ہی کر سکتی تھی اور بہتر تھا کہ ابرش اس کی باتوں کو اگنور کر دیتی۔

"یہ دیکھو ہماری کال۔۔۔ سر کا ہی نمبر ہے ناں ڈی پی بھی سر کی ہی ہے اب کیا کہو گی انکار کرو گی تم ابرش ملک چچچ چچچ افسوس ہو رہا ہے تمھارے لیے ہم تو بیچ پہ بھی ملے تھے شاید اُس دن وہ بہت زیادہ اپ سٹ تھے بالکل خاموش۔۔۔ میں نے اُن کی خاموشی میں چھپا درد بھی سمجھ لیا تھا ایک آچھا لائف پارٹنر وہ ہوتا ہے جو بنا بولے بھی آپ کو سمجھ کے مجھے لگتا ہے تمھیں

صرف اس بات کا زعم ہے کہ وہ تم سے محبّت کرتے ہیں جب کہ حقیقت تو کچھ اور ہے۔۔۔" دیدم نے تو با قاعدہ وائس اپ کی کال ہسٹری سے اپنی اور ضامن کی کال بھی دکھائی تھی۔

ابرش کے دل میں اب شک آ چکا تھا ضامن کا نمبر بھی دیدم کے پاس تھا اور دیدم ضامن کو کالز بھی کرتی تھی ہاں اس نے بھی دیکھی تھی اُس رات کال لیکن وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ ضامن بات کرتا ہو گا۔۔۔۔۔

ابرش اس پل ضامن سے بد گمان ہو رہی تھی جو اس کو شاید دھوکا دے رہا تھا ورنہ وہ بتا سکتا تھا ابرش کو اس کی نیچر سے واقف تھا ابرش اسے کسی کے ساتھ نہیں دیکھ سکتی تھی پھر اس لڑکی سے بات کرنے کی ضرورت کیا تھی آخر۔

"تمھارے چہرے کے تاثرات بتا رہے ہیں ابرش ملک کے تم پٹخ سے زمین پہ آ گری ہو بڑا ہوائوں میں اڑ رہی تھی پتہ چل گیا کہ کتنی خاص ہو تم ضامن عباس کے لئے۔۔۔" وہ ابرش پہ نفرت بھری نگاہ ڈالتے باہر نکل آئی

ضامن کی کلاس ختم ہونے میں تقریباً پچیس منٹس رہتے تھے ابرش کی حالت دیکھ کر اس کو جو سکون ملا تھا وہ لفظوں میں بتا نہیں سکتی تھی اس لڑکی کی وجہ سے وہ اتنا جل بھن رہی تھی۔

"اگر ایسا ہو جائے تو۔۔۔" اس کے دل اچانک سے ایک خیال آیا اور پھر اس نے کسی کو کال کی جو وہ پہلے ہی اس کی کال کا منتظر تھا.

"تمھیں میرا ایک کال کرنا ہے ادھر گراؤنڈ میں آؤ میں ویٹ کر رہی ہوں پھر بات کرتے ہیں جلدی آو ٹائم نہیں ہے میرے پاس۔۔" پانچ منٹس بعد وہ گراؤنڈ میں موجود تھا دیدم اسے سارا پلان سمجھا چکی تھی۔

"تمھیں نہیں لگتا ہے کہ یہ زیادہ ہو رہا ہے دیدم۔۔!؛"ہاں وہ دیدم کا ساتھ دے سکتا تھا لیکن یہ پلان رسکی تھی۔

"تم میرے لیے اتنا بھی نہیں کر سکتے ہو۔۔۔؟!؛"دیدم کو کسی بھی طرح آج ہی یہ سب کرنا تھا۔

"میں تمھارے لیے کیا کر سکتا ہوں یہ تم اچھے سے جانتی ہو لیکن دیدم پروفیسر ضامن کا غصہ۔۔"اسے ضامن کے غصے سے پریشانی ہوئی۔

"وہ تو بعد کی بات ہے اگر تم نے میرے لیے یہ سب نہیں کیا بھول جانا میں تم سے کبھی بات کروں گی۔۔"دیدم نے ناراضگی دکھائی تو وہ مان گیا۔

"جاؤ تم جیسا سمجھایا ہے ویسے ہی کرنا کوئی گڑبڑ نہیں ہونی چاہئے ورنہ بہت برا ہو گا۔۔۔"دیدم اسے بھیجتے خود ڈیپارٹمنٹ کے آندر چلی آئی ضامن کی

کلاس ختم ہونے تک اسے وہیں رہنا تھا تا کہ ضامن کو اپنے ساتھ لے کر جائے۔

•••••

دیدم کے جانے کے بعد ابرش کتنی ہی دیر کچھ سوچنے سمجھنے کی پوزیشن میں نہیں رہی تھی جب سے اس کی کال ہسٹری سے ضامن کا نام دیکھا تھا اور کال کا دورانیہ بھی نظر آیا تھا بھلے وہ جتنا بھی تھا ابرش کو بس اس سے مطلب تھا کہ ضامن نے اُسے کال ہی کیوں کی بات کیوں کی اگنور نہیں کیا کیوں۔

وہ پہلے جتنی خوش تھی اب اتنی ہی الجھی ہوئی تھی دل تھا کہ جیسے بند ہونے کے قریب تھا وہ آپنی گھبراہٹ پہ قابو نہیں پا رہی تھی۔

کیبن کا دروازہ کھلا اور کوئی انسان آندر داخل ہوا ابرش نے اسے دیکھا وہ کوئی اجنبی تھا لیکِن یہاں کیا کر رہا تھا وہ۔

"کون ہو تم۔۔؟" ابرش پہلے ہی اتنی پریشان تھی اوپر سے اس انسان کے بڑھتے قدم خود کی طرف دیکھتے وہ پیچھے صوفے پہ گری تھی۔

"دیکھو کون ہو تم۔۔۔؟" ابرش کے ہونٹوں سے چیخ نکلی تھی وہ جو کوئی بھی تھا اب اس پہ جھک چکا تھا کہ ابرش کے دائیں بائیں ہاتھ رکھتے وہ اس کو قید کر گیا ابرش نے حلق تر کیا۔

"میں آپ کی خوبصورتی کی تعریف کرنے آیا ہو ابرش ملک آپ تو بہت خوبصورت ہیں۔۔۔" وہ اس کی خوبصورت نیلی آنکھوں میں دیکھتا خماری سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔

کتنا منع کیا تمھیں کہ گھر میں ہی رک جاؤ مگر مجال ہے جو تم میری کوئی بات مان لو تمھیں ہمیشہ اپنی ہی کرنی ہوتی ہے۔۔۔"وہ سنجیدگی سے بولا تو عائلہ نے اپنے بھیگتے آنکھوں کے گوشوں کو صاف کیا یرمان بول تو ایسے رہا تھا جیسے آج تک ان کے درمیان جو کچھ ہؤا سب عائلہ کی مرضی سے ہوا۔

نکاح یرمان کی مرضی سے ہوا رخصتی یرمان کی مرضی سے ہوئی یہاں تک کبھی یرمان نے عائلہ سے اس کی مرضی نہیں پوچھی اؤر آج موقع ملتے ہی وہ عائلہ کو طنز کر رہا تھا۔۔

"میری مرضی ہی چلتی آئی ہے ناں آج تک۔۔۔۔"وہ صوفے پہ بیٹھی تھی اؤر یرمان چیئر پہ وہ چیئر سے اٹھتے عائلہ کے پاس بیٹھ گیا عائلہ حوالہ کس طرف کا دے رہی تھی وہ اچھے سے سمجھ رہا تھا۔

"عائلہ مجھے لگتا ہے کہ تم ابھی تک ماضی کو دل میں لیے بیٹھی ہو اور ماضی سے نکلنا ہی نہیں چاہتی ہو تم۔۔۔"وہ پھر بھی طنز کر رہا تھا۔

"ہاں نہیں بھول سکتی ہوں میں کچھ بھی۔۔۔"وہ اپنے رخساروں کو رگڑ رہی تھی یرمان نے سائیڈ سے کھانا اُٹھاتے ٹیبل پہ رکھا عائلہ نے چہرہ پھیر لیا مطلب صاف تھا وہ کچھ نہیں کھانے والی تھی۔

"یہ خیال تمھارا صرف اپنے بچے کی وجہ سے رکھ رہا ہوں میں عائلہ ورنہ تم سے مُجھے کوئی اچھی امید نہیں ہے جلدی ختم کرو یہ کھانا میں واپس آؤں تو مُجھے یہ ختم ہوا ملے۔۔۔"یرمان اگر عائلہ کے پاس بیٹھا رہتا تو وہ کمٹیبل نہیں رہتی لہٰذا وہ فریش ہونے باتھ روم چلا گیا عائلہ نے ایک نظر باتھ روم کے بند دروازے پہ ڈالی اور پھِر کھانے کو دیکھا۔

ہاں بھوک اسے لگ رہی تھی ناراضگی یرمان ملک سے تھی کھانے سے تھوڑی اوٗر بھوک تو اس سے ویسے بھی برداشت نہیں ہوتی تھی۔

اس نے کھانا نکالتے کھانا شروع کر دیا کھانا کک سے بنوایا تھا یرمان نے گھر سے آیا تھا کینٹین سے وہ عائلہ کو کچھ نہیں کھلا سکتا تھا اس کی طعیبت ویسے ہی ٹھیک نہیں تھی کھانا عائلہ کو مزے کا لگا اس نے میٹھا کھایا اسے میٹھا کھانا آج کل بہت اٹریکٹ کر رہا تھا وہ کھاتی کہ اس کو یرمان کی ناراضگی یاد آئی ساری بھوک جیسے آڑ گئی تھی۔

اس نے ایک نوالہ بھی نہیں لیا آنکھیں پانیوں سے بھری تھیں وہ بہت مشکل سے خود کو رونے سے باز رکھا تھا اسے یرمان کو منانا تھا وہ ناراض تھا لیکن زیادہ دیر تک ناراض نہیں رہ سکتا تھا۔

عائلہ نے کھانا ٹیبل پہ رکھا یرمان فریش ہوتے ٹاول سے چہرے کو خشک کرتا واپس آیا تو عائلہ کو سوچو میں گم پایا کھانا ویسے ہی پڑا تھا یہ لڑکی نہیں بدل سکتی تھی۔

"یہ کیا ہے عائلہ تم نے کھانا ختم نہیں کیا تم کیوں خوُد سے لاپروائی برت رہی ہو۔۔۔"وہ اس کے قریب بیٹھ گیا تھا عائلہ نے اپنی شال ٹھیک کرتے اُسے دیکھا جس کے چہرے کے تنے نقوش پہ وہ ہونٹوں کو دانتوں میں دبا گئی تھی

۔

"آپ کھلا دیں۔۔۔!!"وہ کسی بہانے یرمان سے بات کرنا چاہتی تھی تا کہ وہ اس کے ساتھ باتیں کریں پھر وہ منا بھی لیتی اسے۔

"خوُد کیوں نہیں کھا سکتی ہو یہاں تک مجھے لگتا ہے تمھیں میری یہ حرکتیں پسند نہیں ہیں عائلہ پھر کیوں کر رہی ہو تم ایسا۔۔۔"وہ کچھ جتانا چاہتا تھا۔۔

"آپ کیا چاہتے ہیں میں یہاں سے چلی جاؤں۔۔؟"اس نے روتے ہوئے پوچھا تھا اگر یرمان کو عائلہ کا یہاں رہنا اچھا نہیں لگ رہا تھا تو وہ چلی جاتی ضامن کے گھر یرمان نے اسے یہاں رکھا ہوا تھا لیکن اب خوُد ناراض ہو کر بیٹھ گیا تھا۔

جب عائلہ کا ہاتھ جلا تھا یرمان اسے اپنے ہاتھوں سے کھلاتا تھا عائلہ کو عادت ہو چکی تھی یرمان کے ہاتھ سے کھانے کی لیکن اب وہ بدل رہا تھا۔

"میں کیا چاہتا ہوں یہ تم سمجھ لو تو کیا ہی بات ہے عائلہ خیر کھانا ختم ہو تم پہلے۔۔۔۔!؛"وہ سنجیدگی سے اپنے لیے کھانا پلیٹ میں نکالتے بولا عائلہ نے اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھا۔

"عائلہ صرف بے بی کے لیے کر رہا ہوں۔۔۔" قورمہ کے سالن کو پلیٹ میں نکالتے وہ بولا عائلہ نے آنکھیں رگڑی تھیں عائلہ سمجھ چکی تھی اب اس سے زیادہ یرمان کو ان کے بچے کی فکر ہو گی۔

"میں ویسے بھی آپ کے لئے اہمیت نہیں رکھتی ہوں۔۔" جلتے دل میں سوچا لیکن لبوں سے کچھ نہیں بھولی تھی یرمان نے اسے کھانا کھلاتے خود کھایا تھا برتن سائیڈ پہ رکھتے وہ عائلہ کو دیکھ رہا تھا جو تھکی سی لگ رہی تھی پچھلے اتنے دنوں سے وہ ہاسپٹل میں تھی اوٗر اس کی خود کی کنڈیشن بھی ٹھیک نہیں تھی۔۔

"سو جاؤ۔۔۔" یرمان نے اُسے صوفے پہ لٹایا اور اس پہ کمبل ٹھیک کیا اس سے پہلے کہ وہ اٹھتا عائلہ نے اس کی کلائی تھامی تھی۔

"یہیں رہیں میرے پاؤ پلیز۔۔۔"وہ نیند میں جا رہی تھی اس کی آنکھیں بند ہو رہی تھیں یرمان ملک نے اُس کے ہاتھوں کو دیکھا اوُر پھر اُس کے سرہانے بیٹھ گیا اس کا سر اٹھاتے اپنی گود میں رکھا وہ گہری نیند میں چلی گئی تھی ۔۔عائلہ کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے وہ عائلہ کے ماتھے پہ بوسہ دے گیا تھا۔

"بہت تنگ کرتی ہو مجھے تم۔۔۔۔۔"یرمان اس کے ماتھے سے لکیر کھینچتے اس کے لبوں تک لایا اس کے گلابی ہونٹ یرمان ملک کی کمزوری تھے اتنے دنوں سے وہ عائلہ کے ہونٹوں کا جام نہیں پی سکا تھا۔۔اسے عائلہ پہ غصہ تھا وہ کیوں اُس دن کچن میں گئی اس کے ہاتھ کی سکن جل چکی تھی تقریباً۔۔۔ اوُر اوپر نشان بھی موجود تھے اس نے عائلہ کی کلائی تھامے اس کو نرمی سے سہلایا یہ چوٹ تمھیں تمھاری وجہ سے لگی ہے عائلہ اوُر اس کے لئے میں

تمھیں معاف نہیں کرونگا تمھیں مجھ سے بات کرنی ہوگی آگر آج تمھیں معاف کر دیا کل کو دوبارہ تم یہی حرکت کروگی اور میں مزید تمھاری کوئی لاپروائی برداشت نہیں کر سکتا ہوں۔۔۔"وہ عائلہ کے ہونٹوں کو چومتے دل میں سوچنے لگا۔

عائلہ کے ہونٹوں کو اس نے نجانے کتنی بار چوما پھر بھی اس کا دل نہیں بھرا تھا وہ جتنا بھی یہ جام پیتا اتنا ہی خود کو پیاسا محسوس کرتا اتنی بری لت لگی تھی اُسے اس جام۔

مُجھے تیری لت لگ گئی

زمانہ کہے لت یہ غلط لگ گئی۔

"نہیں جائیں۔۔۔ نہیں آپ نہیں ہمارا۔۔۔ بے بی نہیں۔۔۔"عائلہ کو نیند میں گئے تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ اس کی سسکیاں یرمان کو اپنے کانوں میں سنائی دی وہ شاید کوئی برا خواب دیکھ رہی تھی اس کی آنکھیں نم تھیں۔

"عائلہ عائلہ۔۔۔ اٹھو کیا ہوا ہے۔۔۔!؛"یرمان نے اس کا گال تھپکتے اسے جگانے کی کوشش کی وہ اس کی شرٹ کا کالر اپنی مٹھیوں میں جکڑ گئی تھی اس کے ہاتھوں کی لرزش یرمان کو بتا چکی تھی کہ وہ خواب میں بھی اس کی دوری دیکھتے اپنی حالت خراب کر رہی تھی یرمان نے اس کا پسینے سے شرابور وجود اٹھاتے اپنی پناہوں میں سمیٹا تھا۔

"عائلہ میں یہیں ہوں تمھارے پاس۔۔۔ میری جان ریلکس ہو جاؤ کچھ نہیں ہوا ہے۔۔۔"وہ یرمان کی خوشبو آپنے آس پاس محسوس کرتے تھوڑا بہت نارمل ہوئی تھی لیکِن اس کا ہچکولے وجود یرمان کو پریشان کر رہا تھا وہ

نیند میں چلی گئی تھی لیکِن اس کے ہاتھوں کی گرفت یرمان ملک کے گرد بہت سخت تھی جیسے اسے خطرہ ہو کہ یرمان اسے چھوڑ جائے گا۔

"پاگل لڑکی خوامخواہ خود کو پریشان کر رہی ہے۔۔۔" وہ اس کے اوپر جھکتے اس کے کھلے ہونٹوں کو قید کر گیا تھا عائلہ سو رہی تھی لیکِن یرمان ملک جاگ رہا تھا وہ کیسے جاتا عائلہ اس کی بانہوں میں ہو اور اسے نیند آ جائے یہ بھلا کیسے ممکن تھا۔

••••••

قیوم ملک صبح صبح واپس آئے تھے عفت ملک ہوش میں آ چکی تھی کافی فریش لگ رہی تھیں قیوم کو دیکھتے ہی مسکرائی اور ساتھ کہہ دیا مجھے ابھی کے ابھی ڈسچارج کروائیں مُجھے یہاں نہیں رہنا ہے وہ سمجھا رہے تھے لیکن وہ نہیں مانی۔

"ڈیڈ مان لیں مام کی بات یہ رات بھی بہت اسرار کر رہی تھیں کہ انہیں گھر جانا ہے اب تو ان کا چیک اپ بھی ہو گیا ہے اور پھِر عائلہ کے لیے بھی مزید یہاں رہنا ٹھیک نہیں ہے تو بہتر ہے گھر چلتے ہیں۔۔۔"یرمان کے کہنے قیوم ملک مان گئے تھے۔۔

عائلہ عفت ملک کے ساتھ تھی انہیں ڈریس چینج کروایا وہ بہت بہتر لگ رہی تھیں پہلے سے۔

"آپ ٹھیک ہیں ناں۔۔۔"عائلہ کی اتنی فکر پہ وہ مسکرائی تھی دن میں نجانے کتنی بار عائلہ یہ سوال کرتی تھی کہ آپ ٹھیک ہیں۔۔۔!؟"

"بیٹا میں بلکل ٹھیک ہوں مگر آپ اپنا خیال نہیں رکھتی ہوں اور یرمان اور آپ کے درمیان کوئی مسلئہ چل رہا ہے ایک تناؤ کی کیفیت ہے آپ

دونوں۔۔۔"وہ کب سے یہ پوچھنا چاہا رہی تھیں لیکن یرمان کی موجودگی میں پوچھ نہیں پا رہی تھیں۔

"سب ٹھیک ہے آنٹی آپ پریشان مت ہوں آہیں آنکل اور یرمان باہر ویٹ کر رہے ہونگے۔۔۔"یرمان پہلے نکل گیا اسے عفت ملک کے لیے میڈیسن لینی تھی اور قیوم ملک ڈاکٹر سے ملنے گیے تھے۔

"یرمان نے بلایا ہے ہمیں۔۔؟"وہ شاید انتظار میں تھیں کہ یرمان ان کو بلانے آئے۔

"جی اُن کا میسج آیا ہے آپ آجائیں۔۔۔"وہ عائلہ کو لیتے باہر آئی تھیں قیوم ملک نے ان کو دیکھا تو ادھر ہی چلے آئے عفت ملک کو اپنے حصار میں لے لیا کہ وہ کہیں گر ہی نہ جائیں گاڑی ڈائیو یرمان کر رہا تھا قیوم ملک نے عفت ملک کو پیچھے بیٹھایا اور خوُد بھی ان کے ساتھیوں ہی بیٹھ گئے عائلہ نے حلق تر

کیا کیونکہ اسے اب آگے بیٹھنا تھا یرمان اس کے بیٹھنے کا منتظر تھا جو نجانے کن سوچوں میں غرق تھی۔۔

"عائلہ تمھیں سپیشل انوایٹ کرنا پڑے گا آجاؤ لیٹ ہو رہے ہیں آگر سوچو سے فرصت مل گئی ہے تو گاڑی میں بیٹھ جاؤ۔۔۔" قیوم ملک اور عفت ملک بیٹے کا غصہ دیکھ رہی تھیں وہ کسی بات کو لیکر پریشان تھا اس کے اور عائلہ کے درمیان کوئی مس انڈر اسٹینڈنگ ہو گئی تھی شاید وہ تو یہی اندازہ لگا پائی تھیں۔

عائلہ چپ چاپ دروازہ کھولتے بیٹی گئی تھی لیکن شیشے کے ساتھ چپک کر اگر تھوڑا سا بھی قریب ہوتی ضامن کے تو یہ فاصلہ جو تھوڑا سا ان کے درمیان میں موجود تھا وہ ختم ہو جاتا۔

"کچھ کھانا ہے عائلہ بیٹا؟ آپ کی طعیبت تو ٹھیک ہے اتنی چپ چپ کیوں بیٹھی یو۔۔۔" قیوم ملک کے گاڑی میں موجود تناؤ زدہ ماحول کو کم کرنے کی کوشش کی تھی۔

"جی انکل ٹھیک ہوں میں بھوک نہیں ہے بس ایسے ہی۔۔۔ آپ پریشان نہیں ہوں۔۔۔" جسے اس کے چہرے سے دکھ اوُر تکلیف کے آثار دیکھنے چاہیے تھے وہ لاپرواہ بنا ہوُا تھا باقی ہر کوئی دیکھ رہا تھا کہ عائلہ پریشان تھی وہ گہرا سانس بھر کر رہ گئی تھی گھر پہنچتے قیوم ملک عفت ملک کو کمرے میں لے گئے عائلہ بھی اپنے کمرے میں آگئی اس کا دل تو تھا کہ عفت ملک کے ساتھ جائے ان کے پاس بیٹھے لیکِن ان کے ساتھ قیوم ملک تھے تو وہ تھوڑا جھجک رہی تھی جانے سے۔۔۔۔۔

دوسرا اس نے یرمان کو منانا بھی تھا جو بری طرح سے روٹھ گیا تھا۔

عائلہ بیڈ پہ بیٹھے سوچے جارہی تھی کہ وہ ایسا کیا کرے جس سے یرمان مان جائے وہ واپس کمرے میں آیا تو عائلہ کو سوچو میں پایا ایک تو وہ سوچتی بہت زیادہ تھی یرمان عائلہ کے قریب گیا۔۔

"عائلہ شام سے پہلے کمرے سے نہیں نکلو گی تم ریسٹ کرو آگر کچھ کھانے کا موڈ ہو اتو انٹر کام سے منگوالینا اور سو کر نیند پوری کرنا برسوں کی بیمار لگ رہی ہو تم۔۔"یرمان ناراضگی میں بھی اس کی فکر کرنا نہیں بھولا تھا وہ اس کے لئے پریشان تھا عائلہ کو سوچتے ہی خوشی ہو رہی تھی۔

"آپ کہاں جارہے ہیں۔۔۔؟"یرمان کے جانے کا سن کر عائلہ کا دل ڈوبا تھا وہ کیوں جارہا تھا کیا اس سے ناراضگی کی وجہ سے۔۔۔

"میں آفس جارہا ہوں اتنے دنوں سے بہت سارا کام پینڈنگ پڑا ہے تو جانا ضروری ہے تم ریسٹ کرو۔۔۔"وہ اپنا ڈریس نکالتے باتھ روم میں چلا گیا۔

واپس آیا تو آفس کے لئے تیار تھا عائلہ بات کرنا چاہتی تھی اسے روکنا چاہتی تھی لیکِن وہ کچھ سنتا پھر بات تھی وہ تو نو لفٹ کا بورڈ چہرے پہ چپکائے ہوئے تھا خود بات کرنے کا موڈ ہوتا تو کرتا ورنہ عائلہ کی باتوں کو نظر انداز کر دیتا۔

"کیسے مناؤں انہیں۔۔" پہلی بار تھا یرمان یوں اتنا لمبا ناراض ہوا تھا ورنہ وہ بہت کم ناراض ہوتا تھا عائلہ سے آگر ہوتا بھی تو عائلہ کے منانے کے بجائے وہ خود ہی مان جاتا تھا۔

"صرف ایک کوفی بنانے سے اتنی ناراضگی آئیندہ میں ان کی کسی بات کو رد نہیں کروں گی یہ ناراض ہو گئے تو میں کیا کروں گی۔۔۔" تکیہ اس کے آنسوؤں سے بھیگتا جا رہا تھا یرمان کو معلوم نہیں تھا وہ نازک جان کس تکلیف سے گزر رہی تھی اس کی ناراضگی جان نکال رہی تھی عائلہ کی۔۔۔

"رات کو سوری بولوں گی کیا پتہ مان جائیں۔۔۔" وہ آنکھیں بند کیے سوچنے لگی کہ رات کو اسے کیا کیا کرنا ہے یرمان نے اُس وقت جب بے بی کی گڈ نیوز دینی تھی اتنا اچھا ارنجمنٹ کروایا تھا بیچ پہ مگر عائلہ تو کچھ بھی نہیں کر سکتی تھی۔۔

"دیکھتی ہوں آپ کب تک ناراض رہتے ہیں۔۔۔" وہ مسکرائی لبوں پہ شرارتی مسکراہٹ تھی۔۔ جو یرمان کو بہت بری طرح سے زچ کرنے والی تھی۔۔

••••••

اُدھر یرمان عائلہ سے ناراض تھا اِدھر ضامن ابرش سے ناراض تھا اُس دن والے واقعے کے بعد سے ضامن نے ابرش سے ٹھیک سے بات نہیں کی جب سے اُسے معلوم ہوا تھا کہ ابرش نے اُس دیدم کی باتوں میں آ کر اِس

سے ناراض تھی اُس وجہ سے ضامن پہ شک کر رہی تھی ابرش اپنی جگہ پہ بری طرح سے شرمندہ تھی اس کے زخم ٹھیک ہو چکے تھے ٹھوڑی پہ بنے زخم کے نشان ابھی باقی تھی مگر پیٹھ کا زخم ٹھیک تھا۔

ضامن اس کا خیال رکھتا تھا روز اس کی بینڈج خود چینج کرتا تھا ابرش نے کتنی دفعہ کوشش کی ضامن سے معزرت کرنے کی لیکن وہ تو کچھ سننے کے لئے تیار ہی نہیں تھا۔

ابرش نے ہر ترکیب آزمالی تھی لیکِن بے سود اتنے دنوں سے ابرش کی مام اور یرمان سے بھی بات نہیں ہوئی تھی مسلسل دل و دماغ میں بس ضامن کا خیال تھا ابرش کی ایسی حالت نہیں تھی کہ وہ یونی جاتی اس نے چھٹیاں لی ہوئی تھیں ضامن جاتا تھا مگر جلدی واپس آجاتا۔

ابرش کو فزا نے بتایا تھا کہ دیدم یونیورسٹی چھوڑ کر جا چکی تھی اُس دن جو واقعہ ہوا بہت کم لوگ جانتے تھے اُس واقعے کے بارے میں کیونکہ سیکنڈ ٹائم بہت کم سٹوڈنٹس تھے۔

ابرش خوش تھی کہ دیدم سے تو جان چھوٹ گئی لیکن ضامن کی ناراضگی اپنی جگہ پہ برقرار تھی وہ تو آیسے روٹھا تھا جیسے نائنٹیز کی ہیروئنز روٹھتی تھیں اور پھر مشکل سے مانتی تھیں۔

"ضامن سر آپ مجھے اب بہت تنگ کرنے لگے ہیں آج آپ کو منانا ہی پڑے گا اوُر اگر آج آپ نہیں مانے تو میں واپس چلی جاؤں گی اتنی بڑی بات نہیں تھی جتنی لمبی آپ نے ناراضگی کر دی ہے لیکن میں بھی ابرش ملک ہوں اج آپ کا سارا غصہ جھاگ کی طرح بہہ جائے گا۔۔۔۔"وہ دل ہی دل میں سوچ رہی تھی اس نے یوٹیوب سے سرچ کیا تھا روٹھے ہوئے ہسبنڈ کو

منانے کا طریقہ اسے ساڑھی والا آئیڈیا پسند آیا تو اس نے ایک نیو ساڑھی آرڈر کی تھی جو اسے ریسو ہو چکی تھی بلیک کلر کی جالی دار ساڑھی جس کا بلاؤز ڈیپ اور شارٹ تھا ساڑھی کا پلو بھی نیٹ کا تھا اور بلاؤز سیلوز لیس اور بیک لیس تھا ابرش زیادہ تر ترکش اور کورین ڈرامے دیکھتی تھیں۔

بہت کم اس نے ایڈین موویز دیکھی تھیں ساڑھی اسے ایڈین سٹائل کی لگی ساڑھی کے ساتھ اس نے کچھ دوسرا سامان بھی آرڈر کیا تھا۔

کل ضامن کا برتھڈے تھا اس نے عائلہ کی ڈائری سے ڈیٹ دیکھی تھی اسے یاد تھی اب یہ تیاری کرنے کی دو وجوہات تھیں ایک اسے ضامن کو منانا تھا اور دوسرا اسے برتھڈے وش کرنے تھا۔

مگر مسئلہ یہ تھا کہ وہ بارہ بجے کا انتظار کیسے کرتی اس وقت رات کے دس بج رہے تھے ضامن کے آنے کا وقت ہو گیا تھا وہ کسی بھی وقت آسکتا تھا مگر ابھی دو گھنٹے باقی تھے۔

ابرش روم کو رومانٹک سٹائل میں سجا چکی تھی بس خود کی تیاری کرنی تھی اس نے ضامن کے دوست کا پتہ لگایا جس کے۔ ساتھ ضامن کی دوستی کافی پرانی تھی ابرش نے اُسے میسج کیا آور ساری سچویشن سمجھائی اُس نے ابرش کو تسلی دی کہ وہ ضامن کو اپنے پاس روکے گا تقریباً ساڑھے گیارہ بجے تک۔

اُس کا میسج پڑھتے ابرش کے ہونٹ مسکرائے تھے۔

سب ابرش اطمینان سے اپنی تیاری کر سکتی تھی اس نے سب سے پہلے ساڑھی پہنی اوَر پھر اپنے پاؤں میں ضامن کی گفٹ کی ہوئی پائل جو ضامن کو

بہت پسند تھی لیکن یورنیورسٹی جانے کی وجہ سے ابرش نے اتار کر رکھ دی تھی تاکہ وہ گم نہ ہو جائے ضامن نے تحفہ دیا ہوا تھا ابرش کو بہت عزیز تھا۔

ابرش نے پائل پہنی اور اپنے بال بنائے اس کے بال اب لمبے ہو رہے تھے اپنے بالوں کی ایکسٹرا کیئر کرتی تھی اس نے سب سے اچھا شمپو آرڈر کیا تھا عائلہ کی ڈائری سے اسے معلوم ہوا تھا ضامن کو اس کے لمبے بال پسند تھے تو پھر بس عائلہ نے سوچ لیا کہ وہ بھی اپنے بالوں کو بڑھانے کے لیے کوششیں کرے گی اب اس کے بال اس کی پشت کو ڈھانپ لیتے تھے اتنے مہینے ہو گئے تھے اس نے کٹینگ نہیں کروائی تھی اپنے بالوں کی۔

"ابرش نے بالوں کو سٹریٹ کرتے پیچھے کھلا چھوڑ دیا کہ وہ اس کی برہنہ پشت کو ڈھانپ گئے تھے نیلی آنکھوں کو مسکارا اور کاجل لگاتے اس نے مزید قاتلانہ بنا دیا تھا ساڑھی کا پہلو کچھ اس انداز میں سٹ کیا کہ نشب و فراز مزید

ابھر کر واضع ہوں وہ اپنے ہونٹوں پہ لیسٹک لگاتے اپنی تیاری کو آخری ٹچ دیتے ضامن کی آمد کی منتظر تھی۔

رات کے گیارہ پچاس بج چکے تھے جیسے جیسے وقت قریب آرہا تھا اس کی دھڑکنیں شور پکڑ رہی تھیں وہ آپنے ہونٹوں کو چبانے لگی۔

اسے کار پورچ میں ضامن کی گاڑی رکنے کی آواز آئی تھی وہ آچکا تھا ابرش نے ڈریسنگ ٹیبل کا کونا تھامے خود کو گرنے سے بچایا اؤر ریموٹ اٹھاتے روم کی ساری لائٹس آف کر دی تھیں کمرہ اندھیرے میں ڈوب گیا تھا۔

ضامن کمرے میں داخل ہوا تو گھپ اندھیرے نے اس کا استقبال کیا اسے لگا کی شائد ابرش سو چکی ہے لیکن پھر وہ سوچتے پریشان ہوا ابرش اس کا انتظار کرتی تھی بھلے ضامن ناراض ہوتا وہ پھر بھی ضامن کے بغیر سوتی نہیں تھی ضامن مذید نجانے کیا کیا سوچتا کہ خوشبوؤں میں رچا بسا وجودِ اس کے سینے

سے آن لگا تھا وہ ابرش تھی جس کے وجود سے تیز کولون کی مہک اٹھ رہی تھی۔۔

"ضامن سر۔۔۔"ضامن اسے الگ کرتا کہ وہ پہلے ہی مضبوطی سے ضامن کے کندھوں کو جکڑتے اس کے چہرے پہ جھکی تھی ابرش کی نرم گرم سانسیں ضامن کو اپنے چہرے پہ محسوس ہوئی تھیں۔

"یہ کیا ہے مس ملک۔۔۔"ضامن کو کمرے سے پھولوں کی مہک آ رہی تھی یقیناً ان کا روم ڈیکوریٹ کیا گیا تھا ابرش کی تیاری سے بھی وہ یہی اندازہ لگا پایا تھا۔

اس نے ابھی تک لائٹس آؤن نہیں کی تھیں وہ نہیں دیکھ پایا کہ ابرش کیل کاٹوں سے لیس تھی اسے چاروں شانے چت کروانے کی مکمل تیاری کیے وہ ضامن کے سامنے کھڑی تھی۔

وہ ابرش کے وجودِ سے اٹھتی مہک انہیل کرتا جیسے سارا غصہ بھولتا جارہا تھا ابرش اس پل اس کے بے حدّ قریب تھی کہ اس کی ناز کی ضامن کے سینے سے مس ہورہی تھی ابرش کچھ اس ادا سے ضامن کے قریب ہوئی تھی کہ مقابل خود کے جذبات پہ بند باندھ ہی نہ سکے۔

"سوری ضامن مجھے معاف کردیں میں بہت بری ہوں ہر بار وہی غلطی کرتی ہوں جانتی ہوں آپ کو ہرٹ کرتی ہوں آپ کو برا لگتا ہے لیکِن میری فیلنگز بھی تو سمجھنے کی کوشش کریں آپ مجھ سے نہیں برداشت ہوتا دل کرتا ہے خود کے ساتھ ساتھ سامنے والے کے ساتھ بھی کچھ کرلوں جو بار بار آپ کا نام لیتا ہے مجھے ہر اس چیز سے مسلہ ہے جو آپ کے قریب ہوتی ہے دیدم نے مجھے کال دکھائی میں خود پہ ضبط نہیں کرسکی ناچاہتے بھی آپ پہ شک کیا مجھے معاف کردیں ضامن۔۔۔"وہ اس اپنا چہرہ اوپر اٹھائے ضامن کے

ہونٹوں کے قریب ہونٹ لے جاتے بولی اس نے ہیلز پہن رکھی تھیں جس کی وجہ سے وہ ضامن کے کندھے تک تو آ ہی رہی تھی۔۔

"آپ نے اس بار مجھے بہت ہرٹ کیا ہے ایسے تو آپ کبھی مجھ پہ ٹرسٹ نہیں کر سکتی ہیں۔۔۔میں نے آپ کو اُس لڑکے کے ساتھ دیکھا کوئی سوال کیا آپ سے؟ میں اس واقعے کو ڈسکس نہیں کرنا چاہتا ہوں لیکن مثال دے رہا ہوں اگر آپ میرے اتنے قریب کسی لڑکی کو دیکھتی کیا آپ خاموش رہتی بات ٹرسٹ کی ہے مجھے آپ پہ بھروسہ ہے پورا یقین ہے آپ میرا بھروسہ کسی بھی حال میں نہیں توڑیں گی چاہے کچھ بھی ہو جائے آپ کیا کرتی ہیں مجھ پہ بھروسہ؟" ضامن نے سوالیہ انداز اپنایا دونوں اندھیرے میں ایک دوسرے کے قریب کھڑے تھے کہ ایک دوسرے کو دیکھ نہیں پا

رہے تھے ابرش ہنوز ضامن کی پشت پہ ہاتھ جمائے اس کے ساتھ لگی ہوئی تھی۔

"میں آپ پہ ٹرسٹ کرتی ہوں لیکن خود پہ نہیں ہے مُجھے خود پہ بھروسہ نہیں ہے مجھے لگتا ہے میں آپ کو کھو دوں گی ضامن سر۔" وہ بھول چکی تھی اُسے بارہ بجے ضامن کو وش کرنا تھا۔

"ابرش ایسے تو ہمارا رشتہ ہمیشہ یہیں لٹکا رہے گا ہم آگے کیسے بڑھ پائیں گے آپ کو بدلنا ہو گا خود کو۔۔۔یقین دلائیں خود کو ہمارا رشتہ مظبوط ہو چکا ہے ہم دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں پھر کیا انسکیورٹی ہے آپ کو۔۔۔!؛" ضامن کا کچھ غصہ ٹھنڈا ہوا تھا ابرش کی باتوں سے لیکن وہ ابرش سے ناراض تھا۔۔

"آپ نہیں جانتے ہیں مجھے لگتا ہے میں آپ سے دور ہو جاؤں گی کوئی تیسرا آ جائے گا ہمارے درمیان ہم ایک نہیں رہیں گے نجانے یہ کیسے انسکیورٹی ہے آپ کو کھونے کے ڈر سے سانس رک جاتی ہے۔۔۔"وہ ضامن کے ہونٹوں کو چوم چکی تھی۔۔

"افففففف میں بھول گئی۔۔!؛"ابرش کو اچانک یاد آیا اس نے ضامن کو وش کرنا تھا۔

"کیا بھول گئی ہیں آپ۔۔۔؟"وہ اس کے اچانک سے چیخنے پہ بوکھلایا تھا۔۔

"سالگرہ مبارک سر جی۔۔۔""وہ ضامن کے کان میں سرگوشی کرتے بولی تو ضامن کی آنکھوں میں حیرت ابھری آج اس کا برتھڈے تھا ضامن تو بلکل ہی بھول چکا تھا۔

عائلہ ہوتی تو رات بارہ بجے اس وش کرتی تھی کیک بھی بیک کرتی لیکن ابرش کو کیسے معلوم ہوا بھلا ضامن کا برتھڈے۔

"آپ کو کیسے پتہ مس ملک آج میرا برتھڈے ہے آپ کیسے جانتی ہیں۔۔۔!؛" وہ پوچھے بغیر نہیں رہ سکا تھا ابرش مسکرائی تھی محبت کرتی تھی وہ ضامن ایسے چھوٹی چھوٹی باتوں کو تو اس نے اہمیت دینی ہی تھی ضامن کا برتھڈے تو اس کے بہت خاص تھا۔

"کیا لگتا ہے آپ کی زات سے اتنی غافل رہتی ہوں میں سر جی آپ کے بارے میں مجھے سب معلوم ہے ہاں یہ الگ بات ہے کہ آپ نے مُجھے اپنے بارے میں کچھ نہیں بتایا کبھی۔۔۔" ضامن کا نارمل توجہ دیکھ کر وہ تھوڑی مطمین ہوئی تھی کہ وہ مان تو گیا تھا۔

"آپ نے کہاں سے دیکھی میری برتھڈے ڈیٹ۔۔۔؟"اس نے دوبارہ اپنا سوال پوچھا۔۔

ضامن کا ہاتھ ریموٹ پہ لگا تو اس نے ریموٹ اٹھاتے روم کی ساری لائٹس آؤن کر دی تھیں کمرہ دیکدم سے روشنیوں میں نہلایا تھا۔

ضامن کمرے میں پھیلی پھولوں کی مہک خود میں انہیل کرتا ابرش کو دیکھنے لگا لیکن ابرش پہ ایک نظر ڈالتے اس کی نظریں جیسے پلٹنے سے انکاری ہوئی تھیں بلیک کلر کی ساڑھی میں وہ اتنی خوبصورت لگ رہی تھی کہ ضامن کا دل مچلنے لگا اس کے قریب جانے کے لئے۔

"مس ملک۔۔"ابرش ضامن کی گردن میں چہرہ چھپا گئی یہ تیاری کرلی تھی ضامن کو منا بھی لیا تھا مگر اب اس کے لیے بہت مشکل ہو رہا تھا ضامن کی

گہری خماری سے بھری نظروں کا سامنا کرنا وہ اس کو کھینچتے اپنے سامنے کر گیا تھا۔

وہ پلو جو ابرش نے اتنی محنت سے سٹ کیا تھا ضامن کی نظریں اس کے پلو پہ ہی تھیں ابرش خود میں سمٹ گئی تھی۔۔

••••••

"اتنا حیران کیوں ہو رہے ہیں سر کیا آپ کی بڑھتے کے بارے میں نہیں نہیں جان سکتی ہوں میں۔۔۔"وہ ضامن کے اتنے قریب تھی کہ ضامن تھوڑا سا جھکتا تو اس کے ہونٹوں کو چھو سکتا تھا لیکِن وہ کہاں ضامن کے جزبات میں تلاطم مچاتے اسے اتنی جلدی اپنے قریب آنے دینے والی تھی پہلے اسے معافی چاہیے تھی ضامن سے بہت دل دکھا چکی تھی وہ ضامن کا۔

"جان سکتی ہیں لیکن اتنی تیاری کی ضرورت نہیں تھی مس ملک ویسے بھی میں اپنی برتھڈے سیلبریٹ نہیں کرتا ہوں۔۔۔"وہ اپنی جیکٹ اتارتے سائیڈ پہ رکھتا اپنی گھنی بیرڈ پہ ہاتھ پھیرتے ابرش کے دوتشنہ روپ سے نظریں چُرا رہا تھا جو اس پل ضامن کے لئے خاصا مشکل تھا۔

"کیوں نہیں کرتے ہیں پہلے نہیں کرتے تھے تو اب کر لیں کیونکہ اب آپ کی لائف میں آپ کی بیوی آچکی ہے چلیں کیک کٹ کرتے ہیں۔۔۔"ابرش جو ضامن کو تھوڑا بہت نارمل ہوتے دیکھ کر خوش ہوئی تھی اس کا چہرہ بجھ سا گیا ضامن کے رویئے پہ۔

"مُجھے یہ چونچلے پسند نہیں ہیں مس ملک۔۔۔"وہ جیکٹ صوفے پہ رکھتا باتھ روم جاتا کہ ابرش نے اُسے پیچھے سے ہگ کیا تھا وہ رک گیا ابرش نے اتنی

ہمت دکھائی تھی اس کی ناز کی ضامن کی پشت سے مس ہوئی تو ایک کرنٹ سا ضامن کے وجود میں ڈور گیا تھا وہ بمشکل خود پہ ضبط کر سکا۔

"ضامن سر آپ مجھ سے ناراض ہیں تو بر تھڈے کے کیک پہ غصہ نکالنے کے بجائے مجھے دو لگا دیں لیکن پلیز اپنا موڈ ٹھیک کر لیں آپ مجھے بلکل بھی آچھا نہیں لگ رہا ہے جب سے آپ ناراض ہوئے ہیں کچھ بھی اچھا نہیں لگتا میں خود سے خفا ہو گئی ہوں۔۔۔"وہ رونے لگی جانتی تھی اس کی آنکھوں میں آنسو نہیں دیکھ سکے گا اور اس پل ضامن کو منانے کے لیے ابرش کچھ بھی کر سکتی تھی۔

"تو کیوں ایسی حرکت کی کیوں میرے اعتبار کو ٹھیس پہنچائی آپ نے۔۔۔ جانتی ہیں آپ کی یہ حرکت مجھے کتنی بری لگی ہے ابرش مُجھے لگا تھا کہ میری محبت پہ اعتبار تو آپ کرتی ہوں گی لیکن میں غلط تھا آپ مجھ پہ اعتبار نہیں

کرتی ہیں آپ کو جب کبھی موقع ملا یا کبھی بھی ایسی سچویشن ہوئی آپ مجھ پہ شک کریں گی۔۔۔"وہ پیچھے مرتے ابرش کی کلائی کو اپنی پشت پہ لاک کر گیا

۔

"یہ میری محبت ہے۔۔ مُجھ سے برداشت نہیں ہوتا ضامن سر آپ کیوں نہیں سمجھتے ہیں۔۔۔"ضامن کی آنکھوں کی سرخی سے وہ نظریں چرا گئی۔

"تو محبت ہے پھر اعتبار کرنا بھی سکھیں مُجھے آپ سے محبت ہے اوُر یہ محبت کبھی ختم نہیں ہو گی نکاح جس طرح ہوا میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کبھی آپ سے محبت بھی ہو گی لیکن ہو گئی نہ آپ سے پہلے کسی سے ہوئی نہ آپ کے بعد کسی سے ہو گی آپ ضامن عباس کی چاہتوں کی اکلوتی وارث ہیں آپ پہ اعتبار کرتا ہوں اور ہر حال میں کروں گا آپ نہیں کرتی ہیں تو یہ آپ کا مسلہ

ہے لیکن میں یہی کہوں گا اعتبار کرنا سیکھیں۔۔۔"وہ اس کے چہرے پہ سلگتی سانسوں کا لمس چھوڑ رہا تھا۔

"کرتی ہوں مگر جب کوئی اور بات کرے نجانے کیا ہوتا ہے مجھ سے برداشت نہیں ہوتا کاش ضامن سر میں آپ کو بتا پاتی لیکن میرے لیے یہ بہت مشکل ہے آپ سوچ بھی نہیں سکتے ہیں۔میری حالت کیا ہو گئی تھی مجھے لگا میں آپ کو کھو چکی ہوں ویسے بھی جن حالات میں ہمارے رشتے کی شروعات ہوئی وہ لمحات میری زندگی سے نہیں نکلتے ہیں میں بھول نہیں پاتی آپ مجھ سے نفرت کرتے تھے آپ کی نفرت ایک بار دیکھی ہے دوبارہ دیکھوں گی تو مر جاؤں گی ضامن سر پلیز۔۔۔ناراضگی چھوڑ دیں میری جان جاتی ہے آپ کی ناراضگی کو سوچتے۔۔۔"وہ اپنی آنکھیں رگڑتے بولی تو ضامن نے تاسف سے اسے دیکھا جو اتنی نفاست سے کیے گئے میک اپ کا

بیڑا غرق کر چکی تھی رو رو کر اس کی آنکھوں سے کاجل کی لکیر اس کے رخساروں پہ بن چکی تھی ہاں لپسٹک اپنے جوہر دکھا رہی تھی۔۔

"آپ کو لگتا ہے میں دوبارہ آپ سے نفرت کروں گا یعنی آپ کو لگتا ہے میری فیلنگز چینج ہو جائیں گی آپ کے لیے آپ کیوں اتنا زیادہ سوچتی ہیں یہ بھی تو ہو سکتا ہے مجھے وقت کے ساتھ آپ سے اوَر زیادہ محبت ہو جائے کیونکہ آپ میری بیوی ہیں اوَر بیوی تو بڑھتی ہے میں نے محبت آپ سے کی ہے اوَر آخری سانس تک کروں گا تھک گیا ہوں آپ کو یہ سمجھا سمجھا کر مگر آپ کی سمجھ میں نہیں آتا ہے کچھ۔۔" وہ اب تھک ہی تو گیا تھا اور کتنا برداشت کرتا وہ ابرش آئے دن کچھ نہ کچھ کر رہی ہوتی تھی اوَر پھر اس کی معافی تلافی۔

"آپ مجھ سے محبّت کرتے ہیں یہ چیز ہی تو مجھے یہ سب کرنے پہ مجبور کرتی ہے آپ کی محبت مجھے کمزور کر دیتی ہے آپ ایک بات بتائیں مجھے اگر کوئی آپ کو میری کالز دکھائے اور آپ کو یہ بتائے کہ آپ کی بیوی مجھ سے راتوں کو باتیں کرتی ہے تو آپ کیا کریں گے۔۔۔؟" یہ ایک سنجیدہ سوال تھا جو ابرش ضامن سے کر رہی تھی۔

"میں ایسی کسی بات پہ اول تو یقین ہی نہیں کروں گا کیونکہ مُجھے آپ پہ بھروسہ ہے اور دوسرا بفرض ایسا کچھ ہوا بھی تو میں آپ سے بات کروں گا رشتوں میں غلط فہمیاں اوٗر بدگمانیاں پتہ ہے کب بڑھتی ہیں جب بات کرنے کے بجائے ہم خوٗد سے چیزوں کو محض فرض کرنا شروع کر دیتے ہیں باتوں کو اپنے مطلب کا رنگ دے دیتے ہیں تو چیزیں اپنے لیے اور بھی مشکل ہوتی جاتی ہیں کیا ہو جاتا جب دیدم نے آپ کو کال کے بارے میں بتایا

تھا تو بجائے اس کی بات کا یقین کرنے کے آپ مجھ سے ڈسکس کرتی تو شائد ہمارے درمیان جو اتنے تناؤ کی کیفیت رہی وہ نہ رہتی لیکن آپ نے ہمیشہ کی طرح خوُد سے ہی فرض کر لیا کہ میں تو آپ کو دھوکا دے رہا تھا آپ کے جذبات سے کھیل رہا تھا۔۔۔"ضامن چن چن کر طنز کے تیر چلا رہا تھا۔۔

یہ پہلی بار نہیں تھا اس سے پہلے بھی تو اتنی بار ضامن نے اسے یہی بات سمجھائی لیکن ابرش کچھ سمجھنے کے بجائے ہمیشہ جو اس کے دل میں ہوتا اس کو ہی سچ مان لیتی۔

"سوری میری غلطی ہے مجھے معاف کر دیں آپ۔۔۔"اس کی آنکھوں سے گرم سیاہ بہنے لگا ضامن کی باتوں سے نئے سرے سے پچھتاوے نے آن گھیرا تھا۔

"میں معاف کروں گا آپ کل کو دوبارہ یہی سب کریں گی مُجھے آپ کی نیچر کا اندازہ ہو گیا ہے آپ مجھ سے محبت کرتی ہیں اور ساتھ آپ کے دل و دماغ میں یہ شک جنم لینے لگ جاتا ہے کہ کہیں ضامن سر مجھے دھوکا نہ دے رہیں ہوں اور پھر جب آپ سے کوئی بات کرتا ہے تو آپ کو وہ بات سچ لگنے لگ جاتی ہے۔۔۔"ضامن بلکل ٹھیک کہہ رہا تھا ابرش نے دانتوں تلے ہونٹوں کو دبایا۔

"آپ مجھے معاف نہیں کرنے والے ہیں یعنی یہ میری اتنی محنت بیکار جائے گی جو میں نے آپ کے برتھڈے کے لیے کی تھیں ضامن سر میں وعدہ کرتی ہوں آیندہ ایسا نہیں ہو گا لیکن پلیز ایک دفعہ معاف کر دیں آپ نے مجھے معاف نہیں کیا میں خوُد کے ساتھ کچھ کر لوں گی میں مر۔۔۔"

"ابرش۔۔۔"ضامن کا ہاتھ اٹھا تھا لیکِن وہ ابرش کو تھپڑ نہیں مار سکا محبت کرتا تھا ابرش سے کیسے تھپڑ مار دیتا اس نے مٹھیاں بھینچ لی ابرش بے یقینی سے اسے دیکھ رہی تھی کہاں سوچا تھا اس نے کہ ان کی زندگی میں ایسا موقع آئے گا ضامن اس پہ ہاتھ اٹھائے گا اس نے سر نفی میں ہلایا تھا۔

"بہت شوق ہے آپ کو مرنے مارنے کی باتیں کرنے کا۔۔ہاں مجھ سے دور جانے کا سوچ کر آچھا لگتا ہے مرنا چاہتی ہیں آپ۔۔۔"ابرش کیسے خود کے بارے میں یہ الفاظ بول سکتی تھی ضامن کی جان جیسے لبوں پہ آئی تھی ابرش اپنی باتوں سے ضامن کا میٹر شارٹ کر چکی تھی اس نے تو جزبات میں آکر بول دیا تھا لیکِن ضامن کا غصہ یہ بتانے کے لیے کافی تھا کہ اسے ابرش کی باتوں پہ شدید غصہ آیا ہے۔

"آپ ناراض ہوں گے تو۔۔۔اور کیا کروں گی۔۔۔"اس نے آنکھیں میچ لی ضامن سے اس پل شدید ڈر لگا جو ہاتھ اٹھا تھا وہ تھپڑ بھی تو مار سکتا تھا۔

"میں ناراض ہو جاؤں گا تو آپ مرنے کی باتیں کریں گی آگر کل کو ہمارے درمیان جھگڑا ہو گیا تو پھر کیا آپ خود کی جان لے لیں گی ابرش بتائیں کیا بہت آسان ہے یہ آپ کے لیے آچھا لگتا ہے آپ کو مجھے یہ باتیں سنا کر۔۔۔"ابرش کو کندھوں سے تھامے وہ جھنجوڑ چکا تھا ابرش کے آنسوؤں میں تیزی آئی تھی۔۔۔۔۔

"آپ ہرٹ کر رہے ہیں مجھے ضامن سر پلیز لیو می۔۔۔"وہ اپنے آنسوؤں کو بہنے سے روک نہیں پا رہی تھی اس نے اتنی تیاری کی تو سوچا تھا کہ ضامن مام جائے گا لیکن یہاں تو ان کے درمیان کی تلخیاں کم ہونے کے بجائے مزید بڑھ گئی تھیں ابرش خود ہی آپنی باتوں سے ضامن کو بری طرح سے ہرٹ

کر چکی تھی وہ جو تھوڑی بہت ناراضگی دکھانے کا سوچ رہا تھا ابرش کی باتوں سے اس کو لگ رہا تھا اس کا دل پھٹ جائے گا کتنی آسانی سے اس لڑکی نے مرنے کی بات کر دی گویا ضامن تو اس کے لیے کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتا تھا

--

"جو آپ نے اپنی باتوں سے مُجھے تکلیف پہنچائی ہے اس کا کیا۔۔۔ آپ کو کیوں سمجھ نہیں آتا ہے کہ میں آپ سے محبت کرتا ہوں صرف آپ سے آئیندہ ایسی بات مت کیجیے گا ورنہ میں کرونگا مجھے خود بھی اندازہ نہیں ہے۔۔۔" وہ ابرش کو سینے سے لگا گیا ابرش اس کی دھڑکنوں میں چہرہ چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی آئیندہ وہ کبھی ضامن سے کچھ نہیں کہنے والی تھی آج کا واقعہ اس کے لیے سب زیادہ تلخ ثابت ہوا تھا۔

"آپ مجھ سے خفا نہیں ہونا کبھی ضامن میری دھڑکنیں رکنے لگتی ہیں آپ نہیں جانتے ہیں آپ میرے لیے کیا ہیں میری محبت ہیں میں وعدہ کرتی ہوں آئیند ہمارے درمیان کسی تیسرے کا ذکر نہیں آئے گا۔۔۔"ابرش ضامن کا چہرہ ہاتھوں میں تھامے نم آنکھوں سے مسکرائی تھی۔

ضامن کو منانے کا سوچتے اس کے ہونٹوں کو مسکراہٹ نے چھوا تو ضامن اس کے ہونٹوں کو دیکھتا حلق تر کر گیا اور پھر ابرش کے ہونٹوں پہ جھکتے وہ اس کے ہونٹوں کو قید کر گیا ابرش ضامن کے بازوؤں کو اپنے ہاتھوں سے تھامے اس کی شدت اپنے ہونٹوں پہ سہن کر رہی تھی وہ جنونی ہو رہا تھا شاید اتنے دنوں سے وہ دور تھا ابرش سے اس کے خود کے لیے بھی مشکل تھا ابرش سے دور رہنا وہ عادی ہو چکا تھا ابرش کی قربت کا اس کی قربت کی سکون ملتا تھا۔

وہ سکون جو خدا نے مہرم کی قربت میں رکھا تھا ابرش کے نچلے ہونٹ اپنے دانت گاڑتے وہ ابرش کو سسکنے پہ مجبور کر گیا یوں ہی کس کرتے کرتے وہ ابرش کو پیچھے بیڈ پہ گرائے اس پہ جھکا تھا۔

ہونٹوں کا تسلسل برقرار تھا وہ اس کی سانسوں کو جیسے آزاد کرنے کو تیار نہیں تھا ابرش اس نے اس کے بازوؤں پہ ناخن چھبو دیئے وہ جو اس کی سانسوں میں مہک کھوئے جیسے یہ بھول چکا تھا کہ اُسے ابرش کے ہونٹوں کو آزاد بھی کرنا ہے ابرش کی رکتی سانسیں اسے واپس ہوش کی دنیا میں لائی تھیں وہ اس کے ہونٹوں کو آزاد کرتا اس کی شہ رگ پہ جھکا ڈیپ بلاؤز اس کی خوبصورتی کو چار چاند لگا رہا تھا ضامن کی نظریں اس کے ہونٹوں پہ تھیں جن کو وہ پہلے ہی شدت سے جامنی کر چکا تھا لیکِن دل تھا کہ اس کا پھر بھی نہیں بھرا تھا۔

"آپ وعدہ کریں آئندہ چاہے جیسے بھی حالاتِ ہوں آپ کبھی خوُد سے کچھ فرض نہیں کریں گی بلکے مجھ سے بات کریں گی ابرش رشتوں کی خوبصورتی تبھی برقرار رہتی ہے جب دونوں فریقین ایک دوسرے سے سب کچھ شئیر کریں اب آگر آپ مجھ سے اس بارے میں بات کر لیتی تو شاید ہمارے درمیان یہ تلخیاں جنم ہی نہیں لیتی۔۔۔"وہ ناراض ختم کر چکا تھا ابرش کی حالت دیکھتا وہ مزید ناراضگی کیسے برقرار رکھ پاتا۔

"میں جانتی ہوں بہت بری ہوں بیوقوف ہوں مگر یہ سچ ہے آپ کے پیار میں پاگل ہوں آپ کو کسی اور کے سوچ نہیں سکتی ہوں کوشش کروں گی آئیندہ آپ سے کچھ نہ چھپاؤں۔۔۔"وہ گہرا سانس بھرتے بولی توضامن نے اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے تھے۔

دل نے عبادت کی ہے

تیری ہی بس چاہت کی ہے

لکھ آیا ہوں عرضیوں پہ

نہیں جینا تجھ بن اب

ضامن گنگنایا تھا ابرش کو ضامن کی آواز ویسے بھی بہت پسند تھی کتنی بار وہ ضامن سے فرمائش کر کے گانا سن چکی تھی۔

"میری کیوٹ سی وایفی۔۔۔"ضامن کے ہاتھ ابرش کی ساڑھی کے پلو پہ تھے ابرش نے ایک نظر ٹیبل پہ پڑے کیک پہ ڈالی اور پھر ضامن پہ بارہ بج کر پچیس منٹس ہو چکے تھے لیکن ضامن نے ابھی تک کیک نہیں کاٹا تھا۔

"ہم نے کیک کٹ ہی نہیں کیا ضامن سر۔۔۔"وہ تیزی سے بیڈ سے اٹھتے ٹیبل کی طرف بڑھی تھی ضامن اس کے پیچھے ہی چلتا ٹیبل تک آیا.

"کیک کیسا لگا آپ کو۔۔۔!؛" ابرش ضامن کو اپنے پیچھے کھڑے محسوس کرتی پوچھنے لگی۔۔ضامن نے ابرش کے کندھے پہ ٹھوڑی ٹکائی اور ہاتھ ابرش کے پیٹ کے گرد باندھے تھے۔۔

ضامن کے ہاتھ ابرش کی بیلی پہ تھے بلاؤز تو بمشکل ابرش کی دھڑکنوں کو چھپائے ہوا تھا۔

"مُجھے تو بس ایک ہی کیک پسند۔۔۔" اس نے ابرش کے بالوں کو نرمی سے سمیٹتے ابرش کے بائیں کندھے پہ پھیلائے اس کی گردن پہ ہونٹ رکھ دیئے ضامن کی گرم سانسوں کو اپنی گردن پہ محشر کرتے ابرش نے ٹیبل کے کنارہ اپنے ہاتھوں کا دباؤ بڑھا تھا۔

ضامن کی نظریں ابرش کی دودھیا بے داغ کمر پہ تھیں جس پہ بازو کی ڈوری بندھی ہوئی تھی ضامن نے پیچھے ہوئے ابرش کی پشت پہ بنے زخموں کے نشانوں پہ نرمی سے ہونٹ تھے۔

ابرش کی وہ تکلیف ضامن بھول نہیں پارہا تھا بہت کم سزا لگی جو اُس دن ضامن نے دی تھی اُسے۔۔

"پہلے کیک کٹ کر لیں۔۔۔" ابرش ضامن کی بڑھتی بے باکیوں پہ ہونٹوں کو جیبش دیتے بولی تو ضامن نے نائف اٹھاتے ابرش کے ساتھ مل کر کیک کٹ کیا۔

عین اسی وقت ضامن کا سیل فون بجا کال عائلہ کی تھی وہ یقیناً اسے برتھڈے وش کرنے والی تھی۔۔

Happy birthday Bhai.... Worlds best brother.... "

Ap sirf mery nhai nhi hn mere liye meri pori duniya Hain love you so much....Bhai zyda waqat "....nhi Lun gi.... Happy birthday again love you

عائلہ نے ضامن کے ہیلو بولنے سے پہلے ہی ضامن کو برتھڈے وش کر دیا وہ سو گئی تھی ابھی تھوڑی دیر پہلے اس کی آنکھ کھلی تھی اسے یاد تھا آج ضامن کا برتھڈے تھا وہ بھول نہیں سکتی تھی ہاں تھوڑی دیر ہو گئی تھی ضامن مسکرایا تھا۔

"بھائی کی جان بھائی بھی آپ سے بہت پیار کرتے ہیں کیسی ہو آپ۔۔؟"ضامن کے لہجے میں جو مٹھاس بھر آئی تھی وہ ابرش کو یہ بتانے

کے لیے کافی تھی کہ ضامن کسی اوٗر سے نہیں بلکے عائلہ سے بات کر رہا تھا

۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں فون رکھتی ہوں آپ انجوائے کریں۔۔۔"عائلہ نے جلدی سے فون رکھ دیا ضامن ابرش کے ساتھ تھا وہ دونوں کو ڈسٹرب نہیں کرتی لیکن وش کرنا ضروری تھا ضامن نے فون سائیڈ پہ رکھا اوٗر کیک کا پیس جو اس نے کاٹا تھا ابرش کی طرف بڑھایا تھا ابرش نے ہونٹوں کو ہلکا سا کھولتے کیک کا ٹکڑا اپنے منہ میں ڈالا۔

"آپ بھی کھائیں ناں۔۔۔"ابرش کو کیک پسند آیا تھا ضامن نے نفی میں سر ہلایا تھا۔۔

"آپ کھائیں میں بھی کھالونگا۔۔۔"ابرش نے شانے آچکاتے کیک کا ایک بڑا سا پیس اٹھایا اسے بھوک لگ رہی تھی۔

ضامن کو حیرت ہوئی وہ اس کی موجودگی بھولے بس کیک کھائے جا رہی تھی ابرش نے جیسے ہی آخری ٹکڑا کھایا ضامن نے اس کی گردن میں ہاتھ ڈالتے اُسے اپنی طرف کھینچتے اس کے ہونٹوں پہ ہونٹ رکھتے اس کے ہونٹوں سے کیک اپنے ہونٹ میں شفٹ کیا ابرش ضامن کی اس بے باکی پہ سر تا پا سرخ ہوئی تھی۔

"ہمممم کیک تو بہت یمی تھا۔۔۔"ضامن نے یمی پہ خاصا زور دیا تھا ابرش سلگ کر رہ گئی اپنے حلیے کا احساس ہوا تو اس نے جلدی سے پلو کو ٹھیک کرنا چاہا لیکن ضامن نے اس کا ہاتھ تھام لیا۔

"ویسے جو دکھانا چاہیے تھا وہ آپ نے چھپایا ہوا ہے اور جو چھپایا ہوا ہوتا تو بھی فرق نہیں پڑتا وہ دکھایا جا رہا ہے۔۔۔؟"ضامن کی بے باک بات پہ ابرش کے چہرے کی سرخی بڑھی تھی۔

"بہت بہت بے شرم ہیں آپ۔۔۔ چھوڑیں مجھے چینج کرنا ہے اوُر آپ سونا یے بہت لیٹ ہو گئی ہے پہلے ہی آپ بھی چینج کر لیں۔۔۔"ابرش ضامن کو ایک مخلصانہ مشورہ دیتی باتھ روم جاتی کہ ضامن نے اُسے بانہوں میں بھرا تھا.

"بھول جائیں آج سونا اتنی راتوں سے سو رہی تھیں اب تو جاگنے کا وقت ہے۔۔۔"وہ بے باکی سے آنکھ مارتے اُسے بیڈ پہ لٹائے اس پہ جھکتا چلا گیا ابرش نے شرماتے اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپایا تھا۔

"ویسے یہ ساڑھی پہننے کا خیال ہی کیوں آیا آپ کو آپ کچھ اور بھی پہن سکتی تھی۔۔۔؟"ضامن کو ساڑھی پسند آئی تھی ابرش کی ڈریسنگ میں ساڑھی پہلے نہیں تھی اس نے شاید آرڈر کی تھی۔

"مُجھے لگا آپ کو میرا ساڑھی پہننا اچھا لگے گا آپ کی ناراضگی دور ہو جائے گی۔۔۔"وہ ضامن کی شرٹ کے بٹنس کے ساتھ کھیلتے بولی تو ضامن مسکرایا تھا.

"ناراضگی تو واقعی دور ہو چکی ہے جاناں۔۔۔"وہ اسے خوُد میں قید کر گیا تھا۔۔

•••••

عائلہ کب کی جاگ رہی تھی یرمان کی ناراضگی دور کرنے کے لیے سوچتے اس کا سر درد کرنے لگا کوئی مناسب طریقہ سمجھ نہیں آیا یرمان آفس سے آج لیٹ آنے والا تھا وہ جانتی تھی جب سو رہی ہو گی تو وہ آئے گا جب جب وہ عائلہ سے ناراض ہوتا آفس کو زیادہ ٹائم دیتا عائلہ نے پہلے تو سوچا کہ یرمان کے آنے کا انتظار کرے لیکن آگر وہ انتظار کرتی تو یرمان نے بہت

لیٹ آنا تھا عائلہ نے کچھ سوچتے یرمان کو کال کی بہت کم وہ یرمان کو کال کرتی تھی بلکے کرتی ہی نہیں تھی جب یرمان کام کرتا تو بات کر لیتی۔۔۔۔

"ہاں عائلہ کیا مسلہ ہے۔۔۔؟" وہ جو لیپ ٹاپ پہ کسی کی ضروری میل چیک کر رہا تھا عائلہ کی کال کو اگنور نہیں کر سکا جب سے عائلہ پریگنٹ ہوئی تھی اس کا دھیان ہر وقت عائلہ کی طرف ہی لگا رہتا تھا کہ کہیں عائلہ کی طعیبت خراب نہ ہو جائے۔

"آپ کہاں۔۔۔ہیں۔۔۔پلیز۔۔۔۔ آجائیں۔۔۔۔مجھے درد۔۔۔" عائلہ اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھتے سسک رہی تھی اس کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے یرمان کے تو ہاتھ پاؤں ہی پھول گئے لیپ ٹاپ وہیں چھوڑتے وہ اپنا کوٹ اُٹھاتے تیزی سے آفس سے باہر نکلا۔

اس کی اسسٹنٹ اس سے پوچھنا چاہتی تھی کہ سر آپ اتنی ایمرجنسی میں کہاں جا رہے ہیں آپ کی آدھے گھنٹے کے بعد میٹنگ ہے لیکِن یرمان اب لفٹ میں داخل ہو چکا تھا یرمان کا آفس اوپر تھا وہ لفٹ ہی یوز کرتا تھا عائلہ کی طرف سے کال بند ہو چکی تھی لیکِن یرمان نے افس سے گھر تک کا راستہ کیسے طے کیا یہ بس وہی جانتا تھا۔

گھر میں داخل ہوتے مام سے ملے بغیر وہ سیدھا اپنے کمرے میں آیا تھا یہاں عائلہ بیڈ پہ بیٹھی فون سینے سے لگائے ابھی تک رو رہی تھی اس کی آنکھوں میں آنسو تھے یرمان کی جان لبوں پہ آئی عائلہ کی تکلیف کو سوچتے وہ اس کے قریب جاتے اس کو سینے سے لگا گیا گویا پل بھر کے لیے ایسا لگا جیسے وہ ناراضگی جس نے عائلہ کو پریشان کیا ہوا تھا وہ تو ان کے درمیان کبھی تھی ہی نہیں۔

"کہاں درد ہو رہا ہے عائلہ ؟ڈاکٹر کو بلاؤں میں۔۔؟تم کسی سے کہہ دیتی میڈ کال کر دیتی ڈآکٹر کو؟"یرمان نے اس کے آنسو صاف کیے تھے وہ یرمان کے کندھے پہ سر رکھ چکی تھی جیسے ایک اطمینان سا ہوا یرمان اس کے پاس تھا۔

"آپ مجھے چھوڑ کر نہ جائیں پلیز۔۔۔"وہ تھوڑا بہتر ہوئی تو یرمان نے اسے لٹایا اور خوُد شاید اس کا واپس جانے کا ارادہ تھا۔۔

"عائلہ تم ریسٹ کرو۔۔۔!؛"یرمان نے اس کے گال تھپکے تھے۔

"میں نے کھانا کھایا تھا ریسٹ بھی کیا آپ نہیں جائیں پلیز میں تنگ نہیں کروں گی اب۔۔۔"یرمان کو حیرت ہوئی تھوڑی دیر پہلے کیسے عائلہ رو رہی تھی لیکِن اب اس کے چہرے پہ تکلیف کا شبہ تک نہیں تھا وہ بالکل ریلکس تھی یعنی عائلہ نے اس سے جھوٹ بولا اوُر اسے یہاں بلایا۔

"عائلہ تم نے مجھ سے جھوٹ جانتی ہو میں کتنا ڈر گیا تھا یہ کوئی مذاق تھا جو تم نے کیا مجھے آیسا لگا جیسے میں اپنے بچے کو کھو دوں گا۔۔۔"یرمان نے ہونٹوں کو پیسا عائلہ کی یہ حرکت اسے بلکل پسند نہیں آئی تھی یرمان کو یہاں بلانے کے لیے اس نے جھوٹ بولا اگر یرمان کا راستے میں ایکسیڈنٹ ہو جاتا یا کچھ بھی تو کیا ہوتا۔

"میں اوَر کیا کرتی آپ نہیں آتے مجھے بہت ٹینشن ہو رہی تھی آپ ناراضگی چھوڑ دیں پلیز۔۔۔میری غلطی تھی میں معافی مانگتی ہوں کہتے ہیں تو آپ کے پاؤں پکڑ لیتی ہوں لیکن خدا یا مجھ سے ناراض مت ہوں مجھے کچھ ہونے لگ جاتا ہے آپ کی ناراضگی کو سوچتے نہیں برداشت کر پاتی میں۔۔۔"وہ روتے یرمان کا ہاتھ تھام چکی تھی یرمان نے اُس کی گرفت سے اپنی کلائی آزاد کروانے کی کوشش ہی نہیں کی تھی۔

"عائلہ تمھاری ایک غلطی کی وجہ سے تمھیں کتنی تکلیف پہنچی اندازہ ہے تمھیں۔۔۔"وہ عائلہ پہ غصہ نہیں کرنا چاہتا تھا وہ پہلے ہی ٹھیک نہیں تھی لیکِن عائلہ کی حرکتیں اسے غصہ دلا رہی تھیں وہ غصہ ہو رہا تھا اوٗر عائلہ کی سانسیں بھاری ہو رہی تھیں۔۔

"پتہ ہے مجھے لیکِن آپ جو مجھے ہرٹ کر رہے ہیں وہ میں کبھی نہیں بھول سکتی ہوں آپ بہت برے ہیں اپ کو صرف بے بی سے مطلب ہے بے بی کی ماما شاید آپ کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتی ہے میں معافی مانگ رہی ہوں پھر بھی معاف نہیں کر رہے ہیں اگر وہ حادثہ میرے لیے برا تھا تو یہ بھی تو سوچیں آنٹی کے لیے اچھا ثابت ہوا اریبہ اس گھر سے چلی گئی ہمیں آنٹی کی طعیبت کے بارے میں پتہ چل گیا سوچیں آگر اریبہ جہاں رہتی اور

ہمارے بچے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتی تو پھر ہم کیا کرتے۔۔۔"عائلہ نے بیلی پہ ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

"عائلہ۔۔۔"جتنی باتیں عائلہ سوچ رہی تھی اتنی یرمان ملک نے تو نہیں سوچی تھیں ہاں ایک تلخ بات منسلک تھی اس حادثے سے تواریبہ اس گھر سے بھی تو چلی گئی تھی ہمیشہ کے لئے۔۔

"ہاں جانتی ہوں آپ کو اچھی نہیں لگتی ہوں۔۔۔"اس کے چہرے کے نقوش جن پہ یرمان ملک کی نظر جمی ہوئی تھی بچوں کی سی معصومیت لیے ہوئے تھے عائلہ کے خیالات جان کر اسے حیرت ہوئی۔

"کس نے کہا تم مجھے اچھی نہیں لگتی ہو۔۔۔؟"یرمان عائلہ کی بات سن کر تھورا اپ سٹ ہوا۔

"آپ کے رویئے سے یہ بات محسوس ہوئی اگر آپ مجھ سے محبت کرتے ہوتے تو میری غلطی معاف کر دیتے لیکن آپ نے اس بات کو انا کا مسلہ بنالیا مجھے ذہنی ٹارچر کرتے رہے۔۔۔"عائلہ نے آپنا سر ہاتھوں میں تھاما بھلے وہ اب ٹھیک تھی لیکِن جب جب حد سے زیادہ ٹینشن لیتی اس کو سر میں اوَر دل میں درد ہوتا تھا پچھلے اتنے دنوں سے وہ یرمان کی وجہ سے پریشان تھی اس کا اثر بھی عائلہ کی صحت پہ پڑ رہا تھا۔

"عائلہ میں تمھیں ناپسند کرتا ہوں یہ سب اس لیے کیا کہ تمھیں احساسِ ہو جب جب تمھاری وجہ سے تمھیں تکلیف ہوتی ہے تو مُجھے کتنا برا لگتا ہے لیکِن میں غلط تھا تم تو الٹا مجھ بد گمان ہو چکی ہو میں نے یہ سب اس لیے نہیں کیا تھا عائلہ تم جانتی ہو میں تم سے کتنی محبت کرتا ہوں۔۔۔"وہ مذید ناراضگی نہیں دکھا سکا تھا عائلہ کی طعیبت ٹھیک نہیں تھی۔

"آپ اتنے دن مجھ سے روٹھے رہیں گے آپ صرف بے بی کو پیار کرتے ہیں مجھے نہیں۔۔۔"وہ بچوں کی طرح شکوے کر رہی تھی۔

"بے بی کی ماما پیار ہی کب دیتی ہے مجھے۔۔۔"اس کی نم آنکھوں کو ہونٹوں سے چوما تو وہ بلش کرنے لگی۔ خوشی اس کے چہرے سے نظر آ رہی تھی وہ خوش تھی یرمان کے رویئے سے اس کی طعیبت پہ جو کثافت سی چھائی تھی وہ اب ختم ہو چکی تھی۔۔۔۔۔

"آپ اب کرتے ہی نہیں ہیں۔۔"اس نے ہونٹوں کو لٹکایا تھا یرمان کا قہقہہ بے ساختہ تھا یعنی وایفی اس کا رومانس مس کر رہی تھی۔

"رومانس کروں؟"اس نے پوچھا عائلہ گھبرا گئی تھی اور یرمان نے اس کے ہونٹوں کو چوما وہ سٹپٹا کر رہ گئی یرمان سے یہ کہہ کر کہ آپ مجھ سے پیار نہیں

کرتے ہیں پچھتائی تھی یرمان اب اس پیار کے نام پہ رومانس ہی کرنے والا تھا

۔

"نہیں نہیں۔۔"عائلہ گھبرائی تھی اور یرمان نے اس کے بالوں کو چوما تھا۔

"چلو فریش ہو جاؤ کھانا کھاتے ہیں مام ڈیڈ کے ساتھ۔۔مجھے اُمید ہے تم نے میری یہ بات مانی ہو گی روم سے نہیں نکلی ہو گی۔۔۔!؛"یرمان اسے بانہوں میں بھرتے باتھ روم کی طرف چلا آیا۔

"ہاں آپ نے منع کیا تھا ورنہ مجھے آنٹی کے پاس جانا تھا اُن کی خیریت معلوم کرنی تھی اوُر آپ نے کہا تھا ریسٹ کرنا ہے تو پھر میں نے ریسٹ کیا۔۔۔ اوُر کھانا میں نے کھایا تھا۔۔میرا کچھ اور کھانے کا دل کر رہا ہے۔۔۔"اس کو آج کل میٹھا اتنا اچھا لگ رہا تھا کہ بار بار وہ ہی کھانے کا دل کرتا۔۔

"کیا کھانا ہے میں بنواتا ہوں تم فریش ہو جاؤ۔۔۔"اس کے بالوں کو سمٹتے اس کے رخساروں کو چوما تھا۔

"کوئی میٹھی چیز۔۔۔"

"آج کل یہ چیزیں زیادہ نہیں کھا رہی یو۔۔۔؟"یرمان پوچھے بغیر نہیں رہ سکا۔۔

"ہاں آج کل دل کرتا ہے۔۔۔"

"میں بنواتا ہوں جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔۔"وہ باہر نکل آیا اور سیدھا کچن میں گیا کک کو مام کے لیے کچھ ہلکا پھلکا اور عائلہ کے لئے کچھ اچھا میٹھا بناتے کا کہتے مام کے کمرے میں آیا وہ جاگ رہی تھیں ڈیڈ نہیں تھے وہ اکیلی بیٹھی تھیں اس دیکھ کر مسکرائی۔۔۔

"مام کیسی طعیبت ہے؟ڈیڈ کہاں ہیں؟ آپ اکیلی بیٹھی ہیں؟" وہ ان کے ساتھ ہی بیڈ پہ بیٹھ گیا اور مام کی گود میں سر رکھ دیا کبھی ادھوری خواہشیں تھیں اس کی جو اب پوری ہو رہی تھیں جیسے بچوں کو چھوٹی عمر میں مام ڈیڈ کا پیار چاہیے ہوتا تھا یرمان کو ابھی مل رہا تھا اپنی مام سے۔

"وہ کال کرنے گئے ہیں عائلہ کی طعیبت کیسی ہے وہ ٹھیک ہے ناں یرمان بیٹا مُجھے آچھا تو نہیں لگ رہا ہے تم دونوں کے پرسنل معاملات میں داخل اندازی کرنے کا لیکن میں نے محسوس کیا ہے جیسے آپ دونوں کے درمیان کسی بات پہ تلخی چل رہی ہے۔۔۔"عفت ملک جب سے ہاسپٹل سے آئی تھیں اسی بارے میں سوچے جا رہی تھیں۔

"ہاں مام ایک پرابلم تھی اب ٹھیک ہے سب میں نے کھانا یہیں منگوایا ہے آپ کے ساتھ ہی کھائیں گے ہم عائلہ آتی ہو گی آپ بتائیں آپ خوش ہیں

ناں۔۔۔"وہ ان کی آنکھوں کا لمس اپنے بالوں میں محسوس کرتا سکون سے آنکھیں موندے پوچھنے لگا تھا۔

"میں بہت خوش ہوں یرمان میں نے ماضی میں بہت سی غلطیاں کی ہیں کاش کہ وقت پہ احساس ہو جاتا تو حالات کبھی ایسے زیادہ نہیں ہوتے لیکن جو قسمت میں لکھا ہو وہ ہو کر ہی رہتا ہے میں اب خوش ہوں کہ مجھے اپنی غلطیوں کا احساس ہے بیٹا تمھارے ڈیڈ بہت اچھے ہیں میں ایک اچھی بیوی نہیں بن سکی اُنہیں وہ نہیں دے پائی جو اُنہیں مجھ سے چاہیے تھا۔۔۔"وہ آج بھی رکھی تھیں پچھتاوا تھا جو شاید ساری زندگی رہنے والا تھا بھلے قیوم ملک ان کو معاف کر چکے تھے لیکِن عفت ملک اپنی جگہ پہ حد سے زیادہ شرمندہ تھیں۔۔

"مام آپ کیوں پاسٹ کو یاد کر رہی ہیں جو ہونا تھا وہ ہو گیا اور ڈیڈ بھی تو بھول چکے ہیں آپ کیوں نہیں بھول پا رہی ہیں۔۔" یرمان نہیں چاہتا تھا کہ وہ کسی قسم کی ٹینشن لیں پہلے ہی اتنی مشکل سے ریکور ہوئی تھیں ایسے تو ان کی طعیبت مزید خراب ہو جاتی۔

"میں نہیں بھول سکتی ہوں یرمان بہت مشکل ہے احساسِ ندامت ہمیشہ رہے گا بیٹا تم ختم کرو اس بات کو اور بتاؤ آفس میں سب کیسا چل رہا ہے۔۔؟" انھوں نے سہولت سے بات بدل دی شاید وہ اس بارے میں کوئی بات نہیں کرنا چاہا رہی تھیں۔

ویسے بھی جو باتیں دوسروں کو تکلیف دیں اُنہیں بھولے سے بھی دوسروں کے سامنے ڈسکس نہیں کرنی چاہیے۔

"آفس میں سے اے ون۔۔"اس نے بھی مزید بات کو کھینچا نہیں تھا عائلہ آئی تو اس نے عفت ملک کو سلام کیا عفت ملک کو اب وہ بدلی ہوئی لگ رہی تھی خوش بھی اور ایسی کنڈیشن میں اس کا خوش رہنا ہی اچھا تھا۔

"مام میں سوچ رہا ہوں ابرش اوُر ضامن کو انوائیٹ کر لیں ڈنر پہ آپ کی طعیبت خرابی کا اُسے بعد میں معلوم ہو گا تو خفا ہو گئ۔۔۔"ابرش کی جذباتی طعیبت سے وہ سبھی واقف تھے۔

"کل بھائی کا برتھڈے ہے شاید وہ لوگ خوُد کوئی پلان بنائے ہوئے ہوں۔۔"عائلہ درمیان میں بولی تھی اسے ضامن کا برتھڈے یاد تھا اوُر رات اس نے ضامن کو وش بھی کرنا تھا بارہ بجے۔

"یہ تو اور بھی آچھا ہے بیٹا ہم اُنہیں برتھڈے ڈنر پہ ہی بلاتے ہیں ملاقات بھی ہو جائے گی۔۔۔"عفت ملک بولی تھیں یرمان کو بھی ان کی رائے پسند

آئی تھی اس نے سوچا وہ صبحِ صبحِ ابرش کو کال کرے گا اور اسے انوایٹ کرے گا۔

.....

وقت اپنی رفتار سے آگے بڑھ رہا تھا سب کی زندگیوں میں بہتری آچکی تھی مایا اور آہل اپنی زندگی میں خوش تھے آہل کی محبت کا وہ آہل سے محبت کرنے لگی تھی اور آہل کے لیے اس سے بڑی خوشی کی بات بھلا اور کیا ہو سکتی تھی۔۔

وہ مایا کا خیال رکھتا تھا ان کا رشتہ اب مکمل ہو چکا تھا آہل کی کزن جان بوجھ کر ان کے گھر رہنے ائی تھی وہ جانتی تھی آہل مایا سے محبت کرتا ہے اُس نے جان بوجھ کر پلاننگ کی کہ وہ مایا کو جیلسی فیل کروائے گی تاکہ مایا آہل کی

طرف بڑھے اور اُس کا پلان کامیاب بھی ہوا تھا مایا اور آہل دونوں ساتھ خوش تھے اس وقتِ وہ سویزر لینڈ کے ہوٹل میں موجود تھے۔

آہل نے آفس سے بریک لیا تھا وہ دونوں ہنی مون کے لیے آئے تھے سویزر لینڈ مایا کو یہ جگہ پسند تھی تو آہل اس کی پسند کو مد نظر رکھتے اُسے یہاں لایا تھا لیکن یہاں آتے اس کا رومانس ہی ختم نہیں ہوتا تھا نہ تو وہ مایا کو باہر گھومنے کے جاتا تھا آنہ ہی کچھ اور کرنے دیتا تھا بس چوبیس گھنٹے رومانس ہی کرتا مایا تو یہاں آکر جیسے پچھتا رہی تھی گھر میں پھر بھی باقی سب کا لحاظ کرتا تھا لیکِن یہاں وہ اپنی من مرضی کر رہا تھا۔

وہ باتھ لینے گیا تھا مایا وائٹ کلر کے گاؤن میں ملبوس سینے پہ ہاتھ باندھے باہر دیکھ رہی تھی یہاں بہت ٹھنڈ تھی اس کو آہل نے منع کیا تھا کہ کھڑکی نہیں کھولنی لیکِن اس وقت مایا اس کی وارننگ کو نظر انداز کیے کھڑکی کھولے باہر

برف کو دیکھ رہی تھی سردی بھی لگ رہی تھی لیکِن وہ نظر انداز کر رہی تھی ہاں جو فریش ہوتا باہر آیا مایا کو کھڑکی کے سامنے دیکھتے اس نے غصے سے مایا کو دیکھا۔

اتنے دن ہو گئے تھے یہاں آئے ہوئے وہ آج مایا کو باہر گھمانے لے جانے والا تھا پہلے تو دو دن راستے ہی بند رہے تھے برف باری کی وجہ سے اوَر آج کچھ موَسم اچھا تھا تو آہل نے پلان بنایا وہ مایا کو شاپنگ کروانے لے جائے گا مایا کو شاپنگ کرنا پسند تھا یہ بات تو آہل کو معلوم تھی۔

"مایا میں نے کچھ کہا تھا آسردی لگ جائے گی بند کرو کھڑکی اوَر یہاں آوَ۔۔۔"اس نے وہیں کھڑی تیز آواز میں کہا پہلے کی بات اوَر تھی لیکِن اب مایا آہل کی ذرا سی تلخی بھی برداشت نہیں کر پاتی تھی۔

"مجھے یہ ویو اچھا لگ رہا تھا۔۔۔"وہ کھڑکی بند کرتے واپس پلٹتے آہل کے قریب آئی۔

"ہاں تو باہر جا کر لائیو دیکھ لینا جلدی سے تیار ہو جاؤ ہم باہر جا رہے ہیں اور میڈم دل کھول کر شاپنگ کیجیے گا آپ۔۔۔۔"آہل نے اس کی ناک کھینچی تھی وہ مسکرائی تھی چلو یہ تو اچھا تھا کہ آہل اسے باہر لے کر جا رہا تھا گھمانے کے لیے ورنہ کمرے میں رہ رہ کر وہ بور ہو چکی تھی جیسے۔

آہل کو رومانس کے علاوہ کچھ سوجھتا ہی نہیں تھا ہر وقت بس رومانس۔

"آہل تم کتنے اچھے ہو۔۔۔"وہ آہل کے گلے لگ گئی وہ خود پہ ضبط کر گیا ورنہ دل کہاں مان رہا تھا کمرے سے نکلنے کا وہ مایا کے قریب رہتا تو جیسے دنیا بھول جاتا تھا اسے مایا کے آگے کچھ نظر نہیں آتا تھا۔۔۔

"میری جان بھی بہت اچھی ہے تیار ہو جاؤ ورنہ اگر میرا ارادہ کینسل ہو گیا تو پھر ہم۔۔"

"جا رہی ہوں میں آہل۔۔۔" وہ تیزی سے ڈریسنگ روم میں جا بند ہوئی آہل سے کوئی امید نہیں تھی وہ آگر واقعی میں اس کو باہر لے کر نہیں جاتا تو اس کے لئے بہت مشکل ہونی تھی۔

"آہل تمھیں پتہ ہے میں خود کو بہت لکی فیل کرنے لگی ہوں جانتے ہو کیوں۔۔۔" وہ لوگ شاپنگ کرتے اب ایک ریسٹورنٹ سے کھانا کھانے آئے تھے جب مایا نے آہل کا ہاتھ تھاما تھا۔

"کیوں۔۔۔" آہل کو مایا کے ہونٹوں سے اظہار سننا چاہتا لگتا تھا وہ بار بار جب بولتی کہ وہ آہل سے محبت کرتی ہے تو آہل کو بہت سپیشل فیل ہوتا ہے جیسے ساری دعائیں اس کی پوری ہو گئی ہوں۔۔

"مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ انسان کے لیے اس کا رب جو فیصلہ کرتا ہے وہ بہترین ہوتا ہے انسان کو وقتی فایدہ نظر آرہا ہے لیکِن ہمارا رب بندے کے لیے وہ سوچتا ہے جو اس کے اچھا ہو میں اللہ تعالیٰ کی شکر گزار ہوں مجھے تم ملے۔۔۔"وہ آہل کے ماتھے پہ ہونٹ رکھ گئی بولڈ تو وہ تھی ہی لیکن جب آہل حد سے زیادہ رومانس کرتا تو بوکھلا جاتی تھی۔

تم ملے جب سے

محسوس ہوا تب سے

یہ دل آپ کا ہوا۔۔

وہ ہلکا سا گنگنائی تھی اس کی آواز پیاری تھی آہل نے اس کے ہونٹوں کو ہولے سے چھوا تھا۔

"تم نے ٹھیک کہا مایا مجھے آج بھی خواب سا لگتا ہے لیکِن وہ رب بڑا غفور و رحیم ہے بندے کے دل کے چھپے بھید جانتا ہے میں بھی رب کا شکر گزار ہوں جس نے تمھیں میرا ہمسفر بنایا میں بہت محبت کرتا ہوں تم سے۔۔۔ ماضی اب پیچھے رہ چکا ہے لیکن ہم اپنے آنے والے کل کو مذید خوبصورت بنانے کی کوشش کرینگے۔..." وہ اُسے حصار میں لیتے مسکرایا تو مایا بھی مسکرا دی تھی۔

•••••

"ضامن سر رہنے دیں میں کرلوں گی۔۔۔" ضامن اس وقت کچن میں کھڑا ڈنر بنا رہا تھا پاس ہی ابرش کھڑی تھی جو اسے بار بار روک رہی تھی لیکِن ضامن اس کی سن کہاں رہا تھا وہ تو ابرش کو کچن کاؤنٹر پہ بٹھائے خوُد چکن

فرائے کر رہا تھا ساتھ اس کے چکن ونگز اور برگر کے ساتھ بریانی اور نہاری بھی بنانی تھی اس نے بہت اسپیشل مینو تیار کیا تھا۔

"آخر اتنی تیاری کی وجہ تو بتائیں۔۔۔" وہ پاؤں جھولا رہی تھی اور بار بار سوال کر رہی تھی لیکن ضامن کا دھیان اس کے سوالوں کے بجائے اپنے کھانے کی طرف تھا جو اب مٹن بریانی کے لیے پیاز کاٹ رہا تھا۔

"آپ کو پروفیسر کے بجائے کک ہونا چاہیے تھا کتنا اچھا کھانا بناتے ہیں آپ۔۔۔" ابرش خود ہی بولے جا رہی تھی ضامن اس کی نہیں سن رہا تھا وہ اب بریانی کے لیے چالوں کو بوئل ہونے کے رکھ چکا تھا۔

"ضامن سر۔۔۔" وہ جو کب سے ابرش کی باتیں سنتے اب خود پہ ضبط کھو چکا تھا اس نے ابرش کے ہونٹوں کو قید کیا جب پیچھے ہوا تو ابرش کے چہرے پہ سرخی پھیلی ہوئی تھی جو اس کی شدت کی وجہ سے تھی ضامن مسکرایا تھا۔

"امید ہے اب آپ مجھے ڈسٹرب نہیں کریں گی آرام سے بیٹھی اب آپ کی آواز نہ آئے مُجھے۔۔۔"میرینیٹ کیے ہوئے چکن ونگز کو نکالتے ابرش کو آنکھیں دکھا رہا تھا جو خفگی سے اسے گھور رہی تھی ابرش لوگوں کا سمسٹر کمپلیٹ ہو چکا تھا درمیان میں اب لمبا گیپ تھا عائلہ کی ڈرالیوی کے دن قریب تھے ورنہ ابرش اور ضامن ہنی مون پہ جاتے۔

"آپ کیا چاہتے ہیں میں یہاں سٹیچو بن کر بیٹھ جاؤں نہ کچھ بولوں نہ کچھ کروں۔۔۔!؛"ابرش کاؤنٹر سے اٹھتی کہ ضامن نے آنکھیں دکھائی وہ واپس سے بیٹھ گئی لیکن اس کے رخسار پھول چکے تھے وہ ضامن سے ناراض ہو چکی تھی۔

"ہاں تب تک میرا کھانا بھی بن جائے گا اور آپ میرا سر بھی نہیں کھائیں گی۔۔"ضامن اپنے کھانے کی تیاری کے آخری مرحلے میں تھا ابرش کو بہت اچھی خوشبوئیں آرہی تھیں۔

"کھانا کب لگائیں گے آپ۔۔۔؟""اتنی مزے کی خوشبو محسوس کرتے ابرش کے منہ میں پانی آیا تھا۔

"آپ جائیں ڈریسنگ روم کے کاوچ پہ ڈریس پڑا ہے آپ کا اور باقی سامان بھی جلدی سے پہن کر آئیں میں کھانا لگا رہا ہوں۔۔۔"اس نے ایک نظر اپنی گھڑی پہ ڈالی ٹائم کم رہ گیا تھا ابرش نے باتیں کرتے اس کا بہت سارا ٹائم ضائع کر دیا تھا ورنہ اب کھانا بن چکا ہوتا اس کا۔۔

"لیکن یہ ڈریس بھی تو ٹھیک ہے۔۔۔۔"ابرش سمپل سی ٹی شرٹ اوور ٹروزار میں ملبوس تھی گھر میں وہ ایسی ہی ڈریسنگ کرتی تھی.

"آپ بنا بحث کیے بھی کبھی تو بات مان لیا کریں یار میں کہہ رہا ہوں ناں تیار ہو جائیں آپ۔۔۔"ضامن کے لہجے میں سختی دیکھتے ابرش سر ہلاتے آندر چلی گئی تو ضامن نے مٹھیوں کو ایک دوسرے میں پیوست کرتے خود کو ڈپٹا تھا ابرش کو ہرٹ جو کیا تھا۔

" کبھی جو یہ میرے سے بحث کیے بغیر میری بات مان جائیں لیکن نہیں ان کو اچھا لگتا ہے مجھ سے بحث کر کے۔۔۔"وہ سارا کھانا ڈش آؤٹ کرتا ٹیبل پہ سٹ کرتے منہ ہی منہ میں بڑبڑایا تھا۔

جب وہ کھانا تقریبا لگا چکا تو دروازے پہ بیل بجی وہ مسکراتے باہر نکلا تھا عائلہ کو دیکھتے لبوں کو مسکراہٹ نے چھوا تھا وہ یرمان کا ہاتھ تھامے کھڑی تھی یرمان اور عائلہ کو ضامن نے انوایٹ کیا تھا ڈنر پہ ویسے تو عائلہ کی طعیبت کی وجہ سے یرمان باہر نہیں جاتا تھا لیکن ضامن کی دعوت کو وہ رد نہیں کر سکا تھا

اور عائلہ کے ساتھ اس وقت ضامن کے گھر پہ موجود تھا ابرش اس سب سے بے خبر تھی یہ آج کا پلان تھا ابرش کو سرپرائز دینے کا.

"کیسی ہے میری گڑیا۔۔؟" ضامن نے عائلہ کے ماتھے پہ بوسہ دیا وہ مسکرائی تھی۔

یرمان اسے پلکوں پہ بٹھائے رکھتا اتنی محبت کرتا تھا اتنا خیال رکھتا تھا کہ عائلہ کو اپنا آپ بہت خاص لگنے لگا تھا۔

"میں بلکل ٹھیک بھیا آپ کیسے ہیں اور ابرش کدھر ہے وہ نہیں نظر آ رہی۔۔۔" ضامن عائلہ اؤر یرمان کو اندر لے آیا تو ابرش کو نہ پا کر وہ ابرش کے بارے میں پوچھنے لگی ابرش اؤر عائلہ کی تقریباً روز ہی بات ہوتی تھی ابرش بے بی کے لئے بہت ایکسائٹیڈ تھی اس نے تو اتنی ساری شاپنگ بھی کر لی تھی بے بی بوائے کی بھی اور گرل کی بھی وہ نہیں جانتے تھے کہ بیٹا ہو گا یا

بیٹی تو دونوں کی شاپنگ کی جا رہی تھی ضامن یرمان قیوم ملک اور عفت ملک سبھی بے بی کے لئے بہت سارے شاپنگ کر چکے تھے۔

"اُنہیں نہیں پتہ آپ لوگوں کی آمد کا سرپرائز ہے۔۔۔"ضامن نے ابرش کو بتایا ہی نہیں تو وہ بچاری اس بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی کہ ضامن اتنی تیاری کیوں کر رہا تھا۔

"آوو تو وہ ہیں کہاں۔۔۔؟"

"ضامن سر میں کیسی۔۔۔!؛"ابرش وہی فراک پہنے ہوئے تھی جو ضامن نے سلیکٹ کر کے پہلے ہی رکھی ہوئی تھی ہلکا سا میک اپ کیے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی لیکن سامنے عائلہ اور یرمان کو دیکھ کر اسے حیرت ہوئی وہ تو نہیں جانتی تھی آج کی آمد کا اس نے ضامن کو دیکھا اوٗر پھر عائلہ کی طرف اس کے گلے لگ گئی جسے وہ خود بھی مس کر رہی تھی۔

"بھائی آپ لوگ یہاں سب خیریت تھی ناں۔۔۔!"" وہ عائلہ سے ملتے یرمان سے ملتے پوچھنے لگی تو یرمان مسکرایا تھا۔

"کیا آپ کو ہمارا انا اچھا نہیں لگا.." عائلہ کے سوال پہ ابرش نے نفی میں سر ہلایا۔

"برا کیوں مجھے تو بہت اچھا لگ رہا ہے تم لوگ آئے لیکن بتا کر آتے تو اور بھی زیادہ خوشی ہوتی۔۔۔" ابرش ضامن کے ساتھ بیٹھ گئی۔

"ہم آپ کے ہسبنڈ کے بلانے پہ آئے ہیں ابرش ہمیں ضامن نے بلایا تھا کہ اسی بہانے ساتھ باتیں کرنے کا موقع مل جائے گا اور تُمھارے لیے سرپرائز تھا۔۔۔" یرمان نے مسکراتے اسے پورے پلان کے بارے میں بتایا جسے سنتے ابرش نے ضامن کو گھورا جس نے اسے تو کچھ بتایا ہی نہیں سارا انتظام خود کیا۔

"آپ مجھے بھی بتا سکتے تھے ہر بات چھپانی ضروری ہو گی ہے کیا مجھے ہی کیوں ہمیشہ عین مؤمنٹ پہ پتہ چلتا ہے۔..." ابرش کو جب عفت ملک کے بارے میں پتہ چلا تھا اس کا ری ایکشن اس وقت بھی کچھ ایسا ہی تھا۔

"سرپرائز تھا آپ کے لیے ابرش بتا دیتے تو سرپرائز نہیں رہتا کیا آپ کو برا لگا۔۔" عائلہ نے تشو تش سے پوچھا وہ ایسی ہی تھی کوئی زرا سا اپ سٹ ہوتا تو وہ ایسے ہی نروس ہو جاتی تھی۔

"نہیں عائلہ لیکن مجھ سے سیکرٹ کیوں رکھا۔۔؟" ابرش کو بس کنفیوژن یہ تھی کہ ضامن نے اس سے چھپایا کیوں۔

"اس معاملے پہ ہم بعد میں بات کریں گے فحال کھانا کھاتے ہیں ٹھنڈا ہو رہا ہے پھر جو گلے شکوے ہوں گے آپ کے سنیں گے۔۔۔" ضامن نے آہستگی سے ابرش کو منایا تو وہ سر ہلا گئی عائلہ اوریرمان کی وجہ سے مانی تھی

ورنہ وہ بات کی تہہ تک پہنچتی تھی ضامن ابرش کی عادتوں سے واقف تھا ساتھ رہتے اسے بہت سی باتیں معلوم ہوئی تھیں ابرش سے متعلق جو کافی انٹرسٹنگ بھی لگی تھیں۔

"بھائی یہ آپ نے بنایا۔۔۔!؛" پہلا نوالہ لیتے ہی عائلہ کو ذائقے سے ہی معلوم ہو گیا کہ کھانا ضامن نے بنایا تھا بہت کم عائلہ ضامن کو بنانے دیتی تھی کھانا مگر جب کبھی وہ بیمار ہو جاتی تو ضامن خود بناتا تھا۔

"عائلہ کو میں زیادہ کچن میں نہیں جانے دیتا مگر جب یہ بنائے تو ایسا ہی ٹیسٹ ہوتا ہے۔۔" یرمان کو بھی کھانا پسند آیا تھا عائلہ بہت مزے کا کھانا بناتی تھی تو کم ضامن بھی نہیں تھا۔

"آج انہوں نے مجھے ہاتھ بھی نہیں لگانے دیا۔۔" ابرش نے منہ بنایا یعنی موصوف اتنی تیاریاں اپنی بہن اور بہنوئی کے لیے کر رہے تھے۔

"میں چاھتا تھا آج عائلہ کے لیے سب میں خود ریڈی کروں اوٗر ہاں یرمان آج یہیں رہنے والے ہو تم دونوں واپس کل ہی جاؤ گے۔۔۔" کھانے کے بعد جب وہ لوگ لاؤنج میں بیٹھے تھے ضامن نے یرمان سے کہا عائلہ اور ابرش دونوں کچن میں آگئی تھی کہ چائے کے ساتھ پکوڑے اوٗر سینکس بنا لیں گی بنا تو ابرش رہی تھی عائلہ اس کے پاس بیٹھی تھی۔

"میں تو بور ہو گئی ہوں آنٹی اوٗر یرمان مجھے بیڈ سے اترنے نہیں دیتے نہ کوئی کام کرنے دیتے ہیں یہ بھی بھائی کی وجہ سے لائیں یہاں ورنہ نہیں لاتے۔۔۔" عائلہ بیڈ ریسٹ سے اکتا گئی تھی اس کی طعیبت کبھی سنبھل جاتی اوٗر کبھی وہ بیمار ہو جاتی اس کو ویکینس تھی اتنی اچھی خوراک لینے کا فایدہ ہوتا تھا لیکن وہ کمزور تھی اوٗر پھِر فرسٹ پریگننسی تھی یرمان خیال تو بہت

رکھتا تھاڈاکٹر نے تسلی دی تھی کہ عائلہ اگر ٹھیک رہی تو نارمل ڈرالیوی ہو گی ورنہ آپریشن بھی کرنا پڑ سکتا تھا.

"تو گڑیا تمھارے فائدے کے لئے ہی کرتے ہیں دیکھو جتنا ریسٹ کرو گی بے بی ہیلدی ہو گا اور پیارا بھی۔۔۔ بھئی میں کہہ رہی ہوں مجھے بہت پیارا بھتیجا چاہیے بھتیجی بھی ہو تو کوئی مسلہ نہیں ہے لیکن پیارے ہونے چاہیے۔۔۔!؛" ابرش چائے بناتے پیچھے مرتے بولی تو عائلہ شرما گئی تھی۔

"آپ اوَر بھائی کا بے بی بھی ہو میں دعا کرتی ہوں۔۔" وہ ضامن کے بے بی کے لیے ایکساٹیڈ تھی اپنے بے بی سے زیادہ اسے ضامن کا بے بی پیارا ہونا تھا وہ جانتی تھی۔

"انشا اللہ جلد ہی آ جائے گا چائے بنا گئی ہے تمھارے لئے بھائی نے دودھ کہا تھا۔۔" وہ دودھ کا گلاس بھی ٹرے میں رکھ چکی تھی یرمان روزانہ رات کو

عائلہ سے پورا دودھ کا گلاس ختم کرواتا تھا عائلہ نے تو سوچا تھا آج بچت ہو جائے گی لیکن وہ غلط تھی۔۔

"مجھے دودھ نہیں چائے پینے ہے۔۔۔"عائلہ یرمان سے باقی ہر بات منوا لیتی تھی لیکِن کھانے کے معاملے میں ہمیشہ یرمان کی ہی چلتی تھی اور عائلہ کے کھانے کے معاملے میں وہ کافی سخت گیر بھی تھا۔

"عائلہ تمھاری صحت کے لیے ضروری ہے بھائی بھی اس لیے سختی کرتے ہیں تم یہ سوچ کر پیا کرو کہ بے بی کو پسند ہے پھر تمھیں بھی ہر چیز اچھی لگے گی یار۔۔۔۔"ابرش نے اُسے سمجھایا لیکن عائلہ کا منہ بن چکا تھا وہ یرمان کے ساتھ بیٹھنے کے بجائے ضامن کے ساتھ بیٹھ گئی تھی ضامن نے اس کا پھولا ہوا منہ دیکھا تو مسکرایا تھا۔

"کیا ہوا میری گڑیا کو۔۔۔؟" ضامن نے اُسے آپنے حصار میں لیا بارش کو خوش دیکھ کر ضامن بھی مطمئن تھا آگر آج بابا ہوتے تو وہ بھی عائلہ اپنی زندگی میں خوش دیکھ کر ایسے ہی مطمین ہوتے۔

"دودھ نہیں پینا بھیا۔۔۔" اسے لگا تھا ضامن اس کی ہیلپ کرے گا وہ یرمان سے کہہ دے گا کہ عائلہ آگر نہیں پینا چاہتی ہے تو رہنے دو۔

"بیٹا یہ آپ کی ہیلتھ کے لئے ضروری ہے آپ کو پینا ہو گا آپنا حال دیکھیں پہلے ہی اتنی ویک ہیں اوپر سے ایسے لاپروائی برتیں گی تو یہ تو ٹھیک کہہ ہو گا ناں آپ دودھ فینشن کرو پھر چاکلیٹ مل جائے گا اوُر آپ کے لئے ایک سیپشل گفٹ بھی ہے۔۔۔" ضامن نے لالچ دیا جس کا فایدہ یہ ہوا عائلہ نے دودھ ختم کر لیا تھا اوُر وہ اب اپنے گفٹ کی منتظر تھی۔

"بھیا گفٹ بتائیں۔۔۔!؛" وہ دونوں ایک دوسرے میں مگن یرمان اور ابرش کو بھول چکے تھے بہت عرصے بعد وہ دونوں ایسے بات کر رہے تھے جیسے شادی سے پہلے رہتے تھے وہ دونوں۔

"ایسے تو نہیں بتاؤں گا کل جب آپ جاؤ گی تو ساتھ لے جانا ابھی کوئی گیم کھیلیں۔۔۔" ضامن اگر عائلہ کو اس کا فیورٹ ناول دکھا دیتا بک میں تو پھر عائلہ نے اُسے پڑھنے لگ جانا تھا۔

"ہمم عائلہ آپ کا شوہر بھی ادھر ہی بیٹھا ہے۔۔۔" یرمان سے مذید یہ بھائی چارہ برداشت نہیں ہوا تو وہ سلگتے بولا ضامن کو یرمان کے انداز پہ ہنسی آئی وہ جلن محسوس کر رہا تھا یقیناً اگر ابرش اور یرمان بات کر رہے ہوتے تو ضامن بھی جلن محسوس کرتا ابرش البتہ مسکرا رہی تھی۔

"بھائی بتائیں ناں۔۔۔"وہ یرمان کی بات کو اگنور کر چکی تھی اوٗر یہی بات یرمان برداشت نہیں کر سکتا تھا وہ ضامن کے ساتھ بیٹھی تھی یرمان یہ لحاظ بھی بھول چکا تھا اس نے عائلہ کے ساتھ جگہ بنائی آیسے ہی ضامن کو اٹھنا پڑا تھا ضامن ابرش کے ساتھ بیٹھ گیا تھا اوٗر ابرش نے مسکراتے اس کے کندھے پہ سر رکھا تھا۔

عائلہ کی آمد پہ ضامن خوٗش تھا اس نے فل سے ساری تیاریاں کی تھیں ابرش ضامن کا عائلہ کے لیے پیار دیکھتے ان کو رشک بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی یرمان عائلہ کے پاس آکر بیٹھا تو وہ بچاری گفٹ کے بارے میں بھول ہی گئی تھی۔

"چلیں گیم یہ ہے کہ ہم چار پرچیاں بناتے ہیں ہم میں سے کوئی ایک پرچی اٹھائے گا جس کے نام کی پرچی ہو گی اسے اپنے پارٹنر کے لیے کچھ نہ کچھ سنانا

ہو گا لائک کوئی شاعرہ گانا جو بھی اسے آتا ہو۔۔۔"ابرش نے گیم بھی سوچ رکھی تھی جو سب کو پسند آئی تھی ایسے اکٹھے ایک دوسرے کے ساتھ وقت گزارنا سبھی کے لیے ایک خوشگوار تجربہ تھا۔

"یہ تو کافی انٹرسٹنگ گیم لگ رہا ہے۔۔۔!؛"یرمان کو ابرش کا مشورہ پسند آیا تھا جبکہ ضامن اور عائلہ نے بھی اس گیم کو پسند کیا تھا ابرش روم سے کاپی پینسل لے آئی اور چاروں کے نام کی پرچیاں بناتے اس نے ٹیبل پہ رکھی تھیں درمیان میں ٹیبل تھا ایک طرف ابرش اور ضامن بیٹھے تھے تو دوسری طرف عائلہ اور یرمان پرچی سب سے پہلے عائلہ نے اٹھائی تھی جس پہ یرمان کا نام تھا اس نے پرچی یرمان کو دکھائی تھی۔۔

"چلیں بھائی گنگنائیں اپنی پیاری سی بیوی کے لئے کچھ جو آپ کو پسند ہے۔۔۔"ابرش کافی پرجوش لگ رہی تھی یرمان نے عائلہ کا ہاتھ تھاما

ضامن کے سامنے یرمان کی اس حرکت پہ ابرش نے بلش کرتے اپنا ہاتھ کھینچنا چاہا لیکن یرمان نے مزید مضبوطی سے پکڑ لیا تھا وہ عائلہ کے لیے سونگ گانے والا تھا جو اس کا فیورٹ تھا اور اکثر یرمان وہ ہی سونگ سنتا تھا۔۔

You are the reason I breathe,

You're the stars in my sky.

When I hold you close,

It's like the world says goodbye...

To all the pain and fear I've known.

In your arms, I'm finally home.

Yeah, in your arms... I'm home

Every moment without you feels too long,

But your laughter plays my favorite song.

Even silence speaks your name to me,

You're in my soul, you're my melody.

I don't need the sun to shine through,

Your love is the morning I wake to.

You're my rhythm, you're my rhyme,

My forever, my sweetest time.

You are the reason I breathe,

You're the stars in my sky.

When I hold you close,

It's like the world says goodbye...

To all the pain and fear I've known.

In your arms, I'm finally home.

Yeah, in your arms... I'm home.

So don't let go, don't look away,

Stay with me till the end of days.

Even if I lose everything I own,

With you, I've never been alone.

You are the reason I breathe,

You're the stars in my sky.

I'd give up forever

Just to look in your eyes…

With every beat, my love has grown.

In your arms... I'm truly home.

Forever yours... I'm home.

واؤ بھائی آپ کا سونگ تو بہت خوبصورت تھا نیکسٹ عائلہ اٹھاؤ " پرچی۔۔۔"ابرش نے تعریف کی تھی جب کہ عائلہ تو بچاری یرمان کی بے باک نظروں سے پزل ہو رہی تھی ۔

یہ تو ضامن بھائی کا نام ہے۔۔۔"اگلی باری ضامن کی تھی ضامن " پہلے بھی ابرش کو کافی سونگز سنا چکا تھا اب اس کا ارادہ ایک رومانٹک غزل سنانے کا تھا اس کو یہ غزل بہت پسند تھی شاعری میں اسے کافی انٹرسٹ تھا تو اکثر غزلیں سنتا تھا ۔

یہ اس موقعے پہ سوٹ تو نہیں کرتی ہے بٹ میرے فیورٹ " ہے۔۔۔"وہ ابرش کا ہاتھ تھام گیا اس کی آنکھوں میں دیکھتے ابرش کو آج اپنا عکس نظر جن آنکھوں میں وہ اپنا عکس دیکھنا چاہتی تھی آج اس کا عکس تھا ۔

کوئی فال نکال کر شمہ گر

میری راہ میں پھول گلاب آئیں

کوئی پانی پھونک کے دے ایسا

وہ پیئے تو میرے خواب آئیں

کوئی ایسا کالا جادو کر

جو جگمگا کر دے دن میرے

وہ کہے مبارک جلدی آ

اب جیا نہ جائے بن تیرے۔

کسی ایسی راہ پہ ڈال مجھے

جس راہ سے وہ دلدار ملے

کوئی تسبیح دم درود بتا

جسے پڑھوں تو میرا یار ملے۔

••••••

"واؤ یہ تو آپ کی فیورٹ غزل ہے ناں۔۔۔"عائلہ خوشی سے چہکی تھی یہاں آکر اس کے مزاج پہ خاصا اچھا اثر پڑا تھا وہ خوش تھی ڈاکٹر نے یہی تو کیا تھا کہ اسے خوش رکھنا ہے تاکہ کوئی پرابلم نہ ہو۔۔

"آج سے میری بھی فیورٹ ہو گئی۔۔۔!؛"ابرش نے بہت آہستہ سی آواز میں کہا تھا کہ ضامن ہی بمشکل سن پایا لیکن اس کے ہونٹوں کو مسکراہٹ نے چھوا تھا اب دوبارہ پرچی اٹھانی جانی تھی ابرش اور عائلہ بچی تھی عائلہ کو

پتہ تھا اس کا نام آیا تو اسے کچھ نہ کچھ سنانا پڑنا تھا تو اس نے پہلے ہی بہانہ بنایا تھا

۔

"مُجھے نیند آرہی ہے۔۔۔!؛" وہ نہیں چاہتی تھی کہ کسی کو شک ہو عائلہ نیند کا بہانہ بنارہی ہے لیکن پھر بھی اس کے آندر چور تو تھا۔

"آرے تھوڑی دیر رک جاؤ اب ہم دونوں ہی تو رہتے ہیں َناں پانچ دس منٹس کی بات ہے عائلہ۔۔۔" ابرش نے عائلہ کو تھوڑی دیر روکنا چاہا لیکن یہ کہاں ممکن تھا عائلہ تو اپنی باری سے بچنا چاہارہی تھی۔

"عائلہ کے لئے پروپر نیند بہت ضروری ہے ابرش ڈاکٹر نے کہا تھا نیند کا ٹائم پورا ہونا چاہیے کافی لیٹ ہو گئی ہے میرے خیال میں ہمیں اب روم میں جانا چاہئے آؤ عائلہ۔۔۔" عائلہ کے روم کے بارے میں وہ پہلے ہی جانتا تھا تو

عائلہ کا ہاتھ تھامے اس کے کمرے میں لے گیا عائلہ کو یرمان پی ٹوٹ کر پیار آیا تھا جو اس کی ہر بات بن کہے ہی سمجھ جاتا تھا۔

"عائلہ ڈریس چینج کر لو۔۔۔" یرمان اس کی ورڈروب کی طرف بڑھا جہاں عائلہ کا سامان پہلے ہی موجود تھا اس نے ٹروزار شرٹ نکالتے بیڈ پہ رکھی تھی عائلہ کو بیٹھے بیٹھے ہی بہت تھکاوٹ محسوس ہو رہی تھی اس کی کمر میں درد ہو رہا تھا پاؤں میں بھی سولن ہو رہی تھی۔

وہ یرمان کو بتانا نہیں چاہتی تھی کیونکہ آج دوپہر میں اس نے تھوڑا سا اپنا روم سٹ کیا تھا جس کی وجہ سے تھکاوٹ کا احساس ہو رہا تھا یرمان اپنی شرٹ اتارتے صوفے پہ رکھتا عائلہ کے قریب بیٹھ گیا جو سوچو میں گم تھی یرمان نے لائٹس آف کرتے عائلہ کا ڈریس چینج کیا آور اس کے ساتھ لیٹ گیا جو مسکراتے اس کے سینے پہ سر رکھ گئی۔

"جب میں منع کرتا ہوں تو کیوں میری بات نہیں مانتی ہو کیوں کام کرتی ہو۔۔۔ میڈ سے بھی کروا سکتی تھی روم کی صفائی خود کیوں کی۔۔؟" عائلہ پکڑی جا چکی تھی اس نے سہمتے یرمان کو دیکھا تھا وہ کیسے جانتا تھا بھلا کہ عائلہ نے روم کی ورڈرواب صاف کی۔

"مجھے پتہ ہوتا ہے عائلہ تم سکون سے بیٹھنے والوں میں سے نہیں ہو لیکن شائد تم نے خود ڈاکٹر کی بات نہیں سنی تھی ڈاکٹر نے کمپلٹ بیڈ ریسٹ کا کہا ہوا ہے یہاں بھی ضامن کی وجہ سے لیکر آیا ورنہ کہیں نہیں لے جاتا لاسٹ ڈیز ہیں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے عائلہ میری جان اب دیکھو میں غصہ نہیں کر رہا ہوں پیار سے سمجھا رہا ہوں خیال رکھا کرو اپنا۔۔۔" وہ اس کے بالوں کو سہلا رہا تھا اچانک سے یرمان کی نظر عائلہ کے پاؤں پہ گئی جو تھوڑا بہت سوجا ہوا تھا یرمان نے اٹھتے اس کے پاؤں کو دیکھا تھا۔۔

"یہ نارمل ہے ہوتا ہے۔۔۔!؛" وہ یرمان کی نظروں کا مرکز جانتے وضاحت دینے لگی تھی۔

"سلویشن کیا ہے اس کا؟" یرمان نے اس کی بات پہ دھیان نہیں دیا تھا۔

"تیل سے مساج۔۔۔!؛ میں کل کروں گی۔۔۔" آہستگی سے کہتے یرمان کو مطمئن کرنا چاہا مگر یہ اب کہاں ممکن تھا وہ اٹھتے باہر آیا اور تیل ڈھونڈتے واپس جب کمرے میں انٹر ہوا تو اس کے ہاتھ میں تیل کی بوتل تھی عائلہ نے پاؤں پیچھے کر لیے۔

"نہیں اس کی ضرورت۔۔۔" یرمان کی سرخی نظروں میں چھپی وارننگ سے بچنے کے لیے وہ خاموش ہو گئی جو اب اس کے پاؤں کو اپنی گود میں رکھتے ہلکے سے سہلا رہا تھا اس نے نرمی سے اپنے ہونٹ عائلہ کے تلوے پہ رکھ دیئے وہ سانس روک گئی کہاں سوچا تھا کہ کبھی ایسا بھی ہو گا یرمان اس کے

پاؤں میں بیٹھے گا یرمان کے ہونٹوں کا لمس وہ بھی پاؤں پہ وہ پل بھر کے لیے پلکیں جھپکانا ہی بھول گئی تھی۔

"میرے لیے تم سر تا پا خاص ہو عائلہ تمھارے وجود کا ہر حصہ میرے لیے بہت قیمتی ہے پھر چاہے وہ تمھارے ہاتھ ہوں یا ہونٹ یا پھر پاؤں مجھے تم سے محبت ہے مطلب تم سے محبّت ہے تمھارے ہونٹوں یا ہاتھوں سے نہیں۔۔۔"وہ ہلکے سے اس کے پاؤں پہ مساج کرنے لگا عائلہ کو بہت آچھا فیل ہو رہا تھا تقریباً آدھا گھنٹہ یرمان نے مساج کیا تھا اور عائلہ کافی بہتر فیل کر رہی تھی اسنے آنکھیں موندلی تھیں یرمان تیل سائیڈ پہ رکھتے اپنے ہاتھ دھوتے ٹاول سے صاف کرتے واپس آیا تھا۔

"عائلہ کے ساتھ لیٹا تو وہ خوُد اس کے حصار میں آگئی تھی اوُر ہمت کرتے اس نے اپنے ہونٹ یرمان کے رخساروں پہ رکھتے اُسے کس کیا تھا۔۔

"ہمم یہ کس لیے۔۔۔؟"وہ ہونٹوں کو دانتوں تلے دباتے پوچھ رہا تھا عائلہ مسکرائی تھی۔

"آپ پہ پیار آرہا تھا اس لیے۔۔۔"وہ اب یرمان سے اتنی تو فرینک ہو چکی تھی کہ بنا جھجکے بات کر لیتی تھی یرمان کو بھی خوشی ہوتی تھی کہ عائلہ اس کے ساتھ اٹیچ ہو چکی تھی.

"اگر یہ پیار ہونٹوں پہ جتایا جاتا تو زیادہ اچھا ہوتا۔۔۔"وہ شوخ ہوا تو عائلہ گھبرا گئی تھی۔

"نیند آرہی ہے مجھے۔۔"آنکھیں بند کرتے کہا تو وہ مسکرایا تھا جانتا تھا ابرش اور ضامن کے پاس سے اٹھ کر بھی عائلہ اس لیے آئی تھی کہ کہیں اس کی باری نہ آجائے وہ بھی عائلہ کو نروس نہیں دیکھ سکتا تھا تو اسے ساتھ لے آیا تھا۔

"سو جاؤ۔۔ یہ مارجن بے بی کی وجہ سے ایک بار بے بی ہو جائے پھر جانم تمھارے بہانے بھی ختم ہو جائیں گے۔۔" یرمان نے اس کا ماتھا چوما عائلہ نے ناک چڑھائی کہ وہ بعد کی بات تھی۔

••••••

"سر میں۔۔۔" وہ اس کے ہونٹوں پہ انگلی رکھ چکا تھا ابرش اس وقتِ باتھ ٹب کے کنارے بیٹھی تھی جس نے پنک کلر کا باتھ گاؤن پہن رکھا تھا اس کے سامنے ضامن بیٹھا اس کا پاؤں اپنے گھٹنے پہ رکھے اس کے پاؤں کے ناخنوں پہ نیل پینٹ لگا رہا تھا ابرش کو نیل پینٹ پسند تھی ضامن روز خود اس کے پاؤں پہ نیل پینٹ لگاتا تھا ابرش منع بھی کرتی تو ضامن پہ اثر نہیں ہوتا۔

"آپ کیوں کرتے ہیں مجھے اچھا نہیں لگتا ہے یہ کام تو میری میک آرٹسٹ بھی کر سکتی ہے مگر آپ کو یہ سب کرنے کا شوق ہے۔۔۔۔" ابرش یہ سوال

کئی بار پوچھ چکی تھی ضامن سے جو بس اس کو ایک گھوری دکھاتے پھر سے اپنے کام میں مگن ہو جاتا اس نے ابرش سے ڈیل کی تھی کہ وہ ضامن کے رومانس میں نہیں بولے گی اور ضامن اس کے سارے کام کرے گا ابرش جانتی تھی وہ نہ بھی مانتی مقابل نے اپنی ہی کرنی تھی اس کے پاؤں کے ناخنوں پہ احتیاط سے نیل پینٹ لگاتے وہ اس کے ہاتھوں کو تھامے ہونٹوں سے لگاتے چوم چکا تھا.

"ہر روز کرتے ہیں یہ سب دل کیوں نہیں بھرتا۔۔۔" وہ آپنے گیلے بالوں کی لٹوں کو کان کے پیچھے اڑستے سوال کر رہی تھی.

"جتنا اس بدن کا ذائقہ ملتا ہے اتنی ہی طلب بڑھتی ہے مس ملک۔۔ دل نہیں بھرتا ہے نہ ہی کبھی بھرے گا کیونکہ یہ محبت ہے جو وقت کے ساتھ مزید بڑھ جائے گی کم نہیں ہو گی۔۔ جن سے روحوں کا تعلق جوڑا ہو ان سے

دل نہیں بھرتا۔۔۔"وہ ابرش کے ہاتھوں کو اپنی گردن میں ڈالے اس کی ٹھوڑی پہ ہونٹ رکھ چکا تھا ابرش ایکسپکٹ کر رہی تھی ضامن ابرش کا پہلے سے بھی زیادہ خیال رکھتا تھا اسے پلکوں پہ بٹھائے رکھتا ابرش کو اپنا آپ بہت خاص لگتا تھا۔

"آپ خوش ہیں۔۔۔؟"وہ ضامن کے چہرے سے اس کی خوشی کا اندازہ تو لگا ہی سکتی تھی لیکن اس نے پھر بھی ضامن سے پوچھا وہ مسکرایا۔

"آپ کو کیا لگتا ہے۔۔۔!"ضامن نے الٹا سوال کیا۔۔

"مُجھے لگتا ہے آپ بہت خوش ہیں۔۔۔!؛"ضامن نے مسکراتے اس کی بیلی پہ ہونٹ رکھے تو ابرش خود میں سمٹ گئی۔

"میری پرنسز اپنی ممی کو تنگ نہیں کرنا ہے آپ نے۔۔۔!؛" وہ دن میں اتنی بار اپنی بیٹی سے بات کرتا تھا ابھی انہیں یہ تو نہیں پتہ تھا کہ ان کا بیٹا ہو گا یہ بیٹی لیکن ضامن کی خواہش تھی ان کی بیٹی ہو لیکن یہ تو وقت نے بتانا تھا کہ ضامن کی خواہش پوری ہونی تھی یا اس کا دل ٹوٹنا تھا۔

•••••

عائلہ کا پورا وجود پسینے سے شرابور تھا یرمان کوئی ضروری کال سننے باہر گیا تھا عائلہ کو اپنی طعیبت صبح سے ہی بوکھلا سی لگ رہی تھی اس نے یرمان کو نہیں بتایا لیکن اب اس کے پہلو میں اٹھتا درد اس کے پورے وجود میں سرایت کر رہا تھا تکلیف کے مارے اس کے ہونٹوں سے چیخ نکلی تھی یرمان جو کام پہ بیزی تھا عائلہ کی چیخ سن کر وہ آندر بھاگا تھا جو پیٹ پہ ہاتھ رکھے درد سے دوہری ہو رہی تھی۔

"عائلہ کیاہوا۔۔۔؟" وہ حد سے زیادہ پریشان ہوا عائلہ کی حالت دیکھ کر اس کے اپنے حواس کام کرنا چھوڑ گئے تھے جیسے۔

"مجھے درد۔۔۔" تکلیف اس قدر زیادہ تھی کہ وہ بول بھی نہیں پا رہی تھی یرمان نے اسے بانہوں میں بھر اڈاکٹر سے ٹائم وہ پہلے ہی لے چکا تھا عائلہ کو اٹھائے وہ باہر آیا تو عفت ملک لان میں واک کر رہی تھی۔

"کیاہو گیا اسے۔۔۔" وہ بھی حد سے زیادہ پریشان ہو گئی تھیں اور یرمان کے ساتھ ہی ہاسپٹل کے لئے نکلی تھیں ڈرائیور کے بجائے گاڑی یرمان خوُد چلا رہا تھا جبکہ عائلہ پیچھے عفت ملک کے ساتھ بیٹھی تھی جس کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔

یرمان کا دل کٹ رہا تھا عائلہ کی حالت دیکھ کر وہ لوگ تقریبا آدھے گھنٹے تک ہاسپٹل پہنچ گئے تھے عائلہ کو ایمر جنسی وارڈ میں لے جایا گیا ڈاکٹر ناہید جو

عائلہ کی ڈآکٹر تھی پچھلے نو مہینوں سے وہ عائلہ کا چیک اپ کرتی تھی اس وقتِ عائلہ کی حالت دیکھ کر پریشان ہو گئی تھی اس نے تو نارمل ڈرالیوی کا کہا ہوا تھا لیکِن عائلہ کی بگڑتی حالت دیکھ کر یہ بہت مشکل ہو رہا تھا۔

عائلہ کا بی پی شوٹ کر گیا تھا آیسے میں اس کا آپریٹ بھی رسکی تھی۔

یرمان سے فارم بھر والیا گیا تھا ڈاکٹرز نے کوئی ابھی امید نہیں دلائی تھی یرمان کے ساتھ ساتھ عفت ملک بھی بہت پریشان تھیں بار بار بیٹے کو تسلی دے رہی تھیں قیوم ملک بھی پہنچ گ ءے تھے تھوڑی ہی دیر میں اور ساتھ ابرش اوُر ضامن بھی تھے ضامن کا دل بے چین تھا عائلہ کی تکلیف کو سوچتے اس کی چھوٹی سی گڑیا کتنی بڑی تکلیف میں تھی اوُر وہ بس دعا ہی کر سکتا تھا۔

"بھائی پریشان نہیں ہوں عائلہ اوَر بے بی ٹھیک ہو گا۔۔" ابرش نے یرمان کو تسلی دی جو خاموشی سے ایمرجنسی وارڈ کے بند دروازے کو دیکھ رہا تھا۔

یہ وقت بہت مشکل تھا جس کا ایک ایک لمحہ ان پہ بھاری تھا وہ سبھی دعا کر رہے تھے عائلہ کے لیے۔

"مبارک ہو بیٹا ہوا ہے۔۔۔!؛" نرس تقریباً تین گھنٹے بعد باہر آئی تھی ڈاکٹرز ابھی تک آندر ہی تھے یرمان کی بے چینی بڑھتی ہی جا رہی تھی۔

"اوَر عائلہ وہ کیسی ہے۔۔۔؟" یرمان جو عائلہ کو تنگ کرنے کے لیے اکثر کہتا تھا مجھے تم سے زیادہ بے بی سے محبت ہے آج اس وقت میں اسے عائلہ کی فکر ہو رہی تھی جب تک عائلہ کی خیریت کی اطلاع نہیں ملتی اس کی حالت بری رہنی تھی۔

"اُن کی کنڈیشن کریٹیکل ہے مسٹر یرمان آخری وقت میں سب کو رکرنا بہت مشکل تھا آپ لوگ دعا کریں کہ وہ ہوش میں آجائیں۔۔"نرس کی بات سن کر سب کے چہروں پہ تشوتش پھیلی تھی۔

یرمان کو ایک پل کے لیے ملال سا ہوا اتنی جلدی یہ زمہداری اس نے عائلہ پہ ڈال کر اچھا نہیں کیا تھا۔

کچھ ہی دیر میں نرس بے بی کو لاتے ابرش کو پکڑتے آگے بڑھ گئی یرمان نے بے بی کی طرف دیکھا تک نہیں ابرش اس کے پاس ہی لے گئی تھی بے بی کو لیکن کوئی یرمان سے پوچھتا اس پل اس کی کیا حالت ہو رہی تھی اس دل و دماغ میں بھڑ پھڑے سے بھرے تھے عائلہ کی خیریت کی خبر جب تک نہ ملتی اس کو کہاں سکون ملنا تھا.

"بھائی یہ آپ کا بیٹا ہے عائلہ ٹھیک ہو جائے گی کم سے کم اسے ایک دفعہ اپنی گود میں تو اٹھالیں۔۔۔"ابرش خود دکھی تھی آنکھوں میں آنسو تھے لیکن پھر بھی وہ خود کو مظبوط ظاہر کر رہی تھی۔

یرمان پہ جیسے ابرش کی باتوں کا کوئی اثر نہیں پڑا تھا وہ جیسے کچھ سن ہی نہیں رہا تھا عفت ملک نے بے بی ابرش سے لے لیا وہ گول مٹول سا بچہ بہت پیارا تھا جو ننھی ننھی مٹھیاں بھینچے گہری نیند میں تھا نہیں جانتا تھا کہ اس کی ماما کتنی تکلیف میں تھی عفت ملک نے اس کی چھوٹی سی پیشانی پہ بوسہ دیا ان کے بیٹے کی اولاد تھی کیوں نہ عزیز ہوتی وہ ان کو۔۔

-

وہ تو ٹھیک سے خود بھی نہیں ہو پا رہے تھے عائلہ کی پریشانی ان کو بھلا کہاں خوش ہونے دے سکتی تھی قیوم ملک نے بھی بے بی کو پیار کیا ضامن نے بھی

اسے گود میں اٹھایا تھا سبھی نے پیار کیا سوائے یرمان کے ان کی پوری رات جاگتے عائلہ کے لیے دعا کرتے گزر گئی تھی۔

اگلے دن کے تقریبا بارہ بجے ڈاکٹر نے انہیں عائلہ کے ہوش میں آنے کی اطلاع دی تھی یرمان تو یہ سنتے تیزی سے آندر گیا تھا کسی میں ہمت بھی نہیں ہوئی اسے روکنے کی۔

"عائلہ میری جان تم ٹھیک ہو۔۔۔" وہ عائلہ کے چہرے پہ دیوانہ وار اپنے ہونٹوں کا لمس چھوڑتے بے قراری سے پوچھ رہا تھا عائلہ کو ہوش میں دیکھ کر وہ جیسے جی اٹھا تھا آنکھوں سے مارے تشکر کے اشک بہنے لگے وہ عائلہ کے چہرے کے نقوشِ کو چومتے اپنے جلتے ہونٹوں کو سیراب کر رہا تھا۔

"بے بی۔۔۔!؛" عائلہ نے اپنے پیٹ پہ ہاتھ رکھا ان کا بچہ کہاں تھا یرمان اکیلا کیوں تھا اس کا بچہ کہاں تھا عائلہ تیزی سے اٹھی سٹچز پہ کھینچاو پڑا تو وہ

درد سے کراہتے واپس لیٹ گئی مگر بچے کی پریشانی اس کی جان نکال رہی تھی

۔

"عائلہ پلیز ڈونٹ موو تمھارا آپریٹ ہوا ہے زخم تازہ ہے تمھیں مؤمنٹ نہیں کرنی ہے۔۔۔"وہ اس کے آنسو اپنے ہونٹوں سے چننے لگا لیکن عائلہ کہاں اس کی بات سن رہی تھی عائلہ کا دماغ تو بچے کی طرف تھا بچہ کیوں نہیں تھا یرمان کے پاس۔

"ہمارا بچہ کہاں ہے۔۔؟"وہ چیخی تھی کمزوری کی وجہ سے اس سے بولنا بھی مشکل ہو رہا تھا۔

"یہ رہا بے بی۔۔۔"ابرش مسکراتے اندر آئی تھی اس کے ہاتھ میں بے بی تھا جبکہ ابرش کے ساتھ ضامن اور قیوم ملک عفت ملک بھی تھے عائلہ نے

بے قراری سے اپنے بچے کو دیکھا دھڑکنیں جیسے رک گئی تھیں یہ سوچتے کہ وہ اپنے بچے کو کھو چکی ہے۔

"مُجھے دیں اسے۔۔۔!؛"وہ اب کی بار آہستگی سے اٹھتے بیٹھی تھی لیکِن درد پھر بھی ہو رہا تھا مگر ضبط کر گئی تھی اپنے بچے کے لیے اس نے اتنی تکلیفیں برداشت کی تھیں یہ تو کچھ بھی نہیں تھا۔

"پتہ ہے بے بی کے ڈیڈ نے بے بی کو دیکھا تک نہیں بے بی ناراض ہے اپنے ڈیڈ سے۔۔۔"ابرش نے شکائت لگائی تھی اتنا کیوٹ تھا وہ ابرش کا دل کر رہا تھا اپنی بانہوں میں ہی بھرے رکھے وہ اسے۔

"بے بی کی ماما بھی ناراض آپ سے۔۔۔"عائلہ نے احتیاط سے بے بی کو اٹھایا تھا جو اتنا چھوٹا سا تھا کہ عائلہ کو ڈر لگا کہیں اس کے ہاتھوں سے گر ہی نہ جائے

"میں منالو نگا دونوں کو۔۔۔!؛"عائلہ ٹھیک تھی یرمان کا موڈ بھی ٹھیک ہو گیا تھا۔

"اس کا نام کیا رکھیں گے۔۔۔"عفت ملک اپنے بچوں کو خوش دیکھ اپنے رب کا شکر ادا کر رہی تھیں۔

"میں رکھوں گی نام۔۔۔!؛"ابرش نے پر جوش سی بولی اس نے پہلے ہی بچوں کے نام ڈھونڈ رکھے تھے۔

"ہاں آپ ہی رکھیں۔۔۔"عائلہ مسکراتے بولی عین اسی لمحے بے بی نے آنکھیں کھولی تھیں اس کی آنکھوں کو رنگ سیاہ تھا اس نے اپنی آنکھوں کی رنگت اپنی مام کی چرائی تھی یرمان نے حیرانگی سے اسے دیکھا لیکن عائلہ یرمان کو فل اگنور کر رہی تھی یرمان نے بے بی کو دیکھا تک نہیں یہ بات

اسے چھبی تھی ان کا بیٹا تھا آگر عائلہ کو کچھ ہو جاتا تو یرمان تو اپنے بچے کو بھول ہی جاتا۔

"اس کا نام ہم معاذ رکھیں گے۔۔۔"ابرش کو یہ نام پسند آیا تھا عائلہ اور یرمان کو بھی نام اچھا لگا تھا آخر کو بے بی کو یہ نام اس کی پھپھو پلس مامی نے دیا تھا کیونکہ نہ سب کو پسند آتا۔

"بہت پیارا نام ہے عائلہ مجھے دیں بے بی کو۔۔۔"ابرش نے تھوڑے ٹائم کے لئے بے بی کو ضامن کو دیا تھا لہذا اب ضامن نے عائلہ سے مانگ لیا بے بی کو گود میں اٹھائے پیار کیا عفت ملک قیوم ملک کے ساتھ شام کو واپس چلی گئی تھیں ابرش کی طعیبت بھی ٹھیک نہیں تھی یرمان نے اُسے واپس بھیج دیا کہ گھر آجانا ملنے لیکن فحال ریسٹ کرو۔

ہاسپٹل میں عائلہ اوَر یرمان تھے عائلہ کو کل ڈسچارج کیا جانا تھا عائلہ یرمان سے ناراضگی دکھائے اس کی طرف دیکھ تک نہیں رہی تھی۔

"میں تمھارے لیے پریشان تھا عائلہ تم سوچ بھی نہیں سکتی ہو مجھے کتنی پریشانی ہو رہی تھی ایسا لگ رہا تھا تمھیں کھو دوں گا جب تک تمھاری خیریت کی خبر نہیں ملتی میں خود کا بھی نہیں سوچتا یہ تو پھر ہمارا بچہ تھا عائلہ اب ہم ساتھ ہیں تم خوش ہو تم پھر یہ ناراضگی چھوڑ دو۔۔۔" عائلہ نے بے بی کو گود میں اٹھانا چاہا لیکن عائلہ نے اُسے بے بی دیا ہی نہیں بلکے ناراضگی ہی جتائی.

"ہاں پریشان تھے تو پھر بھی آپ کو بے بی کو اٹھانا چاہیے تھا وہ کیا سوچتا ہو گا اس کے ڈیڈ نے اس کو دیکھا تک نہیں۔۔۔" عائلہ نے منہ بنایا۔

"مجھے تمھاری پریشانی تھی۔۔" یرمان نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا تو عائلہ نے اُسے گھورا تھا۔

"کیا کر رہے ہیں یہ دیکھ رہا ہے۔۔۔" عائلہ نے بے بی کی طرف اِشارہ کیا جو اپنی کالی آنکھوں سے اپنے ڈیڈ کو گھور رہا تھا یرمان نے بھی بدلے میں اسے گھورا تو معاذ نے اپنے چھوٹے چھوٹے ہونٹوں کو پہلے تو لٹکایا یرمان نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا کرنے والا ہے لیکن تھوڑی ہی دیر بعد روم میں معاز کے رونے کی آواز نے دونوں کو بوکھلا کر رکھ دیا تھا۔

"یہ رو کیوں رہا ہے۔۔۔۔؟" عائلہ اس کے رونے پہ پریشان ہو گئی تھی یرمان نے بے بی کو گود میں بھرا جس کا چہرہ آنسوؤں سے بھیگ گیا تھا۔

"عائلہ اسے فیڈ کرواؤ بھوک لگی ہے اسے۔۔۔" یرمان نے عائلہ کے پیچھے تکیے سٹ کیے کہ وہ سکون سے بے بی کو فیڈ کروا سکے۔

عائلہ نے بے بی کے ماتھے پہ بوسہ دیا اور اسے فیڈ کروایا وہ سو گیا تو یرمان نے عائلہ کے ساتھ ہی اسے لٹا دیا عائلہ بھی سو گئی تو یرمان ان کو دیکھنے لگا آج ان کی فیملی کمپلٹ ہو گئی تھی۔۔

یرمان کو بیٹی کی خواہش تھی لیکِن اس نے سوچ لیا تھا کہ اب دوبارہ وہ عائلہ کو اس تکلیف سے گزرتے نہیں دیکھ سکتا تھا۔

وہ خوش تھا ان کے پاس بیٹا تو تھا جس نے ان کو مکمل کر دیا تھا۔

••••••

"مجھے نہیں پتہ مجھے لے چلیں میں نے معاذ سے ملنا ہے آپ بدل رہے ہیں آپ میری بات بھی نہیں سنتے ہیں میں آپ سے بات نہیں کروں گی اگر

آپ مجھے لے کر نہیں گئے تو۔۔۔"ابرش کب سے ضامن کو دھمکیاں دے رہی تھی اسے معاز سے ملنا تھا لیکِن ضامن ٹال مٹول سے کام لے رہا تھا۔

"کہاناں کل صبح لے جاؤں گا آپ سارا دن وہاں رک جایئے گا ابھی آپ کی طعیبت نہیں ٹھیک۔۔۔"ضامن ہر روز لے جاتا تھا ابرش کو ملک مینشن لیکن ابرش کا دل نہیں بھرتا تھا معاز ایک مہینے کا ہو چکا تھا بہت ایکٹو اور شرارتی بچہ تھا اپنی پھپھو کے ساتھ تو اُس کی خوب بنتی تھی اپنی مام سے زیادہ وہ ابرش سے اٹیچ ہو گیا تھا۔

"میں خود چلی جاؤں گی آپ نہیں لے کر گئے تو دیکھ لیجئے گا میں بلکل ٹھیک ہوں مجھے کچھ نہیں ہوا ہے مگر آپ کا آج اپنا دل نہیں ہے مجھے وہاں لے جانے کا تبھی ٹال مٹول کر رہے ہیں میرا اتنا دل کر رہا ہے معاز کو دیکھنے

کا۔۔۔"وہ تھوڑی دیر پہلے بھی ویڈیو کال پہ معاز کو دیکھ رہی تھی لیکِن دل نہیں بھرا تھا۔۔

"ابرش پلیز یار پلیز سمجھنے کی کوشش کریں۔۔۔"وہ جھنجھنایا ابرش کو ناراض نہیں کر سکتا تھا وہ ہر ممکن کوشش کرتا تھا ابرش کو خوش رکھنے کی اوُر ابرش خوُد بھی اپنا خیال رکھتی تھی وہ نہیں چاہتی تھی کہ عائلہ کے لئے جیسے اس کا بھائی پریشان ہوا ضامن کو اس کے لیے پریشان ہونا پڑے اسے خود سے زیادہ ضامن کی فکر تھی۔

"ضامن آپ مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں ناں پلیز مان جائیں دیکھیں مام بھی کہہ رہی تھیں آج ہم اُن کی طرف ڈنر کریں آپ تھکے ہوئے آئے ہیں میں جانتی ہوں لیکن دیکھئے گا معاز کو دیکھ کر آپ کی تھکن اتر جائے گی۔۔۔"وہ

اس کے ماتھے پہ بوسہ دیتے بولی تو ضامن نے اس کو ابرو آچکاتے دیکھا تھا وہ اسے منانے کی کوشش کر رہی تھی۔

"اوکے چلتے ہیں لیکن پہلے مجھے کس کریں۔۔اور کس میرے فیورٹ۔۔۔"ابرش اس کی بے باک فرمائش پہ سرخ ہوئی لیکن فحال اسے منانا تھا تو اپنی آنکھیں بند کرتے اس نے اپنے ہونٹ ضامن کے ہونٹوں پہ رکھ دیئے وہ اس وقت ضامن کی گود میں بیٹھی تھی ضامن چیئر پہ بیٹھا تھا۔

ابرش کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں لاک کرتے وہ اس کی سانسوں کو پی رہا تھا لمحے خاموشی کی نظر ہوئے تھے ابرش کی تیز سانسوں کو سنتے وہ پیچھے ہو گیا اس کنڈیشن میں وہ ابرش کو ڈیپ کس نہیں کرتا تھا آہاں چھوٹی چھوٹی گستاخیاں کرنے سے وہ خوُد کو روک نہیں پاتا تھا۔

"جائیں تیار ہو جائیں۔۔۔"وہ اپنی شرٹ کے بٹن بند کرتا ابرش کو گود سے اتارتے زمین پہ کھڑا کر چکا تھا۔

"میں تیار ہوں بس شال لینی ہے۔۔۔"وہ دانت دکھاتے آندر چلی گئی ضامن نے اپنے بالوں میں برش کیا اور گاڑی کی چابیاں اُٹھاتے کار پورچ میں چلا آیا معاز سے ملنے کا اس کا اپنا دل بھی تھا لیکِن وہ روز روز جاتے اچھے تھوڑی لگتے اس لیے آج منع کر رہا تھا ابرش کو لیکن ابرش کا دل تھا تو وہ بھی مان گیا۔۔

"ہم واپس آ جائیں گے وہاں رکیں گے نہیں یہ بات مجھے آپ کو وہاں کہنی نہ پڑے ابرش۔۔۔"ان کے درمیان سے آپ لفظ نہیں نکلا تھا ضامن کی شروع سے عادت تھی اسے آپ کہنے کی اوَر اب یہ عادت پختہ ہو گئی تھی

جیسے اسے ابرش کو آپ کہنا اچھا لگتا تھا اس نے نوٹ کیا تھا قیوم ملک بھی عفت ملک کو آپ ہی کہتے تھے۔۔۔

"لیکن اگر مام ڈیڈ نے روک لیا تو پھر میں کیسے انکار کروں گی سر۔۔۔ ویسے بھی ہم کونسا وہاں روز روز رہتے ہیں آپ رہنے ہی کب دیتے ہیں۔۔۔!؛" ابرش کو ضامن واپس ہی تو لے آتا تھا عائلہ اوَر یرمان روکنے کی کوشش بھی کرتے تو ضامن سہولت سے انکار کر دیتا کہ انہیں واپس ہی جانا ہے۔

"تو آپ منع کر دیجیے گا اُنہیں۔۔۔" وہ لوگ ملک مینشن پہنچ گئے تھے ابرش نے منہ بنایا وہ ضامن کی یہ لاجک سمجھ نہیں پائی تھی۔

آندر آتے اس کو عائلہ لاؤنج میں ہی مل گئی تھی وہ عفت ملک کے ساتھ بیٹھی تھی پاس ہی معاز اپنے کھلونوں کے ساتھ کھیل کم ان کا معائنہ زیادہ کر

رہا تھا ابرش نے اُسے دیکھتے مسکراتے اس کے پاس آتے اس کو گود میں اٹھایا تھا۔

وہ اپنی پھوپھو کو دیکھتا اپنی چائنیز میں بات کرنے لگا وہ بولتا نہیں تھا بس آوازیں نکالتا تھا۔

"ابرش آپ لوگ کب آئے ضامن بیٹا کیسے ہو۔؟"عفت ملک انہیں دیکھ کر خوش ہوئی تھیں۔

"بس یہ آپ کی بیٹی کو معاز سے ملنا ہوتا ہے۔۔۔"ضامن نے معاذ کے ماتھے پہ بوسہ دیا اوُر عائلہ کو سر پہ پیار کرتے اس کا بھی ماتھا چوما تھا۔

"میرا دل ہی نہیں لگتا اس کے بغیر۔۔۔"ابرش کو پیار کرتے بولی اس کا بس چلتا وہ معاز کو ساتھ لے جاتی جتنی محبت وہ معاز سے کرتی تھی.

"بیٹھو بیٹا میں نے ابرش سے کہا تھا آج ڈنر ہمارے ساتھ کرنا یرمان اور قیوم آتے ہوں گے آفس سے۔۔۔"عفت ملک کو ضامن ابرش کے حوالے سے بہت عزیز تھا ان کی بیٹی خوش تھی تو وہ مطمئن تھیں۔

"بھائی آپ ابرش کا خیال رکھا کریں۔۔۔!؛"عائلہ کو انتظار ابرش اور ضامن کے بے بی کا تھا جیسے ابرش معاز سے محبت کرتی تھی عائلہ کو ان کے بچے سے تھی محبت۔

"یہ خود رکھتی ہیں اپنا خیال۔۔۔"وہ عائلہ کے ساتھ باتیں کرنے لگ گیا تھا

۔

•••••••

ابرش نے ایک خوبصورت سے بیٹے کو جنم دیا تھا جو اپنے پاپا کی کاپی تھا ابرش اوٗر ضامن کے بیٹے کو عائلہ اپنی گود سے اتار نہیں رہی تھی وہ تو ضامن کو بھی نہیں دے رہی تھی ابرش کی نارمل ڈرالیوی تھی وہ بلکل ٹھیک تھی اوٗر گھر آچکی تھی عفت ملک اور قیوم ملک اس سے ملنے آئے تھے اوٗر تھوڑی دیر دیر تک بیٹھتے وہ وآپس چلے گئے تھے تھے۔

عائلہ اور یرمان یہیں تھے عائلہ نے ضد کی تھی وہ ابرش اور ضامن کے ساتھ رہے گی اور عائلہ کے بغیر یرمان کا گزارہ نہیں ہو سکتا تھا تو وہ بھی یہیں تھا نواز چھ مہینوں کا ہو گیا تھا۔

ابرش مسکراتے عائلہ کو بے بی کے ساتھ مگن دیکھ رہی تھی یرمان اور ضامن آپس میں بات کر رہے تھے معاز ان کے ساتھ ہی تھا جسے ضامن نے گود

میں اٹھایا ہوا تھا ابرش اور عائلہ کا پیار معاز ہنسی خوشی سہ لیتا تھا لیکن اپنے ڈیڈ اور ماموں کی بیرڈ کی چھبن پہ وہ رونے لگتا تھا۔

"اس موصوف سے اپنے ڈیڈ کا پیار برداشت نہیں ہوتا۔۔" یرمان نے اپنے بیٹے کو گھورا تھا جس پہ وہ کھل کھلایا تھا اپنے ڈیڈ کو وہ بہت تنگ کرتا تھا عائلہ کی بات مانتا تھا اپنی مام کو بلکل تنگ نہیں کرتا فیڈ بھی آرام سے کر لیتا اپنی دادو کے پاس زیادہ رہتا تھا اور جب بھوک لگتی مام کے پاس چلا جاتا تھا۔

"اٹیٹیوڈ وہ بھی اپنے ڈیڈ کے جیسا۔۔۔" ضامن نے طنز کیا تو یرمان پہلو بدل کر رہ گیا تھا۔

معاز ضامن کی گود سے نکلتے کرول کرتے اپنی مام کے پاس پہنچ گیا.

"م۔۔۔۔م۔۔۔۔۔۔م۔۔۔۔ا۔۔۔۔۔"وہ اب بولنے کی کوشش کرتا تھا اوَر اس نے پہلا ہی لفظ مما بولا تھا عائلہ کی تو خوشی کا ٹھکانہ ہی نہیں رہا اس کے ماتھے کو چوما تھا ابرش ریسٹ کر رہی تھی یہاں کا سارا کام عائلہ ہی دیکھ رہی تھی۔

عائلہ سارے کام سمیٹ کر معاذ کو لیے اپنے کمرے میں چلی گئی یہاں یرمان اس کے انتظار میں تھا ضامن ابرش کے پاس گیا ضامن کی بیٹی کی خواہش پوری نہیں ہوئی تھی لیکِن ابرش اور بچہ ٹھیک تھے وہ اسی وجہ سے مطمئن تھا۔

"ٹیکسٹ ٹائم بیٹی ہو گی انشا اللہ۔۔۔"ضامن ابرش کے ہونٹوں کو چومتے بولا تو وہ شرما گئی تھی بے بی تو سو گیا تھا ضامن نے اُسے کاٹ میں لٹایا اور ابرش کے پاس بیٹھ گیا جو مسکرا رہی تھی۔

"شکریہ ہمیں مکمل کرنے کے لیے مُجھے یہ اس لیے عزیز ہے کہ یہ آپ کے وجودِ کا حصہ ہے مجھے نہیں پتہ محبت کسی کو اتنا بدل دیتی ہے لیکن میری زندگی میں بہت کچھ بدلا آپ کے آنے سے۔۔۔ میں بہت لکی ہوں آپ جیسی وائف ملی لو یو سو مچ۔۔۔" ضامن نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا تھا۔

ابرش کو اظہار سننا اچھا لگتا تھا ضامن بار بار اظہار کرتا تھا اس کے اظہار پہ وہ خوش ہوتی تھی۔

"میں بھی آپ سے بہت محبت کرتی ہوں مجھے خوشی ہے آپ مجھ سے اتنی محبت کرتے ہیں آپ کو پتہ ہے ضامن ایک وقت تھا جب مُجھے لگتا تھا ہمارا رشتہ ایسے ہی تناؤ کا شکار رہے گا کبھی نہیں بدلے گا مگر آج دیکھیں حالات کتنے مختلف ہیں۔۔۔" وہ ضامن کے سینے پہ سر رکھ گئی۔۔۔ ضامن کے سینے

کو اس نے تکیہ ہی سمجھ لیا تھا نیند بھی نہیں تھی اس کو ضامن کے کندھے پہ سر رکھے بغیر۔

"وقت بدل جاتا ہے جیسا ہم سوچتے ہیں ویسا نہیں ہوتا ہے لیکن جو ہمارے لیے اچھا ہوتا ہے وہ ہوتا ہے انسان سمجھ نہیں پاتا۔۔۔"اس کے بالوں میں دھیرے دھیرے انگلیاں چلاتے وہ اس پل اسے سلانے کی کوشش کر رہا تھا ابرش کو ریسٹ کی ضرورت تھی۔

"سو جائیں۔۔۔"ضامن نے اس کی نیند سے بھری آنکھوں پہ بوسہ دیا تو وہ مسکرا دی تھی۔

ضامن اُس کے سونے کا یقین کرتے اُس کا سر تکیے پہ رکھتے خود اٹھتے کچن میں چلا آیا اسے کوفی کی طلب ہو رہی تھی یہ عادت اتنی بری طرح سے لگ چکی تھی کہ کوفی پیے بغیر نیند نہیں آتی تھی۔

اپنی کوفی کا مگ لیتے وہ اندر آیا تو اپنے بیٹے کے کاٹ پہ نظر پڑی وہ ننھا سا وجودِ اس کو خود سے زیادہ عزیز ہو چکا تھا۔

"میری جان۔۔۔"ضامن نے اُسے کاٹ سے اٹھاتے بانہوں میں بھرا تھا لیکن بے بی کو شاید اپنی نیند میں یہ ڈسٹربنس پسند نہیں آئی تھی تبھی اس نے منہ بنایا ضامن تو اس کے اٹیٹیوڈ پہ غش کھا گیا تھا کتنا سا اوئر اٹیٹیوڈ تو دیکھنے لائق تھا۔

"میں سالے صاحب سے کہہ رہا تھا تمھارے بیٹے کا اٹیٹیوڈ تجھ پہ گیا ہے لیکِن یہاں میرا بیٹا۔۔۔"وہ مسکرایا اس کا بیٹا ابرش کی کاپی تھا ضامن کو بے ساختہ وہ دن یاد آیا جب پہلی بار اس نے ابرش کو کلاس سے باہر نکالا تھا اوئر ابرش نے پرنسپل کو بلا لیا اس کے بعد ابرش نے اس کو اپنا مخالف سمجھ لیا تھا اور ہر بات میں وہ ضامن سے بحث کرتی تھی۔

"اے اپنے باپ کو کیوں اٹیٹیوڈ دکھا رہا ہے۔۔"ضامن سلگ گیا ابرش کی ٹیٹو کاپی تھا یہ بچہ۔

"مجھے لگتا ہے ہماری نہیں بنے گی ایک ساتھ۔۔۔"ضامن نے اُسے واپس سلا دیا اوَر بیڈ کی طرف بڑھا تھا ابرش گہری نیند میں چلی گئی ہوئی تھی جس کی وجہ سے وہ ضامن کا پاس سے اٹھنا نہیں نوٹ کر سکی تھی۔

"آپ کے ہاتھ کی کوفی کی عادت ہے آپنے ہاتھ کی کوفی اب اچھی نہیں لگتی ہے آپ نے میرے ساری عادتیں خراب کر دی ہیں آپ کے لیے مشکل ہو گی۔۔۔"وہ ابرش کے ساتھ کمفرٹر میں گھس گیا اوَر اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے نہائت نرمی سے اسے اپنے حصار میں لے گیا تھکاوٹ تو ضامن کو بھی بہت معلوم ہو رہی تھی کوفی ختم کر کے اس نے آنکھیں بند کر لی تھیں نظروں کے سامنے سارے لمحات آ رہے تھے جن میں وہ ابرش کے قریب

تھادونوں کے درمیان فاصلے سمیٹ رہے تھے جب وہ ابرش کو پہلی بار یہاں آلے کر آیا تھا کتنی ضد کی تھی اُس وقت ضامن نے کہ ابرش اس کے ساتھ رہنے کی ضد کی تھی اوٗر اس کے ساتھ ہی رہی تھی ابرش اس کو کتنا تنگ کرتی تھی اور پھر جب ابرش نے اس کی کوفی میں وہ ڈوز ملائی تھی اُس کے بعد ضامن نے ابرش کے ساتھ کتنا برا کیا وہ کتنا ہرٹ ہوئی تھی اُس وقت۔

"سوری جاناں۔۔۔!؛"اس نے ابرش کے ہونٹوں پہ نرمی سے ہونٹ رکھ دیئے۔۔۔

.....

"بڑی جلدی خیال آگیا کہ واپس کمرے میں بھی آنا ہے تم نے عائلہ کل سے یہ روٹین رکھی تم نے تو میں نے تمھیں اور معاز کو واپس لے کر چلے جانا ہے رات کے دس بج رہے ہیں گھر میں میڈ بھی ہے لیکن تمھیں خوٗد کام کرنے کا

شوق ہے اور یہ مجھے برداشت نہیں ہے۔۔۔!؛" وہ غصے سے دھاڑا تھا اُسے شدید غصہ آیا تھا معاز سوچکا تھا اُس نے فیڈ کر لیا تھا وہ سو رہا تھا اور یرمان کب سے عائلہ کا انتظار کر رہا تھا جو سارا کچھ سمیٹ کر آئی تھی تاکہ صبح بچاری میڈ کو زیادہ کام نہ کرنا پڑے۔

"اتنی زیادہ دیر بھی نہیں ہوئی ہے آپ ایسے ہی غصہ کر رہے ہیں مجھ پہ وہ بس تھوڑا کام۔۔۔" وہ مزید بولتی کہ اس سے پہلے ہی یرمان نے اس کے ہونٹوں کو قید کیا عائلہ اس کی شدت پہ بوکھلا کر رہ گئی تھی یرمان اس کو زمین سے اٹھاتے اپنی بازوؤں میں بھر چکا تھا عائلہ کے کیے یرمان کی شدت برداشت کرنا بہت مشکل تھا معاز کی پیدائش کے بعد یہ پہلی دفعہ تھا جو وہ اتنا جنونی ہو رہا تھا۔

عائلہ نے اس کے سینے پہ مکے مارے لیکن وہ کہاں اس کی سن رہا تھا وہ اپنی مرضی کر رہا تھا۔

عائلہ کی آنکھوں سے آنسو آ گئے تھے اس کے آنسوؤں کو اپنے رخساروں پہ محسوس کرتا وہ پیچھے ہوا تھا اور عائلہ نڈھال سی اس کے سینے پہ سر رکھ چکی تھی وہ جو بہت سوچ سمجھ کر ایک فیصلہ کیے ہوا تھا اب اپنے اس فیصلے پہ قائم رہنا اس کے لئے بہت مشکل ہو رہا تھا۔

"میں تو تمھیں ٹائم دے رہا تھا کہ تم ٹھیک ہو جاؤ پھر ہم۔۔۔ لیکن میں غلط تھا عائلہ تم تو بالکل ٹھیک ہو پھر میں انتظار کیوں کروں میری بھی کچھ ضروریات ہیں۔۔۔" وہ اس کو پیچھے بیڈ پہ گرائے اس پہ جھکا تھا۔

"میں آپ کی ضرورتوں کو پورا کروں گی جو آپ بولیں گے وہ کروں گی لیکن پلیز مجھ سے ناراض مت ہوں آپ کی ناراضگی نہیں برداشت کر سکتی ہوں میں۔۔۔"وہ ضامن کے بازوؤں کو تھامے سسکی تھی۔

"ضامن نے تمھیں منع کیا تھا کہ کام مت کرنا لیکِن تم پھر چلی گئی کچن میں معاز بھی مس کر رہا تھا اپنی مام کو اور اس کا ڈیڈ بھی۔۔۔"عائلہ کے لمس کا اثر تھا وہ تھورا کول ہوا تھا ورنہ عائلہ جب روم میں آئی تھی اُس وَقت وہ بہت غصے میں تھا عائلہ کے ہونٹوں پہ چمکتی خون کی بوندیں اس کی شدت کا پتہ دے رہی تھیں۔

"میں نے سوچا۔۔۔"

"تم نے سوچا شوہر جائے شوہر جائے بھاڑ میں میرے لیے تو کام زیادہ ضروری ہیں۔۔۔"وہ چن چن کر طنز کر رہا تھا عائلہ سر جھکا گئی تھی اور

شرمندگی بھی ہوئی یرمان اس کا انتظار کرتا اور وہ کچن میں لگی رہی جب سے قیوم ملک کی دوسری شادی والی بات پتہ چلی تھی اس نے سوچا تھا کہ وہ یرمان کے ساتھ ویسا نہیں کرے گی جیسا ماضی میں عفت ملک نے کیا تھا اور عفت ملک کی اس غلطی کی وجہ سے قیوم ملک کسی دُوسری عورت کے قریب گئے تھے۔

"نہیں مجھے معاف کر دیں میں آئیندہ آیسا نہیں کروں گی مگر آپ مجھ سے ناراض ہوں گے تو مُجھے اچھا نہیں لگے گا پلیز ناراض نہیں ہوں مجھ سے۔۔۔"وہ یرمان کی ناراضگی کے ڈر سے پریشان ہو رہی تھی۔

"تم ایسا کچھ کرو ہی نہیں جو مجھے غصہ کرنا پڑے ناراض ہونا پڑے لیکن تم کرتی وہ سب جو مجھے پسند نہیں ہے عائلہ تم جان بوجھ کر کرتی ہوں۔۔۔"وہ آج عائلہ کو کوئی مارجن نہیں دینے والا تھا.

"آپ بھی تو غصہ جلدی کرتے ہیں بھائی نے کبھی ابرش پہ غصہ نہیں کیا آپ مجھ پہ غصہ کرتے ہیں اوُر بہت زیادہ کرتے ہیں میں ناراض ہوں آپ سے۔۔۔"وہ یرمان کو منانے کے بجائے خود ناراض ہو گئی تھی اوُر یرمان اس کی باتوں پہ حیران تھا۔

"میں تم سے ناراض ہوں۔۔۔"یرمان نے جتایا تو ابرش نے پلٹ کر اُسے دیکھا تھا ہاں وہ ناراض تھا تو عائلہ بھی ناراض تھی اب یرمان سے۔

"میں بھی ہو گئی ہوں آپ مجھے مناتے نہیں ہیں الٹا مجھ سے خفا ہو جاتے ہیں آپ مجھ سے اب۔۔۔"

"عائلہ اتنا کچھ ہونے کے باوجود تمھیں لگتا ہے مجھے تمھیں یہ بتانا چاہئے کہ میں تم سے محبّت کرتا ہوں یا نہیں۔۔۔میں تم سے محبّت کرتا ہوں تم سے دوری برداشت نہیں کر سکتا ہوں تبھی غصہ کرتا ہوں لیکن تم ان باتوں کا

اوَر ہی مطلب نکال چکی یو۔۔۔"وہ سرد لہجے میں بولا تو عائلہ نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

"میں اوَر مطلب نہیں نکال رہی ہوں میں بس یہ کہہ رہی ہوں ہاں مجھ سے غلطی ہوئی ہے مُجھے جلدی روم میں آنا چاہیے تھا میں سوری کرتی ہوں آپ پلیز ناراضگی ختم کر دیں آپنی۔۔۔"عائلہ یہ بیہوہر پچھلے کچھ عرصے سے بدلا ہوا تھا یرمان وجہ جاننا چاہتا تھا وہ جو فیل کرتا تھا جانتا تھا وہ سچ نہیں تھا۔

"عائلہ میں نے یہ کہا تم مجھ سے سوری کرو میرا مقصد بس یہ تھا کہ تمھیں احساسِ ہو اوَر دوبارہ تم ایسا نہیں کرو گی لیکن تمھارا رویہ مُجھے پریشان کر رہا ہے کوئی پریشانی ہے تو شئیر کرو مجھ سے۔۔۔"یرمان نے اُسے بیڈ پہ بیٹھایا اور اس کا ہاتھ تھاما وہ پریشان اوَر ڈسٹرب وہ یرمان کو بلکل اچھی نہیں لگی تھی

۔

"آپ مجھ سے خفا ہو گئے تو انکل کی طرح دوسری شادی کریں گے میں جانتی ہوں لیکن میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی ہوں بہت محبت کرتی ہوں میں آپ سے پلیز مجھ سے خفا نہیں ہوئیے گا کبھی۔۔۔"وہ دل کا ڈر زبان پہ بھی لے ہی آئی تھی یرمان کو حیرت کا جھٹکا لگا یعنی وہ اتنے مہینوں سے اس وجہ سے پریشان تھی کہ کہیں یرمان دوسری شادی نہ کر لے۔

"میں کیوں کرونگا دوسری شادی عائلہ یہ بات تمھارے زہن میں آئی بھی کیسے عائلہ۔۔۔میں تم سے محبت کرتا ہوں تم مجھ سے محبت کرتی ہو تو پھر کیوں ہمارے درمیان کبھی کوئی تیسرا آئے گا ایسا کبھی نہیں ہو گا عائلہ میں تمھاری جگہ کبھی کسی کو نہیں دے سکتا ہوں یہاں تم ہو وہاں کوئی اور نہیں ہو سکتا ہے کبھی نہیں۔۔۔"یرمان نے اس کے چہرے کو ہاتھوں میں لیتے اس کے ماتھے کو چوما تھا۔

"مُجھے لگا آپ۔۔۔"

"بس کر دو عائلہ تم۔۔۔ خبر دار جو ایسا ویسا کچھ فضول سوچا تو تمھیں اتنی ڈھیل دی ہے اس وجہ سے ایسا فتور تُمھارے زہن میں جنم لے رہے ہیں مگر اب نہیں جاناں اب سے تمھاری ہر رات تمھارے شوہر کی بانہوں میں ہو گی۔۔۔"وہ عائلہ کی شرٹ کندھے سے سرکاتے سرد لہجے میں بولتا عائلہ کے رخساروں کو سہلا رہا تھا عائلہ نے مزاحمت نہیں کی جب پہلے یرمان اس کے قریب جاتا تھا عائلہ مزاحمت کرتی تھی اسے روکنے کی کوشش کرتی تھی یہ پہلی بار تھا عائلہ نے ایسی کوشش نہیں کی تھی یرمان مسکرایا یقیناً عائلہ ایک اچھی بیوی بنتے اپنے شوہر کو اس کا حق دینے والی تھی۔

یرمان کے لیے تو یہ بہت خوشگوار تبدیلی تھی کہ وہ اس کے ساتھ اس قدر ایموشنلی اٹیچ ہو چکی تھی کہ اس کی دوری برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

"مائی بیوٹیفل وائفی۔۔۔ تمھارا شوہر تُمھارا دیوانہ ہے جو آگر کسی کے قریب گیا ہے تو صرف تم ہو اور تمھارے علاوہ میں کبھی کسی کو سوچنا بھی نہیں چاھتا دعا ہے ہم آخری سانس تک ساتھ رہیں۔۔۔"وہ عائلہ کی گردن پہ لبوں کی مہر لگاتے اس کو خود میں قید کر گیا تھا۔

••••••

ابرش اور ضامن اپنے بیٹے کے ساتھ ایک ملک مینشن میں انوائیٹڈ تھے معاز کا پہلا برتھڈے تھا یرمان نے بہت بڑی پارٹی آرگنائز کی تھی وہ بے چینی سی ابرش اور ضامن کے انتظار میں تھا کہ وہ کب آئیں گے مہمان آنا شروع ہو چکے تھے عائلہ نے معاذ کو تیار کیا وہ بلیک کلر کے ڈریس میں بہت پیارا لگ رہا تھا عائلہ کو لگا اس کے بیٹے کو اس کی نظر لگ جائے گی۔

عائلہ آندر تیار ہو رہی تھی عفت ملک اور قیوم ملک مہمانوں کو ریسو کر رہے تھے یرمان نے آج کی پارٹی میں اریبہ کو بھی انوایٹ کیا تھا عفت ملک کے اسرار پہ وہ بضد تھیں کہ اس گھر کی پہلی پہلی خوشی تھی وہ اریبہ کو بھی اس میں شاملِ کریں گے۔

شاید وہ یہ سب کر کے خود کو بار بار یہ باور کرواتی تھیں کہ اُنھوں نے بہت بڑی غلطی کی تھی جس کے اثرات تا عمر ان کی زندگی میں رہے گے۔

یرمان آندر گیا عائلہ باہر نہیں آئی تھی معاز اپنی دادو کے پاس تھا جب کے پاس وہ زیادہ رہتا تھا عائلہ کے ساتھ کم ہی بنتی تھی یرمان عائلہ کو لینے گیا اور ساتھ ہی ارادہ ابرش اوُر ضامن کو کال کرنے کا بھی تھا کہ وہ آئے کیوں نہیں۔

یرمان کمرے میں آیا تو عائلہ آپنا حجاب سٹ کر رہی تھی سمپل سی گرے کلر کی فراک میں ہم رنگ دوپٹہ اوڑھے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔

یرمان نے اس کے ماتھے پہ ہونٹ رکھے ہر گزرتے دن کے ساتھ یرمان ملک کی محبت بھی بڑھتی جا رہی تھی وہ اتنی شدت سے عائلہ کو چاہتا تھا کہ کبھی کبھی وہ ڈر جاتی تھی کہیں یرمان کو کھو ہی نہ دے زندگی نے جتنے بھی کٹھن مراحل دیکھے تھے یرمان ملک سے شادی کے بعد حالات آہستہ آہستہ ٹھیک ہوتے اب ساز گار تھے۔

"بھائی اور ابرش آ گئے۔۔۔" عائلہ کو بھائی اور ابرش سے زیادہ حصارم سے ملنے کی جلدی تھی وہ جب اپنی توتلی زبان میں اپو۔۔(پھپھو) بلاتا تھا عائلہ بہت خوش ہوتی تھی اب تو یہ جیسے آج کا معمول بن چکا تھا معاز ابرش کے پاس اور حصارم عائلہ کے پاس خوش رہتا تھا معاز اور حصارم دونوں سے ہی

اپنے باپوں کا پیار برداشت نہیں ہوتا تھا وجہ ان کی بیرڈ کی چھبن تھی جو بچاروں کو برداشت کرنی پڑتی تھی اور پھر جب وہ گلہ پھاڑ کر روتے تو یرمان اور ضامن دونوں ہی بوکھلا کر رہ جاتے تھے۔۔

"آتے ہوں گے آجاؤ اریبہ آچکی ہیں جانتی ہو مام نے انوایٹ تو کیا ہے لیکِن وہ بات نہیں کریں گی اب اُنہیں اکورڈ فیل نہ ہو تمھیں ہی کمپنی دینی ہو گی۔۔"یرمان عائلہ کے ساتھ ہی باہر لان میں پارٹی ہمیشہ یہیں منعقد کی جاتی تھی۔

"مُجھے نہیں لگتا ہے کہ اُنہیں بلانا چاہیے تھا ہمیں۔۔"ابرش کو بھی اریبہ پسند نہیں تھی اور عائلہ کو خود بھی زیادہ بات کرنا پسند نہیں تھا کسی سے۔

"مام نے بلایا میں منع تو نہیں کر سکتا تھا۔۔۔"وہ عائلہ کے ساتھ ہی دو تین مہمانوں سے ملتے انٹرس سے داخل ہوتے ابرش اور ضامن دیکھتا اس طرف آیا۔

"بڑی جلدی نہیں خیال آ گیا تم لوگوں کو آنے کا۔۔۔؟"اس نے میٹھا سا طنز کیا تھا ضامن پہلو بدل کر گیا تھا۔

"بس ایک کال میں پھنس گیا تھا بہت بہت مبارک ہو گڑیا۔۔۔"ضامن نے پھولوں کا بکے سیشیلی عائلہ کے لیے لیا تھا اور باقی گفٹس تو وہ معاز کے لیے لے کر آئے تھے الگ سے۔

عائلہ ضامن سے ملتے ابرش کی گود سے حصارم کو اپنی گود میں شفٹ کر چکی تھی جو پھو پھو کو دیکھتا خوشی لاتیں پاؤں مارے لگا کیونکہ اب پھو پھو کو دیکھ لیا تھا اُس کے پاس ہی جانا تھا۔

اسے ہر وقت اپنی پھوپھو کی گود میں رہنا اچھا لگتا تھا ابرش نے سمجھایا تھا کہ وہ پھوپھو کے ساتھ مامی بھی ہے لیکن وہ بچہ تھا منہ پہ پھوپھو ہی چڑ گیا تھا اور اب اس کے لیے عائلہ پھوپھو ہی تھی۔

"معاز کہاں ہے۔۔۔؟" ابرش کو معاز سے ملنا تھا تو وہ مام کی گود میں معاز کو دیکھ کر اُن کے پاس چلی گئی مام نے اس کے ماتھے پہ پیار کیا اور ساتھ ہی لیٹ آنے کی وجہ بھی پوچھی ابرش کو تو سب سے پہلے آجانا چاہیئے تھا۔

"مام اسے کیوں بلایا آپ نے۔۔۔؟" ابرش عائلہ کے ساتھ کھڑی اریبہ کو دیکھتے بولی اسے اریبہ شروع سے ہی نہیں پسند تھی اوُر پھِر جو اریبہ نے عفت ملک کے ساتھ کیا اس کے بعد تو وہ ابرش کو ایک آنکھ نہیں بھاتی تھی

۔

"بیٹا وہ ہماری فیملی کا حصہ ہے دل بڑا کرو اور کچھ بھی بولنے کی ضرورت نہیں ہے عائلہ اوَر یرمان کے لیے آج کا دن بہت اہمیت رکھتا ہے کوئی بدمزگی ہو گی تو دونوں کو برا لگے گا۔۔۔"عفت ملک نے ابرش کو سمجھایا وہ کونسا اریبہ سے لڑنے جارہی تھی ابرش نے دل میں سوچا لیکن اسے اریبہ کا یہاں آنا پسند نہیں تھا وہ صاف دل کی تھی جو ناپسند ہوتا وہ ناپسند ہی رہتا تھا ہمیشہ۔

"مام آپ شاید بھول چکی ہیں کہ اس نے آپ کے ساتھ کیا کیا ہے کیسے بھول گئی آپ۔۔۔؟"ابرش تھوڑا سا تلخ ہوئی اس کی آواز اونچی ہوئی تو معاذ نے سہم کر اسے دیکھا معاز کے ساتھ ابرش کا رؤیہ ہمیشہ نرم رہا بہت پیار سے وہ معاز کو ڈیل کرتی تھی۔

"میرا بچہ پھوپھو آپ کو تو نہیں ڈانٹ رہی ہیں۔۔۔"ابرش اسے کندھے سے لگائے اس کی پیٹھ سہلانے لگی اریبہ والے موضوع پہ وہ دوبارہ مام سے

بات کر سکتی تھی فحال اس نے اپنی توجہ معاز پہ رکھی تھی جو اس کی اونچی آواز سے ڈر گیا تھا۔۔

"میں عائلہ کے پاس جاتی ہوں۔۔۔"

"ابرش بیٹا پلیز اریبہ سے کوئی بات مت کرنا۔۔۔"عفت ملک بیٹی کی طعیبت سے واقف تھیں وہ غصے کی انتہائی تیز تھی۔

"مام پلیز یہ اب کچھ زیادہ ہو رہا ہے۔۔۔"ابرش شاید معاز کی وجہ سے چپ تھی ورنہ جواب تو اچھے سے دے سکتی تھی وہ مام کو جو اس وقت اس اریبہ کی سائیڈ لے رہی تھیں اور ابرش کو بلکل بھی اچھا نہیں لگا تھا۔

"عائلہ بھائی کہاں ہیں۔...؟"کیک کٹنگ کا ٹائم ہو چکا تھا ابرش معاز کو لے کر سٹیج پہ چلی آئی یرمان اور باقی فیملی ممبرز بھی اوپر آئے تھے۔

"آج ہمارا معاذ ایک سال کا ہو گیا کل کی بات لگتی ہے جب یہ ہماری گود میں آیا تھا۔۔۔" قیوم ملک نے پوتے کا ماتھا چوما تھا جو اس وقت کیک کاٹنے کے لیے خصوصا بے قرار ہو رہا تھا۔

"اللہ تعالیٰ ہماری خوشیوں کو بری نظروں سے بچائے۔۔" ابرش نے بظاہر تو سرسری سی بات کی تھی لیکن اریبہ اس کا طنز سمجھ گئی تھی۔

کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں آپ اُنہیں ٹھیک کرنے کی کوشش کریں وہ پھر بھی ٹھیک نہیں ہوتی ہیں اور شاید ابرش کا دل اریبہ کے لئے کبھی صاف نہیں ہونے والا تھا۔

ابرش کی بات پہ ضامن نے ابرش کو اشارہ کیا اتنا خاص دن تھا کم سے کم آج کے دن تو کوئی بدمزگی نہ ہوتی ابرش بھی سر جھٹکتے معاذ کی طرف متوجہ ہوئی جو عائلہ اور یرمان کے ساتھ مل کر کیک کاٹ رہا تھا عائلہ نے سب سے پہلے

پیس اٹھاتے قیوم ملک اور عفت ملک کو کھلایا جبکہ یرمان نے ابرش اور ضامن کو اریبہ ان کے ساتھ سٹیج پہ ہی کھڑی تھی آگے نہیں بڑھی تھی۔۔

عائلہ نے ایک پیس اسے بھی کھلا دیا وہ سب کو کھلا رہی تھی اور ویسے بھی خوشی کا موقع تھا وہ دل کر ہی سکتی تھی آگر اس کی جگہ ابرش ہوتی تو وہ شاید ایسا کبھی نہیں کرتی۔

پارٹی بہت اچھی رہی تھی سب نے خوب انجوائے کیا اور رات تقریبا کافی لیٹ ابرش اور ضامن کی واپسی ہوئی تھی حصارم تو راستے میں ہی سو گیا تھا ابرش اسے کاٹ میں لٹائے خود شاور لیتے نائٹی میں ملبوس واپس کمرے میں آئی تھی۔۔۔

ضامن فون پہ بات کر رہا تھا ابرش کو بلیک ڈریس میں دیکھتے اس کا دل دھڑکا تھا تیزی سے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی کہ ضامن کا دل چاہا اسے خود

میں قید کر لے ویسے بھی اسے اپنی پرنسز چاہیے تھی حصارم سے تو اس کی بنتی ہی نہیں تھی اُسے تو بس ضامن سوتے میں ہی پیار کر سکتا تھا پھر بھی وہ نیند میں بھی اس کا پیار برداشت نہیں کر پاتا تھا۔

"جانتی ہوں آپ کیا کہنے والے ہیں۔۔!؛"ضامن کچھ بولتا کہ ابرش پہلے ہی بول پڑی۔

"مجھے پتہ ہے آپ کو بیٹی کی خواہش ہے۔۔۔"ابرش نے ضامن کی گردن پہ ہونٹ رکھے تو وہ مسکرایا تھا۔

"اور اب ہمیں کوششیں کرنی ہونگی تاکہ رزلٹ بھی نکلے۔۔۔اور مجھے اُمید ہے آپ میرا ساتھ دیں گی۔۔۔"وہ ابرش کی نائٹی کا گاؤن ریمو کرتے اسے پیچھے گرائے اس پہ جھکتا اپنی گرفت مضبوط کر چکا تھا۔۔۔

•••••••

ختم شد۔۔۔